اہم ترین اخلاقی، معاشرتی، معاشی اور مذہبی موضوعات پر مشتمل امام سخاوی کی مشہور ترین تصانیف

المقاصد الحسنة اور الضوء اللامع

میں موجود احادیث کا منتخب اردو ترجمہ

محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی باتیں

رسول اللہ

اقوال نبی کریم (عربی اردو) انسائیکلوپیڈیا

مصنف

علامہ شمس الدین محمد بن عبد الرحمن السخاوی

ترجمہ:

مفتی محمد وسیم اکرم القادری (ایم اے ایم فل)

اہم ترین اخلاقی معاشرتی معاشی اور مذہبی موضوعات پر مشتمل امام سخاوی کی مشہور ترین تصانیف

المقاصد الحسنة اور الضوء اللامع

میں موجود احادیث کا منتخب اردو ترجمہ

محبوبِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی باتیں

اقوالِ نبی کریم عربی، اردو

انسائیکلوپیڈیا

مصنف

علامہ شمس الدین محمد بن عبدالرحمن السخاوی

ترجمہ:

مفتی محمد وسیم اکرم القادری (ایم اے ایم فل)

مشتاق بک کارنر

الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور

ناشر: مشتاق احمد
اہتمام: سلمان منیر

نام کتاب — اقوال نبی کریم ﷺ
"المقاصد الحسنة" اور "الضوء اللامع"
مصنف — الامام الشیخ شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی
ترجمہ — مفتی محمد وسیم اکرم القادری
کمپوزنگ — گل گرافکس
اشاعت — 2011ء
ٹائٹل — عاطف بٹ
پرنٹرز — آر۔آر پرنٹرز، بندروڈ لاہور
قیمت — روپے

ISBN No. 978-969-598-029-3

استدعا

پروردگارِ عالم کے فضل، کرم اور مہربانی سے، انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کمپوزنگ، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہِ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ اگلے ایڈیشن میں ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم آپ کے بے حد مشکور ہوں گے۔ شکریہ۔ (ناشر)

ابتدائیہ

اللہ تعالیٰ کے پیارے محبوب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا میں حق وصداقت کا پیغام پھیلاتے ہوئے ہر ایک کو صراط مستقیم پر چلنے کی راہ دکھائی برائیوں سے بچنے اور ان سے باز رہنے کی تلقین فرمائی دنیا و آخرت میں کامیابی کے حصول کے طریقے بتائے اپنے قول وعمل سے اسلامی احکامات کے مطابق زندگی گزارنا سکھایا اس ضمن میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

''کوئی شخص مومن نہیں ہوسکتا جب تک اس کا ارادہ اور اس کے نفس کا میلان میری لائی ہوئی (ہدایت) کے تابع نہیں ہوجاتا۔(مشکوٰۃ شریف)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال سے ہر ایک کو بہترین رہنمائی ملتی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال احادیث مبارکہ کی شکل میں ہر ایک کے لیے ایک مکمل ضابطہ حیات ہیں۔حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ (ایک مرتبہ) حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا کہ ہمیں یہودیوں کی کچھ اچھی باتیں معلوم ہوئی ہیں تو (اس بارے میں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا رائے ہے؟ کیا ہم ان میں سے کچھ لکھ لیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''کیا تم بھی گمراہی کے گڑھے میں گرنا چاہتے ہو جیسے یہود ونصاریٰ اپنی کتاب کو چھوڑ کر گڑھے میں گر گئے؟ میں تمہارے پاس وہ شریعت لایا ہوں جو سورج کی طرح روشن اور آئینہ کی طرح صاف ہے اور اگر آج موسیٰ (علیہ السلام) زندہ ہوتے تو انہیں بھی میری پیروی کرنی پڑتی۔(مسلم شریف)

بلاشبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت اور دین مکمل ہے اور دین اسلام کی پیروی میں ہی نجات اور فلاح و کامیابی ہے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ:

''جس نے میری طرف کوئی جھوٹ بات منسوب کی تو اس کو چاہیے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم بنالے۔'' (مسلم شریف)

ایک اور حدیث مبارکہ میں آتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری شکل نہیں بن سکتا اور جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولا وہ اپنا ٹھکانہ آگ میں بنالے۔'' (بخاری شریف)

اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ:

''جس نے مجھ پر دانستہ جھوٹ لگایا یا میرے حکم کی تردید کی تو ایسے شخص کا ٹھکانہ دوزخ ہے۔'' (ابویعلیٰ)

ان احادیث مبارکہ سے بخوبی طور پر معلوم ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جھوٹی بات منسوب کرنے والے کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ یہ بہت سخت وعید ہے۔ احادیث مبارکہ کی روشنی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحیح اقوال کو بیان کرنا ان کو لکھنا اور ان کو ایک کتابی شکل میں پیش کرنا نہایت ذمہ داری کا کام ہے اور یہ ذمہ داری حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے علماء کرام احسن طور پر نبھا رہے ہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے احادیث مبارکہ کو یاد کرنے والوں کو خوشخبری دیتے ہوئے فرمایا کہ:

''جو شخص میری امت تک پہنچانے کے لیے احادیث یاد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن عالم دین کی حیثیت سے اٹھائے گا اور قیامت کے روز میں اس کی شفاعت کروں گا اور اس کے حق میں گواہ رہوں گا۔'' (مشکوٰۃ شریف)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث مبارکہ یاد کرنے اور دوسروں تک پہنچانے کا اس قدر اجر ہے اور جو ان پر عمل کرے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے ہوئے رستے پر چلتے ہوئے نیکی کے کام کرے برے کاموں سے اپنے آپ کو بچائے دوسروں کو بھی نیک کام کرنے کی تلقین کرے اور برائیوں سے منع کرے تو یہ اللہ تعالیٰ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی کے حصول کا باعث ہے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''قسم اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے تم ضرور نیک کاموں کا حکم کرنا اور برے کاموں سے منع کرتے رہنا ورنہ قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ تم پر اپنے پاس سے عذاب بھیج دے گا پھر تم اس سے دعا کرو گے تو تمہاری دعا قبول نہیں کی جائے گی۔'' (ترمذی شریف)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال پر عمل پیرا ہونے سے کامیابی و فلاح کی منزل کی طرف بڑھنے کی روشن راہیں دکھائی دیتی ہیں۔ ان اقوال کی روشنی میں اسلامی شریعت کے مطابق زندگی گزارنے کی سمت متعین ہوتی ہے۔ انسان تاریکی سے اُجالے میں آ جاتا ہے جن کاموں کے کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے اور جن کاموں سے اللہ تعالیٰ خفا ہوتا ہے اس سے بخوبی طور پر آگاہی حاصل ہوتی ہے۔ ایک اسلامی معاشرے کی تشکیل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال سے استفادہ کرنا ہی کامیابی کی ضمانت ہے بلاشبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر قول ہر فرمان دین اسلام کا حکم اور شریعت اسلامیہ کا قانون ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال کامیاب زندگی گزارنے کا اصول، اسلوب اور ڈھنگ سکھاتے ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''آج تم مجھ سے دین کی باتیں سنتے ہو کل تم سے دین کی باتیں سنی جائیں گی پھر ان لوگوں سے دین کی باتیں سنی جائیں گی جن لوگوں نے تم سے دین کی باتیں سنی تھیں۔ (لہٰذا تم خوب توجہ سے سنو اور اس کو اپنے بعد والوں تک پہنچاؤ پھر وہ لوگ اپنے بعد والوں تک پہنچائیں اور یہ سلسلہ چلتا رہے۔ (ابوداؤد شریف)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیارے اقوال کو عام کرنا دین کی ایک بہت بڑی خدمت ہے اور اس خدمت کو ہر دور میں علماء کرام نے انجام دیا ہے انہی علماء کرام میں حضرت امام سخاوی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ بھی ہیں۔ علامہ شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن السخاوی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی مفید ترین اخلاقی، معاشرتی، معاشی اور اسلامی موضوعات پر مشتمل مشہور ترین تصانیف ''المقاصد الحسنة'' اور ''الضوء اللامع'' میں موجود احادیث مبارکہ اردو ترجمہ کے ساتھ کتاب ہذا میں پیش کرنے کی سعادت معروف عالم دین مفتی محمد وسیم اکرم القادری دامت برکاتہم العالیہ نے حاصل کی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال کو عربی عبارت کے ساتھ مناسب اور موزوں عنوانات کے تحت نہایت محبت، عقیدت اور خوبصورت انداز سے کتاب ہذا کی زینت بنایا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر قول احادیث مبارکہ سے منتخب اور حوالوں سے مزین ہے اس کا اردو ترجمہ سہل اور دلنشیں پیرائے میں کیا گیا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال پر مشتمل پر یہ ضخیم ترین کتاب یقیناً ہر ایک کی زندگی سنوارنے کے لیے بہت ہی خوب ہے۔

محمد وسیم اکرم القادری

انتساب

آ قادو جہاں حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

کے اقوال اور نصائح پر عمل

کرنے والوں

کے نام

اللہ کی نعمت کے سوا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا آلا ء الا آلاؤك یا رب))

(ابن مبارک)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیا: اے رب! تیری نعمت کے سوا کوئی نعمت نہیں ہے۔"

کلمہ طیبہ کی برکتیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا الہ الا اللہ ھی الموجبة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لا الہ الا اللہ (جنت کو) واجب کرنیوالا کلمہ ہے۔"

ثواب کا طالب بننا چاہیئے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا اجر لمن لا حسبةله))

(نوادر الاصول، از حکیم الترمذی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جسے طلب ثواب نہ ہو اس کے لئے کوئی اجر نہیں۔"

راضی رہنے والا فقیر

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا احد افضل من الفقیر اذا کان راضیاً))

(الاتحاف: 293/9)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فقیر جبکہ راضی ہو اس سے بہتر کوئی شخص نہیں۔"

مال غنیمت سے چوری

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا اسلال ، ولا غلول))

(الجامع: 187/2) (کنز العمال: (11087،11053)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ رشوت ستانی جائز ہے اور نہ مال غنیمت سے چوری۔"

دیت لینے کے بعد قتل کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا اعافی احدا قتل بعد اخذ الدیة))

(الجامع: 187/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دیت لینے کے بعد قتل کیا میں اسے معاف نہیں کروں گا۔"

بغیر روزہ کے اعتکاف

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا اعتکاف الا بصیام)) (بیھقی: 317/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بغیر روزہ کے اعتکاف درست نہیں۔"

پیاز نہ کھانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا اكل البسل لاجل الملك الذى ياتنى))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں پیاز نہیں کھاتا ان فرشتوں کے سبب جو میرے پاس آتے ہیں (کیونکہ پیاز سے ان کو بو آتی ہے)''

جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا اله الا الله كنز من كنوز الجنة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لا الہ الا اللہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔''

جس سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا اله الا الله لا يسبقها عمل، ولا تترك دنباً))

(الجامع:187/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لا الہ الا اللہ سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں اور یہ کسی گناہ کو باقی نہیں چھوڑتا۔''

وضو کرنے میں کسی کی مدد لینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا احب ان يعيننى على وضولى احد))

(کنز العمال:27012)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں وضو پر کسی کی امداد لینا پسند نہیں کرتا۔''

گرجا بنانا اور خصی کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا اخصاء فى الاسلام، ولا بنيان كنيسة))

(الجامع:187/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام میں خصی کرنا جائز نہیں ہے اور نہ گرجا بنانا جائز ہے۔''

بغیر پیسوں کے چیز خریدنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا اشترى شيئاً ليس عندى ثمنه))

(الحاکم:24/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس چیز کے دام میرے پاس نہ ہوں میں اسے نہیں خریدتا۔''

بددیانتی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا ايمان لمن الا امانة له))(الجامع:187/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو امانتدار نہ ہو اس کا ایمان (کامل) نہیں ہے۔''

ایک حیوان دوحیوانوں کے بدلے میں دست بدست

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا باس بالحیوان، واحد باثنین، یدابید))
(الجامع:187/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک حیوان دو حیوانوں کے عوض دس بدست دینے میں حرج نہیں۔"

دم کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا باس بالرقی ما لم تکن شرکا))(باب السلام :64)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دم کرنے میں کوئی حرج نہیں اگر الفاظ شرکیہ نہ ہوں۔"

حالتِ احرام میں سمندری شکار

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا باس بصید البحر للمحرم))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: محرم کیلئے دریائی شکار (کھانے) میں کوئی حرج نہیں۔"

چوہدری بننا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا بد من عریف، والعریف فی النار))
(الجامع:187/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عریف (چوہدری) کے بغیر چارہ نہیں اور عریف آگ میں جائے گا۔"

سفر میں روزہ رکھنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا بران یصام فی السفر))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سفر میں روزہ رکھنا نیکی نہیں ہے۔"

قیامت اور ریاکاری سے پاک نماز

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تاتون یوم القیامة بشیء افضل من حسن صلاتکم))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قیامت کے روز اچھی نماز سے بہتر کوئی چیز نہیں لاؤ گے۔"

جنازہ پر نماز میں تاخیر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تاخروا الجنازة اذا حضرت))
(الجامع:187/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب جنازہ حاضر ہو تو اس میں تاخیر مت کرو۔"

فجر کی اذان کا وقت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا توذن حتی یستبین لك الفر))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اذان نہ دے حتی کہ صبح روشن ہو جائے۔''

کچا پیاز کھانے کی ممانعت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تاكلوا البسل النى))

(البخاری، فی: الاطعمۃ: (59)(الجامع: 187/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کچا پیاز مت کھاؤ۔''

انگوٹھے اور مسواک والی انگلی سے کھانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تاكلوا بهاتين، يعنى: الابهام، والمسجة))(الاتحاف: 117/7)(کنز العمال: (40879)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انگوٹھے اور مسواک والی انگلی سے مت کھاؤ۔''

ہر معاملے میں اللہ کی قسم اٹھانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تالوا على الله، فبانه من تال على الله اكذ به))

(الجامع: 271/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی قسم مت کھاؤ۔ جس نے خدا کی قسم کھائی اس کو خدا جھوٹا کریگا۔''

اُم ولد کو فروخت کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تباع ام الولد))(الجامع: 187/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ام ولد کنیز کو فروخت نہ کیا جائے۔''

مسجدوں کو بطور راستہ استعمال کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تتخذوا المساجد طرقاً الا لذكر او صلاة))

(الجامع: 188/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجدوں کو راستہ مت بناؤ مگر ذکر اللہ یا نماز کیلئے۔''

گھروں کو قبرستان نہ بناؤ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تتخذوا بيتكم قبوراً، صلوا فيها))

(ابن ماجۃ: 1377)(مسند عبد الرزاق: (6726, 4839)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ ان میں نماز پڑھا کرو۔''

پہلی امتوں کے کام اور یہ امت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تترك هذه الامة شيئاً من سنن ثانتيه الا اتته))

(الجامع: 261/7))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ امت پہلی امتوں کے کام کو ضرور کرے گی۔''

موت کی آرزو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تتمنوا الموت، فبان هول المجطلع شديد))

(بخاری:104/9)(ابن ماجۃ:4197)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم موت کی آرزو مت کرو، اس کا منظر بہت سخت ہے۔''

شکار کا گوشت اور محرم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا باس بلحم الصيد للمحرم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شکار کا گوشت کھانے میں محرم کیلئے کوئی حرج نہیں۔''

کاہنوں کے پاس جانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تاتوا الكهان))

(وسلم: فی السلام:121)(مسند احمد:447/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کاہنوں کے پاس مت جاؤ۔''

کھانے کی وجہ سے نماز میں دیر کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تو خر الصلاة لطعام، ولا لغيره))

(فی الاطعمۃ:10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طعام وغیرہ کی وجہ سے نماز میں تاخیر نہ کر۔''

جو اولاً سلام نہ لے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تاذنوا لمن لم يبدا بالسلام))

(صحیح بخاری:817)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اولاً سلام نہیں کیا اس کو اندر آنے کی اجازت مت دو۔''

کافروں کو برا بھلا کہنے والا مسلمان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا توذوا مسلما، يشتم كافراً))

(بیہقی:75/4)(الجامع 187/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان کافر کو گالیاں دے اس کو تکلیف مت دو۔''

بائیں ہاتھ سے کھانے کی مذمت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تاكلوا بالشامل، فبان اشيطان ياكل بها))

(مسلم: فی الاشربۃ:104)(احمد:334/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بائیں ہاتھ سے مت کھاؤ، کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے۔''

مجوس اور کفار کا شکار

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تاكلوا من سيد المجوس الا السمك))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجوس (اور کفار) کے شکار سے سوائے مچھلی کے کچھ مت کھاؤ۔''

ران کا پردہ لازم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تبرز فخذك، ولا تنظر الى فخذ حي، ولا ميت))

(ابوداود، فی الجنائز: 28)(ابن ماجه، فی الجنائز: 8)(احمد: 146/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اپنی ران کو ننگا نہ کر اور نہ کسی زندہ یا مردہ کی ران کی طرف دیکھ۔''

جو چیز پاس نہ ہو اس کا بیچنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاتبع ماليس عندك))

(کنز العمال: 9459, 10057)(ابوداود: 3503)(ترمذی: 1232, 1233)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز تیرے پاس نہ ہو اس کو مت بیچ۔''

کھڑے ہو کر پیشاب کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تبل قائماً))(ترمذی: 12)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو کھڑے ہو کر پیشاب نہ کر۔''

جنازہ کے آداب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تتبع الجنازة بنار، ولا صوت، ولا يمشى بين يديها))(ابوداود: 3171)(مسند احمد: 427/2, 474, 500, 528, 532)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو جنازہ کے پیچھے آگ نہ لے جا، نہ آواز نکال اور نہ اس کے آگے چل۔''

روح والی چیز کا نشانہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تتخذوا شيئاً فيه الروح غرضاً))

(النسائی: 238/7, 239)(ابن ماجه: 285)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم روح والی چیز کا نشانہ نہ لو۔''

سوتے وقت آگ مت چھوڑو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تتركوا النار فى بيوتكم حين تنامون))

(البخاری: 81/8)(مسلم: فی الاشربة: 100)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم گھروں میں سوتے وقت آگ مت چھوڑو (بلکہ بجھادو)"

فجر کی دو سنتیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تتركوا ركعتي الفجر ، فبان فيهما الرغائب))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم صبح کی دو رکعت مت چھوڑو کیونکہ ان میں (ثواب کی) رغبتیں ہیں۔"

جنگ کی آرزو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تتمنوا لقاء العدو ، واذا لقیتموه فاصبروا))

(البخاری فی الجہاد: 112) (مسلم فی الجہاد: 20019) (ابوداود فی الجہاد: 89)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دشمن کی مڈبھیڑ کی آرزو نہ کرو اور جب مڈبھیڑ ہو تو صبر کرو۔"

صبح کی نماز کی دوبارا اطلاع

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لاتثوبن فی شیء من السلاة الا فی صلاة الصبح))

(تلخیص: 202/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز صبح کے سوا کسی نماز میں دوبارہ نماز کی اطلاع نہ کرو۔"

میقات پر احرام باندھنا لازمی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تجاوزوا الوقت الا باحرام))

(الجامع: 216/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میقات سے احرام کے بغیر مت گزرو۔"

امت مسلمہ گمراہی پر جمع نہ ہوگی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تجتمع امتی علی ضلالة))

(ابن ماجہ فی "الفتن" 8) (الکشف: 488/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت گمراہی پر جمع نہ ہوگی۔"

دو آدمیوں کے درمیان بیٹھنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تجلس بین رجلیس الا باذنهما))

(الجامع: 188/2) (مشکوۃ: 4704)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو شخصوں کے درمیان بغیر ان کی اجازت کے مت بیٹھو۔"

قبر پر بیٹھنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تجلسوا علی القبور ، وا تصلوا الیها))

(مسلم فی الجنائز: 97) (ابوداود: 3229)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قبروں پر مت بیٹھو اور نہ ان کی طرف نماز پڑھو۔''

دیگر ورثاء کی اجازت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تجوز الوصية للوارث الا ان يشاء الوارثة))

(الجامع:188/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وارث کیلئے وصیت بغیر اجازت دیگر ورثاء کے جائز نہیں۔''

بدگمانی اور گواہی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تجوز شهادة ذى الظنة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس پر بدگمانی ہو اس کی گواہی جائز نہیں۔''

جانوروں کو لڑانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تحرشوا بين البهائم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جانوروں کو ایک دوسرے پر تیز کر کے مت لڑاؤ۔''

ایک کنویں کے پاس دوسرا کنواں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تحفر بئر قرب بئر اربعين ذرعاً))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چالیس ہاتھ کے اندر اندر ایک کنواں کے پاس دوسرا کنواں نہ کھودا جائے۔''

جن کا گوشت حلال نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تحل لحوم البغال والخيل والحمير))

(الترمذی: فی الصید: 11)(النسائی فی الصید: 69-71

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خچر، گھوڑے اور گدھے کے گوشت حلال نہیں۔''

بدخوابی کی خبر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاتخبر بتلاعب الشيطان بك فى المنام))

(مسند احمد:350/3)(مسلم، فی الرویا:15012

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدخوابی میں جو تیرے ساتھ شیطان کھیلے اس کی خبر کسی کو نہ دے۔''

جمعہ کے دن روزہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تخص ليلة الجمعة بصلاة، ولا يومها بصيام))

(مسلم، فی الصیام:148

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شب جمعہ کو کسی نماز کے ساتھ اور دن جمعہ کو کسی روزہ کے ساتھ خاص نہ کر۔''

جس گھر میں گھنٹی ہو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تدخل الملائکة بیتاً فیه جرس))

(احمد:242/6)(النسائی:180/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں گھنٹی ہو اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔''

جس گھر میں کتا یا تصویر ہو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تدخل الملائکة بیتاً فیه کلب و لا تمثال))

(البخاری، فی بدء الخلق:7)(مسلم:87)(الترمذی، فی الادب:44)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔''

قرآن میں جھگڑنا کفر ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تجادلوا فی القرآن ، فبان جدا الھا فیه کفر))

(الجامع:188/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن پاک میں جھگڑے مت کرو۔ قرآن میں جھگڑنا کفر ہے۔''

تقدیر کے منکرین

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تجالسوا اھل القدر و لا تفاتھوھم))

(ابوداود:4720, 8710)(الحاکم:85/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تقدیر کے منکرین کے ساتھ مت بیٹھو اور ان پر السلام علیکم مت کہو۔''

مومن اور دو خصلتیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تجتمع خصلتان فی مومن :البخل ، والکذب))

(الجامع:188/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن میں یہ دو خصلتیں جمع نہیں ہو سکتیں: بخل اور جھوٹ۔''

نماز جنازہ کے پاس بیٹھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تجلسوا حتی توضع الجنازة عند القبر))

(تاریخ اصفہان:207/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک جنازہ قبر کے پاس نہ رکھا جائے تم مت بیٹھو۔''

نہ کھانے والی چیز کو جمع کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تجمعوا ما لا تاکلون))

(الاتحاف:328/9)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جو کھاتے نہیں اس کو جمع مت کرو۔''

ایک مذہب والوں کی دوسرے مذہب والوں کے خلاف گواہی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تجوز شهادة اهل ملة على ملة))

(کنز العمال: 17754)(بیہقی: 163/10

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مذہب والوں کی شہادت دوسرے مذہب والوں کے خلاف قبول نہیں کی جائے گی۔''

جذامی کو غور سے دیکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تحدوا النظر الى المجذومين))

(الجامع: 188

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جذامیوں کو غور سے مت دیکھا کرو۔''

کمانے والا تندرست صدقہ وزکوۃ نہ لے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تحل الصدقة لغني ولا لذى مرة سوى))

(ابوداود: 1634

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ غنی اور قوی جبشہ یعنی کمانے والے کیلئے لینا حلال نہیں۔''

اہل بیت اور صدقہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تحل الصدق لاحد من اهل بيتى))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے اہل بیت کیلئے صدقہ لینا حلال نہیں۔''

اختلاف سے دل مختلف ہو جاتے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تختلفوا فتختلف قلوبكم))

(مسلم، فی الصلاۃ: 122)(ابوداود فی: الصلاۃ (95,93)، والترمذی فی: الصلاۃ (54

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اختلاف مت کرو اس سے تمہارے دل مختلف ہو جائیں گے۔''

کس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں جاتے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تدخل الملائكة بيتاً فيه كلب، ولا صورة، ولا جنب))

(البخاری 138/4)(مسلم فی: اللباس (83-84

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں تصویر یا کتا یا جنبی شخص ہو اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔''

حضور کو اپنا بیٹا دیکھنے کی آرزو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تدرجوه في اكفانه حتى انظر اليه، يعني :ابراهيم))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس (میرے بیٹے ابراہیم) کو کفن میں مت لپیٹو جب تک میں اس کو دیکھ نہ لوں۔"

فجر کی دو رکعتیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تدعوا ركعتي الفجر، وان طرد تكم الخيل))

(الجامع: 188/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبح کی دو رکعت ترک نہ کرو، اگرچہ تم کو گھوڑے روند ڈالیں۔"

مردوں کو اچھائی سے یاد کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تذكروا امواتا كمالا بخير))

(الجامع: 189/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے مردوں کو بغیر اچھائی کے یاد نہ کیا کرو۔"

آپس میں جنگ کی مذمت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا ترجعوا بعدى كفارا، يجر بعضكم رقاب بعض))

(البخاری: 41/1, 216/2)(مسلم فی: الایمان (120,119)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد کافر مت ہونا کہ آپس میں ایک دوسرے کی گردنیں مارتے پھرو۔"

باپ سے روگردانی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا ترغبوا عن آبائكم، فمن رغب عن ابيه فقد كفر))

(البخاری: 194/8)(مسلم فی: الایمان (113)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے آباء سے اعراض مت کرو جس نے اپنے باپ سے روگردانی کی اس نے کفر کیا۔"

اہل خانہ کو اللہ سے ڈرانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا ترفع السوط عن اهلك ، واخفهم في الله))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا کوڑا اپنے اہل سے مت ہٹاؤ (ان پر شرعی دبدبہ رکھو)۔ ان کو اللہ سے ڈراؤ۔"

مسلمانوں کو خوف زدہ کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاتروعوا المسلم ، فبان روعته ظلم عظيم))

(الجامع: 253/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں کو خوف زدہ نہ کرو، یہ بہت بڑا ظلم ہے۔"

ولدزنا کی کثرت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تزال امتی بخیر مالم یظهر ولد الزنا))

(الجامع:257/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمیشہ میری امت خیر پر رہے گی یہاں تک کہ ولدزنا کثرت سے ہوجائیں۔''

افطار میں جلدی اور سحری میں دیر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تزال امتی بخیر ما عجلوا الفطر، واخروا السهور))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت خیر پر رہے گی جب تک افطار میں جلدی اور سحری میں تاخیر کرے گی۔''

خودکو پاک کہنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لاتزکوا انفسکم، فان الله اعلم باهل البرمنکم))

(ابوداود:210,4953)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم خودکو پاک مت کہو۔ تم میں سے نیک آدمیوں کو اللہ جانتا ہے۔''

اہل کتاب سے خطاب

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تزیدوا اهل الکتاب علی وعلیکم))

(الجامع:189/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اہل کتاب (مجھے جھٹلا کر) مجھ پر اور اپنے اوپر زیادتی مت کرو۔''

مردوں کو گالیاں مت دو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تسبوا الاموات، فتوذوا به الاحیاء))

(الجامع:76/8)(الترمذی:1982)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مردوں کو گالیاں مت دو اس سے تم زندوں کو تکلیف پہنچاؤ گے۔''

ذمیوں کے گھر اور طلب اجازت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تدخلوا بیوت اهل الزمة الا باذنهم))

(الجامع:46/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ذمیوں کے گھروں میں بغیر اجازت کے داخل نہ ہو۔''

تہجد کی نماز

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تدعن صلاة اللیل، ولو حلب شاة))

(الجامع:252/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کی نماز (تہجد) کو مت چھوڑو اگرچہ بکری کا دودھ لینے کی مقدار ہو۔"

رات کو دفنانے کی ممانعت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تدفنوا موتاكمب الليل الا ان تضطروا))

(الجامع:220/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے مردوں کو بوقت شب دفن نہ کرو مگر بوجہ لاچاری کے۔"

جب دنیا کمینہ بن کمینہ کی ملکیت ہو جائے گی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تزهب الدنيا حتى تصير للكع بن لكع))

(الجامع:220/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا ختم نہ ہوگی جب تک کمینہ بن کمینہ کی ملکیت نہ ہوگی۔"

تکیہ سے انکار نہ کرنا چاہیے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تردوا الوسادة اذا اكرمتم بها))

(الکشف:349/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تکیہ کو واپس نہ کیا کرو۔ جب تمہاری اس سے عزت کی جائے تو اس کو قبول کرو۔"

صبح سے پہلے رمی کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاترموا الجمار حتى تصبحوا))

(ابوداود:(1972)(الترمذی:(893)(النسائی،فی الحج:باب نمبر(222)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (منیٰ میں) جمعرات کو صبح ہونے سے پہلے رمی نہ کرو۔"

لوگوں پر ظاہر کرنا کہ مجھ میں بڑا خوف الٰہی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاتر الناس انك تخشى الله فيكرموك))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کو مت دکھلاؤ کہ تم اللہ سے ڈرنے والے ہوتا کہ وہ تمہاری عزت کریں۔"

بزرگوں سے علم حاصل کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تزال امتى بخير ما اخذوا العلم عن اكابرهم))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت خیر پر رہے گی جب تک وہ علم اپنے بڑوں سے حاصل کرے گی۔"

شرمگاہ محفوظ رکھنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تزنوا الامن حفظ فرجه فله الجنة))

(المستدرک للحاکم)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زنا مت کرو۔ سن لو! جس نے اپنی شرمگاہ محفوظ رکھی وہ جنتی ہے۔"

مرد اور عورت کے معاملات

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تسال الرجل في ما ضرب امرأته))

(ابوداود:(2147)(ابن ماجہ:(1986)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مرد سے یہ سوال نہ کیا جائے گا کہ اس نے اپنی عورت کو کس وجہ سے مارا تھا۔''

عورت اور تین دن کا سفر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تسافر المراة ثلاثة ايام الا مع زى محرم))

(البخاری:54/2)(مسلم،فی الحج:(413)(ابوداود،فی المناسک)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی عورت تین روز کا سفر بغیر رشتہ دار محرم کے نہ کرے۔''

مُردے اپنے عمل کا بدلہ پاچکے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تسبوا الاموات فانهم افضوا الى ماقدموا))

(البخاری:129/2)(احمد:180/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مردوں کو گالیاں مت دو، کیونکہ وہ اپنے بھیجے ہوئے عمل کو پہنچ چکے ہیں۔''

زمانہ کو گالی مت دو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تسبوا الدهر، فان الله هو الدهر))

(البیہقی:365/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمانہ کو گالی مت دو، کیونکہ اللہ زمانہ ہے (کیونکہ فاعل موثر اللہ ہے)''

بخار کو گالی مت دو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تسبوا الحمى، فانها تنقى الذنوب))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بخار کو گالیاں مت دو کیونکہ وہ گناہ سے پاک کرتا ہے۔''

مرغے کو گالی مت دو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تسبوا الديك، فانه يدعو الى الصلاة))

(کنز العمال:(35287)(احمد:193/5)(وابوداود:(5101)(الجامع:189/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مرغے کو گالیاں مت دو کیونکہ وہ نماز کیلئے بلاتا ہے۔''

مرغ اور نماز کے اوقات کی یاددہانی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تسبوا الديك، فانه يذكر مواقيت الصلاة))

(الدیلمی:160/5:حدیث(7480)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مرغے کو گالیاں مت دو کیونکہ یہ نماز کے اوقات کو یاد دلاتا ہے۔''

بخار مامور ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تسبھا ، فانھا مامورۃ، یعنی :الحمی))
(الاتحاف:103/5)(کنزالعمال:21585)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بخار کو گالیاں مت دو کیونکہ وہ مامور ہے۔''

کرم مومن کا دل ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تسموا العنب الکرم، فان الکرم قلب المومن))
(بخاری:51/8)(احمد:479,259/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: درخت انگور کو کرم مت کہو کیونکہ کرم مومن کا دل ہے۔''

بیوقوف عورت کا دودھ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تسترضعوا الحمقی ، فان اللبن یعدی))
(الجامع:262/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیوقوف عورت کا دودھ مت پلاؤ کہ دودھ کا اثر متعدی ہوتا ہے۔''

رمضان کا استقبال شعبان کے روزے سے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تستقبلوا رمضان بیوم من شعبان))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رمضان کا شعبان کے روزے سے استقبال مت کیا کرو۔''

ہر برائی کی چابی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تشرب الخمر ، فانھا مفتاح کل شر))
(الجامع:216/4-217)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شراب نہ پی کیونکہ وہ ہر برائی کی کنجی ہے۔''

پانی میں مچھلی مت خریدو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تشتروا السمك فی الماء فانہ غرر))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانی میں مچھلی مت خریدو کہ یہ دھوکہ ہے۔''

کھانے کو سونگھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تشموا الطعام کما تشمہ السباع))
(الجامع:20/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھانے کو سونگا نہ کرو جس طرح کہ درندے سونگھا کرتے ہیں۔''

یہودیوں اور عیسائیوں سے مصافحہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تصافحوا الیھود ولا النصاری))

(الجامع:42/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود اور نصاریٰ سے مصافحہ مت کرو۔''

جس قوم کے پاس گھنٹی ہو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لاتصحب الملائکۃ قوماً معھم جرس))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم کے ساتھ گھنٹی ہو ان کے ساتھ فرشتے نہیں ہوتے۔''

خطبہ کے دوران نماز پڑھنے کی ممانعت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تصلوا والا مام یخطب))

(نصب الرایہ:204/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب امام خطبہ پڑھتا ہو تو نماز نہ پڑھا کرو۔''

بادشاہ کو گالی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تسبوا السلطان، فبانہ فی اللہ فی الرضہ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بادشاہ کو گالیاں مت دو کہ وہ زمین میں خدا کا سایہ ہے۔''

اہل شام کو گالی دینے کی ممانعت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تسبوا اھل الشام، فان فیھم الا بدال))

(الجامع:189/2)(الاتحاف:387/8)(کنز:35022)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل شام کو گالیاں مت دو کہ ان میں سے ابدال ہوں گے۔''

تہبند لٹکانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تسبل ازارك ، فان اللہ لا یحب المسلین))

(احمد:246/4, 250, 253)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تہبند کو لٹکایا نہ کر، کیونکہ تہبند لٹکانے والوں کو خدا پسند نہیں کرتا۔''

جو اللہ کا شکر گزار نہ ہو اس کے ساتھ تعاون نہ کرو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تسکنوا الکفور، فانّ ساکنھا کساکن القبور))

(الجامع:190/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم غیر شاکر کو مت بساؤ کہ وہ مثل قبور کے ہیں۔''

اپنے آپ پر سختی نہ کرو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تشدوا علی انفسکم، فیشدد علیکم))
(الجامع:256/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی جان پر سختی مت کرو، ورنہ! تم پر سختی کی جائے گی۔"

تانبے کے برتن میں پینے کے نقصانات

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تشرب من نحاس فانہ یور السھل))۔

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تانبے کے برتن میں مت پیا کرو کہ یہ لاغری پیدا کرتا ہے۔"

سونے اور چاندی کے برتن استعمال کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تشربوا فی آنیۃ الزھب والفضۃ، ولا تاکلوا فی صحافھا))(البخاری:99/7)(مسلم فی: اللباس)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سونے چاندی کے برتن میں نہ پیو اور نہ ان کی رکابیوں میں کھاؤ۔"

دنیا کی باتوں میں مشغول نہ رہو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تشغلوا قلوبکم بذکر الدنیا))
(الجامع:190/2)(کنز العمال:2153)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا کے ذکر میں اپنے دلوں کو مشغول مت کرو۔"

گودنا اور گدوانا منع ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تشمن، ولا تستوشمن))
(النسائی:148/8)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ تو خود گودواور نہ کسی سے گودواؤ۔"

صحبت مومن

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تصاحب الا مومناً، ولا یا کل طعامك الاتقی))
(ابوداود:(4832)(ترمذی:(2395)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کے سوا کسی کی صحبت اختیار نہ کر اور متقی کے سوا تیرا کھانا کوئی نہ کھائے۔"

چیتے کی کھال

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تصحب الملائکۃ رفقۃ فیھا جلد نمر))
(الجامع:(7345)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جن کے ہمراہ چیتے کا چمڑا ہو ان کے ہمراہ فرشتے نہیں ہوتے۔"

قبر کے اوپر نماز پڑھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تصلوا الى قبر، ولا تصلوا فى قبر))

(الجامع:27/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ قبر کی طرف نماز پڑھو اور نہ قبر کے اوپر نماز پڑھو۔''

ایک دن میں ایک نماز دو دفعہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تصلوا صلاة فى يوم مرتين))

(ابوداود:(579)(ابن خزیمۃ:1641)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک روز میں ایک نماز دو دفعہ مت پڑھو۔''

بین کرنے والی اور فرشتے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تصلى الملائكة على مرنة، اى: نائحة))

(الجامع:13/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فرشتے بین کرنے والی کیلئے رحمت کی دعا نہیں کرتے۔''

فقط جمعہ کا روزہ مت رکھو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تصوموا يوم الجمعة مفرداً))

(الجامع:199/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کے روز اکیلا روزہ مت رکھو۔''

بغیر اجازت شوہر نفلی روزہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تصوم امراة الا باذن زوجها))

(الجامع:190/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت بغیر اجازت شوہر کے (نفلی) روزہ نہ رکھے۔''

برتن ٹوٹنے پر مت مارو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تضربوا اماء كم على كسر اناء كم، فان لها اجلا، كاجل الناس))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برتن ٹوٹنے پر کنیزوں کو نہ مارو کہ برتن کیلئے بھی مثل آدمی کے موت معین ہے۔''

ادب کی لاٹھی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تضع عصاك عن اهلك، وانصفهم من نفسك))

(الاتحاف:393/6)(کنز العمال:(45925)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی ادب کی لاٹھی اپنے اہل سے باز نہ رکھ اور اپنی طرف سے ان سے انصاف کر۔"

بچا کچا کھانا مساکین کو نہ دو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تطعموا المساكين مما لا تاكلون))

(الجامع: 37/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مساکین کو وہ کھانا مت کھلاؤ جس کو تم خود نہیں کھاتے۔"

کسی کی مصیبت پر طنز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تظهر الشماتة باخيك، فير حمه الله، ويبتليك))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھائی کی مصیبت پر بے خود نہ ہو کہ اللہ اس پر رحم کرے اور تجھ کو مبتلا کر دے۔"

کسی کے عمل پر حیران ہونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تعجبوا بعمل عامل، حتى تنظروا بم يختم))

(معجم الطبرانی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی نیک آدمی کے عمل سے حیران مت ہو حتیٰ کہ دیکھ لو اس کا خاتمہ کیسا ہوا ہے۔"

صدقہ کر کے جتلانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تعد فى صدقتك))

(البخاری: 2/157)(مسلم فی الھبات: (40301)(ابوداود، فی الزکاۃ)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ کر کے شمار (جتلاؤ) مت کرو۔"

اللہ کے عذاب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تعذبوا بعذاب الله))

(مسلم: فی الحدود: 1)(البخاری فی: الاستتابۃ 2)(الترمذی فی: الحدود: 25)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے عذاب سے عذاب مت دو (کسی کو پانی، آگ، ہوا، بجلی اور زمین میں دھنسانے وغیرہ کا عذاب نہ دو)۔"

غصہ کی برائی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تغضب، فان الغضب مفسدة))

(الجامع: 191/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو غصہ مت ہو کہ غصہ فاسد کرنے والا ہے۔"

لوگوں کی تفتیش و جاسوسی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تفتشوا الناس، فتفسدوهم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں کی تفتیش وتحقیق میں نہ پڑو، اس سے تم ان کو خراب کردو گے۔''

چہرے کو برا مت کہو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تقبحوا الوجه، فبانه خلق علی صورة الرحمن))

(الجامع:106/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منہ کو برا مت کہو کہ چہرہ مشیت الٰہی کی صورت پیدا کیا گیا ہے۔''

خیانت کے مال سے صدقہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تقبل صلاة بغیر طهور، ولا صدقة من غلول))

(البخاری، فی الزکاة:7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز بغیر وضو قبول نہیں اور صدقہ مال خیانت سے مقبول نہیں۔''

بالغہ عورت کی نماز اور دوپٹہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تقبل صلاة الحائض الا بخمار))

(ترمذی:(377)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بالغہ عورت کی نماز بغیر دوپٹے کے جائز نہیں۔''

سورت فاتحہ اور نماز

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تقبل صلاة لا یقرا فیها بام الکتاب))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (منفرد نے) جس نماز میں سورت فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ مقبول نہیں۔''

جمعہ عید کا دن ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تصوموا یوم الجمعة، تتخذوه عیداً))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کے دن روزہ مت رکھو۔ اس روز کو عید کے طور پر مناؤ۔''

عورتوں کو مت مارو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تضربوا اماء اللہ))

(الدرمی:1478/2)(الحاکم:191/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی بندیوں (عورتوں) کو مت مارو۔''

غلاموں کو مت مارو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تضربوا الرقیق، فانکم لا تدرون ماتوافقون))

(الجامع:238/4-239)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے غلاموں کو مت مارو، کیونکہ تم اپنے موافق کو نہیں جانتے۔''

علم کے بیش بہا موتی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تطر حوا الدر فی افواہ الخنازیر))
(الجامع:190/2)(کنز العمال:(29319)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیش بہا موتی خنزیروں کے منہ میں مت ڈالو(علم طبعی جاہلوں کو نہ سکھاؤ)''

کتوں کے منہ میں موتی مت ڈالو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تطرحوا الدر فی افواہ الکلاب))
(الجامع:190/2)(کنز:(29320)(ابن عدی:2680/7)(الموضوعات:232/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کتوں کے منہ میں موتی مت ڈالو(علم جاہلوں کو سکھاؤ)''

رات کو پرندوں کو پکڑنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تطرقوا الطیر فی اوکارھا، فان اللیل امان لھا))
(کنز العمال:43743)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پرندوں کے گھونسلوں پر رات کو نہ جاپڑو کہ رات ان کیلئے امان ہے۔''

قبور کے اندر جھانکنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تطلعوا فی القبور، فانھا امانۃ))
(کنز العمال:42400)(التذکرۃ:217)(الموضوعات:235/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قبور کے اندر مت جھانکو کیونکہ وہ امانت کی جگہ ہے۔''

نماز میں کھیلنا اور سونے کی انگوٹھی پہننا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تعبث وانت فی الصلاۃ، ولا تختمن بالذھب))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز کے اندر نہ کھیل اور نہ سونے کی انگوٹھی پہن۔''

دعا ضرور کرنی چاہئے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تعجزوا عن الدعاء فانہ لن یھلك مع الدعاء احد))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دعا مانگنے سے عاجز مت ہو، کیونکہ کوئی شخص دعا کے ساتھ ہلاک نہیں ہوا۔''

زیادہ قیمتی کفن خریدنے کی ممانعت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تغلوا فی الکفن، فانہ سلبہ سریعاً))
ترمذی، فی الجنائز:(31)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کفن قیمتی مت خریدو کہ وہ (عام طور پر قبر میں) جلدی بے کار ہو جاتا ہے۔''

آباؤ اجداد پر فخر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تفتکروا بابائکم الذین مضوا فی الجاهلیة))
(الجامع:85/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمانہ جاہلیت والے آباء کے ساتھ فخر مت کرو۔''

نماز میں انگلیاں چٹخانا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تفقعن اصابعك وانت فی الصلاة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز کے اندر انگلیاں مت چٹخا۔''

مسجد میں حد نہ لگائی جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تقام الحدود فی المساجد، ولا یقتل الوالد بالولد))
(الترمذی:1401)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجد کے اندر حد نہ لگائی جائے اور بیٹے کے بدلے میں والد قتل نہ کیا جائے۔''

چہرے کو نہ بگاڑا جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تقبحوا الوجه، فبان الله خلق آدم علی صورته))
(الجامع:106/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چہرہ کو مت بگاڑو کیونکہ اللہ نے آدم کو اپنی صورت پر پیدا کیا۔''

جنگ میں بوڑھے، بچے اور عورت کو قتل نہ کیا جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تقتلوا شیخاً فانیاً ولا صغیراً ولا امراة))
(صحاح ستہ)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (کفار کے) بہت بوڑھے، چھوٹے بچے اور عورت کو (جہاد میں) مت قتل کرو۔''

ٹڈی کو قتل کرنے کی ممانعت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تقتلوا الجراد، فانه من جند الله الاعظم))
(الجامع:191/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹڈی کو مت قتل کرو کہ یہ خدا کا بڑا لشکر ہے۔''

جنبی ہونے کی حالت میں قرآن مجید پڑھنے کی ممانعت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تقرأ القرآن وانت جنب))
(الجامع:85/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو جنبی ہو تو قرآن نہ پڑھنا۔''

خواب کس کے سامنے بیان کیا جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تقصن الرؤیا الا علی عالم او ناصح))
(سنن ترمذی: 2280)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا خواب سوائے عالم یا خیرخواہ کے بیان نہ کرنا۔"

سفر میں چور کے ہاتھ نہ کاٹے جائیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تقطع الایدی فی السفر))
(ابوداود: 4408)(النسائی، فی قطع السارق: 16)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسافری میں چور کے ہاتھ نہ کاٹے جائیں۔"

حالت جہاد میں چور کے ہاتھ نہ کاٹے جائیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تقطع الایدی فی الغزو))
(ابوداود: (4408)(الدارمی: 231/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاد کے اندر (مسلمان چور کے) ہاتھ نہ کاٹے جائیں۔"

چھری سے روٹی نہ کاٹو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لاتقطعوا الخبز بالسکین، واکرموه، فان الله اکرمه))
(ابوداود: 3778)(النسائی، فی الصیام: 42)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چھری سے روٹی نہ کاٹو۔ روٹی کی عزت کرو، کیونکہ اللہ نے روٹی کی عزت کی ہے۔"

دوسجدوں میں کس طرح نہ بیٹھا جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تقع بین السجدتین))

(الترمذی: (282)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دوسجدوں کے درمیان کتے کی طرح مت بیٹھا کر۔"

انگور کے درخت کو انگور کی بیل کہنا چاہیے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تقولوا الکرم، فان الکرم قلب الرجل المسلم، ولمن قولوا الحبلة))(مشکوۃ: (4761)(السنۃ: 355/12)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انگور کے درخت کو کرم مت کہا کرو کیونکہ کرم مسلمان کا دل ہے، لیکن اس کو بیل کہہ دیا کرو۔"

ماہِ رمضان

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تقولوا رمضان ، فان رمضان من اسماء الله))
(الاتحاف: 110/4)(البیہقی: 201/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رمضان مت کہا کرو کہ رمضان خدا کے اسماء میں سے ہے (بلکہ ماہ رمضان کہو)۔"

قیامت اور کلمہ گو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تقوم الساعۃ علی احد یقول: لا الہ الا اللہ))
(احمد:162/3)(الحاکم:495/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کلمہ گو پر قائم نہ ہوگی۔"

قیامت شریر ترین لوگوں پر قائم ہوگی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تقوم الساعۃ الا علی شرار الناس))
(مسلم، فی الفتن:(131)(ابن ماجہ:(4039)(واحمد:394/1, 435)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت شریر لوگوں پر قائم ہوگی۔"

رکن، قرآن اور قیامت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تقوم الساعۃ حتی یرفع الرکن والقرآن))
(الجامع:191/2)(مسند عبدالرزاق:(20784, 38489)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت قائم ہوگی جب کہ رکن اور قرآن اٹھائے جا چکے ہوں گے۔"

جب پرہیز گاری مصنوعی ہوگی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تقوم الساعۃ حتی یکون الزھد روایۃ، والورع تصنعاً))(الجامع:191/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت قائم ہوگی جبکہ ترک دنیا محض بطور روایت کے رہے گی اور پرہیز گاری مصنوعی ہوگی۔"

بھائی بھائی کو قتل کرے گا......علامت قیامت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تقوم الساعۃ حتی یقتل الرجل اخاہ))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت تب قائم ہوگی جبکہ بھائی اپنے بھائی کو قتل کرے گا۔"

پچاس عورتیں اور ایک مرد منتظم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تقوم الساعۃ حتی یکون لخمسین امراۃ قیم واحد))
(بخاری، فی العلم:(21)(مسلم، فی العلم: باب رفع العلم)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت قائم ہوگی جبکہ پچاس عورتوں کا ایک شخص منتظم ہوگا۔"

غیر واقعہ امر کا سوال

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تقوم الساعۃ حتی یسال الناس عمالم یکن))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت تب قائم ہوگی جبکہ لوگ غیر واقعہ امر کا سوال کریں گے۔''

ایک دوسرے کی تعظیم کے لیے کھڑے ہونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقوموا كما يقوم الا عاجم، يعظم بعضهم بعضاً))

(احمد:253/5, 256)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عجمی لوگوں کی طرح ایک دوسرے کی تعظیم کیلئے کھڑے نہ ہوا کرو۔''

زیادہ ہنسنے سے دل مردہ ہو جاتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تكثروا الضحك ، فبان كثرته تميت القلب))

(ابوداود، فی الزہد: باب(23019)(الترمذی، فی الزہد: باب:(2)(واحمد:310/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زیادہ نہ ہنسو کہ زیادہ ہنسنا دل کو مار دیتا ہے۔''

مینڈکوں کو قتل کرنے کی ممانعت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقتلوا الضفادع، فبان نقيقهن تسبيح))

(الجامع:191/2)(کنز العمال:(39974)(ابن عساکر:112/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مینڈکوں کو قتل نہ کرو ان کا ٹرٹرانا تسبیح ہے۔''

کتنی چوری پر ہاتھ کاٹا جاسکتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقطع يد السارق الا فى ربع دينار))

(النسائی فی قطع السارق(10) وابن ماجۃ:2585)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چور کا ہاتھ دینار کی چوتھائی سے کم میں نہ کاٹا جائے گا۔''

آپس میں علیک السلام کہنے کی ممانعت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقل عليك السلام))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علیک السلام نہ کہا کرو (بلکہ السلام علیکم) کیونکہ یہ مردوں کا سلام ہے۔''

جو اللہ چاہے اور جو محمد چاہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقولوا ماشاء الله، وشاء محمد))

(الاتحاف:574/4)(احمد:72/5)(الدارمی:295/2)(الحاکم:463/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ نہ کہو کہ جو اللہ نے چاہا اور محمد نے چاہا ہے۔''

منافق کو سردار کہنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقولوا للمنافق سيدنا))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منافق کو سیدنا (ہمارا سردار) مت کہو۔''

مخلوق سے پہلے اللہ پر سلام

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: فلا تقولوا السلام على الله قبل خلقه))

(ابن حبان: 203/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسا نہ کہو کہ مخلوق سے پہلے اللہ پر سلام ہو۔''

قیامت کب قائم ہوگی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقوم الساعة حتى لا يقال في الارض الله الله))

(بیہقی فی: الایمان: 234)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت تب ہوگی جب کوئی اللہ اللہ کہنے والا زمین میں نہ رہے گا۔''

جب بیت اللہ کا حج نہ کیا جائے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقوم الساعة حتى لا يحج البيت))

(الحاکم: 454/3)(البخاری: 183/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت تب قائم ہوگی جب کوئی بیت اللہ کا حج نہیں کرے گا۔''

ستر جھوٹے مدعی نبوت والوہیت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقوم الساعة، حتى يخرج سبعون كذاباً))

(الجامع: 333/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت تب قائم ہوگی جبکہ ستر جھوٹے (مدعی نبوت والوہیت) پیدا ہو چکیں گے۔''

مدینہ اور شریر ترین لوگ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقوم الساعة حتى تنفي المدينة شرارها))

((کنز العمال: (38602)(مسلم، فی الحج: (487)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت تب قائم ہوگی جب مدینہ اپنے سے شریروں کو نکال دے گا۔''

مساجد میں فخر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقوم الساعة هتى يتباهى الناس في المساجد))

(طبرانی: 232/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت تب قائم ہوگی جب لوگ مسجدوں کی وجہ سے فخر کریں گے۔''

قیامت ردی لوگوں پر قائم ہوگی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقوم الساعة الا على حثالة من الناس))

(الحاکم:4/496،وقال:صحیح الاسناد)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت ردی لوگوں پر قائم ہوگی۔''

جب سینگ والا بغیر سینگ والے کو مار دے تو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقوم الساعة (حتى) لا تنطه ذات قرن ضماء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت قائم نہ ہوگی جب تک کہ سینگ والا بغیر سینگ والے بکرے کو نہیں مارے گا (ظلم اتنا بڑھ جائے کہ جانور بھی دشمنی کرنے لگ جائیں)۔''

جماع کے وقت گفتگو کی ممانعت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تكثر الكلام عند مجامعة الناء، فان منه يكون الخرس))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں سے جماع کرتے وقت زیادہ کلام نہ کر کہ اس سے گونگا پن ہوتا ہے۔''

حضور پر جھوٹ بولنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تكذبوا علي، فان من كذب علي، فليج النار))

(البخاری:1/38)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ پر جھوٹ نہ بنانا، اس لئے کہ جس نے مجھ پر جھوٹ بنایا وہ جہنم میں داخل ہوگا۔''

ایسی عزت جو دشوار ہو جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تكرموا اخاكم المسلم بما يشق عليكم))

(خطیب بغداد:3/162)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان بھائی کی ایسی عزت مت کرو جو تم پر دشوار ہو جائے۔''

عمدہ مونس اور غم خوار

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاتكرهوا البنات، فانهن المونسات الغاليات))

(طبرانی:17/310)(الجامع:8/156)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لڑکیوں کو برا مت جانو کہ لڑکیاں عمدہ مونس اور غمخوار ہیں۔''

تقدیر میں کلام

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تكلموا في القدر، فبانه سر الله))

(الاتحاف:9/402)(کنز العمال:621)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تقدیر میں کلام مت کرو کہ یہ خدائی بھید ہے۔''

تو فریبی اور فاجر مت بن

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تكن قتالاً، ولا مختالاً، ولا فاجراً))

(مسند الامام احمد)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو قتل کنندہ اور فریبی اور فاجر مت بن۔"

تہجد پڑھ کر چھوڑ دینا درست نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تكن مثل فلان، كان يقوم الليل، ثم تركه))

(بخاری 8/2:6)(مسلم، فی الصیام:(185)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو فلاں شخص جیسا نہ ہو کہ وہ رات کو تہجد پڑھتا تھا پھر چھوڑ دی۔"

ایک کپڑے میں لپٹنے کی ممانعت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تلتحفوا بالثوب وحده، كفعل اليهود))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود کی طرح ایک کپڑے میں مت لپٹو۔"

حضور کی حضرت زید بن حارثہ سے محبت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تلوموني على حب زيد))

(الجامع: 192-191/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زید کی محبت پر ہم کو ملامت نہ کرنا۔"

قرآن مجید کو فقط پاکی کی حالت میں چھونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تمس القرآن الا وانت طاهر))

(الحاکم: 4853)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن مجید کو سوائے پاکی کی حالت کے نہ چھوا کرو۔"

ایک جوتے میں چلنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تمش في نعل واحد))

(احمد: 322,297/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک جوتے میں مت چل۔"

مسجد سے عورت کو منع نہ کیا جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تمنعوا النساء المساجد، وبيوتهن خير لهن))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجدوں سے عورتوں کو منع مت کرو اور ان کیلئے گھر نماز پڑھنے کے لئے بہتر ہیں۔"

زمین کو مکروہ مت جانو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تکرھوا الارض بشیء))

(طبرانی:303/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمین کو بوجہ کسی چیز کے مکروہ مت جانو۔"

مہمان کے لیے بہت زیادہ تکلف کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تکلفوا للضیف))(الجامع:191/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہمان کیلئے بہت زیادہ تکلف مت کیا کرو۔"

عورت سے پوچھے بغیر نکاح کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تنکح الا یم حتی تستامر ، ولا البکر حتی تستاذن))

(بخاری:33/9,23/7)(مسلم،فی النکاح:(64)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیوہ سے بغیر اجازت کے اس کا نکاح نہ کرو اور باکرہ سے بغیر پوچھے اس کا نکاح نہ کرو۔"

زہد اور تواضع

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تکون زاھداً حتی تکون تواضعاً))

(الجامع:285/10)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو زاہد تب ہوگا جب متواضع ہوگا۔"

شیطان کے مددگار

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تکونوا عون الشیطان علی اخیکم))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی کے خلاف شیطان کے مددگار نہ بنو۔"

ریشمی کپڑا پہننے کی ممانعت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تلبسوا القمیص المکفف بالحریر))

(کنز العمال:(41194)(التجرید:(587)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ریشمی کف والا کرتہ نہ پہنو۔"

نماز میں دوسری طرف التفات

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تلتفتوا فی صلاتکم ، فبانه لا صلاۃ لملتفت))

(الجامع:80/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز میں دوسری طرف التفات نہ کرو۔ جس نے ایسا کیا اس کی نماز کامل نہیں ہوتی۔"

اللہ کی لعنت کے ساتھ لعنت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تلاعنوا بلعنۃ اللہ، ولا بغضبہ، ولا بالنار))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی لعنت کے ساتھ لعنت نہ کرو، نہ اس کے غضب کی اور نہ اس کی آگ کی بدعا کرو۔"

تجارتی قافلوں کو شہر سے باہر ملنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تلقوا الا جلاب قبل ان تاتی سوقھا))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (تجارتی) قافلوں سے بازار سے باہر مت ملو۔"

لوگوں کا مثلہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تمثلوا بعباد اللہ))
(کنز العمال: 13396)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے بندوں کا مثلہ مت کرو۔"

صحابی کو دیکھنے والا جہنم سے آزاد

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تمس النار مسلماً رآنی، او رای من رآنی))
(الجامع: 192/2)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس مسلمان نے مجھے دیکھا یا میرے دیکھنے والے کو دیکھا وہ آگ میں داخل نہ ہوگا۔"

برہنہ چلنے کی ممانعت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تمش عریاناً))(کنز العمال 19148)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو ننگا ہو کر مت چل۔"

مکر کرنے کی ممانعت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تمکروا، ولا تعینوا ماکراً))
(کشاف: 655)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم خود مکر نہ کرو اور نہ مکر کرنے والے کی مدد کرو۔"

خاوند کو ہم بستری سے روکنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تمنع المراۃ زوجھا حاجتہ، ولو علی ظھر قتب))
(مسند الامام احمد)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی عورت خاوند کو اس کی حاجت سے نہ روکے، اگرچہ سواری کے کجاوے پر ہو۔"

کدو کے روغن شدہ برتن میں نبیذ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تنتبذوا فی الدباء ولا فی المزفت))

(النسائی:297/8)(احمد:242/6, 332)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کدو اور رال کے روغن شدہ برتن میں نبیذ مت بناؤ۔''

مردار کی کسی چیز سے نفع نہ اٹھایا جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تنتفعوا من المیتة بشیء))

(کنز العمال:41757)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مردار چیز کی کسی شے سے نفع نہ اٹھاؤ (سوائے اس کے چمڑے کے جس کو رنگ لیا گیا ہو۔)

سفید بال اسلام کا نور

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تنتفوا الشیب ، فانه نور الاسلام))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سفید بال مت نکالو کہ یہ اسلام کا نور ہے۔''

نذر کس نیت سے مانی جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تنذروا ، فبان الله لا یعطی علی الرشوة))

(کنز العمال:(46476)(مسلم، فی النذر:(5)(ترمذی:(1538)(النسائی:16/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نذر مت مانو کیونکہ اللہ تعالیٰ رشوت کے سبب نہیں دیتا (بلکہ کام ہونے پر بطور شکرانے کے نذر مانو)۔

قطع رحمی سے قوم پر زوال

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تنزل الرحمة علی قوم بینهم قاطع رحم))

(مشکوۃ:(4931)(السنۃ:28/13)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم میں قطع رحمی کرنے والا ہو اس پر خدا کی رحمت نازل نہیں ہوتی۔''

بے ریش لڑکوں کی طرف نظر کرنے کی ممانعت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تنظروا الی الامردان، فبان فیهم لمحه من الحور))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے ریش لڑکوں کی طرف مت دیکھو کہ ان میں حوروں کی چمک ہوتی ہے۔''

ہجرت کب تک جاری رہتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تنقطع الهجرة، ما دام العدو یقاتل))

(احمد:192/1)(الجامع:250/5-251)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہجرت ختم نہیں ہوتی جب تک دشمن جنگ کرتا رہے۔''

ناخوش عورت سے نکاح کرنے کی ممانعت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تنکحها وهی کارهة))

(کنزالعمال:(44611)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت ناخوش ہو اس کا نکاح نہ کرو۔"

کس کو ایک ساتھ نکاح میں نہیں رکھا جا سکتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تنکح المراة علی عمتها ،ولا علی خالتها))

(مسلم،فی النکاح:(38,37)(ابن ماجۃ:(1931,1929)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خالہ (کے ساتھ بھانجی) اور پھوپھی (کے ساتھ بھتیجی) کو (ایک مرد کے) نکاح میں جمع نہ کیا جائے۔"

بغیر ولی کی اجازت کے عورت کا نکاح نہ کیا جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تنکحوھن الا باذن اھلھن))

(کنزالعمال:(44691)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں سے نکاح بغیر ان کے عزیزوں کی اجازت کے نہ کیا جائے۔"

کس کو زکوۃ نہیں دی جا سکتی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا حظ فی الصدقة لغنی، ولا لقوی مکتسب))

(النسائی،فی الزکوۃ:(91)(احمد:362/5,224/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مال زکوۃ میں غنی کا حق نہیں اور نہ کمانے والے تندرست کا۔"

انگور اور کھجور کا اکٹھا نبیذ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تنتبذوا التمر والزبیب جمیعاً))

(بیہقی:307/8)(الجامع:55/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھجور اور انگور کا اکٹھا نبیذ نہ بناؤ۔"

مردار سے فائدہ اٹھانے کی ممانعت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تنتفعوا من المیتة یاھاب ولا عصب))

(ابوداود،فی اللباس:(41)(ترمذی:(1729)(النسائی:175/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مردار کے پٹھوں اور خام چمڑے سے فائدہ مت اٹھاؤ۔"

احرام والی نہ نقاب کرے اور نہ دستانے پہنے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تنتقب المراة المحرمة، ولا تلبس القفازین))

(بخاری:19/3)(ابوداود،فی المناسک:(32)(نسائی،فی الحج:(32)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: محرمہ عورت بوجہ احرام منہ پر نقاب نہ ڈالے اور نہ دستانے پہنے۔"

عمرہ و حج کرنے والے کو دعا کی تاکید کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تنسنايا اخى من دعا ئك))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت عمر کو عمرہ پر روانگی کے موقعہ پر) فرمایا: اے بھائی! ہمیں دعا میں نہ بھولنا۔"

کس ذات کی نافرمانی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تنظروا الى صغر الخطيئة، ولكن انظروا ن يعصى))

(التنزیہ:234/2)(متناھیہ:287/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چھوٹے گناہ کو نہ دیکھو، بلکہ یہ دیکھو کہ کس ذات کی نافرمانی کی جارہی ہے۔"

جب تک کفار سے قتال ہوتا رہے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تنقطع الهجرة ما قوتل الكفار))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہجرت بند نہیں ہوگی جب تک کفار سے مقاتلہ کیا جاتا رہے گا۔"

ولی کی اجازت لازمی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تنكح المراة الا باذن وليها))

(لدارقطنی:229/3)(الحاکم:168/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت کے ساتھ اس کے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح نہ کیا جائے۔"

عورت عورت کا نکاح نہ کرے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تنكح المراة المراة، ولا تنكح المراة نفسها))

(کنزالعمال:(44680)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک عورت دوسری عورت کا نکاح نہ کرائے، نہ عورت خود اپنا نکاح کرے (اگر کر لے تو اس کی کچھ شرائط ہیں)۔"

بخل سے نعمتیں کم ہوتی ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا توكى فيو كى عليك))

(ابوداود، فی الزکاۃ:(46)(ترمذی، فی البر:(40)(نسائی، فی الزکاۃ:62)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو سر بند نہ رکھ (بخل نہ کر) کہ تیرے اوپر سر بند کر دیا جائے گا۔"

صدقہ دینے والے کی تعریف نہ کی جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا ثناء فى الصدقة))

(کنزالعمال:(15902)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ دینے والے کی تعریف نہ کی جائے۔"

وارث کا حصہ روک کر رکھنا حرام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا حبس عن فرائض الله بعد سورة النساء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۃ نساء کے بعد فرض حصہ روک کر رکھنا جائز نہیں۔''

حسد اور خوشامد کب جائز ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا حسد، ولا ملق الا فى طلب العلم))

(الاتحاف:312/1)(کنز العمال:(28938)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسد اور چاپلوسی طلب علم کے علاوہ میں جائز نہیں۔

لغزش کھانے والا اور تجربہ کار

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا حليم الا ذو عثرة، ولا حكيم الا ذوتجربة))

(ترمذی:(2033)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لغزش کھانے والا حلیم اور تجربہ کار حکیم ہوتا ہے۔''

مدتِ حیض

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاحيض اقل من ثلاث، ولا فوق عشر))

(المتناہیۃ:383/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حیض تین روز سے کم اور دس روز سے زائد نہیں ہوتا۔''

حضور کے سو برس بعد

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا خير فى الدنيا بعد مائة))

(دیلمی:322/5، (8038)(کنز الدقائق:(38606)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سو برس کے بعد دنیا میں خیر (زیادہ) نہ ہوگی۔''

جس میں حیاء نہیں اس میں خیر نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا خير فيمن لا يستحى))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس میں حیا نہیں اس میں خیر نہیں۔''

جسے سمجھ نہیں اس کا دین نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا دين لمن لا نفقة له))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو سمجھ نہیں اس کا دین نہیں۔''

دست بدست سود نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا ربا فيما كان يداً بيد))

(مسلم، فی المساقاۃ:103)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دست بدست ادائیگی میں ربا نہیں ہے۔"

رضاعت دو سال

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا رضاع الا ما كان فى الحولين))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو سال کی عمر کے اندر اندر (عورت کا دودھ پینے سے) رضاع ثابت ہوتا ہے۔"

زکوۃ سال گزرنے کے بعد

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا زكاة في مال حتي يحول عليه الحول))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مال میں زکوۃ سال گزرنے کے بعد لازم آتی ہے۔"

مسابقت کس کس میں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا سبق الا فى خف، او هاقر، او نصل))

(ابوداود:(2574)(ترمذی: الجہاد:(22)، حدیث:(1700)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسابقت اونٹوں، گھوڑوں اور تیروں کے اندر ہوتی ہے۔"

شفعہ فقط گھر اور زمین میں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا شفعة الا فى دار او عقار))

(بیہقی:109/6)(الجامع:192/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شفعہ گھر اور زمین کے سوا کسی چیز میں جائز نہیں۔"

کس پر شفعہ نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا شفعة ليهودى ولا لنصرانى))

(بیہقی صغیر:206/1)(الجامع:159/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہودی اور نصرانی کیلئے شفعہ نہیں ہے۔"

پناہ گاہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا حمى الا لله ورسوله))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ اور رسول کے سوا کوئی پناہ گاہ نہیں ہے۔"

جنت کا خزانہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا حول ولا قوة الا بالله كنز من كنوز الجنة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "لاحول ولاقوۃ الا باللہ" جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔"

پتھروں میں خمس نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا خمس فی الحجر))(نصب الرایه 382/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پتھروں (اور جواہرات) میں خمس نہیں ہے۔''

دو صاحب خیر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا خیر فی العیش الا لرجلین: عالم ناطق او مستمع واع))
(کنز العمال: 4027)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زندگی میں دو آدمیوں کے سوا کسی میں خیر نہیں۔ ایک عالم جو حق سے آگاہ کرے اور دوسرے سننے والا جو (عملی طور پر) یاد رکھے۔''

مہمان نوازی نہ کرنے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا خیر فیمن لا یضیف))

(الجامع: 192/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی کی مہمانی نہ کرے اس میں خیر نہیں۔''

مومن اور امارت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا خیر لمؤمن فی الامارة))(الجامع: 192/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کیلئے امیر بننے میں خیر نہیں۔''

جو وعدہ خلافی کرے وہ مومن نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا دین لمن لا عهد له))(الجامع: 96/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو وعدہ پورا نہ کرے وہ کامل دین والا نہیں ہے۔''

حربی کفار اور سود

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا ربا بین اهل الهرج واهل الاسلام))

(نصب الرایہ: 44/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل حرب اور اہل اسلام کے درمیان سود (کی ممانعت) نہیں ہے (حربی کفار سے سود لیا جا سکتا ہے)۔''

بلوغ کے بعد یتیم نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا رجاع بعد فطام، ولا یتم بعد احتلام))

(کنز العمال: 15680)(دار قطنی: 175/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (دو سال کے بعد) دودھ چھڑانے کے بعد رضاعت ثابت نہیں ہوتی اور بلوغ کے

بعد یتیم نہیں رہتا۔"

عشاء کے بعد قصہ خوانی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا سمر بعد العشاء))

(دیلمی:281/5،حدیث:(7894)(کنز العمال:(2182)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عشاء کے بعد قصہ خوانی منع ہے (تا کہ نماز فجر ضائع نہ ہو جائے)۔"

نکاحِ شغار

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:لا شغار فی الاسلام))

(مسلم،فی النکاح:60)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نکاح کے عوض نکاح کرنا منع ہے۔"

غیرتِ الٰہی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:لا شیء اغیر من الله))

(بخاری:45/7)(مسلم،فی التوبۃ:(37)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ سے ایادہ غیرت مند کوئی نہیں۔"

دو صاع ایک صاع کے بدلے اور دو درہم ایک درہم کے بدلے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:لا اعین بصاع، ولا درهمین بدرهم))

(بخاری:76/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو صاع ایک صاع کے بدلے اور دو درہم ایک درہم کے بدلے میں بیچنا خریدنا جائز نہیں۔"

صدقہ اور جہاد......دخول جنت کے اسباب

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:لا صدقة ولا جهاد، فبم تدخل الجنة))

(الجامع:42/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تجھ میں نہ صدقہ ہے نہ جہاد تو بہشت میں کس طرح داخل ہوگا۔؟"

نماز بغیر قرأت کے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:لا صلاة الاّ بقرائة"

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:(منفرد اور مسبوق کی) نماز بغیر قرات کے جائز نہیں۔"

کھانا حاضر ہو تو نماز کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لاصلاة بحضرة طعام))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کھانا حاضر ہو تو نماز نہیں ہوتی (پہلے کھانا کھائے پھر نماز پڑھے)"

جب جماعت کھڑی ہو تو فرض کے علاوہ کوئی نماز نہیں ہوتی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا صلاة بعد صلاة الا قامة الا المكتوبة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جماعت کھڑی ہونے کے بعد فرضوں کے علاوہ کوئی نماز نہیں ہوتی۔''

نمازِ عصر کے بعد نفلی نماز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا صلاة بعد صلاة العصر))

(مسلم:(567)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز عصر کے بعد کوئی نماز جائز نہیں (سوائے قضا نماز کے)''

مسجد کے ہمسائے کی نماز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا صلاة لجار المسجد الا فى المسجد))

(الضعیفہ:(183)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجد کے ہمسایہ کی نماز بغیر مسجد کے کامل نہیں۔''

نماز میں اِدھر اُدھر دیکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا صلاة لملتفت))

(کنز العمال:(19987,19978)(الحلیہ:244/7)(الجامع:80/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ادھر اُدھر دھیان کرنے والے کی نماز کامل نہیں۔''

جس نے اذان سنی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا صلاة لمن يسمع النداء ، فلم ياته الا من عذر))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اذان سن کر بغیر عذر کے نہ آئے اس کی (اکیلے میں) نماز کامل نہیں ہوگی۔''

جس کا وضو نہیں اس کی نماز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا صلاة لمن لا طهور له))

(ابوداود:(101)(ابن ماجہ:(400,398)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کا وضو نہیں اس کی نماز نہیں ہوتی۔''

ایک فرض نماز دن میں فقط ایک مرتبہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا صلاة مكتوبة فى يوم مرتين))

(نصب الرایہ:2/149)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک فرض نماز کو ایک دن میں دو دفعہ نہیں پڑھ سکتے۔''

کن چیزوں پر زکوۃ نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا صدقة في الكعة، والجبهة، والجية))

(الجامع: 69/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غلاموں، استعمال کے گھوڑوں اور ردی اشیاء میں زکوٰۃ نہیں۔"

حمام میں نماز جائز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا صلاة في الحمام، ولا يسلم على بادي العورة فيه))

(تنزیہ: 113/2) (میزان: 71/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حمام میں نماز جائز نہیں اور جس کی شرمگاہ ننگی ہو اس پر سلام نہ کیا جائے۔"

تنہا شخص کی نماز صف کے پیچھے جائز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا صلاة لفرد خلف الصف))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تنہا شخص کی نماز صف کے پیچھے جائز نہیں۔"

تشہد فرض ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا صلاة لمن لا تشهد له)) (الجامع: 140/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تشہد نہ پڑھے اس کی نماز نہیں۔"

اذان سن کر جماعت میں حاضر نہ ہونے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا صلاة لمن سمع النداء، ثم لم ياته الا من علة))

(مستدرک حاکم)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اذان سن کر جماعت میں حاضر نہ ہوا اس کی نماز کامل نہیں ہوتی مگر عذر ہو تو۔"

نقصان اٹھانے اور نقصان پہنچانے سے بچنا چاہیے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا ضرر، ولا ضرار))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ نقصان اٹھانا چاہیے، نہ کسی کو نقصان پہنچانا چاہیے۔"

امانتدار اور ضمان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا ضمان على موتمن))

(بیہقی: 289/6) (دارقطنی: 1547,41/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امانتدار کے ذمہ ضمان لازم نہیں آتا۔"

اللہ کی نافرمانی میں مخلوق کی اطاعت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا طاعة لمخلوق في معصية الخالق))

(بخاری:109/9)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی نافرمانی کر کے مخلوق کی فرمانبرداری کرنا جائز نہیں۔''

جو اللہ کا تابعدار نہ ہو اس کی تابعداری

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا طاعة لمن لم يطع الله))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو خدا کا تابعدار نہ ہو اس کی تابعداری جائز نہیں۔

طلاق بعد از نکاح اور عتق بعد از ملک

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا طلاق الا بعد نكاح، ولا عتاق الا بعد ملك))

(حاکم:419/2)(الجامع:186/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طلاق نکاح کے بعد ہی واقع ہو سکتی ہے اور عتق بعد ملک کے۔''

جو ملک نہ ہو اس کو نذر نہیں کیا جا سکتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا طلاق قبل النكاح ولا نذر فيما لا تملك))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نکاح سے پہلے طلاق نہیں اور جس چیز کا مالک نہیں اسے نذر نہیں کر سکتا۔''

نیت اور عمل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا عمل لمن لا نية له، ولا اجر لمن لا حسبة له))

(الاتحاف:36/10)(بیہقی:41/1)(دارمی:(49)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی نیت نہیں اس کا عمل نہیں۔ جس میں طلب ثواب نہیں اس کے لئے اجر نہیں۔''

فریب کرنا شیوہ مسلم نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا غش بين المسلمين، ليس منا من غشنا))

(دارمی:248/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں میں فریب بازی کرنا نہیں۔ جس نے فریب کیا وہ ہم سے نہیں۔''

امام کے پیچھے قرأت نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا قراءة خلف الامام))

(کنز العمال:(20545)(دارقطنی:330/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امام کے پیچھے قرات نہیں ہے۔''

قصاص تلوار سے ہی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا قود الا بالسيف))(الجامع:291/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قصاص تلوار سے ہی لیا جائے گا۔''

بیماری متعدی نہیں ہوتی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا عدوی، ولا طیر))(کنز العمال:(28621)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیماری کا متعدی ہونا اور بدفالی پکڑنا کچھ چیز نہیں۔''

جہالت فقر سے سخت ہوتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا فقر اشد من الجهل))

(کنز العمال:(44135)(طبرانی:68/3)(الجامع:283/10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہالت فقر سے سخت نہیں ہے۔''

موضحہ سے کم پر قصاص نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا قصاص فیما دون الموضحة من الجراحات))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موضحہ زخم سے کم میں قصاص نہیں۔ (موضحہ: وہ زخم جس سے ہڈی ننگی ہو جائے)۔''

بھوک کے زمانہ میں ہاتھ کاٹنا جائز نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا قطع فی زمن المجاعة))

(الجامع:194/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھوک کے زمانہ میں قطع ید جائز نہیں۔''

تعلق توڑنے کی نذر جائز نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا نذر فی قطیعة رحم، ولا فیما لا یملك ابن آدم))

(کنز العمال:(46480)(طبرانی:191/19)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صلہ رحمی قطع کرنے کی نذر جائز نہیں اور نہ اس چیز کی جس کا انسان مالک نہ ہو۔''

نکاح میں مرد وعورت کی رضامندی لازم ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا نکاح الا باذن الرجل والمراة))

(کنز العمال:(44681)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت اور مرد کی اجازت کے بغیر نکاح جائز نہیں۔''

بعد از فتح مکہ مکہ سے ہجرت کرنا جائز نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا حجرة بعد فتح مکة))

(کنز العمال:(46251)(بخاری:92/4)(مسند احمد:71/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فتح مکہ کے بعد (مکہ سے کسی اور جگہ کیلئے) ہجرت کرنا جائز نہیں۔''

تین دن سے زیادہ قطع تعلق حرام ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا هجر بین المسلمین فوق ثلاثه ایام))

(الجامع:196/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین روز سے زیادہ دو مسلمان ایک دوسرے سے قطع تعلق نہ کریں۔"

ایک رات میں دو مرتبہ وتر ادا کرنا جائز نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا وتران فی لیلة))

(احمد:23/4)(ترمذی:470)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک رات میں دو دفعہ وتر ادا کرنا جائز نہیں۔"

بغیر افطار کیے لگا تار روزہ رکھنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا وصال فی الصوم))

(طیالسی:(2173, 1764, 1679, 1125)(طبرانی فی "الصغیر":96/1)(الجامع:196/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بغیر افطار کئے لگا تار روزہ رکھنا جائز نہیں۔"

کب وضو نہیں ٹوٹتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا وضوء الا فیما وجدت الریح، اوسمعت الصوت))

(ترمذی:74)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک تو آواز نہ سنے یا بدبو نہ پائے وضو لازم نہیں۔"

قصاص بس لوہے کی چیز سے لینا جائز ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا قود الاً بحدیدة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قصاص سوائے لوہے کے کسی چیز سے لینا جائز نہیں۔

لنگڑے اور شل کی وجہ سے قصاص

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا قود فی شلل، ولا عرج))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لنگڑے اور شل کی وجہ سے قصاص نہیں۔"

صغیرہ گناہ مداومت سے کبیرہ بن جاتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا کبیرة مع الاستغفار، ولا صغیرة مع الاصرار))

(الجامع:195/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: استغفار کے ساتھ کوئی گناہ کبیرہ نہیں رہتا اور مداومت اور اصرار سے صغیرہ کبیرہ ہو جاتا ہے۔"

نیک خواب اور خوش خبریاں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا نبوة بعدی الا المبشرات الرويا الصالحة))

(کنز العمال: (41422) (ترمذی، فی الرؤیا: (2) (بخاری فی التعبیر: (5) (مسلم فی الصلاۃ: 207)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد نبوت نہیں چلے گی مگر نیک خواب اور خوشخبریاں ضرور واقع ہوں گی۔''

گناہ میں نذر ماننا درست نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا نذر في معصية، و كفارة كفارة يمين))

(ابوداود فی الطلاق: (7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گناہ کی نذر ماننی درست نہیں اور (اگر مان لی تو) اس کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے۔''

اس جگہ نماز نہ پڑھنا جہاں آدمی دن چڑھے تک سویا رہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا نسلی حيث انسانا الشيطان))

(کنز العمال: (20166) (عبدالرزاق: (2239)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم اس جگہ نماز نہیں پڑھیں گے، جہاں شیطان نے ہم کو بھلایا ہے۔''

انبیاء کی وراثت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا نورث ماتر كناه صدقة))

(بخاری: 96/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم (انبیاء کرام) کسی کو وارث نہیں کرتے جو کچھ ہم نے چھوڑا وہ صدقہ ہوتا ہے۔''

بغیر ورثاء کی اجازت کے کسی ایک کے نام وصیت کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا وصية لوارث الا ان تجيز الورثة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وارث کے لئے وصیت بغیر اجازت دیگر ورثاء کے جائز نہیں۔''

ہر لحاظ سے دین کی تابعداری

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يومن احد كم حتى يكون هواه تبعاً لما جئت به))

(مسند الفردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی اس وقت تک ایماندار نہیں ہو سکتا جب تک اس کی خواہش میرے دین کے تابع نہ ہو۔''

ہر کام میں مشاورت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يبر من احد كم امر دين و لا دنيا حتى يشاور))

(مصنف لابن ابی شیبہ)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بغیر مشورہ کئے تم کوئی کام دین ودنیا کا مت کرو۔''

زنا کاری کی حقیقت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يبغى على الناس الا ولد بغى، اومن فيه عرق منه)) (طبرانی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں زنا کاری ولد الزنا ہی پھیلاتا ہے یا وہ جس میں زنا کی رگ ہو۔''

بازار میں کون بیع کرے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يبع فى سوقنا الا من فقه فى الدين)). (سنن الترمذی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمارے بازار میں وہی شخص بیع کرے جو دین کی سمجھ رکھتا ہو۔''

دو دین اقلیم عرب میں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لايترك بجزيرة العرب دينان))
(کنز العمال: (38254) (احمد: 275/6) (الجامع: 325/5

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو دین (اسلام اور کفر) اقلیم عرب میں نہیں چھوڑے جائیں گے۔''

ننگی تلوار پکڑے کی ممانعت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يتعاطى السيف مسلولاً))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ننگی تلوار کسی کو نہ پکڑائی جائے۔''

آنے والا زمانہ ہمیشہ بدتر ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا ياتى على الناس زمان الا وهو شر من الذى قبله))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں پر کوئی زمانہ نہ آئے گا مگر وہ پہلے سے بدتر ہوگا۔''

وضو والا اذان کہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يوذن الا متوضىء)) (بيهقى: 397/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اذان نہ دے مگر وضو والا۔''

مومن سے محبت رضائے الٰہی کے لیے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يومن احد كم حتى يحب المرء لا يحبه الا لله))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوسکتا جب تک اللہ کی رضا خاطر مومن سے محبت نہ کرے۔''

ایمان کی جان......عشق مصطفیٰ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یومن احد کم حتی اکون احب الیه من نفسه))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اس کی ذات سے زیادہ محبوب نہ ہوں۔"

دل اور زبان ایک جیسے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یومن عبد حتی یکون قلبه ولسانه سواء))

(الاتحاف:306/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ ایماندار نہیں ہوتا جب تک کہ اس کا دل اور زبان ایک جیسے ہوں۔"

دوسرے کی بادشاہت میں بغیر اجازت کے امام بننا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یوم رجل رجلاً فی سلطانه))

(ابوداود:(583)(ترمذی:2772)(النسائی:77/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غیر شخص دوسرے شخص کی حکومت کی جگہ میں پیش امام نہ ہو (مگر اس کی اجازت سے)"

بیٹھ کر امامت کرانے کی ممانعت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یؤمن احد بعدی جالساً))

(کنزالعمال:(20517)(بیہقی:80/3)(دارقطنی:398/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد کوئی شخص بیٹھ کر امامت نہ کرائے۔"

حفاظت زبان اور حقیقت ایمان

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یبلغ عبد حقیقة الایمان حتی یخزن من لسانه))

(الجامع:302/10)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حقیقت ایمان کو انسان تب پہنچے گا جبکہ زبان کو محفوظ کرے گا۔"

بل میں پیشاب کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یبولن احد کم فی جحر))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص بل میں پیشاب نہ کرے۔"

نہانے کی جگہ پیشاب کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یبولن احد کم فی مستحمه))

(النسائی:34/1)(ابوداود:(27)(ابن ماجہ:(304)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے نہانے کی جگہ تم میں سے کوئی شخص پیشاب نہ کرے۔"

بیع پر بیع اور منگنی پر منگنی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یبع الرجل علی بیع اخیه، ولا یخطب علی خطبة اخیه))

(بخاری:90/3)(مسلم، فی البیوع:8)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان بھائی کی بیع پر دوسرا مسلمان بیع نہ کرے اور ایک کی منگنی پر دوسرا منگنی نہ کرے۔"

جب کوئی بالغ ہو جائے تو وہ یتیم نہیں رہتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یتم بعد احتلام، ولا یتم علی جاریة اذا هی حاضت))

(کنز العمال:(6046)(الطبرانی:16/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لڑکا احتلام ہونے کے بعد اور لڑکی حائضہ ہونے کے بعد یتیم نہیں رہتے۔"

موت کی آرزو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یتمنی احد کم الموت حتی یتقن بعمله))

(الاتحاف:225/10)(الجامع:206/10)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موت کی کوئی آرزو نہ کرے، مگر جب اس کو اپنے عمل پر اعتماد ہو۔"

مختلف دین کے آدمی باہم وارث نہیں بن سکتے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یتوارث اهل ملتین شتی))

(احمد:195,178/2)(ترمذی:(2108)(ابوداود:(2911)(ابن ماجہ:(2731)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو مختلف دین کے آدمی باہم وارث نہیں ہوتے۔"

کافر اور اس کا قاتل

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یجتمع کافر و قاتله فی النار ابدا))

(احمد:397/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کافر اور اس کا قاتل دونوں جہنم میں ایک ساتھ جمع نہ ہوں گے۔"

کوئی تیسرا باپ بیٹے کے درمیان نہ بیٹھے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یجلس الرجل بینالرجل وابنه فی المجلس))

(کنز العمال:(25383)(الجامع:61/8)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص مجلس میں باپ اور بیٹے کے درمیان نہ بیٹھے۔"

امت گمراہی پر اکٹھی نہ ہوگی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یجمع الله امتی علی ضلالة ابداً))

(کنز العمال: (1030)(الحاکم: 115/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ میری امت کو گمراہی پر کبھی جمع نہ کرے گا۔"

کن رشتوں کو نکاح میں اکٹھا نہیں کیا جا سکتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يجمع بين المراة وعمتها، ولا بين المراة وخالتها))

(مسلم فی النکاح: (33)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نکاح میں لڑکی اور اس کی پھوپھی یا لڑکی اور اس کی خالہ کو جمع نہ کیا جائے۔"

جن کی بیع، شراء اور طلاق جائز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يجوز للعبد ولا للمعتوه بيع، ولا شراء، ولا طلاق))

(ابن عدی: 197/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے عقل اور غلام دونوں کی بیع و شراء و طلاق جائز نہیں۔"

نمازی کو آواز سے تکلیف دینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يجهر بعضكم على بعض، فبانه يوذى المصلى))

(الاتحاف: 493/4)(احمد: 129,67,36/2)(الخطیب: 284/12)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم آپس میں اونچی باتیں نہ کرو کہ اس سے نمازی کو تکلیف ہوتی ہے۔"

اواب کی پہچان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يحافظ على ركعتى الفجر الا اواب))

(کنز العمال: (19329)(الجامع: 200/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فجر کی دو رکعت پر بغیر اواب کے کوئی مداومت نہیں کرتا۔"

فجر کی نماز کی محافظت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يحافظ على صلاة الفجر الااواب))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فجر کی نماز پر اواب کے بغیر کوئی محافظت نہیں کرتا۔"

محبت علی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يحبك الا مومن، ولا يبغضك الا منافق، قاله لعلى))

(ترمذی: (3736)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی سے فرمایا: تجھ سے مومن کے سوا کوئی محبت نہ کرے گا اور تیرے ساتھ منافق کے علاوہ کوئی بغض نہ کرے گا۔"

حالت غصہ میں فیصلہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یحکم احد بین اثنین وھو غضبان))
(مسلم، فی الاقضیۃ: 16)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی (فیصلہ کرنے والا) حالت غصہ میں دو شخصوں میں فیصلہ نہ کرے۔''

ایک عورت کی طلاق کی شرط پر دوسری سے نکاح نہ کیا جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یحل ان تنکح امراۃ بطلاق اخری))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ حلال نہیں کہ ایک عورت کو طلاق دینے کی شرط پر دوسری عورت سے نکاح کیا جائے۔

مہمان کے لیے تکلف

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یتکلفن احد للضیف ما لم یقدر علیہ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص مہمان کیلئے اپنی طاقت سے زیادہ تکلف نہ کرے۔''

موت کی آرزو کرنا حلال نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یتمنین احد کم الموت))

(بخاری: 104/9)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص ہرگز موت کی آرزو نہ کرے۔''

پاخانہ کرتے وقت گفتگو کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یتناجی اثنان علی غائطھما))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پاخانہ کرتے وقت ایک دوسرے سے سرگوشی نہ کی جائے۔''

بخل اور مومن

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یجتمع الایمان والبخل فی قلب رجل مومن ابداً))

(نسائی فی الجہاد: باب نمبر (7) (احمد: 441/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان اور بخل کسی مومن کے دل میں ہمیشہ جمع نہیں ہو سکتے۔''

خراج، عشر اور مسلمان

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یجتمع علی مسلم خراج و عشر))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کے ذمہ خراج اور عشر دونوں جمع نہیں ہو سکتے۔''

زمزم کا پانی اور جہنم کی آگ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یجتمع ماء زمزم و نار جھنم فی جوف عبد ابداً))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمزم کا پانی اور دوزخ کی آگ ایک بندے کے پیٹ میں کبھی جمع نہیں ہو سکتے۔''

بیٹا باپ کا بدلہ نہیں اتار سکتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یجزی ولد والده الا ان یجده مملوکا، فیشتریه، فیعتقه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیٹا اپنے باپ کا بدلہ نہیں اتار سکتا، الا یہ کہ وہ اس کو مملوک پائے تو اس کو خرید کر آزاد کر دے۔''

خاوند کے مال سے بغیر اجازت کے کچھ لینا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لایجوز لامراة عطیة الا باذن زوجها))

(الکامل لابن عدی).

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت شوہر کے مال سے اس کی اجازت کے بغیر کسی کو خیرات اور ہدیہ نہیں دے سکتی۔''

جو مل کر کھانا کھایا جائے اس کا حساب نہیں ہوگا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یحاسب العبد علی ما اکله مع اخوانه))

(الاتحاف:232/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان جو کچھ اپنے مسلمان بھائیوں کیساتھ مل کر کھائے اس کا حساب نہ لیا جائے گا۔''

غلہ روک کر پھر مہنگا کر کے بیچنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یحتکر الا خاطیء))

(مسلم فی المساقاۃ:(130)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: احتکار گنہگار کے سوا نہیں کر سکتا (احتکار غلہ بند رکھ کر گراں بیچنا)''

مشرک اور برہنہ طواف نہیں کریں گے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یحج بعد العام مشرك، ولا یطوف بالبیت عریان))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سال کے بعد مشرک حج نہ کرے گا اور کوئی برہنہ ہو کر طواف نہ کریگا۔''

حلال کو حرام حرام نہیں کر سکتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یحرم الحرام الحلال))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال کو حرام چیز حرام نہیں کر سکتی۔''

گھوڑا، گدھا اور خچر کھانا حلال نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یحل اکل لحوم الخیل والبغال والحمیر))

(بیہقی:462/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گھوڑے، گدھے اور خچر کا گوشت حلال نہیں ہے۔''

مکہ مکرمہ میں ہتھیار اٹھانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يحل لا حد كم ان يحمل السلاح بمكة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی کو مکہ میں ہتھیار اٹھانا درست نہیں۔''

شوہر یا محرم کے بغیر عورت کا حج نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يحل لامراة ان يحج الامع زوج، او محرم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی عورت کو شوہر یا محرم کے بغیر حج کرنا درست نہیں۔''

رضامندی کے بغیر مسلمان کا مال لینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يحل مال امرى مسلم الا بطيب نفسه))

(بیہقی:100/6)(دار قطنی:26/3)(الجامع:172/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کا مال سوائے اس کی رضامندی کے لینا جائز نہیں۔''

ایک دوسرے کی شرمگاہ دیکھنا حرام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يحل لرجل ان ينظر الى سواة اخيه))

(کنزالعمال:13080)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کو دوسرے کی شرمگاہ دیکھنا جائز نہیں۔''

زانیہ کی کمائی اور کتے کی قیمت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لايحل مهر الزانية، وثمن الكلب))

(مستدرک حاکم: قال صحیح علی شرط مسلم، ولم یخرجاہ، ووافقہ الذہبی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زانیہ کی کمائی اور کتے کی قیمت حلال نہیں۔''

بغیر اجازت کسی کے جانور کا دودھ دوہنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يحلبن احد ماشية احد))

(کنزالعمال:44609,44590)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص غیر کے جانور کا دودھ (بلا اجازت) نہ دوہے۔''

منگنی پر منگنی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يخطب احد كم على خطبة اخيه حتىٰ يترك))

(ابوداود:2081)(ترمذی:1292)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی منگنی پر منگنی نہ کرے حتیٰ کہ وہ کو چھوڑ دے (تو پھر کر سکتا ہے)۔''

متکبر اور بد خو شخص کی مذمت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یدخل الجنۃ الجواظ، ولا الجعظری))
(احمد:227/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں متکبر اور بد خو شخص داخل نہ ہوگا۔''

حسنِ خلق کی خوبی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یدخل الجنۃ احد الا بحسن الخلق))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں کوئی شخص داخل نہ ہو سکے گا مگر حسن خلق کی وجہ سے۔''

حرام سے پرورش پانے والا جسم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یدخل الجنۃ جسد غزی بحرام))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں حرام سے پلا جسم داخل نہ ہوگا۔''

دیوث جنت میں داخل نہیں ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یدخل الجنۃ دیوث))
(کنز العمال:(43749)(مسند عبدالرزاق:(20437)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دیوث (بے غیرت) شخص جنت میں داخل نہ ہوگا۔''

والدین کا نافرمان اور شراب خور

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یدخل الجنۃ عاق ولا مدمن خمر))
(سنن کبریٰ، از بیہقی)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: والدین کا نافرمان اور ہمیشہ شراب پینے والا داخل جنت نہ ہوگا۔''

ظلماً ٹیکس وصول کرنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یدخل الجنۃ صاحب مکس))
(ابوداود:(2937)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ظلماً ٹیکس (چنگی) وصول کرنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا۔''

صلہ رحمی کو قطع کرنے کی برائی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یدخل الجنۃ قاطع رحم))
(بخاری:6/8)(مسلم، فی البر والصلۃ:(19,18)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صلہ رحمی کو قطع کرنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا۔''

جو چیز حرام ہے اس کی قیمت بھی حلال نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يحل ثمن شيء لا يحل اكله وشربه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس چیز کا کھانا پینا حلال نہیں اس کی قیمت لینی بھی حلال نہیں۔''

باپ عطیہ میں بھی رجوع کرسکتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يحل لرجل ان يعطي العطية، ثم يرجع الا الوالد))

(احمد:207/2)(حاکم:46/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کو دے کر اپنے عطیہ میں رجوع کرنا جائز نہیں مگر والد رجوع کرسکتا ہے۔''

مسلمان کو ڈرانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يحل لمسلم ان يروع مسلماً))

(ابوداود:(5004)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کو جائز نہیں کہ وہ کسی مسلمان کو ڈرائے۔''

مسلمان کی طرف ایذا رساں نظر سے اشارہ کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يحل لمسلم يشير الى اخيه بنظر يوزيه))

(الاتحاف:255/6)(المغنی:67/3,192/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کو جائز نہیں کہ وہ مسلمان بھائی کی طرف ایذا رساں نظر سے اشارہ کرے۔''

خود کو ذلیل کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لايحل لمومن ان يذل نفسه))

(الفوائد:(378)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کیلئے جائز نہیں کہ وہ خود کو ذلیل کرے۔''

ارکان اسلام کا انکار کفر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يخرج احد من الاسلام الابجهود ما دخل فيه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان اسلام سے تب خارج ہوگا جب ارکان اسلام کا انکار کرے گا۔''

عورت کے ساتھ تنہائی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يخل رجل با مراة الا كان ثالثهما الشيطان))

(ترمذی:(2165)(النسائی فی الکبری: عشرۃ النساء: باب خلوالرجل بالمراۃ)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بھی کوئی شخص کسی عورت کے ساتھ تنہا ہوتا ہے تو تیسرا ان میں شیطان ہوتا ہے۔''

رحم دخول جنت کا سبب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يدخل الجنة الا رحيم))
(الجامع:201/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں رحم کرنیوالے کے سوا کوئی داخل نہ ہوگا۔"

بدخواور سخت گو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يدخل الجنة جواظ، ولا جعظرى، ولا عتل))
(احمد:227/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں متکبر، بدخواور سخت گو شخص داخل نہ ہوگا۔"

بدخصلت آدمی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يدخل الجنة سيى الملكة))
(الجامع:236/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں بدخصلت شخص داخل نہ ہوگا۔"

احسان جتلانے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يدخل الجنة عاق، ولا منان، ولا مكزب بقدر))
(معجم طبرانی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں والدین کا نافرمان، احسان جتلانے والا اور تقدیر کو جھٹلانے والا داخل نہ ہوگا۔"

بوڑھی جنت میں داخل نہ ہوگی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لايد خل الجنة عجوز))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں کوئی عورت بوڑھی ہوکر داخل نہ ہوگی۔"

محرم سے زنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يدخل من اتى ذا محرم))
(الجامع:269/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں وہ شخص داخل نہ ہوگا جس نے اپنے محرم سے زنا کیا۔"

ذرہ برابر تکبر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يدخل الجنة من كان فى قلبه مثقال ذرة من كبر))
(مسلم، فی الایمان:(149,147)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے دل میں ذرہ بھر بھی تکبر ہو وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔"

جنگ بدر اور حدیبیہ میں شامل ہونے والوں کی فضیلت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یدخل النار احد شهد بدراً والحدیبیة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جنگ بدر اور حدیبیہ میں شامل ہوا وہ جہنم میں داخل نہ ہوگا۔''

دجال اور مکہ و مدینہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یدخل الدجال مکة ولا المدنیة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال مکہ اور مدینہ میں داخل نہ ہوسکے گا۔''

احکام کی سب سے آخری سورت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اخر سورة انزلت المائدة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے آخر میں سورۂ مائدہ نازل کی گئی۔''

اسلام کی آخری بستی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: آخر قریة من قری الاسلام خراباً المدینة))

(ترمذی:676/5)(الجامع:3/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت میں اسلام کی بستیوں میں سب سے آخر میں مدینہ ویران ہوگا۔''

ہر خوبصورتی آفت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: آفة الجمال الخیلاء))

(جمع الجوامع:(22)(کنزالعمال:(44/21)(الجامع:3/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر خوبصورتی کو آفت ہے۔''

علم کی آفت اور علم کو ضائع کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: آفة العلم النسیان، واضاعته ان یحدث به غیر اهله))

(الاحادیث المشکلة: صفحہ نمبر:(33)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم کی آفت علم کو بھول جانا ہے اور نا اہل کو سکھلانا علم کو ضائع کرنا ہے۔''

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عاجزی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اکل کما یاکل العبد واجلس کما یجلس العبد))

(الجامع:3/1)(ابن سعد:(95/2/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں غلام کی طرح کھاتا ہوں اور غلام کی طرح بیٹھتا ہوں۔''

آل محمد اور ہر پرہیزگار

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آل محمد كل تقى))

(الجامع: 3/1)(المقاصد: صفحہ نمبر ۵، حدیث رقم: (3)(فردوس الاخبار: 506/1)(کشف الخفاء: (1/97-98)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر پرہیزگار آل محمد (میں داخل) ہے۔''

یتیم لڑکی کی اجازت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آمروا اليتيمة فى نفسهاء واذنها صمتها))

(مجمع الزوائد: 280/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یتیم لڑکی سے اس کے نکاح کے بارے میں اجازت طلب کرو (نکاح کے معاملے میں) اس کی خاموشی بھی اجازت ہے۔''

والدین کے ساتھ بھلائی کی وصیت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آمرك بالوالدين خيرا))(احمد: 11/2/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھے والدین کے ساتھ بھلائی کرنے کا حکم دیتا ہوں۔''

حضرت معاذ بن جبل اور اطاعت رسول

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آمن كل شى ء من معاذ حتى خاتمه))

(جمع الجوامع: (42)(کنز العمال: (33643)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: معاذ (بن جبل) کی ہر چیز نے (میرے اور اللہ کے حکم کے سامنے) سر تسلیم خم کر دیا ہے۔ یہاں تک کہ اس کی انگوٹھی نے بھی۔''

آیت الکرسی کا اجر و ثواب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آية الكرسى ربع القرآن))

(الجامع: 3/1)(درمنثور: 20/1)(کنز العمال: (2536)(جمع الجوامع: (50)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آیت الکرسی (اجر و ثواب کے لحاظ سے) قرآن مجید کا چوتھا حصہ ہے۔''

مسلمان کے قاتل کی توبہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابى الله ان يجعل لقاتل مومن توبة))

(کشف الخفاء: 36/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ مسلمان کے قاتل کی توبہ قبول کرنے سے انکار فرماتا ہے۔''

جس کا خرچ آدمی کے ذمہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابدأ بمن تعول))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے اسے دے جس کا خرچ تیرے ذمہ ہے۔"

جس سے اللہ نے شروع کیا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ابدووا بما بداية الله))

(مسلم، فی الحج: (147) (ابوداود، فی المناسک: (19,5) (ترمذی، فی الحج: 8620)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بھی اسے شروع کیا کرو جس سے اللہ تعالیٰ نے ابتداء فرمائی ہے۔"

برکت اکابرین کے ساتھ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ابدؤوا بالا کابر، فبان البركة مع اكابر كم))

(کنز العمال: (25426)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کابرین سے شروع کرو، کیونکہ برکت تمہارے اکابرین (بزرگوں) کے ساتھ ہے۔"

گرمی کی شدت جوش جہنم سے ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ابرد ابرد فبان شدة الحرمن فيح جهنم))

(نہایہ: 484/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز ظہر کو ٹھنڈے وقت میں پڑھ، کیونکہ گرمی کی شدت جوش جہنم سے ہے۔"

گرمیوں میں ظہر کی نماز

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ابردوا بالظهر فی الحر))

(ابن خزیمہ: (12)170/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گرمیوں میں ظہر (کی نماز) کو ٹھنڈے وقت میں ادا کرو۔"

گرمی کا بخار اور پانی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ابردوا الحمی بالماء))

(بخاری: 184/10) (مسلم: 1731/4) (ترمذی: 4/352-353) (ابن ماجہ: 1149/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (گرمی کے) بخار کو پانی سے ٹھنڈا کرو۔"

سیدہ عائشہ کی برأت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ابشری یا عائشة اما الله قدراك))

(بخاری: 326/5، حدیث رقم: (802661/306-309، حدیث رقم 4750)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! خوش ہو جا! پس اللہ نے تجھ کو بری کر دیا ہے۔"

سیدہ فاطمہ کی اولاد سے مہدی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ابشری یا فاطمة المهدی منك))

(کنزالعمال:(34208)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے فاطمہ! خوش ہو جا! مہدی (تیری اولاد) سے ہوگا۔''

سخت دل والا آدمی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابعد الناس من اللہ القلب القاسی))

(الاتحاف:127/6)(ترمذی:525/4: حدیث رقم:(2411)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ (کے فضل وکرم) سے سب سے زیادہ دور سخت دل والا آدمی ہے۔''

حلال کاموں میں مبغوض ترین کام

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابغض الحلال الی اللہ الطلاق))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال کاموں میں سب سے مبغوض کام اللہ تعالیٰ کے نزدیک طلاق دینا ہے۔''

مرتد ہونے والا شخص

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابعض الخلق الی اللہ من آمن ثم کفر))

(الجامع:4/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مخلوق میں مبغوض تر اللہ کے نزدیک وہ شخص ہے جو مسلمان ہو کر کافر ہو جائے۔''

جس کی برائی کی اقتداء کی جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابغض العباد الی اللہ من یقتدی بسیئة المسلم، ویدع حسنته))(مسند فردوس:449/1: حدیث رقم:(1484)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندوں میں سے اللہ کے نزدیک زیادہ مبغوض شخص وہ ہے جس کی برائی کی مسلمان اقتداء کریں اور اس کی خوبی کو نہ اپنائیں۔''

سورت برأت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: آخر سورة نزلت کاملة براءة))

(جمع الجوامع:(17)(بخاری:167/8)(مسلم:1236/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مکمل طور پر آخری سورة براۃ نازل ہوئی ہے۔''

علم کو بھول جانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: آفة العلم النسیان))

(کنزالعمال:(44091,28960) (الجامع:3/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم کی آفت بھول جانا ہے۔''

نسیان کی بیماری کی وجہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آفة الكذب النسيان))(كشف: 16/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹ کی آفت نسیان میں مبتلا کرتی ہے۔''

ماں سے بیٹی کے متعلق مشورہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آمروا النساء في بناتهن))

(الجامع: 3/2)(کنز العمال: (15241)(ابن عساکر: 1243)(ابن کثیر: 578/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں سے ان کی بیٹیوں کے متعلق مشورہ طلب کرلیا کرو۔''

امیہ بن ابی صلت کا شعر اور دل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آمن شعر امية بن ابى الصلت، و كفر قلبه))

(الاحادیث المشکلۃ: صفحہ نمبر: (33)(کنز العمال: (15241)(ابن عساکر: 124/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امیہ بن ابی صلت کا شعر مومن ہے اور اس کا دل کافر ہے۔''

آمین جنت کا ایک درجہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آمين درجة في الجنة))(تفسير قرطبی: 128/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آمین جنت میں ایک درجہ ہے۔''

سلام کرنے میں بخل کرنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابخل الناس من بخل بالسلام))

(کنز العمال: (19734)(طبرانی فی الصغیر: 121/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں سب سے بڑا بخیل وہ ہے جو سلام کرنے میں بخل کرے۔''

نہ مانگنے پر بیعت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابايعكم على ان لا تسالوا احداشيئا))(طبرانی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم سے اس بات کی بیعت لیتا ہوں کہ تم کسی سے کچھ بھی نہ مانگا کرو۔''

اپنا خیال رکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابدأ بنفسك ،فتصدق عليها))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے نفس سے ابتداء کر اور اس پر صدقہ کر۔''

مرد سے شروع کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابدأ بالرجل قبل المراة))

(ابوداؤد فی الطلاق: (22)(احمد: 394/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت سے پہلے مرد سے شروع کرو۔"

ٹھنڈے کھانے میں برکت ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابردوا بالطعام فانه اعظم للبركة))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طعام کو ٹھنڈا کر کے کھاؤ کیونکہ یہ برکت کا سب سے بڑا سبب ہے۔"

گرم کھانے میں برکت نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابردوا بالطعام، فجان الحار لا بركة فيه))
(المقاصد، صفحہ نمبر: (11)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طعام کو ٹھنڈا کر کے کھاؤ، کیونکہ گرم میں کوئی برکت نہیں ہے۔"

حضرت عمار کی شہادت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابشر يا عمار تقتلك الفئة الباغية))
(سنن ترمذی)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمار! تجھے خوشخبری ہو کہ تجھے باغی گروہ قتل کرے گا۔"

حضرت علی کی فضیلت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابشر يا على حياتك و موتك معى))
(کنز العمال: (32984) (طبرانی: 369/7) (ابن عساکر: 88/44) (ابن عدی: 1654/4) (الجامع: 112/9)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی! تو خوش ہو جا کہ تیری زندگی اور موت میرے ساتھ ہے۔"

سخت دل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابعد القلوب من الله القلب القاسى))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ سے سب سے دور سخت دل ہے۔"

اسلام سے بغض رکھنے والے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابغض (ابعد) الناس من الاسلام العباد والروم))
(اسنی المطالب: (4190)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں اسلام سے زیادہ بغض (دوری) رکھنے والے (دنیا کے) غلام اور رومی ہیں۔"

اپنے عیال پر بخل کرنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابغض الخلق الى الله من ضن على عياله))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مخلوق سے بہت بغض والا اللہ کے نزدیک وہ ہے جو اپنے عیال پر بخل کرے۔"

باطل جھگڑالو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :ابغض الخلق الی الله الالدا الخصم))
(بخاری:36/8)(مسلم:2054/4)(نسائی:248-247/8)(احمد:55/6،63/205
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مخلوق میں اللہ کے نزدیک زیادہ مبغوض باطل جھگڑالو ہے۔''

قوم کا بھانجا اسی قوم کا ہوتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :ابن اخت القوم منهم))
(بخاری:221/4)(نسائی:106/5)(دارمی:244/3)(احمد:171/3,172
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی قوم کا بھانجا اسی قوم کا آدمی شمار کیا جائے گا۔''

ابن آدم مٹی کی طرف لوٹے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :ابن آدم خلق من التراب، والیه یصیر))
(کشف الخفاء:31/1-32
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن آدم مٹی سے پیدا کیا گیا اور اس کی طرف لوٹے گا۔''

مسافر سایہ اور پانی کا زیادہ مستحق ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :ابن السبیل احق بالماء والظل من البانی علیه))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسافر سایہ اور پانی کا اس شخص سے زیادہ مستحق ہے جس نے اس کی تعمیر کی ہے۔''

آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :ابواب السماء تفتح اذا زالت الشمس))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آسمان کے دروازے زوال آفتاب کے وقت کھول دیئے جاتے ہیں۔''

حضرت ابوبکر نہایت برگزیدہ اور عمدہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :ابو بکر عتیق فی السماء عتیق فی الارض))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر آسمان اور زمین میں نہایت برگزیدہ وعمدہ ہیں۔''

حضرت ابوبکر وعمر کا درجہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :ابو بکر و عمر منی بمنزلة السمع والبصر))
(ضعیف الجامع:70/1
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر اور عمر میرے کان اور آنکھ کے درجہ میں ہیں۔''

حضرت ابوبکر عتیق

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :ابوبکر عتیق الله من النار))

(کنز العمال:(32616)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ابوبکر کو آگ سے آزاد کر دیا ہے۔"

داڑھی کا خلال کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتاني جبريل فقال :اذا تو ضات فخلل لحيتك))

(الجامع:5/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس جبریل نے آکر کہا کہ جب آپ وضو کریں تو داڑھی کا خلال کرلیا کریں۔"

زوال آفتاب کے وقت ظہر کی نماز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتاني جبريل لدلوك الشمس حين زالت، فصلي بى الظهر"

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس جبریل بوقت زوال آفتاب آیا اور مجھے ظہر کی نماز پڑھائی۔"

سالن سے روٹی کھانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ائتدموا ولو بالماء))

(کنز العمال:(40987)(خطیب:430/7)(الاحادیث المشکلۃ صفحہ نمبر (34)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سالن سے روٹی کھاؤ، اگر چہ پانی کی شکل میں کیوں نہ ہو۔"

دعوت پر جانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ايتو الدعوة اذا دعيتم))

(ترمذی:(1098)(احمد:155/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دعوت پر جایا کرو جبکہ بلائے جاؤ۔"

علماء دنیا و آخرت کے چراغ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتبعوا العلماء ، فانهم سرج الدنيا، ومصابيح الاخرة))

(جامع:6/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علماء کی تابعداری کیا کرو کہ بالتحقیق وہ دنیا اور آخرت کے چراغ ہیں۔"

بکریاں برکت کے جانور

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتكذوا الغنم ، فانها بركة))

(کنز العمال:(35218)(احمد:4246)(الخطیب:117)(کشف الخفاء:37/1)(الجامع:6/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بکریاں رکھا کرو کہ یہ برکت (کے جانور) ہیں۔(ان میں بھیڑیں بھی شامل ہیں)۔"

علم کے مطابق اللہ کی نافرمانی سے بچنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتق الله فيما تعلم))(الجامع: 6/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی نافرمانی سے بچ جتنا تجھے علم ہے۔''

حدود میں منہ اور شرمگاہ پر مارنے سے بچنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتق الوجه والمذاكير))(نسب الراية: 324/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (حدود میں) منہ اور شرمگاہ پر مارنے سے بچ۔''

نماز میں اللہ سے ڈرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا الله في الصلاة وما ملكت ايمانكم))

(کنز العمال: (250035,18864)(الاتحاف: 5:352، 323/6)(الجامع: 6/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے ڈرو نماز میں اور لونڈی غلاموں کے بارے میں۔''

عورتوں کے معاملے میں ڈرو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا الله في النساء))

(مسلم: 886/2) (ترمذی: (1163) (ابوداؤد: (1905) (احمد: 73/5) (بیہقی: 85 و 5173) (ابن خزیمہ: (2809)(عبدالرزاق: (9754)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے ڈرو عورتوں کے معاملہ میں (ان کے حقوق ادا کرو)''

حدیث بیان کرنے میں احتیاط

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا الحديث عني الا ما علمتم))

(سنن ترمذی: 83/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری حدیث بیان کرنے میں احتیاط کرو ہاں تک کہ تمہیں علم ہو۔''

مجنون اور شاعر کو دیکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابغض ان ارى المجنون او الشاعر))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجنون اور شاعر کو دیکھنا مجھے زیادہ مبغوض ہے۔''

عاص کے دو بیٹے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابنا العاص مومنان: هشام و عمرو))

(الحاکم: 2683)(الصحیحۃ: (156)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عاص کے دونوں بیٹے، ہشام و عمرو مومن ہیں۔''

لڑکی کا بیٹا بھی اسی خاندان سے ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ابن اخت القوم من انفسهم))

(ابوداؤد:(5122)(بخاری:1938)(احمد:3/173،276)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قوم کا بھانجا انہی میں سے ہوتا ہے۔"

پانی کا پیالہ ہٹا کر سانس لینا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ان القده عن فیك، ثم تنفس))

(الجامع:1/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منہ سے پیالہ ہٹالے، پھر سانس لے۔"

بعداز انبیاء افضل ترین شخصیت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ابو بکر افضل هذا الامة الا ان یکون نبیا))

(الجامع:449)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر اس امت کے افضل ترین ہیں مگر یہ کہ کوئی نبی ہو (جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی بھی ہوں گے اور حضور کے امتی بھی)"

اہل جنت کے چراغ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ابو بکر و عمر سراج اهل الجنة))

(کشف الخفاء:1/32)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر اور عمر اہل جنت کے چراغ ہیں۔"

ابوبکر و عمر کی تمثیل

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ابوبکر و عمرمنی بمنزلة هارون من موسیٰ))

(میزان:(6893)(کنزالعمال:(32682)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر اور عمر مجھ سے بمنزلہ ہارون کے ہیں موسیٰ سے (خلافت میں)"

حضور کے کنبہ کا بہتر آدمی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ابو سفیان بن الحرث خیر اهلی))

(المغنی عن حمل الاسفار:4/133)(ابن سعد:4/1و36)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوسفیان بن حارث میرے کنبہ کا بہتر شخص ہے۔"

حضرت جبرائیل کا قرآن مجید کو سات قرأتوں پر پڑھنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:اتانی جبریل ، فقال:اقراء القرآن علی سبعة احرف))

(کنز العمال:(3090، 3091)(درمنثور:110/4)(تفسیر طبری:13/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس جبریل آیا اور کہا کہ قرآن (عرب کی) سات لغت پر پڑھیں۔''

خیر و برکت والا مہینہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتا كم شهر رمضان شهر خير و بركة))

(درمنثور:188/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس ماہ رمضان آیا ہے جو خیر و برکت والا مہینہ ہے۔''

زیتون کا سالن

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ائتدموا من هذه الشجرة، يعني :الزيت))

(مجمع الزوائد:157.5)(کنز العمال:(40985)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس (زیتون کے) درخت سے سالن بنایا کرو۔''

بیوی سے جماع فقط فرج میں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ائتها على كل حال اذا كان في الفرج))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیوی سے ہر صورت میں جماع کر سکتے ہو جبکہ فرج میں ہو۔''

ایک مثقال سے کم چاندی کی انگوٹھی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتخذه يعني الخاتم من ورق ولا تتمه مثقالاً))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چاندی کی انگوٹھی پہن اور ایک مثقال پوری مت کر۔''

بکریاں پالنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتخذی غنما ، فان فيها بركة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بکریاں رکھا کر کیونکہ ان میں برکت ہے۔''

مجوسیوں کی مخالفت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اترعوا الطسوس وخالفوا المجوس))

(کشف الخفاء:38/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پیالوں کو بھرو اور مجوسیوں کی مخالفت کرو۔''

جنت اور جہنم کے تذکرے کے وقت ہنسنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتضحكون وذكر الجنة و النار بين ايديكم))

(الجامع:46/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم ہنستے ہو اور تمہارے سامنے دوزخ و جنت کا ذکر کیا جاتا ہے۔؟''

ہر حال میں اللہ کی نافرمانی سے بچنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتق الله فى عسرك و يسرك))
(کنزالعمال:(5628)(کشف الخفاء:43/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی تنگی اور فراخی کی حالت میں اللہ کی نافرمانی سے بچ۔''

اولاد کے حقوق میں مساوات

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا الله، و اعدلوا فى اولاد كم))
(بخاری:206/3)(مسلم فی الھبات:13)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی نافرمانی سے بچو اور اپنی اولاد کے (حقوق) میں مساوات کرو۔''

قرابت داروں سے تعلق جوڑنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا الله، وصلوا ارحامكم))(الجامع: 7/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ سے ڈرو اور اپنے قرابتداروں کے رشتوں کو ملاؤ۔''

ضعیفوں کے حقوق

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا الله فى الضعيفين: المملوك والمراة))
(الجامع:7-6/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی نافرمانی سے بچو دو ضعیفوں مملوک اور عورت کے حق میں۔''

مظلوم کی بددعا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا دعوة المظلوم فانها ليس دونها حجاب))
(الجامع:7/1)(القاصد، صفحہ نمبر:(17)، حدیث رقم:(20)(فردوس:131/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مظلوم کی بددعا سے بچو کیونکہ اس کی دعا کے سامنے کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔''

تنگ دست کی بددعا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا دعوة المعسر))

(کنزالعمال:(15424)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تنگ دست کی بددعا سے بچو۔''

مومن کی فراست

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا فراسة المومن فانه ينظر بنور الله))
(الجامع:7/1)(القاصد، صفحہ نمبر(19)، حدیث رقم(23)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی فراست سے بچو، کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔''

تقدیر کا انکار.....نصرانیت کا ایک شعبہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا القدر ، فانه شعبة من النصرانية))

(الجامع: 7/1)(مسند فردوس: 129/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تقدیر کے انکار سے بچو۔ تحقیق وہ نصرانیت کا ایک شعبہ ہے۔''

مقامات تہمت سے گریز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا موضع التهم))

(الاتحاف: 283/7)(کشف الخفاء: 45/1)(الفوائد: 251)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تہمت کے مقامات سے بچو۔''

دبر میں جماع سے بچنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا محاشي النساء))(الجامع: 7/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کی بیزاری کی جگہ (پاخانہ کے مقام میں جماع کرنے) سے بچو۔''

مذبح خانوں میں نماز ادا کرنے کی ممانعت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا هذه المذابح))(الجامع: 7/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان مذبح خانوں سے بچو۔ (یہاں نماز نہ پڑھا کرو)''

بڑا عقلمند

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتمكم عقلا اشد كم لله حبا))

(الاتحاف: 458/1، 212/9)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں بڑا عقلمند وہ ہے جو تم میں سے اللہ سے زیادہ محبت کرتا ہو۔''

کامل وضو کرنے کی ہدایت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتموا الوضوء ويل للاعقاب من النار))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وضو کو کامل کرو۔ سوکھی رہ جانے والی ایڑیوں کو آگ کا عذاب ہوگا۔''

دبر میں جماع کرنا حرام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتيان النساء في ادبار هن حرام)

(معجم، صفحہ نمبر: 82)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں سے دبر میں جماع کرنا حرام ہے۔''

ثرید بنانے کی تاکید

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اثر دو اولو بالماء))

(الجامع:7/1)(فیض القدیر:148/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ثرید بناؤ اگرچہ پانی سے ہو (ثرید روٹی کا شوربہ وغیرہ میں مالیدہ بنانا)''

کامل خوش خلقی کی تعریف

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اثقل ما یوضع فی المیزان خلق حسن تام))

(ترمذی:451,448,446,442/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھاری چیز جو میزان میں رکھی جائے گی وہ کامل خوش خلقی ہے۔''

برا ہمسایہ......رحمت الٰہی سے محروم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اثنان لا ینظر اللہ الیھما: قاطع رحم، وجار السوء))

(کنز العمال:6975)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو شخصوں کی طرف اللہ نظر رحمت سے نہیں دیکھتا۔ قاطع رحم اور برا ہمسایہ۔''

مظلوم کی بددعا کے سامنے کوئی رکاوٹ نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اجتنبوا دعوۃ المظلوم فانھا مالھا حجاب))

(مطالب العالیۃ:3370)(تاریخ کبیر:39/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مظلوم کی بددعا سے بچو کیونکہ اس کے سامنے کوئی رکاوٹ نہیں۔''

ہر نشہ آور چیز سے پرہیز

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اجتنبوا ما اسکر))

(ابن ماجہ:3405)(احمد:352/1و355/5و359)(ابن ابی شیبۃ:468/7)(عبدالرزاق:16957)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز نشہ دے اس سے پرہیز کرو۔''

جنون، جزام اور برص والے سے نکاح کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اجتنبوا من المناکح الجنون، والجذام، والبرص))

(موطا مالک: النکاح:9)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو جنون جذام یا برص ہو اس کے ساتھ نکاح کرنے سے بچو۔''

گھٹنوں کے بل بیٹھ کر دعا کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اجثوا علی الکرب، ثم قولوا: یا رب یا رب))

(جمع الزوائد:214/2)(المیزان:4075)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گھٹنوں کے بل بیٹھو۔ پھر یارب یارب کہو (دعا کرو)''

قصداً قسم کھانے پر دلیر ہونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اجرو كم على قسم الجداجرو كم على النار))

(کنز العمال: (30390)(سنن سعید بن منصور: (55)(درمنشور: (127/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جو قصداً قسم کھانے پر دلاور ہے وہ جہنم کی آگ پر جرأت کرتا ہے۔"

رات کی آخری نماز وتر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اجلعوا آخر صلاتكم باليل وترا))

(بخاری: 127/1، 31/2، 131/6، 132)(مسلم: 151)(ابوداؤد: (1438)(احمد: 20/2، و102)(نسائی: (143)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کی آخری نماز وتروں کو بناؤ۔ (الا یہ کہ بعد میں دو رکعات نفل یا تہجد پڑھنی ہو تو)"

اپنے اور حرام کے درمیان پردہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اجلعوا بينكم و بين الحرام ستوا من الحلال))

(فتح القدیر: 127/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے اور حرام کے درمیان حلال کا پردہ کر دیا کرو۔"

اللہ کی عظمت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اجلوا الله يغفر لكم))

(مجمع الزوائد: 31/12، 218/10)(الحلیۃ: 226/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی عظمت بیان کرو! وہ تم کو بخش دے گا۔"

شہر نیشا پور

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اجود خراسان نيشابور))

(تنزیہ الشریعۃ، 64/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خراسان میں سے بہتر نیشا پور ہے۔"

عالم کی لغزش اور اس کا رجوع

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا زلة العالم، وانتظر وافيئته))

(کنز العمال: (28682)(ابن عدی: 2081/6)(میزان: (6943)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عالم کی لغزش سے بچو اور اس کے رجوع کا انتظار کرو۔"

شرک ...... چیونٹی کی رفتار سے بھی زیادہ پوشیدہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا الشرك، فانه اخفى من دبيب النمل))

(الاتحاف:281/8)(درمنثور:257/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شرک سے بچو! کیونکہ یہ چیونٹی کی رفتار سے بھی زیادہ پوشیدہ ہے۔"

جذامی سے بچنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا المجذوم، كمايتقى الاسد))

(کنزالعمال:(28331و28617)(بیہقی:218/7)(تاریخ کبیر:155/1)(ابن عدی:2355/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جذامی سے ایسے بچو جیسے شیر سے بچا جاتا ہے۔"

اولاد میں عدل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا الله ، واعدلوا في اولادكم))

(کنزالعمال:(45348و45349و45353و45957)(مسلم،فی الھبات:(13)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اپنی اولاد میں عدل کرو۔"

قرآن مجید پڑھتے رونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتلوا القرآن وابكوا فان لم تبكوا فتباكوا))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن پڑھو اور رویا کرو۔ ورنہ زبردستی رونا پیدا کرو۔"

پوری عقل والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتمكم عقلا اشدكم لله خوفا))

(الاتحاف:212/9,458/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے پوری عقل والا وہ ہے جو اللہ سے سخت خوف والا ہو۔"

حضور کا آگے پیچھے یکساں دیکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتموا الصفوف ، فاني اراكم خلف ظهري))

(کنزالعمال:(20563)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی صفوں کو پورا کرو۔ بالتحقیق میں تم کو پس پشت سے بھی (معجزہ کے طور پر) دیکھتا ہوں۔"

اہل بیت سے محبت پل صراط پر ثابت قدمی کا سبب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اثبتكم على الصراط احدكم حبا لاهل بيتي))

(کنزالعمال:(34163)(ابن عدی:2304/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پل صراط پر تم میں سے زیادہ وہ ثابت قدم رہے گا جس کی محبت میری آل سے زیادہ ہوگی۔"

ترازوئے اعمال میں سب سے بھاری چیز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اثقل شي في ميزان المومن الخلق الحسن))

(کنزالعمال:(5175)(الاتحاف:(172/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی ترازوئے اعمال میں سب سے بھاری چیز اس کا حسن اخلاق ہوگا۔''

دو یا دو سے زیادہ افراد جماعت ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اثنان فما فوقهما جماعة))

(بیہقی:69/3)(دار قطنی:281/1)(المشکوۃ:(1089)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو شخص اور دو سے زیادہ لوگ جماعت کے حکم میں ہیں۔''

شراب ہر برائی کی کنجی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اجتنب الخمر فانها مفتاح كل شر))

(الضعیفۃ:(1812)(الحاکم:145/4)(درمنثور:322/2)(کشف الخفاء:49/1)(الترغیب:25/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شراب پینے سے پرہیز کرو کیونکہ یہ ہر برائی کی چابی ہے۔''

غصہ سے بچنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اجتنبوا الغضب))

(ابن ابی شیبۃ:347/8)(احمد:408/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غضب وغصہ سے بچو۔''

ہر نشہ والی چیز سے بچنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اجتنبوا كل مسكر))

(ابوداؤد:(3601)(ابن ماجہ:(3405)(احمد:452/1)(ابن ابی شیبہ:68/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک نشہ کرنے والی چیز سے بچو۔''

چہرے پر مارنے سے بچنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اجتنبوا الوجوه لا تضربوها))

(کنزالعمال:(250/5)(کشف الخفاء:49/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چہروں پر مارنے سے پرہیز کرو۔''

مل کر کھانے سے برکت ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اجتمعوا على طعامكم يبارك لكم فيه))

(الحلوانی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مل کر کھانا کھاؤ اس میں برکت ہوگی۔

فتویٰ دینے پر دلاور ہونے والے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:اجرو كم على الفتيا اجرو كم على النار))

(داری:57/1)(کشف الخفاء:51/1)(کنز العمال:28961)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فتویٰ دینے پر وہ دلاور ہوں گے جو جہنم میں جانے کی پروانہ کرتے ہوں۔"

جو اللہ واحد نے چاہا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:اجعلتني لله عدلا بل ماشاء الله وحده))

(احمد:347,283,224,214/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو نے مجھے اللہ کے برابر کر دیا؟ بلکہ (یوں کہو) جو اللہ واحد نے چاہا۔"

صدقہ جہنم سے بچنے کا سبب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:اجلعوا بينكم وبين النار حجابا، ولو بشق تمرة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے اور آگ کے درمیان پردہ قائم کرو۔ اگرچہ کھجور کا کچھ حصہ صدقہ کرنے سے ہی کیوں نہ ہو۔"

نوافل گھروں میں پڑھنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:اجلعوا في بيوتكم من صلاتكم، ولا تتخذوها قبوراً))

(بخاری فی الصلاۃ:(52) والاذان:(81)(مسلم فی المسافرین:(26, 208, 209, 213)(ترمذی، فی الصلوۃ:213)(احمد:6/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے گھروں میں کچھ نماز کا حصہ ادا کرو۔ ان کو قبرستان نہ بناؤ۔"

طلب دنیا میں خوبی کو ملحوظ خاطر رکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:اجملوا في طلب الدنيا ، فان كلا ميسر لما خلق له))

(حلیۃ:265/30)(الترغیب والترہیب:534/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طلب دنیا میں خوبی کو ملحوظ رکھو۔ جو چیز جس کیلئے پیدا کی گئی ہے اسے مل کر رہے گی۔"

قبولیت دعوت کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:اجيبوا الداعي اذا دعيتم))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دعوت دینے والے کی دعوت قبول کرو۔"

جس دعوت میں بلایا جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:اجيبوا هذه الدعوة اذا دعيتم لها))

(بخاری:32/7)(مسلم فی النکاح:رقم:(103)(بیہقی:262/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:اس دعوت کو قبول کرو جب اس کیلئے تم بلائے جاؤ۔''

تھوڑا لیکن ہمیشگی والا عمل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:احب الاعمال الى الله ادومها و ان قل))

(بخاری فی الایمان:(32)وارقاق(18)(مسلم فی المسافرین:(218,216)(ابوداود فی التطوع:(27)(ابن ماجہ فی الزہد:(28)(احمد:350/2و219/5و406)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:اللہ کے نزدیک سب سے محبوب کام وہ ہے جسے مداومت سے کیا جائے،اگر چہ وہ تھوڑا ہی کیوں نہ ہو۔''

اللہ تعالیٰ کا محبوب ترین نام

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:احب الا سماء الى الله عبد الله))

(مسلم:فی الادب:(2)(بخاری فی الادب:(106,105)(ابن ماجہ فی الادب:(30)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:اللہ کے نزدیک سب سے پیارا نام عبداللہ ہے۔''

اہل بیت میں سب سے زیادہ محبوب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:احب اهلى الى فاطمة))

(کنز العمال:(34218)(لدر منثور:210/5)(ابن کثیر:419/4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:میری اہل میں سے مجھے سب سے پیاری فاطمہ ہے۔''

اللہ کا پیارا دین

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:احب الدين الى الله الحنيفية السمحة))

(بخاری:16/1)(شرح السنۃ:47/4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:اللہ کے نزدیک وہ دین پیارا ہے جو حنیف اور آسان ہو۔''

خوش خلق بندہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:احب عباد الله اليه احسنهم خلقاً))

(کنز العمال:(5138)(کشف الخفاء:55/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:اللہ کو اپنے بندوں میں سے خوش خلق بندہ پسند ہے۔''

حضرت عائشہ سے محبت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:احب الناس الى عائشة))

(ترمذی فی المناقب:(3885)(خطیب:425/1)(کنز العمال:(8435

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:مجھ کو سب لوگوں سے زیادہ عائشہ پسند ہیں۔''

لوگوں کے لیے وہی پسند کرنا جو اپنے لیے پسند ہو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احب للناس ماتحب لنفسك تكن مسلماً))

(الجامع:9/1)(تاریخ اصبھان:302/2)(ترمذی:2305)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کیلئے وہی پسند کر جو اپنے لئے پسند کرتا ہے تو تو کامل مسلمان ہوگا۔"

مسکینوں سے محبت کا حکم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احبوا المساكين و جالسوهم))

(جمع الجوامع:638)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسکینوں سے محبت کرو اور ان کے ساتھ بیٹھا کرو۔"

قریش سے محبت کا حکم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احبوا قريشاً، فانه من احبهم احبه الله))

(مجمع الزوائد:27/10)(ابن ابی عاصم:241/2)(کنز العمال:33813)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریش سے محبت کرو۔ جس نے ان سے محبت کی اللہ اس سے محبت کرے گا۔"

صدقہ کرنے کی فضیلت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احتجبی من النار، ولو بشق نمرة))

(کنز العمال:17002,16090)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچا، اگرچہ کھجور کے ٹکڑے کے صدقہ سے۔"

حرم میں مہنگائی کرنا بے دینی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احتكار الطعام فی الحرم الحاد))

(کنز العمال:34636)(الاتحاف:389/5)(درمنثور:351/4،352)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حرم میں اناج مہنگے داموں بیچنے کیلئے ذخیرہ اندوزی کرنا بے دینی ہے۔"

خوشامد کرنے کی برائی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احثوا فی وجوه المداحين التراب))

(مسلم فی الزہد 69,68)(ابوداؤد فی الادب:9)(ترمذی فی الزہد:55)(وابن ماجہ فی الادب:36)(احمد:5/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خوشامد کرنے والوں کے منہ پر خاک ڈالو۔"

جبل احد جنتی پہاڑ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احد ركن من اركان الجنة))

(کنز العمال:34988)(طبرانی:186/6)(میزان:4247)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جبل احد جنت کے حصوں میں سے ایک حصہ ہوگا۔"

ملکہ بلقیس کے والدین

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احد ابوى بلقيس كان جنياً))

(ابن عدی:1209/3)(میزان:(3143)(کنز العمال:(2916)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلقیس کے والدین میں سے ایک (اس کی والدہ) جن تھی۔"

دنیا کی سرسبزی اور شرینی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احذروا الدنيا ، فانها خضرة حلوة))

(کنز العمال:(6066)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا سے بچو کہ وہ سرسبز وشیریں ہے۔"

پوشیدہ شہوت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احذروا الشهوة الخفية، العالم يحب ان يجلس اليه))

(کنز العمال:(28965)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پوشیدہ شہوت سے بچو۔ وہ یہ ہے کہ عالم اپنے پاس لوگوں کے بیٹھنے کو پسند کرے۔"

چرب زبان سے بچنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احذروا كل منافق عليم اللسان))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک منافق چرب زبان سے بچو۔"

کاشتکاری میں برکت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احرثوا، فان الحرث مبارك))

(کنز العمال:(9348)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کاشتکاری کرو کیونکہ اس میں برکت رکھی گئی ہے۔"

بہترین حسن

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احسن الحسن الخلق الحسن))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین حسن عمدہ خلق ہے۔"

سفید لباس اللہ سے ملاقات کا لباس

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احسن مازرتم به الله في قبوركم و مساجدكم البياض))

(ترغیب:88/4

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ عمدہ پوشاک جس میں تم اللہ سے قبروں میں ملاقات کرو گے اور اسی کو پہن کر

مساجد کو جاتے ہو وہ سفید لباس ہے۔"

حاکم رعایا پروری کرے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احسنوا اذا وليتم، واعفوا عما ملكتم))
(کنز العمال: 14590)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم حاکم ہو جاؤ تو رعایا پروری کرو اور اپنے ماتحتوں کو معاف کرو۔"

قرآن مجید عمدہ آواز سے پڑھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احسنوا الاصوات بالقرآن))
(مجمع الزوائد: 170/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن مجید کو عمدہ آواز سے ادا کرو۔"

حفاظت زبان کی اہمیت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احب الاعمال الى الله حفظ اللسان))
(جمع الجوامع: 591)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب اعمال سے پیارا اللہ کے نزدیک زبان کی حفاظت کرنا ہے۔"

محبوبان نبی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احب اهل بيتى الى الحسن والحسنين))
(الجامع: 9/1)(کنز العمال: 34265)(الحاکم: 417/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل بیت میں سے مجھے زیادہ محبوب حسن اور حسین ہیں۔"

یتیم کی عزت کرنے والا گھر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احب بيوتكم الى بيت فيه يتيم مكرم))
(الجامع: 9/1)(بیہقی فی الشعب)(کنز العمال: 6003)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے گھروں میں مجھے وہ گھر زیادہ پیارا ہے جس میں یتیم کی عزت ہو۔"

سچی بات کی اہمیت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احب الحديث الى الله اصدقه))
(ابوداد: 2693)(بیہقی: 360/6)(کنز العمال: 6858)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو سچی بات سب سے زیادہ پسند ہے۔"

اکٹھے بیٹھ کر کھانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احب الطعام الى الله ما كثرت الا يدى عليه))

(الجامع:9/1)(الاتحاف:217/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو وہ طعام زیادہ پسند ہے جس پر بہت سے ہاتھ پڑتے ہوں۔''

اپنے اہل وعیال کو زیادہ نفع پہنچانے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احب العباد الی اللہ انفعھم لعیالہ))

(الجامع:9/1)(کنز العمال:44953)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کو وہ بندہ سب سے زیادہ پسند ہے جو اپنے عیال کو زیادہ نفع پہنچائے۔''

گھوڑ دوڑ اور تیز اندازی کی فضیلت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احب اللہ و الی اللہ اجراء الخیل و الرمی))

(کنز العمال:10812)(درمنثور:194/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو کھیلوں میں سے گھوڑا دوڑانا اور تیر چلانا زیادہ پسند ہیں۔''

کم کھانے والا اور ہلکے بدن والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احبکم الی اللہ اقلکم طعماً ، واخفکم بدنا))

(الجامع:9/1)(جمع الجوامع:627)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے زیادہ پسند اللہ کے نزدیک کم کھانے والا اور ہلکے بدن والا ہے۔''

حضرت صہیب رومی سے محبت کا حکم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احبوا صھیبا حب الوالدۃ لولدھا))

(کنز العمال:23352)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صہیب کے ساتھ محبت رکھو جیسے والدہ کو اولاد سے ہوتی ہے۔''

لوگوں پر بدگمانی سے بچنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احترسوا من الناس بسوء الظن))

(مجمع الزوائد:89/8)(کشف الخفاء:56/1)(ابن عدی:2398/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں پر بدگمانی کرنے سے خود کو بچاؤ۔''

حرم میں مہنگائی کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احتکار الطعام بمکۃ الحادفیہ))

(مجمع الزوائد:101/4)(مشکوۃ:2723)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مکہ معظمہ میں طعام کی (مہنگائی کی خاطر) ذخیرہ اندوزی کرنا بے دینی ہے۔''

حفاظت علم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:احبسوا علی المومنین ضالتهم العلم))
(الجامع:9/1)(تنزیہ الشریعۃ:287/1)
”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومنوں کی متاع گم شدہ (علم) کی ان کیلئے حفاظت کرو۔“

اُحد پہاڑ کی نبی کریم سے محبت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:احد جبل یحبنا و نحبه))
(بخاری:152/2)(طبرانی:106/7)
”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: احد ایسا پہاڑ ہے جو ہم سے محبت رکھتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔“

مومن کی بددعا و فراست

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:احذروا دعوة المسلمم و فراسته))
(کشف الخفاء:42/1)(الاتحاف:45/6)(کنز العمال:(30769)
”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کی بددعا اور اس کی فراست سے بچو۔“

باعث شہرت لباس

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:احذروا الشهرتین:الصوف، والخز))
(جمع الجوامع:(668)
”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو قسم کی پوشاک سے بچو جو باعث شہرت ہیں ایک اون دوسری ریشم۔“

حرمت مسکر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:احذروا کل مسکر ، فان کل مسکر حرام))
(کنز العمال:(13139)، مکارم الاخلاف(73)
”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نشہ لانے والی چیز سے بچو کیونکہ ہر نشہ لانے والی چیز حرام ہے۔“

مسلمان کے حقیقی حسب نسب

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:احسابکم اخلاقکم، وانسابکم اعمالکم))
(ابن ماجہ، فی الزہد: حدیث نمبر(4218)
”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے حسب تمہارے اخلاق ہیں اور تمہارے نسب تمہارے اعمال۔“

قرآن مجید کی تلاوت کے وقت غمگین ہونا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:احسن الناس قراءة من قرا القرآن یتحزن به))
(الاتحاف:480/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں اچھا قرآن پڑھنے والا وہ ہے جو قرآن پڑھتے وقت غمگین ہو۔''

اخلاق النبیین

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احسن الهدى هدى الانبياء))

(درمنثور: 225/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین اخلاق انبیاء کے اخلاق ہیں۔''

بڑھاپے کی سفیدی اور مہندی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احسن ما غير تم به الشيب الحناء))

(ابن عساکر: 53/2)(ابن سعد: 141/2/1)(الجامع: 160/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے عمدہ چیز جس سے تم بڑھاپے کی سفیدی بدلو مہندی ہے۔''

نماز میں صفوں کو درست کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احسنوا اقامة الصفوف فى الصلوة))

(کنز العمال: (20574)(الجامع: 89/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز میں صفوں کو اچھی طرح درست کرو۔''

قیامت اور تین ہستیاں ایک ساتھ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احشر انا و ابو بكر و عمر يوم القيامة هكذا))

(کنز العمال: 32697)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز میں اور ابوبکر اور عمر اس طرح (ایک ساتھ) اٹھیں گے۔''

زبان کی حفاظت کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احفظ لسانك))

(جمع الجوامع: (718/714)، واحمد 231/5، والطبرانی (281/17)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی زبان کی حفاظت کرو۔''

حضرت عباس کی فضیلت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احفظو نى فى العباس، فانه عمى، وصوابى))

(طبرانی فی الصغیر: 2071)(الجامع: 269/9)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عباس کی ذات میں میری حفاظت کرو۔ تحقیق وہ میرا چچا اور میرے باپ کی ہم شاخ ہے۔''

یتیم کا مال اور زکوۃ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: احفظوا الیتامی فی اموالهم کی لا تا کلها الزکوة))
(دارقطنی:110/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یتیموں کے مال کی حفاظت کرو تا کہ زکوۃ اس کو نہ کھالے۔''

عورتوں کی خواہشات کا لحاظ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: احملوا النساء علی اهوائهن))
(المیزان:(7341) (الجامع:11/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کیلئے ان کی خواہشات کا لحاظ رکھو۔''

کھجور کا درخت اور مومن

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اخبرونی بشجرة مثلها مثل المومن ، هی النخلة))
(بخاری:72/8,99/6)(مسلم فی صفات المنافقین:(64)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے ایسے درخت کی خبر دو جس کی مثال مومن کی سی ہے؟ وہ کھجور ہے۔''

بالوں کو مہندی لگانے کا تاکیدی حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اختضب الست بمسلم))(صحیح مسلم)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہندی لگا۔ کیا تو مومن نہیں ہے۔؟''

گفتگو سے اندازہ کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اخذنا فالك من فيك))
(کنز العمال: رقم:(2917)(ابن السنی:(286,275)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم نے تیرا فال تیرے منہ سے لے لیا ہے۔''

عورتوں اور یتیموں کا حق

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اخر جوا حق الضعیفین: المراة والیتیم))
(دیلمی:140/1:(342)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو ضعیفوں عورتوں اور یتیموں کا حق نکالو۔''

مخنثوں سے بچنے کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اخرجوا المخنثین من بیوتکم))
(کنز العمال:(45066)(بیہقی:224/8)(مسند عبدالرزاق:(20434)(طبرانی:35211)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مخنثوں (ہیجڑوں) کو اپنے گھروں میں نہ آنے دو۔''

نجران کے یہودی اور حجاز مقدس

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اخرجوا يهود نجران من الحجاز))

(بیہقی: 2089) (ابن عساکر: 160/7) (کنز العمال: 11016)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نجران کے یہودیوں کو حجاز سے نکال دو۔''

عورتوں کو ان کی جگہ رکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اخروهن من حيث اخرهن الله))

(المقاصد: صفحہ نمبر (28)، حدیث: (41) (کشف الغمہ: 69/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کو پیچھے رکھو جہاں سے اللہ نے ان کو پیچھے رکھا ہے۔''

زیادہ برکت والی عورت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اخف النساء صداقا اعظمهن بركة))

(مسند الفردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس عورت کا مہر کم ہو وہ عورتوں میں زیادہ برکت والی ہے۔''

خالص عمل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اخلص العمل يجزك منه القليل))

(مغنی عن حمل الاسفار: 47/10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا عمل خالص کر تھوڑا سا بھی تجھے کافی ہو رہے گا۔''

گمراہ آئمہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اخوف ما اخاف على امتى الائمة المضلون))

(کنز العمال: (29042)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زیادہ خوفناک چیز جس سے میں اپنی امت پر خوف کرتا ہوں وہ گمراہ کن علماء اور حکام ہیں۔''

بعد از نماز مغرب دو رکعات

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ادبار السجود الركعتان بعد المغرب))

(کنز العمال: (4405) (اسنی المطالب: (3747) (در منثور: 110/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مغرب کے فرائض کے بعد دو رکعت سنت ہیں۔''

حضور اللہ کے شاگرد ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ادبني ربي، فاحسن تاديبي))

(الجامع: 12/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے رب نے مجھے ادب سکھایا اور اچھا ادب سکھایا۔"

خائن کی امانت میں بھی خیانت نہ کرنا چاہئیے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ادا لا مانة الی من ائتمنك ، ولا تخن من خانك))

(ابوداود: (3534) (احمد: 414/3) (بیہقی: 271/10) (الحاکم: 46/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تجھے امانت رکھنے کو دی اسے ادا کر اور جس نے تیری خیانت کی تو اس کی خیانت نہ کر۔"

حدود لگانے سے باز رہنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ادرؤا الحدود ما استطعتم))

(کنز العمال: (12971) (ترمذی: (1424) (بیہقی: 2388) (الحاکم: 384/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاں تک ہو سکے حدود کو دفع کرو۔"

اہل اسلام کو نام سے بلانا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ادعوا اخوانکم باسمائهم، ولا تدعو هم بالالقاب))

(نسائی فی الجنائز: (83) (دارمی فی المقدمۃ: (7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائیوں کو ان کے ناموں سے بلاؤ۔ ان کو القاب سے مت بلاؤ۔"

شہداء کو ان کے مقتل میں دفن کیا جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ادفنوا القتلی فی مصارعهم))

(نسائی: 79/4) (عبدالرزاق: (9604)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شہداء کو ان کے مقتل میں دفن کرو۔"

شعبان کا حساب رکھنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: احصوا هلال شعبان لر مضان))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ماہ شعبان کی گنتی رمضان شریف کیلئے یاد رکھو۔"

والد کی دوستی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: احفظ ودابیك لا تقطعه، فیطفی، الله نورك))

(کنز العمال: (45460) (احمد: 3/5) (الجامع: 10/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: باپ کی دوستی کی حفاظت کر۔ اسے قطع نہ کرو۔ ورنہ اللہ تیرا انور بجھا دے گا۔"

تکبر کیا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الکبر بطر الحق وغمط الناس))

[صحیح مسلم: حدیث نمبر ۹۱، کتاب الایمان: ۹

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تکبر حق کو چھپانا اور لوگوں کو حقیر جاننا ہے۔''

متکبر جنت میں داخل نہیں ہوگا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لایدخل الجنة من کان فی قلبه مثقال ذرة من کبر))

[صحیح مس

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا جس کے دل میں ایک ذرہ کے برابر بھی تکبر ہوگا۔''

برائی سے بچنے کی دعا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: اللهم جنبنی منکرات الاخلاق و الاعمال و الاهوآء و الادوآء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا کرتے تھے: ''اے اللہ! مجھے بری عادتوں، برے کاموں، بری خواہشوں اور بری بیماریوں سے بچا۔''

[صحیح۔ سنن ترمذی: ۳۵۹۱۔ مستدرک حاکم: ۱۳۲

جھگڑے، مذاق اور وعدہ خلافی کی ممانعت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا تمار أخاك ولا تمازحه ولا تعده موعدا فتخلفه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اپنے بھائی سے جھگڑا مت کر، نہ اس کے ساتھ مذاق کر اور نہ اس سے ایسا وعدہ کر کہ اس کی خلاف ورزی کرے۔''

[ضعیف۔ السنن الترمذی: ۱۹۹۵

مزاح میں بھی سچ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اِنِّیْ لَاَمْزَحُ وَلَااَقُوْلُ اِلَّا الْحَقَّ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں مزاح (خوش طبعی) کرتا ہوں مگر اس میں بھی سچ ہی کہتا ہوں۔''

بدخلقی اور بخل کی مذمت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: خصلتان لا یجتمعان فی مؤمن: البخل وسوء الخلق))

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''دو خصلتیں مومن میں جمع نہیں ہوتیں، بخل اور بدخلقی۔'' (سنن ترمذی: ۲۶۸۴) (الادب المفرد للبخاری: ۲۸۲)

گالی میں پہل کرنے والے کے لئے وعید

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: المستبان ما قالا فعلی البادی، مالم یعتد المظلوم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ایک دوسرے کو گالی دینے والے وہ شخص جو کچھ کہیں (اس کا گناہ) پہل کرنے والے پر ہے، جب تک مظلوم زیادتی نہ کرے۔''

[صحیح المسلم، کتاب البر والصلة: ۶۸۔ تحفۃ الاشراف: ۱۰/۲۳۲

مسلمان کو نقصان پہنچانا اور اس کی مخالفت کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ضار مسلما ضارۃ اللہ، و من شاق مسلما شق اللہ علیہ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص کسی مسلم کو تکلیف پہنچائے اللہ تعالیٰ اسے تکلیف پہنچائے گا اور جو شخص کسی مسلم کی مخالفت کرے اللہ تعالیٰ اس پر مشقت ڈالے گا۔"

[سنن ابوداود: ۳۶۳۵۔ سنن ترمذی: ۱۹۴۰]

تکلیف کسی صورت میں نہیں

((قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: لا ضرر ولا ضرار))

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ ابتدا میں تکلیف دینا جائز ہے، نہ ضد میں یا مقابلے میں آ کر۔"

بدزبان سے اللہ کی نفرت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اللہ یبغض الفاحش البذیء))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یقیناً اللہ تعالیٰ بدزبان (گالیاں بکنے والے)، بے ہودہ، گندی باتیں کرنے والے سے بغض رکھتا ہے۔"

سب سے وزنی چیز

((قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم :ما من شیء أثقل فی میزان المؤمن من خلق حسن وان اللہ لیبغض الفاحش البذیء))

"نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی میزان میں کوئی چیز اچھے خلق سے زیادہ وزنی نہیں ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ بدزبان (گالیاں بکنے والے) بے ہودہ، گندی باتیں کرنے والے سے بغض رکھتا ہے۔"

مومن پر لعنت بھیجنے کا گناہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من لعن مؤمنا فھو کقتلہ))

[صحیح بخاری: ۶۰۴۸]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی مومن پر لعنت کی تو یہ اس کے قتل کی طرح ہے۔"

شرابی پر لعنت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ الخمر و شاربھا و ساقیھا))

[صحیح ابی داؤد، کتاب الاشربۃ: ۲/]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے لعنت کی شراب پر اور اس کے پینے والے اور پلانے والے پر۔"

مردوں کو گالی دینا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تسبوا الاموات فانهم قد أفضوا الى ما قدموا))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مردوں کو گالی مت دو کیونکہ یقیناً وہ اس چیز کی طرف پہنچ چکے جو انہوں نے آگے بھیجی۔''
[صحیح بخاری:٦٥١٦۔تحفۃ الاشراف:٢/٢٩٣]

سخن چیں اور جنت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یدخل الجنة قتات))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''سخن چیں (عیب جو، لوگوں کی برائیاں ڈھونڈنے والا) جنت میں نہیں جائے گا۔''
[صحیح بخاری:٦٠٥٦۔صحیح مسلم، کتاب الایمان:١٦٩، ١٧٠۔تحفۃ الاشراف:٣/٥٤]

چغل خور اور جنت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یدخل الجنة نمام))
[صحیح مسلم، کتاب الایمان:١٦٨]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چغل خور جنت میں نہیں جائے گا۔''

عذاب سے چھٹکارا پانے کا سبب

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کف غضبه کف اللہ عنه عذابه))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
''جو شخص اپنے غصے کو روک لے، اللہ تعالیٰ اس سے اپنا عذاب روک لے گا۔''

عیبوں کو چھپانے کا ذریعہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من کف غضبه ستر اللہ عورته))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے غصے کو روک لے اللہ تعالیٰ اس کے عیبوں پر پردہ ڈال دے گا۔''
[معجم الاوسط للطبرانی حدیث:٦٠٢٣]

جوامع الکلم

((أن رجلا جآء الى النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ! أی الناس أحب الی اللہ و أی الأعمال أحب الی اللہ؟ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: أحب الناس الی اللہ تعالیٰ انفعهم للناس و أحب الاعمال الی اللہ عزوجل سرور یدخله الرجل علی مسلم أو یکشف عنه کربة، أو یقضی عنه دینا أو یطرد عنه جوعا ولآن أمشی مع اخ فی حاجة أحب الی من أن أعتکف فی هذا المسجد (یعنی مسجد المدینة)

شهرا، و من كف غضبه ستر الله عورته و من كظم غيظه ولو شاء ان يمضيه أمضاه ملا الله قلبه رجآء يوم القيامة ومن مشى مع أخيه في حاجة حتى تتهيا له أثبت الله قدمه يوم تزل الاقدام))

"ایک آدمی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا: "یا رسول اللہ! لوگوں میں سے اللہ تعالیٰ کو سب سے محبوب شخص کون ہے؟ اور اعمال میں سے اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے محبوب عمل کون سا ہے۔؟" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ کو لوگوں میں سب سے محبوب وہ ہے جو لوگوں کو سب سے زیادہ فائدہ پہنچانے والا ہے اور اللہ کے ہاں سب سے زیادہ محبوب عمل وہ خوشی ہے جو آدمی کسی مسلم کو پہنچائے یا اس سے کوئی تکلیف دور کرے یا اس کا قرض ادا کرے یا اس سے بھوک کو دور کرے اور کسی بھائی کے ساتھ اس کی کسی ضرورت کے لیے جانا مجھے اس مسجد (مسجد نبوی) میں مہینہ بھر اعتکاف سے زیادہ محبوب ہے اور جو شخص اپنے غصے کو روکے اللہ تعالیٰ اس کے عیبوں پر پردہ ڈالے گا اور جو شخص اپنے غصے کو ایسی حالت میں پی جائے کہ اگر وہ غصہ کرنا چاہتا تو کر سکتا تھا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے دل کو امید سے بھر دے گا اور جو شخص اپنے بھائی کے ساتھ کسی ضرورت کے سلسلے میں چلے یہاں تک کہ وہ ضرورت اس کے لیے مہیا ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے قدم کو اس دن ثابت رکھے گا جس دن قدم پھسل جائیں گے۔"

دھوکے باز، بخیل اور برا مالک

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يدخل الجنة خب، ولا بخيل، ولا سيء الملكة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جنت میں دھوکے باز داخل نہیں ہوگا، نہ بخیل اور نہ ہی برا مالک۔"

[ضعف۔ السنن الترمذی: ۱۹۶۳]

احسان جتلانے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدخل الجنة خب ولا منان ولا بخيل))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں دھوکے باز داخل نہیں ہوگا، نہ احسان جتلانے والا اور نہ ہی بخیل۔"

برا مالک

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدخل الجنة سيء الملكة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مالک ہونے میں برا شخص جنت میں نہیں جائے گا۔"

[تحفۃ الاشراف: ۵/ ۳۰۵، ۳۰۴]

کان لگانے کی سزا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من تسمع حديث قوم و هم له كارهون صب في أذنيه الانك يوم القيامة يعني الرصاص))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص کسی قوم کی باتوں پر کان لگائے اور وہ اسے ناپسند کرتے ہوں، اس کے کانوں میں قیامت کے دن سیسہ (سکہ) ڈالا جائے گا۔"

[صحیح بخاری:۷۰۴۲۔کتاب التعبیر باب من کذب فی حلمہ]

طوبیٰ کا حق دار

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: طوبیٰ لمن شغله عيبه عن عيوب الناس))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''طوبیٰ ہے اس شخص کے لیے جسے اس کا اپنا عیب لوگوں کے عیب سے روک دے۔''

طوبیٰ درخت کی تعریف

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم طوبى شجرة فى الجنة مسيرة مائة عام ثياب أهل الجنة تخرج من اكمامها))

[حدیث حسن مسند أحمد وابن حبان، صحیح الجامع الصغیر:۳۹۱۸]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طوبیٰ جنت میں ایک درخت ہے جس کا فاصلہ سو سال ہے۔ اہل جنت کے کپڑے اس کے غلافوں سے نکلتے ہیں۔''

بڑائی اور عظمت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من تعاظم فى نفسه، و اختال فى مشيته لقى الله و هو عليه غضبان))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''جو شخص اپنے دل میں بڑا بنا اور اپنی چال میں اکڑ کر چلا وہ اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ اللہ تعالیٰ اس پر سخت غصے میں ہوگا۔''

[صحیح۔المستدرک للحاکم:۱/۶۰]

تکبر کرنے والوں کا قیامت میں حال

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: يحشر المتكبرون يوم القيامة أمثال الذر فى صور الرجال))

[صحیح الترمذی:۲۰۲۵]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تکبر کرنے والوں کو قیامت کے دن چیونٹیوں کی طرح مردوں کی شکل میں اٹھایا جائے گا۔''

جلد بازی اور شیطان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: العجلة من الشيطان))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے۔''

کام میں جلدی اور ٹھہراؤ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الاناة من الله و العجلة من الشيطان))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھہر کر کام کرنا رحمان (اللہ تعالیٰ) کی طرف سے اور جلد بازی شیطان (ابلیس) کی طرف سے ہے۔''

دو خصلتیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان فيك خصلتين يحبهما الله: الحلم و الأناة))
[صحیح مسلم، کتاب الایمان:۲]
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ عبدالقیس کے اشج (سردار) سے فرمایا: یقیناً تم میں دو خصلتیں ہیں جن سے اللہ تعالیٰ محبت رکھتا ہے: بردباری اور ٹھہر کر سوچ سمجھ کر کام کرنا۔"

میانہ روی نبوت کا چوبیسواں حصہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: السمت الحسن و التودة و الاقتصاد جزء من أربعة و عشرين جزءا من النبوة))
(ھذا حدیث حسن غریب: السنن الترمذی: ۲۰۱۰)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اچھی وضع قطع اور ٹھہر کر کام کرنا اور میانہ روی نبوت کے چوبیس حصوں میں سے ایک حصہ ہے۔"

اصل نحوست

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الشوم سوء الخلق))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اصل نحوست بدخلقی ہے۔" (مسند امام احمد: ۶/۸۵)

بہت لعنت کرنے والے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان اللعانين لا يكونون شفعآء، ولا شهدآء يوم القيامة))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "بے شک بہت لعنت کرنے والے قیامت کے دن نہ شفاعت کرنے والے ہوں گے نہ شہادت دینے والے۔" [صحیح مسلم، کتاب البر الصلۃ: ۸۶۔]

مسلمان کی اہانت کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اكل برجل مسلم اكلة فان الله يطعمه مثلها من جهنم ومن كسى ثوبا برجل مسلم فان الله يكسوه مثله من جهنم ومن قام برجل مقام سمعة ورياء فان الله يقوم به مقام سمعة وريآء يوم القيامة))
(سنن ابی داؤد: 270/4)(مسند امام احمد: 229/4)(سلسلۃ الصحیحہ: 632/2)
"حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی مسلمان کی اہانت کر کے کھانا کھایا، اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں جہنم کی آگ سے اسی قدر لقمے اسے کھلائے گا اور جس نے کسی مسلمان کی توہین کر کے لباس حاصل کیا اس کے بدلہ میں اللہ تعالیٰ اسے جہنم کی آگ سے اسی قدر لباس پہنائے گا اور جس نے دنیا میں کسی آدمی کا شہرت اور ریاکاری کی غرض سے ساتھ دیا اللہ تعالیٰ اسے آخرت میں شہرت و ریاکاری کے مقام پر کھڑا کرے گا۔"

رسول اللہ ﷺ کی جانب وہ بات منسوب کرنا جو آپ نے نہ کہی ہو

((قال النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم: تسموا باسمی ولا تکتنوا بکنیتی ومن رانی فی المنام فقد رانی فان الشیطان لایتمثل فی صورتی ومن کذب علی متعمدا فلیتبوا مقعدہ من النار)) (صحیح بخاری: 36/1)

''نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میرے نام کے مطابق اپنے نام رکھو، لیکن میری کنیت (ابوالقاسم) اختیار نہ کرو اور جس نے خواب میں مجھے دیکھا یقیناً اس نے مجھے ہی دیکھا ہے، کیونکہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کرسکتا اور جس نے عمداً میری طرف غلط بات منسوب کی تو وہ اپنا مقام جہنم کی آگ میں بنالے۔''

نبی کریم پر جھوٹ باندھنے کی سزا

((قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا تکذبوا علی فانه من کذب علی فلیلج النار))
(صحیح بخاری: 35/1 وصحیح مسلم: 9/1

''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری طرف جھوٹ گھڑ کر منسوب نہ کرو کیونکہ جس نے مجھ پر جھوٹ باندھا وہ آگ میں داخل ہوگا۔''

وہ بات جو رسول اللہ نے نہ کہی ہو

((قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: من یقل علی مالم اقل فلیتبوا مقعدہ من النار))
(صحیح بخاری: 5/1

''نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھ پر وہ بات کہی جو میں نے نہیں کہی تو اس کا مقام جہنم کی آگ ہے۔''

عام آدمی پر اور نبوت پر جھوٹ بولنے کا فرق

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان کذبا علی لیس ککذب علی احدفمن کذب علی متعمدا فلیتبوا مقعدہ من النار))
(صحیح بخاری: 81/8 ومقدمہ مسلم: 1/1

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھ پر جھوٹ بولنا عام آدمی پر جھوٹ بولنے کی طرح نہیں ہے، کیونکہ جس نے مجھ پر جھوٹ بولا تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔''

مسلمان کا حق چھیننا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اقتطع حق امریء مسلم بیمینه فقد اوجب له النار وحرم علیه الجنة فقال له رجل: وان کان شیئا یسیرا یارسول اللہ وقال ان کا قضیبا من اراك))
(صحیح مسلم: 22/1

"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم کے ذریعے کسی مسلمان کا حق چھینا اللہ نے اس کے لئے جہنم کی آگ واجب کردی اور جنت حرام کردی۔ ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر وہ معمولی سی چیز ہو تب بھی اس پر جنت حرام ہے۔؟ آپ ﷺ نے فرمایا: خواہ وہ پیلو کے درخت کی ایک چھڑی ہی کیوں نہ ہو۔"

علماء پر فخر کرنے کے لیے علم حاصل کرنا

((قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: لاتعلموا العلم لتباھوا به العلماء و لالتماروا به السفهاء و لاتخیروا به المجالس فمن فعل ذالك فله النار))

(سنن ابن ماجہ: 93/1 وصحیح ابن ماجہ: 46/1)

"نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس لئے علم حاصل نہ کرو کہ اس کی وجہ سے تم علماء پر فخر کرو گے اور کم عقلوں سے بحث کرو گے اور نہ ہی اس لئے کہ من پسند مجالس میں شرکت کرو گے۔ پس جس شخص نے ان مقاصد کے لئے علم حاصل کیا تو اس کے لئے آگ ہی آگ ہے۔"

شرابی پر لعنت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لعن الله الخمر و شاربها و ساقیها))

[صحیح ابی داؤد، کتاب الاشربۃ: ۲/]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے لعنت کی شراب پر اور اس کے پینے والے اور پلانے والے پر۔"

چور پر لعنت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لعن الله السارق یسرق البیضة فتقطع یده و یسرق الحبل فتقطع یده)) [صحیح بخاری، کتاب الحدود: ۶۷۸۳]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ لعنت کرے چور پر کہ انڈا چراتا ہے تو اس کا ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے اور رسی چراتا ہے تو اس کا ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے۔ (جب انڈے یا رسیاں دینار کے چوتھے حصے کی قیمت کو پہنچ جائیں)۔"

گناہ کی عار دلانا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من عیر أخاه بذنب لم یمت حتی یعمله))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص اپنے بھائی کو کسی گناہ کی عار دلائے وہ فوت نہیں ہوگا یہاں تک کہ وہ گناہ کرلے۔"

[موضوع۔ ترمذی: ۲۵۰۵]

لوگوں کو ہنسانے کے لیے جھوٹ بولنے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ویل للذی یحدث فیکذب لیضحك به القوم ویل له، ثم ویل له))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ویل ہے اس شخص کے لیے جو بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے تاکہ اس کے ساتھ لوگوں کو ہنسائے۔ ویل ہے اس کے لیے، پھر ویل ہے اس کے لیے۔"

[صحیح ابوداود: ۴۹۹۰۔ السنن الترمذی: ۲۳۱۵۔ سنن کبریٰ، ازنسائی، کتاب التفسیر: ۳۱۰۔ غایۃ ۳۷۶۔ مشکوۃ المصابیح ۴۸۳۸]

غیبت کا کفارہ

((قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: کفارۃ من اغتبتہ أن تستغفر لہ))

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس شخص کی تم نے غیبت کی ہو اس کا کفارہ یہ ہے کہ اس کے لیے بخشش کی دعا کرو۔''

ظلم کے بدلے نیکیاں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کانت عندہ مظلمۃ لأخیہ من عرضہ أو شیء فلیتحللہ منہ الیوم قبل ان لا یکون لہ دینار ولا درھم ان کان لہ عمل صالح أخذ منہ بقدر مظلمتہ و ان لم یکن لہ حسنات أخذ من سیئات صاحبہ فحمل علیہ))

[صحیح بخاری، کتاب المظالم: ۱۰/۲۴۴۹]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص سے اپنے بھائی پر کوئی ظلم ہوا ہو اس کی عزت کے متعلق یا کسی بھی چیز کے متعلق تو وہ اس دن سے پہلے اس سے معاف کروالے جب اس کے پاس نہ دینار ہوگا نہ درہم۔ اگر اس کا کوئی نیک عمل ہوا تو اس میں سے اس کے ظلم کے بقدر لے لیا جائے گا اور اگر اس کی نیکیاں نہ ہوئیں تو اس کے ساتھی کی برائیاں لے کر اس پر لاددی جائیں گی۔''

ہٹ دھرا اور جھگڑالو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: أبعض الرجال الی اللہ الالد الخصم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ ناپسند آدمی وہ ہے جو ہٹ دھرم سخت جھگڑالو ہو۔''

[صحیح بخاری: ۷۱۸۸۔ صحیح مسلم، کتاب العلم: ۵۔ تحفۃ الاشراف: ۱۱/۱۶۲۵۶]

ناپسند ترین

((قال النبی علیہ السلام ان بعض الرجال الی اللہ الالد الخصم))

[صحیح مسلم، کتاب العلم: ۲]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو آدمیوں میں سے زیادہ ناپسند وہ ہے جو ہٹ دھرم، سخت جھگڑالو ہو۔''

عوام کو تکلیف دینے والا حکمران

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من عبد یسترعیہ اللہ رعیۃ یموت یوم یموت و ھو غاش لرعیتہ الا حرم اللہ علیہ الجنۃ)) [متفق علیہ]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کوئی بھی بندہ جسے اللہ تعالیٰ کسی رعیت کا حاکم بنادے اسے جس دن موت آئے وہ اس حال میں مرے کہ اپنی رعیت کو دھوکا دینے والا ہو تو اللہ تعالیٰ اس پر جنت حرام کر دیتا ہے۔''

[صحیح بخاری: ۷۱۵۰۔ صحیح مسلم: کتاب الایمان: ۱۴۲۔ تحفۃ الاشراف: ۸/۴۶۴۔ ۸/۴۶۱]

اللہ تعالیٰ کا قرب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان المقسطين عند الله على منابر من نور عن يمين الرحمان عزوجل و كلتا يديه يمين الذين يعدلون فى الحكم و اهليهم و ما ولوا))

[صحیح مسلم، کتاب الامارۃ:١٨]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انصاف کرنے والے اللہ تعالیٰ کے ہاں رحمان عزوجل کے (قدرت والے) دائیں ہاتھ (جیسا اس کی شایان شان کے لائق ہے) نور کے منبروں پر ہوں گے اور اس کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو فیصلے میں عدل کرتے ہیں اور اپنے گھر والوں میں اور جس کے بھی ذمہ دار ہیں عدل کرتے ہیں۔"

امت پر مشقت کرنے والا حکمران

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللهم من ولى امر امتى شيئا فشق عليهم فاشقق عليه)) [أخرجه مسلم]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اے اللہ! جو شخص میری امت کے کام میں سے کسی چیز کا ذمہ دار بنا پھر اس نے ان پر مشقت ڈالی تو تو اس پر مشقت ڈال۔" [صحیح مسلم، کتاب الامارۃ:١٩۔ تحفۃ الاشراف:١١/ ٤٧٧]

مسلمان کے چہرے پر مارنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا قاتل أحدكم فليجتنب الوجه))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب تم میں سے کوئی شخص لڑے تو چہرے سے بچے۔"

[صحیح بخاری:٢٥٥٩۔ صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ:١١٢۔ تحفۃ الاشراف:١٠/٢٠٤]

خادم و شاگرد کو بھی چہرے پر مارنا حرام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا ضرب أحدكم خادمه فليجتنب الوجه))

[صحیح الادب المفرد حدیث:١٣٠]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے خادم کو مارے تو چہرے سے بچے۔"

لڑائی کے وقت بھی منہ پر نہ مارا جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا قاتل أحدكم أخاه فلا يلطمن الوجه))

[صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ:١١٤]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص اپنے بھائی سے لڑے تو منہ پر تھپڑ نہ مارے۔"

عزت والی صورت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا قاتل أحدكم أخاه فليجتنب الوجه فان الله خلق آدم على صورته))

[صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ:۱۱۵]
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص اپنے بھائی سے لڑے تو چہرے سے بچے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آدم کو اپنی (طرف سے عزت والی) صورت پر پیدا فرمایا۔''

غصہ کی مذمت

((ان رجلا قال: یارسول اللہ أوصنی، قال: لا تغضب، فردد مرارا، قال: لا تغضب))
[أخرجہ البخاری
''ایک آدمی نے عرض کیا: ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے وصیت کیجیے۔!'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''غصہ مت کر۔!'' اس نے کئی مرتبہ (سوال) دہرایا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (یہی) فرمایا: ''غصہ مت کر۔''
[صحیح بخاری:۶۱۱۶]

اللہ کے مال میں ناحق دخل اندازی کا انجام

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان رجالا یتخوضون فی مال اللہ بغیر حق، فلھم النار یوم القیامۃ)) [أخرجہ البخاری]
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:'' کچھ لوگ اللہ تعالیٰ کے مال میں حق کے بغیر دخل اندازی کرتے ہیں تو ان کے لیے قیامت کے دن آگ ہے۔'' [صحیح بخاری:۳۱۱۸۔تحفۃ الاشراف:۱۱/۳۰۰]

حرمت ظلم

((قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیما یرویہ عن ربہ قال: یا عبادی انی حرمت الظلم علی نفسی، وجعلتہ بینکم محرما فلا تظالموا)) [أخرجہ مسلم]
''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:''اے میرے بندو! یقیناً میں نے ظلم اپنے آپ پر حرام کرلیا ہے اور اسے تمہارے درمیان بھی حرام کر دیا ہے۔تو تم ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو۔''
[صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ:۵۵۔تحفۃ الاشراف:۹/۱۶۹]

خروج دجال سے پہلے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: إن امام الدجال سِنِینَ خَداعۃَ یکذب فِیہِ الصادِق ویصَدق فِیھا الکاذِب وَیَخون فِیھَا الا مِین وَیَتکَلّم الرویضَتہ مِنَ النّاسِ قِیلَ وَمَا الروَیَضتہ قَالَ اَلفُوَ یسِقُ یَتکَلُم فی امرِ العا متہ))
(مسند احمد:۱۳۳۲)(مسند ابی یعلیٰ:۳۷۱۵)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال کے خروج سے پہلے کے چند سال دھوکہ وفریب کے ہوں گے۔ سچے کو جھوٹا بنایا جائے گا اور جھوٹے کو سچا بنایا جائے گا۔خیانت کرنے والے کو امانتدار بنادیا جائے گا اور امانتدار کو خیانت کرنے والا قرار دیا جائے گا اور ان میں رویبضہ بات کریںگے۔'' پوچھا گیا:''رویبضہ کون ہیں؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"گھٹیا (فاسق وفاجر) لوگ۔ وہ لوگوں کے (اہم) معاملات میں بولا کریں گے۔"

نفاق وایمان اور دجال

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا صَارَ الناسُ فِي فُسطاطَينِ فُسطاطُ ايمَانٍ لَا نِفَاقَ فَيِه فُسطاطُ نفاقٍ لَا اِيمانَ فيه فَإذا كَانَ ذَاكم فَانتَظِرُوا الدجالَ مِن يَومِه))

(ابوداؤد، جلد نمبر:۴، صفحہ نمبر:۹۴) (مستدرک، جلد نمبر:۴، صفحہ نمبر:۵۱۳)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب لوگ دو خیموں (جماعتوں) میں تقسیم ہو جائیں گے، ایک اہل ایمان کا خیمہ ہوگا جس میں بالکل نفاق نہیں ہوگا، دوسرا منافقین کا خیمہ جن میں بالکل ایمان نہیں ہوگا تو جب وہ دونوں اکٹھے ہو جائیں (اہل ایمان ایک طرف اور منافقین ایک طرف) تو تم دجال کا انتظار کرو کہ آج آئے یا کل آئے۔"

ہر نبی نے دجال کے فریب سے ڈرایا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مَابُعِث نبي إلا انذَرَاُمَّتَهُ الاعورَالكَذّاب الا انهُ اعوَران رَبكُم لَيسَ بِاعوَروَان بَينَ عَينَيهِ مَكتُوب كفِر))

(بخاری:۶۵۹۸)

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی نبی ایسا نہیں بھیجا گیا جس نے اپنی امت کو کانے کذاب سے نہ ڈرایا ہو۔ سنو! بیشک وہ کانا ہوگا اور تمہارا رب یقیناً کانا نہیں ہے اور اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوگا۔"

پچکے انگور والی آنکھ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اعوَرُالعَينِ اليُمنىٰ كَانهَاعِنبَةً طَافِيَةً "

(صحیح بخاری:۶۵۹۰)

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (دجال) دائیں آنکھ سے کانا ہوگا۔ اس کی آنکھ ایسی ہوگی گویا پچکا ہوا انگور۔"

بائیں آنکھ سے کانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اَلدَجالُ اعُوَرُالعَينِ اليُسرىٰ جُفَالُ الشَعرِ مَعَهُ جَنَّت وَنارٌفَنارُهُ جَنَّة وَجَنَتُهُ نَاراً)) (صحیح مسلم)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال بائیں آنکھ سے کانا ہوگا، گھنے اور بکھرے بالوں والا ہوگا، اس کے ساتھ جنت اور آگ ہوگی، بس اس کی آگ (درحقیقت) جنت ہوگی اور اس کی جنت آگ ہوگی۔"

جہاد جاری رہے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الجهادماض مُنذُبعَثني الله الى ان يُقاتل آخر اُمتي الدجال لا يُبطلُه جَورُجائرٍ وَلاعَدلُ عادلٌ))

(ابوداؤد، جلد نمبر:۳، صفحہ نمبر:۸۱) (کتاب السنن، جلد نمبر:۲، صفحہ نمبر:۱۷۶) (مسند ابی یعلیٰ، ۱۱۳۴)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاد ہمیشہ جاری رہے گا، حتیٰ کہ اس امت کا آخری گروہ دجال کے ساتھ لڑے گا، اس جہاد کو نہ تو کسی بدقماش کی چالاکی روک سکے گی اور نہ کسی عادل کا عدل۔''

گوشت اور یخنی کا پہاڑ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: معه جبل من مرق وعراق اللحم حار الايبرد))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال کے پاس شوربے یا یخنی کا پہاڑ ہوگا اور ایک پہاڑ اس گوشت کا جو ہڈی پر سے اتار کر کھایا جاتا ہے۔ یہ گرم ہوگا اور ٹھنڈا نہیں ہوگا۔''

دجال کی آگ و پانی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ونار ا فامَا الّذِى يَرَ النّاسُ أنّها النّارُ فَمَاءٌ بَارِد واَمّاالّذی يَرَالنّاسُ انّه ماءٌ بارد فَنَار تُحرِ قُ فَمَن أدرَكَ مِنكُم فَلیَقَع فِی الّذِی يَرَی أنّهانار فإنّه عذب بارد))

(صحیح بخاری، جلد نمبر: ۳، صفحہ نمبر: ۱۲۷۲)

''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال اپنے ساتھ پانی اور آگ لے کر نکلے گا جس کو لوگ پانی سمجھیں گے حقیقت میں وہ جھلسہ دینے والی آگ ہوگی اور جس کو آگ خیال کریں گے وہ حقیقت میں ٹھنڈا پانی ہوگا۔ سو تم میں جو شخص دجال کو پائے تو وہ اپنے آپ کو اس چیز میں ڈالے جس کو اپنی آنکھوں سے آگ دیکھتا ہے۔ اس لئے کہ وہ حقیقت میں میٹھا اور ٹھنڈا پانی ہے۔''

سب سے بڑا فتنہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مابَينَ خَلقِ آدم الى قيامِ الساعةِ فتنةٌ اكبر عند الله مِن الدجال))(مستدرك، جلدنمبر :۴، صفحه نمبر :۵۷۳)

''رسول اللہ نے فرمایا: آدم علیہ السلام کی پیدائش اور روز قیامت کے درمیان ایک بہت بڑا فتنہ ظاہر ہوگا اور وہ دجال کا فتنہ ہے۔''

تشہد کی دعا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :اِذاتَشَهّدَاَحَدَكم فَليَستَعِذبالله مِن اَربَع يَقولُ اَللّهُمَّ اِنّی اَعُوذُبِكَ مِن عَذَابِ جَهَنّمَ وَمِن عَذَابِ القَبرِوَمِن فِتنَةِ المَحياَوَالمَمَاتِ وَمِن شَرِّ فِتنَةِ المَسِيحِ الدّجّالِ))(صحيح مسلم ، ج۱)

''حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی (اپنی نماز میں) تشہد پڑھ کر فارغ ہو جائے تو اللہ سے چار چیزوں کی پناہ مانگے اور کہے:

'' اَللّهُمَّ اِنّی اَعُوذُبِكَ مِن عَذَابِ جَهَنّمَ وَمِن عَذَابِ القَبرِوَمِن فِتنَةِ المَحياَوَالمَمَاتِ

وَمِن شَرِّ فِتنَةِ المَسِيحِ الدَّجَّالِ"

"اے اللہ میں جہنم کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور قبر کے عذاب سے، موت وحیات کے فتنے سے اور مسیح دجال کے شر سے۔" (مسلم، جلد نمبر:١، صفحہ نمبر:٤١٢)

غرقد...... یہودیوں کا درخت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تقوم الساعة حتى يقاتل المسلمون اليهود فيقتلهم المسلمون حتى يختبي اليهود من ورائهم والشجر فيقول الحجر او الشجر يامسلم ياعبدالله هذا يهودى خلفي فتعال فاقتله الا الغرقد فانه من شجرة اليهود)) (صحيح مسلم، جلد نمبر 4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک مسلمان یہودیوں سے جنگ نہ کرلیں۔ چنانچہ (اس لڑائی میں) مسلمان (تمام) یہودیوں کو قتل کریں گے، یہاں تک کہ یہودی پتھر اور درخت کے پیچھے چھپ جائیں گے تو پتھر اور درخت یوں کہے گا: "اے مسلمان! اے اللہ کے بندے! ادھر آ! میرے پیچھے یہودی چھپا بیٹھا ہے اس کو مار ڈال۔ مگر غرقد نہیں کہے گا کیونکہ وہ یہودیوں کا درخت ہے۔"

قیامت کی دس نشانیاں

((قال حذيفه بن اسيد غفارى اطلع علينا النبى ﷺ ونحن نتذاكر فقال: ماتذكرون؟ قالوا: تذكر الساعة قال: انها لن تقوم حتى ترون قبلها عشر آيات فذكر: الدخان والدجال والدابة وطلوع الشمس من مغربها ونزول عيسى بن مريم و ياجوج وماجوج وثلاثة خسوف خسف بالمشرق وخسف بالمغرب وخسف بجزيرة العرب آخر ذلك نار تخرج من اليمن تطرد الناس الى محشرهم))

(صحیح مسلم: کتاب الفتن: ٢٩٠١) (مسند امام احمد: ٦/٤) (سنن ابی داؤد: حدیث نمبر:٤٣١١) (ابن ماجہ، کتاب الفتن، ٤٠٥٥) (ابن ابی شیبہ، المصنف: حدیث نمبر ٣٧٥٤٢)

"حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ہم آپس میں گفتگو کر رہے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "تم کیا مذاکرہ کرتے تھے؟" صحابہ نے عرض کیا: "ہم قیامت کا ذکر کرتے تھے۔" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "بیشک وہ قائم نہ ہوگی حتی کہ تم دیکھ لوگے دس نشانیاں۔" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کیا دھوئیں، دجال، دابہ، سورج کا مغرب سے طلوع ہونا اور سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا نازل ہونا، یاجوج وماجوج اور تین بار دھنسنے (کے واقعات) ایک دھنسنا مشرق میں، ایک مغرب میں اور ایک جزیرہ عرب میں۔ ان کے آخر میں ایک آگ ہوگی جو یمن سے ظاہر ہوگی اور لوگوں کو ہانک کر محشر کی طرف لے جائے گی۔"

تین چیزوں کا ظہور

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ثلاثة اذا خرجن لم ينفع نفسا ايمانها لم تكن

آمنت من قبل: الدجال والدابة وطلوع الشمس من مغربها))
(صحیح مسلم، کتاب الایمان، حدیث نمبر ۲۴۹) (سنن ترمذی، کتاب التفسیر، حدیث نمبر ۳۰۷۲) (ابن ابی شیبہ، مصنف: کتاب الفتن: حدیث نمبر ۳۷۵۹۶) (سنن ابن ماجہ، کتاب الفتن، حدیث نمبر ۴۰۵۵)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزوں کا جب ظہور ہوگا کسی جان کو اس وقت اس کا ایمان لانا نفع نہ دے گا جو پہلے ایمان نہ لائی ہوگی۔ دجال، دابہ اور سورج کا مغرب سے طلوع ہونا۔"

غصہ سے خروج

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما يخرج الدجال من غضبة يغضبها))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلاشک دجال ایسے غضب وغصہ سے نکلے گا جو صرف وہی کرے گا۔"

تیس دجالوں کا ظہور

((قال رسول الله ﷺ: لاتقوم الساعة حتى يبعث دجالون كذابون قريب من ثلاثين كل يزعم انه رسول الله))
(صحیح بخاری، کتاب الفتن: ۱۲۱/۷) (صحیح مسلم، کتاب الفتن، باب نمبر ۱۸۔۱۲، حدیث نمبر ۲۹۱) (سنن ابی داؤد، کتاب الملاحم، حدیث نمبر ۴۳۳۳، ۴۳۳۴)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت قائم نہ ہوگی حتی کہ تیس کے قریب دجال (جھوٹے نبی) نکلیں گے۔ ان میں سے ہر ایک یہ گمان کرتا ہوگا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔"

جنگ عظیم اور دجال کا خروج

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: المحمة العظمى وفتح قسطنطنية وخروج الدجال في سبعة اشهر))
(سنن ابی داؤد، کتاب الملاحم: ۲۴۴/۵) (سنن ترمذی، کتاب الفتن، حدیث نمبر ۲۲۳۸) (سنن ابن ماجہ، کتاب الفتن، حدیث نمبر ۴۰۹۲) (مسند امام احمد: ۲۳۴/۵) (مستدرک حاکم، کتاب الفتن: ۴۲۶/۴)
"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنگ عظیم، قسطنطنیہ کی فتح اور دجال کا خروج سات ماہ میں ہوگا۔"

دجال کے نکلنے کی خبر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: سمعتم بمدينة جانب منها في البر وجانب منها في البحر؟ قالوا: نعم يارسول الله قال: لاتقوم الساعة حتى يغزوها سبعون الفا من بني اسحاق فاذاجاء وها نزلوا فلم يقاتلوا بسلاح ولم يرموا بسهم قالوا: لااله الا الله والله اكبر' فيسقط احد جانبيها الذى في البحر' ثم يقولون الثانية: لااله الا الله والله اكبر فيسقط جانبها الاخر' ثم يقولون الثالثة: لااله الا الله والله اكبر فيفرج لهم

فیدخلوھافیغنمون فبینما ھم یقتسمون المغانم اذجاء ھم الصریخ فقال :ان الدجال قدخرج فیترکون کل شیء ویرجون))

(صحیح مسلم، جلد نمبر۲، صفحہ نمبر:۳۹۶)(صحیح المسلم، کتاب الفتن :باب نمبر۱۸، ۲۹۲۰)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے مدینہ کی جانب کے خشکی میں اور ایک کے سمندر میں ہونے کی بابت سنا؟ ''صحابہ نے عرض کیا:''جی ہاں! یارسول اللہ!'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''قیامت قائم نہ ہوگی حتی کہ ستر ہزار بنی اسحاق سے اس میں جنگ کریں گے تو جب وہ اس میں داخل ہوں گے، اتریں گے تو اسلحہ سے نہ لڑیں گے اور نہ تیر اندازی کریں گے (بلکہ) وہ کہیں گے:''لا الہ الا اللہ واللہ اکبر'' تو قسطنطنیہ کی ایک جانب جو سمندر میں ہے ساقط ہو جائے گی۔ وہ پھر دوبارہ لا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہیں گے تو اس کے لئے کشادگی کردی جائے گی تو وہ اس میں داخل ہو جائیں گے، مال غنیمت حاصل کریں گے، اسی اثناء میں کہ وہ آپس میں تقسیم کررہے ہوں گے، اچانک ایک چیخ کر بولنے والا ان کی طرف آئے گا تو وہ کہے گا:''بلاشک دجال نکل آیا ہے تو وہ ہر شئے کو چھوڑ کر واپس لوٹ جائیں گے۔''

رویبضہ کی باتیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :سیاتی علی الناس سنوات خداعات یصدق فیھا الکاذب ویکذب فیھا الصادق ویوتمن فیھا الخائن ویخون فیھا الامین وینطق الرویبضۃ قیل :وما الرویبضۃ؟ قال :الرجل التافہ' یتکلم فی امر العامۃ))

(سنن ابن ماجہ، کتاب الفتن، حدیث نمبر۴۰۳۶)(مسند امام احمد:۳۳۸/۲)(مشکل الآثار:۱۹۳/۱)(مستدرک حاکم: ۴۶۵/۴)(مسند امام احمد:۲۲۰/۳)(فتح الباری:۱۰۸۴/۱۳)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں پر کم پیداوار والے کئی سال آئیں گے جن میں جھوٹے کی تصدیق کی جائے گی' سچے کو جھوٹا کہا جائے گا' خیانت کرنے والے کو امین بنایا جائے گا' امانت دار کو ان میں خیانت کرنے والا قرار دیا جائے گا اور رویبضہ ان میں باتیں کرے گا۔'' عرض کیا گیا:''یارسول اللہ رویبضہ کیا ہے؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:'' گھٹیا اور کمینہ آدمی جو عام لوگوں کے معاملہ میں باتیں کرتا پھرے گا۔''

لوگوں کے اہم معاملات میں بولنے والے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اِن امام الدجال سِنِینَ خَداعتۃَ یکذب فِیہِ الصادِق ویصَدق فِیھا الکاذِب وَیَخون فِیھَا الا مِین وَیَتکَل، الرویضَتۃَ مِنَ النَاسِ قِیلَ وَمَا الرویَضتہ قَالَ اَلفُوَ یسِقُ یَتکَلُم فَی امرِ العا متہ))

(مسند احمد:۱۳۳۲)(مسند ابی یعلی:۳۷۱۵)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال کے خروج سے پہلے کے چند سال دھوکہ وفریب کے ہوں گے۔ سچے کو جھوٹا بنایا جائے گا اور جھوٹے کو سچا بنایا جائے گا۔ خیانت کرنے والے کو امانتدار بنادیا جائے گا اور امانتدار کو خیانت کرنے والا قرار دیا جائے گا اور ان میں رو یضہ بات کرینگے۔'' پوچھا گیا:'' رویضہ کون ہیں؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا: "گھٹیا (فاسق وفاجر) لوگ۔ وہ لوگوں کے (اہم) معاملات میں بولا کریں گے۔"

مدینہ منورہ کی حفاظت

((قال النبی صلی الله علیه وسلم: مامن بلد الاسید خله الدجال الا الحرمین مکة والمدینة وانه لیس بلدالا سیدخله رعب المسیح الاالمدینة علی کل نقب من انقابها یومئذ ملکان یذبان عنها رعب المسیح))

(المستدرک علی الصحیحین، جلدنمبر4، صفحہ نمبر584)

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شہر ایسا نہیں جہاں دجال داخل نہ ہو، سوائے حرمین شریفین مکہ اور مدینہ کے اور کوئی شہر ایسا نہیں جہاں مسیح (دجال) کا رعب نہ پہنچ جائے سوائے مدینے کے۔ اس کے ہر راستے پر اس دن دو فرشتے ہوں گے جو مسیح (دجال) کے رعب کو مدینے میں داخل ہونے سے روک رہے ہوں گے۔"

محبت نبی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِن وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَ النَّاسِ اَجْمَعِیْنَ))

(صحیح بخاری، کتاب الایمان، باب حبُ الرسول من الایمان، جلدنمبر1، عربی صفحہ نمبر7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس وقت تک تم میں سے کوئی بھی ایماندار نہیں ہو سکتا جب تک میں اس کے نزدیک اس کی اولاد، والدین اور سارے لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔"

مبصر و ناقد کی اہمیت

((قال النبی علیه السلام: ان اللّٰه یحب البصر الناقد عندورود الشبهات ویحب العقل الکامل عندحلول الشهوات))

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس مبصر اور ناقد کو پسند کرتا ہے جو شکوک وشبہات کے پیدا ہونے کے وقت اپنی نقد وبصیرت سے ان کو جانچتا اور پرکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پختہ کار دانش مند کو دوست رکھتا ہے جو خواہشات نفسانی کے پیدا ہونے کے وقت عقل وتجربہ سے کام لیتا ہے۔"

اللہ تعالیٰ کا سلطان سے کام لینا

((قال النبی صلی الله غلیه وسلم: ان الله یزع بالسلطان مالا یزع بالقران))

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ (اپنے اطاعت گزاروں کی) حکومت کی قوت کے ذریعے وہ کام لیتا ہے جو وہ (محض) قرآن (کے تلقینی ذریعے) سے نہیں لیا کرتا۔"

دنیا و آخرت

((قال النبی علیه السلام: احرث لدنیاك کانك تعیش ابدا واحرث لآخرتك کانك تموت غدا))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اپنی دنیا کی کھیتی اس طرح کر کہ گویا تو ہمیشہ زندگی گزارے گا اور آخرت کی کھیتی کی اس طرح کاشت کر کہ گویا تو کل مرنے والا ہے۔"

متلاشی رزق کی فضیلت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من الذنوب ذنوبا لايكفرها الا الهم في طلب المعيشة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بعض گناہ ایسے ہیں جن کو طلب معاش کا ارادہ اور ہمت ہی مٹا سکتی ہے۔"

سوال سے بچنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من طلب الدنيا حلالا ولحففاعن المساء لة وسعيا على عياله وتعطفا على جاره لقى الله ووجهه كالقمر ليلة البدر))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے دنیا حلال طور پر تلاش کی، دست سوال دراز کرنے سے دامن سمیٹا، اپنے بال بچوں کی معاش کے لیے تگ ودو کی اور اپنے ہمسایہ سے لطف وعنایت سے پیش آیا تو اللہ اس سے اس شان سے ملاقات کرے گا کہ اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح روشن ہوگا۔"

لوگوں سے بے نیاز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان الله يحب العبد يتخذ الهنة ليستغنى بها عن الناس))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس بندہ کو دوست رکھتا ہے جو اس لئے محنت ومشقت اختیار کرتا ہے کہ اس کے ذریعے لوگوں سے بے نیاز رہے۔"

پیشہ ور مومن کی عظمت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان الله يحب المومن المحرف))

"رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ پیشہ ور مومن کو محبوب رکھتا ہے۔"

ماہر وحاذق کاریگر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان الله يحب الصانع الحاذق))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ماہر وحاذق کاریگر کو دوست رکھتا ہے۔"

امانت دار تاجر کا مقام

((قال النبي صلى الله عليه وسلم: التاجر الامين الصدوق المسلم مع الشهداء يوم القيامة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان راست گو اور امین تاجر قیامت کے دن شہداء کے ساتھ ہوگا۔"

قوت بازو سے کمائی گئی روزی

((قال النبی صلی الله علیه وسلم: ان اطیب ما اکلتم من کسبکم))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین روزی وہ ہے جو قوت بازو سے پیدا کی جائے۔''

کسبِ حلال کی اہمیت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: طلب الحلال فریضة بعد الفریضة))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فریضۂ عبادت کے بعد سب سے اہم فریضہ حلال روزی کمانا ہے۔''

ہاتھ کی کمائی

((سئل ای الکسب اطیب قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: عمل الرجل بیده))
پوچھا گیا کہ بہترین کمائی کیا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاتھ اور قوت بازو کی۔''

حلال کمائی کمانا جہاد کے برابر ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: طلب الحلال جهاد))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال روزی پیدا کرنا جہاد ہے۔''

فقیری اور کفر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کاد الفقر ان یکون کفرا))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ڈر ہے کہ کہیں فقر کفر نہ ہو جائے۔''

فقر سے پناہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اللهم انی اعوذبك من الفقر))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیا: اے اللہ! میں فقر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔''

قابل فضیلت فقط تقویٰ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ولا فضل لعربی علی عجمی ولا لاحمر علی اسود الا بالتقویٰ))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سوائے تقویٰ کے نہ کسی عربی کو عجمی پر فضیلت وفوقیت ہے اور نہ گورے کو کالے پر۔''

آدمی کے اپنے حقیر ہونے کے لیے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: حسب امری من الشر یحقر اخاه المسلم))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کے بُرا ہونے کے لیے صرف اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کی تحقیر کرے۔''

اللہ تعالیٰ کی مدد

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مامن امری یخذل امرء امسلما فی مرضع تنهتك فیه حرمته وینتقص فیه من عرضه الا خذ له الله فی موطن یحب فیه نصرته وما من مسلم ینصر مسلما فی موضع ینتقص فیه وینتهك فیه من حرمته الا نصره الله فی موطن یحب فیه نصرته))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان کسی مسلمان کو ایسے مقام میں اپنی مدد کرنے سے چھوڑ دے گا جہاں اس کو بے حرمت کیا جا رہا ہے اور اس کی آبرو ریزی ہو رہی ہو تو خدا اس کو بھی ایسے موقعہ پر رسوا کر دے گا جب کہ وہ اس کی مدد چاہتا ہے۔ جو مسلمان کسی مسلمان کی ایسے مقام پر مدد کرے گا جہاں اس کی بے عزتی اور حرمت ریزی ہو رہی ہے تو اللہ اس کی ایسے موقعہ پر امداد کرے گا جس میں وہ اس کی مدد کا طالب ہے۔"

اللہ تعالیٰ کا پردہ پوشی فرمانا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: المسلم اخو المسلم لا یظلمه ولا یسلمه من کان فی حاجة اخیه فان الله فی حاجته ومن فرج عن مسلم کربة فرج الله عنه بها کربة من کرب یوم القیامة ومن ستر مسلما ستره الله یوم القیامة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ نہ یہ اس پر ظلم کرے اور نہ اس سے کنارہ کشی کرے۔ جو شخص اپنے بھائی کا محتاج ہو تو سمجھنا چاہئے کہ اللہ کو اس کی حاجت ہے۔ جو شخص کسی مسلمان کی تکلیف کو دور کرے گا تو اللہ اس کے ذریعے قیامت کے دن اس کی بھی تکلیف دور کرے گا اور جو مسلمان دوسرے مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔"

نگران و محافظ فرشتے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان الله حراسا فی السماء وحراسا فی الارض فحراسه فی السماء الملائکة وحراسه فی الارض الذین یقبضون ارزاقهم ویذهبون عن الناس))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آسمان اور زمین میں اللہ کی طرف سے پاس بان اور محافظ مقرر کیے گئے ہیں۔ آسمان میں فرشتے نگران کار ہیں اور زمین میں اللہ کی طرف سے مقرر کردہ محافظ وہ ہیں جن کو ان کی روزی ملتی ہے اور وہ لوگوں کے شر و فساد کو دور کرتے ہیں۔"

بہترین پیشوا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: خیر آئمتکم الذین تحبونهم ویحبونکم وشر آئمتکم الذین تبغضونهم وتبغضونکم وتلعونهم ویلوونکم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے بہترین امام اور پیشوا وہ ہیں جن سے تم محبت رکھتے ہو اور وہ تمہیں چاہتے ہیں۔ تمہارے برے آئمہ اور لیڈر وہ ہیں جن سے تم بغض رکھتے ہو اور وہ تم سے نفرت رکھتے ہیں۔ وہ تمہیں لعن طعن کرتے ہیں اور تم ان پر لعنت ملامت بھیجتے ہو۔''

تین منجیات ومہلکات

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ثلاث منجیات وثلاث مہلکات فاما المنجیات فالعدل فی الغضب والرضاء وخشیۃ اللّٰہ فی السر والعلانیۃ والقصدفی الغنی والفقر' واما المہلکات فشح مطاع' وھو متبع اعجاب المرء بنفسہ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں نجات دہندہ ہیں اور تین ہلاکت آفریں۔ نجادت دہندہ یہ ہیں: ''غضب ورضا میں عدل، خلوت وجلوت میں خوفِ خدا اور تونگری وغریبی کی حالت میں میانہ روی۔ ہلاکت آفریں یہ ہیں: بخل جس کی اطاعت کی جائے، خواہشات جن کی پیروی کی جائے اور انسان کی خود پسندی۔''

مقام ومرتبہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انزلوا الناس منازلھم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں کو ان کے مرتبہ ومقام تک پہنچاؤ۔''

معزز کی تعظیم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا اتاکم کریم قوم فاکرموہ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارے پاس قوم کا معزز شخص آئے تو تم اس کی تعظیم کرو۔''

جاہلیت واسلام میں معزز

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الناس معاذن خیارھم فی الجاھلیۃ خیارھم فی الاسلام اذا فقھوا))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ کانوں کی مثال ہیں۔ تم میں جو لوگ جاہلیت میں اچھے تھے وہی اسلام میں بھی اچھے ہیں جب کہ وہ سمجھ سے کام لیں۔''

رحم وترس کے مواقع

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ارحموا عزیزقوم ذل وغنی قوم افتقر))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قوم کا معزز شخص ذلیل ہوگیا ہے تو تم اس پر رحم کھاؤ اور قوم کا کوئی مالدار فقیر ہوگیا ہے تو اس پر ترس کھاؤ۔''

بڑوں کی توقیر اور چھوٹوں پر رحم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من لم یرحم صغیرنا ویعرف حق کبیرنا فلیس منا))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص چھوٹوں پر رحم نہ کھائے اور بڑوں کے حق کو نہ پہچانے وہ ہم میں سے نہیں"

زمین کے ستارے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: وقروا علماء امتی فانهم نجوم الارض))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میری امت کے عالموں کی قدر و وقعت کرو کیونکہ وہ زمین کے ستارے ہیں۔"

صحابہ کو گالی دینا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لاتسبوا اصحابی فلو انفق احدکم مثل احدو هبامابلغ مداحدهم ولا نصیفه من سب اصحابی فعلیه لعنة الله و الملائکة والناس اجمعین))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے اصحاب کو تم برا بھلا نہ کہو کیونکہ تم میں سے کوئی اُحد پہاڑ کے برابر سونا بھی خرچ کر دے تب بھی ان میں سے کسی ایک کے مرتبہ تک اور نصف مقام تک نہیں پہنچ سکتا۔ جو شخص میرے صحابہ کو برا کہے گا تو اس پر اللہ کی، فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت اور پھٹکار ہوتی ہے۔"

علم کمینوں کے پاس

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان من اشراط الساعة ان یلتمس العلم عندالاصاغر))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک قیامت کی ایک علامت یہ ہے کہ علم کو کمینوں کے پاس سے تلاش کرنے کی کوشش کی جائے۔"

امید و آرزو اللہ کی رحمت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الامل رحمة من الله لامتی))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امید و آرزو میری امت کے لیے اللہ کی رحمت ہے"

چوری کی سزا

((قال النبی علیه السلام: لوان فاطمة بنت محمد سرقت لقطع محمد یدها))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر فاطمہ بنت محمد چوری کرتیں تو محمد اس کا بھی ہاتھ کاٹ دیتا۔"

آسان پسند

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: یسروا ولا تعسروا))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آسان پسند بنو۔ مشکل پسند نہ بنو۔"

شادی اور نسل

((قال النبی علیه السلام: تناکحوا تناسلوا))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: باہمی شادی بیاہ کرو اور نسل کا سلسلہ جاری رکھو۔''

عقل مند کی تین نشانیاں

((قال النبی علیه السلام: لایکون العاقل طامعاً الافی ثلاث' تزودلمعادوحرفة لمعاش ولذة فی غیر محرم))

''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عاقل ودانا صرف تین چیزوں کی خواہش کرے۔ آخرت کا زادِراہ تیار کرنا' معاش کے لیے کوئی پیشہ اختیار کرنا اور غیر محرم سے لذت حاصل کرنا۔''

تین بیٹیوں کی پرورش

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من کان له ثلاث بنات فانفق علیهن واحسن الیهن حتی یغنیهن الله عنه اوجب الله له الجنة البتة البتة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے پاس تین لڑکیاں ہوں، ان پر خرچ کیا اور ان کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آیا' یہاں تک کہ اللہ نے اس کو ان سے بے نیاز کر دیا تو اللہ اس کے لیے جنت واجب کر دے گا۔''

اکمل المومنین

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اکمل المومنین ایمانا احسنهم خلقا والطفهم باهله))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ مسلمان ایمان میں زیادہ کامل ہے جو بہترین اخلاق سے آراستہ ہو اور اپنے اہل وعیال کے ساتھ حد درجہ لطف وعنایت سے پیش آئے۔''

بیشتر لوگوں کے دخول جنت کا سبب

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اکثر مایدخل الناس الجنة تقوی الله وحسن الخلق))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا تقویٰ اور حسن خلق اکثر وبیشتر لوگوں کو جنت میں داخل کر دیتے ہیں۔''

حسنِ سیرت کی اہمیت

((قال النبی صلی الله علیه وسلم: احسن الحسن الخلق الحسن))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسن صورت حسن سیرت سے ہے۔''

الفت واخلاق والے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اقربکم منی مجلسا احسنکم اخلاقا الموطنون اکتافا الذین یالفون ویولفون))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری مجلس کے زیادہ قریب وہ لوگ ہیں جن کے اخلاق بہترین ہوں' جو اپنے بازوؤں کو جھکائے رہتے ہیں' یہ الفت کرتے ہیں اور دوسرے بھی ان سے الفت کرتے ہیں۔''

الفت نہ کرنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: المومن من الف مالوف ولا خیر فیمن لایالف ولایولف))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان سراپا الفت ہے اور دوسروں کی الفت کا سامان ہے۔ اس شخص میں کوئی بھلائی نہیں جو نہ الفت کرتا ہے اور نہ اس سے کوئی الفت کر سکتا ہے۔"

دو بھائیوں کی مثال

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مثل الاخوین مثل الیدین تغسل احدھما الاخریٰ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو بھائیوں کی مثال دونوں ہاتھوں کی طرح ہے کہ ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ کو دھوتا ہے۔"

مرنے کے بعد کی وفا (دعائے مغفرت)

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: قلیل الوفاء بعدالممات خیر من کثیرۃ حال الحیاۃ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موت کے بعد کی تھوڑی سی وفا زندگی کے زمانے کی زیادہ وفاداری سے بہتر ہے۔"

ہمسائے سے حسن سلوک

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لابی درداء: یااباالدرداء احسن مجاملۃ من جارک تکن موافقا واحب للناس ماتحب لنفسک تکن مسلما))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابودرداء! اپنے ہمسایہ سے حسن دوستی سے پیش آؤ جو تیرے مزاج کے موافق ہو جائے اور لوگوں کے لیے وہ چیز پسند کر جو تو اپنے لئے پسند کرتا ہے تو پورا مسلمان ہو جائے گا۔"

ہمسائے کو ہر قسم کی تکلیف سے بچانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لایومن عبدحتی یامن جارہ بوائقہ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کے ایمان کی تکمیل اس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک کہ اس کا پڑوسی اس کی ہلاکت باریوں سے مامون و مطمئن نہ ہو جائے۔"

ہمسائے کا حق ...... حق عظیم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اتدرون ماحق الجار؟ اذااستعان بک اعنتہ وان استنصرک نصرتہ وان استقرضک اقرضتہ وان مرض عدتہ وان مات شیعت جنازتہ وان اصابہ خیرھنآءتہ وان اضابتہ مصیبتہ عزیتہ ولاتستطل علیہ بالبناء فتحجب عنہ الریح الا باذنہ ولا توذہ واذا اشتریت فاکھۃ فاھدلہ وان لم تفعل فادخلھا سترا ولا یخرج بھا ولدک لیغیظ بھا ولدہ ولا توذہ بقتار قدرک الا ان یخرج بھا ولدک لیغیظ بھا ولدہ ولا توذہ بقتار قدرک الا ان تغرف لہ منھا (ثم قال) اتدرون

ماحق الجار؟ والذی نفسی بیدی لا یبلغ حق الجار الا من رحمة اللہ))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم لوگ جانتے ہو کہ پڑوسی کا کیا حق ہے؟ اگر تم سے مدد چاہے تو اس کی مدد کرو اگر تم سے قرض مانگے تو قرض دو، اگر محتاج ہو تو اس کو سامان بہم پہنچاؤ' مریض ہو تو اس کی عیادت کرو' مر جائے تو اس کے جنازے میں شریک ہو، اسے کوئی اعزاز ملے تو مبارک باد دو' مبتلائے مصیبت ہو تو ہمدردی کرو' اپنی عمارت کو اس قدر اونچی نہ بناؤ کہ اس کے مکان کی ہوا رک جائے مگر ہاں اس کی اجازت سے۔ اس کو تکلیف نہ دو۔ پھل خریدو تو اس کو ہدیۃً بھیجو اگر ایسا نہ کرو تو چھپا کر لاؤ، لیکن تمہارے بچے اس کو لے کر باہر نہ نکلیں کہ اس (پڑوسی) کی اولاد کو رنج و تکلیف پہنچے گی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم جانتے ہو کہ پڑوسی کا کیا حق ہے۔؟ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! پڑوسی کے حق کو پورا پورا وہی ادا کرسکتا ہے جس پر اللہ مہربان ہو۔''

مومن مومن کے لیے بنیاد

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: المومن للمومن کالبنیان یشتدبعضہ بعضا))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مومن دوسرے مومن کے لیے بنیاد کی طرح ہے جس کو ایک دوسرا مضبوط و استوار کرتا ہے۔''

مسلمانوں کی باہمی محبت والفت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مثل المومنین فی توادھم وتراحمھم کمثل الجسد اذااشتکی عضو منہ تداعی لہ سائرہ بالحمی والسھم))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں کی مثال باہمی اتحاد و مودت اور آپس کی رحمدلی کے لحاظ سے ایک جسم کی طرح ہے کہ اگر اس کا ایک عضو بھی تکلیف میں مبتلا ہو تو سارے جسم کو بخار اور بیداری لاحق ہو جاتی ہے۔''

شرک سے بچنے والے کا اعزاز

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من مات لا یشرك باللہ شیئا دخل الجنة))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اس حالت میں وفات پائے کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو شریک نہ کرتا ہو تو وہ جنت میں داخل ہو گیا۔''

اللہ کے بندو پر حق اور بندو کے اللہ پر حق

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: یامعاذ ھل تدری ماحق اللہ علی عبادہ وماحق العباد علی اللہ' قال معاذ اللہ ورسولہ اعلم' قال فان حق اللہ علی عبادہ ان یعبدوہ ولا یشرکوابہ شیئا وحق العباد علی اللہ الایعذب من لا یشرك بہ شیئا))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے معاذ! کیا تجھے معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ کا حق اپنے بندوں پر اور بندوں کا اللہ پر کیا ہے۔؟'' حضرت معاذ نے جواب دیا: ''اللہ اور اس کا رسول ہی خوب جانتے ہیں۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ کا حق اپنے بندوں پر یہ ہے کہ وہ اسی کی پرستش کریں' اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بنائیں اور بندوں کا

لّٰہ پر یہ ہے کہ جو اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بناتا وہ اسے عذاب نہ دے۔"

طہارت حصہ ایمان

((قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: اَلطُّھُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ))

(صحیح مسلم، جلد نمبر 1، عربی صفحہ 118)(مشکوۃ المصابیح، عربی صفحہ نمبر 38)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طہارت ایمان کا حصہ ہے۔"

طہارت نصف ایمان

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: اَلطُّھُوْرُ نِصْفُ الْاِیْمَانِ))

(سنن ترمذی، عربی صفحہ 190)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طہارت نصف ایمان ہے۔"

ہر نماز کے ساتھ مسواک

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: لولا ان اشق علیٰ امتی لامرتھم بالسواك عند كل صلوة))

(صحیح مسلم، باب السواک، صفحہ نمبر 589)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر مجھے یہ خیال نہ ہوتا کہ میری امت مشقت میں پڑ جائے گی تو میں ان کو
ماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا۔"

وضو کے اعضاء کا چمکنا

قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم: ان امتی یدعون یوم القیامة غرامحجلین من
ار الوضوء فمن استطاع منکم ان یطیل غرته فلیفعل))

(صحیح بخاری، باب فضل الوضوء والغرالمجلون، صفحہ نمبر 136)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک میری امت قیامت کے دن اس حال میں بلائی جائے گی کہ ان کے
و والے اعضاء چمکدار ہوں گے، لہذا جو شخص اپنی روشنی کو بڑھانا چاہے تو اسے چاہئے کہ اسے بڑھائے۔"

گناہوں کا جھڑنا

قال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم: من توضافاحسن الوضوء خرجت خطایاہ من
سدہ حتی تخرج من تحت اظفارہ"

(صحیح مسلم، باب خروج الخطایا، صفحہ نمبر 578)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے وضو کیا اور اچھی طرح وضو کیا تو اس کے گناہ جسم سے نکل جاتے ہیں یہاں
ک کہ گناہ وضو کرنے والے کے ناخنوں کے نیچے سے بھی نکل جاتے ہیں۔"

کامل وضو کی فضیلت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لایسبغ عبدالوضوء الاغفر الله ماتقدم من ذنبه وماتاخر))

(مجمع الزوائد، جلد نمبر 1، عربی صفحہ 242)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی کامل وضو کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے اگلے اور پچھلے سب گناہ معاف فرما دیتا ہے۔''

وضو کے اعضاء کو تین مرتبہ دھونا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من توضاواحدة فتلك وظيفة الوضوء التي لابد منها ومن توضا اثنتين فله كفلان ومن توضا ثلاثا فذلك وضوئى ووضوء الانبياء قبلى))

(مسند احمد، جلد 2، عربی صفحہ 8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو وضو کرتے ہوئے ہر عضو کو ایک مرتبہ دھوتا ہے تو یہ فرض کے درجہ میں ہے کہ اس کے بغیر وضو ہی نہیں ہوتا اور جو وضو میں ہر عضو دو دو مرتبہ دھوتا ہے تو اسے دُگنا اجر ملتا ہے اور جو وضو میں اعضاء کو تین تین مرتبہ دھوئے تو یہ میرا اور مجھ سے پہلے انبیاء کرام علیہم السلام کا وضو ہوگا۔''

وضو کے بعد کی دعا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ومن توضا ثم قال سبحانك اللهم وبحمدك لااله الا انت استغفرك واتوب اليك كتب فى رق ثم طبع بطابع فلم يكسر الى يوم القيامة))

(والترغیب الذہبی، جلد 1، عربی صفحہ نمبر 163)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص وضو کرنے کے بعد ''سبحانك اللهم و بحمدك لااله الاانت استغفرك واتوب اليك'' پڑھتا ہے تو ان کلمات کو ایک کاغذ پر لکھ کر مہر لگا دی جاتی ہے جو قیامت تک نہیں توڑی جاتی۔''

غلام بد باطن کی طرح نہ بنو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لایکون احدکم کالعبد السوء ان خاف عمل ولا کالا جیر السوء ان لم یعط اجرالم یعمل))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اس غلام بد باطن کی طرح سے نہ ہو جاؤ جو کسی دباؤ اور خوف کی وجہ سے کام کرتا ہے اور نہ اس برے مزدور کی مانند جس کو اگر اجرت نہ ملے تو کام کرنا چھوڑ دے۔''

حلاوت ایمان اور نظر کی حفاظت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: النظر سهم مسموم من سهام ابليس لعنه الله فمن تركها خوفا من الله اتاه الله عزوجل ايمانا تجد حلاوته في قلبه))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نظر ابلیس (اللہ کی اس پر لعنت ہو) کے تیروں میں سے ایک زہر آلود تیر ہے۔ جو کوئی اللہ سے ڈر کر اس سے باز رہے تو اللہ تعالیٰ اس کو ایسا ایمان عطا کرے گا جس کی حلاوت وہ اپنے دل میں محسوس کرے گا۔"

روزہ ڈھال ہے

((قال النبی صلی الله علیه وسلم: انما الصوم جنة فاذا کان احدکم صائما فلا یرفث ولا یجهل وان امراء قاتله او شاتمه فلیقل انی صائم))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ ڈھال ہے۔ جب تم میں سے کوئی روزہ سے ہو تو لغویات زبان سے نہ نکالے اور نہ جہالت برتے۔ اگر اس سے کوئی جھگڑا کرے یا گالی دے تو وہ اس سے یہی کہے کہ میں روزہ سے ہوں۔"

ماہِ رمضان کی برکتیں

((قال النبی صلی الله علیه وسلم: اذاجاء شهر رمضان فتحت ابواب الجنة وغلقت ابواب النار وصفدت الشیاطین))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو بہشت کے دروازے کھل جاتے اور دوزخ کے دروازے بند ہو جاتے ہیں اور سب شیاطین جکڑے جاتے ہیں۔"

بھوک سے شیطان کو زیر کرنا

((قال النبی صلی الله علیه وسلم: ان الشیطان یجری من بنی آدم کمجری الدم من العروق فضیقو! مجاریه بالجوع))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک شیطان بنی آدم کے رگ و ریشہ میں خون کی طرح دورہ کرتا رہتا ہے۔ پس اس کی گزرگاہوں کو بھوک سے بند کر دو۔"

نہایت بری چیز

((قال النبی صلی الله علیه وسلم شر ما اعطی العبد شح وجبن خالع))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہایت ہی بری چیز یہ ہے کہ انسان کو بخل اور ہلاکت آفریں بزدلی ملے۔"

راعی اور رعیت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کلکم راع وکلکم مسئول عن رعیته الامام راع ومسئول عن رعیته' والمراة راعیة فی بیت زوجها ومسئولة عن رعیتها' والرجل راع فی اهله ومسئول عن رعیته والخادم راع فی مال سیده ومسئول عن رعیته کلکم راع ومسئول عن رعیته))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سب محافظ اور اپنی رعایا کے جواب دہ ہو۔ امام حاکم ہے اور اپنی رعایا کا جواب دہ ہے۔ عورت اپنے شوہر کے گھر کی نگران کار ہے اور اپنی رعایا کی جواب دہ۔ مرد اپنے خاندان کا محافظ اور اپنی رعایا کا جواب

وہ ہے۔نوکر اپنے آقا کے مال کا رکھوالا ہے اور اپنی رعایا کا جواب دہ ہے۔تم سب محافظ ہو اور اپنی رعایا کے جواب دہ ہو۔"

حق مہر دینے کی نیت نہ ہو تو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ايما رجل تزوج امراة على ماقل من المهر او كثر ليس في نفسه ان يودى اليها حقها' لقى الله يوم القيامة وهوزان))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے کسی عورت سے کم وبیش مہر پر شادی کی اور اس کے دل میں اس کو ادا کرنے کی نیت نہیں تھی تو وہ قیامت کے دن زانی ہونے کی حالت میں اللہ سے ملے گا۔"

سیدہ عائشہ کی فضیلت

"قال النبي عليه السلام: خذوا نصف دينكم عن هذه الحميراء"

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سرخ رنگ والی (سیدہ عائشہ) سے اپنا نصف دین سیکھو۔"

عاریتی سانڈ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الااخبركم بالتيس المستعار قالوا ماهويارسول الله؟ قال هو المحلل لعن الله المحلل والمحلل له))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں عاریتی سانڈ کی خبر نہ دوں۔؟" لوگوں نے کہا: "یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کیا ہے۔؟" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "وہ حلالہ کرنے والا ہے۔اللہ تعالیٰ نے حلالہ کرنے والے اور حلالہ کروانے والے پر لعنت کی ہے۔"

عورتوں کی خیرخواہی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مازال جبريل يوصيني باالنساء حتى ظننت انه سيحرم طلاقهن))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جبریل مجھے ہمیشہ عورتوں کی خیرخواہی کی وصیت کرتے رہے یہاں تک کہ مجھے خیال ہونے لگا کہ وہ ان کی طلاق کو بھی حرام کر دیں گے۔"

خیر متاع الدنیا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الدنيا متاع و خير متاع الدنيا المراة الصالحة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا متاع ہے اور دنیا کی بہترین متاع نیک بخت عورت ہے۔"

ایم اور باکرہ کا نکاح

((قال النبي صلى الله عليه وسلم: لاتنكح الايم حتى تستامر و لاتنكح البكر حتى تستاذن قالوا يارسول الله وكيف اذنها قال ان تسكت))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیوہ (یا طلاق یافتہ) عورت کے حکم کے بغیر اس کا نکاح نہیں کیا جا سکتا اور کنواری

لڑکی کی اجازت کے بغیر اس کی شادی نہیں کی جا سکتی۔" لوگوں نے کہا: "یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس کی اجازت کیونکر ہو گی۔" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اس کی اجازت یہی ہے کہ وہ خاموش رہ جائے۔"

مبغوض ترین حلال

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابغض الحلال عندالله الطلاق))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک مبغوض حلال طلاق ہے۔"

غلاموں کے بارے میں اللہ سے ڈرو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا الله فيما ملكت ايمانكم))

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے غلاموں کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہو۔"

غلام اور عورتیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اتقوا الله في الضعيفين المملوك والمرأة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دو کمزوروں یعنی غلام اور عورت کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہو۔"

غلام سے برابری کا سلوک

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اخوانكم خولكم فمن كان اخوه تحت يده فليطعمه مما ياكل ويلبسه مما يلبس))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے غلام تمہارے بھائی ہیں۔ جس کا بھائی اس کے ماتحت ہو تو اس کو اپنے کھانے کی چیزوں میں سے کھلائے اور جو کچھ یہ پہنتا ہے اس کو وہ پہنائے۔"

میرا غلام میری لونڈی کے الفاظ کی مذمت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لايقل احدكم عبدى امتى وليقل فتاى وفتاتى وغلامى))

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میرا غلام، میری لونڈی، بلکہ اس کو کہنا چاہئے میرا لڑکا، میری لڑکی اور میرا بچہ۔"

دو ثواب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من كانت له جارية فعلمها واحسن اليها وتزوجها كان له اجران في الحياة والاخرى اجر بالنكاح والتعليم واجر بالعتق))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے پاس کوئی لونڈی ہو وہ اس کو تعلیم دے، اس کے ساتھ حسن سلوک کرے اور پھر اس سے شادی کرلے تو دنیا و آخرت میں اس کو دو ثواب ہوں گے۔ ایک ثواب نکاح اور تعلیم کا اور دوسرا ثواب آزاد کرنے کا۔"

تمام کائنات کے نبی

((قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: کان النبی یبعث الی قومہ خاصة وبعثت الی الناس عامة))
''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ سے پہلے کا ہر نبی مخصوص طور پر اپنی ہی قوم کے پاس نبی بنا کر بھیجا جاتا تھا لیکن میں تمام لوگوں کے لئے نبی بنا کر بھیجا گیا ہوں۔''

نبوت ورسالت کا اختتام

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ختم بی النبیان وختم بی الرسل))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ پر نبوت ورسالت ختم ہوگئی۔''

لا نبی بعدی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انہ لا نبی بعدی))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بلاشبہ میرے بعد کوئی نبی نہ آئے گا۔'' (بخاری، مسلم، مشکوۃ)

انسان بھائی بھائی ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان العباد کلھم اخوۃ))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سارے انسان بھائی بھائی ہیں۔''

میانہ روی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: خیر الامور اوسطھا))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: معاملات میں بہترین معاملہ میانہ روی ہے۔''

زمین کی گہرائیوں سے رزق کی تلاش

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اطلبوا الرزق من خبایا الارض))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمین کی گہرائیوں سے تم رزق تلاش کرو۔''

چاہے چین جانا پڑے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اُطْلُبُوْا الْعِلْم وَلَوْ کَانَ بِالصِّیْنِ))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین جانا پڑے۔''

بیت المعمور......فرشتوں کا قبلہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البیت المعمور فی السماء السابعة یدخلہ کل یوم سبعون الف ملك لا یعودون الیہ حتی تقوم الساعة))
(شعب الایمان، از امام بیہقی) (مسند امام احمد، صفحہ نمبر ۱۵۳، جلد نمبر ۳) (مستدرک حاکم، صفحہ نمبر ۴۶۸، جلد نمبر ۲) (مجمع الزوائد، صفحہ نمبر ۱۱۴، جلد نمبر ۷) (الدار المنثور، صفحہ نمبر ۱۱۷، جلد نمبر ۶) (مسند الفردوس، صفحہ نمبر ۳۶، حدیث نمبر ۲۲۲۶)

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیت المعمور (فرشتوں کا قبلہ) ساتویں آسمان پر ہے جس میں روزانہ ستر ہزار فرشتے حاضری دیتے اور داخل ہوتے ہیں۔ان کو قیامت تک دوبارہ اس کی طرف لوٹنے کا موقعہ نہیں ملے گا۔"

فرشتوں کا کثرت سے تسبیح پڑھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: في السماء بيت يقال له المعمور بحيال الكعبة وفي السماء الرابعة بحريقال له الحيوان يدخله جبريل كل يوم فينغمس انغماسة ثم يخرج فينتقض انتفاضة يخرعنه سبعون الف قطرة يخلق اللّٰہتعالیٰ من كل قطرة ملكا يومرون ان ياتواالبيت المعمور فيصلون فيفعلون ثم يخرجون فلا يعودون اليه ابداويولى عليهم احدهم ثم يومن ان يقف بهم في السماء موقفايسبحون اللّٰہفيه الى ان تقوم الساعة))

(صحیح بخاری)(دار منثور، صفحہ نمبر ۱۱۷، جلد نمبر ۶)(کامل ابن عدی، جلد نمبر ۵، صفحہ نمبر ۱۸۹۸)

"حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کعبہ شریف کے بالمقابل آسمان میں ایک گھر ہے جس کا نام بیت المعمور (آباد شدہ گھر) ہے۔اس چوتھے آسمان پر ایک نہر ہے جس کا نام نہر حیات ہے۔حضرت جبرائیل علیہ السلام اس میں روزانہ ایک مرتبہ غوطہ لگاتے ہیں، اس کے بعد نکل کر ایک مرتبہ اپنے آپ کو ہلاتے ہیں جس سے ستر ہزار قطرے گرتے ہیں اور ہر قطرہ سے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا کرتا ہے۔ان کو حکم دیا جاتا ہے کہ یہ بیت المعمور میں حاضری دیں تو یہ اس میں نماز ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے اس حکم کی پیروی کرتے ہیں۔پھر یہ واپس لوٹتے ہیں اور ان کو پھر کبھی اس کی طرف واپس آنے کا موقع نہیں ملے گا۔ان فرشتوں پر انہیں میں سے ایک کو نگران بنا دیا جاتا ہے اور اس کو حکم دیا جاتا ہے کہ ان کے ساتھ آسمان میں اپنی مخصوص جگہ پر ٹھہرے۔یہ سب فرشتے قیامت قائم ہونے تک اس مقام میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح ادا کرتے ہیں۔"

ستر ہزار فرشتے روزانہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: عرج الى السماء السابعة انتهيت الى بناء فقلت للملك ما هذا قال هذا بناء بناه الله للملائكة يدخله كل يوم سبعون الفايقد سون اللّٰہويسبحونه لايعودون فيه))

(طبری، جلد نمبر ۲۷، صفحہ نمبر ۳۲)

"حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے فرشتہ ساتویں آسمان پر لے گیا، یہاں تک کہ میں ایک عمارت کے پاس جا پہنچا تو میں نے اس فرشتہ سے پوچھا: "یہ کیا عمارت ہے۔؟" اس نے کہا: "یہ وہ عمارت ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے لئے بنایا ہے۔اس میں روزانہ ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی تسبیح وتقدیس کرتے ہیں۔ان کو دوبارہ واپس آنے کا موقع نہیں ملے گا۔"

حیاء اور جفا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الحیاء من الایمان والایمان فی الجنة والبذاء من الجفاو الجفاء فی النار))(مشکوٰۃ:431)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شرم وحیاء جزوایمان ہے اور ایمان باعث دخول جنت ہے اور بے حیائی جفا ہے اور جفا باعث دخول جہنم ہے۔''

نظر کا تیر

((قال رسول الله صلي الله عليه وسلم: النظرة سهم مسموم من سهام ابليس))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نظر ابلیس کے تیروں میں سے ایک زہر آلود تیر ہے۔''

نیچی نگاہ رکھنے کی فضیلت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ماهن مسلم ينظر الى محاسن المرأة اول مرة ثم يغض بصره الااحدث اللهله عبادةيجدحلاوتها))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی مسلمان جب پہلی مرتبہ کسی عورت کی خوبصورتی دیکھے پھر وہ اپنی نگاہ پست کرلے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس کی عبادت میں شیرینی پیدا کرتا ہے۔''

شرمگاہ اور نظر کی حفاظت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لتغضضن ابصاركم ولتحفظن فروجكم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ضرور اپنی نگاہیں پست رکھو اور شرمگاہوں کی حفاظت کرو۔''

گناہ کا نکتہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان المومن اذا اذنب كانت نكتة سوداء فی قلبه، فان تاب و نزع واستغفر صقل قلبه، وان زاد زادت حتى تعلو قلبه فذلك الران الذی ذکر الله عزوجل فی كتابه (كلا بل ران على قلوبهم ما كانوا يكسبون))

(سنن ترمذی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی مسلمان گناہ کرتا ہے تو اس کے دل میں ایک سیاہ نکتہ پڑ جاتا ہے اگر اس نے توبہ کرلی، گناہ سے باز آ گیا اور استغفار کیا تو اس کا دل صاف ہو جاتا ہے اور اگر اور گناہ کیا تو وہ سیاہ نکتہ اس کے دل پر پھیل جاتا ہے۔ یہی وہ زنگ ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اس طرح فرمایا ہے: ''ہرگز نہیں بلکہ ان کے دل زنگ آلود ہو گئے ہیں ان (کے گناہوں) کی وجہ سے جو وہ کرتے ہیں۔''

جیسا کرے گا ویسا بھرے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: البر لا يبلى والاثم لا ينسى والديان لا ينام

فکن کماشئت کما تدین ندان))
"رسول اکرم نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: نیکی کبھی بوسیدہ نہیں ہوتی، گناہ کبھی نہیں بھلایا جاتا اور بدلہ دینے والا (اللہ تعالیٰ) کبھی نہیں سوتا۔ تو جو چاہے کرلے (دنیا میں تجھے اچھا یا برا سب کرنے کا اختیار ہے) جیسا (عمل) کرے گا ویسا بدلہ دیا جائے گا (اگر نیک عمل کیے تو اجر ملے گا اور اگر برے عمل کیے تو سزا ملے گی)۔"

حدود وفرائض

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اللہ تعالیٰ فرض فرائض فلا تضیعوھا، وحد حدوداً فلا تعتدوھا، وحرم اشیاء فلاتنتھکو ھاوسکت عن اشیاء رحمۃ لا عن نسیان فلا تبحثو ھا))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے کچھ فرائض مقرر فرمائے ہیں، تم ان کو ضائع مت کرنا اور کچھ حدود مقرر کی ہیں ان کو مت پھلانگنا اور کچھ اشیاء حرام فرمائی ہیں ان کی خلاف ورزی نہ کرنا اور کچھ باتوں میں رحمت کی وجہ سے خاموشی اختیار کی ہے، یہ اللہ تعالیٰ کے نسیان کی وجہ سے نہیں ہے، تم ان کی کھود کرید میں نہ الجھنا۔"

سمجھدار آدمی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الکیس من دان نفسہ و عمل لما بعد الموت، والعجز من اتبع نفسہ ھو اھاو تمنی علی اللہ))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: سمجھدار شخص وہ ہے جو اپنے نفس کا محاسبہ کرے اور موت کے بعد کیلئے عمل کرے اور عاجز وہ ہے جو اپنے نفس کی خواہش کی تکمیل میں لگا رہے اور اللہ تعالیٰ (سے جھوٹی) امیدیں قائم کرے۔"

بخشش مانگنے کا اجر وثواب

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان ابلیس قال لربہ عزوجل بعزتك و جلالك لا ابرح اغوی بنی آدم مادامت الا رواح فیھم، فقال لہ ربہ عزوجل فبعزتی و جلالی لا ابرح اغفر لھم ما استغفرونی))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بیشک شیطان نے اللہ تعالیٰ سے کہا کہ مجھے تیرے غلبہ اور جلال کی قسم! میں انسانوں کو اس وقت تک گمراہ کرتا رہوں گا جب تک ان کی روحیں ان کے اجسام میں موجود رہیں گی، تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ مجھے بھی اپنے غلبہ اور جلال کی قسم! میں بھی ان کی بخشش کرتا رہوں گا جب تک وہ مجھ سے بخشش مانگتے رہیں گے۔"

اہل وعیال کے علاوہ دوسروں کے سامنے بن سنور کر جانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الرافلۃ فی الزانیۃ فی غیر اھلھا کمثل ظلمۃ یوم القیامۃ لا نورلھا)) (ترمذی، باب ماجاء فی کراھیۃ خروج النساء فی الزانیۃ)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے اہل وعیال کے سوا دوسرے لوگوں میں بن سنور کر جانا ایسا ہے جیسے قیامت

کے دن کی تاریکی جس کے لئے کوئی روشنی نہ ہو۔"

عورتیں راستے کے کنارے چلیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: استاخرن فانه لیس لکن ان تختضرج الطریق علیکن بحافات الطریق))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتیں پیچھے ہو جائیں۔ عورتوں کے لیے ضروری ہے کہ راستہ کے کنارے سے چلیں۔" (تفسیر ابن کثیر، جلد نمبر 3، صفحہ نمبر 286)

عورتوں سے میل ملاپ میں پرہیز

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ایاکم والدخول علی النساء))

(مشکوٰۃ، باب النظر الی المخطوبہ)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کے پاس آنے جانے سے پرہیز کرو۔"

مرد اور عورت کا تنہائی میں ملنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لایخلون رجل بامرأة الا کان ثالثها الشیطان))

(مشکوٰۃ)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی مرد کسی عورت سے تنہائی میں نہیں ملتا ہے، مگر تیسرا شیطان موجود رہتا ہے۔"

ایک کپڑے میں ہم جنسوں کا لیٹنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ولایفضی الرجل الی الرجل فی ثوب واحد ولاتفضی المرأة فی ثوب واحد))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی مرد دوسرے مرد کے ساتھ ایک کپڑے میں نہ لیٹے اور نہ کوئی عورت ہی دوسری عورت کے ساتھ ایک کپڑے میں سوئے یا لیٹے۔" (مشکوٰۃ، باب النظر الی المخطوبہ)

بغیر محرم کے ایک دن رات کا سفر کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لایحل لامرأة تومن باللّٰہ والیوم الاخر تسافر مسیرة یوم ولیلة الامع ذی محرم علیها))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومنہ عورت کے لیے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ بغیر محرم کو ساتھ لیے ایک دن اور ایک رات کی مسافت تنہا طے کرے۔" (ریاض الصالحین)

جہاد پر بیوی کی حفاظت کو ترجیح

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لایخولون رجل بامرأة الا ومعها ذومحرم ولاتسافر المرأة الاذی محرم فقال رجل یارسول اللّٰہ ان امراتی خرجت حاجة وانی

کنت في غزوة كذاو كذاقال قال انطلق فحج مع امرأتك))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی مرد کسی ایسی عورت سے نہ ملے جس کا محرم اس کے ساتھ نہ ہو اور کوئی عورت بغیر محرم کے سفر نہ کرے۔ ایک شخص نے کہا: یارسول اللہ! میری بیوی حج کو جارہی ہے اور میں نے غزوہ کی شرکت کا ارادہ کرلیا ہے۔؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اپنی بیوی کے ساتھ حج کے لیے جا۔" (ریاض الصالحین: 178)

سفر ختم ہوتے ہی بیوی بچوں میں لوٹنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: السفرة قطعة من العذاب يمنع احدكم طعامه وشرابه ونومه فاذاقضى تمته من سفره فليجعل الى اهله))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے۔ تم کو کھانے پینے اور سونے سے روک دیتا ہے۔ لہٰذا جوں ہی سفر کی ضرورت ختم ہو جلدی سے بال بچوں میں پلٹ آؤ۔" (ریاض الصالحین، باب استحباب تعجیل السفر)

مجاہد کی بیوی کے معاملے میں خیانت کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: حرمة نساء المجاهدين على القاعدين كحرمة امهاتهم ما من رجل من القاعدين يخلف رجلا من المجاهدين فى اهله فيخونه فيهم الا وقف له يوم القيامة فياخذ من حسناته ماشاء حتى يرضىٰ))
(ریاض الصالحین، باب تحریم الخلوۃ بالاجنبیۃ: 665)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجاہدین کی بیویوں کی عزت گھر پر رہنے والوں کے لیے ان کی ماں کے برابر ہے۔ کوئی گھر میں رہنے والا مجاہدین میں سے کسی کے اہل میں خیانت کا ارتکاب کرے گا تو قیامت کے دن اس مجاہد کو لایا جائے گا اور وہ اس خائن کی جتنی نیکیاں لے کر خوش ہو گا لے لے گا۔"

طلب اذن تین مرتبہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الاستيذان ثلاث فان اذن لك والافارجع))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طلب اذن تین مرتبہ ہے۔ اگر اجازت مل جائے تب تو خیر! ورنہ! واپس ہو جانا چاہیے۔" (ریاض الصالحین، باب الاستیذان)

بغیر اجازت جھانکنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لوان امراء اطلع عليك بغير اذن فقذفته بحصاة ففقات ماكان عليك جناح))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر کوئی بغیر اجازت تم کو جھانکے اور تم اس کو کنکری اٹھا کر مارو جس سے اس کی آنکھ پھوٹ جائے تو تم پر کوئی گناہ نہیں ہے۔"

باریک لباس پہننے والیاں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:رب کاسیات عاریات مائلات ممیلات لایدخلن الجنة ولایجدون ریحھا))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہت سی پہننے والی عورتیں ننگی کے حکم میں ہیں جو خود مائل ہوتی ہیں اور دوسروں کو مائل کرتی ہیں، لیکن ایسی عورتیں نہ جنت میں داخل ہوں گی نہ اس کی خوشبو پائیں گی۔''

طلاق کا مطالبہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:ایما امرأة سالت زوجھا طلاقا فی غیر ما به باس فحرام علیه رائحة الجنة))(مشکوٰة، باب الخلع)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت ذرا ذرا سی بات پر اپنے شوہر سے طلاق کی درخواست کرے اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے۔''

شوہر سے علیحدہ رہنے والی اور خواہ مخواہ خلع مانگنے والی عورت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:المنتزعات والمختلعات ھن المنافقات))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شوہر سے علیحدہ ہونیوالی اور خواہ مخواہ خلع کی طالب عورتیں منافق ہیں۔''

بیویوں کے درمیان عدل نہ کرنے کی سزا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:اذا کانت عند الرجل امرأتان فلم یعدل بینھما جاء یوم القیامة وشقه ساقط))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کسی مرد کی دو بیویاں ہوں اور وہ ان دونوں میں عدل نہ کرے تو قیامت میں اس طرح آئے گا کہ اس کا ایک پہلو مفلوج ہوگا۔''(مشکوٰۃ، باب القسم)

رسول اللہ کا ازواج مطہرات کے درمیان قرعہ ڈالنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد سفرا اقرع بین نسائه فایتھن خرج اسمھا خرج بھا معه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنی ازواج مطہرات میں قرعہ اندازی کرتے جس کے نام کا قرعہ پڑتا وہ آپ کے ساتھ جاتی۔''(مشکوٰۃ، باب القسم)

جنت کے انعامات

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آله وصحبه وسلم:فِیْھَامَالَاعَیْنٌ رَأَتْ وَلَآاُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَاخَطَرَعَلٰی قَلْبِ بَشَرٍ))

(صحیح مسلم، کتاب الجنۃ وصفۃ نعیمھا واھلھا، جلد نمبر 2، عربی صفحہ نمبر 378، حدیث نمبر 2825)(السنن الترمذی، حدیث

نمبر3292)(مسند احمد، جلد نمبر2،صفحہ نمبر438)(بدور السافرہ،صفحہ نمبر77)(العاقبۃ،صفحہ نمبر313)(شرح السنۃ، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر209)(طبرانی کبیر، حدیث نمبر 6003-6002)(صحیح حاکم، جلد نمبر2، صفحہ نمبر413)(صفۃ الجنۃ، ازابی دنیا، صفحہ نمبر11)(صحیح ابن حبان، جلد نمبر10، صفحہ نمبر240)(مجمع الزوائد، جلد نمبر10، صفحہ نمبر412)(مشکوۃ شریف، حدیث نمبر 5612)(ابن ابی شیبہ، جلد نمبر 13، صفحہ نمبر 109)(کتاب الزہد، ازابن مبارک، جلد نمبر 2، صفحہ نمبر77)(حلیہ، ازابونعیم اصبہانی، جلد نمبر2، صفحہ 262)(اتحاف السادۃ، جلد نمبر8، صفحہ نمبر 567)(اتحاف السادۃ، جلد نمبر10، صفحہ نمبر535)(طبرانی صغیر، جلد نمبر1، صفحہ نمبر 26)(قرطبی، جلد نمبر14، صفحہ نمبر104)(تفسیر ابن کثیر، جلد نمبر6، صفحہ نمبر367)(مسند حمیدی، حدیث نمبر1133)

"حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں ایسی ایسی نعمتیں ہیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے دیکھا، نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی دل میں ان کا تصور تک پیدا ہوا۔"

تین چیزوں کو اللہ نے اپنے دست قدرت سے تخلیق فرمایا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: خلق اللہ تبارك وتعالیٰ ثلاثۃ اشیاء بیدہ خلق آدم بیدہ و کتب التوراۃ بیدہ وغرس الفردوس بیدہ))

(کنزالعمال، حدیث نمبر 15137)(اتحاف السادۃ، جلد 9، صفحہ 502)(اتحاف السادۃ، جلد 10، صفحہ 55)(تفسیر در منثور، جلد5، صفحہ 321)

"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تین چیزیں اپنی قدرت کاملہ کے دست مبارک سے پیدا فرمائیں: حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی قدرت کاملہ کے دست اقدس سے تخلیق فرمایا۔ تورات شریف کو اپنی قدرت کاملہ کے دست مبارک سے تحریر فرمایا۔ جنت الفردوس کو اپنی قدرت کاملہ کے دست اقدس سے پیدا فرمایا۔"

جنت عدن

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: خلق اللہ جنۃعدن بیدہ لبنہ من درۃبیضاء ولبنہ من یاقوتہ حمراء ولبنہ من زبرجدخضراء ملاطھاالمسك وحصباؤ ھا اللؤلؤ و حشیشھاالزعفران ثم قال لھاانطقی فقالت قدافلح المومنون فقال اللہ عزوجل وعزتی وجلالی لایجاورنی فیك بخیل ثم تلا رسول اللہ ومن یوق شح نفسہ فاولئك ھم المفلحون))

(حادی الارواح، صفحہ 146)(تفسیر در منثور، جلد6، عربی صفحہ 192)(البدور السافرہ، حدیث نمبر1668)(صفۃ الجنۃ، ازابی الدنیا، صفحہ 20)(صحیح حاکم، جلد 2، صفحہ 392)(طبرانی کبیر، جلد 12، صفحہ 147)(مجمع الزوائد، جلد10، صفحہ 397)(اتحاف السادۃ، جلد10، عربی صفحہ 550)(اتحافات سنیہ، صفحہ 223)(الترغیب والترھیب، جلد3، عربی صفحہ 380)(الاسماء والصفات، صفحہ 318)(تفسیر ابن کثیر، جلد5، عربی صفحہ 455)(کنزالعمال، حدیث نمبر 39235)(39263)(کامل ابن عدی، جلد5، عربی صفحہ 1837)

"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جنت عدن کو اپنی قدرت کاملہ کے دست اقدس سے بنایا۔ اسکی ایک اینٹ

سفید موتی کی ہے اور ایک اینٹ سرخ یاقوت کی۔ایک اینٹ سبز زبرجد کی ہے،اور اسکا گارا کستوری کا ہے۔اس کی بجری لولو موتی ہیں اور اس کی گھاس زعفران کی ہے۔اسے بنا کر پھر اللہ تعالیٰ نے اس سے فرمایا: تو بول! تو اس نے کہا: بیشک وہی لوگ کامیاب ہونگے جو مومن ہیں۔تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: مجھے میری عزت اور جلال کی قسم! کوئی بخیل تیرے اندر داخل ہو کر میرا پڑوسی نہیں بنے گا۔پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی:

''ومن یوق شح نفسه فاولئك هم المفلحون''

''اور جنہیں طبیعت کے بخل سے بچالیا گیا پس وہی لوگ کامیاب ہیں۔''

دل و جان سے کلمۂ شہادت پڑھنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مَنْ شَهِدَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاَنَّ عِيْسٰى عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ وَكَلِمَتُهٗ اَلْقَاهَا اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ وَ الْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ عَلٰى مَا كَانَ مِنَ الْعَمَلِ))

﴿صحیح بخاری، کتاب الانبیاء، باب قوله یا اهل الکتاب لا تغلوا فی دینکم، جلد 1، صفحہ 488 حدیث نمبر 3252﴾﴿صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب الدلیل علیٰ من مات علی التوحید دخل الجنة، حدیث نمبر 28﴾﴿مشکوۃ شریف، کتاب الایمان، عربی صفحہ 14،﴾﴿السنن الترمذی، حدیث نمبر 3473﴾﴿کنز العمال، حدیث نمبر 3724﴾﴿مسند ابو عوانہ، جلد 1، صفحہ 6﴾﴿زہد ابن المبارک، صفحہ 58﴾﴿تاریخ بغداد، جلد 7، صفحہ 92﴾﴿کامل ابن عدی، جلد 3، صفحہ 930﴾

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے گواہی دی کہ اللہ کے سواء کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور بیشک محمد اللہ کے بندے اور رسول ہیں اور یقیناً عیسیٰ (علیہ الصلوۃ والسلام) بھی اللہ کے بندے اور رسول ہیں ،اس کا کلمہ ہیں جو اس نے سیدہ مریم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی طرف القا فرمایا تھا اور اس کی طرف سے روح ہیں۔(اور یہ بھی گواہی دے کہ) جنت برحق ہے اور دوزخ بھی برحق ہے (پھر اسی حالت پر اس کی موت ہوئی تو یقیناً) اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو (بالآخر) جنت میں داخل فرمادے گا خواہ اس کا عمل کیسا ہی ہو۔''

اللہ، اسلام اور رسول اللہ کو ماننا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مَنْ رَضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا وَّجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ))

﴿صحیح مسلم، کتاب الامارۃ، باب ما اعدہ اللہ تعالیٰ للمجاہدین فی الجنۃ، جلد 2 عربی صفحہ 135، حدیث نمبر 1884﴾

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ کو رب، اسلام کو دین اور حضرت محمد کو نبی مان کر مطمئن اور راضی ہو گیا اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔''

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: كُلُّ اُمَّتِيْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ اَبٰى ''فَقَالُوْا ''يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَنْ يَّاْبٰى؟'' قَالَ: ''مَنْ اَطَاعَنِيْ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَمَنْ عَصَانِيْ فَقَدْ اَبٰى''

﴿صحیح بخاری، کتاب الاعتصام، باب الاقتداء بسنن رسول اللہ جلد 2، عربی صفحہ 1081، حدیث نمبر 6851﴾
﴿مسند امام احمد بن حنبل، جلد 2، عربی صفحہ 361، حدیث نمبر 8713 تحقیق احمد شاکر﴾

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری ساری امت جنت میں داخل ہوگی مگر وہ شخص داخل نہیں ہوگا جس نے انکار کیا۔ صحابہ کرام (رضوان اللہ علیہم اجمعین) نے عرض کیا: یا رسول اللہ! (جنت میں جانے سے) کون انکار کرسکتا ہے۔؟ آپ نے فرمایا: جس نے میری فرمانبرداری کی وہ جنت میں داخل ہوگا اور جس نے میری نافرمانی کی اسی نے (تو جنت میں جانے سے) انکار کیا۔''

شرک سے بچنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ لَقِیَ اللّٰہَ لَایُشْرِكَ بِہٖ شَیْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ))

﴿صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب من لاشرک باللہ شئیا، جلد 1، صفحہ 66﴾

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملا کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

باب الریان

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اِنَّ فِی الْجَنَّةِ بَابًا یُقَالُ لَہُ الرَّیَّانُ یَدْخُلُ مِنْہُ الصَّائِمُوْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ لَایَدْخُلُ مِنْہُ اَحَدٌ غَیْرُھُمْ یُقَالُ اَیْنَ الصَّائِمُوْنَ؟ فَیَقُوْمُوْنَ لَایَدْخُلُ مِنْہُ اَحَدٌ غَیْرُھُمْ فَاِذَا دَخَلُوْا اُغْلِقَ فَلَمْ یَدْخُلْ مِنْہُ اَحَدٌ))

﴿صحیح بخاری، کتاب الصوم، باب الریان للصائمین، جلد 1، عربی صفحہ 254، حدیث نمبر 1797﴾ ﴿صحیح مسلم، کتاب الصیام، باب فضل الصیام، حدیث نمبر 1152﴾

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک دروازہ ہے جس کا نام ریان ہے۔ قیامت کے دن اس سے صرف روزہ دار ہی داخل ہوں گے، ان کے سوا کوئی اور اس دروازہ سے داخل نہیں ہوسکے گا۔ آواز لگائی جائے گی کہ روزہ دار کہاں ہیں۔؟ سب روزہ دار اٹھیں گے اور (اس دروازے کے ذریعے) جنت میں داخل ہو جائیں گے۔ جب سب روزہ دار داخل ہو جائیں گے تو اس دروازے کو بند کر دیا جائے گا۔ روزہ داروں کے علاوہ اس دروازے سے کوئی داخل نہ ہوسکے گا۔''

﴿صحیح بخاری، کتاب الصوم، باب الریان للصائمین، جلد 1، عربی صفحہ 254، حدیث نمبر 1797﴾ ﴿صحیح مسلم، کتاب الصیام، باب فضل الصیام، حدیث نمبر 1152﴾

حج مبرور کا ثواب

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اَلْعُمْرَةُ اِلَی الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَیْنَھُمَا وَالْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَیْسَ لَہُ جَزَاءٌ اِلَّا الْجَنَّةَ))

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایک عمرہ دوسرے عمرے کے درمیانی وقفہ (کے گناہوں) کے لیے کفارہ ہے اور حج مبرور کی

جزا جنت کے سوا کوئی نہیں ہے۔"

﴿صحیح بخاری، ابواب العمرۃ، باب وجوب العمرۃ وفضلہا، جلد 1، عربی صفحہ 238، حدیث نمبر 1683﴾ ﴿صحیح مسلم، کتاب الحج، باب فضل الحج والعمرۃ ویوم عرفہ، حدیث نمبر 1349﴾

اللہ کی راہ میں جہاد کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تَكَفَّلَ اللّٰهُ لِمَنْ جَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِهٖ لَايُخْرِجُهُ اِلَّا الْجِهَادَفِيْ سَبِيْلِهٖ وَتَصْدِيْقِ كَلِمَاتِهٖ بِاَنْ يُّدْخِلَهُ الْجَنَّةَاَوْيُرْجِعَهُ اِلٰى مَسْكَنِهِ الَّذِيْ خَرَجَ مِنْهُ مَعَ مَانَالَ مِنْ اَجْرٍاَوْغَنِيْمَةٍ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ کے وعدے پر یقین کے ساتھ اس کی راہ میں جہاد کے لیے نکلتا ہے اور اس کا جہاد کے سوا کوئی دوسرا مقصد نہیں ہوتا تو اس کے لیے اللہ تعالیٰ کی ضمانت ہے کہ وہ اسے جنت میں داخل فرمائے گا یا پھر اجر و غنیمت سمیت اس کی منزل تک پہنچائے گا۔"

﴿صحیح بخاری، کتاب الخمس، باب قول النبیا احلت لکم الغنائم، جلد 1، عربی صفحہ 440، حدیث نمبر 2955﴾ ﴿صحیح مسلم، کتاب الامارۃ، باب فضل الجہاد، حدیث نمبر 1876﴾

سجدۂ تلاوت کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اِذَاقَرَءَ ابْنُ اٰدَمَ السَّجْدَةَ فَسَجَدَاعْتَزَلَ الشَّيْطَانُ يَبْكِيْ، يَقُوْلُ "يَاوَيْلِيْ، اُمِرَابْنُ اٰدَمَ بِالسُّجُوْدِفَسَجَدَفَلَهُ الْجَنَّةُ وَاُمِرْتُ بِالسُّجُوْدِفَاَبَيْتُ فَلِيَ النَّارُ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن آدم جب آیت سجدہ پر سجدہ کرتا ہے تو شیطان مردود روتے ہوئے اس سے دور بھاگ جاتا ہے اور کہتا ہے: "ہائے بدنصیبی! ابنِ آدم کو سجدہ کرنے کا حکم ہوا اور اس نے سجدہ کیا چنانچہ اس کے لیے جنت ہے اور مجھے سجدہ کرنے کا حکم ملا اور میں نے انکار کیا لہٰذا میرے لیے جہنم ہے۔"

﴿صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب بیان اطلاق اسم الکفر علی من ترک الصلوۃ، جلد 1، عربی صفحہ 61، حدیث نمبر 81﴾

نماز فجر و عصر کو زیادہ شوق سے ادا کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مَنْ صَلّٰى (صَلٰوةَ) الْبَرْدَيْنِ (اَيِ الْفَجْرَوَالْعَصْرَ) دَخَلَ الْجَنَّةَ))

﴿صحیح بخاری، کتاب مواقیت الصلاۃ، باب فضل صلاۃ الفجر، حدیث نمبر 548﴾ ﴿صحیح مسلم، کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ، باب فضل صلاتی الصبح والعصر، حدیث نمبر 635﴾

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے فجر و عصر کی نماز (زیادہ شوق اور خشوع و خضوع سے) ادا کی تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔"

سچائی کی برکتیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِيْ اِلَى الْبِرِّوَاِنَّ الْبِرَّ يَهْدِيْ اِلٰى

الْجَنَّةِ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ حَتّٰى يَكُوْنَ صِدِّيْقًا))

﴿صحیح بخاری، کتاب الادب، باب قول اللہ اتقوا اللہ وکونوا مع الصادقین، ما نھی عن الکذب، جلد 2، عربی صفحہ 900، حدیث نمبر 5743﴾ ﴿صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ والاداب، باب قبح الکذب وحسن الصدق، حدیث نمبر 2607﴾

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سچائی نیکی کی راہنمائی کرتی ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے۔ آدمی مسلسل سچ بول کر صدیقین کے مقام تک پہنچ جاتا ہے۔''

زبان اور شرمگاہ کی حفاظت کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ يَّضْمِنُ لِیْ مَابَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ اَضْمَنُ لَهُ الْجَنَّةَ))

﴿صحیح بخاری، کتاب الرقاق، باب حفظ اللسان، جلد 2، عربی صفحہ 958، حدیث نمبر 6109﴾

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص مجھے دو جبڑوں کے درمیان والی چیز (زبان) کی اور دو ٹانگوں کے درمیان والی چیز (شرمگاہ) کی ضمانت دیدے (کہ ان کو غلط استعمال نہیں کرے گا تو) میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔''

سنن مؤکدہ ادا کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَامِنْ عَبْدٍمُّسْلِمٍ يُّصَلِّیْ لِلّٰهِ كُلَّ يَوْمٍ ثِنْتَیْ عَشْرَةَ رَكْعَةً تَطَوُّعًا غَيْرَ فَرِيْضَةٍ اِلَّا بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِی الْجَنَّةِ))

﴿صحیح مسلم، کتاب صلوٰۃ المسافرین وقصرہا، باب فضل السنن الراتبۃ، جلد 1، عربی صفحہ 251، حدیث نمبر 728﴾

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بھی مسلمان فرض نمازوں کے علاوہ ہر روز بارہ رکعتیں نفل (سنت مؤکدہ) اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں گھر بنا دیتا ہے۔''

والدین کی خدمت کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: رَغِمَ اَنْفُهُ، ثُمَّ رَغِمَ اَنْفُهُ، ثُمَّ رَغِمَ اَنْفُهُ'' قِيْلَ: ''مَنْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟'' قال: ''مَنْ اَدْرَكَ وَالِدَيْهِ عِنْدَ الْكِبَرِ اَحَدُهُمَا اَوْ كِلَاهُمَا ثُمَّ لَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ))

﴿صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ والادب، باب فضل صلۃ اصدقاء الاب والام، باب رغم انف من ادرک ابویہ، جلد 2، عربی صفحہ 314، حدیث نمبر 2551﴾

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس آدمی کی ناک خاک آلود ہو، پھر اس آدمی کی ناک خاک آلود ہو اور پھر اس آدمی کی ناک خاک آلود ہو۔'' عرض کیا گیا: ''یارسول اللہ! کس کی۔؟'' آپ نے فرمایا: ''جس نے اپنے والدین کو بڑھاپے میں پایا۔ ان میں سے کسی ایک کو یا دونوں کو لیکن (ان کی خدمت کر کے) جنت میں داخل نہ ہو سکا۔''

تہجد اور تراویح ادا کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَصِلُوا الْاَرْحَامَ وَصَلُّوْا بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ))

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! سلام عام کرو (جب کسی مسلمان کو ملو تو السلام علیکم کہا کرو) لوگوں کو کھانا کھلاؤ، صلہ رحمی کے تقاضے پورے کرو، رات کو جب لوگ سو رہے ہوں تو نماز (تہجد اور تراویح) ادا کیا کرو، کیونکہ اس طرح تم سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔''

﴿السنن الترمذی، کتاب صفۃ القیامۃ، ابواب الزہد عن رسول اللہ، باب ماجاء فی صفۃ اوانی الحوض، جلد 2، عربی صفحہ 72، حدیث نمبر 3485﴾ ﴿المسند امام احمد بن حنبل، جلد 5، عربی صفحہ 451﴾ ﴿المستدرک للحاکم، جلد 3، عربی صفحہ 13﴾

صدق دل سے حصول جنت کی دعا کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ سَأَلَ اللّٰہَ الْجَنَّۃَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ الْجَنَّۃُ اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْہُ الْجَنَّۃَ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تین بار اللہ رحمٰن و رحیم سے جنت کا سوال کیا تو اس کے لیے جنت بذات خود اللہ تعالیٰ سے سفارش کرتی ہے کہ اے اللہ! اسے جنت میں داخل فرما دے۔''

﴿السنن الترمذی، کتاب صفۃ الجنۃ، باب ماجاء فی صفۃ انہار الجنۃ، جلد 2، عربی صفحہ 80، حدیث نمبر 2572﴾

مانگنے سے باز رہنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ تَکَفَّلَ لِیْ اَنْ لَّا یَسْأَلَ النَّاسَ شَیْئًا وَّاَتَکَفَّلُ لَہٗ بِالْجَنَّۃِ))

﴿سنن ابی داؤد، کتاب الزکوۃ، باب کراہیۃ المسئلۃ، جلد 1، عربی صفحہ 239، حدیث نمبر 1643﴾ ﴿السنن النسائی، کتاب الزکاۃ، باب فضل من لا یسأل الناس، حدیث نمبر 2590﴾

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص مجھے اس بات کی ضمانت دے دے کہ وہ لوگوں سے بھیک نہیں مانگے گا تو میں اس کے لیے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔''

دس بار سورۂ اخلاص پڑھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ قَرَأَ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ حَتّٰی یَخْتِمَھَا عَشْرَ مَرَّاتٍ بَنَی اللّٰہُ لَہٗ قَصْرًا فِی الْجَنَّۃِ))

﴿مسند امام احمد، جلد 3، عربی صفحہ 437﴾ ﴿سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ، حدیث نمبر 589﴾

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے سورت اخلاص کو پڑھا حتیٰ کہ دس مرتبہ پڑھ لیا تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں ایک محل تیار فرماتا ہے۔''

تحیۃ الوضوء کے نوافل ادا کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَتَوَضَّأُ فَیُحْسِنُ وُضُوْءَہٗ ثُمَّ یَقُوْمُ فَیُصَلِّیْ رَکْعَتَیْنِ، مُقْبِلٌ عَلَیْھِمَا بِقَلْبِہٖ وَوَجْھِہٖ اِلَّا وَجَبَتْ لَہُ الْجَنَّۃُ))

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان اچھی طرح سے وضو کرے، پھر دل و دماغ کی حاضری کے ساتھ دو رکعت نماز (تحیۃ الوضوء) ادا کرے تو اس کے لیے جنت واجب ہو گئی۔''

﴿صحیح مسلم، کتاب الطہارۃ، باب الذکر المستحب عقب الوضوء، جلد 1، عربی صفحہ 122، حدیث نمبر 234﴾

صبر کرنا اور اجر کا طالب ہونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: يَقُوْلُ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ: "اِبْنَ آدَمَ اِنْ صَبَرْتَ وَاحْتَسَبْتَ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْاُوْلٰى لَمْ اَرْضَ لَكَ ثَوَابًا دُوْنَ الْجَنَّةِ))

"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: "اے ابنِ آدم! اگر تو صدمے کی ابتداء کے وقت صبر کرلے اور اجر کا طلبگار بن جائے تو میں تیرے لیے جنت سے کم کسی ثواب پر راضی نہیں ہوں گا۔"

﴿سنن ابن ماجہ، کتاب الجنائز، باب ماجاء فی الصبر علی المصیبۃ، عربی صفحہ 115، حدیث نمبر 1597﴾

نفاس کی حالت میں وفات

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اَلْقَتْلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ شَهَادَةٌ وَالطَّاعُوْنَ شَهَادَةٌ وَالْغَرْقُ شَهَادَةٌ وَ الْبَطْنُ شَهَادَةٌ وَالنُّفَسَاءُ يَجُرُّهَا وَلَدُهَا بِسَرَرِهٖ اِلَى الْجَنَّةِ))

﴿المسند امام احمد بن حنبل، جلد 3، عربی صفحہ 489﴾ ﴿الترغیب والترہیب، کتاب الجہاد، باب القتل فی سبیل اللہ، جلد 2، عربی صفحہ 334﴾ ﴿صحیح الجامع، حدیث نمبر 4439﴾

"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل ہونا شہادت ہے، طاعون سے فوت ہونا شہادت ہے، پانی میں ڈوب کر مرنا شہادت ہے، پیٹ کی بیماری سے موت شہادت ہے اور (نفاس کی حالت میں فوت ہونے والی عورت بھی شہیدہ ہے) نفاس والی عورت کو اس کا بچہ اپنی نال کے ذریعے کھینچ کر جنت میں لے جائے گا۔"

راستے سے تکلیف دور کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لَقَدْ رَاَيْتُ رَجُلًا يَتَقَلَّبُ فِي الْجَنَّةِ فِيْ شَجَرَةٍ قَطَعَهَا مِنْ ظَهْرِ الطَّرِيْقِ كَانَتْ تُؤْذِي النَّاسَ))

﴿صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ والادب، باب فضل ازالۃ الاذی عن الطریق، جلد 2، عربی صفحہ 328، حدیث نمبر 1914﴾

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے ایک شخص کو جنت میں گھومتے ہوئے دیکھا (اس کا جنت میں داخل ہونے کا سبب یہ ہے کہ) ایک درخت تھا جس سے گزرتے ہوئے لوگوں کو تکلیف پہنچتی تھی۔ اس شخص نے اس درخت کو راستے سے کاٹ کر ہٹا دیا تھا۔ (جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اسے جنت میں داخل فرما دیا۔)"

وضو کے بعد کلمہ شہادت پڑھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ يَتَوَضَّأُ فَيُبْلِغُ اَوْ فَيُسْبِغُ الْوُضُوْءَ ثُمَّ يَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اِلَّا فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةِ يُدْخِلُ مِنْ اَيِّهَا شَاءَ))

"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اچھی طرح کامل وضو کرے پھر یہ کلمہ پڑھے:
"اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ"

(میں گواہی دیتا ہوں کے اللہ تعالیٰ کے سواء کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور بیشک محمد اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔) تو اس شخص کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں تا کہ وہ ان میں سے جس دروازے سے چاہے (جنت میں) داخل ہو جائے۔''

﴿صحیح مسلم، کتاب الطہارۃ، باب الذکر المستحب عقب الوضوء، جلد 1، عربی صفحہ 122، حدیث نمبر 234﴾ ﴿المسند امام احمد بن حنبل، جلد 4، عربی صفحہ 145-146﴾ ﴿السنن ابی داؤد، کتاب الطہارۃ، باب مایقول الرجل اذا توضا، حدیث نمبر 169﴾

مسجد بنوانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مَنْ بَنٰى مَسْجِدًا يَبْتَغِيْ بِهٖ وَجْهَ اللّٰهِ بَنَى اللّٰهُ لَهٗ مِثْلَهٗ فِي الْجَنَّةِ))

﴿صحیح بخاری، کتاب الصلاۃ، باب من بنی مسجدا، جلد 1، عربی صفحہ 64﴾ ﴿صحیح مسلم، کتاب المساجد ومواضع الصلاۃ، باب فضل بناء المساجد، حدیث نمبر 533﴾

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص رضائے الٰہی کے حصول کے لیے مسجد تعمیر (کرتا، یا) کرواتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں گھر بنا دیتا ہے۔''

اللہ کی خاطر اذان دینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مَنْ اَذَّنَ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ))

﴿سنن ابن ماجہ، کتاب الاذان، باب فضل الاذان وثواب المؤذنین، عربی صفحہ 53، حدیث نمبر 728﴾ ﴿مستدرک للحاکم، کتاب الصلاۃ، باب من اذن...... جلد 1، عربی صفحہ 205﴾ ﴿السنن البیہقی، جلد 1، عربی صفحہ 433﴾ ﴿الصحیح الجامع، حدیث نمبر 6002﴾

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے (اللہ تعالیٰ کی رضائے کے لیے) بارہ سال تک اذان دی تو اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔''

تحفۂ خواتین اسلام

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اِذَا صَلَّتِ الْمَرْاَةُ خَمْسَهَا وَصَامَتْ شَهْرَهَا وَحَصَّنَتْ فَرْجَهَا وَاَطَاعَتْ بَعْلَهَا (فُتِحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ) دَخَلَتْ مِنْ اَيِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَتْ))

﴿المسند امام احمد بن حنبل، جلد 1، عربی صفحہ 191، حدیث نمبر 1661﴾ ﴿الصحیح ابن حبان بواسطہ موارد الظمآن، عربی صفحہ 315، حدیث نمبر 1296﴾ ﴿الصحیح الجامع، حدیث نمبر 660﴾

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت پانچوں فرض نمازیں پڑھے، ماہ رمضان کے روزے رکھے، اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرے اور اپنے خاوند کی فرمان برداری کرے تو (اس کے لیے جنت کے تمام دروازے کھول دیئے جاتے ہیں کہ) جنت کے دروازوں میں سے جس دروازے سے چاہے داخل ہو جائے۔''

مظلومیت کے باوجود خاوند کی تابعداری کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِنِسَائِکُمْ مِنْ اَھْلِ الْجَنَّۃِ؟ قَالُوْا بَلٰی، یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ: کُلُّ وَلُوْدٍ وَّدُوْدٍ اِذَا غَضِبَتْ اَوْ اُسِیَ اِلَیْھَا اَوْ غَضِبَ (زَوْجُھَا) قَالَتْ یَدِیْ فِیْ یَدِکَ لَا اَکْتَحِلُ بِغَمْضٍ حَتّٰی تَرْضٰی))

﴿معجم صغیر للطبرانی، جلد 1، عربی صفحہ 74، حدیث نمبر 112﴾ ﴿صحیح جامع الصغیر، حدیث نمبر 2604﴾ ﴿متجر الرابح، عربی صفحہ 649﴾

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں تمہاری جنتی عورتوں کی خبر نہ دوں۔؟ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا! ہاں یارسول اللہ (ضرور خبر دیجئے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہر وہ عورت (جنت میں جائے گی) جو زیادہ بچے جننے والی ہو، بے پناہ محبت کرنے والی ہو، جب اسے غصہ آجائے یا اس کے ساتھ زیادتی ہو یا اس کا خاوند اس سے ناراض ہو جائے تو وہ کہے میرا ہاتھ تیرے ہاتھ میں ہے جب تک تم راضی نہیں ہو جاتے میں سو نہیں سکتی۔"

دودھ والے جانور کا تحفہ دینا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اَرْبَعُوْنَ خَصْلَۃً اَعْلَاھُنَّ مَنِیْحَۃُ الْعَنْزِ مَا مِنْ عَامِلٍ یَّعْمَلُ بِخَصْلَۃٍ مِّنْھَا رَجَاءَ ثَوَابِھَا وَتَصْدِیْقَ مَوْعُوْدِھَا اِلَّا اَدْخَلَہُ اللّٰہُ بِھَا الْجَنَّۃَ))

﴿صحیح بخاری، کتاب الھبۃ، باب فضل المنیحۃ، حدیث نمبر 2488﴾

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چالیس کام ایسے ہیں جو کوئی ثواب کی غرض سے ان میں سے کسی ایک کو اپنا لے اور اس پر ملنے والے اجر و ثواب کا اسے یقین ہو تو اللہ تعالیٰ اس کام کی بدولت اسے جنت میں داخل فرما دے گا۔ ان کاموں میں سب سے زیادہ عمدہ کام (دودھ دینے والی) بکری کو بطور تحفہ دینا ہے۔"

بیمار کی عیادت کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَا مِنْ مُسْلِمٍ یَعُوْدُ مُسْلِمًا مَرِیْضًا غُدْوَۃً اِلَّا صَلّٰی (وَفِیْ رِوَایَۃِ اَبِیْ دَاوٗدَ یَسْتَغْفِرُوْنَ) عَلَیْہِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَکٍ حَتّٰی یُمْسِیَ وَاِنْ عَادَہٗ عَشِیَّۃً صَلّٰی (وَفِیْ رِوَایَۃِ اَبِیْ دَاوٗدَ یَسْتَغْفِرُوْنَ) اَلْفَ مَلِکٍ حَتّٰی یُصْبِحَ وَکَانَ لَہٗ خَرِیْفٌ فِی الْجَنَّۃِ))

﴿سنن ابی داؤد، حدیث نمبر 3098﴾ ﴿السنن الترمذی، کتاب الجنائز، باب ما جاء فی عیادۃ المریض، جلد 1، عربی صفحہ 159، حدیث نمبر 969﴾

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو صبح کے وقت کسی مسلمان مریض کی عیادت کرتا ہے تو اس کے لیے ستر ہزار فرشتے شام تک دعائیں کرتے رہتے ہیں اور جو شام کو کسی مریض کی عیادت کرتا ہے تو اس کے لیے ستر ہزار فرشتے صبح تک دعائیں کرتے رہتے ہیں اور اس کے لیے جنت میں تروتازہ اور پکے ہوئے پھل ہوں گے۔"

جنازہ میں تین صفوں کا ہونا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَامِنْ مُسْلِمٍ يَمُوْتُ فَيُصَلِّي عَلَيْهِ ثَلَاثَةُ صُفُوْفٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ اِلَّااَوْجَبَ(الْجَنَّةُ)"

﴿سنن ابی داؤد، کتاب الجنزئز، باب فی الصفوف علی الجنازہ، حدیث نمبر 3166﴾ ﴿سنن ترمذی، کتاب الجنائز، باب ماجاء فی الصلاۃ علی المیت، حدیث نمبر 1028﴾ ﴿المستدرک للحاکم، جلد 1، عربی صفحہ 362﴾

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان فوت ہو جائے، پھر مسلمان تین صفوں میں تقسیم ہو کر اس کی نماز جنازہ پڑھیں تو اس کے لیے (جنت) واجب ہو گی۔''

طلبِ علم میں لگے رہنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ سَلَكَ طَرِيْقًايَّلْتَمِسُ فِيْهِ عِلْمًاسَهَّلَ اللّٰهُ لَهٗ بِهٖ طَرِيْقًااِلَى الْجَنَّةِ))

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص حصولِ علم کی راہ پر چلتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں اس کے لیے جنت کی راہ آسان فرما دیتا ہے۔''

﴿صحیح مسلم، کتاب الذکر والدعاء والتوبۃ، باب فضل الاجتماع علی تلاوۃ القرآن، جلد 2، عربی صفحہ 345، حدیث نمبر 2699﴾

عاجزانہ لباس پہننا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ تَرَكَ اللِّبَاسَ تَوَاضُعًالِلّٰهِ وَهُوَيَقْدِرُعَلَيْهِ دَعَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِعَلٰى رُؤُسِ الْخَلَائِقِ حَتّٰى يُخَيِّرَهُ مِنْ اَيِّ حُلَلِ الْاِيْمَانِ مَاشَاءَ يَلْبَسُهَا))

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے استطاعت کے باوجود صرف اللہ سے تواضع اور عاجزی کی خاطر فاخرانہ لباس پہننا چھوڑ دیا تو اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن (جنت میں) ساری مخلوق کے سامنے طلب فرمائے گا اور اسے یہ اختیار عطا کرے گا کہ وہ حلل الایمان (امام ترمذی نے حلل الایمان کی تشریح میں فرمایا ہے کہ یہ وہ لباس ہو گا جو اہل ایمان کو جنت میں عطا فرمایا جائے گا) میں سے جس کا چاہے انتخاب کر لے۔''

﴿سنن الترمذی، کتاب صفۃ القیامۃ والرقاق والورع، باب نمبر 39، حدیث نمبر 2481﴾ ﴿مسند احمد، جلد 3، عربی صفحہ 439﴾ ﴿المستدرک الحاکم، جلد 4، عربی صفحہ 183﴾ ﴿سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ، جلد 2، عربی صفحہ 346، حدیث نمبر 718﴾

حیوانوں پر رحم کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اِنَّ رَجُلًارَأٰى كَلْبًايَّاْكُلُ الثَّرٰى مِنَ الْعَطَشِ فَاَخَذَالرَّجُلُ خُفَّهٗ فَجَعَلَ يَغْرِفُ لَهٗ بِهٖ حَتّٰى اَرْوَاهُ فَشَكَرَاللّٰهُ لَهٗ فَاَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ))

﴿صحیح بخاری، کتاب الوضوء، باب اذا شرب الکلب فی الاناء، باب الماء الذی یغسل بہ شعر الانسان، جلد 1، عربی صفحہ 29، حدیث نمبر 171﴾

"رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایک آدمی نے ایک کتے کو دیکھا جو پیاس کی وجہ سے گیلی مٹی چاٹ رہا تھا۔ اس آدمی نے اپنا موزہ اتارا اور اس میں پانی بھرا اور پھر اس کتے کو پلانے لگا حتیٰ کہ اسے سیر کر دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس شخص کی یہ نیکی قبول فرمائی اور اسے جنت میں داخل فرما دیا۔"

مجبور سے اظہار ہمدردی کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مَامِنْ مُؤْمِنٍ يُعَزِّيْ اَخَاهُ بِمُصِيْبَةٍ اِلَّا كَسَاهُ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ مِنْ حُلَلِ الْكَرَامَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ))

﴿سنن ابن ماجہ، کتاب الجنائز، باب ماجاء فی ثواب من عزی مصابا، صفحہ 116﴾ ﴿سنن بیہقی، جلد 4، عربی صفحہ 59﴾ ﴿الاذکار للنووی، حدیث نمبر 463﴾

"رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو مومن اپنے کسی بھائی کی مصیبت پر اسے تسلی دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے (جنت میں) عزت و احترام کا لباس پہنائے گا۔"

صف میں جگہ پُر کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مَنْ سَدَّ فُرْجَةً فِيْ صَفٍّ رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً وَبَنٰى لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ))

﴿سنن ابن ماجہ، کتاب اقامۃ الصلاۃ، باب نمبر 50، حدیث نمبر 995﴾ ﴿مسند امام احمد بن حنبل، جلد 6، عربی صفحہ 89﴾ ﴿سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ، حدیث نمبر 1892﴾

"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے صف میں خالی جگہ کو پُر کیا تو اللہ تعالیٰ (اس عمل کے بدلے میں) اس کا ایک درجہ بلند فرما دیتا ہے اور جنت میں اس کے لیے ایک گھر بنا دیتا ہے۔"

حلال و حرام اور مشتبہ امور

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان الحلال بين و الحرام بين، و بينهما مشتبهات لا يعلمهن كثير من الناس فمن اتقى الشبهات فقد استبرا لدينه و عرضه، ومن وقع في الشبهات وقع في الحرام، كالراعي يرعى حول الحمى يؤشك ان يقع فيه، ألا و ان لكل ملك حمى، الا و ان حمى الله محارمه، الا و ان في الجسد مضغة اذا صلحت صلح الحسد كله، و اذا فسدت فسد الجسد كله، الا و هى القلب))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یقیناً حلال ظاہر ہے اور حرام ظاہر ہے اور ان دونوں کے درمیان کچھ مشتبہ چیزیں ہیں، جنہیں بہت سے لوگ نہیں جانتے۔ جو شخص شبہات سے بچ گیا اس نے اپنا دین اور اپنی عزت بچالی اور جو شبہ کی چیزوں میں جا پڑا وہ حرام میں جا پڑا۔ جیسا کہ وہ شخص جو ممنوعہ چراگاہ کے اردگرد مویشی چرانے والا ہے، قریب ہے کہ اس میں جا پڑے۔ یاد رکھو! ہر بادشاہ کی کوئی نہ کوئی ممنوعہ چراگاہ ہوتی ہے، خبردار! اللہ تعالیٰ کی ممنوعہ چراگاہ اس کی حرام کردہ

چیزیں ہیں، خبردار! جسم میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے جب وہ درست ہو جاتا ہے تو سارا جسم درست ہو جاتا ہے، جب وہ خراب ہو جاتا ہے تو سارا جسم خراب ہو جاتا ہے۔ یاد رکھو! وہ دل ہے۔"

[صحیح بخاری:۵۲۔ صحیح مسلم، کتاب المساقاۃ:۱۰۷

سونے چاندی کی محبت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: تعس عبد الدینار و الدرهم و القطیفة، ان أعطی رضی، وان لم یعط لم یرض))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہلاک ہو گیا دینار، درہم اور چادر کا غلام۔ اگر اسے دیا جائے تو خوش ہو جاتا ہے اور اگر اسے نہ دیا جائے تو خوش نہیں ہوتا۔"

[صحیح بخاری:۶۴۳۵۔ تحفۃ الاشراف:۹/۴۳۱،۹/۴۳۹

مسافر کی طرح

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کن فی الدنیا کأنك غریب، أو غابر سبیل))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "دنیا میں اس طرح رہ کہ تو پردیسی ہے یا راہ گزرنے والا ہے۔"

[صحیح بخاری:۶۴۱۶۔ تحفۃ الاشراف:۵/۴۸۱،۶/۳۸

کسی قوم سے مشابہت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من تشبه بقوم فهو منهم))

[أخرجه أبوداؤد وصححه ابن حبان

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص کسی قوم کی مشابہت اختیار کرے وہ انہیں میں سے ہے۔"

(ابوداؤد:۴۰۳۱۔ صحیح ابی داؤد:۳۴۰۱] (الارواء(۱۲۶۹) تحفۃ الاشراف:۶/۷۵

مجوس کی مخالفت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: جزوا الشوارب و أوخوا اللحی خالفوا المجوس))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "مونچھیں کترو اور داڑھیاں بڑھاؤ۔ ! مجوس کی مخالفت کرو۔" [صحیح مسلم:۲۶۰]

یہودی کی مشابہت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: غیروا الشیب و لا تشبهوا بالیهود))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "بالوں کی سفیدی کو بدل دو اور یہودیوں کی مشابہت اختیار نہ کرو۔"

[صحیح الترمذی:۱۴۳۲

اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ

((قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: یا غلام! احفظ اللہ یحفظك احفظ اللہ تجدہ تجاھلك، و اذا سألت فاسأل اللہ و اذا استعنت فاستعن باللہ))

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اے لڑکے! اللہ کو یاد کر وہ تجھ پر نظر کرم فرمائے گا، اللہ کو یاد کر تو اسے اپنے سامنے پائے گا اور جب سوال کرے تو اللہ تعالیٰ سے سوال کر اور جب مدد مانگے تو اللہ سے مدد مانگ۔"

[صحیح] سنن ترمذی ۲۵۱۶)

اللہ تعالیٰ سے سوال

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من لم یسأل اللہ یغضب علیہ))

[صحیح الترمذی، عن أبی ہریرۃ رضی اللہ عنہ: ۲۶۸۲]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو اللہ سے سوال نہ کرے اللہ تعالیٰ اس پر ناراض ہو جاتا ہے۔"

مومنوں کی باہمی محبت

((قال النبی علیہ السلام: و الذی نفسی بیدہ لا تؤمنوا حتی تحابوا))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! تم مومن نہیں بنو گے جب تک کہ ایک دوسرے سے محبت نہیں کرو گے۔" [صحیح مسلم، کتاب الایمان: ۵۴]

اللہ تعالیٰ کا محبوب

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اللہ یحب العبد التقی الغنی الخفی))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یقیناً اللہ تعالیٰ اس بندے سے محبت کرتا ہے جو پرہیز گار، غنی، چھپا ہوا ہو۔" [صحیح مسلم، کتاب الزھد: ۱۱]

دل کا مالدار

((قال النبی علیہ السلام: لیس الغنی بکثرۃ العرض و لکن الغنی النفس))

[صحیح البخاری: ۶۴۴۶]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "آدمی مال و دولت کی کثرت سے غنی نہیں ہوتا بلکہ اصل غنی دل کا غنی ہونا ہے۔"

فضول گفتگو سے پرہیز

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من حسن اسلام المرء ترکہ مالا یعنیہ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ لایعنی چیز کو چھوڑ دے۔"

[سنن ترمذی: ۲۳۱۷] [مشکوۃ، حدیث: ۴۸۳۹] تحفۃ الاشراف: ۹/۳۸۱، ۱۱/۳۱۳]

اچھی بات یا خاموشی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من كان يؤمن بالله و اليوم الآخر فليقل خيرا أو ليصمت))[صحيح بخاری: باب حفظ اللسان: ۶۴۷۵۔ صحیح مسلم]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو، وہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے۔''

پیٹ کا برتن

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما ملا ابن آدم و عاء شرا من بطنه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ابن آدم نے کوئی برتن نہیں بھرا جو اس کے پیٹ سے برا ہو۔''

(سنن ترمذی: ۲۳۸۰۔ المستدرک للحاکم: ۴/ ۱۲۱۔ احمد: ۴/ ۱۳۲۔ صحیح ابن حبان: ۱۳۴۹

نفس کا حق

((قال النبی عليه السلام: ان لنفسك عليك حقا))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یقیناً تمہارے نفس کا تم پر حق ہے۔'' [صحیح بخاری]

بہت توبہ کرنے والے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل بنى آدم خطآء، و خير الخطائين التوابون))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: '' آدم علیہ السلام کی تمام اولاد بہت خطا کرنے والی ہے اور بہت خطا کرنے والوں میں سب سے بہتر بہت زیادہ توبہ کرنے والے ہیں۔''

[سنن ترمذی: ۲۴۹۹۔ سنن ابن ماجہ: ۴۲۵۱۔ تحفۃ الاشراف: ۱/ ۳۴۰]

خاموشی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الصمت حكمة و قليل فاعله))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: '' خاموشی دانائی ہے اور اسے (اختیار) کرنے والے کم ہیں۔''

((شعب الایمان، بیہقی: ۵۰۶۰۷))

حقیقی نجات

((قال النبی عليه السلام: من صمت نجا))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو خاموش رہا نجات پا گیا۔'' [سنن ترمذی، عن عبداللہ بن عمرو]

زبان کو روک کر رکھنا

((قال النبی عليه السلام: أمسك عليك لسانك))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی زبان اپنے آپ پر روک کر رکھ (فضول بات نہ کہہ)۔''

[صحیح الترمذی، ۱۹۶۱، باب حفظ اللسان]

صلح رحمی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من أحب أن يبسط له في رزقه و أن ينسأله في أثره فليصل رحمه)) [أخرجه البخاری]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:"جو شخص پسند کرتا ہے کہ اس کے لئے اس کے رزق میں فراخی کی جائے اور اس کے نشان قدم میں دیر کی جائے (عمر لمبی کی جائے) وہ اپنی رشتہ داری کو ملائے۔"

[صحیح بخاری، ۵۹۸۵۔ فتح الباری شرح صحیح بخاری)

باعث محبت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان صلة الرحم محبة في الاهل مثراة في المال منساة في الاثر))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رشتہ داری کو ملانا گھر والوں میں محبت، مال میں ثروت اور نشان قدم میں تاخیر (عمر میں برکت) کا باعث ہے۔" [سنن ترمذی، کتاب البر:۴۹]

قطع رحمی کرنے والا اور جنت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا يدخل الجنة قاطع، يعني قاطع رحم))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:" جنت میں کاٹنے والا داخل نہیں ہوگا یعنی رشتہ داری کاٹنے والا۔"

[صحیح بخاری، ۵۹۸۴۔ صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ/ ۱۸۔ تحفۃ الاشراف: ۲/ ۴۱۱]

اصل صلح رحمی کرنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ليس الوصل بالمكافىء و لكن الواصل الذى اذا قطعت رحمه وصلها)) [صحيح بخاری:۵۹۹۱]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:" صلہ رحم کرنے والا شخص وہ نہیں جو برابر کا معاملہ کرتا ہے، لیکن اصل صلہ رحم کرنے والا شخص وہ ہے کہ جب اس کی رشتہ داری قطع کی جائے تو وہ اسے ملائے۔"

والدین کی نافرمانی اور فرمانبرادری

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اللہ حرم عليكم عقوق الامهات، و واد البنات و منعا و هات و كره لكم قيل و قال و كثرة السوال و اضاعة المال))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:" بے شک اللہ تعالیٰ نے حرام کر دیا ہے تم پر ماؤں کو ستانا، بیٹیوں کو زندہ دفن کر دینا، (خود) کچھ نہ دینا اور (دوسروں سے کہنا) لا مجھے دے اور تمہارے لیے (اللہ تعالیٰ نے) ناپسند کیا (یہ کہنا کہ) یہ کہا گیا اور فلاں نے کہا، زیادہ سوال کرنا اور مال ضائع کرنا۔" [صحیح بخاری:۵۹۷۵۔ صحیح مسلم، کتاب الاقضیۃ:۱۲]

خالق کی نافرمانی اور مخلوق

((قال النبی علیه السلام: لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''خالق کی نافرمانی میں مخلوق کا حکم ماننا جائز نہیں۔''

[شرح السنۃ: ۱۰/۴۴، حدیث: ۲۴۵۵]

لوگ برباد ہو گئے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :من قال هلك الناس فهو اهلکهم))

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو کہے کہ لوگ برباد ہو گئے وہ ان سب سے زیادہ برباد ہے۔'' [صحیح مسلم، کتاب البر: ۱۳۹]

جھوٹا ہونے کی نشانی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کفی بالمرء کذبا ان یحدث بکل ما سمع))

[مقدمہ صحیح مسلم

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کو جھوٹا ہونے کے لئے یہ کافی ہے کہ جو کچھ سنے آگے بیان کردے۔''

مقام والدین

((قال النبی صلی الله علیه وسلم: رضی الله فی رضی الولدین، و سخط الله فی سخط الوالدین))

''نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کا راضی ہونا ماں باپ کے راضی ہونے میں ہے اور اللہ تعالیٰ کا ناراض ہونا ماں باپ کے ناراض ہونے میں ہے۔''

[صحیح ترمذی: ۱۸۹۹۔ صحیح ابن حبان: ۲/۴۵۹۔ مستدرک حاکم: ۴/۵۲

ناک خاک آلود

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :رغم أنف ثم رغم أنف ثم رغم أنف من أدرك أبویه عند الکبر أحدهما أو کلیهما ثم لم یدخل الجنة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص کی ناک خاک آلود ہو جائے، پھر اس کی ناک خاک آلود ہو، پھر اس کی ناک خاک آلود ہو، جس نے اپنے ماں باپ دونوں کو یا ایک کو بڑھاپے میں پایا پھر جنت میں داخل نہ ہوا۔''

نیکی میں اطاعت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا طاعة فی معصیة انما الطاعة فی معروف))

(مشکوۃ المصابیح، کتاب الامارۃ

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہیں۔ اطاعت صرف نیکی میں ہے۔''

ہمسایہ کے لیے

((قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: و الذی نفسی بیدہ لا یؤمن عبد حتی یحب لجارہ ما یحب لنفسہ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! کوئی بندہ مؤمن نہیں ہوتا یہاں تک کہ اپنے ہمسائے کے لیے وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔"

[صحیح بخاری: ۱۳۔ صحیح مسلم: کتاب الایمان ۷۲]

بڑا گناہ

((عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ قال: سألت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای الذنب أعظم؟ قال: أن تجعل للہ ندا و ہو خلقك، قلت: ثم أی؟ قال: أن تقتل ولدك خشیة أن یأكل معك، قلت: ثم أی؟ قال: أن تزانی بحلیلة جارك))

"حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا: "کون سا گناہ سب سے بڑا ہے۔؟" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یہ کہ تو اللہ تعالیٰ کے لیے شریک بنائے حالانکہ اس نے تجھے پیدا کیا۔" میں نے کہا: "پھر کون سا۔؟" فرمایا: "یہ کہ تو اپنے بچے کو قتل کرے اس ڈر سے کہ تیرے ساتھ کھائے گا۔" میں نے کہا: "پھر کون سا۔؟ فرمایا: "یہ کہ تو اپنے ہمسائے کی بیوی کے ساتھ باہم بدکاری کرے۔"

[صحیح بخاری: ۶۸۶۱۔ صحیح مسلم، کتاب الایمان: ۱۴۲۔ تحفۃ الاشراف: ۷/ ۳۲۔ ۷/ ۵۸]

زنا کی مذمت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم "لا یزنی زان حین یزنی وھو مومن))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی زانی زنا کر رہا ہوتا ہے وہ اس وقت مومن نہیں رہتا۔"

آنکھ، ہاتھ، پاؤں اور شرمگاہ کا زنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لکل بنی آدم حظ من الزنا، فالعینان تزنیان وزنا ھما النظر، والیدین تزنیان وزنا ھما البطش، والرجلان تزنیان و زنا ھما المشی، والفم یزنی وزناہ القبل، والقلب یھوی ویتمنی والفرج یصدق ذلك اویكذبہ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر انسان کا زنا میں کچھ نہ کچھ حصہ ہوتا ہے۔ پس آنکھیں بھی زنا کرتی ہیں اور ان کا زنا دیکھنا ہے۔ ہاتھ بھی زنا کرتے ہیں اور ان کا زنا پکڑنا ہے۔ پاؤں بھی زنا کرتے ہیں اور ان کا زنا چلنا ہے۔ منہ بھی زنا کرتا ہے اور اس کا زنا بوسا ہے۔ دل خواہش کرتا اور تمنا کرتا ہے اور شرمگاہ اس کی تصدیق کرتے ہوئے (زنا میں مبتلا ہوتی) ہے یا جھٹلا کر (باز رہتی) ہے۔"

غیرت الٰہی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: يا امة محمد ما احد اغير من الله ان يرى عبده او امته تزني))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے امت محمد! اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیرت مند کوئی نہیں، اس لئے اللہ تعالیٰ اس کو پسند نہیں کرتا کہ وہ کسی مرد کو یا عورت کو زنا کرتا دیکھے۔"

زنا کی سزا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: رايت الليلة رجلين اتياني فاخر جاني فانطلقت معهما فاذابيت مبنى على بناء التنور اعلاه ضيق واسفله واسع يوقد تحته نار، فيه رجال ونساء عراة فاذا وقدت ارتفعوا حتى يكادوا ان يخرجوا فاذا اخمدت رجعوا فيها فقلت ماهذا؟ قالا الزناة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آج رات میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے پاس دو شخص (فرشتے) آئے، وہ مجھے لے کر گئے اور میں ان کے ساتھ چلا گیا۔ میں نے دیکھا کہ ایک کمرہ ہے جو تنور پر بنایا گیا ہے، اس کا اوپر کا حصہ تنگ ہے، نیچے کا کھلا ہے اور اس کے نیچے سے آگ جلائی جا رہی ہے۔ اس میں مرد اور عورتیں ننگے ہیں، جب آگ بھڑکائی جاتی ہے یہ اوپر ہو جاتے ہیں اور اس کمرہ سے باہر نکلنے کو دوڑتے ہیں اور جب آگ دھیمی کی جاتی ہے تو اس میں واپس گر جاتے ہیں۔ میں نے پوچھا: "یہ کون ہیں۔؟" فرشتوں نے کہا: "زنا کار۔"

اللہ تعالیٰ کی غضبناکی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اعمال امتى تعرض فى كل يوم جمعة اشد غضب الله على الزناة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت کے اعمال (اللہ کے اور میرے سامنے) ہر جمعہ کے دن میں پیش کئے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ زنا (کرنے والوں) پر غضبناک ہوتا ہے۔"

لباس ایمان اور زنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان الايمان سر بال يسربل الله من يشاء فاذازنى العبد نزع منه سر بال الايمان، فاذاتاب ردالیه))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایمان کا ایک لباس ہے، اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے وہ لباس پہنایا ہے۔ جب کوئی انسان زنا کرتا ہے تو اس سے ایمان کا لباس اتار لیا جاتا ہے، پھر جب وہ (اس سے) توبہ کرتا ہے تو اس کو وہ لباس لوٹا دیا جاتا ہے۔"

حرام رحم میں نطفہ ڈالنا

((قال النبی علیه السلام:مامن ذنب بعد الشرك اعظم عند الله من نطفة و ضعها رجل في رحم لا يحل له))

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شرک کے بعد اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بڑا گناہ آدمی کا کسی ایسے رحم میں نطفہ ڈالنا (ایسی عورت سے زنا کرنا) ہے جو اس کیلئے حلال نہ ہو (وہ اس کی بیوی نہ ہو۔)"

زنا کی چھ تباہ کاریاں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:اياكم والزنافان في الزناست خصال ثلاث في الدنيا و ثلاث في الآخرة، اما اللواتي في الدنيا فذهاب نور الوجه و انقطاع الرزق و سرعة الفناء واما اللواتي في الآخرة فغضب الرب و سوء الحساب والخلود في النار الا ان يشاء الله))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے آپ کو زنا سے بچاؤ کیونکہ زنا میں چھ تباہیاں ہیں۔ تین دنیا میں اور تین آخرت میں۔ دنیا کی تباہیاں تو یہ ہیں کہ چہرے کی رونق جاتی رہتی ہے، رزق میں تنگی آ جاتی ہے اور بہت جلد (اعضائے بدن گھل کر) بے کار ہو جاتے ہیں۔ آخرت کی تباہیاں یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ ناراض ہوگا، حساب بہت سختی سے ہو گا اور ہمیشہ دوزخ میں جلنا ہوگا مگر جب اللہ چاہے گا (زانی کو دوزخ سے نجات بخشے گا۔)"

زنا کاروں کی بدبو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :انا نائم اذا تاني رجلان فاخذ بضبعي فاخرجاني فاذاانا بقوم اشد شيء انتفاخا وانتنه ريحا كان ريحهم المراحيض ، قلت من هولاء ؟ قال هولاء الزانون والزواتي))

"حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں سو رہا تھا کہ میرے پاس دو شخص (فرشتے) آئے، انہوں نے میرے بازو سے تھاما اور مجھے باہر لے گئے۔ میں ایک ایسی قوم کے پاس پہنچا جو سب سے زیادہ پھولی ہوئی تھی اور سب سے زیادہ بدبودار تھی۔ گویا کہ ان کی بدبو گٹر ہیں۔ میں نے (ان دو فرشتوں سے) پوچھا: "یہ کون لوگ ہیں۔؟" انہوں نے کہا: "یہ زنا کار مرد اور زنا کار عورتیں ہیں۔"

زنا اور اغلام بازی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ماطفف قوم كيلا ولا بخسواميزانا الا منعهم الله القطر، ولا ظهر في قوم الزنا الا ظهر فيهم الموت، ولا ظهر في قوم عمل قوم لوط الا ظهر فيهم الخسف))

"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو قوم بھی ناپ تول میں

کمی کرتی ہے اللہ تعالیٰ ان سے بارش کو روک لیتا ہے اور جس قوم میں زنا عام ہو جائے اس میں کثرت سے موتیں ہوتی ہیں۔ جس قوم میں اغلام (لواطت) عام ہو جائے اس میں زندہ زمین میں دھنسا دیا جانا عام ہو جاتا ہے۔“

ماں باپ کو گالی دینا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من الکبائر شتم الرجل ولدیہ قیل: وھل یسب الرجل والدیہ؟ قال نعم، یسب أبا الرجل فیسب الرجل أباہ، و یسب امہ فیسب امہ))

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”کبیرہ گناہوں میں سے ایک گناہ آدمی کا اپنے ماں باپ کو گالی دینا ہے۔؟“ کہا گیا: ”کیا آدمی اپنے ماں باپ کو گالی دیتا ہے۔؟“ فرمایا: ”ہاں! جب کسی آدمی کے باپ کو گالی دیتا ہے تو وہ آدمی اس کے باپ کو گالی دیتا ہے اور جب اس کی ماں کو گالی دیتا ہے تو وہ اس کی ماں کو گالی دیتا ہے (تو حقیقت میں یہ اپنے ہی ماں باپ کو گالی دے رہا ہے کیونکہ اسی کی گالی کی وجہ سے مقابل اس کے والدین کو گالی دے رہا ہے۔)“

[صحیح بخاری، کتاب الادب، باب لایسب الرجل والدیہ: ۴۰۴/۱۰۔ صحیح مسلم، کتاب الایمان: ۳۶

سوچے سمجھے بغیر بات کہنا

((قال رسول اللہ ﷺ: ان العبد لیتکلم بالکلمۃ مایتبین فیھا یھوی بھا فی النار ابعدمابین المشرق والمغرب))

(صحیح بخاری: 148/7 وصحیح مسلم: 290/4

”رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بندہ سوچے سمجھے بغیر ایسی بات کر دیتا ہے جس کی وجہ سے مشرق ومغرب کے درمیان مسافت سے بھی زیادہ دور جہنم کی آگ میں جا گرتا ہے۔“

ستر برس کی کے لیے جہنم میں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الرجل لیتکلم بالکلمۃ من سخط اللہ لایری بھا باسا فیھوی بھا فی نار جھنم سبعین خریفا))

(سنن ابن ماجہ: 1313/2 صحیح ابن ماجہ: 58/2

”رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بندہ لاپرواہی سے اللہ تعالیٰ کو ناراض کر دینے والی بات کو معمولی جانتے ہوئے کر دیتا ہے جس کے نتیجے میں ستر برس کے لئے جہنم کی آگ میں جا گرتا ہے۔“

ایک کلمہ جہنم میں جانے کا سبب

((قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: ان العبدلیتکلم بالکلمۃ من رضوان اللہ لا یلقیٰ لھا الا یرفع اللہ بھا درجات وان العبدلیتکلم بالکلمۃ من سخط اللہ لا یلقیٰ لھا الا یھوی بھا فی جھنم))(صحیح بخاری: 185/7)

”نبی کریم ﷺ نے فرمایا: انسان لاپرواہی سے اللہ کی رضا کا ایک کلمہ بولتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کے درجات بلند فرما دیتا ہے اور کبھی انسان لاپرواہی سے اللہ کی ناراضگی کا ایک کلمہ بولتا ہے اور اس کی وجہ سے جہنم کی آگ میں

یا کرتا ہے۔"

جنت وجہنم میں جانے کے اہم ترین اسباب

((سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم عن اکثر مایدخل الناس الجنة قال: تقویٰ اللہ وحسن الخلق وسئل عن اکثر مایدخل الناس النار قال: الفم والفرج))

(سنن الترمذی: 363/4 وصحیح الترمذی: 194/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ سب سے زیادہ جنت میں داخل ہونے کا سبب کونسی چیز ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کا تقویٰ اور اچھا اخلاق۔ پھر سوال کیا گیا کہ جہنم میں داخلے کا سب سے بڑا سبب کونسی چیز ہے۔؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "زبان اور شرمگاہ۔"

حفاظت زبان وشرمگاہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احفظ مابين لحييك و جنبيك))

(الجامع: 10/1) (اسنی المطالب: ۵۲۲۳) (کشف الخفاء: 60/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کچھ تیرے دونوں جبڑوں اور پہلوؤں کے درمیان ہے (زبان اور شرمگاہ کو) محفوظ رکھو۔"

بقیۂ آبائی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احفظوني في العباس فانه بقية آبائي))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عباس میں میری آبرو کی حفاظت کرو، کیونکہ وہ میرے آباء کا بقیہ ہیں۔"

مونچھیں کٹوانے اور ڈاڑھیاں لمبی کرنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: احفوا الشوارب، واعفوا اللحى))

(ابن ماجہ: (182) (احمد: 16/2) (طبرانی فی الصغیر: 17/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مونچھیں کترواؤ اور داڑھیاں لمبی کرو۔"

فتنہ تکذیب قرآن

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اخاف على امتي تكذيباً بالقرآن))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اپنی امت کے متعلق سے فتنہ تکذیب قرآن سے ڈرتا ہوں۔"

حضرت ابراہیم نے کتنی عمر میں ختنہ کیا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اختتن ابراهيم وهو ابن ثمانين سنة بالقدوم))

(بخاری: 1704) (بیہقی: 225/8)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسی سال کی عمر میں کلہاڑی سے اپنا ختنہ کیا۔"

مہندی سے خضاب کرنے کا حکم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اختضبوا بالحناء ، فبانه طیب الریح))

(کنز العمال:(17304)(الجامع:605

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہندی سے خضاب کرو کیونکہ یہ عمدہ خوشبو ہے۔''

اختلاف امت رحمت ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اختلاف امتی رحمة))

(المغنی عن حمل الاسفار:28/1)(الاتحاف:204/1،05

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کا (فقہی) اختلاف رحمت ہے۔''

اختلاف صحابہ رحمت ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اختلاف اصحابی رحمة))

(المغنی عن حمل الاسفار:28/1)(تذکرة:(90)(ابن عساکر:85/6

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے اصحاب کا (فقہی) اختلاف رحمت ہے۔''

یہودی عیسائی اور جزیرۂ عرب

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اخرجوا الیھود والنصاری من جزیرة العرب))

(بخاری:85/4)(ابوداود:(3029)(احمد:22/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود و نصاریٰ کو جزیرہ عرب سے نکال دو۔''

ذکر خیر کے سوا بولنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اخزن لسانک الا من خیر))

(درمنثور:99/6)(تاریخ بغداد:93/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی زبان کو سوائے ذکر خیر کے محفوظ رکھو۔''

منگنی اور نکاح

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اخفوا الخطبة، واظھروا النکاح))

(کنز العمال:(44578)(بیہقی:290/7)(خطیب:37/4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منگنی کو پوشیدہ رکھو اور نکاح کا اظہار کرو۔''

حکم عمل پر حریص لیکن خود بے عمل

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اخونکم عندنا احرصکم علی عملنا))

(احمد:393/4،11

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں بڑا خائن وہ ہے جو ہمارے عمل کے حکم کرنے پر زیادہ حریص ہو (مگر خود بے عمل ہو)"

ستارے ڈوبنے کے بعد دو رکعت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ادبار النجوم الرکعتان قبل الفجر))

(کنز العمال: (4405,2930)(ترمذی: (3275)(مشکوۃ: (1186)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ستارے ڈوبنے کے بعد نماز فجر سے پہلے دو رکعات (فجر کی سنتیں) پڑھی جائیں۔"

انسان کی پامالی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ادب السوء کعرق السوء، والعرق دساس))

(الاتحاف: 348/5)(میزان: (7621)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بری خصلت بری رگ کی طرح ہے اور بری رگ انسان کو پامال کرتی ہے۔"

شبہ سے حدود ساقط

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ادفؤا الحدود بالشبہات))

(نصب الرایۃ: 333/3)(تاریخ بغداد: 303/9)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شبہ کی وجہ سے حدود کو ساکت کرو۔"

حضرت ادریس چوتھے آسمان پر

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ادریس فی السماء الرابعۃ))

(ترمذی: /296)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ادریس چوتھے آسمان پر ہیں۔"

دعا قبولیت کے یقین کے ساتھ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ادعوا اللہ وانتم موقنون بالاجابۃ))

(مشکوۃ: (2241)(الاتحاف: 39/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قبولیت کے یقین کے ساتھ اللہ سے دعا کرو۔"

شہداء کو انہی کے کپڑوں میں دفن کیا جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ادفنوھم بد مائھم وثیابھم))

247/1، والکنز 247/1

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (شہداء کو) ان کے خون اور ان کے کپڑوں میں دفن کرو۔"

حدود کو ساقط کرنے کی وجہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:ادفعوا الحدود ما و جدتم لھا مدفعاً))

(الجامع:2/1

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حدود کو دفع کرو جب تک کہ تمہارے سامنے ان کے ساقط کرنے والی وجہ ملے۔"

دو سالنوں والا برتن

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:ادمان فی اناء لا آکلہ ولا احرمہ))

(کنز العمال:(40729)(حاکم:122/4)(الاتحاف:25/7

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو سالنوں والے برتنوں کو نہ میں کھاتا ہوں نہ حرام کرتا ہوں۔"

بلی کے جوٹھے برتن کو پاک کرنے کا طریقہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:ادنی طھور الاناء اذا ولغ فیہ الھر مرۃ او مرتین))

(شرح معانی الاثار:1/

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلی کے منہ ڈالے برتن کو پاک کرنے کا ادنیٰ طریقہ ایک یا دو دفعہ دھونا ہے۔"

اموال کی زکوۃ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:ادوا زکاتکم))

(احمد:262/5)(الاتحاف:37/4

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے اموال کی زکوٰۃ ادا کرو۔"

قبضے سے پہلے طعام بیچنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:اذا بتعت طعاماً فلاتبعہ حتی تستوفیہ))

(بیہقی:312/5)(طبرانی:21/3)(کنز العمال:16

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو طعام خریدے تو اس پر قبضہ کرنے سے پہلے مت بیچ۔"

نماز جمعہ کے لیے غسل کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:اذا اتی احد کم الجمعۃ فلیغتسل))

(تلخیص:66/2(کنز العمال:(21257)(ابن عدی:83/7

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جمعہ کو جائے تو چاہیے کہ غسل کرلے۔"

نو برس کی لڑکی عورت کے حکم میں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:اذا اتی علی الجاریۃ تسع سنین، فھی امرأۃ))

(کنز العمال:375

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لڑکی جب نو برس کی ہو جائے تو وہ عورت کے حکم میں ہے۔"

معزز کی عزت کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اتاکم شریف قوم فاکرموه))

(اللآلی: 161/6) (الاتحاف: 266/6) (کنز العمال: 3694)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارے پاس کسی قوم کا معزز شخص آئے تو اس کی عزت کرو۔"

اہل خانہ کے بارے میں فراست سے کام لینے کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اتیت اهلك فاعمل عملاً کیساً))

(کنز العمال: 44852)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو اپنے اہل (عورت) کے پاس جائے تو فراست سے کام لے۔"

میت کو تین مرتبہ خوشبو لگائی جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اجمرتم المیت، فاجمروه ثلاثاً))

(احمد: 331/3) (ابن حبان: 15/5) (جمع الجوامع: 1001)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میت کو خوشبو لگاؤ تو تین دفعہ خوشبو لگایا کرو۔"

اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ قوم اور آزمائش

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا احب الله قوماً ابتلاهم))

(کنز العمال: 2812,6772) (احمد: 428/5) (الاتحاف: 147/9)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی قوم کو پسند کرتا ہے تو اس کو آزمائش میں مبتلا کرتا ہے۔"

پسندیدہ بندے پر اللہ کا خود آزمائش ڈالنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا احب الله عبداً صب علیه البلاء صباً))

(الحاکم: 340/1) (الاتحاف: 38/5، 144/9، 273/10) (کنز العمال: 6811)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو پسند کرتا ہے تو اس پر خود آزمائش ڈالتا ہے۔"

مسلمان بھائی سے اظہار محبت کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا احب احدکم اخاه، فلیعلمه انه یحبه))

(الحاکم: 171/4) (الحلیہ: 99/6) (ابن حبان: 2514)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے مسلمان بھائی سے محبت کرے تو اسے جتلا دے کہ وہ اس سے محبت کرتا ہے۔"

حق قبیلہ مضر میں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اختلف الناس، فالحق فى مضر))

(کنز العمال:(33989)(اسنی المطالب:88

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب لوگ اختلاف کریں تو حق قبیلہ مضر میں ہوگا۔"

راستے کی چوڑائی سات ہاتھ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اختلفتم فى الطريق، فقدروه سبعة اذرع))

(بخاری فی المظالم:(29)(مسلم فی المساقاۃ:(143)(ابن ماجۃ فی الاحکام:

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہیں راستے میں اختلاف ہو جائے تو راستے کی چوڑائی سات ہاتھ رکھو۔"

جمعہ کی اذان کے بعد دوسرے کام حرام ہو جاتے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اذن المؤذن فى يوم الجمعة حرم العمل))

(کنز العمال:(21101)(الجامع:4/1

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کے روز جب مؤذن اذان کہے تو دوسرے کام حرام ہو جاتے ہیں۔"

اذان ترسیل سے اور اقامت حدر سے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اذنت فترسل، واذا اقمت فاحدر))

(الجامع، رقم:(195)(بیہقی:428/1)(الحاکم:204/1)(مشکوۃ:37

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو اذان کہے تو آرام سے کہہ اور جب اقامت کہے تو جلدی کر۔"

جب اللہ کسی قوم کی بہتری چاہتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اراد الله بقوم خيراً ابتلاهم))

(جمع الجوامع:37

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ کسی قوم کی بہتری چاہتا ہے تو اسے کسی آزمائش میں مبتلا کرتا ہے۔"

نیند میں عتاب وعقاب دیکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اراد الله بعبد خيرا عاقبه فى منامه))

(کنز العمال:769

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ کسی بندے سے خیر کا ارادہ کرتا ہے تو اسے نیند میں عتاب وعقاب کرتا ہے۔"

زنا...... کسی قوم کی ہلاکت کی نشانی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اراد الله بقرية هلاكاً اظهر فيهم الزنا))

(کنز العمال:51

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب خدا کسی بستی کی ہلاکت چاہے تو ان میں زنا عام کر دیتا ہے۔"

جب اللہ کسی چیز کو پیدا کرنا چاہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اراد الله خلق شیء لم یمنعه شیء))

(مسلم فی النکاح: (133) (بیہقی: 229/7) (کنز العمال: (5/2) (درمنثور: 2670/1) (حمد 9/3، 59، 93)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ کسی چیز کو پیدا کرنا چاہے تو اسے کوئی شے روک نہیں سکتی۔"

ماں کے بعد خالہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ادفعوها يعنى البنت الى خالتها فان الخالة ام))

(کنز العمال: 14010,14007)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لڑکی کو (تربیت و پرورش کیلئے ماں کیلئے بعد) خالہ کے حوالہ کرو، کیونکہ خالہ بھی ماں ہے۔"

ہر شبہ کی وجہ سے حدود ساقط

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ادفعوا الحدود بكل شبهة))

(کنز العمال: (12974) (ترمذی: (1424)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حدود کو ہر شبہ کی وجہ سے ساقط کرو۔"

قطع ید اور ڈھال کی قیمت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ادنى ماتقطع فيه يد السارق ثمن المحجن))

(نصب الرایۃ: 356/3) (الجامع 12/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ادنیٰ درجہ جس میں چور کا ہاتھ کاٹا جائے وہ ڈھال کی قیمت ہے۔"

ایک صاع صدقہ فطر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ادوا صاعاً من طعام فى الفطر))

(الحلیہ: 262/6) (الجامع: 12/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ فطر میں ایک صاع طعام دیا کرو۔"

کب غلام کا قتل جائز ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا ابق العبد الى الشرك، فقد حل دمه))

(نسائی: 103/4) (احمد: 365/4) (بیہقی: 204/8) (مشکوۃ: (3549)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غلام جب شرک کی طرف بھاگ جائے تو اس کا قتل جائز ہے۔"

مباشرت کے وقت باپردہ رہنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اتى احدكم اهل، فليستتر))

(بیہقی:193/7)(نصب الرایۃ:246/4،7

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی کے پاس جائے تو کچھ اوڑھ لے۔"

اللہ کے دیئے ہوئے مال کا اثر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اتك الله مالا، فلیر علیك))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ تجھے مال دے تو اس کا اثر بھی تجھ پر نمایاں ہونا چاہیے۔"

قوم کے معزز کی عزت کرنے کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اتاکم کریم قوم، فاکرموه))

(بیہقی:168/8)(الحاکم:292/4)(طبرانی:70/2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارے پاس کسی قوم کا معزز شخص آئے تو اس کی عزت کرو۔"

جس سے اللہ محبت کرے اس کے گناہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا احب الله عبدا لم یضر ذنب))

(الجامع:13/1)(الاتحاف:284/2،506/8،609/9)(درمنثور:61/1

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کسی بندے سے اللہ محبت کرے تو کوئی گناہ اس کو نقصان نہیں پہنچا سکتا۔"

محبوب بندے کی آہ وزاری

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا احب الله عبدا ابتلاه، لیسمع تضرعه))

(الاتحاف:6/8

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو اسے آزمائش میں ڈالتا ہے، تاکہ اس کی آہ وزاری سنے۔"

اللہ تعالیٰ کا محبوب گھرانہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا احب الله اهل بیت ادخل علیهم الرفق))

(کنز العمال:08/12

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی گھرانے سے محبت کرتا ہے تو ان میں نرمی داخل کر دیتا ہے۔"

دیہاتی کی طرح دین پر پختہ ہونا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اختلف الزمان والا هواه ، فعلیك بدین الاعرابی))

(کنز العمال:(33988)(الجامع:2/10

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب زمانہ اور خواہشات میں بگاڑ پیدا ہو جائے تو دیہاتی کی طرح دین پر پختہ ہو جا۔"

قبیلہ مضر اور عام لوگ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:اذا اختلف الناس، فالعدل فی مضر))
(کنز العمال:(33988)(الجامع:52/10)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب لوگ مختلف ہو جائیں تو عدل قبیلہ مضر میں ہوگا۔"

خواہشات پر بھیڑ چال کے وقت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:اذا اختلفت الاهواء، فعلیك بدین العجائز))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب خواہشات پر بھیڑ چال ہو جائے تو تو بوڑھی عورتوں کی طرح دین پر پختہ ہو جا۔"

مؤذن کی تکبیر کے وقت کوئی اور نماز درست نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:اذا اخذ المؤذن فی الاقامة، فلاصلاة الا المکتوبة))
(کنز العمال:(19621)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مؤذن تکبیر کہے تو اس فرض کے سوا کوئی نماز درست نہیں۔"

جس مال سے زکوۃ ادا کی گئی ہو وہ کنز نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:اذا ادیت زکاته، فلیس بکنز))
(کنز العمال:(15898)(دارقطنی:105/2)(بیہقی:83/4)(الحاکم:390/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو نے زکوۃ ادا کر دی تو تیرا مال (ایسا) خزانہ نہیں ہے (جس پر آخرت میں سزا دی جائے)۔"

جس بستی میں اذان دی جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:اذا اذن فی قریة امنها الله من عذاب ذلك الیوم))
(الترغیب والترہیب:182/1)(کنز العمال:(20893)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کسی گاؤں میں اذان دی جائے تو اللہ تعالیٰ اس بستی کو اس دن عذاب سے بچا لیتا ہے۔"

بندے کے بارے میں اللہ کا ارادۂ خیر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:اذا اراد الله بعبد خیراً یفقهه فی الدین))
(بخاری فی العلم:(10)(مسلم فی امارۃ:(175)(ابن ماجہ فی المقدمۃ:(17)(داری فی المقدمہ:240)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کسی بندے کیلئے اللہ تعالیٰ خیر کا ارادہ کرے تو اس کو دین کی سمجھ عطاء کرتا ہے۔"

پڑوسیوں کا محبوب

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:اذا اراد الله بعبد خیراً حببه الی جیرانه))
(دیلمی:301/1،حدیث:(943)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کیلئے خیر کا ارادہ کرتا ہے تو اسے پڑوسیوں میں محبوب کر دیتا ہے۔''

جس سے لوگوں کو کام ہو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اراد الله بعبد خيراً صير حوائج الناس اليه))

(کنز العمال: (14594) (المغنی: 238/3) (الاتحاف: 17/8) (الجامع: 14/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بندے کیلئے اللہ خیر کا ارادہ کرے تو لوگوں کی حاجتیں اس کی طرف کر دیتا ہے۔''

جس قوم کو اللہ تعالیٰ باقی رکھنا چاہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اراد الله بقوم البقاء رزقهم العفاف و القصد))

(مسند الفردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی قوم کو باقی رکھنا چاہے تو ان کو پاکدامنی اور میانہ روی عطا کرتا ہے۔''

دعا وہی کرتا ہے جس کی دعا اللہ تعالیٰ قبول کرنا چاہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اراد الله ان يستجيب لعبد اذن له في الدعاء))

(کنز العمال: (3156)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی کی دعا کو قبول کرنا چاہتا ہے تو اس کو دعا کی توفیق دیتا ہے۔''

جمعہ کے دن غسل کرنے کا تاکیدی حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اراد احدكم ان ياتي الجمعة فليغتسل))

(بیہقی: 297/1) (السنۃ: 161/2) (الاتحاف: 246/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جمعہ کو آئے تو غسل کرکے آئے۔''

شادی سے پہلے بیوی کو ایک نظر دیکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اراد احدكم ان يتزوج، فليولج بصره))

(الاتحاف: 343/5) (المغنی: 40/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شادی کرنا چاہے تو (زوجہ کو) ایک نظر دیکھ لے۔''

بیٹی سے اس کی شادی کے بارے میں پوچھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اراد احدكم ان يزوج ابنته، فليستامرها))

(کنز العمال: (44652)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں کوئی اپنی بیٹی کا نکاح کرنا چاہے تو اس سے پوچھ لے۔''

ایک ہی رات میں دوبارہ بیوی سے مباشرت کرنی ہوتو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :اذا اردت ان تعود، فتوضا وضوك للصلاة))

(کنزالعمال:(44857)(النسائی فی الطہارۃ:(168)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو دوبارہ عورت سے جماع کرنا چاہے تو وضو کر لے جیسے نماز کیلئے کیا کرتا ہے۔"

مزدور کی مزدوری طے کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :اذا استا جر احد کم اجیراً، فلیعلمه اجرة))

(کشف الخفاء:103,44/2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی مزدور کو رکھے تو اس کی مزدوری طے کر دے۔"

استنجاء کے لیے تین پتھر استعمال کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :اذا استجمر احد کم، فلیستجمر ثلاثاً))

(مسلم فی الطہارۃ:(24,20)(طبرانی:338/17)(الاتحاف:342/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی پتھروں سے استنجا کرنا چاہے تو چاہیئے کہ تین پتھر استعمال کرے۔"

ظلم کرنے والا بادشاہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :اذا استشاط السلطان تسلط الشیطان))

(کنزالعمال:(14633)(احمد:226/4)(طبرانی:168/17)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بادشاہ ظلم کرتا ہے تو اس پر شیطان مسلط ہوتا ہے۔"

جہاد کے لیے پکارنے والے کی پکار

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :اذا استنفر تم فانفروا))

(بخاری:18/3و18/4و28و92،17)(مسلم فی الامارۃ:(85و86)(احمد:226/1و316و355و401/3و466/6)(داری:239/2)(بیہقی:195/5و16/9)(طبرانی:31/11و413/10)(کنزالعمال:(11270)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم سے جہاد میں نکلنے کو کہا جائے تو نکل پڑو۔"

مسلمان ہونے والا شخص اور اس کی جائیداد

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :اذا اسلم الرجل، فهوا حق بارضه وماله))

(کنزالعمال:(395)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص مسلمان ہو جائے تو وہ اپنی زمین اور مال کا زیادہ مستحق ہے۔"

یاد آنے پر وتر کی ادیگی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :اذا اصبح احد کم، ولم یوتر فلیوتر))

(ترمذی:(466)(بیہقی:378/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی نے اس حالت میں صبح کی کہ اس نے وتر نہیں پڑھے تھے تو وہ (یاد آنے پر) وتر پڑھے۔''

دوڑنے سے تھکان اتر جاتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اعيا احد كم فليهر ول ، فبانه يذهب العباء))

(کنزالعمال:(17541

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی تھک جائے تو دوڑے کیونکہ دوڑنے سے تھکان اتر جاتی ہے۔''

زکوۃ کا ثواب

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اعطيتم الزكاة، فلاتنسوا ثوابها))

(ابن عساکر:216/6)(کنزالعمال:(12241

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم زکوۃ دے دو تو اس کا ثواب مت بھولو۔''

قبضہ سے پہلے چیز بیچنے کی ممانعت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اشتريت، فلاتبعه، حتى تقبضه))

(دارقطنی:9/3)(کنزالعمال:(9455

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو کوئی چیز خریدے تو اسے مت بیچ جب تک اس پر قبضہ نہ کر لے۔''

شرمگاہ کو چھونے کے بعد ہاتھ دھونا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا افضى احد كم بيده الفرجه فليتوضا))

(بیہقی:132/1و134)(دارقطنی:147/1)(طبرانی فی الصغیر:42/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی شرمگاہ کو ہاتھ سے چھوئے تو اس کو چاہیے کہ ہاتھ دھولے۔''

کم کھانے والے کا پیٹ نور سے بھر جاتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اقل احد كم الطعم ملى جو فه نورا))

(الجامع:17/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کم کھائے تو وہ اس کا پیٹ نور سے بھرا جائے گا۔''

تکبیر کے وقت اور کوئی نماز ادا نہیں کی جاسکتی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اقيمت الصلاة، فلا صلاة الا المكتوبة))

(ابوداود:(1466)(ترمذی:(421)(نسائی:117/2)(ابن ماجہ:(1151)(احمد:455/1)(بیہقی:482/2

(ابن خزیمہ:(1123)(عبدالرزاق:(3989)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب نماز کیلئے تکبیر کہی جائے تو اس فرض نماز کے علاوہ اور کوئی نماز پڑھنا جائز نہیں۔"

کفر کا جملہ کسی ایک کی طرف لوٹ آتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اكفر احد كم اخاه، فقد باء بها احد هما))

(بخاری فی الادب: (730) (ترمذی فی الایمان: (16) (مالک فی الکلام) (احمد: 88/2، 44)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک اپنے بھائی کو کافر کہے تو ان میں سے کسی ایک پر کفر ضرور لوٹ کے رہے گا (یا وہ کافر ہو گا یا کہنے والا کافر ہو جائے گا)۔"

امام اونچی جگہ کھڑا نہ ہو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا ام الرجل القوم، فلا يقم في مكان ارفع من مقامهم))

(بخاری فی الصلاۃ: باب الامام یقوم مکانا ارفع من مکان القوم: حدیث: (598)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص جماعت کی امامت کرائے تو مقتدیوں کی جگہ سے اونچی جگہ پر کھڑا نہ ہو۔"

خون کے امین بنانے والے کو قتل کرنا جائز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا آمنك الرجل على دمه، فلاتقتله))

(ابن ماجہ: (2689) (کنز العمال: (1909) (ابن عدی: 1489/4) (الجامع: 285/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص تجھے اپنے خون کا امین بنائے تو اسے قتل مت کر۔"

انزال ہو تو غسل لازم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا انزلت الماء فلتغتسل))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تجھے انزال ہو تو غسل کر۔"

جوتے کا تسمہ ٹوٹنا بھی مصیبت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا انقطع شسع نعل احد كم فليستر جع لانها من المصائب))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے جوتے کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ "انا للہ وانا الیہ راجعون" پڑھے کیونکہ یہ مصائب سے ہے۔" (ابن عدی: 2661/7) (الجامع: 331/2)

پیشاب کرنے کے بعد کیا کرنا چاہیے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا بال احد كم، فلينتر ذكره ثلاثاً))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک پیشاب کرے تو اپنے نفس کی پیشاب والی رگ کو دبا کر تین مرتبہ جھاڑے (تا کہ پیشاب کے سارے قطرے نکل جائیں)'' (ابن ماجہ فی الطہارۃ: (19)

اپنا مال تعمیر میں لگانے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا اراد اللہ بعبد ھوانا انفق مالہ فی البنیان))

(الجامع: 69/4)(الترغیب: 3/1...)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ کسی کو بے وقعت کرنا چاہے تو وہ اپنے مال کو تعمیر پر لگا دیتا ہے۔''

پیشاب کا موقع دیکھ کر پیشاب کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا اراد احد کم ان یبول، فلیرتدلبولہ))

(احمد: 369/4)(بیہقی: 1/...94)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک پیشاب کرنا چاہے تو پیشاب کا موقع دیکھ لے۔''

سفر کا ارادہ کرنے والا دوستوں کو سلام کرے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا اراد احد کم سفراً، فلیسلم علی اخوانہ))

(الجامع: 210/3)(الاتحاف: 325/4و401/6)(کنز العمال: (17476و...7483)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک سفر کا ارادہ کرے تو اپنے احباب پر سلام کہے۔''

دنیا سے بے رغبت ہونا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا اردت ان یحبك الناس، فازھد فی الدنیا))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو چاہے کہ تجھ سے لوگ محبت کریں تو دنیا سے بے رغبت ہو جا۔''

گناہ کے بعد نیکی کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا اساء ت فاحسن))

(وابن حبان: 1/370-371: حدیث: (...25)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو گناہ کرے تو نیکی بھی کر لے (تا کہ یہ نیکی اس گناہ کو مٹا دے)''

استنجاء کے لیے طاق ڈھیلے استعمال کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا استجمر احد کم فلیوتر))

(بخاری: 315/1، حدیث: (161و316/1: حدیث: (162)(مسلم: 1/212-213، حدیث: (20و22و...4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی استنجا کیلئے ڈھیلا استعمال کرے تو طاق استعمال کرے۔''

مسلمان کو مشورہ دینا واجب ہے جب وہ مشورہ طلب کرے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا استشار احد کم اخاہ، فلیشر علیہ))

(ابن ماجہ:1233/2:حدیث:(747)(ابن کثیر:130/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی سے مشورہ طلب کرے تو وہ مشورہ دے۔"

تہجد کی نماز

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا استیقضت، فصل))

(کنز العمال:(21383)(احمد:80/3)(بیہقی:303/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو بیدار ہو نماز پڑھ۔"

ختنہ کرنا لازم ہے چہ جائیکہ آدمی عمر میں بڑا ہو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اسلم الرجل اختتن، ولو کان کبیراً))

(ابن عدی:1671/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی مسلمان ہو ختنہ کرے، اگرچہ عمر میں بڑا ہو۔"

جب نماز میں ہجوم زیادہ ہو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اشتد الزحام، فلیسجد الرجل علی ظهر اخیه))

(کامل، لابن عدی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب نماز میں ہجوم زیادہ ہو تو آدمی اپنے بھائی کی پشت پر سجدہ کر لے۔"

مشغولیت سے تھکے ماندوں کو اہل قبور کی زیارت کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اعیتکم الامور، فعلیکم باصحاب القبور، فزوروها))

(مسند الفردوس)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم کو کام تھکا دیں تو اہل قبور کی زیارت کرو۔"

غسل میں ہر عضو کو تین مرتبہ دھونے کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اغتسل احد کم، فیغسل کل عضو ثلاث مرات))

(تاریخ اصفہان:79/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب ایک آدمی غسل کرے تو ہر ایک عضو کو تین مرتبہ دھوئے۔"

بوقت ولادت رونے یا حرکت کرنے والے بچے کی نماز جنازہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا استهل الصبی صلی علیه، ورث))

(ابن ماجہ:(2750)(حاکم:349/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بوقت ولادت جب بچہ روئے اور فوت ہو جائے تو اس پر نماز جنازہ پڑھی جائے اور وہ وارث ہوگا۔"

تکبیر کے وقت کب کھڑا ہوا جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اقیمت الصلاۃ، فلا تقوموا حتی ترونی))

(بخاری فی الجمعۃ: 180، والاذان: (23,22) (مسلم فی المساجد: (156-160)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اے صحابیو!) جب نماز کی اقامت کہی جائے تو تم مت کھڑے ہوا کرو یہاں تک کہ مجھے (حی علی الفلاح کے وقت کھڑا ہوتا) دیکھ لو۔''

امام کو نماز مختصر پڑھانے کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا اممت قوماً، فاخف بهم الصلاۃ))

(بیہقی: 116/3) (ابن ماجہ: (988) (احمد: 22/4) (مشکوۃ: (1134)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو کسی قوم کی امامت کرے تو ان کیلئے نماز کو ہلکا رکھ۔''

اللہ تعالیٰ کی نعمت کا اثر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا انعم الله علی عبد نعمة احب ان تری علیه))

(الاتحاف: 180/4) (المغنی: 329/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے پر نعمت کا فضل کرتا ہے تو پسند کرتا ہے کہ اس پر اس نعمت کا اثر دیکھا جائے۔''

جب دو ولی نکاح کر دیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا انکح الولیان، فالا ول احق))

(کنز العمال: (44674) (احمد: 149/4) (الحاکم: 175/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب دو ولی نکاح پڑھا دیں تو پہلا نکاح پڑھانے والا زیادہ حقدار ہے۔''

عضو تناسل کو پیشاب کرنے کے بعد تین مرتبہ سونتنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا بال احد کم، فلیمسح ذکرہ ثلاثاً))

(جمع الجوامع: (1438)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی پیشاب کرے تو چاہیے کہ اپنے ذکر کو تین دفعہ پونچھے۔''

بیع کرنے والا کیا کہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا بایعت، فقل: لا خلابة))

(بخاری: 86/3، 157، 159) (مسلم فی البیوع: (48) (ابوداؤد: (3500)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو بیع کرے تو یہ کہہ دیا کر کہ دھوکا نہیں چلے گا۔''

جنازہ رکھنے سے پہلے بیٹھنا منع ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا تبعتم الجنازة ، فلا تجلسوا حتی توضع))
(ابوداؤد:(3173)(احمد:38/3)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم جنازہ کے ساتھ چلو تو جنازہ رکھنے سے پہلے مت بیٹھو۔"

باکرہ بیوی کے پاس سات دن رہنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا تزوج البکر علی الثیب اقام عندها سبعاً))
(بخاری فی النکاح:(100و101)(مسلم فی الرضاع:(43-45)(ابوداؤد:(2124)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شادی شدہ کے بعد کنواری سے نکاح کرے تو سات روز کنواری کے پاس رہے۔"

مالک کی اجازت کے بغیر نکاح کرنے والا غلام

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا تزوج العبد بغیر اذن سیده کان عاهراً))
(کنز العمال:(44757)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب غلام اپنے مالک کے بغیر اجازت نکاح کرے تو زانی ہوگا۔"

اللہ تعالیٰ سے بہت زیادہ تمنائیں کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذاتمنی احد کم فلیکثر ، فبانما یسال ربه))
(کنز العمال:(3177)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم سے کوئی تمنی کرے تو بہت کرے کیونکہ وہ اپنے رب سے دعا کرتا ہے۔"

کوئی چیز لے تو مالک کو دکھادے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا تناول احد کم عن اخیه شیئا، فلیره ایاه))
(الجامع:19/1)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک اپنے بھائی کی کوئی چیز لے تو اس کو دکھادے۔"

وضو کرنے کے بعد کا وقت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذاتوضا احد کم فهو فی صلاة مالم یحدث))
(بخاری فی الوضوء:(34)(مسلم فی المساجد:(274)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک وضو کرے تو جب تک بے وضو نہ ہو وہ نماز (کے حکم) میں ہے۔"

وضو میں انگلیوں کا خلال

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا توضات فخلل الا صابع))(دارمی:179/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو وضو کرے تو انگلیوں کا خلال کر۔''

وضو کے وقت ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذا توضات فخلل اصابع یدیك ورجلیك))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو وضو کرے تو ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کر۔'' (سنن ترمذی)

عمداً قتل کرنے والے کی توبہ قبول نہیں ہوتی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لیس لقاتل توبة))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قاتل کی توبہ قبول نہیں۔'' (ابن عدی: 2627/7)

مومن کے لیے سب سے بہتر چیز

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لیس للمومن شیء احسن من حسن الخلق))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کیلئے خلق حسن سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے۔''

نماز جنازہ میں عورتیں شامل نہیں ہوسکتیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لیس للنساء فی الجنازة نصیب))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنازہ کی نماز میں عورتوں کا شامل ہونا درست نہیں ہے۔'' (الجامع: 13/3)

جوان اجنبی عورت کو سلام کہنا یا اس کے سلام کا جواب دینا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لیس للنساء سلام ولا علیهن سلام))
(الجامع: 15/2)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کو سلام کہنا درست ہے اور نہ اس کا جواب دینا درست ہے۔''

ولد الزنا پر اس کے والدین کے گناہ کا کوئی حصہ نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لیس علی ولد الزنا من وزر ابویه شیءٌ))
(مستدرک حا
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ولد الزنا پر اس کے والدین کے گناہ کرنے سے کوئی گناہ نہیں آتا۔''

جنت میں دنیا کے صرف نام ہوں گے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لیس فی الجنة شیء مما فی الدنیا الا الاسماء))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں دنیا کی کوئی چیز نہیں مگر صرف نام۔''
(کنز العمال: (39237) (الجامع: 14/2

غیر تجارتی اسباب پر زکوۃ نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لیس فی العروض زکوة الا ما کان للتجارة))

(ترمذی فی الزکاۃ:10)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اسباب تجارتی نہیں اس میں زکوٰۃ نہیں (تجارتی مال میں بعد نصاب زکوٰۃ لازم ہے)۔"

مال پر سال گزرنے پر زکوۃ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليس في المال زكاة حتى يحول عليه الحول))

(بیہقی:103/4)(الجامع:114/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک مال پر سال نہ گزرے اس پر زکوٰۃ لازم نہیں۔"

مال پر بس حقِ شرع زکوۃ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليس في المال حق سوى الزكاة))

(الجامع:114/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مال پر سوائے زکوٰۃ کے کوئی حق لازم نہیں۔"

مذی کے خروج پر فقط وضو لازم آتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليس في المذى الا الوضوء))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مذی کے خروج سے صرف وضو لازم ہے۔"

منافع کے مال پر کب زکوۃ لاگو ہوگی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليس في مال المستفيد زكاة حتى يحول عليه الحول))(كنز العمال:(15859)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منافع کے مال میں زکوٰۃ نہیں ہے جب تک کہ اس پر سال نہ گزر جائے۔"

عضو مخصوص کو چھونے سے وضو لازم نہیں آتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليس في مس الذكر وضوء انما هو منك))

(ابوداود فی الطہارۃ:(70)(ترمذی فی الطہارۃ:(62)(نسائی فی الطہارۃ:(118)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عضو مخصوص کو چھونے سے وضو لازم نہیں آتا، وہ بھی تیرے جسم کا ایک حصہ ہے۔"

قرض کا علاج

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليس للدين دواء الا القجاء والوفاء والحمد))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرضہ کا کوئی علاج نہیں سوائے ادا کرنے اور وفا کرنے اور شکر گزاری کرنے کے۔"

فاسق کی غیبت گناہ نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليس للفاسق غيبة))

(طبرانی:418/19)(الجامع:114/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فاسق کی غیبت میں گناہ نہیں۔''

قاتل کے لیے وصیت جائز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس لقاتل وصية))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قاتل کیلئے وصیت جائز نہیں۔'' (تلخیص: 92/3)

مومن اور دیدارِ الٰہی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس للمومن راحة دون لقاء ربه))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کیلئے دیدار الٰہی کے سوا کوئی راحت نہیں۔'' (کنز العمال: 42137)

عورتیں اگر نماز جنازہ پڑھیں تو ان کو کوئی اجر نہیں ملے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس للنساء في تباع الجنائز اجر))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کو جنازہ پڑھنے میں کوئی ثواب نہیں ہے۔'' (الجامع: 115,114/2)

عورتوں کے لیے راستے کے درمیان چلنا منع ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس للنساء وسط الطريق))
(کنز العمال: 45063)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کیلئے راستے کے وسط میں چلنا جائز نہیں۔''

ہوا خارج ہونے پر استنجا لازم نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس منا من استنجى من الريح))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہوا خارج ہونے پر استنجا کیا وہ ہم سے نہیں۔

غیر کا طریقہ اپنانے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس منا من عمل بسنة غيرنا))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے غیر کا طریقہ اپنایا وہ ہم سے نہیں۔'' (کنز العمال: 1097)

کس عورت کا دین اسلام سے کوئی تعلق نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس منا من صلق، ولا حلق، ولا خرق))
(نسائی: 20/4) (مسلم فی الایمان: 167)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس عورت نے آواز بلند کی یا سر منڈایا یا کپڑے پھاڑے وہ ہم سے نہیں۔''

مسلمان کو دھوکا دینے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس منا من غش مسلماً، او ضره، او ماكره))
(الجامع: 116/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مسلمان کو دھوکہ دیا یا نقصان پہنچایا اس کو فریب کیا وہ ہم سے نہیں۔"

چھوٹے پر رحم اور بڑے کا شرف

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:لیس منا من لم یرحم صغیرنا، ویعرف شرف کبیرنا))
(الحاکم:62/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہمارے چھوٹے پر رحم نہ کیا اور بڑے کی بڑائی نہ پہچانی وہ ہم سے نہیں۔"

چھوٹے پر رحم اور بڑے کی تعظیم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:لیس منا من لم یوقر کبیرنا، ویرحم صغیرنا))
(احمد:257/1)(الجامع:116/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہمارے بڑے کی تعظیم نہ کی اور چھوٹے پر رحم نہ کیا وہ ہم سے نہیں۔"

قیدی حاملہ عورت سے وطی حرام ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس منا من وطی ء حبلی، ای:من السبی))
(جامع:300-299/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قیدوالی حاملہ عورت سے صحبت کی وہ ہم سے نہیں۔"

کن لوگوں کا تعلق رسول اللہ سے نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:لیس منی ذوحسد، ولا نمیمة، ولا کھانة))
(معجم للطبرانی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسد کرنے والا چغلخور اور کاہن مجھ سے نہیں۔"

اہل بدعت حضور کی امت سے نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس من امتی اصحاب البدع))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدعتی لوگ میری امت سے نہیں ہیں۔"

سفر میں روزہ رکھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:لیس من البر الصیام فی السفر))
(بوداود فی الصیام:(43)(النسائی:176/4,177)(ترمذی:(710)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سفر میں روزہ رکھنا نیکی نہیں ہے (فرض تو ادا ہوگا مگر ثواب نہیں ملے گا)"

میدان میں نماز پڑھتے سترہ کھڑا کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:لیستتر احد کم فی صلاته ولو بسهم))
(بیہقی:270/2)(طبرانی:134/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز پڑھتے وقت سترہ کرلیا کرو، اگرچہ تیر سے کیوں نہ ہو۔''

اپنے محلے کی مسجد میں نماز ادا کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليصل احد كم في مسجده، ولا يتبع المساجد))

3-23/2:الجامع)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چاہیے کہ اپنی مسجد میں نماز پڑھ لے اور مسجدوں کی تلاش نہ کرتا پھرے۔''

مصائب پر صبر کرنے کی وصیت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليغر المسلمين في مصائبهم المصيبة بي))

17/2:الجامع)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں کو چاہیے کہ اپنی مصائب میں صبر کریں میری مصیبت کو دیکھ کر۔''

دجال سے بھاگنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليفرن الناس من الدجال في الجبال))

25:(مسلم فی الفتن)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ دجال سے پہاڑوں کی طرف بھاگیں گے۔''

دنیا میں سواری اور خادم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليكف احد كم من الدنيا خادم و مركب))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے لئے دنیا میں سے سواری اور خادم کافی ہیں۔''

ولیمہ کرنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليو لم احد كم، ولو بشاة))

(بخاری فی البیوع)(مسلم فی النکاح:(1,80,79

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک ولیمہ کرلے! چاہے ایک ہی بکری سے ہو۔''

ملاوٹ کرنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس منا من غش))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ملاوٹ کی وہ ہم سے نہیں۔''(الجامع:116/2)

فراخی کے باوجود اہل وعیال پر تنگی کرنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس منا من وسع الله عليه، ثم قتر على عباله))

(کنز العمال:(44950)(الجامع:16/5

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس پر اللہ نے فراخی کی اور اس نے اپنے عیال پر تنگی کی وہ ہم سے نہیں۔"

معیار فضیلت دینداری یا عمل صالح

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليس لا حد فضل على احد الا بدين او عمل صالح))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کو دوسرے پر دینداری یا عمل صالح بغیر فضیلت نہیں۔"

چلتے اِدھر اُدھر دیکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليس من المروة الالتفات فى الطريق))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: راستے پر چلتے ادھر ادھر دیکھنا مروت نہیں ہے۔"

مردے کو کون غسل دے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليغسل موتاكم المامونون))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے مُردوں کو امن والے لوگ غسل دیا کریں۔" (الجامع:117/2)

باب لد اور دجال کا قتل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليقتلن الدجال بباب لد))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دروازہ لد پر دجال کو قتل کیا جائے گا۔" (کنز العمال:(38849)

سوار کا توشہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليكف الرجل منكم كزاد الراكب))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے ہر ایک آدمی کیلئے اتنا توشہ کافی ہے جتنا ایک سوار کیلئے۔"

قدر کس رات ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليلة القدر ليلة سبع و عشرين))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لیلۃ القدر ستائیسویں رات کو ہوتی ہے۔"

لیلۃ القدر کی پہچان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليلة القدر ليلة سمحة طلقة، لا حارة ولا باردة))

(کنز العمال:(24052)(الجامع:117/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لیلۃ القدر کی رات عمدہ مرغوب رات ہوتی ہے۔ نہ گرم ہوتی ہے نہ ٹھنڈی۔"

مؤذن و امام کون بنے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليؤذن لكم خياركم، و ليؤ مكم اقرو كم))

(ابن ماجہ:(726)(الجامع:111/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے نیک آدمی اذان دیا کرے اور تمہارا بڑا قاری امام ہوا کرے۔"

خواب میں دودھ دیکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللبن فى المنام فطرة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خواب میں دودھ دیکھنا اسلام ہے۔'' (الجامع: 118/2)

لحد اہل اسلام کی علامت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللحد لنا والشق لغيرنا))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لحد ہمارے لئے ہے اور شق غیروں کیلئے۔'' (صحیح الجامع: 5489)

چالیس دن میں ایک دفعہ گوشت کھانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللحم ينبت اللحم، ومن تركه اربعين يوماً ساء خلقه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گوشت سے گوشت پیدا ہوتا ہے۔ جس نے چالیس دن تک گوشت چھوڑا اس کی طبیعت بگڑ جائے گی۔''

نماز عصر قضا ہونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الذى تفوته صلاة العصر، فكانما وتر اهله وماله))

(بخاری فی المواقیت: (14) (مسلم فی المساجد: (1,200

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی نماز عصر فوت ہوئی اس کا گویا مال اور اہل بچھڑ گیا۔''

عورت کی دبر میں جماع کرنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الذى ياتى المراة فى دبرها لا ينظر الله اليه))

(ابن ماجۃ فی النکاح: (29) (ترمذی فی الرضا: (65

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص عورت کی دبر میں جماع کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی طرف نہیں دیکھے گا۔''

خود کو پھانسی دینے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الذى يخنق نفسه يخنقها فى النار))

(احمد: 35/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص پھانسی سے خودکشی کرے وہ آگ میں ہمیشہ پھانسی سے خودکشی کرتا رہے گا۔''

قاضی...... مشکل ترین منصب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الذى يلى القضاء يذبح نفسه بغير سكين))

(ابوداود فی الاقضیہ: 1) (ترمذی: (325

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص قاضی بنتا ہے وہ گویا خود کو بغیر چھری کے ذبح کرتا ہے۔''

گری ہوئی چیز

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اللقطة مال الله یوتیه من یشاء))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پائی ہوئی چیز اللہ تعالیٰ کا مال ہے وہ جسے چاہتا ہے اسے دیتا ہے۔"

اللوطیۃ الصغریٰ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اللوطیة الصغری اتیان الرجل امراته فی دبرها))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چھوٹی لواطت یہ ہے کہ شخص اپنی عورت سے دبر میں جمع کرے۔"

اختیارِ طلاق خاوند کو ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الذی بیده عقدة النکاح الزوج))
(الجامع: 320/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طلاق کا اختیار خاوند کے ہاتھ میں ہے۔"

سونے سے پہلے وتر پڑھنے والا محتاط ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الذی لا ینام حتی یوتر حازم))
(الجامع: 118/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سونے سے پہلے وتر پڑھتا ہے وہ محتاط ہے۔"

ازواج النبی کو اچھائی سے یاد کرنے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الذی یحافظ علی ازواجی الصادق البار))
(کنز العمال: 34398)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص میری ازواج کی حفاظت کرے گا وہ صادق اور نیک ہے۔"

سلام میں ابتداء کرنے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الذی یبدأ بالسلام اولی بالله ورسوله))
(کنز العمال: 25281)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سلام میں پہل کرتا ہے وہ اللہ اور رسول کا زیادہ قریبی ہے۔"

کبوتر بازی سے فقیری پھیلتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اللعب بالحمام یورث الفقر))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کبوتروں کے ساتھ کھیلنا فقیری پیدا کرتا ہے۔"

لمم شرک کا کم ترین درجہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اللمم کل شیء دون الشرك))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شرک کے کم درجہ کو کم کہتے ہیں۔''

رات اللہ کی بڑی مخلوق ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الليل خلق من خلق الله عظيم))

(بیہقی)(الجامع:118/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے ایک بڑی مخلوق ہے۔''

دریا کا پانی پاک ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماء البحر طهور))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دریا کا پانی پاک ہے۔''(مستدرک حاکم)

زمزم کے پانی کی فضیلت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماء زمزم لما شرب له))

(احمد:357/3)(الجامع:119/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمزم کا پانی جس مقصد کیلئے پیا گیا وہی فائدہ دے گا۔''

زندہ سے جدا ہونے والا حصہ مردار ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما ابين من الحى فهو ميت))

(احمد:218/5)(ترمذی:(1480)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو حصہ زندہ سے جدا کر لیا گیا وہ مردار ہے۔''

اللہ کے بندے سے محبت کرنے کی جزاء

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما احب عبد عبدالله الا اكرمه ربه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ اللہ تعالیٰ کے بندے سے محبت کرے، اللہ تعالیٰ اس کی عزت کرتا ہے۔''

بدعت وسنت متضاد ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما احدث قوم بدعة الا رفع مثلها من السنة))

(الجامع:188/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے بدعت پیدا کی اس سے اتنی سنت اٹھالی جائے گی۔''

پوشیدگی سے نماز پڑھنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مااحد من امتى يصلى فى السر الابرأه من النفاق))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کا جو شخص پوشیدگی میں نماز پڑھے اللہ اس کو نفاق سے بری کر دے گا۔''

ضعفِ یقین اور یہ امت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما خاف على امتى الا ضعف اليقين))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اپنی امت پر ضعفِ یقین کا اندیشہ کرتا ہوں۔" (الجامع: 108/1)

زندہ جانور سے کاٹا گیا عضو مردار ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مااخذ من البهيمة وهى حية فهو ميتة))
(کنزالعمال: (41719)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زندہ جانور سے جو عضو کاٹ لیا جائے وہ عضو مردار ہے۔"

مقام سیدنا جعفر بن ابی طالب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماادرى انا يقدوم جعفر ام بفتح خيبر اسر))
(طبرانی فی الصغیر: 19/1)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نہیں جانتا کہ حضرت جعفر کے آنے سے زیادہ خوش ہوں یا فتح خیبر سے۔"

قیامت کا قریب ہونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما ارى الا مر الا اعجل من ذلك))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں قیامت کو بہت جلد واقع ہونے والا دیکھتا ہوں۔" (ترمذی: رقم: (2335)

رزق کی بے عزتی کرنے والی قوم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما استخف قوم بحق الخبز الا ابتلاهم الله بالجوع))
(الاتحاف: 220/5)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے رزق کی بے عزتی کی اللہ تعالیٰ نے اس کو بھوک میں مبتلا کیا ہے۔"

قوم کا فرزندان کا وارث

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما استلحق قوم رجلاً اِلّا ورثهم))
(الجامع: 227/4)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے کسی شخص کو اپنا فرزند مان لیا وہ ان کا وارث ہوگیا۔"

جس کا کثیر نشہ دے اسکا قلیل بھی حرام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اسكر كثيره، فقليله حرام))
(ترمذی: (1865)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس چیز کی کثیر مقدار نشہ دیتی ہو اس کا قلیل حصہ بھی حرام ہے۔"

زمزم میں ہر بیماری کی شفاء ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ماء زمزم شفاء من کل داء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمزم کا پانی ہر بیماری کیلئے شفاء ہے۔''(الجامع:119/2)

قرآن مجید کے حرام کو حلال سمجھنے والا مسلمان نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما آمن بالقرآن من استحل محارمه))

(الجامع:18

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن کے حرام کو حلال سمجھا وہ قرآن پر ایمان نہیں لایا۔''

بیت اللہ یا حطیم میں نماز پڑھنا جائز ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما ابالی صلیت فی الحجر، او فی البیت))

(الجامع:47/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کوئی حرج نہیں سمجھتا کہ حطیم میں نماز پڑھوں یا بیت اللہ میں۔''

غلے کا تاجر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما اتجر انسان فی الطعام الا فسدت نیته للناس))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان جب غلے کی تجارت کرتا ہے تو اس کی نیت لوگوں کے حق میں فساد والی ہو جاتی ہے (اس کو روک کر مہنگے دام فروخت کرنا چاہتا ہے۔)''

دنیاوی زندگی کی دو چیزیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما احببت من عیش الدنیا الا الطیب والنساء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیاوی زندگی میں مجھے دو چیزیں پسند ہیں۔ ازواج اور خوشبو۔''

سود کھانے والا بالآخر کنگال ہو جائے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما احد اکثر من الربا الا کان عاقبة امره الی قلة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص زیادہ سود کھائے وہ بالآخر کنگال ہو جائے گا۔''(الجامع:120/2)

جس حلال چیز پر اللہ کو غصہ آتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما احل الله شیئاً ابغض الیه من الطلاق))

(حاکم:96/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی حلال کردہ اشیاء میں سے جس کے استعمال پر سب سے زیادہ اللہ کو غصہ ہے وہ طلاق ہے۔''

نبی کے بعد اختلاف کرنے والی امت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما اختلفت امة بعد نبیها الا ظهر باطلها علی حقها))
(الجامع: 120/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے نبی کے بعد جو امت اختلاف کرتی ہے ان میں باطل حق پر غالب آ جاتا ہے۔"

امام مقتدیوں کو کافی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما اری الا مام اذا ام القوم الا قد کفاهم))
(نسائی فی الافتاح: (30) (کنز العمال: (22955)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کہتا ہوں کہ جب جماعت کا امام ہو تو وہ ان کیلئے کافی ہے۔"

زنا کار قوم مفلس ہو جاتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما استحل قوم الزنا الا ضربهم الله بالفقر))
(مسند فردوس: 354/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو قوم زنا کو حلال جانے اللہ اس کو مفلس کر دیتا ہے۔"

علم دین سے محروم ہونے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما اترذل الله عبد الا حرمه العلم))
((کنز العمال: (28928,28807) (الجامع: 121/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس بندے کو اللہ ذلیل کرے اسے علم دین سے محروم کر دیتا ہے۔"

ٹخنوں سے نیچے رہنے والی شلوار

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما اسفل الکعبین من الازار ففی النار))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قدر شلوار ٹخنے سے نیچے ہو وہ حصہ آگ میں جلے گا۔"

خلافِ طبع امر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما اصاب المومن مما یکره، فهو مصیبة))
(الجامع: 331/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کو جو خلاف طبع امر پیش آئے وہ اس کیلئے مصیبت ہے۔"

صدق دل سے استغفار کرنے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما اصر من استغفر، وان عاد فی الیوم سبعین مرة))
(ترمذی: (3559)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (صدق نیت سے) استغفار کرنے والے نے گناہ پر اصرار نہیں کیا گو ستر بار دن

میں گناہ میں لوٹا ہو۔"

صبر کا عطیہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اعطى احد عطاء هو خير و اوسع من الصبر))
(بخاری:152/2)(مسلم فی الزکوۃ:124

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کو صبر سے زیادہ بہتر اور وسیع عطیہ عطا نہیں کیا گیا۔"

خاندان کی نرمی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اعطى اهل بيت الرفق الانفعهم))
(الصحیحۃ:942

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس خاندان کو نرمی دی گئی اس کو نرمی سے فائدہ پہنچا ہے۔"

عمدہ یقین اور عافیت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اعطى عبد افضل من حسن اليقين و العافية))
(کنز العمال:929

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کو عمدہ یقین اور عافیت سے بہتر کوئی چیز نہیں دی گئی۔"

امت مسلمہ کا یقین

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اعطيت امة من اليقين ما اعطيت امتى))
(کنز العمال:(34483)(الجامع:121/2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی امت کو میری امت جیسا یقین نہیں دیا گیا۔"

علم کے سبب کبھی ذلت نہیں ملتی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اعز الله بجهل قط، ولا اذل بعلم قط))
(کنز العمال:(5830)(الکشف:250/2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہل کے سبب اللہ نے کبھی عزت نہیں دی اور علم کے سبب کبھی ذلت نہیں دی۔"

جس گھر میں سرکہ ہو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اقفر بيت من ادم فيه خل))
(کنز العمال:(41013)(ترمذی:1841

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں سرکہ ہو وہ بغیر سالن کے نہیں ہے۔"

کسی کی طرف کفر کی نسبت کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اكفر رجل رجلاً الا با بها احد هما))

(الجامع:121/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی کی کفر کی نسبت کرتا ہے تو وہ کفر کسی ایک کی طرف لوٹ جاتا ہے۔"

پختہ مساجد

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما امرت بتشیید المساجد))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے پختہ مساجد بنانے کا حکم نہیں دیا گیا۔" (الجامع:122/2)

بادشاہ سے نا ملائم سلوک

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماانکرتم من سلطانکم فیما نقضتم من اعمالکم))

(مسند فردوس:390/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو نا ملائم سلوک تم نے بادشاہ سے دیکھے وہ اپنی عملی کوتاہی کے سبب سے دیکھے۔"

حضور کو اللہ کے راستے میں دی جانے والی اذیتیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما اوذی احد ما اوذیت))

(کنزالعمال:(3216,5817,3261)(الجامع:122/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تکلیف مجھ کو پہنچائی گئی ہے وہ کسی کو نہیں پہنچائی گئی۔"

آسمان والوں کے امام حضرت میکائیل ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مؤذن اهل السموات جبریل ، واما مهم میکائیل))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آسمان والوں کا موذن جبرئیل ہے اور ان کا امام میکائیل ہے۔"

باپ کی طرف تیز اور غضبناک نگاہ سے دیکھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما بر اباہ من شدا لیه الطرف بالغضب))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے باپ کی طرف تیز اور غضبناک نگاہ سے دیکھا اس نے تابعداری نہیں کی۔" (الجامع:147/8)

ہر نبی نے بکریاں چرائیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما بعث اللہ نبیا الا راعی غنم))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے جس نبی کو بھیجا اس نے بکریاں چرائی تھیں۔"

جس مال سے زکوۃ ادا کردی گئی وہ آخرت میں وبال نہیں ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مابلغ ان تودی زکاته فزکی فلیس بکنز))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز مقدار زکوۃ کو پہنچی اور تو نے اس کی زکوۃ ادا کردی تو وہ ایسا خزانہ نہیں ہے (جس سے جہنم میں چہرہ اور پہلو داغے جائیں)۔"

ریاض الجنۃ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مابین بیتی ومنبری روضۃ من ریاض الجنۃ))
(بخاری:77/2, 29/3, 151/8, 129/9)(مسلم فی الحج:502,500)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے گھر اور منبر کے درمیان کا حصہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔''

مرد کی ستر

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مابین السرۃ والرکبۃ عورۃ))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زانو اور ناف کے درمیان کا جسم پردہ کی جگہ ہے۔''

قیامت کے دو نفخوں کے درمیان فاصلہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مابین النفختین اربعون))
(بخاری:208,158/6)(مسلم فی الفتن:141)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (قیامت کے) دو نفخوں کے درمیان چالیس برس کا فاصلہ ہوگا۔''

زہد کی زینت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماتزین الابرار فی الدنیا بمثل الزھد فی الدنیا))
(الجامع:286/10)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک لوگ دنیا میں ترک دنیا سے بہتر زینت سے مزین نہیں ہوئے۔''

محکمہ زکوۃ کا ملازم اور مال زکوۃ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما اصاب العامل سوی رزقہ فھو غلول))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زکوۃ کے کارندہ نے اپنی تنخواہ کے سوا جو کچھ جمع کیا وہ خیانت ہے۔''

حلم وعلم کا ملاپ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماأضیف شیء الی شیء افضل من حلم الی علم))
(کنز العمال:5829)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسی کوئی چیز نہیں جو دوسری سے ملائی گئی ہو جو حلم کو علم سے ملانے سے افضل ہو۔''

تیز زبانی بُری چیز ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما اعطی عبد شیئاً شراً من طلاقۃ فی لسانہ))
(الاتحاف:467/7)(قرطبی:281/12)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کو جو بری چیز دی گئی ہے وہ تیز زبانی ہے۔''

بیوی کو جو کچھ دیا جائے وہ صدقہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اعطى الرجل امراته، فهو صدقة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مرد جو کچھ اپنی عورت کو دے وہ صدقہ ہے۔" (الصحیحۃ: 1024)

حضور اللہ تعالیٰ کی طرف سے تقسیم کار ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اعطيكم ولا امنعكم ، انا قاسم اضع حيث امرت))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں خود نہ تم کو دیتا ہوں نہ محروم کرتا ہوں۔ تقسیم کرنے والا ہوں اس کو دیتا ہوں جہاں کا حکم دیا جاتا ہوں۔"

عیالدار کی خوشحالی مشکل ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما افلح صاحب عيال قط))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عیالدار کبھی خوشحالی نہیں پاتا۔" (الاتحاف: 319/5) (لسان: 574/1)

حاجی کبھی محتاج نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما امعر حاج قط))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حاجی شخص کبھی محتاج نہیں ہوگا۔" (الجامع: 122/2)

ہر بیماری کی دوا و شفاء ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما انزل الله داء الا انزل له شفاء))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے ہر مرض کیلئے شفا بھیجی ہے۔" (بخاری: 168,253/4)

اللہ کے راستے میں بے شمار اذیت برداشت کرنے والے نبی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اوذى احد ما اوذيت في الله))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جو مجھے تکلیف دی گئی ہے وہ کسی کو نہیں دی گئی۔"

مسلمان بھائی کو ایذا نہ دی جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما بال احد كم يوذى اخاه بالامر، وان كان حقاً))

(مسند الفردوس)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی کیلئے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی کو ایذا دے اگرچہ حق کا کام ہو۔"

نبی اپنی قوم کی زبان میں آتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما بعث الله نبياً الا بلغة قومه))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے ہر نبی کو اس کی اپنی قوم کی زبان میں بھیجا ہے۔"

کتنی رقم کی چوری پر ہاتھ کاٹا جائے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما بلغ ثمن المحجن قطعت ید صاحبہ))

(کنز العمال:(40556)(عبدالرزق:(8597

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چوری جب ڈھال و سپر کی قیمت کو پہنچ جائے تو چور کا ہاتھ کاٹا جائے گا۔''

ملتزم کا محل وقوع

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مابین الرکن والباب ملتزم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دروازے اور حجر اسود کے کونہ کے درمیان تک ملتزم ہے۔''(الجامع:246/3)

جنت کے دو پٹوں کا درمیانی فاصلہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مابین مصراعی الجنۃ مسیرۃ اربعین سنۃ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کے دو پٹوں کے درمیان چالیس سال کا فاصلہ ہے۔

فتنۃ النساء

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما ترکت یعدی فتنۃ اجر علی الرجال من النساء))

(بخاری:11/7)(مسلم فی الذکر والدعاء:(98,97

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنے بعد عورتوں سے زیادہ فتنہ لوگوں میں نہیں دیکھا۔''

باہمی مشاورت کرنے والی قوم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماتشاور قوم الا ھدوا))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے باہمی مشورہ کیا اس نے فلاح پائی۔''(ابن جریر)

فرشتے کس کھیل میں شامل ہوتے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماتشھد الملائکۃ من لھوکم الاالرھان والنضال))

(کنز العمال:(40615

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گھوڑ دوڑ اور تیر اندازی کے سوا فرشتے تمہارے کسی کھیل میں حاضر نہیں ہوتے۔''

جہاد چھوڑنے والی قوم کا انجام

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما ترک قوم الجھاد الا عمھم اللہ بعذاب))

(الجامع:284/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے جہاد چھوڑ دیا اللہ تعالیٰ اس کو عذاب میں مبتلا رکھتا ہے۔''

جس سے زکوۃ ادا کی جائے وہ مال کبھی ضائع نہ ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما تلف مال فی بر ولا بحر الا بحبس الزکاۃ))

(معجم طبرانی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خشکی اور تری میں مال ضائع نہ ہوگا مگر جس مال کی زکوٰۃ نہیں دی گئی۔"

وضو کی ابتداء میں بسم اللہ نہ پڑھنے کا وبال

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما توضا من لم یذکر اسم اللہ علیہ))

(میزان:(8370)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے وضو کرتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام نہیں لیا اس نے (ثواب کے اعتبار سے ل) وضو نہیں کیا۔"

ہر ولی سخی اور حسن خلق کا مالک ہوتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماجعل اللہ ولیا الا علی السخاء وحسن الخلق))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے ہر ولی کو سخی اور خوش خلق پیدا کیا ہے۔"

یہود کا سلام پر حسد

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما حسدتکم الیہود علی شیء ما حسد تکم علی السلام))

(سنن ابن ماجہ:(856)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود نے کسی چیز پر تم سے حسد نہیں کیا جتنا کہ تم سے سلام پر حسد کیا ہے۔"

عقل معزز ترین چیز

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما خلق اللہ خلقاً اکرم علیہ من العقل))

(الاتحاف:141/7,461/1)(مغنی:16/3,85/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے کوئی چیز عقل سے زیادہ عمدہ اور معزز پیدا نہیں کی۔"

ایمان محکم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مارزق عبد شیئاً، افضل من ایمان صلب))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کو ایمان محکم سے زیادہ کوئی عمدہ چیز نہیں دی گئی۔"

قبر کی گھبراہٹ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما رایت منظراً قط الا والقبر افضع منہ))

(ترمذی:(2308)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے جو بھی منظر دیکھا ہے قبر اس سے زیادہ گھبراہٹ والی ہے۔"

جس سے دنیا سمیٹ لی گئی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مازویت الدنیا عن احد الا کانت خیرۃ لہ))

(کنز العمال:(6641)(الجامع:25/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص سے دنیا سمیٹ لی گئی اس کے لئے بہتر ہوا۔''

امت محمدیہ اور قحط سالی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماسلط الله القحط على امة محمد الا بتمردهم على الله))(الجامع 125/2) (كنز العمال:(21593)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امت محمد پر اللہ قحط کو ان کی سرکشی کے سبب مسلط کرتا ہے۔''

عزتِ مسلم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماشيء اكرم على الله من ابن آدم))

(کنز العمال:(621

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے نزدیک (مسلمان) انسان سے زیادہ معزز کوئی شے نہیں۔''

جس گھرانے نے تین دن بھوک پر صبر کیا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما صبر اهل بيت ثلاثاً على جهد الا اتاهم الله رزق))

(الجامع:56/10

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھرانہ نے تین روز بھوک پر صبر کیا اللہ تعالیٰ ان کو امن کا رزق مہیا کر دیتا ہے۔''

باہم محبت کرنے والوں کی مجلس

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما ضاق مجلس متحابين))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: باہم محبت کرنے والوں کی مجلس تنگ نہیں ہوتی۔''(کنز العمال:(24674)

حضرت عمر فاروق کی فضیلت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما طلعت الشمس على رجل خير من عمر))

(ترمذی، رقم:(84

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمر سے بہتر شخص پر آفتاب طلوع نہیں ہوا۔''

میانہ روی کرنے والا کبھی محتاج نہ ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما عال من اقتصد))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص میانہ روی کرے وہ محتاج نہیں ہوتا۔''(الجامع:252/1)(طبرانی فی الکبیر)

رعیت میں تجارت کرنے والا بادشاہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماعدل والاتجر في رعيته))

(کنز العمال:(14676)(المطالب:(07

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس بادشاہ نے رعیت کے اندر تجارت کی اس نے عدل نہیں کیا۔"

عیدالاضحیٰ کے دن محبوب ترین عمل

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما عمل آدمی فی یوم النحر احب الی اللہ
من اھلراقه دماً))(ترمذی: رقم:(1493)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عیدالاضحیٰ کے روز قربانی سے بہتر اللہ کے نزدیک آدمی کا کوئی عمل نہیں۔"

مریض اور علاج صدقہ

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما عولج مریض بدوا افضل من الصدقة))
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ سے بہتر علاج کسی مریض کا نہیں کیا گیا۔"(کنزالعمال:(28184)

بہترین صدقہ کیا ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما تصدق الناس صدقة افضل من علم ینشر))
(الجامع:166/1)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں علم پھیلانے سے بہتر کوئی صدقہ نہیں کیا۔"

اللہ کا تقرب حاصل کرنے کا سبب...... مخفی سجدہ

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما تقرب العبد الی اللہ با فضل من سجود خفی))
(ابن المبارک)(الاتحاف:17/3)(کنزالعمال:(5269)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مخفی سجدہ سے بہتر بندہ نے اللہ کا تقرب حاصل نہیں کیا۔"

دم کرنا یا داغ لگوانا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما توکل من استرقی او اکتوی))
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دم کیا یا داغ لگایا اس نے توکل نہیں کیا۔"(ترمذی فی الطب:(14)

نعمتِ توحید

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماجزاء من انعم اللہ علیه بالتوحید الا الجنة))
(الاتحاف:648/9)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو اللہ نے توحید کی نعمت عطا کی اس کی جزا جنت ہے۔"

مومن طلاق کی قسم نہیں کھاتا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما حلف بالطلاق مومن، ولا استحلف به الا منافق))
(الجامع:124/2)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن طلاق کی قسم نہیں کھاتا اور طلاق کی قسم منافق دیا کرتا ہے۔"

جس مال سے زکوۃ نکالی جائے وہ تباہ نہیں ہوگا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما خالطت الصدقة مالا الا اهلکته))
(الجامع:4/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس مال میں زکوۃ مل جائے (نکالی نہ جائے) وہ ہلاک ہوجاتا ہے۔''

ملتزم کے پاس دعا قبول ہوتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما دعی احد بشیء فی الملتزم الا استجیب له
(کنزالعمال:758

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ملتزم کے پاس جو دعا انسان مانگے وہ قبول ہوتی ہے۔''

مسلمانوں کا ناپسندیدہ کام

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مارآه المسلمون حسناً، فهو عند الله حسن))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس امر کو مسلمان پسند کریں وہ اللہ کے نزدیک پسندیدہ ہے۔''

مساجد کو آراستہ کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما ساء عمل قوم قط الا زخرفوا مساجدهم
(الجامع:5/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی قوم کا عمل خراب نہیں ہوتا مگر جب وہ اپنی مساجد کو آراستہ کرنا شروع کر دیتے ہیں

حمد اللہ کو محبوب ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ماشی ء احب الی الله من الحمد))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حمد سے زیادہ محبوب اللہ کے نزدیک کوئی چیز نہیں۔''

غیبت کرنے سے روزے کا ثواب ضائع ہو جاتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما صام من ظل یاکل لحوم الناس))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص غیبت کرتا پھرتا ہو وہ روزہ دار نہیں۔'' (نصب الرایہ:482/2)

ذکر اللہ صدقہ ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما صدقة افضل من ذکر))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ذکر اللہ سے بہتر کوئی صدقہ نہیں۔'' (الجامع:125/2)

حضرت میکائیل اور خوف جہنم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما ضحك میکائیل منذ خلقت النار))
(الجامع:26/2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب سے جہنم پیدا کی گئی ہے تب سے میکائیل نہیں ہنسے۔"

شہد بطور دواء

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما طلب الدواء بشيء افضل من شربة عسل))
(الجامع:125/2)(کنز العمال:(28168)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شہد کے استعمال سے زیادہ کوئی دوا عمدہ نہیں۔"

لوہے کی انگوٹھی پہننا منع ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما طهر الله كفا فيها خاتم من حديد))
(بخاری فی التاریخ)(الجامع:125/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس ہاتھ میں لوہے کی انگوٹھی ہو اسے اللہ تعالیٰ پاک نہیں کرتا۔"

خالص دنیاوی زندگی احمقانہ زندگی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماعاش ابن آدم في دنياه الا باحمق))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان دنیا میں اپنی بیوقوفی کی زندگی بسر کرتا ہے۔" (مسند الفردوس)

دین میں سمجھداری اور اللہ کی عبادت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما عبد الله با فضل من فقه في دين))
(سنن الکبری، بیہقی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دین میں سمجھ سے زیادہ عمدہ چیز سے اللہ کی عبادت نہیں کی گئی۔"

پورے دن کا سب سے اچھا عمل......نماز جنازہ کی ادائیگی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما عمل احد في يوم خيراً من شهود جنازة))
(بخاری، التاریخ:406/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنازہ پر حاضر ہونا تمہارے دن کا ایسا اچھا عمل ہے کہ ایسا دوسرا نہیں ہے۔"

سب سے عمدہ ترین عمل

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما عمل افضل من اشباع كبد جائعة))
(کنز العمال:(1367)(کشف:266/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھوکے کو شکم سیر کر کے کھلانا سب سے عمدہ عمل ہے۔"

جنتی درخت کا تنا سونے کا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما في الجنة شجرة الا وساقها من ذهب))
(ترمذی، رقم:(2525)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کے ہر درخت کا تنا سونے کا ہے۔"

تقدیر کا لکھا ہو کر رہے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما قدر في الرحم سيكون))

(الجامع:26/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تقدیر نے رحم میں لکھ دیا وہ ہوگا۔"

زندہ جانور سے کٹنے والا جزء مردار

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما قطع من البهيمة وهي حية، وهو ميتة))

(مسند احمد:218/5)(ابن ماجہ:(3216)(ترمذی:(80

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو حصہ جانور سے کاٹ لیا جائے جبکہ جانور زندہ ہو تو کٹا ہوا جزء مردار ہے۔"

نفاس والی عورت کے لیے کھجور بطور دوا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما لنفساء شفاء مثل الرطب، ولا للمريض مثل العسل))

(الصحیحۃ:(40

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نفاس والی عورت کیلئے تر کھجور جیسی کوئی چیز شفاء دہ نہیں اور مریض کیلئے شہد جیسی کوئی چیز شفاء دہ نہیں۔"

سود کا مال اعمال کو بیکار کر دیتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مال الربا يحبط الاعمال))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سود کا مال اعمال کو بیکار کر دیتا ہے۔"(سمعان)

گندے دانت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مالي اراكم تدخلون على قلحاً، استاكوا))

(الاتحاف:349)(المغنی:2/1

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میرے پاس میلے دانتوں سے کیوں آتے ہو؟ مسواک کر لیا کرو۔"

بکری سے گھر میں برکت ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مالي ارى في بيتك بركة، لا ارى فيه شاة))

(الجامع:2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تیرے گھر میں برکت کیوں نہیں دیکھتا؟ اس میں بکری (کیوں) نہیں دیکھتا۔"

مسخ شدہ انسانوں کی اولاد نہیں ہوئی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مامسخ احد قط، فكان له نسل ولا عقب

(الجامع:11/8)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز مسخ ہوئی اس کی نسل اور اولا نہیں رہی۔"

قول لیا بھی جائے اور ترک بھی کیا جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من احد یوخز من قولہ ویدع))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسا آدمی کوئی نہیں کہ اس کا قول لیا جائے اور ترک بھی کیا جائے۔" (طبرانی)

اُلٹے دل والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مامن امری لایعار الا منکوس القلب))

(ابن ابی شیبہ:420/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو غیرت نہ آتی ہو وہ الٹے دل والا ہوتا ہے۔"

جس کی نماز جنازہ پڑھی جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من رجل یصلی علیہ الا غفرلہ))

(الجامع:36/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کی نماز جنازہ پڑھی جائے اس کو بخش دیا جاتا ہے۔"

توبہ کرنے والا نوجوان

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من شیء احب الی اللہ من شاب تائب))

(ابن عدی:1439/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کو سب چیزوں سے زیادہ توبہ کرنے والا جوان پسند ہے۔"

خوش خلقی کا وزن

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من شی یوضع فی المیزان اثقل من خلق حسن))

(الاتحاف:320/7)(ترمذی:(2003)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ترازوئے اعمال میں خوش خلقی جتنی کوئی چیز وزنی نہ ہوگی۔"

زبان کا صدقہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مامن صدقۃ افضل من صدقۃ اللسان))

(الاتحاف:273/6)(المغنی:200/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زبان کے صدقہ (حسن خلق) سے افضل کوئی صدقہ نہیں۔"

بھوکے کو شکم سیر کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من عمل افضل من اشباع کبد ضائع))

(الموضوعات:172/2)(تذکرۃ:(7

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھوکے کو شکم سیر کرنے سے بہتر کوئی عمل نہیں۔''

سورۃ یٰسین کی برکت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما قراها جائع الا شبع، يعني: يٰسٓ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۃ یٰس کو بھوکا پڑھے تو سیر ہو جائے گا۔''(مسند الفردوس)

تھوڑا با کفایت مال

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماقل و كفى خير مما كثر والهى))

(کنز العمال:(6124

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تھوڑا با کفایت (مال) غافل کرنے والے بہت سے (مال سے) بہتر ہے۔''

فحش کا عیب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما كان الفحش في شيء الا شانه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شے میں فحش ہو وہ اس کو عیب لگا دیتی ہے۔''(ترمذی:رقم:(1974)

غیبت کیا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما كرهت ان تو جه به اخاه، فهو غيبة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بات تو بھائی کے سامنے کہنا مکروہ جانے وہ غیبت ہے۔''(الجامع:127/2)

بخیل آدمی کا عذر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماللشحيح عندنا عذر))

(دیلمی:393/4،حدیث:(668

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بخیل شخص کیلئے ہمارے نزدیک کوئی عذر مقبول نہیں۔''

حضرت عمر سے شیطان بھاگتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما لقي الشيطان عمر الا خر لوجهه، وم

سمع حسنه الا فر))(نوادر الاصول، حكيم ترمذى)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمر سے جب شیطان ملتا ہے منہ کے بل گر پڑتا ہے اور جب اس کی آہٹ سنتا ہے بھاگ جاتا ہے۔''

سو بار استغفار کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما مرت على ساعة الا استغفرت الله مائة مرة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ پر کوئی گھڑی نہیں گزرتی مگر میں اس میں سو بار استغفار کرتا ہوں۔''

قحط سالی میں مبتلا قوم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما منع قوم الزکاۃ الا ابتلاهم بالسنین))
(طبرانی فی الاوسط:1/85/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے زکوۃ نہ دی اللہ ان کو قحط سالی میں مبتلا کر دیتا ہے۔''

زنا اور اللہ کی غیرت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من احد اغیر من اللہ ان یری عبدہ یزنی بامته))
(بخاری:43/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مرد کو عورت سے زنا کرتے ہوئے اللہ کو سب سے زیادہ غیرت آتی ہے۔''

کلونجی میں ہر بیماری کی شفاء

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من داء الا فی الحبة السوداء شفاء منه))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کلونجی میں ہر بیماری کی شفاء ہے۔''

عافیت کا سوال

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من شیء احب الی اللہ من ان یساله العافیة))
(ابن عدی:1605/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے نزدیک عافیت کا سوال ہر چیز سے زیادہ محبوب ہے۔''

بادشاہی کی نرم خوئی اور عدل

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مامن شیء اھم نفعاً من رفق امام و عدله))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بادشاہی کی نرم خوئی اور عدل سے کوئی شے اہم نفع والی نہیں۔''

عالم کی پیدائش سے شیطان کی کمر ٹوٹ جاتی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مامن شیء اقطع لظھر ابلیس من عالم یخرج فی قبیلة))

(کنز العمال:(28755)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان کی کمر توڑنے والی سخت چیز یہ ہے کہ کسی قبیلہ میں عالم پیدا ہو جائے۔''

نیک بات اور صدقہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من صدقة افضل من قول))
(کنز العمال:(16325)(کشف:149/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک بات سے عمدہ صدقہ کوئی نہیں ہے۔''

طلب علم سے گزشتہ گناہوں کا معاف ہونا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما من عبد یطلب العلم الا کان کفارة لما تقدم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص طلب علم کرتا ہے وہ اس کے گزشتہ گناہوں کا کفارہ ہو جاتا ہے۔''

درود پڑھنے والے کے لیے فرشتے استغفار کرتے ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما من مسلم یصلی علی الا صلت علیه الملائکة))

(ابن ماجہ:07

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان مجھ پر درود پڑھتا ہے اس کیلئے فرشتے استغفار کرتے ہیں۔''

زکوۃ ادا نہ کرنے والے کی سزا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مانع الزکاة یطوق بشجاع اقرع))

(بخاری فی الزکوۃ:(3)(مسلم فی الزکوۃ:(28,27

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زکوۃ روکنے والے کا مال گنجا سانپ بنا کر اس کے گلے میں ڈالا جائیگا۔''

مانع الزکوۃ اور جہنم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مانع الزکاة یوم القیامة فی النار))

(الجامع:64/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زکوۃ روکنے والا قیامت کے روز جہنم میں جائے گا۔''

بدبخت شخص اور رحمت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما نزعت الرحمة الا من شقی))

(الحاکم:249-248/4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رحمت بدبخت شخص سے دور کی جاتی ہے۔''

زکوۃ کی ادائیگی سے مال میں برکت ہوتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما نقصت زکوة من مال))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زکوۃ مال کم نہیں کرتی۔''

خاندان میں لڑکے کا پیدا ہونا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما ولد فی اهل بیت غلام الا اصبح فیها عزلم یکن))(الجامع 155/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس خاندان میں لڑکا پیدا ہوتا ہے اسے وہ عزت ملتی ہے جو پہلے نہ تھی۔''

فقیر ہو کر مرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مت فقیراً ولا تمت غنیاً))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو فقیر ہو کر مرنا غنی ہو کر نہ مرنا۔" (الاتحاف:273/9)(المغنی:189/4)

صحابہ کھانے میں نمک کی طرح ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل اصحابی کالملح لا یصلح الطعام الابه))

(الجامع:18.10)(طبرانی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے اصحاب مثل نمک کے ہیں۔ طعام بغیر نمک کے درست نہیں ہوتا۔"

اگر ظاہر پاک ہو تو باطن بھی پاک ہو جاتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل احد کم مثل الوعاء اذا طاب اعلاه طاب اسفله))(طبرانی:368/19)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری مثال اس برتن کی طرح ہے کہ جب اس کا اوپر کا حصہ صاف ہو تو نچلا بھی صاف ہوگا۔"

دل پَر کی مثل ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل القلب مثل ریشة بارض فلا))

(الاتحاف:303/7)(کنز العمال:(1229)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دل ایک پَر کی مثل ہے جو صاف میدان میں پڑا ہے۔"

عورتوں میں سیدہ عائشہ کی مثال

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل عائشة فی النساء کالثرید فی الطعام))

(بخاری فی الاطعمة:(30,25)(مسلم فی فضائل الصحابة:(89070)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں میں عائشہ کی مثال ایسی ہے جیسی طعام میں ثرید کی۔"

حضور کا دور اور قرب قیامت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثلی ومثل الساعة کفر سی رهان))

(الجامع:136/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اور قیامت کی مثال ایسی ہے جیسی گھوڑ دوڑ کے دو گھوڑے۔"

عالم کی محفل میں بیٹھنا عبادت ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مجالسة العالم عبادة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عالم کے ساتھ بیٹھنا عبادت ہے۔"

حلال اور حرام

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: محرم الحلال، کمحل الحرام))
(العلل:(2439)(التاریخ:6/34

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال کو حرام کرنے والا ایسا ہے جیسا حرام کو حلال کرنے والا۔''

دائمی شراب خور

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مدمن الخمر کعابد وثن))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دائمی شرابی مثل بت پرست کے ہے۔'' (صحاح ستہ)

حضور کا نماز میں تبسم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مربی جبریل وانا اصلی ، فضحك الی، فتبسمت الیه))
(الجامع:2/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نماز پڑھ رہا تھا کہ پاس سے جبرائیل گزرے، وہ مجھے دیکھ کر ہنسے اور میں ان کو دیکھ کر مسکرایا۔''

جو مومن لگا تار بیمار رہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مامن مومن یمرض مرضا یخرسه الاغفرله))
(دیلمی:4/23

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس مومن کو مرض نے بہرہ کر دیا ہو اس کو بخش دیا جاتا ہے۔''

مرض الموت میں مبتلا کے پاس سورۃ یٰسین پڑھنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مامن میت یقرا عندہ یس الا ھون الله علیه))
(الاتحاف:278/10)(کشف:2/45

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس میت کے پاس سورۃ یاسین پڑھی جائے اللہ اس پر (موت میں) آسانی کرتا ہے۔''

ہر نبی کو موت کا اختیار دیا جاتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مامن نبی یمرض الا خیر بین الدنیا والاخرة))
(بخاری:6/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی نبی بیمار نہیں ہوتا مگر دنیا یا آخرت میں رہنے کا اسے اختیار دیا جاتا ہے۔''

صحیح حدیث نہ سنانے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مانع الحدیث اھله کمحدثه غیر اھله))
(کنز العمال:(013

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لائق حدیث لوگوں کو حدیث نہ سنانے والا ایسا ہے جیسا نالائق کو سنانے والا۔"

باپ کا اولاد کو عمدہ ادب سکھانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مانحل والد ولده افضل من ادب حسن))
(ترمذی: رقم: 1952)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: باپ نے اولاد کو عمدہ ادب سکھلانے سے زیادہ عمدہ کوئی چیز نہیں دی۔"

حضرت ابوبکر کا مال اور اسلام

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما نفعني مال قط ما نفعني مال ابی بکر))
(ترمذی: 3661)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے جیسا ابوبکر کے مال نے فائدہ دیا ایسا کسی اور کے مال نے نہیں دیا۔"

مسلمان ہونے کی حالت میں مرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مت مسلماً ولا تبال))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو مسلمان ہو کر مر اور پروا نہ کر۔" (الکشف: 275/2)

متعہ حرام ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: متعة النساء حرام))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں سے متعہ کرنا حرام ہے (کچھ رقم دے کر مدت معین تک بطور زوجہ کے رکھنا)۔" (الجامع: 266/4)

امت مسلمہ بارش کی مثل ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مثل امتی مثل المطر))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی مثال مثل بارش کے ہے۔" (ترمذی: 2869)

حضرت ابوبکر سے لوگوں کو فائدہ ہی فائدہ ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مثل ابی بکر کالغیث اینما وقع نفع))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر مثل بارش کے ہے۔ جہاں پڑے گا فائدہ پہنچائے گا۔" (ثعلبی)

مومن کی مثال

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مثل المومن مثل الفرس فی آخیته))
(دیلمی: 420/4: حدیث: 6732)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی مثال اس گھوڑے کی سی ہے جو اپنی کھرلی پر بندھا ہو۔"

دنیا میں آخرت کے لیے جمع کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مثل المومن مثل النملة تجمع فى صيفها لشتاها))
(دیلمی: 422/4، حدیث: 36

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی مثال چیونٹی کی سی ہے جو گرمی میں سردی کیلئے جمع کرتی ہے۔''

شراب خور اور گندھک

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مثل شارب الخمر مثل الكبريت فاحذره))
(دیلمی: 345/4: حدیث: 70

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شراب نوش کی مثال گندھک کی سی ہے، اس سے بچتے رہنا۔''

اہل بیت کشتی نوح کی طرح ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مثل عترتى كسفينة نوح من ركب فيها نجا))
(روض النضرة: 3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اولاد کی مثال کشتی نوح کی سی ہے جو اس میں سوار ہوا اس نے نجات پائی۔''

میدانِ منیٰ کی مثال

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مثل منى كالرحم، هى ضيقة، فباذا حملت وسعها الله))
(کنز العمال: 799

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منیٰ کی مثال رحم کی سی ہے، وہ تنگ ہوتا ہے مگر جب حمل ہو تو اللہ تعالیٰ اسے فراخ کر دیتا ہے۔''

لوگوں سے مدارت وعزت سے پیش آنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مداراة الناس صدقة))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں سے مدارات اور عزت سے پیش آنا صدقہ ہے۔'' (الجامع: 17/8)

سیدہ فاطمہ کو مرحبا کہنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مرحباً بابنتى ، قاله لفاطمة))
(بخاری: 79/8،248/4)(مسلم فی فضائل الصحابة

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ سے فرمایا: میری بیٹی کو مرحبا۔''

موسم سرما میں رحمت نازل ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مرحباً بالشتاء فيه تنزل الرحمة))
(کنز العمال: (32513)(کشف: 2

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موسم سرد کو مرحبا ہو کہ اس میں رحمت نازل ہوتی ہے۔"

حضرت عمار...... پاک و پاکیزہ

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مرحباً بالطیب المطیب ، قاله لعمار))
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمار بن یاسر سے فرمایا: مرحبا ہو پاک و پاکیزہ کو۔!" (ترمذی: 3798)

متقیوں کے سردار...... حضرت علی

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مرحباً بسید المسلمین ، وامام المتقین، قاله لعلی))
(کشف: 410/2)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: مرحبا ہو مسلمانوں اور متقیوں کے سردار کو۔"

عاشورہ کے روزہ کا حکم

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مر قومك بصیام هذا الیوم۔ ای :عاشوراء))
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی قوم کو عاشورا کے روزے کا حکم کر۔" (الجامع: 185/3)

سات سال کے بچوں کو نماز کا حکم

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مروهم بالصلاة لسبع، ای: الصبیان))
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بچوں کو سات سال کی عمر سے نماز کا حکم کرو۔"

سفر میں اہل اسلام سے خوش طبعی کرنا

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مزاح المومن فی السفر عبادة))
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان سے سفر میں خوش طبعی کرنا عبادت ہے۔"

وضو میں گردن کے مسح کی فضیلت

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مسح الرقبة امانٌ من الغل))
(الاتحاف: 365/2) (ضعیفہ: 69)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گردن کا مسح کرنا (جہنم کے) طوق سے امن ہے۔"

جس کی بیوی نہیں وہ شخص مسکین ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مسکین مسکین رجلا لیست له امراة))
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسکین ہے! مسکین ہے! وہ شخص جس کی بیوی نہ ہو۔" (الجامع: 252/4)

مسلمان سے مصافحہ کرنا صلح رحمی کرنا ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مسافحة الرجل اخاه صلته))
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی سے مصافحہ کرنا اس سے صلہ رحمی کرنا ہے۔" (ترمذی: 444/4)

دودھ پی کر کلی کرنی چاہئے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مضمضوا من اللبن ، فان له دسماً))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دودھ پی کر کلی کر لیا کرو، کیونکہ دودھ میں چکناہٹ ہوتی ہے۔''

قرآن مجید کو ختم کرنے کے بعد دعا قبول ہوتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مع کل ختمة دعوة مستجابة))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن مجید کے ہر ایک ختم پر دعا مستجاب ہوتی ہے۔'' (کنز العمال: 2314)

حضرت معاذ بن جبل حلال وحرام کو جاننے والے ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: معاذ بن جبل اعلم الناس بحلا ل الله وحرامه
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے حلال اور حرام کو معاذ بن جبل سب لوگوں سے زیادہ جانتا ہے۔''

موت کا مورچہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: معترك المنایا ما بین الستین الی السبعین
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موت کا مورچہ اور اژدہام کا وقت (عام طور پر) ساٹھ اور ستر سال عمر کے درم
ہوتا ہے۔'' (الجامع: 137/2)

آمین کا معنی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: معنی آمین :افعل))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آمین کا معنی ہے قبول کر۔''

جنت اور نماز کی چابی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مفتاح الجنة الصلاة، ومفتاح الصلاة الوضوء
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کی چابی نماز ہے اور نماز کی چابی وضو ہے۔'' (ترمذی: 4)

جنت کی چابی لا الہ الا اللہ ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مفتاح الجنة: لا اله الا الله))
(کنز العمال: 30291) (الجامع: 2/
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کی چابی لا الہ الا اللہ ہے (کہ بغیر ایمان کے جنت نہیں ملے گی)''

عمدہ اخلاق اور اہل جنت کے اعمال

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مکارم الاخلاق من اعمال اهل الجنة))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمدہ اخلاق اہل جنت کے اعمال سے ہیں۔'' (الجامع: 177/8)

اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ملاك العمل خواتیمه))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اعمال کا مدار خاتمہ پر ہے۔" (کنز العمال: (42777)

قوم لوط کا عمل کرنے والا ملعون ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ملعون من عمل بعمل قوم لوط))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قوم لوط والا عمل کیا وہ ملعون ہے۔" (الجامع: 272/6)

رشتہ دار قیدیوں کو جدا جدا جیل میں ڈالنے والا ملعون ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: معلون فمن فرق بین السبایا))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے (رشتہ دار) قیدیوں کو جدا کیا وہ ملعون ہے۔" (الحاکم: 55/2)

شطرنج بازی کرنے والا ملعون ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ملعون من لعب بالشطرنج))

(الجامع: 138/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شطرنج بازی کی وہ ملعون ہے۔"

اہل عرفات اللہ کا وفد

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مرحباً بوفد الله، مرحباً بوفد الله،قاله لاهل عرفة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل عرفات کو دو دفعہ فرمایا: اللہ کے وفد کو مرحبا ہو۔" (کنز العمال: (12391)

حضرت موسیٰ کا قبر میں نماز پڑھنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مرر
ت علی موسٰی وهو یصلی فی قبره))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں حضرت موسیٰ پر گزرا وہ قبر میں نماز پڑھ رہے تھے۔" (صحاح ستہ)

غنی کے منہ پر سوال کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مسالة الغنی شین فی وجهه یوم القیامة))

(احمد: 436/4)(الجامع: 96/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غنی کا سوال کرنا اس کے لئے اس کے منہ پر عیب ہوگا قیامت کے دن۔"

حجر اسود اور رکن یمانی کا مسح گناہوں کو مٹا دیتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مسح الحجر والرکن الیمانی یحطان الخطایا خطاً))(الترغیب: 191/2)(ابن حبان: (100)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حجراسود اور رکن یمانی کا مسح کرنا گناہوں کو خوب مٹاتا ہے۔"

مسلمان کے ساتھ بیابان میں چلنا صدقہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مشيك مع اخيك في ارض فلاة صدقة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی کے ساتھ بیابان میں چلنا صدقہ ہے۔" (کنز العمال: 16434)

پانی پیتے وقت چھوٹے گھونٹ بھرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مصوا الماء مصاً، ولا تعبوه عباً))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانی پیتے وقت چھوٹے گھونٹ بھرو، بڑے مت بھرو۔" (الجامع: 136/2)

ہر گھنٹی کے ساتھ شیطان ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مع كل جرس شيطان))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک گھنٹی کے ساتھ شیطان ہے۔" (مشکوۃ: 4398)

ہر خوشی کے ساتھ غم ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مع كل فرحة ترحة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر خوشی کے ساتھ غم ہے۔" (الجامع: 137/2)

معلم خیر کے لیے ہر چیز بخشش طلب کرتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: معلم الخير يستغفر له كل شي، حتى الحيتان في البحر))

(طبرانی فی الاوسط: عن جابر، وھو حدیث حسن) (الجامع: 137/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیکی سکھانے والے کیلئے ہر شے بخشش مانگتی ہے یہاں تک کہ دریا میں مچھلیاں بھی۔"

حاجت کی چابی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مفتاح الحاجة الهداية))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حاجت کی چابی ہدیہ دینے میں ہے۔"

سایہ اور دھوپ کے درمیان شیطان کی خواب گاہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مقيل الشيطان بين الشمس و الظل))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان کی خواب گاہ دھوپ اور سایہ کے درمیان ہوتی ہے۔"

دجال کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مكتوب بين عيني الدجال كافر))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال کی آنکھوں کے درمیان "کافر" لکھا ہوگا۔"

مکہ کے گھر کرائے پر نہیں دیئے جاسکتے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مكة مناخ لا تباع رباعها، ولا تو جز بيوتها))
(الحاکم:53/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مکہ اونٹ بٹھانے کی جگہ ہے، نہ اس کے مکان فروخت ہوسکتے، نہ گھر کرایہ پر دیئے جاسکتے ہیں۔"

دین کا مدار پرہیزگاری پر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ملاك الدين الورع))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دین کا مدار پرہیزگاری پر ہے۔" (الجامع:120/1)

عورت کی دُبر میں جماع کی حرمت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ملعون من اتى امراة في دبرها))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت کے دبر میں جماع کرنے والا ملعون ہے۔"

مومن کو نقصان پہنچانے والا اور دھوکا دینے والا ملعون ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ملعون من ضار مومناً اوماكربه))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ملعون ہے وہ جس نے مومن کو نقصان پہنچایا یا دھوکہ دیا۔" (ترمذی:(1941)

جھوٹ بولنے والا ملعون ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ملعون ملعون من كذب))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ملعون ہے، ملعون ہے وہ شخص جس نے جھوٹ بولا۔"

اللہ کی بنیاد کو گرانے والا ملعون ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ملعون من هدم بنيان الله، اى :قتل نفساً))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ملعون ہے وہ جس نے اللہ کی بنیاد گرائی یعنی کسی کو قتل کیا۔" (ثعلبی)

دن اور رات کے دو دو فرشتے (کراماً کاتبین)

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ملكا الليل غير ملكي النهار))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کے دو فرشتے دن کے دو فرشتوں کے علاوہ ہیں۔"

حضرت عمار کا سارا جسم ایمان سے بھرا ہوا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ملیء عمار ايماناً الى مشاشه))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمار ایمان سے نرم ہڈی کے سرے تک بھر گیا ہے۔"

پکی ہوئی اور نیم پختہ کھجور اور شراب

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من التمر والبسر خمر))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خشک اور نیم پختہ کھجور سے شراب بنتی ہے۔'' (الجامع:138/2)

درود نہ پڑھنا ظلم و جفا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من الجفاء ان اذكر عند الرجل، فلا یصلی علی))

(الجامع:38/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ظلم و جفا ہے کہ کسی کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔''

اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ اور غیر پسندیدہ غیرت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من الغیرة مایحبه الله، ومنها ما یکرهه الله)

(ابوداود فی الجہاد:(104)(نسائی فی الزکوۃ:(66)(ابن ماجہ فی النکاح:(8

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی غیرت کو اللہ پسند کرتا ہے اور کسی کو ناپسند۔''

مذی سے وضو اور منی سے غسل لازم ہوتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من المذی الوضوء ومن المنی الغسل))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مذی نکلنے سے وضو اور منی نکلنے سے غسل واجب ہوتا ہے۔'' (ترمذی:(144)

بوڑھے کی عزت کرنا اللہ کی عزت کرنا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اجلال الله اکرام ذی الشیبة المسلم))

(ابوداود:فی الادب:(0

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بوڑھے مسلمان کی عزت کرنا اللہ تعالیٰ کی عزت کرنا ہے۔''

بڑی خیانت کرنے والا حاکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اخون الخیانة تجارة الوالی فی رعیته))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بڑی خیانت والا وہ حاکم ہے جو اپنی رعایا میں تجارت کرے۔'' (الجامع:138/2)

عمدہ سفارش

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من افضل الشفاعة ان تشفع بین النین فی النکاح))

(ابوداود فی النکاح:(49)(الجامع:38/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ عمدہ سفارش ہے کہ تو نکاح کیلئے دو شخصوں میں سفارش کرے۔''

بغیر بیماری کے اموات قرب قیامت کی نشانی ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اقترب الساعة ان یموت الرجل بغیر وجع))

(مسند فردوس)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرب قیامت میں سے ہے کہ شخص بغیر کسی بیماری کے مرجائے (جیسے ہارٹ اٹیک یا حادثہ)"

اللہ کا شریک بنانا اور جھوٹی قسم کھانا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اکبر الکبائر الشرك باللہ، والیمین الغموس))
(الجامع:105/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بڑے گناہوں میں سے ہے اللہ کا شریک بنانا اور جھوٹی قسم کھانا۔"

جس دستر خوان پر نبی کا ہمنام ہو

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من برکۃ الطعام ان یکون علیہ رجل اسمه اسم نبی))
(مسند الفردوس)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طعام کی برکت سے ہے کہ طعام پر ایسا شخص حاضر ہو جو نبی کا ہمنام ہو۔"

سلام کی تکمیل

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من تمام التحیۃ الا خذ بالید))
(ترمذی:(2730)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سلام کی تکمیل سے یہ بات ہے کہ ہاتھ پکڑ کر مصافحہ کیا جائے۔"

نماز کی تکمیل

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من تمام الصلاۃ سکون الاطراف))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز کی تکمیل سے ہے کہ ہاتھ پاؤں میں سکون رکھے۔" (الجامع:139/2)

بیکار باتوں کو چھوڑنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من حسن السلام المرء ترہ مالا یعنیہ))
(ترمذی فی الزہد:(11)(ابن ماجۃ فی الفتن:12)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کے اسلام کی عمدگی سے ہے کہ بے کار باتوں کو چھوڑ دے۔"

انسان کی عمدہ عبادت اللہ پر نیک گمان

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من حسن عبادۃ المرء حسن ظنه))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی عمدہ عبادت سے ہے کہ وہ اللہ پر نیک گمان رکھے۔" (الجامع 130/2)

مشک بہترین خوشبو ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من خیر طیبکم المسك))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری بہترین خوشبو مشک ہے (جو نافہ سے نکلتا ہے)''

باپ کے مشابہ ہونا انسان کی سعادت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من سعادة المرء ان يشبه اباه))
(الجامع:39/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی سعادت سے ہے کہ اپنے باپ کے مشابہ ہو (شکل اور نیک عمل میں)''

منیٰ اس کا ڈیرا ہے جو پہلے پہنچے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: منى مناح من سبق))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منیٰ اس کا ڈیرا ہے جو پہلے پہنچا۔'' (ترمذی:(881)

باپ کے دوست سے تعلق جوڑنا نیکی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من البران تصل صديق ابيك))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے باپ کے دوست سے تعلق قائم رکھنا نیکی سے ہے۔'' (الجامع:138/2)

بھائی کا جوٹھا پینا تواضع ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من التواضع ان يشرب الرجل من سور اخيه))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تواضع سے ہے کہ آدمی اپنے بھائی کا جوٹھا پیئے۔'' (سنن دار قطنی)

عرفات میں وقوف کرنے سے گناہ جھڑ جاتے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من الذنوب ذنوب لا يكفر ها الا الوقوف بعرفة))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بعض ایسے گناہ ہیں جنہیں عرفات میں وقوف کرنا ہی دور کرسکتا ہے۔''
(احیاء العلوم الغزالی)

تشہد آہستہ پڑھنا سنت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من السنة ان تخفى التشهد))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تشہد آہستہ پڑھنا سنت ہے۔'' (سنن ترمذی)

عید کی نماز کو پیدل جانا سنت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من السنة ان تخرج الى العيد ماشياً))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عید کی نماز کو پاپیادہ جانا سنت ہے۔'' (ترمذی:(530)

سیراب ہونے کے بعد پانی روکنا گناہ کبیرہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من الكبائر منع الماء بعد الرى فى الفلوات))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سیراب ہونے کے بعد جنگل میں پانی سے روکنا گناہ کبیرہ ہے۔'' (سنن ترمذی)

دوسرے بھائی کی بات کے لیے چپ رہنا مروّت ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من المرو ة ان ینصت الاخ لاخیه اذا حدثه))

(دیلمی:294/4)(الجامع:138/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک بھائی کا دوسرے بھائی کی بات کیلئے چپ رہنا مروت سے ہے۔"

جس دستر خوان پر زیادہ لوگ ہوں وہ اللہ کا محبوب ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من احب الطعام الی الله ما کثرت علیه الا یدی))

(مسند ابی یعلی الموصلی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس طعام پر زیادہ ہاتھ پڑیں وہ اللہ کو محبوب ہے۔"

مساجد میں فخر کرنا علامتِ قیامت ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اشراط الساعة ان یتباهی الناس فی المساجد))

(ابو داود فی الصلاۃ:(12) (ابن ماجہ فی المساجد:(2) (دارمی فی الصلاۃ:(163) (احمد:145,134/3, 152)
(الجامع:138/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کی علامات سے ہے کہ لوگ مساجد میں (مساجد کے یا اپنے بارے میں) فخر کریں گے۔"

پہلی رات کے چاند کا موٹا ہونا علامت قیامت ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اقتراب الساعة انتفاخ الاهلة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہلال (پہلی تاریخ کے چاند) کا موٹا ہونا قرب قیامت کی نشانی ہے۔"

(الجامع:146/3)

عرب کی ہلاکت علامتِ قیامت ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اقتراب الساعة هلاك العرب))

(ترمذی فی المناقب:(70) حدیث رقم:(3929)(الجامع:138/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عرب کا ہلاک ہونا قرب قیامت کی نشانی ہے۔"

اِس امت کے بعض افراد مرنے کے بعد گفتگو کریں گے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من امتی من یتکلم بعد الموت))

(انظر الدلائل:355/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے بعض افراد مرنے کے بعد گفتگو کریں گے۔"

مبارک عورت کی نشانی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من بركة المراة تبكير ها بالا نثى))

(الجامع:139/2)(کنزالعمال:20582/7)(الحاکم:217/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مبارک عورت کی نشانی ہے کہ وہ پہلے لڑکی جنے۔''

صف کی درستگی اور کمالِ نماز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من تمام الصلاة اقامة الصف))

(کنزالعمال:25190/9

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صف کی دُرستگی نماز کا کمال ہے۔''

بیمار کے پاس تھوڑی دیر بیٹھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من تمام العبادة خفة القيام من عند المريض))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیمار پرسی کے کمال سے ہے کہ بیمار کے پاس تھوڑی دیر بیٹھے۔''

لمبا قیام حسن نماز میں سے ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من حسن الصلاة طول القنوت))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لمبا قیام نماز کے حسن سے ہے۔'' (الحاکم:217/1)

نماز کی عمدگی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من حسن الصلاة اقامة الصف))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صف کو درست کرنا نماز کی عمدگی سے ہے۔''

اہل اسلام میں سب سے اچھا کون ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من خيار كم احسنكم اخلاقاً))

(کنزالعمال:5242/3)(احمد:61/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جس کے اخلاق زیادہ عمدہ ہوں وہ تمہارے اچھے لوگوں سے ہے۔''

روزہ دار کی عمدہ خصلت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: منْ خير خصال الصائم السواك))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ دار کی عمدہ خصلت اس کا مسواک کرنا ہے۔'' (الجامع:139/2)

دعا کے وقت چھینک آنا سعادت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من سعادة المرء العطاس عند الدعاء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دعا کے وقت چھینک کا آنا سعادت ہے۔'' (کنزالعمال:25539/9)

انسان کی سعادت حسن خلق ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من سعادۃ المرء حسن الخلق))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی سعادت حسن خلق ہے۔" (کنز العمال: 30780/8)

انسان کے بھائیوں کا نیک ہونا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من سعادۃ المرء ان تکون اخوانہ صالحین))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی سعادت سے ہے کہ اس کے بھائی نیک ہوں۔"

انسان کا اپنی زندگی کو درست کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من عقل الرجل استصلاح معیشتہ))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کا اپنی زندگی کو درست کرنا اس کی عقل مندی سے ہے۔" (مسند الحارث)

معراج میں حضور عرش پر بیٹھے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من کرامتی علی ربی قعدی علی العرش))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (معراج میں) میرا عرش پر بیٹھنا اللہ کے نزدیک میرے مکرم ہونے کی علامت ہے۔"

عورت کی برکت کہ نکاح آسان ہو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من یمن المراۃ تیسیر امرھا، وقلۃ صداقھا))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت کی برکت سے یہ ہے کہ اس کا نکاح آسان اور مہر کم ہو۔" (الحاکم: 181/1)

اس امت کی اقتداء میں حضرت عیسیٰ کا نماز پڑھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: منا الذی یصلی عیسی خلفہ))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمارے بعض کے پیچھے حضرت عیسیٰ نماز پڑھیں گے۔" (الجامع: 139/2)

اللہ تعالیٰ کس کو محتاجی سے محفوظ رکھتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من آثر محبۃ اللہ علی محبۃ الناس کفاہ اللہ مؤنۃ الناس))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کی محبت کو لوگوں کی محبت پر ترجیح دی، اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں کی محتاجی سے محفوظ رکھے گا۔" (کنز العمال: (43128)

گم شدہ چیز کی تشہیر لازمی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من آوی ضالۃ، فھو ضال ما لم یعرفھا))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے گمشدہ چیز اٹھائی اور اس کی تشہیر نہ کی تو وہ گم شدہ کے حکم میں رہے گا (اس کا استعمال ناجائز ہے)" (مسلم فی اللقطۃ: (12)

اہل بیت کو تکلیف دینے والا اللہ کو تکلیف دینے والا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من آذانی فی اهل بیتی فقد آذی اللہ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھے میرے اہل بیت کی نسبت تکلیف دی اس نے اللہ کو تکلیف دی۔''

جس کو اس کے عمل نے پیچھے کیا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ابطابه عمله لم یسرع نسبه))

(ابوداود فی العلم:(1)(ترمذی فی القرآن:(10)(ابن ماجۃ فی المقدمۃ:(7

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو اس کے عمل نے پیچھے کیا اس کو نسب فائدہ نہیں کر سکے گا۔''

حضرت عمار سے بغض رکھنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ابغض عماراً ابغضه اللہ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے عمار سے بغض کیا اللہ اس سے بغض کرے گا۔''

بادشاہوں کے دروازوں پر آنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اتی ابواب السلاطین افتتن))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص بادشاہوں کے دروازوں پر آتا رہا وہ فتنہ میں مبتلا ہوگا۔'' (سنن طبرانی)

جمعہ کے دن غسل

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اتی الجمعة فلیغتسل))

(بخاری:2/2)(مسلم فی الجمعۃ:(

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جمعہ کو آئے تو اسے چاہیے کہ وہ غسل کرلے۔''

حالت حیض میں عورت سے جماع کرنیوالا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اتی حائضاً فقد کفر بما انزل علی محمد))

(ترمذی:(35

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے حالت حیض میں عورت سے جماع کیا اس نے دین محمد کا انکار کیا۔''

جس نے اللہ سے عہد کیا وہ جہنم میں نہیں جائے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اتخذ عند اللہ عهداً لم تمسه النار ابداً))

(الاتحاف:45/5

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کے نزدیک عہد پکڑا (ایمان لایا اور نیک عمل کیے) اس کو آگ ہرگز مس نہ کرے گی۔''

جس نے کسی کو اللہ کے لیے بھائی بنایا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اتخذ في الله اخابنى الله بيتاً في الجنة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کیلئے کسی کو بھائی بنایا اس کیلئے اللہ جنت میں گھر بنائے گا۔"

اللہ سے ڈرنے والا غصہ نہیں کرتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اتقى الله قل لسانه، ولم يشف غيظه))

(الجامع: 141/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ سے ڈرے اس کی زبان خاموش ہو جاتی ہے اور وہ اپنا غصہ نہیں نکالتا۔"

کم کھانے سے فکر تیز ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اجاع بطنه عظمت فكرته، وفطن قلبه))

(الاتحاف: 294/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو پیٹ کو بھوکا رکھے اس کی فکر تیز اور دل ہوشیار ہو جائے گا۔"

غیر آباد شدہ زمین گھر بنانے والے کی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من احاط حائطاً على ارض فهي له))

(ابوداود فی الخراج: 37)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی (غیر آباد غیر مملوک) زمین پر دیوار ڈال لی وہ جگہ اس کی ہو گئی۔"

اللہ محبت کرنے والا حیادار ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من احب الله استحيا))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ سے محبت رکھے وہ حیا کرتا ہے۔"

عرب سے محبت کرنے والا رسول اللہ سے محبت کرنے والا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من احب عربا فقد احبني حقاً))

(الجامع: 89/1)(طبرانی فی الاوسط)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے عرب سے محبت کی اس نے بلا ریب مجھ سے محبت کی۔"

خفیف داڑھی نیک بختی کی نشانی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من سعادة المرء خفة لحيته))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خفیف (ایک مٹھی) داڑھی انسان کی نیک بختی کی نشانی ہے۔"

نعمت کا شکر اس کا اظہار کرنا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من شكر النعمة افشاؤها))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نعمت کا شکر اس کا اظہار کرنا ہے۔''(الجامع:139/2)

اپنا گزر اوقات معتدل رکھنا چاہیے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من فقه الرجل رفقه في معيشته))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی سمجھداری یہ ہے کہ اپنا گزر اوقات نرم خرچ (اعتدال پر) رکھے۔''

سلام کو عام کرنا اور پاکیزہ بات کہنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من موجبات المغفرة بزل السلام، وحسن الكلام)) (معجم طبرانی

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسباب مغفرت سے یہ ہے کہ سلام کو عام کرے اور پاکیزہ بات کہے۔''

جو لوگوں کی تعریف چھوڑ کر اللہ کی تعریف کرے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من آثر محامد الله على محامد الناس كفاه الله مو ونة الناس))(مسند الفردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے لوگوں کی تعریف پر اللہ کی حمد کو ترجیح دی اس کی ضروریات کو بندوں کی بجائے اللہ کافی ہوگا۔''

راستے کے متعلق مسلمانوں کو تکلیف دینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من آذى المسلمين في طرقهم وبت عليه لغنتهم)) (الجا

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مسلمانوں کو راستوں کے متعلق تکلیف دی اس پر ان کی لعنت کا مستحق ہوگیا۔''

حضرت علی کو تکلیف دینا رسول اللہ کو تکلیف دینا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من آذى عليا فقد آذاني))

(الحاکم:122/3)(مسلم فی المجمع:29,30,31,32,

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے علی کو تکلیف دی اس نے مجھ کو تکلیف دی۔''

طعام خریدنے والی کی ذمہ داری

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ابتاع طعاماً فلايبعه حتى يستوفيه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے طعام خریدا تو اسے قبضہ میں لانے سے پہلے فروخت نہ کرے۔''

مسجد میں جس کام کے لیے جاؤ گے اسی کا ثواب پاؤ گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اتى المسجد لشيء، فهو حطه منه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی مسجد میں جس کام کیلئے آیا وہی اس کا حصہ ہوگا۔''

کاہن کے پاس جانے والے کی نمازیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اتى عرافاً لم تقبل له صلاة اربعين ليلة))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص عراف (کاہن) کے پاس آیا اس کی چالیس روز کی نماز مقبول نہ ہوگی۔"

جو جنازہ کے ہمراہ چلے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اتبع الجنازة، فليحمل بجوانب السرير))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جنازہ کے ہمراہ چلے اسے چارپائی کی اطراف اٹھانا چاہئیں۔"

جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اتقى الله وقاه كل شيء))

(الجامع:141/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ کی نافرمانی سے بچا اللہ تعالیٰ اسے ہر شے کے ایذا سے بچالے گا۔"

اسلامی خلیفہ کی تعظیم کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اجل سلطان الله اجله الله يوم القيامة))

(الجامع:141/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ تعالیٰ کے (پابند احکام) بادشاہ کی تعظیم کی قیامت میں اس کی اللہ تعظیم کرے گا۔"

حضرت اُسامہ سے محبت رکھنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من احب الله ورسوله، وليحب اسامة))

(مسند امام احمد)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ اور رسول سے محبت رکھے اسے چاہیے کہ اسامہ سے بھی محبت رکھے۔"

حسن و حسین سے محبت رسول اللہ سے محبت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من احب الحسن والحسين، فقد احبنى))

(کنز العمال:(34268)(ابن ماجۃ:(143)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے حسن و حسین سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی۔"

موت سے محبت کرنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من احب الموت، فهو حبيبى حقاً))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے موت سے محبت کی وہ میرا سچا دوست ہے۔" (دیلمی:247/4)

حضرت سیدنا حسن سے محبت رکھنے کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من احبنی ، فلیحبه، یعنی :الحسن))

(کنز العمال:(37650,37649)(احمد:366/5

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مجھ سے محبت رکھے وہ حسن سے بھی محبت رکھے۔“

محبوب چیز کا زیادہ سے زیادہ تذکرہ ہوتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من احب شیئاً اکثر من ذکره))

(الاتحاف:621/9,20/5)(کشف الغمہ:307/2

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو کسی شے سے محبت ہو وہ اس کا ذکر زیادہ کیا کرتا ہے۔“

سنت پر کاربند ہونے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من احب فطرتی ، فلیستن بسنتی ، وان من سنتی النکاح))(الجامع :252/4)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو میرے دین کو پسند کرے وہ میری سنت پہ کاربند ہو اور میری سنت میں نکاح کرنا بھی ہے۔“

کسی قوم سے محبت کرنے والے کا اُنہی میں حشر ہوگا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من احب قوماً علی اعمالهم حشر فی زمرتهم))

(الجامع:81/1

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی قوم کو ان کے اعمال کے سبب پسند کرے وہ ان میں اٹھایا جائے گا۔“

محبت رسول محبت الٰہی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من احبنی فقد احب الله، ومن اطاعنی فقد اطاع الله))(مناوی)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھ سے محبت کی اس نے اللہ سے کی اور جس نے میری تابعداری کی اس نے اللہ کی تابعداری کی۔“

تین بچوں کی وفات پر صبر کرنیوالا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من احتسب ثلاثة من صلبه دخل الجنة))

(النسائی:24/4

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے تین بچوں کی وفات پر اللہ کی خوشنودی کیلئے صبر کیا جنت میں داخل ہوگا۔“

دین میں بدعتِ سیئہ پیدا کرنا

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من احد فی امرنا ما لیس فیه فهورد))

(بخاری:3/241)(مسلم فی الاقضیۃ:17)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہمارے دین میں نیا کام پیدا کیا جو اس میں نہیں تھا وہ مردود ہے۔"

غیر آباد زمین آباد کرنیوالے کی ملکیت ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من احیا ارضاً میتة، فهی له))

(ترمذی:(1379,1378)(بخاری:3/139)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے (غیر مملوک) غیر آباد زمین آباد کی وہ اس کی ہوگئی۔"

جس نے اہل مدینہ کوڈرایا اس نے رسول اللہ کوڈرایا

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اخاف اهل المدینة، فقد اخاف مابین جنبی))

(الجامع:3/306)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اہل مدینہ کوڈرایا اس نے میرے دل کوڈرایا۔"

قرض ادا کرنے کا ارادہ رکھنے والا

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اخذ اموال الناس یرید اداء ها، ادی الله عنه))

(بخاری:3/152)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے لوگوں کا مال ادا کرنے کے ارادے سے (بطور قرض کے) لیا اس کو اللہ ادا
نے کی توفیق دے گا۔"

قرآن مجید پڑھانے پر مزدوری لینے والے کا حصہ

ل رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اخذ علی القرآن اجرا، فذاك حظه من القرآن))

(الجامع:2/143)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن پڑھانے پر مزدوری لی اس کا قرآن سے وہی حصہ ہوگا۔"

مسجد سے موذی چیز نکالنے والا

ل رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اخرج ازی من المسجد، بنی الله له بیتاً فی الجنة))

(الجامع:2/143)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مسجد سے موذی چیز نکالی اس کے لئے اللہ تعالیٰ جنت میں گھر بنائے گا۔"

حبشیوں کے ساتھ اللہ کی برکت ہوتی ہے

ل رسول الله صلی الله علیه وسلم: من ادخل بیته حبشیاً او حبشیة ادخل الله بیته برکة))

(تنزیہ:7/2
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے گھر میں حبشی مرد یا حبشی عورت داخل کی اس کے گھر میں اللہ تعا
برکت داخل کرے گا۔''

نماز کی ایک رکعت پانے والا جماعت کو پالیتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ادرك ركعة من الصلاة، فقد ادرك الصلاة))
(بخاری:161/1)(مسلم فی المساجد:62,161
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے نماز سے ایک رکعت پائی اس نے جماعت کو پایا۔''

رمضان میں بس اسی رمضان کے روزے رکھے جائیں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ادرك رمضان وعليه شي لم يقضه))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے رمضان کو پایا اور اس کے ذمہ (سابقہ رمضان کے روزہ کی) قضا تھی
(سابقہ روزہ کی اس رمضان میں) قضا چھوڑ دے۔ (جب رمضان گزر جائے تب قضا کرے)۔''

غیر نسب کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ادعى نسباً لا يعرف كفر بالله))
(الجامع:1/
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے (اپنے لئے کسی ایسے) نسب کا دعویٰ کیا جسے وہ جانتا نہیں تو اس نے ا
کے ساتھ کفر کیا۔''

گناہ پر پشیمانی توبہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اذنب ذنباً فندم عليه، فهو توبته))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے گناہ کیا پھر اس پر پشیمان ہوا تو وہی اس کے لئے توبہ ہے۔''

جس نے اذان دی وہی اقامت کہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اذن فهو يقيم))
(ابوداود فی الصلاۃ:(30)(ترمذی:
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اذان دی وہی اقامت کہے۔''

جسے بلا تکلف نعمت حاصل ہو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اذلت له نعمة فليشكرها))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جسے بلا تکلف نعمت حاصل ہو وہ شکر کرے۔''

حج کا ارادہ کرنے والا جلدی کرے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من ارادالحج فلیتعجل))(الجامع 2/144)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو حج کا ارادہ کرے وہ جلدی کرے۔"

آدمی کس طرح آفات سے سلامت رہ سکتا ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اراد ان یسلم، فلیحفظ لسانه))
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو سلامت رہنا چاہے وہ اپنی زبان کو محفوظ رکھے۔"(کنز العمال:(6899)

جو اللہ کی ملاقات کو پسند کرتا ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من احب لقاء الله احب الله لقاء ہ))
(بخاری:8/133)(مسلم فی الذکر والدعاء:(18,17,16,15,14)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ کی ملاقات پسند کرے اللہ تعالیٰ اس کی ملاقات پسند کرتا ہے۔"

اہل مدینہ کو ڈرانے والا

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اخاف اهل المدینة اخافه الله))
(احمد:3/393,4/55)(الجامع:3/306)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اہل مدینہ کو ڈرایا اللہ اس کو خوف میں مبتلا کرے گا۔"

قرآن مجید کا پہلا ساتواں حصہ

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اخذ السبع الاول من القرآن، فهو خیر))
(الحاکم:1/564)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن پاک کا پہلا ساتواں حصہ یاد کیا وہ اس کے لئے بہتر ہے۔"

رشوت جنت اور آدمی کے درمیان رکاوٹ ہوگی

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اخذ رشوة فی الحکم کانت ستر ابینه
ین الجنة))
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے فیصلہ کرنے میں رشوت لی، وہ رشوت اس کے اور جنت کے درمیان
ٹ ہوگی۔"

مسلمان کو خوش کرنے والا رسول اللہ کو خوش کرنے والا ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من ادخل علی مومن سروراً، فقد سرنی))
(الاتحاف:5/245)(کنز العمال:(16411)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی مسلمان کو خوش کیا اس نے مجھے خوش کیا۔"

جمعہ کی ایک رکعت پانے والا دوسری رکعت بھی پڑھے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ادرک رکعۃ من الجمعۃ، فلیصل الیھا اخیر))

(الجامع:43/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جمعہ کی ایک رکعت پائی وہ اس کے ساتھ دوسری ملالے۔"

اپنے آپ کو غیر باپ کی طرف منسوب کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ادعی الی غیر ابیہ، وھو یعلم، فالجنۃ علیہ حرام))

(بخاری:194/8,199/5)(مسلم فی الایمان:115)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے خود کو غیر باپ کی طرف منسوب کیا باوجود جاننے کے تو اس پر جنت حرام ہے۔"

ثواب کے لیے سات برس اذان کہنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اذن سبع سنین محتسباً کتب لہ براءۃ من النار))

(ترمذی:(206)(مشکوۃ:64)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ثواب کیلئے سات برس اذان کہی اس کے لئے آگ سے براءت لکھ دی جاتی ہے۔"

خوف وخشیت دکھانے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اری الناس فوق ما عندہ من الخشیۃ فھو منافق))

(کنز العمال:53)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے خوف وخشیت سے زیادہ لوگوں کو اپنے میں خوف وخشیت دکھائی وہ منافق ہے۔"

روزہ رکھنے والا سحری ضرور کرے

[صحیح] النسائی فی عمل الیوم واللیلۃ: ۸۴۵، ۸۴۷۔ صحیح ابن حبان: ۳/ ۸۷۰۔ المستدرک للحاکم: ۱/ ۵۱۲]

نقصان سے بچنے کا عمل

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أحب الكلام الى الله أربع، لا يضرك بايهن
ت: سبحان الله، و الحمد لله، ولا اله الا الله، و الله اكبر))

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ کو کلام میں سب سے زیادہ محبوب چار (کلمات) ہیں، ان میں سے جس
شروع کرلو تمہیں کچھ نقصان نہیں:
سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله و الله اكبر))" [صحيح مسلم، كتاب الدعاء: ۴۸۔]

لاحول ولاقوۃ الا باللہ کی فضیلت

عن أبي موسى الأشعري رضي الله عنه قال: قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم:
عبد الله بن قيس! ألا أدلك على كنز من كنوز الجنة؟ لا حول ولا قوة الا بالله))

ضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اے عبداللہ ابن
ں! کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ بتاؤں؟ وہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ ہے۔"
نسائی نے یہ الفاظ زیادہ کیے:

((لا ملجا من الله الا اليه))
''اللہ تعالیٰ سے بھاگ کر پناہ کی کوئی جگہ نہیں مگر اسی کی طرف۔''
[صحیح بخاری:۶۳۸۴۔ صحیح مسلم: کتاب الدعاء/۴۴

دعا عبادت ہے

((قال النبي صلى الله عليه وسلم :ان الدعآء هو العبادة))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''دعا عبادت ہے۔''
[صحیح۔ سنن ابی داؤد:۱۴۷۹۔ سنن ترمذی:۳۲۴۷۔ سنن ابن ماجہ:۳۸۲۸۔ نسائی: الکبریٰ:۱۱۴۶۴/۶/۱۰

سب سے بڑھ کر عزت والی چیز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ليس شيء اكرم على الله من الدعآء))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی چیز اللہ تعالیٰ کے ہاں دعا سے بڑھ کر عزت والی نہیں۔''
[صحیح۔ سنن ترمذی:۳۳۷۰۔ سنن ابن ماجہ:۳۸۲۹۔ صحیح ابن حبان:۸۷۰/۳۔ المستدرک للحاکم:۴۹۰/۱۔ تحفۃ الاشراف:۹/۹

اذان اور اقامت کے درمیان دعا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:الدعآء بين الأذان و الاقامة لا يرد))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''اذان اور اقامت کے درمیان دعا رد نہیں کی جاتی۔''
[صحیح] نسائی عمل الیوم واللیلۃ:۶۷۔ صحیح ابن حبان:۱۲۹۶/۴۔ ارواء الغلیل:۱/

ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:ان ربكم حيي كريم يستحيي من عبده ا
رفع يديه اليه ان يردهما صفرا))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''یقیناً تمہارا رب بہت حیا کرنے والا ہے، وہ اپنے بندے سے حیا کرتا ہے
جب وہ اپنے ہاتھ اس کی طرف اٹھائے تو وہ انہیں خالی لوٹا دے۔''
[صحیح] سنن ابی داؤد:۱۴۸۸۔ سنن ابن ماجہ:۳۸۶۵،۱۴۶۵۔ سنن ترمذی:۳۵۵۶۔ المستدرک للحاکم:۱/

دعا کے بعد منہ پر ہاتھ پھیرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا مد يديه في الدعآء لم يردهما حتى يمس
بهما وجهه))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا میں اپنے ہاتھ اٹھاتے تو انہیں واپس نہیں لاتے تھے، یہاں تک کہ انہیں ا
چہرے پر پھیرتے۔''
[حسن۔ سنن ترمذی، ابواب الدعوات باب ما جاء فی رفع الایدی عند الدعاء، حدیث ابن عباس سنن ابی داؤد:

قربِ نبی کا سبب......درود

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان أولی الناس بی یوم القیامة أکثرھم علی
لاة))
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "قیامت کے دن لوگوں میں سے مجھ پر سب سے زیادہ حق رکھنے والا یا سب سے
دہ قریب وہ ہوگا جو ان میں سب سے زیادہ مجھ پر صلاۃ پڑھنے والا ہے۔"
[السنن ترمذی: ۴۸۴۔ صحیح ابن حبان: ۹۱۱/۳]

دس رحمتیں

قال النبی علیہ السلام من صلی علی واحدة صلی اللہ علیہ عشر))
ی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو مجھ پر ایک دفعہ صلاۃ بھیجے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ صلاۃ بھیجتا ہے۔"
[مسلم، کتاب الصلاۃ، باب: ۱۷]

سید الاستغفار

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: سید الاستغفار أن یقول العبد: اللھم ربی لا الہ الا
ت خلقتنی، و أنا عبدك و أنا علی عھدك و وعدك ما استطعت، أعوذبك من شر ما
نعت، أبوء لك بنعمتك علی و أبوء لك بذنبی فاغفرلی، فانه لا یغفر الذنوب الا أنت))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "بخشش مانگنے کی دعاؤں کی سردار دعا یہ ہے کہ بندہ یوں کہے:
اللھم ربی لا الہ الا انت خلقتنی، و أنا عبدك و أنا علی عھدك و وعدك ما
ستطعت، أعوذبك من شر ما صنعت، أبوء لك بنعمتك علی و أبوء لك بذنبی
غفرلی، فانه لا یغفر الذنوب الا أنت))
اے اللہ! تو ہی مجھے پالنے والا ہے، تیرے علاوہ کوئی سچا معبود نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں
رے عہد اور وعدے پر قائم ہوں جتنی طاقت رکھتا ہوں۔ میں اس (گناہ) کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں جو میں نے
کیا۔ میں تیری اس نعمت کا اقرار کرتا ہوں جو مجھ پر ہے۔ میں اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں سو تو مجھے بخش دے کیونکہ یقینی
ت یہ ہے کہ گناہوں کو تیرے علاوہ کوئی نہیں بخش سکتا۔" [صحیح بخاری، ۶۳۰۶۔ تحفۃ الاشراف: ۱۴۵/۴۔ ۱۴۰/۴]

صبح وشام کا معمول

((لم یکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدع ھؤلآء الکلمات حین یمسی و حین
صبح، اللھم انی اسألك العافیة فی دینی و دنیای و أھلی و مالی، اللھم استر
عوراتی، و آمن روعاتی، و احفظنی من بین یدی، ومن خلفی و عن یمینی، و عن
شمالی، ومن فوقی، و أعوذ بعظمتك أن اغتال من تحتی))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شام ہوتی یا صبح ہوتی یہ کلمات نہیں چھوڑا کرتے تھے:

((اللهم انى اسألك العافية في ديني و دنياى و أهلي و مالي، اللهم استر عوراتي آمن روعاتي، و احفظني من بين يدى، ومن خلفي و عن يميني، وعن شمالي، فوقي، و أعوذ بعظمتك أن اغتال من تحتي))

''اے اللہ! میں تجھ سے اپنے دین، اپنی دنیا، اپنے اہل اور اپنے مال میں عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میرے چھپانے کی چیزوں پر پردہ ڈال دے اور میری گھبراہٹوں کو امن عطا فرما اور میرے آگے، میرے پیچھے، میرے دائیں میرے بائیں اور میرے اوپر سے میری حفاظت فرما اور میں تیری عظمت کی پناہ پکڑتا ہوں کہ مجھے میرے نیچے سے اچانک ہلاک کر دیا جائے۔'' (صحیح۔السنن النسائی: ۲۸۲/۸۔ مختصر ابن ماجہ: ۳۸۷۱۔ تحفۃ الاشراف: ۳۲۴/۵)

مصائب سے پناہ

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: اللهم أعوذبك من زوال نعمتك تحول عافيتك، و فجاءة نقمتك، و جميع سخطك))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کیا کرتے تھے: ''اے اللہ! یقیناً میں تیری پناہ چاہتا ہوں تیری نعمت کے زوال اور عافیت کے پھر جانے سے اور تیرے اچانک انتقام سے اور تیری ہر قسم کی ناراضگی سے۔''

[صحیح مسلم، کتاب الذکر: ۹۶۔ تحفۃ الاشراف: ۵/

قرض سے عافیت

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: اللهم انى اعوذبك من غلبة الدين غلبة العدو، و شماتة الاعدآء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا کرتے تھے:

((اللهم انى اعوذبك من غلبة الدين، و غلبة العدو، و شماتة الاعدآء))

''اے اللہ! یقیناً میں قرض کے غالب آ جانے سے اور دشمن کے غالب آ جانے سے اور دشمنوں کے میرے نقصان پر خوش ہونے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔''

[صحیح۔السنن نسائی: ۲۶۵/۸، ۲۶۸۔ المستدرک للحاکم: ۵۳۱/۱۔ تحفۃ الاشراف: ۶/

قرض ادا کرنے کی نیت

((قال النبى عليه السلام من أخذ أموال الناس يريد أدآءها أدى الله عنه و من يريد اتلافها أتلفه الله)) [صحيح بخارى، كتاب الاستقراض: ۲]

''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص لوگوں کے مال اس نیت سے لے کہ انہیں ادا کر دے گا اللہ تعالیٰ انہیں اس کی طرف سے ادا کر دے گا اور جو شخص انہیں ضائع کرنے کی نیت سے لے گا اللہ تعالیٰ اسے ضائع کرے گا۔''

اسم اعظم

سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم رجلا یقول: اللھم انی أسألك بانی أشھد انك
اللہ الاحد الصمد الذی لم یلد و لم یولد، ولم یکن له کفوا احد فقال رسول اللہ
اللہ علیہ وسلم: لقد سأل اللہ باسمہ الذی اذا سئل به أعطی، و اذا دعی به أجاب))
صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو یہ کہتے ہوئے سنا:
لھم انی أسألك بانی أشھد انك انت اللہ الاحد الصمد الذی لم یلد و لم یولد، ولم
له کفوا احد"
ے اللہ! یقیناً میں تجھ سے اس واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ میں یقین سے اس بات کی شہادت دیتا ہوں کہ بلاشبہ
تو ہی اللہ ہے، تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں، تو ایک ہے، بے نیاز ہے، جس نے نہ کسی کو جنا، نہ جنا گیا اور نہ ہی کوئی
ہم سر ہے۔"
ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
ینا اس نے اللہ تعالیٰ سے اس کے اس نام کے ساتھ دعا کی ہے کہ جب اس کے ساتھ اس سے سوال کیا جائے تو وہ دیتا
ور جب اس کے ساتھ اس سے دعا کی جائے تو وہ قبول کرتا ہے۔"
[صحیح] سنن ابی داود: ۱۴۹۳۔ السنن الترمذی: ۳۴۷۵۔ سنن ابن ماجہ: ۳۸۵۷۔ صحیح ابن حبان: ۸۹۲/۳]

صبح وشام کے وقت دعا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا أصبح یقول: اللھم بك أصبحنا، و بك
سینا، وبك نحیا، وبك نموت و الیك النشور، و اذا أمسی قال مثل ذلك الا انه
: و الیك المصیر))
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح ہوتی تو یہ کہتے: "اے اللہ! تیرے (نام) ہی کے ساتھ ہم نے صبح کی اور تیرے
م) ہی کے ساتھ ہم نے شام کی اور تیرے (نام) ہی کے ساتھ ہم زندہ ہیں اور تیرے (نام) ہی کے ساتھ ہم مریں
اور تیری ہی طرف اٹھ کر جانا ہے۔" اور جب شام ہوتی تو اسی طرح کہتے مگر آپ ((و الیك النشور)) کی جگہ یہ
تے: ((و الیك المصیر)) "تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔"
[صحیح] السنن الترمذی: ۳۳۹۱۔ سنن ابن ماجہ: ۳۸۶۸۔ نسائی فی عمل الیوم واللیلۃ: ۸۔ تحفۃ الاشراف: ۴۰۹/۹۔ ۴۰۸/۹]

دین ودنیا میں بھلائی کی دعا

(کان أکثر دعآء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ربنا آتنا فی الدنیا حسنة، و فی
خرة حسنة و قنا عذاب النار))
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے زیادہ دعا یہ تھی:
(ربنا آتنا فی الدنیا حسنةوفی الاخرة حسنةوقناعذاب النار))

''اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔''
[صحیح بخاری:

جامع دعائیں

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یستحب الجوامع من الدعآء و یدع ما سوی ذلك
[سنن ابی داود، الو
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا میں سے جامع دعاؤں کو پسند فرماتے تھے اور جو اس کے علاوہ ہوتیں انہیں چھوڑ دیتے

ہر قسم کے گناہوں سے بخشش کی دعا

((کان النبی صلی الله علیه وسلم یدعو: اللهم اغفرلی خطیئتی و جهلی و اسرافی
أمری و ما أنت أعلم به منی اللهم اغفرلی جدی وهزلی، وخطئی و عمدی، و
ذلك عندی، اللهم اغفرلی ما قدمت و ما أخرت، وما أسررت، وما أعلنت، وما أ
أعلم به منی انت المقدم، و أنت المؤخر و أنت علی کل شیء قدیر))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کیا کرتے تھے:
((اللهم اغفرلی خطیئتی و جهلی و اسرافی فی أمری وما أنت أعلم به منی الل
اغفرلی جدی وهزلی، وخطئی و عمدی، و کل ذلك عندی، اللهم اغفرلی ما قدم
وما أخرت، وما أسررت، وما أعلنت، وما أنت أعلم به منی انت المقدم، و أن
المؤخر و أنت علی کل شیء قدیر))
''اے اللہ! مجھے بخش دے، میری خطا اور میری جہالت اور میرے معاملے میں میرا حد سے گزرنا اور وہ جسے تو مجھ سے ز
جانتا ہے۔ اے اللہ! مجھے بخش دے میرے سنجیدگی سے کیے ہوئے اور مذاق سے کیے ہوئے اور میرے خطا سے ہو
والے اور میرے جان بوجھ کر کیے جانے والے گناہ اور یہ سب میرے ہاں موجود ہیں۔ اے اللہ! مجھے بخش دے جو
نے پہلے کیے اور جو میں نے پیچھے کیے اور جو میں نے چھپا کر کیے اور جو میں نے ظاہر کیے اور جنہیں تو مجھ سے زیادہ
ہے۔ تو ہی پہلا کرنے ہے اور تو ہی پچھلا کرنے والا ہے اور تو ہر چیز پر قادر ہے۔''
[صحیح بخاری: ۶۳۹۸، ۶۳۹۹۔ صحیح مسلم: ۲۷۱۹۔ تحفۃ الاشراف: ۲/

دین و دنیا کی بھلائی کے لیے دعا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: اللهم أصلح لی دینی الذی هو عص
أمری، و أصلح لی دنیای التی فیها معاشی، و أصلح لی آخرتی التی الیها معادی
اجعل الحیاة زیادة لی فی کل خیر، و اجعل الموت راحة لی من کل شر))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا کرتے تھے:

اللهم أصلح لي ديني الذي هو عصمة أمري، و أصلح لي دنياي التي فيها معاشي،
صلح لي آخرتي التي اليها معادي، و اجعل الحياة زيادة لي في كل خير، و اجعل
وت راحة لي من كل شر))
ے اللہ! میرے لیے میرا دین درست کر دے جو میرے معاملے کو بچانے کا ذریعہ ہے اور میرے لیے میری دنیا
ت کر دے جس میں میری گزر اوقات ہے اور میرے لیے میری آخرت درست کر دے جس کی طرف میرا لوٹ کر جانا
اور زندگی کو میرے لیے ہر بھلائی میں زیادہ ہونے کا ذریعہ بنا دے اور موت کو میرے لیے ہر شر سے چھٹکارے کا
یہ بنا دے۔" [صحیح مسلم: ۲۷۲۰۔ تحفۃ الاشراف: ۹/۴۴۱]

علم نافع کے لیے دعا

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: اللهم انفعني بما علمتني و علمني ما
عني، و ارزقني علما ينفعني))
ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا کرتے تھے:
اللهم انفعني بما علمتني و علمني ما ينفعني، و ارزقني علما ينفعني))
اللہ! مجھے تو نے جو سکھایا ہے اس کے ساتھ مجھے نفع دے اور مجھے وہ سکھا جو مجھے نفع دے اور مجھے ایسا علم عطا کر جو مجھے نفع
ے۔"

[صحیح] [السنن الترمذی، کتاب الدعوات: ۳۵۹۹، سنن ابن ماجہ: ۲۵۱، ۳۸۳۳، المستدرک للحاکم (۱/۵۱۰)]

زیادہ علم کی دعا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: رب زدني علماً الحمد لله على كل حال، و
ذ بالله من حال اهل النار))
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیا: اے اللہ! "مجھے علم میں زیادہ کر۔ تمام تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے ہر حال
ر آگ والوں کے حال سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔"

ساری بھلائیوں کا سوال

عن عائشة رضي الله عنها: أن النبي صلى الله عليه وسلم علمها هذا الدعآء: اللهم
ي أسألك من الخير كله عاجله و آجله ما علمت منه وما لم أعلم، و أعوذبك من
شر كله عاجله و آجله ما علمت منه وما لم أعلم، اللهم أسألك من خير ما سألك
بدك و نبيك، و أعوذ بك من شر ما عاذ منه عبدك و نبيك، اللهم اني أسألك الجنة
ما قرب اليها من قول أو عمل، و اعوذ بك من النار، وما قرب اليها من قول أو عمل
أسألك أن تجعل كل قضاء قضيته لي خيرا))

''ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ دعا سکھائی:

((اللهم انی أسألك من الخير كله عاجله و آجله ما علمت منه وما لم أعلم، أعوذبك من الشر كله عاجله و آجله ما علمت منه وما لم أعلم، اللهم أسألك خير ما سألك عبدك و نبيك، وأعوذ بك من شر ما عاذ منه عبدك و نبيك، اللهم أسألك الجنة وما قرب اليها من قول أو عمل، و اعوذ بك من النار، وما قرب من قول أو عمل و أسألك أن تجعل كل قضاء قضيته لی خيرا))

''اے اللہ! میں تجھ سے بھلائی میں سے ساری کی ساری بھلائی کا سوال کرتا ہوں، جو اس میں سے جلدی (ملنے) والی اور جو دیر (سے ملنے) والی ہے، جو اس میں سے میں جانتا ہوں اور جو مجھے معلوم نہیں اور شر میں سے سارے کے سارے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو اس میں سے جلدی (آنے) والا ہے اور جو دیر (سے آنے) والا ہے، جو اس میں سے جانتا ہوں اور جو مجھے معلوم نہیں۔ اے اللہ! میں تجھ سے اس چیز کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں جس کا سوال تجھ سے بندے اور تیرے نبی نے کیا ہے اور اس چیز کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں جس سے تیرے بندے اور تیرے نبی مانگی ہے۔ اے اللہ! یقیناً میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور اس قول وعمل کا (سوال کرتا ہوں) جو مجھے اس (جنت) کے قریب کر دے اور جہنم سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور اس قول وعمل سے (تیری پناہ چاہتا ہوں) جو اس (جہنم) قریب کر دے اور میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ تو ہر اس فیصلے کو جو تو نے کر دیا ہے میرے لیے بہتر بنا دے۔''

(السنن ابن ماجہ:۳۸۴۶۔ صحیح ابن حبان:۳/۸۶۹۔ تحفۃ الاشراف:

کلمتان حبیبتان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كلمتان حبيبتان الى الرحمن، خفيفتان اللسان، ثقيلتان في الميزان: سبحان الله و بحمده، سبحان الله العظيم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''دو کلمے جو رحمان کو بہت پیارے، زبان پر بہت ہلکے، ترازو میں بہت ہیں۔'' یہ ہیں:

((سبحان الله و بحمده، سبحان الله العظيم))

''میں اللہ کا پاک ہونا بیان کرتا ہوں اور اس کی حمد کے ساتھ (اس کا پاک ہونا بیان کرتا ہوں) میں اللہ کا پاک ہونا بیان کرتا ہوں جو بہت بڑائی والا ہے۔''

[صحیح بخاری:۶۴۶۰،۶۶۸۲،۷۵۶۳۔ صحیح مسلم:۲۶۹۴۔ تحفۃ الاشراف

مسلمان کے مسلمان پر حقوق

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: حق المسلم على المسلم ست: اذا لقيته فسلم عليه، و اذا دعاك فأجبه، واذا استنصحك فانصحه، و اذا عطس فحمد الله فشمته و اذا مرض فعده، و اذا مات فاتبعه))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مسلمان کے حق مسلمان پر چھ ہیں، جب تو اس سے ملے تو سلام کہہ، جب وہ تجھے تو اس کے پاس جا، جب تجھ سے خیر خواہی طلب کرے تو اس کی خیر خواہی کر، جب اسے چھینک آئے اور وہ اللہ کی حمد تو اسے ((یرحمک اللہ)) کہہ، جب وہ بیمار ہو تو اس کی بیمار پرسی کر اور جب فوت ہو تو اس کے جنازے کے ساتھ جا۔''

[صحیح مسلم، باب السلام: حدیث نمبر 5۔ تحفۃ الاشراف: جلد نمبر 10، صفحہ نمبر 224]

آتے جاتے سلام

النبی صلی اللہ علیہ وسلم: اذا انتہی أحدکم الی المجلس فلیسلم فان بدا له جلس فلیجلس ثم اذا قام فلیسلم فلیست الاولی بأحق من الأخرة))

ند احمد: ۲/۲۳۰۔ ابوداود، کتاب الادب، باب فی السلام اذا قام من المجلس: ۵۲۰۸۔ ترمذی، کتاب الاستئذان، باب ماجاء فی التسلیم ......الخ: ۲۷۰۶۔ وغیرھم عن أبی ھریرۃ وصحیح الجامع الصغیر: ۴۰۰]

ریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص مجلس میں پہنچے تو سلام کہے، اگر اس کا ارادہ بیٹھنے کا ہے تو ئے، پھر جب اٹھے تو سلام کہے، کیونکہ پہلے سلام کا حق دوسرے سے زیادہ نہیں ہے۔''

دعوتِ ولیمہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ومن لم یجب الدعوۃ فقد عصی اللہ و رسولہ))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دعوت قبول نہ کی اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔''

نیچے والوں کی طرف دھیان رکھنا

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انظروا الی من ھو أسفل منکم ولا تنظروا الی و فوقکم، فھو أجدر أن لا تزدروا نعمۃ اللہ علیکم))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اس شخص کی طرف دیکھو جو تم سے نیچے ہے اور اس شخص کی طرف نہ دیکھو جو تم سے ہے، یہ زیادہ لائق ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کو حقیر نہ جانو جو تم پر ہے۔''

[صحیح بخاری: ۶۴۹۰۔ صحیح مسلم: کتاب الزھد: ۹]

گناہ اور نیکی کی پہچان

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البر حسن الخلق، و الاثم ما حاك فی صدرك، ھت أن یطلع علیه الناس))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''نیکی عادت کا اچھا ہونا ہے اور گناہ وہ ہے جو تیرے سینے میں کھٹکے اور تو اس بات کو جانے کہ لوگ اس پر اطلاع پائیں۔''

[صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ: ۱۴، ۱۵۔ تحفۃ الاشراف: ۹/۶۰]

تیسرے کی موجودگی میں سرگوشی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا كنتم ثلاثة فلا يتناجى اثنان دون ا
حتى تختلطوا بالناس، من أجل أن ذلك يحزنه))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''جب تم تین ہوتو دو آدمی تیسرے کے بغیر آپس میں سرگوشی نہ کریں یہاں
دوسرے لوگوں کے ساتھ مل جاؤ کیونکہ یہ چیز اسے غمگین کرے گی۔''
[صحیح بخاری: ۶۲۸۸۔ صحیح مسلم، کتاب السلام: ۳۷، وغیرھما۔ تحفۃ الاشراف

کسی کی جگہ بیٹھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يقيم الرجل الرجل من مجلسه ثم يـ
فيه، ولكن تفسحوا و توسعوا))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''کوئی آدمی دوسرے آدمی کو اس کی بیٹھنے کی جگہ سے نہ اٹھائے کہ پھر خود
بیٹھ جائے۔ بلکہ کھل جاؤ اور کشادگی پیدا کرلو۔''
[صحیح بخاری: ۶۲۶۹۔ صحیح مسلم، کتاب السلام: ۲۷، ۲۸) تحفۃ الاشراف

کھانے کے بعد انگلیاں چاٹنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا أكل أحدكم طعاما فلا يمسح يده
يلعقها أو يلعقها))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''جب تم میں سے کوئی شخص کھانا کھائے تو اپنا ہاتھ صاف نہ کرے یہاں
اسے خود چاٹ لے یا کسی کو چٹا دے۔''
(صحیح بخاری: ۵۴۵۶۔ صحیح مسلم، الاشربۃ: ۱۳۴، ۱۳۷۔ تحفۃ الاشراف: ۵/

کھانے کے بعد ہاتھ صاف کرنے سے پہلے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: و لا يمسح يده بالمنديل حتى يلعق أصا
[صحیح مسلم، الا
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی اپنا ہاتھ تولیے کے ساتھ صاف نہ کرے یہاں تک کہ اپنی انگلیاں چاٹ

موضع برکت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: فانه لا يدرى فى أى طعامه تكون الب
[صحیح مسلم، عن جابر، ال
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھانے والے کو معلوم نہیں کہ اس کے کھانے کے کون سے حصے میں برکت

سلام کے آداب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليسلم الصغير على الكبير، و الما

د، و القليل على الكثير))

[متفق علیہ۔وفی روایۃ المسلم :والراکب علی الماشی]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''چھوٹا بڑے کو سلام کہے، گزرنے والا بیٹھے ہوئے کو اور تھوڑے زیادہ کو۔''

[صحیح بخاری، ۶۲۳۱، ۶۲۳۲، ۶۲۳۴۔صحیح مسلم، السلام ۲۱۶۰۔تحفۃ الاشراف: ۱۰/ ۲۷۵، ۳۹۴]

سلام کو عام کرنا

رسول الله صلى الله عليه وسلم أفشوا السلام))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سلام عام کرو۔''

ایک گروہ کا دوسرے گروہ پر سلام

رسول اللہ صلى اللہ وسلم: يجزى عن الجماعة اذا مروا ان يسلم احدهم، و

عن الجماعة ان يرد أحدهم))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جماعت کی طرف سے جب وہ (کہیں سے) گزریں یہی کافی ہے کہ ان میں

آدمی سلام کہہ دے اور جماعت کی طرف سے یہی کافی ہے کہ ان میں سے ایک آدمی جواب دے دے۔''

[صحیح۔تحفۃ الاشراف: ۷/ ۳۲۹۔صحیح ابی داؤد: ۴۳۴۲]

کفار سے سلام کا طریقہ

رسول اللہ صلى اللہ عليه وسلم: لا تبدؤا اليهود و لا النصارىٰ بالسلام، و اذا

هم في طريق فاضطروهم الى أضيقه))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''نہ یہودیوں کو پہلے سلام کہو، نہ عیسائیوں کو اور جب انہیں کسی راستے میں ملو تو انہیں

رف (سے گزرنے پر) مجبور کرو جو زیادہ تنگ ہو۔''

[صحیح مسلم، السلام: ۱۳۔تحفۃ الاشراف، مسند ابی ہریرۃ: ۹/ ۴۱۱]

پیام محبت

رسول الله صلى الله عليه وسلم أولا أدلكم على شيء اذا فعلتموه تحاببتم،

السلام بينكم))

[صحیح مسلم، عن ابی ھریرۃ، کتاب الایمان: ۹۳]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں جس کے کرنے سے تمہارے درمیان محبت پیدا ہو

آپس میں سلام کیا کرو۔''

چھینک کا جواب

النبى صلى الله عليه وسلم قال: اذا عطس أحدكم فليقل: الحمد لله، و ليقل له

أخوه، يرحمك الله، فاذا قال له: يرحمك الله، فليقل له: يهديكم الله و يصلح بالكم
''نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو وہ ((الحمد لله)) کہے اور اس کا بھائی ((يرحمك الله)) ''اللہ تم پر رحم کرے۔'' کہے تو جب وہ اسے ((يرحمك الله)) کہے تو وہ اسے یوں کہے: ((يهديكم الله و يصلح بالكم)) ''اللہ تمہیں ہدایت دے اور تمہاری حالت درست کرے۔''
[صحیح بخاری، ۶۲۲۴۔ تحفۃ الاشراف: ۷/

کھڑے ہو کر پانی پینا

(عن ابی هريرة رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يشر أحدكم قائما))
''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی شخص کھڑے ہو کر پانی ہرگز نہ پیے۔''
[مسلم، الاشربۃ: ۱۱۶۔ دیکھیے تحفۃ الاشراف:

جوتا پہننے اور اتارنے کے آداب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا انتعل أحدكم فليبدأ باليمين، و اذا ن فليبدأ بالشمال، ولتكن اليمنى اولهما تنعل و آخرهما تنزع))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب تم میں کوئی شخص جوتا پہنے تو دائیں طرف سے شروع کرے اور جب اتا تو بائیں طرف سے شروع کرے اور دایاں پاؤں دونوں میں سے پہلے ہو جس میں جوتا پہنا جائے اور دونوں سے آ ہو جس سے جوتا اتارا جائے۔''
[صحیح بخاری: ۵۸۵۶۔ صحیح مسلم، کتاب اللباس: ۶۷۔ تحفۃ الاشراف:

عزت و شرف دائیں طرف سے

((كان النبى صلى الله عليه وسلم يحبه التيمن فى تنعله و ترجله و طهوره و فى شأنه كله (صحیح بخاری و
''نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو جوتا پہننے، کنگھی کرنے، وضو میں اور اپنے تمام کاموں میں دائیں جانب سے شروع کرنا پسند

ایک جوتا پہن کر چلنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يمش أحدكم فى نعل واحدة، و ليع جميعا أو ليخلعهما جميعا))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص ایک جوتا پہن کر نہ چلے، دونوں پاؤں کو پہنائے یا جوتے اتار دے۔''
[صحیح بخاری، ۵۸۵۵۔ صحیح مسلم، کتاب اللباس ۱۹۔ تحفۃ الاشراف:

ٹخنوں سے نیچے کپڑا لٹکانا

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا ينظر الله الى من جر ثوبه خيلاء))

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف دیکھے گا نہیں جس نے اپنا کپڑا تکبر کے ساتھ لٹکایا۔''

[صحیح بخاری، ۵۷۸۳، ۵۷۹۱۔ صحیح مسلم، اللباس: ۴۳۔ تحفۃ الاشراف: ۵/۳۶۶، ۵/۳۴۷، ۶/۲۱۵]

تین گنہگار آدمی

ال النبی علیه السلام: ثلاثة لا يكلمهم الله يوم القيامة ولا يزكيهم ولهم عذاب

: المسبل و المنان و المنفق سلعته بالحلف الكاذب))

[صحیح مسلم: ۱/۷۱]

کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی ہیں جن سے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ نہ کلام کرے گا، نہ انہیں پاک ے گا اور ان کے لیے عذاب الیم ہے۔ (کپڑا) لٹکانے والا، احسان جتلانے والا اور جھوٹی قسم کے ساتھ اپنا سامان الا۔''

ٹخنوں سے نیچے والا حصہ

ل النبی صلى الله عليه وسلم: ما أسفل من الكعبين من الازار ففي النار))

[صحیح بخاری]

ی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''چادر کا جو حصہ ٹخنوں سے نیچے ہے وہ آگ میں ہے۔''

چادر کا ٹخنوں پر کوئی حق نہیں

ن حذيفة قال: أخذ رسول الله صلى الله عليه وسلم بعضلة ساقي أو ساقه فقال

موضع الازار فان أبيت فأسفل فان أبيت فلا حق للازار في الكعبين))

(قال أبو عیسیٰ ھذا حدیث حسن صحیح، ترمذی، کتاب اللباس: ۴۱)

رت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری پنڈلی یا اپنی پنڈلی کا عضلہ (موٹا حصہ) فرمایا: ''چادر کی جگہ یہ ہے، اگر نہ مانو تو اس سے کچھ نیچے، اگر یہ بھی نہ مانو تو چادر کا ٹخنوں میں کوئی حق نہیں۔''

نظر کرم سے محروم

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم ازرة المؤمن الى نصف الساق و لا جناح

ه فيما بينه و بين الكعبين ما كان أسفل من الكعبين فهو في النار من جر ازاره

ا لم ينظر الله اليه))

[صحیح۔ موطا امام مالک، مسند امام احمد، سنن ابی داؤد، سنن ابن ماجہ، صحیح ابن حیان، سنن بیہقی]

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کے چادر باندھنے کی حالت نصف پنڈلی تک ہے اور اس کے اور ٹخنوں کے

درمیان اس پر کوئی گناہ نہیں، جو ٹخنوں سے نیچے ہو وہ آگ میں ہے، جو شخص تکبر سے اپنی چادر لٹکائے اللہ تعالیٰ ا
طرف دیکھے گا نہیں۔"

تکبرانہ کپڑا لٹکانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ارفع ازارك الى نصف الساق فان أبيت
الكعبگين و اياك و اسبال الازار فانها من المخيلة و ان الله لا يحب المخيلة))

[ابوداؤد: ۴۰۸۴، نسائی، حاکم، صحیح ابی داؤد:

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی چادر نصف پنڈلی تک اونچی رکھو، اگر نہیں مانتے تو ٹخنوں تک اور چادر
سے بچو کیونکہ یہ بات یقینی ہے کہ یہ تکبر سے ہے اور اللہ تعالیٰ تکبر کو یقیناً پسند نہیں فرماتا۔"

[سنن ابی داؤد:

جس کی ٹانگیں درست نہ ہوں وہ بھی ٹخنے ننگے رکھے

((أبصر رسول الله صلى الله عليه وسلم رجلا يجر ازاره فأسرع اليه أو هرول ف
ارفع ازراك واتق الله قال انى أحنف تصطك ركبتاى فقال: ارفع ازارك فان كل
الله عزوجل حسن فما رءى ذلك الرجل بعد الا ازاره يصيب أنصاف ساقيه او
انصاف ساقيه))

[مسند امام احمد:

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا جو اپنی چادر کھینچتا ہوا جا رہا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف
سے گئے یا دوڑ کر گئے اور فرمایا: "اپنی چادر اوپر اٹھاؤ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔" اس نے کہا: "میرے پاؤں ٹیڑھے
میرے گھٹنے آپس میں رگڑ کھاتے ہیں۔" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اپنی چادر اوپر اٹھاؤ کیونکہ اللہ عزوجل
کی ہوئی ہر چیز ہی خوبصورت ہے۔" اس کے بعد اس آدمی کو جب بھی دیکھا گیا اس کی چادر نصف پنڈلی یا اس
ٹخنوں سے اوپر ہوتی تھی۔"

تہبند کم از کم ٹخنوں سے اوپر ضرور ہو

((عن عمرو بن فلان الانصارى قال بينا هو يمشى قد أسبل ازاره اذ لحقه رسول
صلى الله عليه وسلم و قد أخذ بناصية نفسه و هو يقول اللهم عبدك ابن عبدك
أمتك قال عمرو فقلت يا رسول الله! انى رجل حمش الساقين فقال يا عمرو! ا
عزوجل قد أحسن كل شىء خلقه يا عمرو! و ضرب رسول الله صلى الله عليه
بأربع أصابع من كفه اليمنىٰ تحت ركبة عمرو فقال يا عمرو! هذا موضع الا
رفعها ثم وجع تحت الثانية فقال يا عمرو! هذا موضع الزار))

[مسند امام ا

ت عمرو الانصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دفعہ وہ اپنی چادر لٹکائے ہوئے چل رہے تھے کہ انہیں رسول
اللہ علیہ وسلم آ کر ملے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی پیشانی کے بال پکڑے ہوئے تھے اور کہہ رہے تھے: ''اے اللہ!
ہوں! تیرے بندے کا بیٹا ہوں! تیری بندی کا بیٹا ہوں۔! (لٹکی ہوئی چادر سے ظاہر ہونے والے تکبر کی طرف
نے کے لیے اپنی عاجزی کا اظہار فرما رہے تھے۔)'' سیدنا عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں (یہ سن کر) میں نے عرض کیا:
ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں پتلی پنڈلیوں والا آدمی ہوں۔ (اس لیے چادر لٹکا رکھی ہے)'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم
یا: ''اے عمرو! یقیناً اللہ عزوجل نے جو چیز پیدا کی ہے خوبصورت پیدا کی ہے۔'' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی
ھیلی کی چار انگلیاں عمرو رضی اللہ عنہ کے گھٹنے کے نیچے رکھ کر فرمایا: ''اے عمرو! یہ چادر کی جگہ ہے۔'' پھر انگلیاں اٹھا
رہ اس سے نیچے (ٹخنوں کے اوپر) رکھیں اور فرمایا: ''اے عمرو! یہ چادر کی جگہ ہے۔''

مرد اور عورت کا لباس

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن المرأة تلبس لبسة الرجل و الرجل يلبس
المرأة))

[مستدرک للحاکم: ۴/۱۹۴]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت پر لعنت فرمائی جو مرد کی طرح کا لباس پہنے اور اس مرد پر لعنت فرمائی جو عورت
اس پہنے۔''

دائیں ہاتھ سے کھانا پینا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا أكل أحدكم فليأكل بيمينه، و اذا شرب
رب بيمينه، فان الشيطان يأكل بشماله و يشرب بشماله))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی کھائے تو اپنے دائیں ہاتھ کے ساتھ کھائے اور جب پیے تو
تھ کے ساتھ پیئے کیونکہ شیطان اپنے بائیں ہاتھ کے ساتھ کھاتا ہے اور بائیں کے ساتھ پیتا ہے۔''

[صحیح مسلم، کتاب الاشربۃ: ۱۰۵۔ تحفۃ الاشراف، ۶/ ۲۶۷، ۶، ۱۴۰/ ۵، ۴۰۰]

کھانے، پینے، پہننے اور صدقہ میں فضول خرچی اور تکبر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل و اشرب و البس و تصدق فی غیر سرف
مخيلة))

[أخرجہ أبوداؤد وأحمد، وعلقہ البخاری]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کھا، پی، پہن اور صدقہ کر جس میں فضول خرچی نہ ہو اور تکبر نہ ہو۔''

[صحیح بخاری، تعلیقاً، کتاب اللباس: باب نمبر ا۔ مسند امام احمد: ۲/ ۱۸۱، ۸۲، سنن ابی داؤد]

ایک حصہ کھانے کے لیے

رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما ملا آدمی و عاء شرا من بطن بحسب ابن

آدم اکلات یقمن صلبة فان لا محالة فثلث لطعامه و ثلث لشرابه و ثلث لنفسه))

[سنن ترمذی، کتاب الز

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی آدمی نے کوئی برتن نہیں بھرا جو پیٹ سے زیادہ برا ہو۔ ابن آدم کے لیے لقمے کافی ہیں جو اسکی پیٹھ کو سیدھا رکھیں۔ پس اگر اسے (زیادہ کھائے بغیر) کوئی چارہ ہی نہ ہو تو تیسرا حصہ کھانے کے لیے ہے اور تیسرا پینے کے لیے اور تیسرا سانس کے لیے۔''

سچ کی خوبی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: علیکم بالصدق فان الصدق یھدی الی البر وان البر یھدی الی الجنة، وما یزال الرجل یصدق و یتحری الصدق حتی یکتب عند اللہ صدیقا، و ایاکم و الکذب فان الکذب یھدی الی الفجور، وان الفجور یھدی الی النار، وما یزال الرجل یکذب و یتحری الکذب حتی یکتب عند اللہ کذابا))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''سچ کو لازم پکڑو کیونکہ سچ نیکی کی طرف ہدایت کرتا ہے اور نیکی جنت کی طرف ہدایت کرتی ہے اور آدمی سچ کہتا رہتا ہے اور سچ کہنے کی پوری کوشش کرتا رہتا ہے، یہاں تک کہ اسے اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت سچا لکھ دیا جاتا ہے اور جھوٹ سے بچو کیونکہ جھوٹ برائی کی طرف دعوت دیتا ہے اور برائی آگ کی طرف ہدایت کرتی ہے اور آدمی جھوٹ کہتا رہتا ہے اور جھوٹ کہنے کی پوری کوشش کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے۔''

[صحیح بخاری: ۶۰۹۴۔ صحیح مسلم: کتاب البر والصلة

دعائے نبی......صبر وغنیٰ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من یتصبر یصبرہ اللہ ومن یستغن یغنہ اللہ))

[صحیح بخاری: کتاب الز

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص صبر کرنے کی کوشش کرے گا اللہ تعالیٰ اسے صابر بنادے گا جو مستغنی ہو گا اللہ تعالیٰ اسے غنی بنادے گا۔''

گمان......سب سے جھوٹی بات

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایاکم و الظن، فان الظن أکذب الحدیث))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''گمان سے بچو کیونکہ گمان سب سے جھوٹی بات ہے۔''

[صحیح بخاری: ۶۰۶۶۔ صحیح مسلم: کتاب البر والصلة: ۲۸۔ تحفة الاشراف

دیگر معاشرتی برائیوں کی ممانعت

((قال النبی علیہ السلام: لا تحسسوا ولا تجسسوا ولا تناجشوا ولا تحاسدوا

غضوا ولا تدابروا و کونوا عباد اللہ اخوانا))
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ ٹوہ لگاؤ، نہ جاسوسی کرو، نہ دھوکے سے (خرید وفروخت میں) بولی بڑھاؤ، نہ ایک رے پر حسد کرو، نہ ایک دوسرے سے دل میں کینہ رکھو اور نہ ایک دوسرے سے قطع تعلق کرو اور اللہ کے بندو! بھائی ی بن جاؤ۔"

بعض کے بارے میں گمان

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما أظن فلانا و فلانا یعرفان من دیننا شیئا))
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں فلاں اور فلاں کے متعلق گمان نہیں کرتا کہ وہ ہمارے دین میں سے کچھ بھی نتے ہیں۔"

خیال کی معافی

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله تجاوز لامتی عما حدثت به انفسها م تعمل أو تکلم به))

[صحیح مسلم، کتاب الایمان: ۵۸]

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت کو وہ باتیں معاف کر دی ہیں جو وہ اپنے دل سے کریں تک ان پر عمل نہ کریں یا زبان پر نہ لائیں۔"

راستے کے حقوق

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایاکم والجلوس علی الطرفات: قالوا: یارسول مالنا بد من مجالسنا نتحدث فیها، قال: فاما اذا أبیتم فأعطوا الطریق حقه، قالوا: حقه؟ قال: غض البصر، و کف الأذی، ورد السلام، و الأمر بالمعروف و النهی المنکر)) [متفق علیه]

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "راستوں پر بیٹھنے سے پرہیز کرو۔" صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض "ہماری مجلسوں کے بغیر ہمارا گزارا نہیں کیونکہ ہم ان میں باہمی بات چیت کیا کرتے ہیں۔" آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا: "تو جب تم نہیں مانتے تو راستے کو اس کا حق دو۔" انہوں نے پوچھا: "راستے کا حق کیا ہے۔؟" فرمایا: "نگاہ رکھنا، تکلیف نہ دینا، سلام کا جواب دینا، نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا۔"

[صحیح بخاری: ۶۲۲۹۔ صحیح مسلم، کتاب اللباس/ ۳۲۷۔ تحفۃ الاشراف: ۸/ ۱۲۵]

فقاہت فی الدین کی فضیلت

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من یرد اللہ به خیرا یفقهه فی الدین))

[متفق علیہ]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ کسی بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اسے دین کی سمجھ عطا کر دیتا ہے'' (متفق)

[صحیح بخاری:۷۱۔صحیح مسلم، کتاب الزکوۃ:۹۸، ۱۰۰۔تحفۃ الاشراف:۸/۲۰۱،۸/۲۳۷،۸/

ترازو میں اچھے خلق سے بھاری کوئی چیز نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:ما من شیء فی المیزان اثقل من حسن الخلق

[أخرجہ أبوداود والترمذی

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''ترازو میں کوئی چیز خلق اچھا ہونے سے زیادہ بھاری نہیں ہے۔''

[صحیح۔سنن ابی داؤد:۴۷۹۹۔مسند امام احمد:۶/۴۴۶،

اچھے اخلاق کی فضیلت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم وان صاحب الخلق ليبلغ به درجة صاحب الصوم والصلاة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:اچھے خلق والا شخص اس کے ذریعے روزے اور نماز والے شخص کے درجے کو پہنچ جاتا ہے''

[سنن ترمذی، کتاب البر والصلۃ، ماجاء فی حسن الخلق:

دو خصلتیں اور مومن

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:خصلتان لا یجتمعان فی مؤمن:البخل وسوء الخلق

[أخرجہ الترمذی وفی سندہ

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''دو خصلتیں مومن میں جمع نہیں ہوتیں، بخل اور بدخلقی۔''

(سنن ترمذی:۱۹۶۲۔الادب المفرد للبخاری

بدخلقی کی نحوست

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:الشوم سوء الخلق))

[أخرجہ أحمد، وفی اسنادہ

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:اصل نحوست بدخلقی ہے۔''(مسند امام احمد:۶/۸۵)

حیاء ایمان سے ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:الحیاء من الایمان))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''حیاء ایمان سے ہے۔'' [متفق علیہ]

[صحیح بخاری:۲۴۔صحیح مسلم، کتاب الایمان:۳۶۔تحفۃ الاشراف:۵/۳۸۸،۵/۳۷۳،۹/۴۲۹،۹/۴۲،۱۱/۹،۱۱/

حیاء خیر ہی خیر ہے

ال النبی صلی الله علیه وسلم الحیاء کله خیر))
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حیاء ساری کی ساری خیر ہے۔" صحیح مسلم: ۶۱]

حیا خیر کے علاوہ کچھ نہیں

ال النبی علیه السلام الحیاء لا یأتی الا بخیر))
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حیاء خیر کے علاوہ کچھ نہیں لاتی۔" [صحیح مسلم، کتاب الایمان: ۱۲]

ایمان کے ساٹھ سے زیادہ شعبے

ل رسول الله صلی الله علیه وسلم: الایمان بضع و ستون شعبة و الحیاء شعبة من الایمان))
[صحیح بخاری: ۹]
ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان ساٹھ سے زیادہ شاخوں کا نام ہے اور حیا ایمان کی ایک شاخ ہے۔"

وہ بات جو نبوتوں سے چلی آرہی ہے

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان مما أدرك الناس من کلام النبوه الاولی: اذا
ستحی فاصنع ما شئت)) [أخرجه البخاری]
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "لوگوں نے پہلی نبوت کے کلام میں سے جو کچھ پایا ہے اس میں سے ایک یہ ہے
جب تو حیا نہ کرے تو جو چاہے کر۔" [صحیح بخاری: ۳۴۸۳۔۳۴۸۴]

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ باندھنا

قال النبی صلی الله علیه وسلم من کذب علی متعمدا فلیتبوا مقعده من النار))
[صحیح بخاری، کتاب العلم: ۳۸]
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولے وہ اپنا ٹھکانا آگ میں بنالے۔" (وہ اپنا
ٹھکانا آگ میں بنالیتا ہے)

جدوجہد کی ترغیب اور تقدیر پر قناعت

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: المومن القوی خیر و أحب الی الله من المومن
ضعیف، وفی کل خیر احرص علی ما ینفعك، واستعن بالله، ولا تعجز، و ان
صابك شیء فلا تقل: لو انی فعلت کذا و کذا، کان کذا و کذا، و لکن قل: قدر الله
ما شاء الله فعل، فان ((لو)) تفتح عمل الشیطان)) [أخرجه مسلم]
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "طاقتور مومن، کمزور مومن سے بہتر اور اللہ تعالیٰ کو زیادہ محبوب ہے اور ہر ایک میں
بھلائی موجود ہے۔ جو چیز تجھے نفع دے اس کی حرص کر اور اللہ تعالیٰ سے مدد مانگ اور عاجز نہ ہو اور اگر تجھے کوئی (نقصان

دہ) چیز پہنچے تو یہ مت کہہ کہ ''اگر میں اس طرح کرتا تو اس طرح اور اس طرح ہو جاتا'' بلکہ یوں کہہ کہ اللہ نے قسمت
(اسی طرح) لکھا اور جو اس نے چاہا کر دیا کیونکہ ''لو'' (اگر) کا لفظ شیطان کا کام کھول دیتا ہے۔''
[صحیح مسلم، کتاب القدر: ۳۴۔ تحفۃ الاشراف: ۱۰/۱۵۹، ۱۰/۲۱۹، ۱۰/

میری دعا قبول نہیں ہوئی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يستجاب لاحدكم مالم يعجل فيقول
دعوت فلم يستجب لي)) [صحيح مسلم، كتاب الذكر و الدعاء: ۲۵]
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی ایک کی دعا قبول کی جاتی ہے جب تک جلدی نہ کرے کہ یہ
لگے کہ میں نے دعا کی تو میری دعا قبول نہیں کی گئی۔''

سرکشی اور فخر کا خاتمہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان الله تعالىٰ أوحى الى ان تواضعوا حتى
يبغي أحد على أحد، ولا يفخر أحد على أحد)) [أخرجه مسلم]
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یقیناً اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی فرمائی ہے کہ نیچے رہو، یہاں تک کہ کوئی کسی
سرکشی نہ کرے اور نہ کوئی کسی پر فخر کرے۔'' [صحیح مسلم، کتاب صفۃ الجنۃ: ۶۴۔ تحفۃ الاشراف: ۸/۲۵۱۔ ۸/۲۵۲]

عاجزی کرنیوالا اونچا ہوتا ہے

((قال النبي عليه السلام ما تواضع أحد لله الا رفعه الله)) [صحيح مسلم، كتاب البر:
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ کے لیے نیچا ہو جائے اسے اللہ تعالیٰ اونچا کر دیتا ہے۔''

سرکشی کی دنیا اور آخرت میں سزا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من ذنب اجدر أن يعجل الله لصاح
العقوبة في الدنيا مع ما يدخر له في الآخرة من البغي و قطيعة الرحم))
[صحیح ترمذی، کتاب صفۃ القیامۃ
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سرکشی اور قطع رحمی
سے بڑھ کر کوئی گناہ اس بات کے زیادہ لائق نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے کرنے والے کو دنیا میں جلدی
سزا دے اور اس کے ساتھ آخرت میں بھی اس کے لیے سزا محفوظ رکھے۔''

دل میں بڑا بننا اور اکڑ کر چلنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من تعاظم في نفسه، و اختال في مشيته لقي
الله و هو عليه غضبان)) [أخرجه الحاكم، ورجاله ثقات]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے دل میں بڑا بنا اور اپنی چال میں اکڑ کر چلا، وہ اللہ سے اس حال میں اللہ تعالیٰ اس پر سخت غصے میں ہوگا۔" [صحیح۔المستدرک للحاکم: ۱/۶۰]

مردہ چیونٹیوں کی طرح

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: یحشر المتکبرون یوم القیامة أمثال الذر فی صور الرجال))
[صحیح الترمذی: ۲۰۲۵]
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تکبر کرنے والوں کو قیامت کے دن چیونٹیوں کی طرح مردوں کی شکل میں اٹھایا ا۔"

دینی بھائی کی عزت کا دفاع کرنا

النبی صلی اللہ علیہ وسلم: من رد عن عرض أخیه بالغیب رد اللہ عن وجهه النار قیامة)) [أخرجه الترمذی و حسنه]
یم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص اپنے بھائی کی عزت کا دفاع اس کے موجود نہ ہونے کے وقت کرے گا اللہ مت کے دن اس کے چہرے سے آگ کو ہٹا دے گا۔"
[صحیح۔السنن الترمذی: ۱۹۳۱۔ غایۃ المرام: ۴۳۱] [مسند امام احمد: ۶/۴۴۹]

مسلمان کی مدد کرنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: المسلم أخو المسلم لا یظلمه و لا یسلمه))
[صحیح بخاری، کتاب المظالم: ۳]
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس پر ظلم کرتا ہے نہ اس کی مدد چھوڑتا ہے۔"

مال، عزت اور رفعت میں اضافہ

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما نقصت صدقة من مال، وما زاد اللہ عبدا عزا وما تواضع أحد للہ الا رفعه اللہ تعالی)) [أخرجه مسلم]
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "صدقہ کسی مال کو کم نہیں کرتا اور اللہ تعالیٰ معاف کرنے کی بدولت بندے کی عزت ماتا ہے اور کوئی شخص اللہ کی خاطر نیچا نہیں ہوتا مگر اللہ تعالیٰ اسے بلند کر دیتا ہے۔"
[صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ: ۶۹۔ تحفۃ الاشراف: ۱۰/۲۳۴]

جنت میں داخلے کے اعمال

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: یآیها الناس، أفشوا السلام، و صلوا الارحام، عموا الطعام، و صلوا باللیل و الناس نیام، تدخلوا الجنة بسلام))
[أخرجه الترمذی وصححه]
ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! سلام کو عام کرو اور رشتہ داریوں کو ملاؤ اور کھانا کھلاؤ اور رات کو نماز پڑھو

اس حال میں کہ لوگ سوئے ہوئے ہوں، تم جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ گے۔"

[صحیح۔السنن الترمذی:۲۴۸۵

تحفہ الٰہی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا سلمت فأسمع فانها تحية من عند الله

[صحیح الادب المفرد

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب سلام کہو تو سنا کر کہو کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تحفہ ہے۔"

اہل وعیال

((قال النبي عليه السلام :كفى بالمرء انما ان يضيع من يقوت))

[صحیح ابی داود، کتاب الزکاۃ: باب

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کو گناہ گار ہونے کے لیے کافی ہے کہ ان افراد کو ضائع کرے جن کی خو

اس کے ذمے ہے۔"

دین نصیحت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:الدين النصيحة "ثلاثا" قلنا:لمن هي يا رس

الله؟ قال: لله، ولكتابه، ولرسوله، و لأئمة للمسلمين و عامتهم)) [أخرجه مسلم]

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "دین صرف نصیحت ہی ہے۔" ہم (صحابہ) نے کہا: "یا رسول اللہ صلی اللہ علی

کس کے لیے۔؟" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ کے لیے، اس کی کتاب کے لیے، اس کے رسول، مسل

کے حکمرانوں اور ان کے عام لوگوں کے لیے۔"

[صحیح مسلم، کتاب الایمان: ۹۵۔تحفۃ الاشراف: ۲/۱۱۶۔۹/۳۴۶۔۹/۳۹۳۔۹

جنت میں لے جانے والے عمل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:أكثر ما يدخل الجنة تقوى الله و حسن الخل

[أخرجه الترمذي و

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو چیز سب سے زیادہ جنت میں داخل کرے گی وہ اللہ تعالیٰ کا ڈر اور اچھا خلق

[صحیح۔السنن الترمذی

حسن خلق

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:انكم لا تسعون الناس بأموالكم، و

ليسعهم منكم بسط الوجه و حسن الخلق)) [أخرجه أبو يعلى، و صححه الحاكم

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "یقیناً تم اپنے مالوں کے ساتھ تمام لوگوں کے لیے فراخ نہیں ہو سکتے، لیکن

کے لیے تمہاری طرف سے چہرے کا کھلا ہونا اور خلق کا اچھا ہونا فراخ ہونا چاہیے۔"

[ضعیف۔ابویعلی:۱۱/۶۵۵۰۔المستدرک للحاکم:۱/۱۲۴]

رسول اللہ کا کشادہ چہرا

قال عبداللہ بن حارث بن جزر رضی اللہ عنہ مَارَأَیْتُ اَحَدًا اَکْثَرَ تَبَسُّمًا مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ))

حضرت عبداللہ بن حارث بن جزر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ سے زیادہ کسی کو مسکراتے ہوئے نہیں دیکھا۔"

مومن مومن کا آئینہ

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:المؤمن مرأة أخيه المؤمن))

[أخرجہ أبوداؤد باسناد حسن]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:"مومن اپنے مومن بھائی کا آئینہ ہے۔"[حسن۔سنن ابی داؤد،۴۹۱۸]

تعریف میں مبالغہ

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:اذا رأيتيم المداحين فاحثوا في وجوههم التراب))

[صحیح مسلم،کتاب الزھد:۱۴]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:جب تم تعریف میں مبالغہ کرنے والوں کو دیکھو تو ان کے منہ میں مٹی ڈال دو۔"

لوگوں سے میل جول رکھنے کی فضیلت

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:المؤن الذی یخالط الناس، و یصبر علی اذاهم خیر من الذی لا یخالط الناس ولا یصبر علی أذاهم))

[أخرجہ ابن ماجہ باسناد حسن وھو عند الترمذی الا انہ لم یسم الصحابی رضی اللہ عنہ]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:"وہ مومن جو لوگوں کے ساتھ مل کر رہتا ہے اور ان کی تکلیف پر صبر کرتا ہے اس سے بہتر ہے جو لوگوں کے ساتھ مل کر نہیں رہتا نہ ان کی تکلیف پر صبر کرتا ہے۔"

[صحیح۔سنن ابن ماجہ۴۰۳۲۔سنن ترمذی،کتاب القیامۃ:۵۵]

آنے والا پرفتن زمانہ

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:یوشك أن یکون خیر مال المسلم غنم یتبع بھا شعف الجبال و مواقع القطر یفر بدینه من الفتن)) [صحیح بخاری، کتاب الایمان:۱۲]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:قریب ہے کہ مسلمان کا بہترین مال چند بھیڑ بکریاں ہوں جنھیں لے کر وہ پہاڑوں کی چوٹیوں اور بارش کے مقامات میں پھرتا رہے،اپنا دین لے کر فتنوں سے بچنے کے لیے بھاگتا پھرے۔"

حسن صورت کے ساتھ حسن خلق کے لیے دعا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اللھم کما حسنت خلقی فحسن خلقی))

[رواہ أحمد، وصححہ ابن ح

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''اے اللہ! جس طرح تو نے میری شکل وصورت اچھی بنائی ہے میرا خلق بھی اچھا بنا دے

[صحیح۔ مسند امام احمد: ۱/۴۰۳۔ صحیح ابن حبان: ۳/۹

مزید پاکی کی دعا

((قال النبی علیہ السلام اللھم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطھرین))

[صحیح الترمذی، کتاب الطھارۃ

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیا:''اے اللہ! مجھے بہت توبہ کرنے والوں اور پاک رہنے والوں میں شامل کرلے

حسد کے نقصانات

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایاکم و الحسد، فان الحسد یأکل الحسنات کما تاکل النار الحطب)) [أخرجہ ابو داؤد ولابن ماجہ من حدیث انس نحوہ]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''حسد سے بچو! کیونکہ یہ بات یقینی ہے کہ حسد نیکیوں کا کھا جاتا ہے، جس طرح آگ ایندھن کو۔'' [ضعیف۔ سنن ابوداؤد: ۴۹۰۳]

دو چیزوں میں ریس

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا حسد الا فی اثنین رجل اتاہ اللہ القرآن فھو یقوم بہ آناء اللیل و اناء النھار و رجل اتاہ اللہ ما لا فھو ینفق منہ اناء اللیل و اناء النھار))

[متفق علیہ

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسد (ریس) نہیں مگر دو چیزوں میں۔ ایک وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی تعلیم دی تو وہ رات کی گھڑیوں اور دن کی گھڑیوں میں اس کو پڑھتا پڑھاتا رہتا ہے اور ایک وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے مال دیا ہے تو وہ رات اور دن کی گھڑیوں میں اس سے خرچ کرتا رہتا ہے۔''

حقیقی بہادر

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس الشدید بالصرعۃ، انما الشدید الذی یملک نفسہ عند الغضب)) [متفق علیہ]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''بہت زیادہ طاقتور وہ نہیں جو (مقابل کو) بہت زیادہ پچھاڑنے والا ہے، بہت زیادہ طاقتور صرف وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے آپ پر قابو رکھے۔''

[صحیح بخاری:۱۶۱۲۔صحیح مسلم،کتاب البر والصلۃ:۱۰۷۔تحفۃ الاشراف:۹/۳۳۲،۱۰/۴۱]

ظلم قیامت کے اندھیروں میں سے ایک اندھیرا ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الظلم ظلمات یوم القیامۃ)) [متفق علیہ]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ظلم قیامت کے اندھیروں میں سے اندھیرا ہے۔''

[صحیح بخاری:۲۴۴۷۔صحیح مسلم،کتاب البر والصلۃ:۵۷۔تحفۃ الاشراف:۵/۴۵۸]

ظلم اور دنیا و آخرت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من کانت عندہ مظلمۃ لأخیہ فلیتحللہ منہا لیس ثم دینار و لادرھم من قبل ان یؤخذ لأخیہ من حسناتہ فان لم یکن لہ ت أخذ من سیئات أخیہ فطرحت علیہ)) [صحیح بخاری: ۶۵۳۴، ۲۴۴۹]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے اپنے بھائی پر کوئی ظلم کیا ہو وہ اس سے معاف کروالے کیونکہ یوم آخرت میں) درہم و دینار نہیں۔ اس سے پہلے پہلے کہ اس کے بھائی کے لیے اس کی نیکیاں لے لی جائیں۔ ں نہ ہوں تو اس کے بھائی کی برائیاں لے کر اس پر ڈال دی جائیں۔''

کنجوسی کی مذمت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اتقوا الشح، فانہ اھلک من کان قبلکم))

[أخرجہ مسلم]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''حرص سے بھری ہوئی کنجوسی سے بچو، کیونکہ اس نے تم سے پہلوں کو برباد کر دیا۔''

[صحیح مسلم،کتاب البر والصلۃ:۵۶۔تحفۃ الاشراف:۲/۲۱۸]

حرص اور بخل جہالت و قتال کے اسباب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واتقوا الشح فان الشح أھلک من کان قبلکم م علی أن سفکوا دمآء ھم واستحلوا محارمھم))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حرص سے بھری ہوئی شدید بخیلی سے بچو، کیونکہ اس شدید بخیلی نے تم سے پہلے لوگوں ک کر دیا، اس نے ابھار کر انہیں اس بات پر آمادہ کر دیا کہ انہوں نے اپنے خون بہا دیے اور اپنے آپ پر حرام حلال کر لیں۔''

بدترین خصلت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شر ما فی رجل شح ھالع و جبن خالع))

[ابوداؤد عن ابی ہریرۃ:۲۵۱۱،صحیح ابی داؤد:۲۱۹۲]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی میں بدترین خصلت، سخت گھبراہٹ میں ڈال دینے والی حد سے بڑ
ہے اور دل نکال دینے والی بزدلی ہے۔''

ریاکاری

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان أخوف ما أخاف عليكم الشرك الاصغر: الريا
[أخرجه احمد]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے زیادہ خوف والی چیز جس سے میں تم پر ڈرتا ہوں چھوٹا شرک،
دکھاوا ہے۔'' (مسند امام احمد: ۵/ ۴۲۸، ۴۲۹)

شرک اصغر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان أخوف ما أخاف عليكم الشرك الا
قالوا يا رسول الله! وما الشرك الاصغر؟ قال: الرياء ان الله تبارك و تعالىٰ يقول
تجازى العباد بأعمالهم: اذهبوا الى الذين كنتم ترآؤن بأعمالكم فى الدنيا فا
هل تجدون عندهم جزآء؟))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''سب سے زیادہ خوف والی چیز جس کا مجھے تم پر ڈر ہے شرک اصغر ہے۔''
نے پوچھا: ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! شرک اصغر کیا ہے۔؟'' نبی علیہ السلام نے فرمایا: ''دکھاوا۔ جس دن بند
کے اعمال کا بدلا دیا جائے گا اس دن اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا: ''جاؤ! ان لوگوں کے پاس جنہیں دکھانے ک
عمل کرتے تھے اور دیکھو! تمہیں ان کے ہاں کوئی بدلا ملتا ہے۔؟''

منافق کی تین نشانیاں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آية المنافق ثلاث اذا حدث كذب، و اذ
أخلف، و اذا ائتمن خان))[متفق عليه]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منافق کی نشانیاں تین ہیں۔ جب بات کرے تو جھوٹ کہے، جب وعد
اس کا خلاف کرے اور جب اس کو امانت دار سمجھا جائے تو خیانت کرے۔''
[صحیح بخاری: ۳۳۔ صحیح مسلم: الایمان: ۵۹، عن ابی ہریرۃ۔ صحیح بخاری: ۳۴۔ صحیح مسلم: کتاب الایمان: ۵۸، عن عبد

منافق کی چار نشانیاں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أربع من كن فيه كان منافقا خالص
كانت فيه خصلة منهن كانت فيه خصلة من النفاق حتى يدعها، اذا ائتمن خا
حدث كذب و اذا عاهد غدر و اذا خاصم فجر))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چار چیزیں ہیں جس شخص میں وہ ہوں وہ تو خالص منافق ہوتا ہے اور جس
ان خصلتوں میں سے کوئی ایک ہو اس میں نفاق کی ایک خصلت ہوگی یہاں تک کہ اسے چھوڑ دے۔ جب ا

ے تو خیانت کرے، جب بات کرے تو جھوٹ کہے، جب عہد کرے تو اسے توڑ ڈالے اور جب جھگڑے تو
کرے۔"

گالی دینا اور لڑنا

رسول الله صلى الله عليه وسلم: سباب المسلم فسوق، و قتاله كفر))
[متفق علیہ]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کو گالی دینا فسوق (نافرمانی) ہے اور اس سے لڑائی کرنا کفر ہے۔"
ح بخاری: ۶۰۴۴۔ صحیح مسلم: کتاب الایمان/۶۴۔ تحفۃ الاشراف: ۴/۳۵۔۷/۵۵، ۷/۳۹، ۷/۱۳۰، ۷/۱۳۵، ۷/۱۲۹،
۳۴۹/]

لڑائی میں پہل کرنے والے پر گناہ

رسول الله صلى الله عليه وسلم المستبان ما قالا فعلى البادى مالم يعتد المظلوم))
[صحیح مسلم، عن ابی ہریرۃ: ۲۵۸۷]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو گالی گلوچ کرنے والے جو کچھ بھی کہیں اس کا گناہ پہل کرنے والے پر ہے،
مظلوم زیادتی نہ کرے۔"

گالی گلوچ دینے والے شیطان

رسول الله صلى الله عليه وسلم المستبان شيطانان يتهاتران و يتكاذبان))
[صحیح ابن حبان: ۵۶۹۶]

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آپس میں گالی گلوچ کرنے والے دونوں شیطان ہیں کہ ایک
رے کے مقابلے میں بدزبانی کرتے ہیں اور ایک دوسرے پر جھوٹ باندھتے ہیں۔"

قتل مسلم کفر ہے

رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ترجعوا بعدى كفارا يضرب بعضكم
بعض)) [صحيح بخارى، كتاب العلم: ۴۳]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد دوبارہ کافر نہ ہو جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں مارنے لگو۔"

بدگمانی

رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياكم و الظن، فان الظن أكذب الحديث))
[متفق علیہ]

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "گمان سے بچو کیونکہ گمان سب سے جھوٹی بات ہے۔"
[صحیح بخاری: ۶۰۶۶۔ صحیح مسلم: کتاب البر والصلۃ: ۲۸۔ تحفۃ الاشراف: ۱۰/۱۷۲]

غیبت و بہتان

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: أتدرون ما الغنیة؟ قالوا: اللہ و رسولہ اعلم، قال: ذکرك أخاك بما یکرہ قال: أفرأیت ان کان فی أخی ما اقول؟ قال: ان کان فیہ ما تقول فقد اغتبتہ، وان لم یکن فیہ فقد بھتہ)) [أخرجہ مسلم]

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کیا تم جانتے ہو غیبت کیا ہے۔؟'' صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے کہا: ''اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تمہارا اپنے بھائی کا ذکر ایسی چیز کے ساتھ کرنا جسے وہ ناپسند کرتا ہے۔'' عرض کیا گیا: ''آپ یہ بتائیں کہ اگر میرے بھائی میں وہ چیز موجود ہو جو میں کہہ رہا ہوں کیا پھر بھی غیبت ہے؟'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اگر اس میں وہ چیز موجود ہے جو تم کہہ رہے ہو تو یقیناً تم نے اس کی غیبت کی اور اگر وہ چیز اس میں موجود نہیں تو تم نے اس پر بہتان باندھا۔''

[صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ: ۷۰۔ تحفۃ الاشراف: ۰

اخوت کو نقصان پہنچانے والی اشیاء

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا تحاسدوا ولا تناجشوا، ولا تباغضوا، ولا تدابروا، ولا یبع بعضکم علی بیع بعض، وکونوا عباد اللہ اخوانا، المسلم اخو المسلم: لا یظلمہ، ولا یخدلہ ولا یحقرہ، التقوی ھاھنا و یشیر الی صدرہ ثلاث مرات، یحسب امری من الشر أن یحقر أخاہ المسلم، کل المسلم علی المسلم حرام: دمہ، ومالہ، وعرضہ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ایک دوسرے پر حسد نہ کرو، ایک دوسرے کے مقابلے میں ارادہ خرید کے بغیر بولی نہ بڑھاؤ، ایک دوسرے سے دلی دشمنی نہ رکھو، ایک دوسرے سے قطع تعلق نہ کرو اور تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی بیع پر بیع نہ کرے اور اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن جاؤ۔ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس پر ظلم کرتا ہے کہ اس کی مدد چھوڑ دے اور نہ اسے حقیر جانتا ہے۔ تقوی یہاں ہے۔''

اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سینے کی طرف تین مرتبہ اشارہ فرماتے تھے۔ پھر فرمایا:

''آدمی کے برا ہونے کے لیے اتنا کافی ہے کہ اپنے مسلم بھائی کو حقیر جانے، مسلمان کی ہر چیز مسلمان پر حرام ہے خون، اس کا مال اور اس کی عزت۔'' [صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ: ۳۲۔ تحفۃ الاشراف: ۱۰/۴۵۶]

تلاشِ رزق اور زمین کی پوشیدگیاں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: التمسوا الرزق فی خبایا الارض))

(کنز العمال: (9303) (کشف الخفاء: 1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رزق کو زمین کی پوشیدگیوں میں تلاش کرو۔''

اذانِ فجر میں اضافہ

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: الحق فيها: الصلاة خير من النوم)

(النسائی: 7/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اذان میں الصلوۃ خیر من النوم کا اضافہ کرلو۔"

والدہ کی خدمت کا بدلہ

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: الزم رجلها، تشم الجنة، يعني: الوالدة))

(طبرانی: 372/8)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی والدہ کی خدمت کرو جنت ملے گی۔"

چچا باپ کا ہم پلہ ہے

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: اما علمت ان عم الرجل صنو ابيه))

(کنزالعمال: (18617) (ابن عساکر: (238/8)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تجھ کو یہ معلوم نہیں کہ چچا باپ کا ہم پلہ ہے۔"

آدمی اور اس کا سرمایہ اس کے باپ کی ملکیت ہے

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: اما علمت انك ومالك من كسب ابيك))

(کنزالعمال: (45450) (جمع الجوامع: (4281)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تجھ کو معلوم نہیں کہ تو اور تیرا مال تیرے باپ کے کسب سے ہے۔"

حضور سب سے زیادہ متقی اور خاشع تھے

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: اما والله انى اتقاكم لله، واخشاكم له))

(بخاری: 2/7) (بیہقی: 234/4)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار! اللہ کی قسم! میں تم سے زیادہ پرہیزگار اور اللہ سے ڈرنے والا ہوں۔"

ٹیک لگا کر کھانا منع ہے

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: اما انا فلا اكل متكئا))

(ترمذی: رقم: (1830)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا۔"

غسل میں تین مرتبہ پانی ڈالنا

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: اما انا فافيض على راسى ثلاثاً))

(بخاری: 7/1) (مسلم: (259) (ابوداؤد: (239)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں (غسل کے وقت) سر پر تین دفعہ پانی ڈالتا ہوں۔''

حضور کی امت کثیر ہوگی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: امتى فى الارض اكثر من عدد الحصى))
(مجم

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت دنیا میں کنکروں سے زیادہ ہوگی۔''

امراء القیس اور شعراء

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: امرؤ القيس صاحب لواء الشعراء الى النار
(العلل المتناھیۃ: 130/1)(ابن عدی: 1/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امراء القیس شعراء کا علم بردار بن کر جہنم میں جائے گا۔''

تلبیہ کہتے اٹھنے سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اصبح يلبى حتى غابت الشمس، غابت بذنوبه))
(کنز العمال: 22

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تلبیہ کہتے ہوئے صبح کی حتیٰ کہ آفتاب غروب ہوا تو آفتاب اس کے گناہ لے کر غروب ہوا۔''

اللہ کی اطاعت کرنے والا کامیاب ہو گیا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اطاع الله فاز))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کی تابعداری کی وہ کامیاب ہوا۔''

اطاعتِ رسول اطاعتِ الٰہی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اطاعنى، فقد اطاع الله))
(بخاری: (77)(مسلم فی الامارۃ: 32

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے میری تابعداری کی اس نے اللہ کی تابعداری کی۔''

بیمار کو حسبِ خواہش چیز کھلانا

اذان سن کر نماز باجماعت کے لیے حاضر نہ ہونا

رسول الله صلى الله عليه وسلم: من سمع الفلاح فلم يجبه، فلا هو منا، ولا هو وحده))
(کنز: 20361)(ابن عدی: 566/2)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے فلاح (اذان) سن کر دعوت (نماز) قبول نہ کی وہ نہ تو ہم سے ہے اور نہ اکیلا۔"

ظالم بادشاہ کی تائید کرنا

رسول الله صلى الله عليه وسلم: من سود اسمه مع امام جائر كان قرينه في النار))
(کنز: 14952)(ابن عدی: 1721/5)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنا نام ظالم بادشاہ کے ہمراہ لکھا وہ آگ میں اس کا ہمراہی ہوگا۔"

اذان سن کر جواب دینے والے کا اجر

رسول الله صلى الله عليه وسلم: من سمع المؤذن فقال مثل ما يقول، فله مثل اجره))
(الجامع: 157/2)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے موذن کے اذان کہتے وقت اس کے الفاظ دہرائے اسے موذن کا سا اجر ملے گا۔"

شراب پینے والے کی قیامت کے دن کیفیت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من شرب الخمر اتى عطشاً يوم القيامة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شراب پی قیامت کے روز پیاسا آئے گا۔'' (مجمع: 70/5)

شراب پینے والا جنت کی شراب طہور سے محروم رہے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من شرب الخمر في الدنيا، ثم لميت حرمها في الآخ

(بخاری: 135/7) (مسلم فی الاشربہ:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شراب پی اور بغیر توبہ کے مرگیا وہ آخرت میں شراب طہور نہیں پی سکے

شرابی کی گواہی معتبر نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من شرب الخمر لم تجز شهادة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شراب پی اس کی گواہی معتبر نہیں۔'' (سنن نسائی)

شراب پینے والے کو کوڑے مارے جائیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من شرب الخمر فاجلدوه، وان عاد فاجلد

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شراب پی اسے کوڑے مارو اور اگر پھر پئے تو پھر کوڑے مارو۔''

شرابی کے دل میں نورِ ایمان نہیں رہتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من شرب خمراً خرج نور الايمان من جو

(مجمع

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شراب پی اس کے اندر سے نور ایمان نکل گیا۔''

تلوار نکال کر رکھ دینے والے کا گناہ معاف ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من شهر سيفه ثم وضعه فسيفه هدر))

(کنز: 39864) (نسائی: 117/7) (الحاکم:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تلوار نکالی کر رکھ دی اس کا تلوار نکالنا معاف ہے۔''

فرض روزے متواتر رکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من صام الدهر ضيقت عليه جهنم هكذا

(الجامع:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہمیشہ کیلئے روزہ رکھا (فرض روزے نہ چھوڑے) اس پر جہنم ا
تنگ ہو جائے گی۔''

عیدالفطر کے بعد چھ روزے رکھنا

رسول الله صلى الله عليه وسلم: من صام ستاً بعد الفطر، فكانما صام الدهر))
(کنز:(24219)(مجمع:184/2)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے عیدالفطر کے بعد چھ روزے رکھے گویا اس نے عمر بھر روزے رکھے۔"

ہر نفلی روزے کے بعد جنت میں درخت لگایا جاتا ہے

رسول الله صلى الله عليه وسلم: من صام يوماً تطوعاً، غرست له شجرة في الجنة))
(مجمع:183/3)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کوئی نفلی روزہ رکھا اس کے لئے جنت میں درخت لگایا جائے گا۔"

محرم کا روزہ رکھنے کا ثواب

رسول الله صلى الله عليه وسلم: من صام يوماً من المحرم، فله ثلاثون يوماً))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے محرم کا ایک روزہ رکھا اس کیلئے تیس روزوں کا ثواب ہے۔"

نمازِ جمعہ کے بعد چار رکعت سنت

رسول الله صلى الله عليه وسلم: من صلى الجمعة، فليصل بعدها اربعاً))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جمعہ پڑھے وہ اس کے بعد چار رکعت پڑھ لیا کرے۔"

نماز فجر باجماعت ادا کرنے والا

رسول الله صلى الله عليه وسلم: من صلى الصبح في جماعة فهو في زمة الله))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں داخل ہوا۔"

اپنے اہل وعیال کے لیے کمانے کی کوشش کرنا

رسول الله صلى الله عليه وسلم: من سعى على عياله ففي سبيل الله))
(الاتحاف:6/6)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے عیال کیلئے کوشش کی وہ شخص اللہ کے راستے میں ہے۔"

جنتی مہر شدہ شراب

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من سقى مومناً على عطشاً، سقاه الله من
حيق المختوم))

(الاتحاف:174/4)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے پیاسے مومن کو پانی پلایا اس کو اللہ جنت کی مہر شدہ شراب سے پلائے گا۔"

مسلمان کے خلاف تلوار نکالنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من سل علینا السیف، فلیس منا))
(مسلم فی الایمان:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہم پر تلوار نکالی وہ ہم سے نہیں ہے۔''

اذان سننے والے کی نماز اکیلے میں ادا نہیں ہوتی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من سمع النداء، فلم یاته، فلا صلاة له الا من عذ
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اذان سنی اور نہ حاضر ہوا اس کی بلا عذر (اکیلی) نماز کامل نہیں۔''

دل کی قساوت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من سمع النداء، فلم یجب ثلاثاً طبع علی قلبه
(مجمع: 2/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اذان سنی اور جماعت کی تین نمازوں تک شامل نہ ہوا اس کے د
(قساوت کی) مہر لگ جائے گی۔''

بدکاری کی بات سن کر اسے شہرت دینا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من یسمع بفاحشة فافشاها کان کمن اتاها
(الدیلمی: 98/4، حدیث: 8

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بدکاری کی بات سن کر اسے شہرت دی وہ اس کے کرنے والے جیسا ہے

انبیاء کو گالی دینے والے کو قتل کر دیا جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من شتم الانبیاء قتل، ومن شتم اصحابی جل
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے انبیاء کو گالی دی وہ قتل کیا جائے اور جس نے میرے اصحاب کو گال
اسے کوڑے مارے جائیں۔''

شراب پینے والے کو جہنم کا پانی پلایا جائے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من شرب الخمر سقاه الله من حمیم جهن
(الترغیب: 3/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شراب پی اسے جہنم کا گرم پانی پلایا جائے گا۔''

شراب پی کر مرنے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من شرب الخمر فمات، مات کعابد وثن
(مجمع:

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شراب پی کر مر گیا وہ بت پرست کی طرح مرا۔"

توحید کی گواہی

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: من شهد ان لا اله الا الله دخل الجنة))

(الاتحاف:180/9)(الجامع:157/2)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے لا الہ الا اللہ کی گواہی دی وہ جنت میں داخل ہوگا۔"

ہمیشہ ہی روزے سے رہنا

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: من صام الابد، فلا صام ولا افطر))

(نسائی:206,205/4)(ابن ماجہ:1705)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہمیشہ روزہ رکھا اس نے نہ روزہ ہی رکھا اور نہ افطار کیا۔"

اپنے آپ کو اللہ کے لیے ہبہ کرنے والا

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: من صام الدهر، فقد وهب نفسه لله))

(کنز:24161)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دائمی روزہ رکھا اس نے خود کو اللہ کے لیے ہبہ کر دیا۔"

ہر ماہ تین روزے رکھنا

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: من صام ثلاثة ايام من كل شهر، فذلك صوم الدهر))

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہر ماہ میں تین روزے رکھے تو اس نے سارا سال روزے رکھے۔"

شک والے دن احتیاطاً روزہ رکھنا جائز نہیں

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: من صام يوم الشك، فقد عصى ابا القاسم))

(الارواء:125/4)(ترمذی:686)(النسائی فی الصیام:37،باب:صیام یوالشک)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شک والے روز روزہ رکھا اس نے ابوالقاسم (رسول اللہ صلی اللہ علیہ
) کی نافرمانی کی۔"

حالتِ روزہ میں جھوٹ بولنے سے اجتناب کرنا

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: من صام يوماً لم يخرقه، كتب له عشر حسنات))

(مجمع:171/3)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے روزہ رکھا اور جھوٹ نہ بولا اس کیلئے دس نیکیاں لکھی جائیں گی۔"

سواری سے گر کر مر جانا

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من صرع عن دابته فمات، فهو شهيد))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے جانور سے گر کر مر جائے وہ شہید ہے۔''

نماز میں کمی کا گناہ امام پر ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من السنة الصلاۃ خلف کل امام،لك صلاته، علیه اثمه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سنت ہے کہ ہر امام کے پیچھے نماز پڑھی جائے۔ تیری نماز درست ہو جائے گی کوئی کوتاہی ہوئی تو اس کا گناہ اس (امام) پر ہوگا۔''

فجر و مغرب کی نمازیں ادا کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی البردین دخل الجنة))

(بخاری:0/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دو (فجر اور مغرب کی) ٹھنڈی نمازیں پڑھیں وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

نماز فجر پڑھنے والا اور اللہ کا ذمہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی الغداۃ، فھو فی ذمة اللہ حتی یمسی

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے نماز صبح پڑھی وہ شام تک اللہ کے ذمہ میں ہے۔''

نماز وتر رات کے آخر میں پڑھی جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی باللیل، فلیجعل آخر صلاته وترا

(بخاری:127/1, 31/2, 131/6, 2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو رات کو (تہجد کی) نماز پڑھے تو وتر آخر میں پڑھے۔''

نماز فرض کے بعد مقبول دعا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی صلاۃ فریضة، فله دعوۃ مستجابة))

(مجمع:2/7

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے فرض نماز پڑھی تو اس کی ایک دعا بھی قبول ہوگی۔''

نمازِ جنازہ میں سو مسلمانوں کا شریک ہونا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی علیه مائة من المسلمین غفر له))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس پر سو مسلمان جنازہ کی نماز پڑھیں وہ بخشا جائے گا۔''

مسجد میں نماز جنازہ پڑھنے کا اجر نہیں ملتا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی علیه جنازۃ فی المسجد، فلیس له شیء

(ابوداود:(1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس پر مسجد میں جنازہ پڑھا گیا اس کے لئے کوئی اجر نہیں ہوگا۔''

نمازِ عصر کی چار سنتیں پڑھنے کا اجر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی قبل العصر اربعاً حرمه الله علی النار))

(الجامع:158/2)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے عصر سے پہلے چار رکعت (سنت) پڑھیں اس پر اللہ جہنم کی آگ کو حرام کر "

سترے کے سامنے نماز ادا کرنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی الی سترة، فلیدن منها))

(نسائی:62/2)(احمد:2/4)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سترے کے سامنے نماز پڑھے تو اس کے قریب ہو جائے۔"

چپ رہنے والا نجات پا گیا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صمت نجا))

(ترمذی:(2501)(دارمی:299/2)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چپ رہا اس نے نجات پائی۔"

جاندار چیزوں کی تصویر بنانے والا ملعون ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صور صورة الارواح، فهو ملعون))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جاندار چیزوں کی صورت بنائی وہ ملعون ہے۔"

نماز میں قہقہہ لگانا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ضحك فی الصلاة، فلیعد الوضوء والصلاة))

(الجامع:159/2)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص نماز میں قہقہہ لگائے وہ نماز اور وضو دونوں دہرائے۔"

جنازہ پر ہنسنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ضحك خلف الجنازة اهانه الله))

(مسند فردوس:103/4)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جنازہ کے پیچھے ہنسے اللہ اسے ذلیل کرے گا۔"

تیسرے روز کے بعد قربانی جائز نہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ضحی، فلا یضحی بعد ثالثة من شی))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو قربانی کرے وہ تیسرے روز کے بعد قربانی نہ کرے۔"

غلام کو ظلماً مارنا جرم ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ضرب مملوکہ ظلماً اقید منہ یوم القیامۃ
(مجمع:1

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے غلام کو ظلماً مارا قیامت میں اس سے قصاص لیا جائے گا۔"

غلام کو مارنے کا بدلہ ہے کہ اسے آزاد کر دیا جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ضرب مملوکہ حداً لم یاتہ، فکفارتہ عتقہ

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے غلام کو بلاوجہ بمقدار حد کے مارا اس کا کفارہ اسے آزاد کر دینا

طواف سے فارغ ہونے کے بعد نماز طواف پڑھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من طاف فلیصل ، ای: حین طاف))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے طواف کیا وہ (طواف کی واجب) نماز پڑھ لے جب فارغ ہو
سے۔" (بیہقی:462/2)

سچی شہادت کی خواہش

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من طلب الشھادۃ صادقاً اعطیھا، وان لم تصبہ))
(کنز:(1118)(مسلم فی الامارۃ:

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے سچی شہادت کی خواہش کی اس کو شہادت کا درجہ دیا جائے گا خواہ وہ اس کو نہ پا سکے

لوگوں سے محبت کی خواہش کرنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من طلب محبۃ الناس، فلیبذل مالہ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں سے محبت کی خواہش کرے وہ مال خرچ کرے۔" (کنز:(16205

شرارتی یہودیوں کا حکم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ظفر تم بہ من رجال یھود فاقتلوہ))
(ابوداود:(3002)(دلائل نبوۃ:3/

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس یہودی شخص پر تم (جنگ میں) فتح پاؤ تو اس کو قتل کر دو۔"

نماز پنجگانہ پڑھنے والا غافل نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی الخمس، فلیس من الغافلین))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو نماز پنجگانہ پڑھتا ہو وہ غافلین میں سے نہیں ہے۔" (کنز:(19049)

باجماعت عشاء کی نماز ادا کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی العشاء فی جماعۃ، فکانما قام نصف اللیل

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے عشاء کی نماز باجماعت پڑھی گویا وہ نصف شب تک عبادت میں رہا۔"

فجر کی نماز پڑھنے والا اللہ کے ذمہ میں آ گیا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی الفجر، فھو فی ذمة الله، وحسابه الله))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں آ گیا، اس کا ثواب اللہ کے ذمہ

دو رکعت پوشیدگی میں پڑھنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی رکعتین فی السر رفع الله عنه اسم النفاق))
(صحیح ابن حبان، فی کتاب الثواب)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دو رکعت پوشیدہ پڑھیں اللہ اس سے نفاق کا نام دور کر دے گا (کیونکہ علیحدگی میں نماز نہیں پڑھتا)"

زکوۃ کے بغیر نماز پڑھنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی الصلاة، ولم یود الزکاة، فلا صلاة له))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو نماز پڑھے اور زکاۃ ادا نہ کرے اس کی نماز قبول نہ ہوگی۔"

ایک مرتبہ درود پڑھنے والے پر دس مرتبہ رحمت الٰہی نازل ہوتی ہے

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی علی واحدة، صلی الله علیه بھا عشراً))
(مسلم فی الصلاۃ: (70)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھ پر ایک دفعہ درود پڑھا اس کے عوض اللہ اس پر دس دفعہ رحمت بھیجے گا۔"

ایک کپڑے والے کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صلی فی ثوب، فلیتعطف به))

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو ایک کپڑے میں نماز پڑھے وہ اس میں لپٹ کر نماز پڑھے۔"

نیکی کا بدلہ دیا کرو

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من صنع الیکم معروفاً فکافئوہ))
(الاتحاف: 157/3) (ابوداود فی الزکاۃ: (39)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تمہارے ساتھ نیکی کی اس کا بدلہ دیا کرو۔"

تکلیف اور مشقت ڈالنے والا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ضار اضر الله بھم، ومن شاق شق الله علیه))

(ابوداود:(3635)(الحاکم:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تکلیف دی اسے اللہ تکلیف دے گا اور جس نے کسی پر مشقت ڈالی
اس پر مشقت ڈالے گا۔''

بلاوجہ ہنسنے والا اور عقل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ضحك ضحكة، فقد مج من العقل مجة))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کسی قسم کی ہنسی ہنسا اس نے عقل کو کلی کر کے پھینک دیا۔''

بلاوجہ حد لگانے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ضرب منكم حداً في غير حد، فهو من المعتدين))
(بیہقی:7/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تم میں سے بقدر حد کے مارا اور موقع حد کا نہ تھا تو وہ تجاوز کرنے والوں
میں سے ہے۔''

بطورِ ظلم کوڑے مارنے والے کی سزا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ضرب بسوط ظلماً، اقتص منه يوم القيامة))
(مجمع:3/10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بطورِ ظلم کسی کو کوڑے مارے قیامت میں اس سے بدلہ لیا جائے گا۔''

مکان تنگ کرنا یا راہزنی کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ضيق منزلاً، او قطع طريقاً، فلا جهاد له))
(کنز:(11072)(ابوداود فی الجہاد:(96)(احمد:1/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی کا مکان تنگ کیا یا راہزنی کی اس کا جہاد قبول نہیں (اگر وہ جہاد میں تھا)۔''

آخرت کے بدلے دنیا کمانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من طلب الدنيا بعمل الاخرة، فماله في
الآخرة من نصيب))

(الدیلمی:76/4،حدیث(5724)(احمد:4/5

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دنیا کو آخرت کے عمل کے بدلے میں طلب کیا اس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوگا۔''

بدعت کا طالب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من طلب البدعة الزمناه بدعته))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بدعت کو طلب کیا ہم اس کی بدعت کو اس کے کھاتہ میں ڈال دیں گے۔''

علم دین طلب کرنے والے کا رزق

رسول الله صلی الله علیه وسلم: من طلب العلم تکفل الله له برزقه))
(کنز: (28701)(الاتحاف: 78/1)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو علم دین طلب کرے اس کے رزق کا اللہ ضامن ہے۔"

علم دین حاصل کرنے والا اور جنت کے باغ

رسول الله صلی الله علیه وسلم: من طلب العلم مشی فی ریاض الجنة))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے علم دین طلب کیا وہ جنت کے باغوں میں چلے گا۔"

طلاقِ بدعت لاگو ہوگی

رسول الله صلی الله علیه وسلم: من طلق للبدعة، الزمناه بدعته))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بدعت والی طلاق دی ہم اس کی بدعت کو لاگو کر دیں گے۔"

جس نے ظلماً کسی کی زمین چھینی

رسول الله صلی الله علیه وسلم: من ظلم قید شبر طوقه من سبع ارضین))
(مسلم فی المساقہ: (142)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایک بالشت ظلماً زمین چھینی اس کو اتنے حصے کی سات زمینوں کا طوق ڈالا جائے گا۔"

اس عورت کو تسلی دینا جس کا بچہ فوت ہو جائے

رسول الله صلی الله علیه وسلم: من عاد الشکلی کسی من برود الجنة))

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بچے مری عورت کو تسلی دی اسے جنت کی چادریں پہنائی جائیں گی۔"

مریض کی عیادت کرنے والا

رسول الله صلی الله علیه وسلم: من عاد مریضاً کان ضامناً علی الله عز وجل))
(مجمع: 30410)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مریض کی بیمار پرسی کی وہ اللہ کی طرف سے صحت وغیرہ کی ضمان دینے والا ہے۔"

مصیبت زدہ صبر دلانے کا اجر

رسول الله صلی الله علیه وسلم: من عزی مصاباً فله مثل اجره))

(ترمذی: (1073)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مصیبت زدہ کو صبر دلایا اسے مصیبت زدہ جیسا ثواب ملے گا۔"

عشق کو پوشیدہ رکھنے کا اجر

رسول الله صلی الله علیه وسلم: من عشق، فکتم وعف، فمات فهو شهید))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عاشق ہوا اور عشق کو پوشیدہ رکھا اور پاک رہا، پھر مر گیا وہ شہید ہے۔''

خون معاف کرنے کا اجر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من عفا عن دم ، لم یکن له ثوابا الا الجنة

(الجامع:2/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے خون معاف کیا اس کا ثواب جنت ہی ہے۔''

اپنے قاتل کو معاف کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من عفا عن قاتله دخل الجنة))

(کنز:(39855)(الجامع:2/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے قاتل کو معاف کیا وہ جنت میں داخل ہوا۔''

نظر بد سے بچنے کے لیے سفید کوڑیاں لٹکانا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من علق و دعة، فلا و دع الله له))

(الجامع:2/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے سفید کوڑیاں دفع نظر بد کو لٹکائیں اس کو اللہ نہیں بچائے گا۔''

نماز کی فرضیت کا اعتقاد رکھنے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من علم ان الصلاة حق مکتوب دخل الجنة

(کنز:(18874)(احمد:60/1)(الحاکم:1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اعتقاد کیا کہ نماز حق اور فرض ہے وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

غیر مملوکہ اور غیر آباد زمین کو آباد کرنیوالا ہی مالک ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من عمر ارضًا لیست لا حد ، وهو احق بـ

(مشکوٰۃ:(2991)(احمد:2/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایسی زمین آباد کی جو غیر مملوکہ اور غیر آباد تھی تو وہ اس کا زیادہ مستحق ہے

غزوۂ بدر میں شامل ہونے والے فرشتوں کی فضیلت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: للملائکة الذین.شهدوا بدرا فی السـ

لفضلاعلی من تخلف منهم))

(جمع الجوامع، حدیث نمبر ۷۰۳۸)(کنز العمال، حدیث نمبر ۳۳۸۹۱ اور ۱۵

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو فرشتے مسلمانوں کی مدد کرنے کے لئے جنگ بدر میں شریک ہو

آسمان پر ان کی ان فرشتوں پر فضیلت ہے جو ان میں پیچھے رہ گئے تھے۔''

حضرت موسیٰ وعیسیٰ کی زیارت

رسول الله صلی الله علیه وسلم: رایت لیلة اسری بی موسیٰ بن عمران رجلا
لا جعدا کانه من رجال شنوء ة ورایت عیسی ابن مریم بنوع الخلق الی الحمرة
اض سبط الراس ورایت مالکاخازن جهنم والدجال فی ایات اراهن الله تعالیٰ))
صحیح بخاری، جلد نمبر۴، صفحہ نمبر۱۴۱)(طبرانی کبیر، جلد نمبر۱۲، صفحہ نمبر۱۵۷)(تفسیر در منثور، جلد نمبر۵، صفحہ نمبر۱۷۸۸)(
وت، ازامام بیہقی ،جلد نمبر۲، صفحہ نمبر۳۸۶)(منائل الصفا، صفحہ نمبر ۲۶) (مسندامام احمد، جلد نمبر۱، صفحہ
اور۲۶۹)(مشکوۃ المصابیح، حدیث نمبر ۵۷۱۵) (کنز العمال ،حدیث نمبر۳۲۲۷۱)(بدایہ والنہایہ، جلد نمبر ۱، صفحہ
)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس رات مجھے معراج کرائی گئی اس میں میں نے حضرت موسیٰ بن عمران کو
ن، طویل، گھنگریالے بالوں میں دیکھا گویا کہ وہ (قبیلہ) شنوءہ کے آدمیوں میں سے ہیں۔ حضرت عیسیٰ ابن مریم
لام کو بھی دیکھا جو میانہ قد سرخی اور سفیدی کا ملاپ تھے اور سیدھے بالوں والے تھے۔ مالک خازنِ دوزخ اور
لعین) کو ان نشانوں میں دیکھا جو مجھے اللہ تعالیٰ نے دکھلائیں۔"

جہنم کے فرشتوں کی پیدائش

رسول الله صلی الله علیه و سلم: والذی نفسی بیده لقدخلقت ملائکة جهنم
ن تخلق جهنم بالف عام فهم کل یوم یزدادون قوة الی قوتهم))
(صفۃ النار، ازعلامہ ضیاء الدین مقدسی)(تفسیر در منثور، جلد نمبر۲، صفحہ نمبر۱۴۵)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضہ میں میری جان ہے! دوزخ کے فرشتوں کو
کے پیدا کرنے سے ہزار سال پہلے پیدا کیا گیا۔ پس یہ روزانہ طاقت میں زیادہ طاقتور ہوتے جاتے ہیں۔"

جامع کلمات کے حامل

رسول الله صلی الله علیه وسلم: انامحمد النبی الا می ثلاثا ولانبی بعدی
ت فواتح الکلم وخواتمه وجوامعه وعلمت کم خزنة النار وحملة العرش))
(مسندامام احمد)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا: میں محمد آخری اور امی نبی ہوں۔ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ میں ابتدائی اور
اور جامع کلمات عطا کیا گیا ہوں اور مجھے یہ بھی علم عطا ہوا ہے کہ جہنم کے داروغے اور عرش الٰہی کو اٹھانے والے کتنے
ہیں۔" (مسنداحمد)

زکوۃ کی ادائیگی میں معاون فرشتہ

رسول الله صلی الله علیه وسلم: اراداللہ بعبدخیراً بعث الیه ملکا من خزان
ة فمسح ظهره فیسمخی نفسه بالزکاة))

(مسند الفردوس، از دیلمی، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۲۴۳) (جمع الجوامع، حدیث نمبر ۱۱۱) (تنزیہ الشریعہ، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر
کشف الخفاء، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۳۰۹) (تذکرۃ الموضوعات، صفحہ نمبر ۶۳)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ جب کسی آدمی سے خیر کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کی طرف جنت
موکلوں میں سے ایک فرشتہ بھیج دیتا ہے جو اس کی پشت پر ہاتھ پھیرتا ہے جس کے نتیجہ میں اس کا نفس زکوۃ میں
شروع کر دیتا ہے۔"

جنت کا نگران

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: وانااول من يقرع باب الجنة فيقوم الخا
فيقول من انت؟ فاقول انامحمدفيقول اقوم فافتح لك ولم اقم لاحد قبلك ولا
لاحد بعدك))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب سے پہلے جنت کے دروازے پر میں دستک دوں گا۔ اس پر جب
اٹھے گا تو پوچھے گا: "آپ کون ہیں؟" میں جواب دوں گا: "میں محمد ہوں۔" تو وہ عرض کرے گا: "میں ابھی آتا او
کے لئے دروازہ کھولتا ہوں۔" میں آپ سے پہلے کسی کے لئے نہیں اٹھا اور نہ آپ کے بعد کسی کے لئے اٹھوں گا۔"

فجر وعصر کی نماز کے وقت فرشتے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: يتعاقبون فيكم ملائكة باليل وملائكة بال
ويجتمعون فى صلاة الفجر وصلاة العصر ثم يعرج الذين ياتوافيكم فيسالهم ر
وهواعلم كيف تركتم عبادى؟ فيقولون تركنا هم وهم يصلون واتيناهم و
يصلون))

(صحیح مسلم، کتاب المساجد، باب نمبر ۳۷، حدیث نمبر ۲۱۰) (سنن نسائی، کتاب الصلوۃ، باب نمبر ۲۱) (مسند
، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۴۸۶) (کنز العمال، حدیث نمبر ۱۸۹۴۷) (تفسیر ابن جریر، جلد نمبر ۳، صفحہ نمبر ۲۱۱، جلد نمبر ۹، صفحہ نمبر ۲۹۳

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے پاس رات کے فرشتے اور دن کے فرشتے آتے رہتے ہیں
اور عصر کی نماز کے وقت جمع ہوتے ہیں۔ پھر جنہوں نے تمہارے ساتھ رات گزاری وہ اوپر کو چلے جاتے ہیں تو ا
اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے جب کہ وہ ان سے زیادہ باخبر ہوتا ہے: "تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا۔؟" و
کرتے ہیں: "ہم نے جب انہیں چھوڑا تو وہ صبح کی نماز پڑھ رہے تھے اور جب ہم ان کے پاس گئے تو وہ عصر کی نما
رہے تھے۔"

غم واندوہ کے کلمات نامہ اعمال میں نہیں لکھے جاتے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: يوحى الى الحفظة لاتكتبواعلى ع
عندضجره شيئاً))

(دیلمی، جلد نمبر ۵، صفحہ نمبر ۲۶۲، حدیث نمبر ۸۱۲۹) (زہر الفردوس، جلد نمبر ۴، صفحہ نمبر ۱۷۱) (کنز العمال، ح

)(اتحافات سنیہ، صفحہ نمبر ۳۲۶)
ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کراماً کاتبین کی طرف وحی فرماتا ہے: ''میرے بندہ کے اعمالنامہ
م وانددہ کے وقت کے کوئی اعمال نہ لکھو۔''

حالت مرض میں حالت صحت کے اعمال لکھنے والا فرشتہ

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اذاابتلیٰ العبدالمسلم ببلاء فی جسده قال
للملك اكتب له صالح عمله الذی كان يعمل فان شفاء غسله وطهره وان قبضه
له ورحمه))
(مسند امام احمد، جلد نمبر۳، صفحہ نمبر۱۴۸)(مجمع الزوائد، جلد نمبر۲، صفحہ نمبر۳۰۴)(ترغیب وترہیب، جلد نمبر۴، صفحہ نمبر۲۹۰)(
ال، حدیث نمبر ۶۶۹۵)(ابن ابی شیبہ، جلد نمبر۳، صفحہ نمبر۲۳۳)
ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کسی مسلمان کے بدن میں کوئی تکلیف ڈالی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتے
رماتا ہے: ''اس کے وہ تمام نیک اعمال لکھتا رہ جو یہ حالت صحت میں کرتا تھا، اگرچہ اب اس میں کرنے کی ہمت نہیں
'' پھر اگر اللہ تعالیٰ اسے شفاء عطا فرماتا ہے تو اسے گناہوں سے پاک کر دیتا ہے اور اگر اس کی روح کو قبض کر لیتا ہے
ے معاف فرما دیتا ہے اور اپنی رحمت عطا فرماتا ہے۔''

کراماً کاتبین کی طرف وحی

ل النبی علیه السلام: عجبت من ملكين من الملئكة نزلا الی الارض يلتمسان
ا فی مصلاة فلم يجداه فعرجا الی السماء الی ربهما فقالا يارب كنا نكتب لعبدك
ومن فی يومه وليلة من العمل كذاوكذا فوجدناه قدحبيسته فی حبالتك فلم
ب له شيئا فقال تبارك وتعالیٰ اكتبالعبدی عمله فی يومه وليلته ولاتنقصوه شيئا
ی اجرما جسته وله اجرماكان يعمل))
(کنز العمال، حدیث نمبر ۲۲۸۷ اور ۶۷۱۷)(مجمع الزوائد، صفحہ نمبر۳۰۴، جلد نمبر۲)(المطالب العالیہ، حدیث
۵)(اتحاف السادۃ المتقین، صفحہ نمبر۱۴۱، جلد نمبر۹)(حلیہ ابونعیم، صفحہ نمبر۲۶۶، جلد نمبر۴)(الاحکام النبویہ، صفحہ
، جلد نمبر۱)(ابوداؤد طیالسی، صفحہ نمبر۳۶)(الطب النبوی، صفحہ نمبر۱۴۳)
کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں فرشتوں میں سے ان دو فرشتوں پر حیران ہوں جو زمین پر نازل ہوئے اور ایک
آدمی کو اس کی جائے نماز پر تلاش کرتے رہے۔ جب اسے نہ پایا تو اپنے رب تعالیٰ کی بارگاہ میں آسمان پر چلے گئے
ض کیا: ''اے ہمارے پروردگار! ہم فلاں مومن بندے کے رات دن کے ایسے ایسے اعمال لکھا کرتے تھے، اب ہم
ے اس حالت میں پایا ہے کہ اسے تیری رسی (بیماری) نے جکڑ رکھا ہے، اس لیے ہم نے اس کا کوئی عمل نہیں لکھا
د تبارک وتعالیٰ نے فرمایا: ''میرے بندے کے لئے اس کے دن رات کے عمل لکھتے رہو جو وہ اپنی حالت صحت میں
رتا تھا اور میرے اس کو لاچار کر دینے سے اس کے اعمال صالحہ کے لکھنے میں اجر وثواب کی کمی نہ کرو۔ اس کے لیے

نیک اعمال کا وہی اجر ہے جو یہ حالت صحت میں کیا کرتا تھا۔"

حیات وموت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:لیس من عمل یوم الا وھو یختم علیہ مرض العبد المومن قالت الملئکۃ یاربنا عبدک فلان قد حبستہ فیقول الرب اختم علی مثل عملہ حتی یبرااویموت))

(مستدرک حاکم، صفحہ نمبر ۳۰۹، جلد نمبر ۴)(مسند امام احمد، صفحہ نمبر ۱۴۶، جلد نمبر ۴)(مجمع الزوائد، صفحہ نمبر ۳۰۳، جلد تفسیر ابن کثیر، صفحہ نمبر ۴۹، جلد نمبر ۵)(کنز العمال، حدیث نمبر ۶۶۶۲)(طبرانی کبیر، جلد نمبر ۱۷، صفحہ نمبر ۲۸۴)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: روزانہ کوئی نیک عمل ایسا نہیں جس کو تمام کر کے اگر کوئی مومن سخت ہو جائے جس سے نیک اعمال کرنے کی ہمت نہ ہو تو فرشتے عرض کرتے ہیں: "اے ہمارے پروردگار! تو نے اس کو اعمال کرنے سے بے بس کر دیا ہے۔" تو اللہ جل شانہ ارشاد فرماتا ہے: "جس طرح کا اس نے نیک عمل کیا تھا تم اس روز کا عمل بھی اسی طرح کا تحریر کر دو۔ یہاں تک کہ یہ اپنی اس مرض سے نجات پالے یا اسے موت آجائے۔"

بائیں ہاتھ والا فرشتہ اور خطائیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:ان صاحب الشمال لیرفع ست ساعات العبد المسلم المخطی فان ندم واستغفر اللہ تعالیٰ منھا القاھا والا کتبھا واحدۃ))

(طبرانی کبیر، جلد نمبر ۸، صفحہ نمبر ۲۱۸)(کنز العمال، حدیث نمبر ۱۰۱۹۲)(جمع الجوامع، حدیث نمبر ۶۶۲۴)(حلیۃ نمبر ۶، صفحہ نمبر ۱۲۴)(مجمع الزوائد، جلد نمبر ۱۰، صفحہ نمبر ۲۰۷)(فیض القدیر شرح جامع صغیر، جلد نمبر ۲، صفحہ

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بائیں ہاتھ والا فرشتہ خطا کار مسلمان بندہ سے چھ پہر تک اپنا قلم روکے رکھ اگر وہ اپنے گناہ پر شرمندہ ہو اور اللہ تعالیٰ سے توبہ کر لے تو وہ فرشتہ اس کا گناہ اس سے ہٹا دیتا ہے، ورنہ صرف ایک دیتا ہے۔"

حقیقت عمل

((قال سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:ان الملک یرفع العمل للعبد یری ان فی سرورا حتی ینتھی الی المیقات الذی وصف اللہ لہ فوضع اعمل فیہ فینادیہ اللہ عزوجل من فوقہ ارم بما معک فی سجین فیقول الملک مارفعت الیک الا حقا صدقت ارم بما معک فی سجین))

(ابن مردویہ)(الدار المنثور، جلد نمبر ۶، صفحہ نمبر ۳۲۵)(اتحاف السادۃ، جلد نمبر ۸، ص

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فرشتہ انسان کے عمل کو اٹھا لیجاتا ہے اور اپنے ہاتھوں میں کچھ سرور بھی محسوس کرتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ اس مقام تک پہنچتا ہے جہاں پر اللہ تعالیٰ نے اسے ٹھہرنے کا حکم دیا ہے تو یہ اس عمل کو رکھ دیتا ہے۔ اللہ عزوجل فرماتا ہے: "جو کچھ تیرے پاس ہے اسے تحت ساتویں زمین سے بھی نیچے پھینک دے

رض کرتا ہے: ''اے اللہ! میں تو اسے تیری بارگاہ میں لایا ہوں۔'' اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''جو کچھ تیرے پاس ہے اسے
یں پھینک دے، کیونکہ اس عمل کی حقیقت سے میں واقف ہوں تم واقف نہیں۔''

دو قسم کے اعمال

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان الملائکة یصعلون بعمل العبدین من
اللہ یکثرونه ویزکونه حتی ینتهوا به حیث شاء اللہ من سلطانه فیوحی اللہ الیهم
م حفظة علی عمل عبدی وانا رقیب علی مافی نفسه ان عبدی هذالم حفظة علی
عبدی وانا رقیب علی مافی نفسه ان عبدی هذالم یخلص لی عمله اجعلوه فی
ن قال ویصعدون بعمل عبدمن عباد اللہ فیستقلونه ویحفرونه حتی ینتهوا به
شاء اللہ من سلطانه فیوحی اللہ الیهم انکم حفظة وانا رقیب علی مافی نفسه
عفوه وله واجعلوه فی علیین))

کتاب الزہد، از امام ابن مبارک، صفحہ نمبر ۱۵۳) (کتاب الاخلاص، از امام ابن ابی الدنیا) (الدار المنثور، جلد نمبر ۶، صفحہ
کتاب العظمیۃ، از ابوالشیخ، صفحہ نمبر ۵۲) (الفقیہ والمحفقہ، صفحہ نمبر ۳۶)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے کسی بندے کے عمل کو لے کر فرشتے آسمان کی طرف
یں اور اسے وہ بڑا پاکیزہ سمجھ رہے ہوتے ہیں یہاں تک کہ وہ اسے لے کر وہاں تک پہنچتے ہیں جہاں تک اللہ تعالیٰ
ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی طرف وحی فرماتا ہے: ''تم میرے بندے کے عمل کے محافظ ہو اور جو کچھ اس کے جی میں ہے
ں کا نگران ہوں۔ میرے اس بندے نے اپنا یہ عمل میرے لئے نہیں کیا اس کا یہ عمل سجین (یہ ساتویں زمین کے نیچے
قام کا نام ہے) میں ڈال دو۔'' یہ فرشتے اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے کسی بندے کے عمل کو لے کر چڑھتے ہیں جسے
ور گھٹیا سمجھ رہے ہوتے ہیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنی سلطنت میں جہاں تک چاہتا ہے یہ فرشتے وہاں تک اسے
تے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کی طرف وحی فرماتا ہے: ''تم محافظ ہو اور جو کچھ اس کے جی میں ہے میں اس کا نگران
اس عمل کے کئی گنا کر دو اور اسے علیین (ساتوں آسمانوں سے اوپر نیک اعمال کا مقام) میں اس کے لیے رکھ دو۔''

جھوٹ کی بُو

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا کذب العبد کذبة تباعد عنه الملک میلا من
ما جاء به))

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی انسان ایک بار جھوٹ بولتا ہے تو اس کی بدبو سے ایک میل تک
دور چلا جاتا ہے۔''

فرشتے اور شیطان کا رجسٹر

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذانام ابن ادم قال الملک للشیطان اعطنی
حیفتک فیعطیه ایاها فما وجد فی صحیفته من حسنة محابها عشر سیات فی

صحیفة الشیطان و کتبھن حسنات فاذا احدکم ان ینام فلیکبر ثلاثا و ثلاثین ویحمد اربعا وثلاثین تحمیدة ویسبح ثلاثا وثلاثین تسبیحة فتلك مائة))

(طبرانی کبیر، جلد نمبر۳، صفحہ نمبر ۳۳۶)(مجمع الزوائد، جلد نمبر۱۰، صفحہ نمبر۱۲۱ اور ۱۲۲)(تفسیر ابن کثیر، جلد نمبر۶، صفحہ نمبر جمع الجوامع، حدیث نمبر ۳۶۸۱)(کنز العمال، حدیث نمبر ۴۱۳۰۷)(الدار المنثور، جلد نمبر۵، صفحہ نمبر ۸۰)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی انسان سوجاتا ہے تو کراماً کاتبین شیطان سے کہتے ہیں: ''اپنا صحیفہ ہمیں دیدے۔'' تو وہ دیدتا ہے۔ نیکیاں لکھنے والا فرشتہ اپنے صحیفہ میں جہاں ایک نیکی پاتا ہے تو اس کی جگہ شیطان کے صحیفے دس گناہ مٹادیتا ہے اور انہیں نیکیاں لکھ دیتا ہے۔ پس جب بھی تم میں سے کوئی سونے کا ارادہ کرے تو اسے چاہئے کہ 33 مرتبہ ''اللہ اکبر'' 33 مرتبہ ''الحمدللہ'' اور 33 مرتبہ ''سبحان اللہ'' کہہ لے۔ تو یہ سونیکیاں ہو جائیں گی۔''

بعض کلمات کا ثواب لکھنے میں فرشتوں کی مشکل

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان عبدا من عباداللہ قال یارب لك الحمد کماینبغی لجلال وجھك ولعظیم سلطانك فاعضك بالملکین فلم یدریا کیف یکتبانھا فصعدا الی السماء فقالا یاربنا عبدك قال مقالة لاندری کیف نکتبھا فقال اللہ وھو اعلم بما قال عبده ماذاقال عبدی قالا یارب انه قال یارب لك الحمد کما ینبغی لجلال وجھك ولعظیم سلطانك فقال اللہ تبارك وتعالیٰ اکتباھا کما قال عبدی حتی یلقانی عبدی فاجزیه بھا))

(سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر ۳۸۰۱)(طبرانی، جلد نمبر۱۲، صفحہ نمبر ۴۴۴)(تفسیر قرطبی، جلد نمبر۱، صفحہ نمبر ۱۳۲)(کنز العمال، حدیث نمبر ۶۴۲۱ اور ۶۴۴۱)(مسند الفردوس، جلد نمبر۱، صفحہ نمبر ۲۳۹)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے ایک بندے نے اس طرح اللہ تعالیٰ کی تعریف کی:

''یارب لك الحمد کما ینبغی لجلال وجھك لعظیم سلطانك''

''اے پروردگار! تیری تعریف اسی طرح ہو جس طرح تیرے چہرہ کے جلال اور تیری سلطنت کی عظمت کے مناسب ہے۔'' فرشتے مشکل میں پڑ گئے اور نہ سمجھ سکے کہ وہ اسے کس طرح سے لکھیں تو وہ آسمان کی طرف چڑھے اور عرض کیا: اے ہمارے پروردگار! تیرے بندے نے ایک ایسا جملہ کہا ہے کہ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم اس کا ثواب کس طرح سے لکھیں۔'' اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا: ''اس کلمہ کو اسی طرح لکھو جس طرح سے میرے بندہ نے کہا ہے، یہاں تک جب میرا بندہ مجھے ملے گا تو میں اسے اس کا انعام دوں گا۔''

فرشتوں سے حیاء

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: یستحی احدکم من ملکیه الذین معه کما یستحی من رجلین صالحین من جیرانه وھما معه بالیل والنھار))

(شعب الایمان وفی

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے ہر ایک اپنے ان دونوں فرشتوں سے حیاء کرے جو اس کے ساتھ
تے ہیں جس طرح سے وہ اپنے پڑوسیوں میں سے دو نیک انسانوں سے حیاء کرتا ہے (اور ان کے سامنے کوئی غلط کام
کرتا) اور یہ دونوں فرشتے تو حیاء کے زیادہ مستحق ہیں، کیونکہ یہ رات اور دن ہر وقت آدمی کے ساتھ ہوتے ہیں۔''

نماز میں تھوکنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا قام احدکم الی الصلاۃ فلایبزق امامہ فانہ
جی اللہ تعالیٰ مادام فی مصلاۃ ولاعن یمینہ فان عن یمینہ ملکا ولیبصن عن یسارہ
حت قدمہ))

(مصنف عبدالرزاق، حدیث ۱۶۸۶) (کنز العمال، حدیث نمبر ۱۹۹۴۱) (جمع الجوامع، حدیث نمبر ۲۳۰۱)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے جب کوئی نماز میں کھڑا ہو تو اپنے سامنے نہ تھوکے کیونکہ وہ
نالیٰ سے مناجات کر رہا ہوتا ہے جب تک کہ وہ اپنی نماز کی جگہ میں رہے۔ نہ ہی وہ اپنی دائیں طرف تھوکے کیونکہ اس
اپنے فرشتہ کراماً کاتبین ہے بلکہ اسے چاہئے کہ اپنے بائیں یا قدموں کے نیچے تھوکے۔''

پشت پیچھے تھوکنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذاقام احدکم یصل فلا یبزفن بین یدیہ ولا
یمینہ فان عن یمینہ کاتب الحسنات ولکن یبزق عن یسارہ او خلف ظھرہ))

(ابن ابی شیبہ)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے جب کوئی نماز میں کھڑا ہو تو اپنے سامنے اور اپنے داہنے میں نہ
کے کیونکہ اس کے داہنے نیکیاں لکھنے والا فرشتہ ہوتا ہے، بلکہ وہ اپنے بائیں یا پشت پیچھے تھوکے۔''

کراماً کاتبین کا گناہ بھولنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذاتاب العبدانسی اللہ الحفظۃ ذنوبہ))

(ابن عساکر، صفحہ نمبر ۲۸۶، جلد نمبر ۴) (جمع الجوامع، حدیث نمبر ۱۴۸۰) (کنز العمال، حدیث نمبر ۱۰۱۷۹) (فیض
صفحہ نمبر ۳۱۴، جلد نمبر ۱)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی مسلمان اپنے گناہوں سے توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ
اماً کاتبین کو بھلا دیتا ہے۔''

خلال کرنا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: حبذاالمتحللون بالوضوء والمتحللون من
لعام اماتخلیل الوضوء فالمضمضۃ والاستنشاق وبین الاصابع واما تخلیل الطعام
ن الطعام لانہ لیس اشد علی الملکین من ان یریابین اسنان صاحبھما طعاما وھو
م یصلی))

(الجامع الصغیر، جلد نمبر ۳، صفحہ نمبر ۲۷۲) (مسند الفردوس، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۱۳۸، حدیث نمبر ۲۷۰۴)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مبارک ہوں وضو میں خلال کرنے والے! مبارک ہوں طعام میں خلال کرنے والے! وضو میں خلال کرنے کا معنی کلی کرنا، ناک میں پانی چڑھانا اور ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کے درمیان خلال کرنا ہے۔ طعام میں خلال یہ ہے کہ کوئی چیز کھانے کی دانتوں میں رہ جائے تو اس کو صاف کرنا کیونکہ یہ ان دونوں فرشتوں کو زیادہ تکلیف دہ ہے کہ وہ اپنے ساتھی کے دانتوں میں کوئی چیز کھانے کی دیکھیں جب کہ وہ نماز بھی پڑھ رہا ہو۔''

(کوئی چیز کھانے کی انسان کے دانتوں میں رہ جائے یا رہ کر بدبو پیدا کر دے تو اس سے کراماً کاتبین کو اذیت ہوتی ہے اور یہ بات عام ہے چاہے نماز میں ہو یا نماز سے باہر۔)

فرشتوں کے لیے تکلیف دہ چیز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: نقوا افواهكم بالخلال فانها مجلس الملكين الكريمين الحافظين وان مدادهما الريق وقلمهما اللسان وليس عليها شيء اضر من بقايا الطعام بين الاسنان))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے منہ کو انگلیوں کے ذریعہ (یا مسواک کے ذریعہ) صاف رکھو، کیونکہ یہ (منہ) دونوں کراماً کاتبین حافظین فرشتوں کی نشست گاہ ہے۔ ان کی سیاہی انسان کی تھوک ہے اور ان کا قلم انسان کی زبان ہے۔ فرشتوں پر دانتوں میں باقی رہنے والے طعام سے زیادہ کوئی چیز تکلیف دہ نہیں ہے۔''

حمام میں بغیر تہبند کے جانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من دخل الحمام بغير مئزر لعنه الملكان))

(الشیرازی فی الالقاب) (الجامع الصغیر مع فیض القدیر، جلد نمبر ۶، صفحہ نمبر ۲۴)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو آدمی حمام میں بغیر تہبند کے داخل ہوا اس پر کراماً کاتبین لعنت کرتے ہیں۔''

تین سو ساٹھ محافظ فرشتے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: وكل بالمومن ستون وثلث مائة ملك يدفعون عنه مالم يقدر عليه من ذلك للبصر سبعة املاك يذبون عنه كما يذب عن قصعة العسل من الذباب في اليوم الصائف مالو بدالكم لرأيتموه على كل سهل وجبل كلهم باسط يديه فاغر فاه ومالو وكل العبد فيه الى نفسه طرفة عين لاختطفته الشياطين))

(درمنثور، صفحہ نمبر ۴۸) (احیاء العلوم، صفحہ نمبر ۳۸، جلد نمبر ۳) (کنز العمال، حدیث نمبر ۱۲۷۹) (اتحاف السادۃ المتقین، صفحہ نمبر ۲۸۸، جلد نمبر ۷) (طبرانی کبیر، حدیث نمبر ۷۷۰۴) (مجمع الزوائد، صفحہ نمبر ۲۰۹، جلد نمبر ۷) (تخریج احیاء العلوم امام عراقی، صفحہ نمبر ۳۸، جلد نمبر ۳) (مکاید الشیطن، لابن ابی الدنیا، صفحہ نمبر ۹۶)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کے ساتھ تین سو ساٹھ فرشتے ہوتے ہیں جو مصیبت انسان پر واقع ہونے

ہیں لکھی ہوتی اس کو انسان سے دور کرتے رہتے ہیں۔ صرف آنکھ کے لئے سات فرشتے ہیں۔ یہ سب فرشتے انسان سے بلاؤں کو اس طرح ہٹاتے رہتے ہیں جس طرح گرمی کے دن شہد کے پیالہ سے مکھیوں کو ہٹایا جاتا ہے۔ اگر ان فرشتوں کو تمہارے سامنے ظاہر کر دیا جائے تو تم ان کو ہر میدان اور ہر پہاڑ پر اپنے ہاتھوں کو کھولے ہوئے دیکھو۔ انہوں نے اپنا منہ بھی کھولا ہوا ہے اور اگر انسان کی مصیبتیں پلک جھپکنے کے وقت کے لئے اس کی ذات کے سپرد کر دی جائیں تو اس پر شیاطین جھپٹ پڑیں۔"

حضرت عمر کی ثابت قدمی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعمر: كيف انت يا عمر اذا انتهى بك الى الارض فحفر لك ثلاثة اذرع وشبر في ذراعين وشبر ثم اتاك منكر ونكير اسودان يجران أشعارهما كان اصواتهما الرعد القاصف وكان اعينهما البرق الخاطف يحفران الارض بانيابهما فاجلساك فزعا فتلتلاك و توهلاك قال يارسول الله وانا يومئذ على ما انا عليه ؟ قال نعم قال اكفيكهما باذن الله يارسول الله))

(تفسیر درمنثور، جلد نمبر۴، صفحہ نمبر۸۲)(البعث ،از ابن ابی داؤد ،حدیث نمبر۷)(الاعتقاد ،از امام بیہقی ،صفحہ ۲۲۲ اور ۲۲۳)(عذاب القبر ،از امام بیہقی، صفحہ نمبر۱۰۴)(کتاب القبور، از ابن ابی الدنیا)(اتحاف السادۃ، جلد نمبر۱ ،صفحہ ۴۱۴)(الشریعہ، صفحہ نمبر ۳۶۶)(مطالب العالیہ ، جلد نمبر۳، صفحہ نمبر۴۶)(مسند امام احمد، جلد نمبر۲، صفحہ نمبر۲۷)(موارد الظمان، حدیث نمبر۷۷۸)(کامل ابن عدی، جلد نمبر۲، صفحہ نمبر۸۵۵)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا: اے عمر! تیری کیا حالت ہوگی جب تجھے زمین میں دفن کیا جائے گا، تیرے لئے تین ہاتھ کا گڑھا کھودا جائے گا اور دو ہاتھ ایک بالشت ناپی جائے گی، پھر دفن کے بعد تیرے پاس کالے سیاہ منکر اور نکیر آئیں گے جو اپنے بالوں کو گھسیٹتے ہوں گے، ان کی آوازیں گویا کہ سخت کڑکڑانے والی گرج ہے اور ان کی آنکھیں گویا کہ اندھا کر دینے والی بجلی ہے، زمین (قبر) کو اپنے دانتوں سے کھودیں گے اور تجھے گھبراہٹ کی حالت میں بٹھا دیں گے۔؟" انہوں نے عرض کیا: "اے رسول اللہ! میں اس دن اسی ایمان کی حالت میں ہوں گا جس پر اب ہوں۔؟" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہاں! اسی حالت پر ہو گے۔" عرض کیا: "اے رسول اللہ! میں اللہ کے حکم سے ان دونوں کو کافی ہو جاؤں گا۔!"

قبر سے متعلق فرشتہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان مشيعي الجنازة قد وكل الله بهم ملكا فهم مهتمون محزونون حتى اذا اسلموه في ذلك القبور رجعوا راجعين اخذ كفا من تراب فرمى به وهو يقول ارجعوا الى دنياكم انساكم الله موتاكم فينسون ميتهم ويأخذون في شرائهم وبيعهم))

(مسند الفردوس، جلد نمبر۱، صفحہ نمبر۲۳۶)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنازہ لے جانے والوں کے متعلق اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ بھیجا ہے۔ اہل میت غمگین اور رنجور ہوتے ہیں، لیکن جب مردہ کو قبر میں دفن کر دیتے ہیں اور واپس لوٹتے ہیں تو یہ فرشتہ ایک مشت میت کی قبر کی مٹی سے اٹھا کر ان پر پھینکتا اور کہتا ہے: ''تم اپنی دنیا کی طرف لوٹ جاؤ، اس کا غم نہ کھاؤ، اللہ تعالیٰ تمہیں تمہارے اموات بھلا دے۔'' تو یہ اپنی میت کو بھول جاتے ہیں اور اپنی خرید و فروخت میں لگ جاتے ہیں۔''

حقیقت زمین

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان الارضین بین کل ارض والتی تلیھا مسیرۃ خمس مائۃ وھی علی ظھر حوت قد التقی طرفاہ فی السماء والحوت علی صخرۃ والصخرۃ بید الملک))

(مستدرک حاکم، صفحہ نمبر ۵۹۴، جلد نمبر ۴) (کنز العمال، حدیث نمبر ۱۵۲۱۶) (جمع الجوامع، حدیث نمبر ۵۳۷۴) الدر المنثور، صفحہ نمبر ۲۳۸، جلد نمبر ۶) (الترغیب والترغیب، صفحہ نمبر ۴۷۴، جلد نمبر ۴) (میزان الاعتدال، حدیث نمبر ۲۶۶۷) الاتحافات السنیہ، صفحہ نمبر ۱۵)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر زمین کے اور جو اس سے ملی ہوئی زمین ہے ان کے درمیان پانچ سو سال کا فاصلہ ہے۔ یہ آخری زمین مچھلی کی پشت پر ہے جس کے دونوں کنارے آسمان سے ملے ہوئے ہیں اور مچھلی چٹان پر ہے اور چٹان فرشتہ کے ہاتھ میں ہے۔''

قوم عاد کی تباہی اور ہوا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الریح مسجونۃ فی الارض الثانیۃ فلما اراد اللہ ان یملک عادا امر خازن الریح ان یرسل علیھم ریحا تملک عادا قال یارب ارسل من الریح منخر الثور؟ قال لہ الجبار تعالیٰ لا' اذا تکفا الارض ومن علیھا ولکن ارسل علیھم بقدر خاتم))

(الدر المنثور، صفحہ نمبر ۱۱۵، جلد نمبر ۱

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہوا دوسری زمین میں قید ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے قوم عاد کے ہلاک کرنے کا ارادہ فرمایا تو ہوا کے نگران فرشتہ سے فرمایا: ''ان پر تھوڑی سی ہوا چھوڑ دے جو قوم عاد کو برباد کر دے۔'' اس نے عرض کیا: ''اے پروردگار! کیا میں بیل کی ناک برابر ہوا کھول دوں۔؟'' اللہ جبار نے فرمایا: ''نہیں اگر ایسا کیا تب تو روئے زمین اور اس پر بسنے والوں کو سب کو تباہ کر دے گی بس ان پر صرف انگوٹھی کے بقدر ہوا چھوڑ۔''

فرشتے کا کتابچہ اور لوح محفوظ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا مر بالنطفۃ اثنتان واربعون لیلۃ بعث اللہ الیھا ملکاً فصورھا وخلق سمعھا وبصرھا وجلدھا وشحمھا وعظامھا ثم قال یارب ذکر ام انثی فیقضی ربک ماشاء ویکتب الملک ثم یقول یارب رزقۃ فیقضی

ربك ماشاء ويكتب الملك ثم يخرج الملك بالصحيفة في يده فلايزيد على امر ولا ينقص))

(صحیح مسلم، کتاب القدر، باب اول، حدیث نمبر۳)(معجم کبیر، از امام طبرانی، صفحہ نمبر ۱۹۸، جلد نمبر۳)(الدار المنثور، صفحہ ۳۳۵، جلد نمبر۴)(جمع الجوامع، جلد نمبر ۲۶۲۹)(کنز العمال، حدیث نمبر ۵۴۰)(تفسیر قرطبی، صفحہ نمبر۷، جلد نمبر۱۲)(مشکل آثار، جلد نمبر۳، صفحہ نمبر ۲۷۹)(الفتاوی الحدیثیہ، صفحہ نمبر۱۵ اور ۲۸)(الاسماء والصفات، از امام بیہقی، صفحہ نمبر ۱۴۰)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب نطفہ کو رحم مادر میں بیالیس روز گزر جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتہ بھیجتا ہے جو اس کی صورت بناتا ہے۔ اس کے کان، آنکھ، جلد، چربی اور ہڈیاں بناتا ہے۔ پھر وہ فرشتہ عرض کرتا ہے: "اے پروردگار! مذکر یا مونث؟" تو اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے فیصلہ فرماتا ہے اور یہ فرشتہ اس کو لکھ دیتا ہے۔ پھر عرض کرتا ہے: "اے رب! اس کا رزق بھی لکھوا۔" تو اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے فیصلہ فرماتا ہے اور فرشتہ اس کو بھی لکھ لیتا ہے، پھر یہ فرشتہ اپنے ہاتھ میں ایک کتابچہ کھولتا ہے تو نہ کوئی بات زیادہ ہوتی ہے نہ کم۔"

موتی کا ایک فرشتہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: العرش على ملك من لولو على صورة ديك رجلاه في التخوم السفلى وعنقه مثنية تحت العرش وجناحاه بالمشرق و المغرب فاذا سبح الله ذلك الملك لم يبق شيء الا سبح الله عز و جل))

(مسند الفردوس، از دیلمی)(تفسیر در منشور، جلد نمبر۵، صفحہ نمبر ۳۴۶)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عرش الٰہی موتی کے ایک فرشتہ پر ہے جس کی شکل مرغ کی ہے۔ اس کے پاؤں نچلی زمین کی تہہ میں ہیں اور اس کی گردن عرش کے نیچے لگی ہوئی ہے۔ اس کے دونوں پر مشرق و مغرب میں ہیں۔ جب یہ فرشتہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح پڑھتا ہے تو کوئی چیز بھی باقی نہیں رہتی مگر وہ بھی اللہ عزوجل کی تسبیح کہنے لگ جاتی ہے۔"

ستر ہزار فرشتوں کا سردار

((قال النبي صلى الله عليه وسلم: ان في السماء ملكا يقال له اسماعيل على سبعين الف ملك منهم على سبعين الف ملك))

(ابن جریر)(ابن منذر)(ابن ابی حاتم)(ابن مردویہ)(دلائل النبوۃ، از امام بیہقی)

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آسمان میں ایک فرشتہ ہے جس کا نام اسماعیل ہے۔ یہ ستر ہزار فرشتوں کا سردار ہے اور یہ ستر ہزار بھی وہ ہیں کہ ان میں ہر ایک ستر ہزار فرشتوں کا سردار ہے۔"

انفاق فی سبیل اللہ کرنے والے کی فضیلت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بينما رجل بفلاة اذسمع رعدافي سحاب فسمع فيه كلا ما اسق حديقة فلان فجاء ت ذلك السحاب الى حرة فافرغ مافيه من ماء ثم جاء الى ذباب شرج فانتهى الى شرجة فاستوعب الماء ومثى الرجل مع

السحابة حتى انتهىٰ الى رجل قائم فى حديقة يسقيها فقال ياعبدالله مااسمك؟ قا
ولم تسئال؟ قال انى سمعت فى سحاب هذا مائوه اسق حديقة فلان باسم
فماتصنع فيها اذا صرمتهاقال اما اذا قلت ذالك فانى اجعلهاعلى ثلاثة اثلاث اجع
ثلثالى ولاهلى واترد ثلثافيها واجعل ثلثافى المساكين والسائل وابن السبيل))

(کنز العمال، حدیث نمبر ۱۶۰۴۹)(اتحاف السادہ، جلد نمبر ۹، صفحہ نمبر ۱۲۵)(صحیح مسلم، کتاب الزہد و الرقائق، حد
نمبر ۲۹۸۴)(سنن ابی داؤد، حدیث نمبر ۲۵۸۷)(تفسیر درمنثور، جلد نمبر ۴، صفحہ نمبر ۵۲)(حلیہ الاولیاء، جلد نمبر
نمبر ۲۷۶)(تاریخ الصبان، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۱۹۲)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک دفعہ ایک آدمی جنگل میں جارہا تھا کہ اس نے بادل سے اچانک ایک
گرج سنی جس میں یہ بات بھی تھی کہ ''فلاں کے باغ کو پلاؤ۔'' تو یہ بادل ایک سیاہ پتھریلی زمین کی طرف چلا
اور جو کچھ پانی اس میں تھا سب کا سب اس میں پلٹ دیا اور وہ پانی ایک وسیع میدان میں جمع ہو گیا، پھر ایک نالے تک
جا پہنچا اور چل پڑا یہ آدمی بھی اس بادل کے ساتھ ساتھ چلتا رہا، یہاں تک کہ اس نے ایک آدمی کو اپنے باغ میں موجود
جو اسے پانی پلا رہا تھا۔ اس نے کہا: ''اے اللہ کے بندے! آپ کا نام کیا ہے؟'' اس نے جواب دیا: ''تم کیوں پوچھ
ہو؟'' اس نے بتایا کہ اس بادل کو تیرا نام لے کہا گیا تھا کہ اس کے باغ کو سیراب کرو۔ جب تو اس کی فصل اٹھاتا ہے تو اس
میں کونسا نیک عمل کرتا ہے؟'' اس نے کہا: ''جب تو نے یہ بات پوچھ ہی لی ہے تو سن! میں اس کی آمدنی کو تین حصوں میں
تقسیم کرتا ہوں۔ ایک تہائی تو اپنے اور اپنے اہل خانہ کے لئے مقرر کرتا ہوں اور دوسری تہائی پھر اسی باغ میں میں شامل
کر دیتا ہوں اور ایک تہائی محتاجوں، سائلوں اور مسافروں کو دیتا ہوں۔''

ایک بڑے فرشتے کی تسبیح

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذن لى ان احدث عن ملك من حملة العرش
رجلاه فى الارض السفلى وعلى قرية العرش وبين شحمة اذنه وعاتقه خفقان الطير
سبع مائة عام يقول ذلك الملك سبحانك حيث كنت))

(کتاب العظمۃ، از ابو الشیخ، حدیث نمبر ۴۷۶)(سنن ابی داؤد، حدیث نمبر ۴۷۲۷)(حلیۃ الاولیاء، جلد نمبر ۳
نمبر ۱۵۸)(مجمع الزوائد، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۸۰)(مطالب عالیہ، حدیث نمبر ۳۴۴۹)(تاریخ بغداد، جلد نمبر ۱۰، صفحہ نمبر ۵
مشکوٰۃ المصابیح، حدیث نمبر ۵۷۲۸)(کنز العمال، حدیث نمبر ۱۵۱۵۴۔ ۱۵۱۵۵ اور ۱۵۱۵۸)(اتحاف السادۃ، جلد نمبر ۱۰
نمبر ۲۶۴)(تفسیر ابن کثیر، جلد نمبر ۸، صفحہ نمبر ۲۳۹)(تفسیر درمنثور، جلد نمبر ۵، صفحہ نمبر ۳۴۶)(بدایہ النہایہ، جلد نمبر ۱
نمبر ۱۳ اور ۴۳)(مجمع البحرین، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۱۰)(المنتقیٰ من الاوسط، حدیث نمبر ۴۷)(فوائد ابن شاہین، حد
نمبر ۱۱۳)(تاریخ ابن عساکر، جلد نمبر ۱۲، صفحہ نمبر ۲ اور ۲۳۲)(ابن عساکر، حدیث نمبر ۱۳۹)

''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے اجازت دی گئی ہے کہ میں ایک ایسے فرشتہ کے متعلق کچھ بتلاؤ جو عرش
اٹھانے والوں میں شامل ہے۔ اس کے پاؤں سب سے نچلی زمین میں ہیں، اس کے سینگ پر عرش ہے اور اس کے کان
کی لو سے اس کے کندھے تک کا فاصلہ سات سو سال تک پرندہ کے اڑنے کے برابر سفر ہے۔ وہ فرشتہ کہہ رہا ہے:

بحانك حيث كنت''
ے اللہ! تیری ذات ہر طرح سے پاک ہے۔''

سمندر میں شہید ہونے والے

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان اللهعزوجل وكل ملك الموت بقبض رواح الا شهداء البحر فانه يتولىٰ قبض ازواجهم))

(سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر ۲۷۷۸) (تفسیر در منثور، جلد نمبر ۵، صفحہ نمبر ۱۷۳)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل نے ملک الموت کو سب ارواح کے قبض کرنے پر مقرر فرمایا ہے، ے سمندر میں شہید ہونے والوں کی ارواح کے۔ ان کی ارواح اللہ تعالیٰ خود قبض فرماتا ہے۔''

اللہ کے بندے کی روح

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذاجاء ملك الموت الى ولى اللهتعالىٰ سلم يه وسلامه عليه ان يقول السلام عليك ياولى اللهقم فاخرج من دارك التى خربتها دارك التى عمرتها واذا لم يكن وليا للهقال له قم فاخرج من دارك التى عمرتها الى رك التى خربتها))

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب ملک الموت کسی اللہ تعالیٰ کے ولی کے پاس آتے ہیں تو اسے سلام کہتے ۔ سلام کے الفاظ یہ ہوتے ہیں: ''السلام علیك یا ولی اللہ'' (اے اللہ کے ولی! آپ پر سلام ہو) اپنے جس گھر آپ نے خراب کیا ہے اس سے اپنے اس گھر (جنت) کی طرف نکلیں جسے آپ نے آباد کیا ہے۔'' جب وہ ایسے آدمی پاس جاتا ہے جو اللہ کا ولی نہیں ہوتا اسے فرماتا ہے: ''اٹھ! اپنے اس گھر سے نکل جسے تو نے تعمیر کیا ہے اپنے اس ر (آخرت) کی طرف جسے تو نے خراب کیا ہے۔''

حضرت موسیٰ اور ملک الموت

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان ملك الموت كان ياتى والناس عيانافان رسىٰ فلطمه ففقاعينه فاتى ربه فقال يارب عبدك موسىٰ فقاعينى ولولا كرامته ليك لشققت عليه قال له اذهب الى عبدى فقل له فليضع يده على جلد نورفله كل شعرة وارت يده سنة فاتاه فقال مابعد هذاقال الموت قال فالان فشمه فقبض وحه وردالله عليه عينه فكان بعد ياتى الناس فى خفية))

(متدرک حاکم، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۵۷۸) (جمع الجوامع، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۱۷) (کنز العمال، حدیث نمبر ۳۲۳۸۳) (ات سعیہ، صفحہ نمبر ۱۷۸) (تاریخ کبیر، از بخاری، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۳۴۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت ملک الموت لوگوں کے سامنے (روح قبض کرنے) آجاتے تھے (اسی رح) وہ موسیٰ علیہ السلام کے پاس بھی آگئے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے انہیں تھپڑ رسید کر دیا جس سے ان کی آنکھ

پھوٹ گئی۔ وہ اپنے رب تعالیٰ کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کیا: "اے پروردگار! آپ کے بندے موسیٰ نے میر
پھوڑ دی اگر وہ آپ کے نزدیک صاحب اکرام نہ ہوتے تو میں بھی بدلہ چکا دیتا۔ اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا: "تو
بندے کے پاس جا اور اسے کہہ کہ وہ اپنا ہاتھ ایک بیل کے چمڑے پر رکھ دے، جتنے بالوں کو اس کا ہاتھ چھپا لے
سال اس کو موت نہیں آئے گی۔" عزرائیل علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئے اور وہ سب کچھ عرض کر دیا
نے فرمایا: "اس کے بعد کیا ہوگا۔؟" عرض کیا: "موت ہوگی۔" فرمایا: "پھر تو ابھی قبض کر لو۔" تو اس نے ایک
سونگھا اور ان کی روح قبض کر لی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی آنکھ بھی درست کر دی۔ پس اس کے بعد سے وہ لوگوں
چھپ کر آتے ہیں۔"

حضرت اسرافیل کا نہ مسکرانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: قلت جبرئيل ياجبرئيل مالى لارى اس
يضحك ولم ياتني احد من الملائكة الا رائيته يضحك قال جبرئيل مارأينا
الملك ضاحكامنذ خلقت النار))

(شعب الایمان، از امام بیہقی) (کنز العمال، صفحہ نمبر

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے جبرائیل سے کہا: "اے جبرائیل! میں نے اسرافیل کو ہنستے نہیں د
میرے پاس کوئی فرشتہ نہیں آتا لیکن میں اسے ہنستا ہوا (خوش) دیکھتا ہوں۔" جبرائیل علیہ السلام نے کہا: "ہم
فرشتہ کو تب سے ہنستے ہوئے نہیں دیکھا جب سے دوزخ پیدا کی گئی ہے۔"

سخت اور نرم شخصیتیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان فى السماء ملكين احدهما يامربا
والاخريامر باللين وكل مصيب جبريل وميكائيل' ونبيان احدهما يامر با
والاخريامر بالشدو كل مصيب وذكر ابراهيم ونوحا ولى صاحبان احدهم
باللين والاخربالشدة وكل مصيب وذكر ابابكر وعمر))

(مجمع الزوائد، جلد نمبر ۹، صفحہ نمبر ۵۱) (تفسیر در منثور، جلد نمبر ۱،

"حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آسمان میں دو فرشتے ہیں جن میں سے ایک سختی کا معاملہ کرتا
نرمی کا اور دونوں حق پر ہیں۔ پہلے جبرائیل علیہ السلام ہیں اور دوسرے میکائیل علیہ السلام۔ دو نبی ہیں جن میں
نرمی کا معاملہ فرماتے ہیں، دوسرے سختی کا اور دونوں حق پر ہیں۔ پہلے حضرت ابراہیم ہیں اور دوسرے حضرت نو
السلام۔ میرے بھی دو دوست ہیں ان میں سے ایک نرمی کا معاملہ کرتا ہے، دوسرا سختی کا اور یہ دونوں بھی حق پر ہیں
ابوبکر ہیں اور دوسرے عمر فاروق۔"

اللہ تعالیٰ کی دنیا کی طرف وحی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انزل الله جبريل عليه السلام فى ا

ن یاتینی فی صورة فقال ان الله یقرئك السلام یا محمد ویقول لك انی قد
ت الی الدنیا ان غرری وتکدری وتضیقی وتشددی علی اولیائی کی
القائی وتسھلی وتوسعی وتطیبی لاعدائی حتی یکرھو القائی فانی قدخلقتھا
لاولیائی وجنة لاعدائی))

(شعب الایمان، از امام بیہقی)(جمع الجوامع، حدیث نمبر ۴۵۲۱)(کنز العمال، حدیث نمبر ۶۱۱۰)

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس صورت میں جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آیا کرتے تھے اس سے بھی
ورت میں اللہ تعالیٰ نے ان کو میرے پاس بھیجا۔ پس جبرائیل علیہ السلام نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کی طرف
ہے کہ تو میرے دوستوں کے لئے کڑوی، بدمزہ، تنگ اور سخت ہو جا! تاکہ وہ میری ملاقات کو پسند کریں اور میرے
کے لئے آسان، کشادہ اور دل پسند ہو جا تاکہ وہ میری ملاقات کو ناپسند کریں۔ میں نے اس دنیا کو اپنے اولیاء کے
اور دشمنوں کے لئے راحت بنایا ہے۔"

سنگریزوں سے زیادہ فرشتے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیلة القدر لیلة سابعة اوتاسعة وعشرین ان
کة تلك اللیلة فی الارض اکثر من عدد الحصا))

(کنز العمال، حدیث نمبر ۲۴۰۵۰)(جامع الصغیر، حدیث نمبر ۷۷۲۶)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: شب قدر ستائیسویں یا تیسویں (ماہ رمضان) ہوتی ہے۔ اس رات زمین
وں سے بھی زیادہ فرشتے نازل ہوتے ہیں۔"

اللہ تعالیٰ کا اپنے بندے سے راضی ہونا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان العبد لیلتمس مرضاة اللہ عزوجل فلایزال
فیقول اللہ یاجبریل ان عبدی فلانا یلتمس ان یرضینی الا وان رحمتی علیه
جبریل رحمة اللہ علی فلان ویقولھا حملة العرش' ویقولھا من حولھم حتی
اھل السموات السبع ثم یھبط الی الارض))

سند امام احمد بن حنبل، جلد نمبر ۵، صفحہ نمبر ۲۷۹)(مشکوٰۃ المصابیح، حدیث نمبر ۲۳۷۹)(تفسیر ابن کثیر، جلد نمبر ۸، صفحہ
(تفسیر درمنثور، جلد نمبر ۴، صفحہ نمبر ۲۸۷)(کنز العمال، حدیث نمبر ۵۸۵۸)(جمع الجوامع، حدیث نمبر ۵۶۹۸،
۲)(اتحافات سینہ، صفحہ نمبر ۱۵۲)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بندہ جب اللہ تعالیٰ کی رضا کی جستجو کرتا ہے اور اسی میں لگا رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ
ہے: "اے جبرائیل! میرا فلاں بندہ مجھے راضی کرنے کی جستجو میں ہے، سن لو! میں اس پر رحمت کرتا ہوں۔" تو
جبرائیل علیہ السلام (دوسرے فرشتوں سے) فرماتے ہیں: "اللہ تعالیٰ کی فلاں بندے پر رحمت نازل ہو رہی
تو یہی بات عرش بردار فرشتے بھی کہتے ہیں اور جو ان کے آس پاس ہیں وہ بھی۔ یہاں تک کہ ساتوں آسمانوں کے

فرشتے بھی یہی کہتے ہیں۔ پھر یہ بات زمین پر نازل ہو جاتی ہے۔"

ہر نبی و مرسل کی دعا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انه لم يدع ملك ولانبي مرسل ولاعبد
الا كان من دعائه: اللهم بعلمك على الغيب وبقدرتك على الخلق احييني ما
الحياة خيرا لي وتوفيقي اذا علمت الوفاة خيرا لي و اسالك خشيتك في
والشهادة وكلمة الحكم في الغضب و الرضى والقصد في الفقر والغنى و
نعيما لاينفدوقرة عين لا تنقطع ويرد العرش بعدالموت واسالك النظر الى
والشوق الى لقائك في غيرسوء ضراء مضرة ولا فتنة مضلة اللهم ربنا بزينة ا
واجعلنا هداة مهتدين))

(کنز العمال، حدیث

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی فرشتہ، نبی مرسل اور نیک بندہ ایسا نہیں جس نے یہ دعا نہ مانگی ہو
" اللهم بعلمك على الغيب وبقدرتك على الخلق احييني ماعلمت الحياة
وتوفيقي اذا علمت الوفاة خيرا لي و اسالك خشيتك في الغيب والشهادة
الحكم في الغضب و الرضى والقصد في الفقر والغنى واسالك نعيما لاين
عين لا تنقطع ويرد العرش بعدالموت واسالك النظر الى وجهك والشوق الى
في غيرسوء ضراء مضرة ولا فتنة مضلة اللهم ربنا بزينة الايمان واجعل
مهتدين"

"اے اللہ! اپنے علم غیب اور مخلوق پر اپنی قدرت کے مطابق مجھے اس وقت تک زندہ رکھنا جب تک میرے
بہتر ہو اور اس وقت موت دینا جب میرے لئے وفات بہتر ہو۔ میں پوشیدہ اور ظاہری حالت میں تیرے ڈر
ہوں۔ غصہ اور خوشی کے وقت دانائی کی بات، غربت اور تونگری کی حالتوں میں میانہ روی کو طلب کرتا ہوں
طلب کرتا ہوں جو کبھی ختم نہ ہو۔ ایسی ٹھنڈی آنکھ مانگتا ہوں جو کبھی منقطع نہ ہو۔ مرنے کے بعد اطمینان کی
ہوں۔ تجھ سے تیرے چہرہ کریم کی طرف نظر رکھنے کا سوال کرتا ہوں۔ تجھ سے ملاقات کا شوق مانگتا ہوں جو
والی حالت اور گمراہ کرنے والے فتنہ سے خالی ہو۔ اے اللہ! ہمیں ایمان کی زینت سے مزین فرما اور ہدایت
بنا۔"

مساجد میں زیادہ وقت گزارنے والے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان للمساجد اوتادا جلساؤهم
يتفقدوهم فان كانوا في حاجة اعانوهم وان مرضوا اعادوهم وان غابوا تفقد

قالو االذکر و اذ کر کم اللہ))

ام احمد، جلد نمبر۲، صفحہ نمبر ۳۱۸)(مصنف عبدالرزاق، حدیث نمبر ۲۰۵۸۵)(مجمع الزوائد، جلد نمبر۲، صفحہ نمبر ۲۲)(
ب ،جلد نمبر۱، صفحہ نمبر ۲۲۰)(تفسیر درمنشور، جلد نمبر ۳، صفحہ نمبر ۲۱۶)(جمع الجوامع، حدیث نمبر ۷۰۳۴)(
یث نمبر ۷۰۳۵۱)

لی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کچھ لوگ مساجد کو لازم پکڑنے والے ہیں۔ان کے ساتھ فرشتے بیٹھتے ہیں۔
ئب ہو جائیں تو ان کو تلاش کرتے ہیں۔اگر کسی حاجت میں مصروف ہوتے ہیں تو یہ ان کی اعانت اور مدد
۔اگر بیمار ہوتے ہیں تو ان کی عیادت کرتے ہیں اور اگر مسجد میں حاضری سے رہ جائیں تو ان کو تلاش کرتے
جو دور ہیں تو ان سے کہتے ہیں: ''تم اللہ کو یاد کرو اللہ تمہیں یاد کرے گا۔''

گانے سے بچنے والے

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا کان یوم القیامۃ قال اللہ عز و جل این الذین
وهون اسماعهم و ابصارهم عن مزامیر الشیطان میزوهم فیتمیزون فی کتب
و العنبر ثم یقول للملائکۃ اسمعوهم تسبیحی و تمجیدی فیسمعون
لم یسمع السامعون بمثلها قط))

(تفسیر درمنشور، جلد نمبر ۵، صفحہ نمبر ۱۵۳)(جمع الجوامع، حدیث نمبر ۲۴۱۱)(کنز العمال، حدیث نمبر ۴۰۶۶۵)

لی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا: ''وہ حضرات کہاں ہیں
اور آنکھیں شیطان کے گانے باجے سے محفوظ رکھتے تھے۔؟ ان سب کو الگ کر دو۔'' تو ایسے افراد کو کستوری
ں پر نمایاں کر دیا جائے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ فرشتوں سے ارشاد فرمائے گا: ''تم ان کو میری تسبیح و تحمید سناؤ۔'' تو یہ
خوبصورت آوازوں میں تسبیحات و تحمیدات سنیں گے کہ ایسی آوازیں کبھی بھی سننے والوں نے نہیں سنی ہوں

یوم عید الفطر

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا کان یوم الفطر وقفت الملائکۃ فی افواہ
ادوا یامعشر المسلمین اعدوا الی رب کریم یمن بالخیر ویثیب علیہ
مرتم بقیام اللیل فقمتم و امرتم بصیام النهار فصمتم و اطعتم ربکم فاقبضوا
م فاذا صلوا العید نادیٰ مناد من السماء ان ارجعوا الی منازلکم راشدین فقد
نوبکم ویسمی ذلک الیوم فی السماء یوم الجوائز))

ن بن سفیان)(طبرانی کبیر، حدیث نمبر ۱۹۶)(مجمع الزوائد، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۲۰۱)(کنز العمال، حدیث نمبر
لجوامع، حدیث نمبر ۲۴۶۴)(امالی الشجری، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۴۷)

لی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب عید الفطر کا دن ہوتا ہے تو فرشتے راستوں میں کھڑے ہو کر کے ندا

کرتے ہیں: ''اے مسلمانو! اپنے رب کریم کی طرف جلدی سے نکلو، وہ بہترین احسان کرنے والا ہے اور بہت بڑا اجر کرنے والا ہے۔ تمہیں دن کو روزہ رکھنے کا حکم دیا گیا تو تم نے روزہ رکھا، تم اپنے رب کی اطاعت کے انعامات وصول کرو۔'' تو جب وہ عید کی نماز ادا کر لیتے ہیں تو آسمان سے ایک منادی ندا کرتا ہے: ''اب اپنے گھروں کو خوشی سے لوٹو تمہارے گناہ معاف کر دیئے گئے۔ اس دن کا نام آسمان میں ''یوم الجوائز'' (انعامات کا دن) رکھا گیا ہے۔''

جمعہ کے دن درود

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اکثروا من الصلاۃ علی یوم الجمعۃ فانہ مشہود تشہدہ الملائکۃ وان احدالن یصلی علی الا عرضت علی صلاتہ حین یفرغ قیل وبعد الموت قال وبعد الموت ان اللہ حرم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء))

(فیض القدیر، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۸۷) (سنن ابی داؤد، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۱۵۰ اور ۲۱۴) (سنن نسائی، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر سنن دارمی، صفحہ نمبر ۱۹۵) (مستدرک امام حاکم، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۲۷۸) (سنن بیہقی، جلد نمبر ۳، صفحہ نمبر ۲۴۸) (نیل الاوطار نمبر ۳، صفحہ نمبر ۲۱۰ اور ۲۱۱) (تفسیر ابن کثیر، جلد نمبر ۳، صفحہ نمبر ۵۱۴)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو، کیونکہ یہ حاضری کا دن اور اس میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ کوئی ایک بھی مجھ پر درود نہیں بھیجتا، مگر جب اس سے فارغ ہوتا ہے تو اس کا درود تک پہنچا دیا جاتا ہے۔'' عرض کیا گیا: ''آپ کی وفات کے بعد بھی ہمارا درود آپ کو پہنچایا جائے گا؟'' ارشاد ''ہاں! موت کے بعد بھی، کیونکہ اللہ عزوجل نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ انبیاء کرام کے اجسام کو کھائے۔''

فرشتوں کا امام کا خطبہ سننا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا کان یوم الجمعۃ غدت الشیاطین برا الی الاسواق فیرمون الناس بالربائیت ویشبطونہم عن الجمعۃ وتعذو الملا فتجلس علی ابواب المسجد فیکتبون الرجل م ساعۃ والرجل من ساعتین یخرج الامام))

(فتح الباری، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۳۶۹) (سنن ابی داؤد، کتاب الجمعہ، باب نمبر ۳، حدیث نمبر ۱۰۳۸) (سنن بیہقی، ۲۲۰۰۳) (جامع صغیر، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۶۳) (جمع الجوامع، حدیث نمبر ۳۴۸۴) (کنز العمال، حدیث نمبر ۲۱۱۶۸)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب جمعہ کا دن آتا ہے تو شیاطین صبح صبح اپنے اپنے جھنڈے بازاروں میں نکل آتے ہیں، لوگوں کے سامنے ضروریات وغیرہ کی رکاوٹیں کھڑی کر دیتے ہیں اور نماز جمعہ سے ہیں۔ اسی طرح فرشتے بھی صبح صبح مسجد کے دروازوں پر آ بیٹھتے ہیں اور اول وقت میں آنے والے کے ثواب کو ہیں اور دوسرے وقت میں آنے والے کے ثواب کو بھی۔ اسی طرح آنے والوں کے ثواب لکھتے رہتے ہیں، یہاں امام خطبہ کیلئے نکلے اور ممبر پر بیٹھ جائے تو یہ ثواب لکھنا روک دیتے ہیں اور امام کا خطبہ سننا شروع کر دیتے ہیں۔''

جب تک روزہ دار کے سامنے کھایا جاتا ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان الصائم اذا اکل عندہ لم تزل تصلی علیہ
کۃ حتی یفرغ من طعامہ))

ادی، جلد نمبر۱، صفحہ نمبر۳۵۹)(مسند امام احمد، جلد نمبر۶، صفحہ نمبر۳۶۵)(سنن دارمی، جلد نمبر۲، صفحہ نمبر۱۷)(سنن بیہقی
صفحہ نمبر۳۰۵)(مواردالظمان، حدیث نمبر۹۵۳)(شرح السنہ، جلد نمبر۶، صفحہ نمبر۳۷۶)(مشکوٰۃ المصابیح، حدیث
(تفسیر درمنثور، جلد نمبر۱، صفحہ نمبر۱۸۱) (کنز العمال ، حدیث نمبر ۲۳۵۷۷)(جمع الجوامع، حدیث نمبر
۵۶۵)(حلیہ ابو نعیم، جلد نمبر۲، صفحہ نمبر۶۵)(ابن سعد، جلد نمبر۱، صفحہ نمبر۱۰۸)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب روزہ دار کے پاس کوئی کھانا کھاتا ہے تو روزہ دار کے لئے اس وقت
تے رحمت اور مغفرت کی دعائیں کرتے ہیں جب تک کہ اس کے پاس کھایا جاتا ہے۔"

اچھے امام کا انتخاب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اصطفوا ولیقدمکم فی الصلاۃ افضلکم فان
طفی من الملائکۃ ومن الناس))

(مجمع الزوائد، جلد نمبر۲، صفحہ نمبر۶۴)(کنز العمال، حدیث نمبر۲۰۵۲۶)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنی پیشوائی کیلئے (اچھے امام کا) انتخاب کرو۔ چاہیے کہ نماز میں تمہارا امام
ی ہو، کیونکہ اللہ تعالیٰ بھی فرشتوں اور بندوں سے اچھے حضرات کا انتخاب فرماتا ہے۔"

اہل اسلام کی دعا پر ملائکہ کا آمین کہنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا حضرتم المیت فقولوا خیرا فان الملائکۃ
ن علی ماتقولون))

ند امام احمد، جلد نمبر۶، صفحہ نمبر۲۹۱)(سنن بیہقی، جلد نمبر۳، صفحہ نمبر۳۸۴)(ترغیب وترہیب، جلد نمبر۴، صفحہ نمبر۳۴۷)(
ی، صفحہ نمبر۱۴۵)(امالی الشجری، جلد نمبر۱، صفحہ نمبر۲۵۲)(سنن ابی داؤد، حدیث نمبر۳۱۱۵)(تمہید، جلد نمبر۳، صفحہ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میت کے پاس آؤ تو اس کے حق میں تعریف کرو کیونکہ تم جو کچھ کہتے
اس پر آمین کہتے ہیں۔"

مرغ کا فرشتے کو دیکھنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا سمعتم صیاح الدیکۃ فاسالوا اللہ من فضلہ
رأت ملکاً واذا سمعتم نہیق الحمیر فتعوذوا باللہ من الشیطان فانہا رات
طا))

ح بخاری، جلد نمبر۴، صفحہ نمبر۱۵۵)(صحیح مسلم، کتاب الذکر والدعا، باب نمبر۲، حدیث نمبر۸۲)(سنن ابی داؤد، کتاب

الادب، باب نمبر ۱۱۵)(سنن ترمذی، حدیث نمبر ۳۴۵۹)(مسند امام احمد، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۳۰۶)(شرح السنہ، جلد نمبر ... نمبر ۱۲۶)(مشکوٰۃ المصابیح، حدیث نمبر ۲۴۱۹)(الاذکار النوویہ، صفحہ نمبر ۲۶۴)(الاسرار المرفوعہ، حدیث نمبر ۴۳۱)(کشف ... جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۴۹۸)(تفسیر ابن کثیر، جلد نمبر ۶، صفحہ نمبر ۳۴۲)(الادب المفرد، حدیث نمبر ۱۲۳۶)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم مرغ کی اذان سنو تو اللہ تعالیٰ سے اس کا فضل طلب کرو کیونکہ ... وقت فرشتے کو دیکھتا ہے اور جب گدھے کی ریںک سنو تو اللہ تعالیٰ کی شیطان سے پناہ مانگو کیونکہ وہ شیطان کو دیکھ... ہے۔''

نماز ادا کر کے اُسی جگہ پر بیٹھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا صلی الرجل المسلم ثم جلس بعد الصـ... صلت علیہ الملائکۃ مادام فی صلاۃ و صلاتھم علیہ اللھم اغفر لہ اللھم ارحمہ))

(شعب الایمان، از امام بیہقی)(جمع الجوامع، حدیث نمبر ۲۰۴۶)(کنز العمال، حدیث نمبر ...

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی انسان نماز سے فارغ ہو کر اسی جگہ بیٹھا رہتا ہے تو فرشتے ا... لیے اس وقت تک دعا کرتے رہتے ہیں جب تک کہ وہ اس جگہ پر بیٹھا رہتا ہے۔ فرشتوں کی دعا یہ ہے:

'' اللھم اغفر لہ اللھم ارحمہ''

''اے اللہ! اس کی مغفرت فرما۔ اے اللہ! اس پر رحمت نازل فرما۔''

کفارات و درجات

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اتانی اللیلۃ ربی تبارک وتعالیٰ فی احـ... صورۃ فقال یامحمد ھل تدری فیم یختصم الملاء الاعلیٰ قلت لا فوضع یدہ... کتفی حتی وجدت بردھا فی ثدیی فعلمت مافی السموات ومافی الارض یامحمد ھل تدری فیم یختصم الملاء الاعلیٰ قلت نعم فی الکفارات والدر... والکفارات المکث فی المساجد بعد الصلوات والمشی علی الاقدام الی الجما... واسباغ الوضوء فی المکارہ ' والدرجات افشاء السلام واطعام الطعام والصلاۃ والناس نیام))

(اختیار الاولی فی شرح حدیث اختصام ملاء اعلیٰ، از ابن رجب حنبلی)(کنز العمال، حدیث نمبر ۴۳۵۴... عبدالرزاق)(جامع ترمذی، کتاب التفسیر، حدیث نمبر ۳۲۳۳)(اتحاف السادۃ المتقین، صفحہ نمبر ۹۳)(جمع الجوامع، ... ۳۲۰)(مشکوٰۃ المصابیح، صفحہ نمبر ۴۷)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آج رات میں نے اللہ تعالیٰ کو خوبصورت ترین صورت میں دیکھا۔ ا... نے پوچھا: ''اے محمد! کیا آپ جانتے ہیں کہ مقرب فرشتے کس بات میں بحث کر رہے ہیں۔؟'' میں نے ... ''نہیں۔!'' تو اللہ تعالیٰ نے اپنا دست مبارک میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھا جس کی ٹھنڈک میں نے ا...

ں کی اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں تھا مجھے اس کا علم ہو گیا۔ پھر پوچھا: ''اے محمد! کیا آپ جانتے ہیں کہ مقرب
س بارے میں بحث کر رہے ہیں۔؟'' میں نے عرض کیا: ''جی ہاں! کفارات اور درجات کے بارے میں۔
ت یہ ہیں کہ نمازوں کے بعد مساجد میں ٹھہرے رہنا، جماعت کی طرف قدموں سے چلنا اور وضو کرتے وقت پانی
ہ کے ساتھ ان اعضاء کا دھونا جو وضو میں فرض اور سنت ہیں۔ درجات یہ ہیں کہ سلام کو پھیلانا، کھانا کھلانا اور رات
نماز ادا کرنا جب کہ لوگ نیند میں ہوں۔''

مومنوں کے گھروں کو فرشتے پہچانتے ہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان بیوتات المومنین عصابیح الی العرش
ہا مقربو السموات یقولون هذا النور من بیوتات المومنین التی یتلی فیہا
((...

(نوادر الاصول، از امام ترمذی) (کنز العمال، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۵۵۴) (جمع الجوامع، حدیث نمبر ۱۴۳۵)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیشک مومنوں کے گھر عرش تک روشن ہیں۔ ان گھروں کو ساتوں آسمانوں کے
اولوالعزم فرشتے پہچانتے ہیں اور یہ کہتے ہیں: ''یہ نور مومنوں کے ان گھروں سے آ رہا ہے جن میں قرآن پاک کی
ی جاتی ہے۔''

صاحبِ شباب و جمال

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان احب الخلائق الی اللہ شاب حدث السن
ورة حسنة جعل شبابه و جماله لله' وفی طاعته لله' ذلك الذی یباهی به الرحمن
ه یقول هذا عبدی حقاً))

ن عساکر، جلد نمبر ۴، صفحہ نمبر ۳۴۹) (جمع الجوامع، حدیث نمبر ۶۰۸۱) (کنز العمال، حدیث نمبر ۴۳۱۰۳) (اتحافات
۱۵۹)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام مخلوقات میں سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا محبوب وہ کم عمر نوجوان ہے جس کی
باہت بھی خوبصورت ہو اور اس نے اپنا شباب اور جمال اللہ تعالیٰ کے لئے اور اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری میں
کر رکھا ہو۔ یہی وہ جوان ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ اپنے فرشتوں کے سامنے فخر کرتا ہے اور فرماتا ہے: ''یہ واقعی
ہے۔!''

تیر بنانا، تیر چلانا اور تیر پکڑانا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اِنَّ اللّٰهَ لَيُدْخِلُ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ ثَلَا ثَةَ الْجَنَّةَ
يَحْتَسِبُ فِيْ صَنْعَتِهِ الْخَيْرَ وَالرَّامِيْ بِهٖ وَالْمُمِدُّبِهٖ))

نن ترمذی، کتاب فضائل الجہاد، باب ماجاء فی فضل الرمی فی سبیل اللہ، حدیث نمبر 1638﴾﴿جامع
لد 5، عربی صفحہ 42﴾﴿مستدرک للحاکم، جلد 2، عربی صفحہ 95﴾

''حضور اکرم، نبی مکرم محمد رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ ایک تیر کی وجہ سے تین آدمیوں کو جنت عطا فرمائے گا: وہ آدمی جس نے بھلائی (جہاد) کی نیت سے تیر بنایا، وہ آدمی جس نے (جہاد کرتے ہوئے اللہ کے دشمن کے خلاف) تیر چلایا اور وہ آدمی جس نے (جہاد کرتے ہوئے اللہ کے دشمن کے خلاف تیر چلانے والے کو) تیر پکڑایا۔''

حلال مال کی حفاظت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِہٖ مَظْلُوْمًا فَلَهُ الْجَنَّةُ))

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو (ایماندار) شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے بحالتِ مظلومی قتل کر دیا گیا تو اس کے لیے جنت ہے۔''

﴿سنن نسائی، کتاب تحریم الدم، المحاربۃ، باب من قتل دون مالہ، جلد 2، عربی صفحہ 172، حدیث نمبر 4086﴾ ... الجامع، حدیث نمبر 2446﴾

یتیم کی پرورش کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ فِي الْجَنَّةِ هٰكَذَا وَاَشَارَ بِاِصْبَعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى وَفَرَّجَ بَيْنَهُمَا شَيْئًا))

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح (ساتھ ساتھ) ہوں گے اور آپ ﷺ نے شہادت والی اور درمیانی انگلی کی طرف اشارہ کیا اور ان دونوں کو (تھوڑا سا) کھولا۔ (یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں رسول اللہ کے بہت زیادہ قریب ہوگا۔ اللھم اجعلنا منھم)''

﴿صحیح بخاری، کتاب الطلاق، باب اللعان وقول اللہ تعالیٰ، جلد 2، عربی صفحہ 798، ...

عمدہ اخلاق اختیار کرنا اور مذاق سے بچنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اَنَا زَعِيْمٌ بِبَيْتٍ فِيْ رَبَضِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَاِنْ كَانَ مُحِقًّا وَبِبَيْتٍ فِيْ وَسَطِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْكِذْبَ وَاِنْ كَانَ مَازِحًا وَبِبَيْتٍ فِيْ اَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ حَسَّنَ خُلُقَهُ))

﴿سنن ابوداؤد، کتاب الادب، باب فی حسن الخلق، جلد 2، عربی صفحہ 313، حدیث نمبر 4800﴾ ... الصالحین، حدیث نمبر 630﴾ ﴿صحیح الجامع الصغیر، حدیث نمبر 1464﴾

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے حق پر ہونے کے باوجود بحث ومباحثہ سے گریز کیا میں اس کو جنت کے اطراف میں گھر دلوانے کا ضامن ہوں۔ جس شخص نے مذاق میں بھی جھوٹ بولنے سے اجتناب کیا میں اس کے لیے جنت کے وسط میں گھر دلوانے کا ضامن ہوں اور جس کے اخلاق عمدہ ہوں میں اس کے لیے جنت کے اعلیٰ ترین مقام میں گھر دلوانے کا ضامن ہوں۔''

غصہ پر قابو اور بدلہ نہ لینا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَّهُوَ قَادِرٌ عَلٰى اَنْ يُّنْفِذَهٗ

عزَّوَجَلَّ عَلٰی رُؤُوْسِ الْخَلَائِقِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ حَتّٰی یُخَیِّرَہٗ مِنَ الْحُوْرِ الْعِیْنِ مَاشَاءَ))

﴿سنن ابوداؤد، کتاب الادب، باب من کظم غیظا، جلد2، عربی صفحہ 311 ، حدیث نمبر 4777﴾ ﴿صحیح الجامع حدیث نمبر 6518﴾

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بدلہ لینے کی قدرت کے باوجود اپنے غصے پر قابو پالیا تو اللہ تعالیٰ اسے ت کے دن ساری مخلوق کے سامنے بلائے گا اور خوبصورت موٹی آنکھوں والی حوروں کی بابت اسے اختیار دے گا کہ ں میں سے جسے چاہے پسند کر لے۔"

نابینا ہو جانے پر صبر کرنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّ وَ جَلَّ: "اِذَا ابْتَلَیْتُ عَبْدِیْ یْبَتَیْہِ فَصَبَرَ عَوَّضْتُہٗ مِنْھَا الْجَنَّۃَ))

﴿صحیح بخاری، کتاب الرضیٰ، باب فضل من ذہب بصرہ، جلد2، عربی صفحہ 844، حدیث نمبر 5339﴾

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "جب میں اپنے بندے کو دو محبوب ترین چیزوں (آنکھوں) حروم کر کے آزماتا ہوں اور وہ صبر کرتا ہے تو میں اسے اس کے بدلہ میں جنت عطا فرماتا ہوں۔"

سلام کرنا، کھانا کھلانا اور اچھی گفتگو کرنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اِنَّ فِی الْجَنَّۃِ غُرَفًا یُرٰی ظَاھِرُھَا مِنْ بِھَا وَبَاطِنُھَا مِنْ ظَاھِرِھَا، اَعَدَّھَا اللّٰہُ لِمَنْ اَطْعَمَ الطَّعَامَ وَاَلَانَ الْکَلَامَ وَتَابَعَ الصِّیَامَ وَ ی بِاللَّیْلِ وَالنَّاسُ نِیَامٌ))

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایسے محلات ہیں جن کے اندر سے بیرونی مناظر اور باہر سے اندرونی ر نظر آتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ محلات ان لوگوں کے لیے تیار فرمائے ہیں جنہوں نے (ضرورت مندوں یا دوست ب وغیرہ) کو کھانا کھلایا، گفتگو میں نرمی اختیار کی، پے در پے روزے رکھے اور رات کو جب لوگ سو رہے ہوں اس نماز ادا کی۔"

﴿مسند امام احمد بن حنبل، جلد 5، عربی صفحہ 343﴾ ﴿مصنف عبدالرزاق، جلد 11، عربی صفحہ 418، حدیث 2088﴾ ﴿الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان، کتاب البر والاحسان، باب افشاء السلام، جلد2، عربی صفحہ 262، حدیث 50﴾ ﴿المستدرک للحاکم، جلد1، عربی صفحہ 321﴾

کمزور ہونا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِاَھْلِ الْجَنَّۃِ کُلُّ ضَعِیْفٍ مُتَضَعَّفٍ قْسَمَ عَلَی اللّٰہِ لَاَبَرَّہٗ))

﴿صحیح بخاری، کتاب التفسیر تفسیر سورۃ "ن"، باب نمبر 395، حدیث نمبر 4634﴾ ﴿صحیح مسلم، کتاب الجنۃ وصفۃ باب النار یدخلھا الجبارون، حدیث نمبر 2835﴾

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں جنت والوں کی خبر نہ دوں۔؟ (جنت میں) ہر بے حیثیت اور کمزور آدمی (جائے گا جنتی ہونے کی دوسری نشانی یہ ہے کہ) اگر وہ کسی بات پر اللہ تعالیٰ کی قسم اٹھالے تو اللہ تعالیٰ بات کو پورا کر دیتا ہے۔''

ہمسایوں سے اچھا سلوک کرنا

((قال رجل: یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ فَلَانَةً تُذْکَرُمِنْ کَثْرَةِ صَلَاتِهَا وَ صِیَامِهَا وَ صَدَقَتِهَا غَیْرَ اَنَّهَا تُوْذِیْ جِیْرَانَهَابِلِسَانِهَا''قَالَ''هِیَ فِی النَّارِ''قال:''یَارَسُوْلَ اللّٰہِ فَاِنَّ فُلَانَةً تُذْکَرُ قِلَّةِصِیَامِهَاوَصَدَقَتِهَاوَصَلَاتِهَاوَاَنَّهَا تُصَدِّقُ بِالْاَثْوَارِمِنَ الْاَقْطِ وَلَاتُوْذِیْ جِیْرَانَهَابِلِسَانِهَا''قَالَ هِیَ فِی الْجَنَّةِ))

﴿مسند امام احمد بن حنبل، جلد 2، عربی صفحہ 440﴾ ﴿مسند امام احمد، بتحقیق ابن شاکر، حدیث نمبر 9673﴾ ﴿المستدرک الحاکم، جلد 4، عربی صفحہ 166﴾

''رسول اللہ ﷺ سے ایک آدمی نے دریافت کرتے ہوئے عرض کیا: یارسول اللہ! فلاں عورت کی نمازوں، روزوں صدقہ کا کثرت سے ذکر ہوتا ہے (وہ کثرت سے نمازیں، روزہ اور صدقہ کرتی ہے) البتہ وہ زبان سے اپنے پڑوسیوں کو تکلیف دیتی ہے۔'' آپ ﷺ نے فرمایا: ''وہ جہنم میں جائے گی۔'' اس آدمی نے پھر عرض کیا: ''یارسول اللہ ﷺ فلاں عورت کے روزوں، نمازوں اور صدقات کا معمولی ذکر ہے البتہ وہ پنیر کے ٹکڑے (بطور صدقہ) لوگوں میں دیتی ہے اور وہ زبان سے اپنے پڑوسیوں کو تکلیف نہیں پہنچاتی۔'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''یہ عورت جنت میں جائے گی۔''

تکبر، خیانت اور قرضہ سے بچنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ مَّاتَ وَهُوَبَرِیْءٌ مِّنَ الْکِبْرِوَالْغُلُوْلِ وَالدَّیْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ))

﴿سنن ترمذی، کتاب السیر، باب ماجاء فی الغلول، جلد 1، عربی صفحہ 246، حدیث نمبر 1572﴾ ﴿صحیح ابن حبان، کتاب الایمان، حدیث نمبر 198، بحوالہ الاحسان﴾ ﴿المستدرک للحاکم، جلد 2، عربی صفحہ 26﴾

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص کو اس حال میں موت آئی کہ وہ تکبر، خیانت اور قرض سے پاک تھا تو وہ جنت میں جائے گا۔''

عیالدار ہونے کے باوجود حرام خوری اور دست درازی سے بچنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اَهْلُ الْجَنَّةِ ثَلَاثَةٌ ذُوْسُلْطَانٍ مُقْسِطٍ مُتَصَدِّقٍ مُوَفَّقٍ وَرَجُلٌ رَحِیْمٌ رَقِیْقُ الْقَلْبِ لِکُلِّ ذِیْ قُرْبٰی وَمُسْلِمٍ عَفِیْفٌ مُتَعَفِّفٌ ذُوْعِیَالٍ))

﴿صحیح مسلم، کتاب الجنۃ وصفۃ نعیمھا، باب الصفات التی...... حدیث نمبر 85

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اہل جنت تین طرح کے ہوں گے۔ انصاف کرنے والا با اختیار، کھلے دل سے خرچ کرنے والا اور نیک آدمی، شفقت کرنے والا، ہر رشتے دار کے لیے نرم دل والا اور صلح وسلامتی کا علمبردار آدمی، اور وہ آدمی

جنت میں سے ہے) جو عیال دار ہونے کے باوجود حرام خوری اور دست درازی سے بچا۔"

بہنوں اور بیٹیوں کی پرورش کرنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من عال جاریتین حتی تبلغا جاء یوم
مۃ انا وھو وضم اصابعہ))

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دو بچیوں کی بالغ ہونے تک پرورش کی قیامت کے دن وہ اور میں اس
(اکٹھے) آئیں گے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دو انگلیوں کو ملایا۔ (دو بچیوں کی پرورش کرنے
ر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کے دن اس طرح قریب قریب ہوں گے جس طرح ایک انگلی دوسری انگلی کے قریب ہوتی
اللھم اجعلنا منھم۔ آمین)"

﴿صحیح مسلم، کتاب البر والصلۃ والاداب، باب فضل الاحسان الی البنات، جلد 2، عربی صفحہ 330، حدیث نمبر 2631﴾

خرید و فروخت میں نرمی کرنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اَدْخَلَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ الْجَنَّۃَ رَجُلاً کَانَ
مُشْتَرِیًا وَّبَائِعًا وَّقَاضِیًا وَّمُقْتَضِیًا))

﴿مسند امام احمد بن حنبل، جلد 1، عربی صفحہ 58، حدیث نمبر 410﴾ ﴿سنن نسائی، کتاب البیوع، باب حسن
والرفق فی المطالبۃ، حدیث نمبر 4696﴾ ﴿سلسلۃ الاحادیث الصحیحہ، حدیث نمبر 1181﴾

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے خرید و فروخت اور لین دین میں نرمی کرنے والے ایک شخص کو (اس
کی وجہ سے) جنت میں داخل فرما دیا۔"

سورۃ الملک کی تلاوت کرنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: سُوْرَۃٌ مِّنَ الْقُرْاٰنِ مَاھِیَ اِلَّا ثَلَاثُوْنَ اٰیَۃً
خَاصَمَتْ عَنْ صَاحِبِھَا حَتّٰی اَدْخَلَتْہُ الْجَنَّۃَ وَھِیَ تَبَارَکَ))

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن مجید کی ایک صورت ہے جس کی صرف تیس آیات ہیں وہ (قیامت کے
اپنے پڑھنے والے کی طرف سے جھگڑا کرے گی اور بالآخر اسے جنت میں داخل کروا کر رہے گی اور وہ صورت
ک الذی (سورۃ الملک) ہے۔"

﴿سنن ترمذی، کتاب فضائل القرآن، باب ماجاء فی فضل سورۃ الملک، حدیث نمبر 2891﴾ ﴿سنن ابی داؤد، کتاب
باب فی عدد الآی﴾ ﴿صحیح الجامع الصغیر، حدیث نمبر 3644﴾ ﴿الطبرانی فی الاوسط، الضیاء المقدسی﴾

اولاد کی موت پر صبر کرنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَامِنَ النَّاسِ مِنْ مُّسْلِمٍ یُتَوَفّٰی لَہٗ ثَلَاثٌ لَمْ
وا الْحِنْثَ اِلَّا اَدْخَلَہُ اللّٰہُ الْجَنَّۃَ بِفَضْلِ رَحْمَتِہٖ اِیَّاھُمْ))

﴿صحیح بخاری، کتاب الجنائز، باب فضل من مات لہ ولد فاحتسب، جلد 1، عربی صفحہ 167، حدیث نمبر 1191﴾ ﴿صحیح

مسلم، حدیث نمبر 2632﴾﴿سنن نسائی، حدیث نمبر 1872﴾﴿تہذیب الاطفال، لابن قیم، صفحہ 21 تا 23﴾

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس مسلمان کے تین نابالغ بچے فوت ہو جائیں (اور وہ صبر کرے) تو اللہ تعالیٰ اپنی [illegible] رحمت سے اسے جنت میں داخل فرمائے گا۔''

مسلمان کی نمازِ جنازہ پڑھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ''مَنْ اَصْبَحَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ صَائِمًا؟'' [illegible] اَبُوْبَكْرٍ: ''اَنَا'' قَالَ: ''فَمَنْ تَبِعَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ جَنَازَةً؟'' قَالَ اَبُوْبَكْرٍ: ''اَنَا'' قَالَ: ''فَمَ[illegible] عَادَمِنْكُمُ الْيَوْمَ مَرِيْضًا؟'' قَالَ اَبُوْبَكْرٍ: ''اَنَا'' فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ: ''مَااجْتَمَعْنَ فِيْ امْرِ[illegible] اِلَّادَخَلَ الْجَنَّةَ))

﴿صحیح مسلم، کتاب الزکاۃ، باب من جمع الصدقۃ واعمال البر، حدیث نمبر [illegible]28

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آج تم میں سے کون روزے سے ہے۔؟'' حضرت ابوبکر (صدیق رضی اللہ [illegible] عنہ) نے عرض کیا: ''میں (آج روزے سے ہوں۔)'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''آج تم میں سے کون جنازے [illegible] ساتھ گیا (تاکہ نماز جنازہ پڑھے)۔؟'' حضرت ابوبکر (صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے عرض کیا: ''میں (نے آج [illegible] مسلمان کی نماز جنازہ ادا کی ہے۔)'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''آج تم میں سے کس نے مسکین کو کھانا کھلایا ہے۔؟'' حضرت ابوبکر (صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے عرض کیا: ''میں نے (آج مسکین کو کھلایا ہے)'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''آج تم میں سے کس نے مریض کی عیادت کی ہے۔؟'' حضرت ابوبکر (صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے عرض کیا: ''میں نے (آج مریض کی عیادت کی ہے۔)'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس آدمی میں یہ خوبیاں جمع ہوں وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

دینی بھائی سے ملاقات کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اَ لَااُخْبِرُكُمْ بِرِجَالِكُمْ فِي الْجَنَّةِ؟ قَالُوْا: [illegible] يَارَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ اَلنَّبِيُّ فِي الْجَنَّةِ وَالصِّدِّيْقُ فِي الْجَنَّةِ وَالرَّجُلُ يَزُوْرُاَخَاهُ [illegible] نَاحِيَةِالْمِصْرِ لَايَزُوْرُهُ اِلَّالِلّٰهِ فِي الْجَنَّةِ))

﴿المعجم الصغیر للطبرانی، جلد 1، عربی صفحہ 74، حدیث نمبر 112﴾﴿صحیح الجامع الصغیر، حدیث نمبر [illegible]04

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں جنت میں داخل ہونے والوں کے متعلق نہ بتاؤں۔؟ [illegible] کرام نے عرض کیا: کیوں نہیں (ضرور بتایئے) یارسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: ''نبی، صدیق اور وہ آدمی بھی [illegible] میں جائے گا جو صرف اللہ کی رضا کے لیے شہر کے دوسرے حصے میں جا کر اپنے مسلمان بھائی کی زیارت کرتا ہے۔''

محبوب ترین شخص کی موت پر صبر کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى: ''مَالِعَبْدِي الْمُؤْمِنِ عِنْ[illegible] جَزَاءٌ اِذَاقَبَضْتُ صَفِيَّهُ مِنْ اَهْلِ الدُّنْيَا ثُمَّ احْتَسَبَهُ اِلَّاالْجَنَّةَ))

﴿صحیح بخاری، کتاب الرقاق، باب العمل الذین یبتغی بہ وجہ اللہ، جلد 2، عربی صفحہ 950، حدیث نمبر 6060﴾

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جب میں دنیا میں اپنے بندے کے عزیز ترین کو موت دے دوں اب کی امید کر کے اس پر صبر کرے تو اس کے لیے میرے پاس جنت سے کم کوئی بدلہ نہیں ہے۔"

قرآن کی تلاوت کرنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: یَجِیْءُ (صَاحِبُ) الْقُرْآنِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ فَیَقُوْلُ آنُ) "یَارَبِّ حَلِّہٖ فَیُلْبَسُ تَاجَ الْکَرَامَۃِ، ثُمَّ یَقُوْلُ: "یَارَبِّ زِدْہُ فَیُلْبَسُ حِلَّۃَ الْکَرَامَۃِ وْلُ یَارَبِّ ارْضَ عَنْہُ" فَیَرْضٰی عَنْہُ، فَیُقَالُ "اِقْرَأْ وَارْقَ وَتَزَادُ بِکُلِّ آیَۃٍ حَسَنَۃً))

سنن الترمذی، کتاب ابواب فضائل القرآن، باب ماجاء فی من قرأ حرفا من القرآن مالہ من الاجر، جلد 2، عربی ، حدیث نمبر 2915﴾ ﴿المستدرک للحاکم، جلد 1، عربی صفحہ 552﴾ ﴿صحیح الجامع الصغیر، حدیث نمبر 8030﴾

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: صاحب قرآن (قرآن کی تلاوت کرنے والا) جب قیامت کے دن آئے آن اللہ تعالیٰ سے درخواست کرے گا: "اے پروردگار! اسے زینت بخش دے۔" قرآن کی یہ سفارش قبول ہوگی ت کرنے والے کو عزت کا تاج پہنایا جائے گا۔ قرآن پھر درخواست کرے گا: "اے پروردگار! اس زینت اضافہ فرمادے۔" یہ دعا بھی قبول ہوگی اور تلاوت کرنے والے کو کرامت و بزرگی کا لباس پہنایا جائے گا۔ قرآن واست کرے گا: "اے پروردگار! تو اس سے راضی ہوجا۔" چنانچہ اللہ تعالیٰ قرآن کی تلاوت کرنے والے کو اپنی ش کا سرٹیفکیٹ عطا فرمادے گا۔ پھر حکم ہوگا پڑھتا جا اور (جنت کی منزلیں) چڑھتا جا اور ہر ایک آیت کے بدلے عادی جائے گی۔"

تنہا آدمی کا اذان واقامت کے ساتھ نماز ادا کرنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: یُعْجِبُ رَبُّکُمْ مِنْ رَاعِیْ غَنَمٍ فِیْ رَأْسِ شَظِیَّۃٍ یُؤَذِّنُ بِالصَّلَاۃِ وَیُصَلِّیْ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ "اُنْظُرُوْا اِلٰی عَبْدِیْ ھٰذَا یُؤَذِّنُ وَیُقِیْمُ لَاۃَ یَخَافُ مِنِّیْ فَقَدْ غَفَرْتُ لِعَبْدِیْ وَاَدْخَلْتُہُ الْجَنَّۃَ))

سنن ابی داؤد، کتاب الصلاۃ، باب الاذان فی السفر، حدیث نمبر 1203﴾ ﴿سنن نسائی، کتاب الاذان، باب یصلی وحدہ، حدیث نمبر 666﴾ ﴿صحیح لابن حبان، کتاب الصلوۃ، حدیث نمبر 1660﴾

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کو ایسا بکریوں کا چرواہا بہت پسند ہے جو کسی پہاڑ کی چوٹی پر اذان دے دا کرے۔ (جب کوئی بکریوں کا چرواہا ایسا کرتا ہے) تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے بندے کی طرف دیکھو کہ جس رے خوف کی وجہ سے اذان دی، پھر نماز ادا کی چنانچہ میں (اللہ تعالیٰ) نے اسے بخش دیا اور اسے جنت میں داخل "

بازار جائیے اور جنت پائیے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ دَخَلَ السُّوْقَ فقال: "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا

شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِ وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَةٍ وَّمَحٰى عَنْهُ اَلْفَ اَلْفِ سَيِّئَةٍ وَّبَنٰى لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

﴿سنن الترمذی، کتاب الدعوات، باب مایقول اذا دخل السوق، جلد 2، عربی صفحہ 494، حدیث نمبر 29

﴿مستدرک للحاکم، کتاب الدعوات، باب دعاء دخول السوق جلد 1، عربی صفحہ 539﴾

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص بازار میں داخل ہوا اور اس نے یہ دعا پڑھی:

''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِ وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ''

''اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اس کی بادشاہی ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہیں۔ وہ زندہ کرتا اور موت دیتا ہے۔ وہ خود زندہ ہے اور اسے کبھی بھی موت نہیں آئے گی۔ اسی کے قبضہ میں خیر ہے اور وہ ہر چاہت پر قادر ہے۔''

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص یہ دعا پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس لاکھ نیکیاں لکھ دیتا ہے، دس لاکھ برائیاں مٹا دیتا ہے اور اس کے لیے جنت میں گھر بنا دیتا ہے۔''

اللہ کے نام پڑھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِسْمًا، مِائَةً اِلَّا وَاحِدًا مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ))

﴿صحیح بخاری، کتاب التوحید، باب ان اللہ مئۃ اسم الا الواحد، جلد 2، عربی صفحہ 1099، حدیث نمبر 6957

مسلم، کتاب الذکر والدعا، باب فی اسماء اللہ تعالیٰ، حدیث نمبر 2677﴾

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ننانوے، ایک کم سو نام ہیں، جس نے انہیں محفوظ کیا (یا پڑھتا رہا) وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

نماز کے بعد تسبیح پڑھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: خَصْلَتَانِ اَوْ خُلَّتَانِ لَا يُحَافِظُ عَلَيْهِمَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ هُمَا يَسِيْرٌ وَمَنْ يَّعْمَلُ بِهِمَا قَلِيْلٌ يُسَبِّحُ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ عَشْرًا وَيَحْمَدُ عَشْرًا وَيُكَبِّرُ عَشْرًا فَذٰلِكَ خَمْسُوْنَ وَمِائَةٌ بِاللِّسَانِ وَاَلْفٌ وَخَمْسُ مِائَةٍ فِي الْمِيْزَانِ وَيُكَبِّرُ اَرْبَعًا وَّثَلَاثِيْنَ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهٗ وَيَحْمَدُ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ وَيُسَبِّحُ ثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ فَذٰلِكَ مِائَةٌ بِاللِّسَانِ وَاَلْفٌ فِي الْمِيْزَانِ فَلَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ يَعْقِدُهَا بِيَدِهِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ هُمَا يَسِيْرٌ وَّمَنْ يَّعْمَلُ بِهِمَا قَلِيْلٌ؟ قَالَ يَاْتِيْ اَحَدَكُمْ الشَّيْطَانُ فِيْ مَنَامِهٖ فَيُنَوِّمُهٗ قَبْلَ اَنْ يَّقُوْلَهٗ وَيَاْتِيْهِ فِيْ صَلَاتِهٖ فَيُذَكِّرُهٗ حَاجَتَهٗ

((ا
مسندامام احمد، جلد 2، عربی صفحہ 205 ﴿سنن ابی داؤد، کتاب الادب، باب فی التسبیح عند النوم، حدیث 50﴾ ﴿سنن الترمذی، کتاب الدعوات، باب نمبر 25، حدیث نمبر 3410﴾
اللہ ﷺ نے فرمایا: دو کام ایسے ہیں کہ جو مسلمان ان کی پابندی کرلے جنت میں جائے گا۔ وہ کام بہت ہی سان ہیں، البتہ ان کا اہتمام کرنے والے بھی بہت ہی تھوڑے لوگ ہیں۔ (وہ کام یہ ہیں کہ) ہر نماز کے بعد دس سبحان اللہ'' کہے، دس مرتبہ ''الحمد للہ'' کہے اور دس مرتبہ ''اللہ اکبر'' کہے۔ (پانچ نمازوں میں جب اس نے ہر نماز د اس کو پڑھا تو) زبان سے اس نے ایک سو پچاس مرتبہ کہا لیکن نیکیوں کے میزان میں ایک ہزار پانچ سو مرتبہ گا۔ جب (سونے کے لیے) بستر پر جائے تو چونتیس مرتبہ ''اللہ اکبر'' تینتیس مرتبہ ''الحمد للہ'' اور تینتیس مرتبہ ''سبحان کہے تو زبان سے اس نے سو مرتبہ کہا لیکن نیکیوں کے میزان میں ہزار مرتبہ شمار ہوگا۔ میں (ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ نے خود رسول اللہ ﷺ کو ہاتھ پر تسبیح شمار کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ (جب رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا تو) رام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا: ''یارسول اللہ ﷺ! یہ آسان کیسے ہیں اور ان پر عمل کرنے والے تھوڑے ہیں۔؟'' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''سونے کے وقت شیطان اس (تسبیح پڑھنے والے) کے پاس آجاتا ہے کرنے سے پہلے اسے سلا دیتا ہے اور نماز میں بھی شیطان آجاتا ہے اور تسبیح کرنے سے پہلے ہی اسے کوئی کام دیتا ہے۔ (اس طرح ہیں تو یہ آسان لیکن ان پر عمل کرنے والے بہت تھوڑے ہیں)''

اچھی عادتیں اختیار کرنا

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اِضْمَنُوْالِیْ سِتًّامِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَضْمَنْ لَکُمْ نَّۃَ، اُصْدُقُوْااِذَاحَدَّثْتُمْ وَاَوْفُوْااِذَا وَعَدْتُمْ وَاَدُّوْااِذَااؤْتُمِنْتُمْ وَاحْفَظُوْا فُرُوْجَکُمْ ضُّوااَبْصَارَکُمْ وَ کُفُّوْااَیْدِیَکُمْ))
مسندامام احمد بن حنبل، جلد 5، عربی صفحہ 323 ﴿صحیح ابن حبان، حدیث نمبر 271، ب واسطۃ الاحسان﴾ رک للحاکم، جلد 4، عربی صفحہ 358 ﴿سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ، حدیث نمبر 1470﴾
ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اپنے بارے میں چھ باتوں کی ضمانت دے دو میں تمہیں جنت کی ضمانت دیتا جب بات کرو تو سچ کہو۔ جب وعدہ کرو تو پورا کرو۔ جب امانت دار بنائے جاؤ تو امانت (پوری کی پوری، صحیح ت) ادا کرو۔ (خیانت نہ کرو) شرمگاہ کی حفاظت کرو۔ (زنا نہ کرو) نگاہوں کو نیچا رکھو۔ (بغیر مقصد کے ادھر ادھر نہ اور نہ ہی کسی اجنبی عورت پر نظر جماؤ) اپنے ہاتھوں کو روک کر رکھو۔ (کسی کو تکلیف نہ پہنچاؤ اور نہ ہی چوری کرو۔)''

دورانِ حفظ فوت ہونے والا طالب علم

ال النبی صلی اللہ علیہ وسلم: من قرا القرآن ثم مات قبل ان یستظھرہ اتاہ ملک مہ فی قبرہ فلقی اللہ تعالیٰ وقد استظھرہ)) (کنز العمال، حدیث نمبر ۲۴۴۹)
کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن پاک حفظ کے ارادہ سے پڑھا اور حفظ کرنے سے پہلے موت آگئی کے پاس ایک فرشتہ آئے گا جو اسے اس کی قبر میں قرآن پاک کو حفظ کرا دے گا۔ پھر وہ متعلم اللہ تعالیٰ سے اس

حالت میں ملاقات کرے گا کہ وہ قرآن پاک مکمل طور پر حفظ کر چکا ہوگا۔"

تلاوت قرآن کی فضیلت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البیت اذا قری فیه القرآن حضرته الملائکة وتنکبت عنه الشیاطین واتسع علی اهله وکثر خیره وقل شره وان البیت اذا لم یقرأ فیه القرآن حضرته الشیاطین وتنکبت عنه الملائکة وضاق علی اهله وقل خیره وکثر شره))

(کتاب الصلوۃ، از محمد بن نصر) (کنز العمال، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۵۴۴) (احیاء علوم الدین، جلد نمبر ۳، صفحہ نمبر ۲۶۶) (الجوامع، حدیث نمبر ۱۰۳۲۲)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس گھر میں قرآن پاک کی تلاوت کی جاتی ہے اس میں فرشتے آتے ہیں شیاطین دور ہو جاتے ہیں۔ یہ گھر اہل خانہ افراد کے لئے کشادہ ہو جاتا ہے اور اس میں بھلائی کی بہتات اور شر کی قلت ہو جاتی ہے۔ مگر جس گھر میں قرآن پاک کی تلاوت نہیں کی جاتی اس میں شیاطین جمع ہو جاتے ہیں، فرشتے نکل جاتے ہیں اور وہ اپنے باسیوں پر تنگ ہو جاتا ہے۔ خیر کم اور شر بہت بڑھ جاتا ہے۔"

ناتمام نماز منہ پر مارنے والے فرشتے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مامن مصلی الاملك عن یمینه وملك عن یساره فان اتمها عرجا بها وان لم یتمها ضربا بها وجهه))

(ترغیب وترہیب، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۳۳۸) (دیلمی، حدیث نمبر ۶۰۹۱) (زہر الفردوس، جلد نمبر ۴، صفحہ نمبر ۱۷) (القدیر، حدیث نمبر ۸۱۱۱)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نماز پڑھنے والے کے داہنے ایک فرشتہ ہوتا ہے اور بائیں بھی۔ پس اگر نمازی اپنی نماز صحیح طور پر مکمل کرے تو یہ فرشتے اس کو لیکر اوپر کو پرواز کر جاتے ہیں اور اگر نمازی نماز کو ناتمام ادا کرے تو فرشتے اس کو پرانے کپڑے میں لپیٹ کر اس کے منہ پر مار دیتے ہیں۔"

فرشتے اور بیت اللہ کا طواف

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: دحیت الارض من مکة وکانت الملائکة تطوف بالبیت فهی اول من طاف به))

(تفسیر در منثور، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۴۶) (تفسیر ابن کثیر، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۱۰۰) (تفسیر قرطبی، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۲

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ساری زمین کو مکہ سے پھیلایا گیا جبکہ فرشتے اس وقت بیت اللہ شریف کا طواف کرتے تھے اور یہی سب سے پہلے کعبہ کا طواف کرنے والے تھے۔"

پیدل اور سوار ہو کر حج کرنے والے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان الملائکة لتصافع رکبات الحجاج وتعت

ۃ))
جمع الجوامع، حدیث نمبر ۵۹۳۹)(مسند الفردوس، حدیث نمبر ۱۷۷)(کنز العمال، حدیث نمبر ۱۱۷۹۰))(تفسیر
لد نمبر ۴، صفحہ نمبر ۳۵۵)
ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو حضرات سوار ہو کر حج کرنے جاتے ہیں ان سے فرشتے مصافحہ کرتے ہیں
ک پیدل حج کرنے جاتے ہیں ان سے بغل گیر ہوتے ہیں۔"

رحمت کی دعا

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مامن عبد یصلی علی الا صلت علیہ
نکۃَ مادام یصلی علی فلیقل العبد من ذلك او لیکثر))
ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو بندہ بھی مجھ پر درود پڑھتا ہے تو فرشتے اس کے لئے اس وقت تک رحمت
کرتے رہتے ہیں جب تک وہ مجھ پر درود پڑھتا رہتا ہے۔ اب پڑھنے والے کی مرضی کہ وہ درود کم پڑھے
۔"

جنتیوں پر سلام

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول ثلۃ یدخلون الجنۃ فقراء المہاجرین
ن یتقی بھم المکارہ اذا امروا سمعوا واطاعوا وان کانت لرجل منھم حاجۃ الی
طان لم تقض حتی یموت وھی فی صدرہ فان اللہ عزوجل یدعو یوم القیامۃ
ۃ فتاتی بزخرفھا وزینتھا فیقول این عبادی الذین قاتلوا فی سبیلی وجاھدوا فی
ی ادخلوا الجنۃ بغیر حساب ولا عذاب وتاتی الملائکۃ فیسجدون فیقولون
نحن نسبحك اللیل والنھار ونقدس لك' من ھولاء الذین اثرتھم علینا؟ فیقول
زوجل: ھولاء عبادی الذین قاتلوا فی سبیلی واوذوا فی سبیلی فتدخل علیھم
ئکۃ من کل باب سلام علیکم بماصبرتم فنعم عقبی الدار))
مسند الفردوس، حدیث نمبر ۷۳)(مسند امام احمد، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۱۶۸)(مسند بزار، حدیث نمبر ۲۶۶۵)(مجمع الزوائد
ا، صفحہ نمبر ۲۵۹)
ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب سے پہلی جماعت جو جنت میں داخل ہوگی وہ فقرائے مہاجرین کی
ت ہوگی جو ممنوعات سے بچتے رہے، جب انہیں حکم دیا گیا انہوں نے اسے مکمل طور پر سنا اور پوری پوری اطاعت کی
ران میں سے کسی کی کوئی ضرورت بادشاہ سے متعلق تھی تو وہ پوری نہ ہوئی یہاں تک کہ اس پر موت آ گئی اور اس کی
ت اس کے سینے میں دھری رہ گئی۔ پس روز قیامت اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا: "میرے وہ بندے کہاں ہیں جنہوں
ری راہ میں جہاد کیا، میرے راستے میں محنت اور مشقت جھیلی۔؟" وہ سب حاضر ہو جائیں گے تو اللہ تعالیٰ ارشاد
ئے گا: "جنت میں بلا حساب و کتاب اور بلا عذاب داخل ہو جاؤ۔" فرشتے اللہ تعالیٰ کے دربار میں حاضر ہو کر سجدہ

کریں گے اور عرض کریں گے: "اے ہمارے پروردگار! ہم تیری رات دن تسبیح اور تقدیس بیان کرتے ہیں یہ کون ہیں جن کو ہم پر ترجیح دی گئی۔؟" اللہ عزوجل ارشاد فرمائے گا: "یہ میرے وہ بندے ہیں جنہوں نے میرے راستے میں جہاد کیا اور میرے راستے میں تکالیف میں مبتلا کئے گئے۔" فرشتے ان کے سامنے جنت کے ہر دروازہ سے یہ کہتے ہوئے آئیں گے:

"سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار"

"تم پر سلامتی ہو اس کے بدلہ میں جو تم نے مصیبتوں پر صبر کیا۔ سو یہ آخرت کا گھر بہت خوب ہے۔"

اللہ تعالیٰ کی اپنے بندے سے محبت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان اللّٰہ عزوجل یقول للملائکة انطلقوا الی عبدی فصبوا علیه البلاء صبا فیاتونه فیصبون علیه البلاء صبا فیحمد اللّٰہ فیرجعون فیقولون صبنا علیه البلاء صبا کما امرتنا فیقول ارجعوا فانی احب ان اسمع صوته))

(طبرانی کبیر، جلد نمبر ۸، صفحہ نمبر ۱۹۵) (شرح السنہ، جلد نمبر ۵، صفحہ نمبر ۲۳۶) (اتحاف السادۃ المتقین، جلد نمبر ۹، صفحہ نمبر ۳۸) (جمع الجوامع، حدیث نمبر ۵۳۱۸) (احیاء علوم الدین، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۳۰۸) (امالی الشجری، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ...) (الاتحافات السنیہ، صفحہ نمبر ۱۴۵)

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے: "میرے فلاں بندے کے پاس جاؤ اور اس پر یہ سخت مصیبت پلٹ دو۔" وہ فرشتے اس کے پاس آتے ہیں اور اس پر اچھی طرح سے مصیبت ڈال دیتے ہیں۔ وہ اس مصیبت میں بھی اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کرتا ہے تو یہ لوٹ جاتے ہیں اور عرض کرتے ہیں: "اے اللہ! ہم نے اس پر اچھی طرح سے مصیبت ڈال دی تھی جس طرح کہ تو نے ہمیں حکم دیا تھا۔" اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: "واپس لوٹ جاؤ اور اس سے مصیبت ہٹا دو کیونکہ میں پسند کرتا تھا کہ اس کی آواز سنوں کہ وہ حالت مصیبت میں مجھے کس طرح یاد کرتا ہے اور میری تعریف کرتا ہے۔؟" (حالانکہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ وہ میری تعریف ہی بجالائے گا لیکن اس حالت میں اس کی زبان سے کلمہ شکر کہلانا اور اس کا سننا مقصود ہوتا ہے۔)

شیطان سے حفاظت کی دعا

((قال رسول اللّٰہ صلی الله علیه وسلم: اذا استیقظ الانسان من منامه ابتدره ملك وشیطان فیقول الملك افتح بخیر ویقول الشیطان افتح بشر فان قال الحمدللّٰہ الذی احیا نفسی بعد موتها الحمدللّٰہ الذی یمیك السماء ان نفع علی الارض الا باذنه والحمدللّٰہ الذی یمسك التی قضی علیها الموت ویرسل الاخری الی اجل مسمی طرد الملك الشیطان وظل بکانه))

(کتاب الثواب) (جمع الجوامع، حدیث نمبر ۱۲۳۴) (کنز العمال، حدیث نمبر ...)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی آدمی اپنی نیند سے بیدار ہوتا ہے تو اس کے پاس ایک فرشتہ اور

نج جاتے ہیں۔ فرشتہ کہتا ہے: "کسی نیک کام سے دن کی ابتداء کر" اور شیطان کہتا ہے: "کسی برے کام سے دن
ح کر۔" اگر وہ یہ دعا پڑھ لے:

حمدللہ الذی احیا نفسی بعدموتها الحمدللہ الذی یمسکه السماء ان تقع علی
ض الا باذنه الحمدللہ الذی یمسك التی قضی علیها الموت یرسل الاخریٰ الی
مسمیٰ))

خوبیاں اسی ذات کے لئے ہیں جس نے میری روح کو اس کی موت کے بعد زندہ کیا۔ تمام خوبیاں اسی ذات کی
ں نے آسمان کو اپنے حکم سے زمین پر گرنے سے تھام رکھا ہے۔ سب تعریفات اسی ذات کی ہیں جو موت دیتا ہے
اروں کو جن کے لیے موت کا فیصلہ فرما دیتا ہے اور باقی رہنے دیتا ہے دوسری روحوں کو ایک مدت مقررہ تک۔"
رشتہ شیطان کو ہٹا دیتا ہے اور سارا دن اس کی حفاظت کرتا ہے۔"

شیاطین کا ایک سچ اور سو جھوٹ

، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان الملائکة تنزل فی العنان وهو السحاب
ر الامر قضی فی السماء فتسترق الشیاطین السمع فتسمعه فتوجیه الی الکهان
بون معها مائة کذبة من عندانفسهم))

یح بخاری، جلد نمبر۴، صفحہ نمبر۱۳۵) (المشکوۃ المصابیح، حدیث نمبر۴۵۹۴) (جمع الجوامع، حدیث نمبر ۵۹۲۹) (
ل، حدیث نمبر۳۰۶۷۳) (تفسیر طبری، جلد نمبر۲۳، صفحہ نمبر۲۶) (تفسیر بغوی، جلد نمبر۴، صفحہ نمبر۲۰) (التعلیق، حدیث نمبر

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فرشتے جب بادلوں میں اترتے ہیں تو آسمان میں جس امر کا فیصلہ کیا گیا ہوتا
ں کا تذکرہ کرتے ہیں جس کو شیاطین چوری چھپے سن لیتے ہیں اور کاہنوں (جادوگروں اور نجومیوں) کو آ کر بتلاتے
ہوں نے اس ایک سچ کے ساتھ سو جھوٹ بھی اپنی طرف سے ملائے ہوتے ہیں۔"

عمامے والے فرشتے

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: رایت اکثر من رایت من الملائکة متعممین))

(تاریخ دمشق، از ابن عساکر، جلد نمبر۶، صفحہ نمبر۲۳۲) (کنز العمال، حدیث نمبر۳۳۸۹۳)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے جن فرشتوں کو دیکھا ہے ان میں اکثر کو پگڑیوں میں دیکھا ہے۔"

فرشتوں کے پَر طالب علم کے قدموں میں

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان الملائکة لتضع اجنحتها لطالب العلم
ی بالطلب))

بوداؤد، کتاب العلم، باب نمبر۱، صفحہ نمبر۳۹۴۱) (ابن ماجہ، حدیث نمبر۲۲۳) (مسند امام احمد، جلد نمبر۴، صفحہ نمبر۲۳۹) (
ل، حدیث نمبر ۲۸۷۴۷) (جمع الجوامع، حدیث نمبر ۵۹۲۰) (تفسیر ابن کثیر، جلد نمبر۶، صفحہ نمبر۵۵۳۶) (تفسیر

بغوی، جلد نمبر ۷، صفحہ نمبر ۵۲)(تفسیر قرطبی، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۲۸۸)(جمع الجوامع، حدیث نمبر ۵۹۲۰)(شرح مشکل الا
نمبر ۱، صفحہ نمبر ۴۲۹)(الترغیب والترہیب، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۹۴)(اتحاف السادۃ، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۹۵۰)(ابن عساکر
۷، صفحہ نمبر ۱۲۳)(بدایہ والنہایہ، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۵۴)(جامع بیان العلم وفضلہ، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۳۲)(مسند ربیع بن حبیب
۱، صفحہ نمبر ۹)

''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ملائکہ طالب علم کی طلب اور جستجو کی خوشخبری میں اس کے لیے اپنے پر بچھاتے ہیں۔''

فرشتوں کی بات کے موافق

((قال رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام: اذاقال الامام سمع اللہ لمن حمدہ فقولوا اللھم ربنا لك الحمد فانه من وافق قوله قول الملائكة غفرله ماتقدم من ذنبه))

(موطا امام مالک، باب التامین خلف الامام، صفحہ نمبر ۸۸)(صحیح بخاری، فضل اللھم ربنا لک الحمد، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۱۰
مسلم، باب التسمیع والتحمید، حدیث نمبر ۷۱)(السنن النسائی، باب نمبر ۱۰۹)(السنن الترمذی، حدیث نمبر ۲۶۷)(سنن
حدیث نمبر ۸۷۶)(مسند احمد، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۱۶۲)(کنز العمال، حدیث نمبر ۱۹۷۴۵)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب امام ''سمع اللہ لمن حمدہ'' کہتا ہے تو تم ''اللھم ربنا لك الحمد'' کہا کرو۔ پس جس کی بات فرشتوں کے قول کے موافق ہو جائے تو اس کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔''

کافر اور جنبی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان الملائكة لاتحضر جنازة الكافر بخير ولا المتضمخ بالزعفران ولا الجنب))

(جمع الجوامع، حدیث نمبر 5931)(جامع صغیر، حدیث نمبر 2128)(کنز العمال، حدیث نمبر 63)(جامع
نمبر 2، صفحہ نمبر 572)(مسند امام احمد، جلد نمبر 4، صفحہ نمبر 320)(سنن ابی داؤد، باب الترجل)(مصنف عبدالرزاق
نمبر 1087)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رحمت کے فرشتے کافر کے جنازہ میں، زعفران کی خوشبو میں لتھڑے اور جنبی (جس پر غسل لازم ہو) کے پاس نہیں آتے ہیں۔''

قاطع رحم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان الملائكة لاتنزل على قوم فيهم قاطع رحم))

(جمع الجوامع، حدیث نمبر 5926)(کنز العمال، حدیث نمبر 69740)(ترغیب وترہیب، جلد نمبر
نمبر 345)(مجمع الزوائد، جلد نمبر 8، صفحہ نمبر 151)

''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رحمت کے فرشتے اس قوم پر نازل نہیں ہوتے جس میں کوئی قطع رحمی کرنے والا

کتا، جنبی اور تصویر

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاتدخل الملائكة بيتا فيه صورة ولا كلب ولا جنب))
(موارد الظمان، حدیث نمبر 1484) (سنن ابی داؤد، حدیث نمبر 227، کتاب الطہارۃ، جلد 1، صفحہ نمبر 154) (مشکوۃ المصابیح، حدیث نمبر 4489) (ابن ابی شیبہ، جلد نمبر 5، صفحہ نمبر 410)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر، کتایا جنبی ہو۔"

گھنگرو اور جھانزیا

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاتصحب الملائكة رفقة فيها جلجل))
(نسائی، کتاب الزینت، باب نمبر ۵۱) (ترغیب وترہیب، جلد نمبر ۴، صفحہ نمبر ۷۷)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فرشتے اس رفقاء کی جماعت کے ساتھ بھی نہیں رہتے جس میں
رو یا جھانزیا ہوں۔"

چیتے کی کھال

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاتصحب الملائكة رفقة فيها))
(ابوداؤد، کتاب اللباس، باب نمبر ۴۳، حدیث نمبر ۴۱۳۰) (مشکوۃ المصابیح، حدیث نمبر ۱۹۲۴) (ترغیب وترہیب، جلد
نمبر ۴، صفحہ نمبر ۷۷) (کنز العمال، حدیث نمبر ۱۷۵۶۵) (الحاوی للفتاوی، جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۳۷) (مجمع الزوائد، جلد نمبر ۵، صفحہ ۱۰)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فرشتے اس جماعت کے ساتھ بھی نہیں رہتے جس میں چیتے کی کھال ہو۔"

جس جگہ پیشاب جمع ہو

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لاينفع فى طمست فى البيت فان الملائكة
دخل بيتا فيه بول منتقع))
(مجمع الزوائد، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 204) (الترغیب والترہیب، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 136)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رات کے وقت کسی چیز میں پیشاب جمع کر کے گھر (رہائش کے کمرے) میں
جائے، کیونکہ رحمت کے فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں پیشاب جمع کر کے رکھا گیا ہو۔"

گھنٹی کی نحوست

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الملائكة رفعة فيها كلب ولا جرس))
(ابوداؤد، کتاب الجہاد، باب نمبر 50، حدیث نمبر 2555) (ترغیب وترہیب، جلد نمبر 4، صفحہ نمبر 74) (سنن دارمی، جلد
2، صفحہ نمبر 288) (شرح السنہ، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 55) (ریاض الصالحین، حدیث نمبر 613) (صحیح مسلم، باب
27، حدیث نمبر 103) (السنن الترمذی، حدیث نمبر 1702)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رحمت کے فرشتے ان لوگوں کے پاس بھی نہیں رہتے جن کے پاس کتا یا گھنٹی

ہو۔"

توحید اور نماز

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان الله تعالیٰ لم یفرض شیئا افضل من التوحید والصلاة و لو کان شی ء افضل منه لافترضه علی ملائکة منهم راکع و منهم ساجد))
(کنز العمال، جلد نمبر 7، حدیث نمبر 19038) (جمع الجوامع، حدیث نمبر 68...)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے توحید اور نماز سے بڑھ کر کوئی چیز فرض نہیں فرمائی۔ اگر کوئی چیز اس نماز سے افضل ہوتی تو اللہ تعالیٰ اُسے اپنے فرشتوں پر ضرور فرض فرماتا۔ فرشتوں میں سے کوئی تو رکوع میں ہے اور کوئی سجدہ میں۔"

حالت سجدہ میں سونا

((قال النبی علیه السلام: اذا نام العبد و هو ساجد یباهی الله به الملائکة یقول انظروا الی عبدی روحه عندی و هو ساجد لی))
(اتحاف الصلوٰۃ المتقین، جلد نمبر ا، صفحہ نمبر...)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی بندہ سجدہ کرتے ہوئے نیند کے غلبہ سے سو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے فخر کرتا اور فرماتا ہے: "میرے بندے کی طرف دیکھو! اس کی روح میرے پاس ہے اور میرے لئے سجدہ میں پڑا ہے۔"

حجاج پر فخر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان الله عز و جل یباهی باهل عرفات ملائکة السماء فیقول لهم انظروا الی عبادی هولاء جاء ونی شعثا غبرا))
(مستدرک للحاکم، جلد نمبر ا، صفحہ نمبر ۴۶۵) (موارد الظمآن، حدیث نمبر ۱۰۰۷) (جمع الجوامع، حدیث نمبر ۹۰...) (کنز العمال، حدیث نمبر ۱۲۰۷۴) (الدر المنثور، جلد نمبر ا، صفحہ نمبر ۲۲۷) (اتحاف السادۃ المتقین، جلد نمبر ۴، صفحہ نمبر ...) (ترغیب وترھیب، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۵۱۶) (الاتحافات السنیہ، صفحہ نمبر ۱۳۷) (صحیح ابن حبان، حدیث نمبر ۱۰۰۷) (مجمع الزوائد، جلد نمبر ۳، صفحہ نمبر ۲۵۲) (کتاب التمہید، لابن عبد البر، جلد نمبر ا، صفحہ نمبر ۱۲۱) (صحیح ابن خزیمہ، حدیث نمبر ۲۸۳۹) (الاسماء والصفات، صفحہ نمبر ۳۱۰)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تبارک وتعالیٰ آسمان کے فرشتوں کے سامنے میدان عرفات میں حجاج کرام پر فخر فرماتا ہے اور فرماتا ہے: "میرے ان بندوں کی طرف دیکھو جو میرے پاس پراگندہ حال اور غبار آلود ہو کر کے آئے ہیں۔"

طواف کرنے والوں پر فخر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان الله عز و جل یباهی ملائکة بالطائفین))

(کنز العمال، جلد نمبر ۵، صفحہ نمبر ۱۲۰۰۱)(الجامع الصغیر، ۱۸۳۹)(مناوی، جلد نمبر ۲، صفحہ نمبر ۲۷۹)
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تبارک وتعالیٰ فرشتوں کے سامنے بیت اللہ شریف کا طواف کرنے والوں
ماتا ہے۔"

فرشتوں کا مومنین کی مغفرت پر گواہ ہونا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا کان یوم عرفۃ ینزل الرب عزوجل الی
ماء الدنیا لیبا ھی بکم الملائکۃ فیقول انظروا الی عبادی اتونی شعثا غبراضا
من کل فج عمیق اشھدکم انی قدغفرت لھم))
شرح السنہ، جلد نمبر ۷، صفحہ نمبر ۱۵۹)(جمع الجوامع، حدیث نمبر ۲۴۶۷)(الاتحافات السنیہ، صفحہ نمبر ۱۱۰)(صحیح ابن
یث نمبر ۱۰۰۶)(صحیح مسلم، حدیث نمبر ۱۳۴۸)
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب نویں ذوالحجہ کا دن ہوتا ہے تو رحمت ربانی پہلے آسمان کی طرف نزول
ہے تاکہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے تم پر فخر کرے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: "میرے بندوں کو دیکھو کس
سے میرے پاس حج کرنے کے لئے پراگندہ، غبار آلود اور بلند آواز سے تلبیہ کہتے ہوئے دور دراز سے آئے ہیں۔ تم
وجاؤ میں نے ان سب کی مغفرت فرما دی۔"

خواہشات کو قابو میں رکھنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یومن احد کم حتی یکون ھواہ تبعالما
بہ))
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ اپنی
ات کو میرے لائے ہوئے احکام کے تابع نہ کر دے۔"

پیٹ اور شرمگاہ کی خواہشات اور اتباع نفس کی گمراہیاں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اخوف ما اخاف علیکم شھوات الغیفی
کم و فروجکم و مضلات الھوی))
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سب سے بڑی خطرے کی چیز جس کے بارے میں میں تمہارے لئے ڈر رہا
و تمہارے پیٹ اور شرمگاہ کی گمراہ خواہشات ہیں اور اتباع نفس کی گمراہیاں ہیں۔"

خواہش نفس کی مذمت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما تحت ظل السماء یعبد اعظم عند اللہ من
متبع))
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک (جھوٹے خداؤں میں) آسمان کے سایہ میں سب
ا خدا پوری کی جانے والی خواہش ہے۔"

خود پسندی کی مذمت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ثلاث مهلكات ، شح مطاع، وهواه متبع ، واعجاب المرء بنفسه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین چیزیں ہلاک کر دینے والی ہیں: پیروی کیا جانے والا بخل، پوری کی جانے والی خواہش اور آدمی کی خود پسندی۔''

مردوں کے لیے سب سے بڑا فتنہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماتركت بعدى فتنة اضر على الرجال من النساء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے بعد مردوں کیلئے سب سے زیادہ نقصان دہ فتنہ عورتوں سے زیادہ کوئی اور نہ ہوگا۔''

دنیا پسندیدہ اور سرسبز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان الدنيا حلوة خضرة وان الله عزوجل مستخلفكم فيها لينظر كيف تعملون فاتقوا الدنيا واتقوا النساء وان اول فتنة بنى اسرائيل كانت فى النساء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا پسندیدہ اور سرسبز ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس لئے بھیجا ہے کہ تمہیں دیکھے کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔ تم دنیا سے بھی بچو اور عورتوں سے بھی، کیونکہ بنی اسرائیل میں سب سے پہلا فتنہ عورتوں سے اٹھا تھا۔''

عورتوں سے مصافحہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى لا اصافح النساء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کیا کرتا۔''

جسم کا زنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لكل بنى آدم حظ من الزنا، فالعينان تزنيان و زنا هما النظر، واليدين تزنيان وزنا هما البطش ، والرجلان تزنيان و زنا هما المشى والفم يزنى وزناه القبل، والقلب يهوى ويتمنى والفرج يصدق ذلك اويكذبه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر انسان کا زنا میں کچھ نہ کچھ حصہ ہوتا ہے۔ پس آنکھیں بھی زنا کرتی ہیں اور ان کا زنا دیکھنا ہے۔ ہاتھ بھی زنا کرتے ہیں اور ان کا زنا پکڑنا ہے۔ پاؤں بھی زنا کرتے ہیں اور ان کا زنا چلنا ہے۔ منہ بھی زنا کرتا ہے اور اس کا زنا بوسا ہے۔ دل خواہش اور تمنا کرتا ہے اور شرمگاہ اس کی تصدیق کرتے ہوئے (زنا میں ملوث ہوتی) ہے یا جھٹلا کر (باز رہتی) ہے۔''

غیرت الٰہی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: يا امة محمد ما احد اغير من الله ان يرى عبده امته تزنى))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے امت محمد! اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیرت مند کوئی نہیں، اس لئے اللہ تعالیٰ اس کو پسند نہیں کرتا کہ وہ کسی مرد کو یا عورت کو زنا کرتا دیکھے۔"

عورت سے مصافحہ اور زنا کا عذاب

((قال النبی علیہ السلام: من قدر علی امراۃ او جاریۃ حراما فوقعھا حرم اللہ علیہ الجنۃ ادخلہ النار و من ابصر امرءۃ نظرۃ حرزاما ملااللہ عینیہ ناراً ثم امر بہ الی النار، ومن صافح امراۃ حراما جاء یوم القیامۃ مغلولا یدہ الیہ عنقہ ثم یو مر بہ الی النار، ومن فاکھھا جس بکل کلمہ کلمھا فی الدنیا الف عام وای امراۃ طاوعت رجل حراما فالتزمھا او قبلھا او باشرھا اوفاکھھا او واقعھا فعلیھا من الوزر مثل علی الرجل))

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے کسی عورت یا لونڈی پر قدرت پائی اور اس سے زنا کیا تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت کو حرام فرما دیتا ہے اور اس کو دوزخ میں داخل فرمائے گا۔ جس نے کسی عورت کو حرام نظر سے دیکھا تو اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں میں (دوزخ کی) آگ بھرے گا، پھر اس کو آگ میں دخل کرنے کا حکم فرمائے گا اور جس نے کسی (اجنبی) عورت سے حرام کا مصافحہ کیا تو وہ جب قیامت میں پیش ہوگا تو اس کے دونوں ہاتھ گردن سے بندھے ہوئے ہوں گے، پھر اس کو دوزخ میں (لے جانے کا) حکم دیا جائے گا۔ جس شخص نے (اجنبی عورت سے) دل لگی کی تو اس کو ہر کلمہ کے بدلہ میں جو اس نے اس عورت سے بولا تھا دنیا کے ہزار سال کے برابر (دوزخ) میں قید کیا جائے گا۔ جس عورت نے مرد کے ساتھ حرام پر اتفاق کیا اور مرد اس کے پاس گیا، اس کا بوسہ لیا، اس سے مباشرت کی یا اس سے دل لگی کی تو اس عورت پر بھی اتنا ہی گناہ ہے جتنا مرد پر ہے۔"

وطی فی الدبر کفر ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: من اتی النساء فی اعجازھن فقد کفر))

(رواہ الطبرانی ورواتہ ثقات)

ل رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا وجد احدکم عقرباً وهو یصلی، فلیقتلها الیسری))(ابوداود: فی المراسیل :(8)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز میں بچھو کو دیکھے تو اسے بائیں ہاتھ سے مار دے۔"

مکاتب غلام جب مالِ کتابت کا مالک ہو جائے

ل رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا وجد المکاتب ما یؤدی، فاحتجبی عنه))

(سنن ترمذی)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مکاتب مال کتابت پالے تو (عورت کو چاہئے کہ) اس سے پردہ کرے۔"

خلافت کا کام نااہل کے سپرد کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا وسد الامر الی غیر اهله، فانتظر الساعة))
(بخاری:23/1،والکنز:422)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب خلافت کا کام نااہل کے سپرد کیا جائے تو قیامت کا منتظر ہو جا۔''

جوتا خشک مٹی سے پاک ہو جاتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا وطی احد کم بنعله الا ذی، فالتراب له طهور))
(بیہقی:30/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارا چپل نجاست آلود ہو جائے تو اس کو پاک کرنے کے لیے مٹی کافی ہے۔''

جب حدود مقرر کر کے زمین منتقل کر دی جائے تو شفعہ نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا وقعت الحدود، و صرفت الارض، فلا شفعة))
(بیہقی:102/6)(ابن حبان:52)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب حدود مقرر ہو کر زمین منتقل کر دی جائے تو پھر اس کا شفعہ نہیں۔''

اپنے بھائی کو عمدہ کفن پہنانا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا ولی احد کم اخاه، فلیحسن کفنه))
(ترمذی:)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک اپنے بھائی کا ولی ہو جائے تو اس کو کفن عمدہ پہنائے۔''

اللہ تعالیٰ حصول مطلب کا حقیقی مددگار

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذکر الله، فانه عون لك علی ما تطلب))
(الجامع:1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا ذکر کر کیونکہ وہ حصول مطلب کیلئے تیرا مددگار ہے۔''

ذاکرین اور منافقوں کا طعنہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذکروا الله ذکراً، یقول المنافقون: انکم تراؤون
(الجامع:1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا ذکر ایسا کرو کہ منافق کہیں تم دکھلاوا کرتے ہو۔''

ہر پتھر اور درخت کے پاس ذکر الٰہی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذکروا الله عند کل حجر و شجر))
(کشف الخفاء:1/)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا ذکر ہر پتھر اور درخت کے پاس کرو۔"

ظہر سے پہلے کی چار سنت تہجد کے برابر ہیں

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اربع رکعات قبل الظہر یعدلن بصلاۃ السحر))

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ظہر سے پہلی چار رکعت سنت رات کی تہجد کے برابر ہیں۔"

برہنہ پھرنے کی ممانعت

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارجع الی ثوبك خذه، ولا تمش عریاناً))

(مسلم فی: الحیض: (78)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو لوٹ کر جا اپنا کپڑا پہن لے اور ننگا مت چل۔"

والدین سے حسن سلوک کا حکم

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارجع الی والدیك فاحسن صحبتهما))

(مسلم فی: البر والصلۃ: (6)، بیہقی: (2619)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے والدین کی طرف لوٹ جا اور ان کے ساتھ اچھے طریقہ سے رہ۔"

مسلمان کی رہنمائی کرنے کا حکم

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارشدوا اخاکم))(حاکم: 439/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی کی رہنمائی کرو۔"

گزارے کی روزی پر کفایت

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارض من الدنیا بالقوت ، فان القوت لن یموت))

(کشف الخفاء: 126/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا میں گزارہ کی روزی پر راضی ہو جا کیونکہ مرنے والے کیلئے گزارے کی روزی
فی ہے۔"

جنت کی زمین سفید روٹی کی طرح ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارض الجنۃ خبزۃ بیضاء))

(الاتحاف: 531/10)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کی زمین سفید روٹی کی طرح ہے۔"

تہبند اونچا کر کے باندھنا خوف الٰہی کی نشانی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارفع ازارك، واتق اللہ))

(طبرانی: 378/7، والجامع: 32/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا تہبند اونچا کر اور اللہ سے ڈر۔''

ٹخنے ننگے کرنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارفع ازارك ، فان الله لا يحب المسبلين))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا تہبند اونچا کر کیونکہ اللہ تہبند لٹکانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔''

شرکی منتروں سے دم کرنا ناجائز ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارق ما لم يكن فيه شرك با لله))

(کنز: (28351)، والحاکم: 7/4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دم کر اس (لفظ) سے جس میں اللہ سے شرک نہ ہو۔''

قربانی کے جانور پر بحالت مجبوری سوار ہوا جا سکتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اركبها بالمعروف اذا لجات اليها، يعني: البدنة))

(ابوداؤد فی المناسک، باب: (18)، والنسائی: 77/5

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدنہ (قربانی کی اونٹنی) پر سوار ہو جب تو سواری کیلئے مجبور ہو جائے۔''

حضرت سعد کو تیراندازی کرنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارم فداك ابى و امى))

(بخاری 47/4 و 124/5 و 52/8، ومسلم فی فضائل الصحابۃ: (41، 2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اے سعد) تیراندازی کرتا رہ میرے ماں باپ تجھ پر قربان ہوں۔''

تیراندازی اور گھڑ سواری

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارموا واركبوا، وان ترموا احب الى من ان تركبوا))

(ترمذی: 637

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیراندازی اور گھڑ سواری کرو (مگر) تمہاری تیراندازی مجھے گھڑ سواری سے زیادہ پسند ہے۔''

شہداء کی ارواح

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارواح الشهداء فى حواصل طيور خضر))

(مسلم: فی الامارۃ: (121)، واحمد: 386/6

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شہیدوں کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں ہوں گی۔''

آدھی پنڈلی تک تہبند رکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ازرة المومن الى انصاف ساقيه))(الجامع :32/1

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی تہبند آدھی پنڈلی تک ہوتی ہے۔"

حضرت اسامہ بن زید بن حارثہ سے محبت

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اسامة احب الناس الی)) (طبرانی : 122/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب لوگوں سے اسامہ مجھے زیادہ پیارا ہے۔"

اچھی طرح وضو کرنے کا حکم

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اسبغوا الوضوء))

(نسائی: فی: الطہارۃ: باب: (105)، ومسلم فی: الطہارۃ: (26)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وضو اچھی طرح کیا کرو۔"

مسواک کرنے کا تاکیدی حکم

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم استاکوا مالکم تدخلون علی قلحاً))

(نوادر الاصول، از حکیم ترمذی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مسواک کیا کرو بغیر مسواک کئے تم میرے پاس کیسے آتے ہو۔"

میدان میں نماز پڑھنے والا سامنے سترہ ضرور رکھے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم استروا فی صلاتکم ولو بسهم))

(الجامع: 32/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی نماز کیلئے سترہ رکھ لیا کرو اگرچہ تیر ہی سہی۔"

ناف پر شلوار باندھنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اربطوا علی اوساطکم میازرکم))

(ابن ماجہ: رقم: (3119)، وابن خزیمۃ: (2535)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے وسط (ناف) پر تہبند باندھا کرو۔"

ہمسائیگی چالیس گھروں تک ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اربعون دارا جار)) (الجامع: 32/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چالیس گھر تک پڑوسی ہیں۔"

درست طریقے سے وضو کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ارجع فاحسن وضوئك))

(مسلم فی الطہارۃ: (31)، وابوداؤد: (173) وابن ماجۃ: (665)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوٹ جا اچھی طرح سے وضو کر۔"

دوسروں کو غم زدہ کرنے والے کے لیے حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارجع اليهما فاضحكهما، كما بكيتهما))
(ابوداؤد فی الجهاد: باب:33)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوٹ جا اور دونوں کو ہنسا جیسا کہ تو نے دونوں کو رلایا ہے۔''

زمین والوں پر رحم کرنے سے اللہ تعالیٰ رحم فرماتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارحم من فى الارض يرحمك من فى السماء))
(تاریخ اصفہان: 219/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو زمین والوں پر رحم کر تجھ پر آسمان والا رحم کرے گا۔''

لوگوں کے لیے وہی پسند کرنا جو اپنے لیے پسند کیا جاتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارض للناس ماترضى لنفسك تكن مسلماً))
(جامع المسانید: 9/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کیلئے وہ پسند کر جو اپنے لئے پسند کرتا ہے (تو) تو مسلمان ہوگا۔''

گزارے کی روزی پر راضی رہنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارض من الدنيا بالقوت ، فان القوت لمن يموت كثير
(کشف الخفاء: 6/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا سے گزارے کی روزی پر راضی ہو کیونکہ مرنے والے کیلئے گزارے کی رو
بہت ہے۔''

گھر کی بنیادوں کو سیدھا کھڑا کرنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارفع البنيان الى السماء ، واسال الله السعة
(کنز: (41579)، ومغنی: 4/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا مکان آسمان کی طرف اٹھا اور خدا سے فراخی کا سوال کر۔''

کوڑا کرکٹ شیطان کی خوابگاہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارفعوا القمامة من بيوتكم ، فانها مقيل الشيطان
(درمنثور: 6

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گھروں سے کوڑا کرکٹ اٹھا دیا کرو کیونکہ یہ شیطان کی خوابگاہ ہے۔''

شلوار اونچی باندھنا کپڑے کو زیادہ پاکیزہ رکھتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ارفع ثوبك ، فانه ابقى و انقى))

(بخاری فی: فضائل اصحاب النبی)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا کپڑا اونچا رکھ یہ فعل کپڑے کو بقا دینے اور پاکیزہ رکھنے والا ہے۔"

رمی جمار کنکریوں سے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارموا الجمرة بمثل حصی الخذف))

(بیہقی:127/5، وطبرانی:5/4)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمرہ کو ٹھیکریوں کی طرح کنکریوں سے رمی کرو۔"

حضور حضرت ابراہیم کے مشابہ ہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اریت الانبیاء ، فانا شبیه ابراهیم))

(مجمع:201/8)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے انبیاء کی زیارت کرائی گئی پس میں ابراہیم علیہ السلام کے مشابہ تھا۔"

اپنے ہاتھ کی کمائی سب سے پاکیزہ ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ازکی الاعمال کسب الرجل بیده))

(کنز:(9220)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے ہاتھ سے کسب (معاش) کرنا سب سے پاکیزہ عمل ہے۔"

اللہ تعالیٰ سے عفو و عافیت کی طلب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسال اللہ العفو ا و العافیة))

(الاتحاف:81/5، ومغنی:324/1)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ سے عفو و عافیت کا خواستگار ہوں۔"

کامل وضو کرنے والے کی عمر میں برکت ہوتی ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسبغ الوضوء یزد فی عمرک))

(طبرانی فی الصغیر:20/2)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو وضو کو کامل کر تیری عمر میں زیادتی ہوگی۔"

کفار کے قبضے سے چھوٹ کر آنے والی عورتیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استبروهن بحیضة، یعنی: السبایا))

(کنز:(28038)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان (عورتوں) کو ایک حیض سے پاک کرو (جو کفار سے گرفتار ہو کر آتی ہیں)"

اپنے کاموں کو پوشیدہ رکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم استعينوا على امور كم بالكتمان))

(تاریخ جرجان:(223)(الجامع:2/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے کام پوشیدہ رکھ کران کے حصول کی کوشش کرو۔''

مانگنے سے بچنے کا تاکیدی حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم استعفف عن السوال ما استطعت))

(درمنثور:61/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاں تک ہو سکے سوال کرنے سے بچ۔''

نظر بداثر انداز ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم استعيذوا بالله من العين ، فان لها حقاً))

(ابن ماجہ: رقم:(3508)،والکنز:(7661

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نظر بد کی اللہ سے پناہ مانگو کیونکہ اس کا اثر ہوتا ہے۔''

بعض کاموں کے بارے میں دل سے مشورہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم استفت قلبك ، وان افتوك وافتوك))

(درمنثور:255/2،وابن عساکر:212/3،والترغیب:57/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اپنے دل سے فتویٰ لے اگرچہ لوگ تجھے (کسی کام کے حلال ہونے کا) فتویٰ پر فتویٰ دیں۔''

لوگوں سے اچھے خلق سے پیش آنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم استقم وليحسن خلقك للناس))

(کنز:(5473)،وابن حبان:(922

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: درست ہو جا اور لوگوں سے اچھے خلق سے پیش آ۔''

عورتوں کو حق مہر حلال کمائی سے دینا چاہئے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم استحلوا فروج النساء باطيب اموالكم))

(ابوداؤد: فی المراسیل:(23)، کنز:(44712

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کو مال حلال (مہر) سے اپنے لئے حلال کرو۔''

قبیلہ مزینہ کے لوگ امانت دار ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم استرضعوا من مزينة ، فانهم اهل امانة))

(المطالب:1810)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دودھ پلانے والی قبیلہ مزینہ سے لو کیونکہ یہ لوگ امین ہیں۔"

صدقہ سے رزق میں برکت ہوتی ہے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استنزلوا الرزق بالصدقة))

(الجامع:34/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ دے کر رزق طلب کرو۔"

وضو میں ناک کو دو یا تین مرتبہ صاف کیا جائے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استنشقوا اثنتین بالغتین او ثلاثاً))

(الجامع:23/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ناک میں دو یا تین مرتبہ اچھی طرح پانی ڈالو۔"

انصار کے حق میں معاملہ خیر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استوصوا بالانصار خیراً))

(الجامع:34/1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انصار کے حق میں خیر کا معاملہ کرو۔"

جلدی قبول ہونے والی دعا...... غائب کی غائب کے لیے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسرع الدعاء اجابة دعاء غائب لغائب))

(الجامع:34/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جلدی قبول ہونے والی دعا غائب کی غائب کیلئے دعا ہے۔"

حج میں صفا اور مروہ کی سعی لازم ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسعوا فان السعی کتب علیکم))

(مجمع:248-247/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صفا مروہ میں دوڑو کہ یہ دوڑنا تم پر لازم ہے۔"

صبح کی نماز خوب روشنی میں پڑھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسفروا بصلاة الصبح ، فانه اعظم للاجر))

(کنز:19275, 19280, 19281)(مجمع:315/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبح کی نماز روشنی میں پڑھو اس میں بہت ثواب ہے۔"

نماز فجر کو خوب روشنی میں پڑھنے کا اجر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اسفروا بالفجر یغفر لکم))

(ترمذی:(154)(نسائی:72/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبح کی نماز خوب روشنی میں پڑھو تمہاری بخشش ہوگی۔''

اسہال میں شہد پلانا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اسقه عسلا، صدق الله، وکذب بطن اخیك))

(بخاری:159/7و166،ومسلم فی السلام:(91

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اسہال میں) اس کو شہد پلا خدا نے سچ فرمایا ہے اور تیرے بھائی کا پیٹ جھوٹا ہے۔''

قبیلہ اسلم اور قبیلہ غفار کے لیے دعا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اسلم سالمها الله، وغفار غفر الله لها))

(بخاری:33/2و220/4،ومسلم فی فضائل الصحابۃ:(132و184و185،186،187)،وترمذی:(491

واحمد:20/2و50و107و117،وبیہقی:208/2و245،والحاکم:340/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قبیلہ اسلم کو خدا سالم رکھے اور قبیلہ غار کو بخش دے۔''

نیک کام کو پورا کرنا اس کو شروع کرنے سے بہتر ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم استتمام المعروف خیر من ابتدائه))

(کنز:(256

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک کام کا پورا کرنا اس کے شروع کرنے سے بہتر ہے۔''

سواروں سے امداد لے لینی چاہیے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم استعینوا بالرکب))(ترمذی: رقم {286)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سواروں کی امداد لیا کرو۔''

کام کو اس شعبے کے کاریگر سے کروانا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم استعینوا علی کل صنعة باهلها))

(کشف:4/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر کام اس کے کاریگروں سے لیا کرو۔''

زیادہ کھانے سے پناہ مانگنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم استعیذوا بالله من الرعب، یعنی، کثرة الاکل))

(کنز: (60

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی پناہ مانگا کرو بہت کھانے سے۔"

مردوں کو عمدہ جوتا پہننے کا حکم

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استجیدوا النعال، فانہا خلا خیل الرجال))
(کنز: 41627)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمدہ جوتی پہنو کیونکہ یہ مردوں کی زیب ہے۔"

جس کو نظر لگی ہو اس کو دم کروانا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استرقوا لہا، فان بہا النظرۃ))
(بخاری: 171/7، والحاکم: 212/4)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو دم کراؤ کیونکہ اس کو نظر بد لگی ہے۔"

قربانی کے جانور کو خوب موٹا کرنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استفرہوا ضحایا کم، فانہا مطایا کم علی الصراط))
(کنز: 12177)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی قربانیوں کو موٹا تازہ کرو کیونکہ یہ پل صراط پر تمہاری سواریاں ہوں گی۔"

کسی کو الوداع کس طرح کہا جائے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استودعك اللہ الذی لا تضیع و دائعہ))
ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھ کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں جو امانتوں کو ضائع نہیں کرتا (کسی کو الوداع کہنے
لمات)۔"

بوڑھوں کو نیک نصیحت کرنا اور جوانوں پر رحم کرنا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استوصوا بالکھول خیراً، وارحموا الشباب))
(کنز: (6050)، والتذکرۃ: (205)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بوڑھوں کو نیک نصیحت کرو اور جوانوں پر رحم کرو۔"

قیدیوں سے حسن سلوک کرنا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استوصوا بالاساری خیراً))(مجمع :86/6)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیدیوں سے عمدہ سلوک کرو۔"

نماز مغرب کا وقت بہت کم ہوتا ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسرع الصلاۃ فوتاً صلاۃ المغرب))
(دیلمی: 510/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب نمازوں سے جلدی فوت ہونے والی نماز مغرب ہے۔''

حضور کی ایک معراج کا حال

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اسری بی فی قفص من لؤلؤ ، و فراشه ذهب))

(کنز: (31845)، درمنثور: 63/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے موتی کے پنجرے میں معراج کرائی گئی جس کا فرش سونے کا تھا۔''

قیامت میں نیک بخت حضرت عباس ہوں گے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اسعد الناس یوم القیامة العباس))

(ابن عساکر: 244/7، والجامع: 34/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ نیک بخت عباس (میرے چچا) ہوں گے۔''

صفا و مروہ پر دوڑنا قرآن میں درج ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اسعوا، فان الله کتب علیکم السعی))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سعی کرو کیونکہ اللہ نے تم پر سعی لکھی ہے۔''

نماز فجر نہایت سفیدی میں پڑھنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اسفروا بالفجر ، فانه اعظم للاجر))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبح کی نماز نہایت سفیدی میں پڑھا کرو کیونکہ اس کا بڑا ثواب ہے۔''

رفع یدین نہ کرنے کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اسکنوا فی الصلاة))

(مسلم: فی: الصلاۃ: (119)، وابوداؤد فی: استفتاح الصلاۃ: باب: (84)، ونسائی فی: السھو: باب: (5)، وبیہقی: 80/2، واحمد: 92/5، 93، 101، 107)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز میں سکون اختیار کیا کرو (رفع یدین نہ کیا کرو)۔''

بالجبر اسلام قبول کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اسلم وان کنت کارهاً))

(کنز: (410)، وابن کثیر: 360/1، 99/4، 77/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام لا اگرچہ بالجبر ہو۔''

جہاد اسلام کے بعد ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اسلم ثم قاتل))

(بخاری:24/4،وبیہقی:167/9)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:اسلام لا پھر جہاد کر(قبل از اسلام جہاد کا ثواب نہیں ملتا)''

مسہر کو نصیحت

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:اسلم یا ابن مسہر،لا تبع دینك بدنیاك))

(ابن مبارک:73/2/1،وکنز:(303)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:اے ابن مسہر!اسلام لا اپنے دین کو دنیا کے عوض مت بیچ۔''

کفار اپنی سابقہ خوش نصیبی سے مسلمان ہوتے ہیں

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:اسلمت علی ما اسلفت من خیر))

(بخاری فی:الزکاۃ:(24)ولادب:(16)،والبیوع:(100)،والعتق:(12)،ومسلم فی:الایمان 196,195)،واحمد:402/3)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:تو اپنی سابقہ خوبی کے سبب مسلمان ہوا ہے۔''

اسم اعظم اور سورۃ حشر کی آخری چھ آیات

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:اسم اللہ الاعظم فی ست آیات من آخر رۃ الحشر))(دیلمی:505/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:اللہ کا اسم اعظم سورۂ حشر کی آخری چھ آیات میں ہے۔''

سخی امت حضرت جعفر طیار

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:اسمح امتی جعفر))

(کنز:(31188)،والجامع:34/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:میری امت کا بڑا سخی جعفر(طیار)ہے۔''

حضرت جعفر طیار اور حضور سے مشابہت

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:اشبہت خلقی و خلقی،قالہ لجعفر))

(بخاری:242/3و24/5و180،وترمذی:(2765)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:جعفر طیار سے فرمایا تو میری صورت اور سیرت سے مشابہت رکھتا ہے۔''

غلام کو خرید کر آزاد کرنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:اشتریہا فاعتقیہا،فانما الولاء لمن اعتق))

(بخاری:200/2و67/7و191/8و193،ونسائی فی الزکاۃ:باب:(97)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:تو اسے خرید،پھر آزاد کر کیونکہ ولاء اس کے لئے ہے جو(غلام کو)آزاد کرتا ہے۔''

زانیوں پر اللہ تعالیٰ کا سخت ترین غضب ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اشتد غضب الله على الزناة))
(الجامع:34/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا غضب زانیوں پر سخت ہے۔''

اس امت کے سب سے زیادہ حیاء والے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اشدامت حياء عثمان بن عفان))
(کنز:32792)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں سب سے زیادہ حیادار عثمان بن عفان ہے۔''

مصور قیامت کے دن سخت عذاب میں ہوں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اشد الناس عذاباً يوم القيامة المصورون))
(بخاری:5/7، ومسلم فی اللباس:98

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز سخت عذاب میں مصور لوگ ہوں گے۔''

جسے لوگ اچھا جانیں حالانکہ اس میں اچھائی نہ ہو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اشد الناس عذاباً من يرى الناس فيه خيراً ولا خير فيه))
(الجامع:35/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں زیادہ عذاب میں وہ ہوں گے جن کو لوگ اچھا جانتے ہوں حالانکہ ان میں اچھائی نہ ہو۔''

ظالم بادشاہ اور قیامت کا عذاب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اشد الناس عذاباً يوم القيامة امام جائر))
(طبرانی فی الصغیر:238/1)(کنز:(14634)، وترغیب:67/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز سب لوگوں سے زیادہ مبتلائے عذاب ظالم بادشاہ ہوگا۔''

امت مسلمہ کے سردار

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اشراف امتى حملة القرآن واصحاب الليل))
(مشکوۃ:(1239)، وترغیب:431/1، وابن عدی:1194/3، 521/7

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے سردار حافظ قرآن اور رات کی عبادت کرنے والے ہیں۔''

بہترین عبادت دعا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اشرف العبادة الدعاء))

(بخاری: فی: الادب: (713)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دعا بہترین عبادت ہے۔"

نشہ آور چیز سے پرہیز کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشربوا واجتنبوا کل مسکر))

(مسلم فی: الاشربۃ: (65)، وابوداود فی: الاشربۃ: (7)، والنسائی فی: الضحایا: (36)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پیو اور ہر نشہ آور چیز سے پرہیز کرو۔"

اللہ تعالیٰ کا شکر گزار

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشکر الناس للہ اشکر ھم للناس))

(بخاری: 140/2 و 14/8 و 152 و 81/9، وابوداؤد: (5132)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ کا زیادہ شکر گزار رہے وہی لوگوں کا بھی زیادہ شکر گزار رہتا ہے۔"

بیوی سے جماع کے بعد اگر پانی نہ ملے تو تیمم کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اصب اھلك ، وان لم تقدر علی الماء عشر سنین))

(بخاری فی: التیمم: (6,5)، وابوداؤد فی: الطہارۃ: (123)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی اہل خانہ سے جماع کر اگرچہ دس سال تک پانی پر قادر نہ ہو (تیمم کرتا رہ)"

اللہ تعالیٰ کے دوست کو کھانے میں شریک کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اصب بطعامك من یحبہ اللہ))

(الجامع: 36/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے کھانے میں اس شخص کو شریک کر جسے خدا دوست رکھتا ہو۔"

حضرت عمر بن العاص کے اوصاف

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسلم الناس وامن عمرو بن العاص))

(ترمذی: (3844)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں زیادہ سلامتی والے اور امانت دار عمرو بن عاص ہے۔"

اسلام آدمی کو جہنم سے بچا لیتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسلم تسلم)) (مجمع: 305/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اسلام لے آ (جہنم وغیرہ سے) بچ جائے گا۔"

اونچا سننے والے کو سنانا صدقہ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسماع الاسم صدقہ)) (الجامع: 34/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اونچا سننے والے کو سنانا بھی صدقہ ہے۔''

اللہ تعالیٰ کا نام ہر مسلمان کے منہ میں ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسم اللہ علی فم کل مسلم))

(دار قطنی: 295/4، وابن عدی: 181/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا نام ہر ایک مسلمان کے منہ میں ہے۔''

درگزر کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسمح یسمح لك))

(طبرانی فی الصغیر: 142/2، کنز: (5963)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: درگزر کرو، تم سے درگزر کیا جائے گا۔''

آل نبی کو تکلیف دینا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشتد غضب اللہ علی من آذانی فی عترتی))

(مجمع: 47/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس پر اللہ کا سخت عذاب ہوتا ہے جو میری اولاد کے معاملہ میں مجھے تکلیف دے۔''

بنو تمیم دجال پر سخت ترین ہوں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشد امتی علی الدجال بنو تمیم))

(بخاری و مسلم)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں سے دجال پر سخت ترین بنو تمیم ہوں گے۔''

اپنے علم سے فائدہ اُٹھانے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشد الناس عذاباً یوم القیامة عالم لم ینفعه علمه))

(مجمع: 185/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بروز قیامت لوگوں میں زیادہ عذاب اس عالم کو ہوگا جس کو اپنے علم سے فائدہ نہ پہنچا ہو۔''

دنیا میں سب سے زیادہ تکلیف میں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشد الناس بلاء الانبیاء، ثم الصالحون))

(کنز: (6780, 6781, 6830)، والاتحاف: 121/8، 559، 560)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں زیادہ تر تکلیف میں انبیاء ہیں پھر صالحین۔''

اللہ کا ذکر سب سے عمدہ بات ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشرف الحدیث ذکر اللہ))(در منثور: 225/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے عمدہ بات اللہ کا ذکر ہے۔"

بہترین مجلس جس کا رُخ قبلہ کی طرف ہو

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم اشرف المجالس ما استقبل به القبلة))

(مجمع الزوائد: 59/8)(الجامع: 35/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین مجلس وہ ہے جس میں قبلہ کی طرف رخ کیا گیا ہو۔"

حق دار کی سفارش کرو

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم اشفعوا تو جروا، ويقضى الله على لسان نبيه ماشاء))

(ابوداؤد: 334/4، حدیث رقم: (5131)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سفارش کرو ثواب دیئے جاؤ گے اللہ اپنے نبی کی زبانی جو چاہتا ہے حکم کرتا ہے۔"

لوگوں اور اللہ کا زیادہ شکر گزار

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم اشكر كم للناس اشكر كم لله))

(الجامع: 35/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں لوگوں کا زیادہ شکر گزار تم میں سے خدا کا زیادہ شکر گزار ہے۔"

حضرت عمر فاروق کے سبب حق واضح ہوا

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم اصاب الله بك يا ابن الخطاب))

(ابوداود: رقم: (1007)، وبیہقی: 190/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابن خطاب تیری وجہ سے اللہ نے درست راہ سجھائی۔"

دیت میں ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں برابر ہیں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اصابع اليدين والرجلين سواء))

(ابوداود: فی: الدیات: (4561)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیاں برابر ہیں (دیت میں)۔"

اللہ کے لیے صبح

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اصبحنا واصبح الملك لله))

(ابوداود فی الادب: باب: (109)، وترمذی: (3390)، وطبرانی: 9/2، وکنز: (3572, 3493)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم نے اور تمام ملک نے اللہ کیلئے صبح کی ہے۔"

صحابہ ستاروں کی طرح ہیں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اصحابى كالنجوم، فبايهم اقتديتم اهتديتم))

(تلخیص:190/4،کشاف:(4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے اصحاب ستاروں کی طرح ہیں ان میں جس کی اقتدا کرو گے ہدایت پاؤ گے۔''

سحری کے وقت کا خواب سچا ترین ہوتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اصدق الرویا رویا الاسحار))

(مشکوۃ:(4627)،وابن حبان:(1799)،وترمذی:(2274)،والحاکم:92/4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے سچا خواب وقت صحر کا ہوتا ہے۔''

آلِ یٰسین کو صبر کرنے کی تلقین

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اصبروا آل یس فان موعد کم الجنۃ))

(مجمع:92/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے آل یاسین صبر کرو۔ تحقیق تمہاری وعدہ گاہ جنت ہے۔''

حالت حیض میں فقط جماع منع ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اصنعوا کل شی الا النکاح فی الحیض))

(مسلم فی الحیض:(160)،وابن ماجہ:(44

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حالت حیض میں سب کچھ کرو مگر جماع مت کرو۔''

یتیم کو اس بات پر مارنا جائز ہے جس بات پر اولاد کو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اضرب یتیمك مما تضرب منه ولدك))

(ابن ابی شیبۃ:79/6

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس بات پر تو اولاد کو مارا کرتا ہے اس پر یتیم کو مار۔''

محبوب کی تواضع کرنی چاہیے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اضف من تحب فی اللہ بصفوۃ الطعام))

(مغنی:19/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس سے تجھے اللہ کی خاطر محبت ہو اس کی دعوت اچھے طعام سے کر۔''

والد کی تابعداری کا حکم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اطع اباك))

(کنز:(45508)،واحمد:220/2،وابن حبان:(25

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے باپ کی تابعداری کر۔''

اچھی باتیں کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطعموا الطعام، واطيبو الكلام)) (مجمع 17/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھانا کھلایا کرو اور اچھی باتیں کیا کرو۔"

مشرکوں کے بچے جنتیوں کے خادم ہوں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطفال المشركين خدم اهل الجنة))
(مجمع: 219/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مشرکوں کے بچے بہشتیوں کے خادم ہوں گے۔"

خیر، نیکی اور خوب رو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطلبوا الخير والمعروف عند حسان الوجوه))
(الموضوعات: 159/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خیر اور نیکی کو خوب روؤں کے پاس سے طلب کرو۔"

لیلۃ القدر کو رمضان کے آخری عشرہ میں تلاش کرو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطلبوا الليلة القدر فى العشر الاواخر من رمضان))
(مجمع: 175/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لیلۃ القدر کو رمضان کے آخری عشرہ میں طلب کرو۔"

رزق کو زمین کی پوشیدگیوں میں تلاش کرو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطلبوا الرزق فى خبايا الارض))
(الجامع: 37/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رزق کو زمین کی پوشیدگیوں میں سے طلب کرو (زمینداری کرو)۔"

روز قیامت سب سے زیادہ اونچی گردن والے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطول الناس اعناقاً يوم القيامة المؤذنون))
(الجامع: 37/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز سب سے دراز گردن مؤذن ہوں گے۔"

پُشت کا گوشت سب سے عمدہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطيب اللحم لحم الظهر))
(مجمع: 170/9) (ابن ماجہ: (3308)، واحمد: 204/1و205)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے عمدہ گوشت پشت کا گوشت ہے۔"

مُشک کی خوشبو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اطیب الطیب المسك))

(مسلم فی: الالفاظ: (19018) وابوداؤد فی: الجنائز: (33)، وترمذی فی: الجنائز: (16)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مشک تمام خوشبوؤں میں سے عمدہ ہے۔''

اولاد انسان کے کسب سے ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اطیب ما اکل الرجل من کسبه، وولده من کسبه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین خوراک جو انسان کھاتا ہے وہ اپنی کمائی ہے اور اس کی اولاد اس کے کسب سے ہے۔''

نکاح پر دف بجانے کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اظهروا النکاح، واضربوا علیه بالغربال))

(المتناہیۃ: 138/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نکاح کا اعلان کرو اور اس پر دف (جو غربال کی طرح ہوتی ہے) بجاؤ۔''

تلاوت قرآن مجید زیادہ کرنے والا زیادہ عبادت گزار ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعبد الناس اکثر هم تلاوة للقرآن))

(الجامع: 37/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں سے زیادہ عبادت گزار وہ ہے جو تلاوت قرآن کریم زیادہ کرتا ہو۔''

جس کو بیان کرتے ہوئے چھینک آئے وہ بات سچی ہوتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اصدق الحدیث ما عطس عنده))

(مجمع: 59/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ بات سچی ہوگی جس کے بیان کرتے وقت چھینک آجائے۔''

صلح کرانے کے لیے جھوٹ بولنے کا گناہ نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اصلح بین الناس، ولو تعنی الکذب))

(الجامع: 36/1) (الاتحاف: 524/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کے درمیان صلح کرا اگرچہ تجھے جھوٹ بھی بولنا پڑے۔''

دو عمدہ ترین نام

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اصوب الا سماء عبد الله و هشام))

(مسند فردوس

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ناموں میں عمدہ صحیح نام "عبداللہ" اور "ہشام" ہیں۔"

دعوت طعام اس کے لیے جو محبوب ہو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اضعف بطعامك من تحب فی الله))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی دعوت طعام کر جسے تو اللہ کیلئے دوست رکھتا ہے۔"

اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے والا عقلمند ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اطع ربك تسمیه عاقلا، ولا تعصه تسمی جاهلا))

(حلیۃ:345/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رب کی اطاعت کر عقلمند کہلائے گا۔ اس کی نافرمانی نہ کر! ورنہ جاہل کہلائے گا۔"

کھانا کھلانا اور سلام پھیلانا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اطعم الطعام، وافش السلام))

(مجمع:17/5، وبیہقی:158/10، وابن حبان:642)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طعام کھلا اور سلام پھیلا۔"

پیر کے روز طلب علم کرو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اطلبوا العلم یوم الاثنین، فانه میسر لطلبه))

(جامع:37/1)(تاریخ اصفہان:348/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پیر کے روز علم طلب کرو کیونکہ یہ روز طلب علم کو آسان کرتا ہے۔"

طلب علم چین میں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اطلبوا العلم ولو بالسین، فبان طلبه فریضة علی کل مسلم))

(الاتحاف:98/1و129و143، وکنز:28697, 28698)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم دین طلب کرو اگرچہ چین میں ہو کیونکہ علم طلب کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔"

اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار جو پہلے سلام کہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اطوعکم لله الذی یبدأ صاحبه بالسلام))

(مجمع:32/8)(الجامع:37/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں اللہ کا زیادہ فرانبردار وہ ہے جو اپنے ساتھی کو سلام پہلے کہے۔"

فرمان بردار عورتیں زیادہ اجر والی ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اطوعکن طاعة اعظمکن اجرا))

(مجمع:4/...)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں زیادہ فرمانبردار تم میں زیادہ اجر والی ہیں۔''

ہاتھ کی کمائی اور نیک عمل عمدہ کمائی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطيب الكسب عمل الرجل بيده، وكل عمل مبرور))

(کنز العمال:(...9196)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمدہ ترین کمائی انسان کا اپنے ہاتھ کا عمل ہے اور ہر نیک عمل بھی۔''

سرد اور میٹھا پانی عمدہ شربت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطيب الشراب الحلو البارد))

(احمد:333/1 و38/1 و40، والجامع:37/1...)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پینے میں سے عمدہ سرد اور میٹھا پانی ہے۔

جہاد فی سبیل اللہ میں حاصل ہونے والا حصہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اطيب كسب الرجل سهمة فى سبيل الله))

(کنز:(9232)، وسنن سعید بن منصور:(2886) والجامع:37/1...)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کی کمائی کا وہ حصہ عمدہ ہے جو جہاد فی سبیل اللہ میں حاصل ہوتا ہے۔''

احسان کیا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعبد الله كانك تراه، فان لم تكن تراه، فانه براك))

(احمد:132/2، وبخاری فی: الایمان:(37) ومسلم فی: الایمان:(57...)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی ایسی عبادت کر کہ گویا تو اسے دیکھ رہا ہے اور اگر تو نہیں دیکھتا تو وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔''

دنیا کو آباد مت کرو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعبروها، ولا تعمروها))(طبرانی :21/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا سے گزر جاؤ اور اسے آباد مت کرو۔''

فوت شدہ ماں کی طرف سے غلام آزاد کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعتق عن امك))(الجامع :38/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی والدہ کی طرف سے کوئی غلام آزاد کر۔''

رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعتكاف عشر فى رمضان كحجتين وعمرتين))

(معجم طبرانی...

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف دو حجوں اور دو عمروں کے برابر ہے۔"

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعجل الطاعات ثوابا صلة الرحم))

(مغنی عن حمل الاسفار: 215/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب عبادتوں سے جلدی ثواب والی عبادت صلہ رحمی ہے۔"

آدمی کا سب سے بڑا دشمن

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعدی عدوك نفسك التی بین جنبیك))

(کشف الخفاء: 143/1، والاتحاف: 206/7)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب دشمنوں سے زیادہ دشمن تیرا اپنا نفس ہے جو تیرے دو پہلوں کے درمیان میں ہے۔"

بیٹوں کے درمیان مساوات قائم کرنا

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعدلوا بین ابنائکم، اعدلوا بین ابنائکم))

(ابوداود: رقم: (3544)، وبخاری: 206/3، ومسلم فی الھبات: (13)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بیٹوں میں مساوات قائم کرو، اپنے بیٹوں میں مساوات قائم کرو۔"

عجائب قرآن پر غور

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعربوا القرآن، والتمسوا غرائبه))

(الجامع: 38/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن کو درست پڑھا کرو اور اس کے عجائبات کو تلاش کرو۔"

عورتوں کو انتہائی مہنگا لباس نہ پہننا چاہیے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعروا النساء یلزمن الحجال))

(کشف الخفاء: 159/1، واللسان 195/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کو (قیمتی) لباس نہ دو تا کہ وہ اپنے گھروں میں بیٹھا کریں۔"

تکلیف دہ چیز کو مسلمان کی راہ سے دور کرنا

(قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعزل الاذی عن طریق المسلمین))

(مسلم فی: الزکوۃ: (56) وبخاری فی: المظالم: (24) والجھاد: (128)، وابن ماجہ: (3681)، واحمد: 420/4و423،
ۃ: (1906)، والاتحاف: 254/6، ومغنی: 192/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تکلیف دہ چیز کو مسلمان کی راہ سے دور کرو۔"

بلاحساب صدقہ کرنا

(قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعط ولا تحص، فیحسی الله علیك))

(بخاری فی: الزکاۃ: (21) والھبۃ: (15)، ومسلم فی: الزکاۃ: (89,88) والنسائی فی: الزکاۃ: (62)، واحمد: 71/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ دے اور گن مت ورنہ اللہ بھی تجھ کو گن کر دے گا۔"

سائل کسی حال میں بھی ہو اُسے دینا چاہئے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطوا السائل وان جاء علی فرس))

(عبدالرزاق: (20017)، والاتحاف: 102/9

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سائل کو دیا کرو اگرچہ گھوڑے پر سوار ہو کر ہی آئے۔"

مساجد کا حق

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطوا المساجد حقھا رکعتین قبل ان تجلسوا))

(الجامع: 38/9 وابن خزیمۃ: (1833)، وابن ابی شیبہ: 340/1

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجدوں کو انکا حق دو۔ (بیٹھنے سے پہلے دو رکعت (تحیۃ المسجد) پڑھ لیا کرو۔"

فواتح الکلم اور خواتم الکلم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطیت فواتح الکلم وخواتمہ))

(مطالب: (3824)، والاتحاف: 113/7

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے فواتح الکل اور خواتم الکلم عطاء کیے گیے ہیں۔"

حضرت یوسف کو نصف حسن دیا گیا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطی یوسف شطر الحسن))

(کنز (32400)، وکشف الخفاء 180/1

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یوسف علیہ السلام کو نصف حسن دیا گیا تھا۔"

سارے انسانوں کو آدھا حسن دیا گیا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعطی یوسف شطر الھسن ، ومن سواہ شطرہ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یوسف علیہ السلام کو آدھا حسن دیا گیا اور باقی آدھا دوسروں کو۔"

آیت الکرسی بڑی شان والی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعظم آیۃ فی القرآن آیۃ الکرسی))

(مسلم فی: المسافرین: (258)، وابوداؤد فی: الحروف: (35)، والدارمی فی: فضائل القرآن: (14)، واحمد: 58/5، 142

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن میں سب سے بڑی شان والی آیت آیۃ الکرسی ہے۔"

جھوٹی زبان سب سے بڑا گناہ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعظم الخطایا اللسان الکذوب))

(الجامع: 1/...

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے بڑا گناہ جھوٹی زبان ہے۔''

سب سے زیادہ برکت والی عورت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعظم النساء برکة اخفهن موئة))
(مجمع:255/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں میں بڑی برکت والی وہ ہے جس کا حق مہر ہلکا ہو۔''

زیادہ برکت والا نکاح

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعظم النکاح برکة ایسره موئة))
(حلیہ:257/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زیادہ برکت والا وہ نکاح ہے جس کا خرچہ کم ہو۔''

اپنے خادم سے روزانہ ستر مرتبہ درگزر کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعف عن الخادم کل یوم سبعین مرة))
(ابوداود:(5164)، وکنز:(25084)، ومشکوۃ:(3368, 3166)

اپنے خادم سے روزانہ ستر دفعہ درگزر کرو۔''

اللہ تعالیٰ کی امداد صالح تاجروں کے ساتھ ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعلم ان عون الله مع صالحی التجار))
(درمنثور:142/2و260)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو جان لے کر خدا کی امداد صالح تاجروں کے ساتھ ہے۔''

اعتکاف کے ساتھ روزہ رکھنا لازم ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعتکف و صم))
(ابوداؤد:(2474)، ونصب الرایہ:287/2، وابن عدی:1529/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اعتکاف کر اور روزہ رکھ۔''

عمامہ باندھنا اس امت کا اعزاز ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اعتموا خالفوا علی الامم قبلکم))
(الجامع:38/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پچھلی امتوں کے خلاف کرتے ہوئے پگڑیاں باندھو۔''

دعا کے لیے عاجزانہ ہاتھ اُٹھانا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یرفع یدیه علی الابتهال هکذا))

(المسانید:269/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں ہاتھ عاجزانہ دعا کے وقت اس طرح اٹھاتے تھے۔''

دلدل خچر پر سواری

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یرکب فی اسفاره یغلته دلدل))

(مسند اسحاق بن راہویہ)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں دلدل خچر پر سوار ہوتے تھے۔''

ایام منیٰ میں بیت اللہ کو دیکھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یزور البیت ایام منی))(بخاری 214/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایام منیٰ میں بیت اللہ شریف کی زیارت کیا کرتے تھے۔''

دانتوں کے عرض میں مسواک کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یستاك عرضاً، و یشرب مصاً))

(کنز:26974)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دانتوں کے عرض پر مسواک کیا کرتے تھے اور پانی کو چوس کر پیتے تھے۔''

ایک رات میں کئی مرتبہ مسواک کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یستاك فی اللیل مراراً))(مجمع:99/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو کئی مرتبہ مسواک کیا کرتے تھے۔''

باغات میں نفلی نماز پڑھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یستحب الصلاة فی الحیطان))

(ترمذی رقم:334)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باغات میں نماز پسند فرماتے تھے۔''

نماز سے فارغ ہو کر دائیں اور بائیں سلام پھیرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یسلم عن یمینه وعن شماله))

(طبرانی:157/10، ابن ماجۃ:(314-916)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دائیں اور بائین جانب سلام پھیرا کرتے تھے۔''

حضرت ابوبکر صدیق سے نبی کریم کی مشاورت

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یشمر عند ابی بکر اللیلة فی الامر من امور المسلمین))

(نسائی رقم:(99

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جناب ابوبکر کے پاس مسلمانوں کے معاملات میں مشورہ فرمایا کرتے تھے۔"

حضور کو ریح سے سخت تکلیف ہوتی تھی

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یشتد علیہ ان یوجد منہ الریح))

(الجامع:98/2)(بخاری:34/9)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بو رہونے سے سخت تکلیف ہوتی تھی۔"

حضور کا نماز میں اشارہ کرنا

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یشیر فی الصلاۃ))

(حاکم:12/3)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں اشارہ کرتے تھے(بعد میں یہ اجازت ختم ہوگئی)۔"

بلی کے لیے وضو کے پانی کا برتن ٹیڑھا کرنا تا کہ وہ پی لے

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصغی للھرۃ الاناء فتشرب ، ثم یتوضأ بفضلہ))

(الجامع:98/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلی کیلئے برتن ٹیڑھا کرتے کہ پانی پی لے پھر اس کے بچے ہوئے سے وضو کرتے تھے۔"

بکریوں کے باڑے میں نماز پڑھنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی فی مرابض الغنم))

(بخاری:117/1،مسلم فی:المساجد:(10)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بکریوں کے باڑہ میں نماز پڑھ لیا کرتے تھے۔"

عید کی نماز قبل از خطبہ

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی العید قبل الخطبۃ))

(بخاری فی:العبدین:(807)،مسلم فی:العیدین:(8,6,2,1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید کی نماز خطبہ سے پہلے پڑھا کرتے تھے۔"

نماز چاشت اور حضور کا عمل

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الضحی ثمان رکعات))

(جامع البیان للطبرانی)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز آٹھ رکعت پڑھا کرتے تھے۔"

چھ رکعت نماز چاشت

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی الضحی ست رکعات))

(ترمذی فی: الشمائل: (152)، الجامع: 98/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز چھ رکعت بھی پڑھتے تھے۔''

عصر سے پہلے چند رکعات پڑھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی رکعات قبل العصر))

(مشکوۃ: (1171)، ترمذی: (429))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر سے پہلے چند رکعت پڑھا کرتے تھے۔''

قبل از نمازِ عصر دو رکعات پڑھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی قبل العصر رکعتین))

(جامع ابوداود: 98/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر سے پہلے دو رکعت پڑھتے تھے۔''

چٹائی اور دباغت دیئے ہوئے پوستین پر نماز ادا کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی علی الحصیر والفروة المدبوغة))

(ابوداود فی: الصلاۃ: (93)، الجامع: 98/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چٹائی اور دباغت دیئے ہوئے پوستین پر نماز پڑھا کرتے تھے۔''

مغرب اور عشاء کے درمیان نفلی نماز ادا کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی بین المغرب والعشاء))

(الجامع: 98/2)(کنز: (17543))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب اور عشاء کے درمیان نفل نماز پڑھا کرتے تھے۔''

عاشورہ کا روزہ رکھنا اور اس کا حکم دینا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصوم یوم عاشورا، ویأمر به))

(بخاری فی: الصوم: (69)، مسلم فی: الصیام: ...)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود عاشورا کا روزہ رکھتے اور اوروں کو رکھنے کا امر فرماتے تھے۔''

ہر ماہ کی ابتدا میں تین روزے رکھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصوم من غرة کل شهر ثلاثة ایام))

(ترمذی، رقم: ...)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر ماہ کی ابتداء میں تین روزے رکھا کرتے تھے۔''

تمام کنبہ کی طرف سے ایک بکری کی قربانی

ن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یضحی بالشاۃ الواحدۃ عن جمیع اھلہ))
(بخاری: 98/9)

ی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک بکری کی تمام کنبہ کی طرف سے قربانی کرتے تھے۔"

شراب نوشی کے جرم میں جوتی اور چھڑی سے مارنا

ن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یضرب فی الخمر بالنعال والجرید))
(مسلم فی الحدود: (37)

ی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شراب نوشی کے جرم میں جوتی اور چھڑی سے مارا کرتے تھے۔"

سجدہ میں پیشانی کے ساتھ ناک بھی زمین پر رکھنا

ن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یضع انفہ علی الارض مع جبھتہ))
(مسند ابی لیلی الموصلی)

ی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کے وقت پیشانی کے ساتھ ناک بھی زمین پر رکھ دیتے تھے۔"

گھوڑوں کو موٹا کرنے کے بعد تیزی اور پھرتی کے لیے دُبلا کرنا

ن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یضمر الخیل))

(ابوداود: (2576)، الجامع: 98/2)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑوں کو بعد موٹا کرنے کے دبلا کرتے تھے۔"

ایک ہی غسل سے کئی بیویوں سے ہم بستر ہونا

ن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یطوف علی نسائہ فی اللیلۃ الواحدۃ بغسل واحد))
(الاتحاف: 369/5، مسلم فی: الحیض: (28)، احمد: 225/3)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک شب میں ایک ہی غسل سے کبھی کبھی تمام ازواج سے ہمبستر ہوتے تھے۔"

پہلے رکعت کو دیگر رکعات سے طویل کرنا

ن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یطیل الرکعۃ الاولی فی الصلوات کلھا علی غیرھا))
(بخاری فی: الاذان: (109)، نسائی فی: الافتتاح۔ (60,59,58,56)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رکعت اول کو نماز کی باقی تمام رکعتوں سے دراز کیا کرتے تھے۔"

مالِ غنیمت اور سوار و پیدل غازی

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسھم للفارس سھمین، والراجل سھماً))
(کنز: (11549)، دار قطنی: (103/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (مال غنیمت میں) سوار کو دو حصے اور پیادہ کو ایک حصہ دیا کرتے تھے۔''

حضور اپنے پیٹ پر بسبب بھوک پتھر باندھا کرتے تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یشد سلبه بالحجر من الغرث))

(الجامع:2/...

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی پشت کو بھوک کی وجہ سے پتھر سے مضبوط کرتے تھے۔''

عورتوں سے کپڑے کے ساتھ بیعت لینا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصافح النساء من تحت الثوب))

(کنز:(1850/1)، مجمع:6/...

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں سے کپڑے کے ساتھ بیعت لیا کرتے تھے۔''

عصر سے پہلے چار رکعات سنت

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی قبل العصر اربع رکعات))

(ترمذی:...

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر سے پہلے چار رکعت (سنت) پڑھتے تھے۔''

چٹائی پر نماز ادا کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی علی الخمرة))

(بخاری: فی: الحیض (30)، والصلاة (21,19)، مسلم فی المساجد:...

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چٹائی پر نماز پڑھا کرتے تھے۔''

دری پر نماز پڑھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی علی الحصیر))

(کنز:(17945)، ابوداود فی: الصلاة: باب...

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دری پر نماز پڑھا کرتے تھے۔''

بچھونے پر نماز پڑھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی علی بساط))

(کنز:(17946)، ابن ماجہ:...

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بچھونے پر نماز پڑھا کرتے تھے۔''

ہر ہفتے دو رکعت نفل پڑھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی لکل اسبوع رکعتین))(طبرانی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر ہفتے کیلئے دو رکعت پڑھا کرتے تھے۔"

دوستوں کی خدمت کرنے والے کا جنازہ

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی علی الرجل یخدم اصحابه))
(کنز:(18024)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص پر نماز جنازہ پڑھتے جو اپنے ہمراہیوں کی خدمت کرتا۔"

پیر اور جمعرات کا روزہ رکھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصوم الاثنین والخمیس))(احمد:200/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیر اور جمعرات کا روزہ رکھا کرتے تھے۔"

حضور کی مسکراہٹیں

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یضحك حتی تبدو نواجذه))
(بخاری فی: الادب:(68) والرقاق:(51)، مسلم فی: الایمان:(308, 309, 314)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی اس قدر ہنستے کہ آپ کی کچلیاں ظاہر ہو جاتیں۔

شراب خوری کی حد...... اسی کوڑے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یضرب فی الخمر ثمانین))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شراب خوری میں اسی کوڑے مارا کرتے تھے۔"

سجدہ میں دونوں ہتھیلیوں کے درمیان چہرہ رکھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یضع وجهه اذا صلی بین کتفیه))
(کنز:(22230)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے وقت دونوں ہتھیلیوں کے درمیان منہ رکھ دیتے۔"

سر کو مشک کی خوشبو لگانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یضمخ رأسه بالمسك))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر کو مشک سے خوشبو کیا کرتے۔"

عید الفطر کے دن عید گاہ جانے سے پہلے کچھ کھانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یطعم یوم الفطر قبل ان یخرج الی المصلی))
(کنز:(24542)، مجمع:199/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید گاہ کو نکلنے سے پہلے فطر کے دن کچھ کھا لیا کرتے۔"

عمدہ خواب پسند ہونا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعجبه الرو الحسنة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عمدہ خواب پسند تھے۔''

حنا کے پھول سے محبت

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعجبه الفاغية))(مجمع :157/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حنا کا پھول محبوب تھا۔''

رات کی نفلی نماز میں تہجد کی نماز کا محبوب ہونا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعجبه التهجد من الليل))
(کنز:(17992)(الجامع:99/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رات کی نمازوں میں نماز تہجد پسند تھی۔''

دستی اور شانے کا گوشت پسند ہونا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعجبه الذر اعان و الكتف))
(کنز:(18171)،الاتحاف:120/7،الجامع:99/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دستیوں اور شانوں کا گوشت پسند تھا۔''

حضور کی نارنج دیکھنا پسند تھا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعجبه النظر الى الاترج))
(کنز:(18460)،مجمع:67/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نارنج دیکھنا اچھا لگتا تھا۔''

پوشیدہ برتن کا محبوب ہونا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعجبه الا ناء المنطبق))
(کنز:(18220)،ابن ابی شیبہ:24/8،الجامع:99/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پوشیدہ برتن پسند تھا۔''

سبزہ اور جاری پانی کو دیکھنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعجبه النظر الى الخضرة و الماء الجارى))
(الجامع:99/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سبزہ اور پانی جاری کا دیکھنا مرغوب تھا۔''

اونٹنی کو بطور سترہ بٹھا کر نماز پڑھنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعرض راحلتہ، فیصلی الیھا))

(بخاری: 135/1، مسلم فی: الصلاۃ: (247)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اونٹنی کو سامنے بٹھا کر نماز پڑھتے۔"

انگلیوں پر تسبیح شمار کرنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعقد التسبیح))

(کنز: (17912)، والجامع: 99/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تسبیح کو انگلیوں سے شمار کرتے تھے۔"

بیمار پرسی کرنا، جنازہ کے ہمراہ جانا اور غلام کی دعوت قبول کرنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعود المریض، ویشیع الجنازۃ، ویجیب وۃ المملوک))(ترمذی: رقم: (1017)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار پرسی کرتے، جنازہ کے ہمراہ جاتے اور غلام کی دعوت قبول کرتے تھے۔"

عیدین اور یوم عرفہ کو غسل کرنا سنت ہے

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یغسل یوم الفطر، و یوم النحر، ویوم عرفۃ))

(الجامع: 99/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر، عید الاضحیٰ اور عرفہ کے روز غسل کیا کرتے تھے۔"

پیشاب اور پاخانہ کے اثر تک کو دھونا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یغتسل اثر الغائط والبول))

(مصنف لابن ابی شیبۃ)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چھوٹے بڑے پیشاب کے نشان تک کو دھو دیا کرتے تھے۔"

بُرے نام کو بدلنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یغیر الاسم القبیح))(ترمذی: (2839)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برے نام کو بدل دیا کرتے تھے۔"

نماز مغرب پڑھنے سے قبل روزہ افطار کرنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یفطر قبل الصلاۃ))(کنز: (24398)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز مغرب سے پہلے افطار کیا کرتے تھے۔"

عید الفطر کے دن کھجوریں کھا کر عید گاہ جانا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يفطر يوم الفطر على تمرات، ثم يغدو))
(الحاکم:294/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر کے روز کھجور کھا کر نماز عید کو جاتے۔''

حضور کا اپنے کام خود کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يفلي ثوبه، ويحلب شاته، ويخدم نفسه))
(الجامع:99/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کپڑے سے جوئیں نکالتے اپنی بکری کا دودھ نکالتے اور اپنا کام خود کرتے۔''

حالت روزہ میں بوسہ لینا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقبل وهو صائم))
(مسلم فی الصیام(65, 66, 70, 71, 72, 73

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حالت روزہ میں بوسہ لے لیتے تھے۔''

حجر اسود کا بوسہ لینا اور اس پر سجدہ کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقبل الحجر، ويسجد عليه))
(مجمع:241/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجر اسود کو بوسہ دیتے اور اس پر سجدہ کرتے تھے۔''

شریر قوم کو مطیع کرنے کے لیے اُن سے نرمی کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقبل بوجهه على شر القوم بتألفه))
(الجامع:99/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شریر قوم کو زیر الفت کرنے کو ان کی طرف رخ کر لیتے تھے۔''

حضور کو حلوا اور شہد پسند تھا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعجبه الحلواء والعسل))
(بخاری:159,143، ومسلم فی:الرضاع:(38

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حلوا اور شہد پسند تھا۔''

تین مرتبہ دعا مانگنا اور تین مرتبہ استغفار کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعجبه ان يدعو، وان يستغفر ثلاثا))
(ابوداود:(1524

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تین مرتبہ دعا مانگنا اور استغفار کرنا پسند تھا۔"

عمدہ خوشبو کو پسند کرنا سنت ہے

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعجبہ الریح الطیبۃ))

(کنز:(18296)، واحمد:144/6، 219، والحاکم:188/4-189)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عمدہ خوشبو پسند تھی۔"

زوال کے وقت جنگ کرنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعجبہ ان یلقی العدو عند الزوال))

(جامع:66/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بوقت زوال دشمن سے جنگ کرنا پسند تھا۔"

سرخ کبوتر دیکھنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعجبہ النظر الی الحمام الاحمر))

(کنز:(38312)(مجمع:67/4)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سرخ کبوتر دیکھنا پسند تھا۔"

پیتل کے برتن سے وضو کرنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعجبہ ان یتو ضامن مخضب من صفر))

(کنز:(17839)(الجامع:99/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیتل کے لگن سے وضو کرنا پسند تھا۔"

نماز میں آیات کو شمار کرنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعد الایت فی الصلاۃ))(الجامع 99/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں (دل میں) آیات کو شمار کرتے تھے۔"

رسول اللہ کے جسم سے خوشبو پھوٹتی

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعرف منہ ریح الطیب اذا اقبل))

(الجامع:99/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب آتے آپ سے خوشبو آتی۔"

کسی کو بقدر عیال کے دینا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعطی العطاء علی مقدار العیلۃ))

(المغنی:221/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بقدر عیال دیتے تھے۔''

حالت اعتکاف میں بیمار پرسی کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعود المريض وهو معتكف))

(ابن سعد:95/2/1،والجامع:99/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حالت اعتکاف میں بیمار پرسی کیا کرتے تھے۔''

تفہیم کے لیے تین مرتبہ گفتگو دہرانا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعيد الكلمة ثلاثاً، لتعقل عنه))

(ترمذی:(3640)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گفتگو کو تین مرتبہ دہراتے تاکہ آپ کی (گفتگو) سمجھا جائے۔''

عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن غسل کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يغتسل يوم الفطر و يوم الاضحى))

(مجمع الزوائد:رقم:(1315)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے روز غسل کیا کرتے تھے۔''

تین دفعہ استنجاء کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يغسل مقعده ثلاثاً))(ابن ماجه:رقم(356)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے استنجا کی جگہ کو تین دفعہ دھویا کرتے تھے۔''

بسم اللہ سے نماز شروع کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يفتتح صلاته بسم الله))(ترمذی:رقم:(245)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کو بسم اللہ (پڑھ کر تکبیر) سے شروع کرتے تھے۔''

کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کے درمیان تھوڑا رکنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يفصل بين المضمضة والا ستنشاق))

(ابوداود:رقم:(139)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کے درمیان فصل کیا کرتے تھے۔''

حالت سفر میں روزہ رکھنا اور چھوڑ دینا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يفطر في السفر ويصوم))(مسانيد:778/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حالت سفر میں روزہ رکھتے بھی تھے اور چھوڑ بھی دیتے تھے۔''

مزدلفہ سے طلوع آفتاب سے پہلے چل پڑنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يفيض من المزدلفة قبل طلوع الشمس))
(معجم طبرانی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مزدلفہ سے طلوع آفتاب سے پہلے چل پڑتے تھے۔"

حضور کا حالت روزہ میں بوسہ لینا اور پھر وضو نہ کرنا

کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقبل وهو صائم، ولا يتوضأ))
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حالت روزہ میں بوسہ لیتے تھے اور وضو نہیں کرتے تھے۔"

حالت احرام میں بوسہ لینا

کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقبل وهو محرم))(الجامع 99/2)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حالت احرام میں (بیوی کا) بوسہ لے لیتے تھے۔"

عید کی نماز میں سنت قرأت

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ في العيد۔ (بقاف) و (اقتربت))
(مجمع:204/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید کی نماز میں سورۂ قاف اور اقتربت پڑھا کرتے تھے۔"

نماز فجر میں سنت قرأت

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ في الفجر ، اذا الشمس كورت))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر میں سورت "اذا الشمس کورت" پڑھا کرتے تھے۔"

سورۃ قاف نماز فجر میں پڑھنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ في الفجر (بقاف) ونحوها))
(مجمع:119/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر میں سورۃ قاف اور اس کی مثل پڑھا کرتے تھے۔"

نماز صبح میں سورۃ الملک کی تلاوت کرنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ في الصبح، تبارك الذى بيده الملك))
(مسند الدنیا منبع)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز میں سورت "تبارک الذی بیدہ الملک" پڑھا کرتے تھے۔"

حالت روزہ میں سرمہ لگانا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يكتحل وهو صائم بالاثمد))(مجمع 167/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حالت صوم میں اثمد کا سرمہ لگایا کرتے تھے۔''

دائیں آنکھ میں سرمہ کی تین سلائیاں اور بائیں آنکھ میں دو

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکتحل للیمنی ثلاثاً وللیسری ثنتین))
(الاتحاف:415/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دائیں آنکھ میں سرمہ کی تین سلائی ڈالتے اور بائیں میں دو سلائی۔''

بنو ہاشم کی عزت

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکرم بنی هاشم))(مسانید:20/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنی ہاشم کی عزت کرتے تھے۔''

ہوا میں پیشاب کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکرہ البول فی الهواء))(الکامل لابن عدی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہوا میں پیشاب کرنے کو ناپسند کرتے تھے۔''

بوقت جنگ آواز بلند کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکرہ رفع الصوت عند القتال))
(کنز:(18132)، والجامع:100/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوقت جنگ آواز بلند کرنا مکروہ سمجھتے تھے۔''

مسجد میں تیز چھینکنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکرہ العطسة الشدیدة فی المسجد))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تیز چھینکنے کو مکروہ جانتے تھے۔''

گردے کھانا ناپسند

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکرہ الکلیتن لمکانهما من البول))
(الاتحاف:19/6, 121/8، والجامع:100/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گردوں کو بوجہ جائے پیشاب ہونے کے ناپسند سمجھتے تھے۔''

عیدین اور جمعہ میں سرخ چادر پہننا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یلبس بردة الاحمر فی العیدین والجمعة))
(الجامع:100/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سرخ چادر عیدین اور جمعہ میں پہنا کرتے تھے۔''

ہر عید کو سرخ چادر پہننا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یلبس بردة حمراء فی کل عید))
(جامع ابی داود)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر عید کو سرخ چادر پہنا کرتے تھے۔"

سفید ٹوپی پہننا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یلبس قلنسوة بیضاء))(الجامع:100/2)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفید ٹوپی پہنا کرتے تھے۔"

نماز میں تسمیہ پڑھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ بسم اللہ الرحمن الرحیم فی صلاة))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھا کرتے تھے۔"

ہر رات سورۃ بقرۃ اور سورۃ زمر پڑھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ کل لیلة بنی اسرائیل والزمر))
(ابن السنی:(672)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر رات سورۂ بنی اسرائیل اور زمر پڑھا کرتے تھے۔"

بحالت سفر نماز فجر میں معوذتین پڑھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ فی صلاة الفجر فی سفره بالمعوذتین))
(تاریخ اصفہان:173/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بحالت سفر نماز صبح میں معوذتین (آخری دو سورتیں) پڑھا کرتے تھے۔"

سورۃ الصافات اور نماز فجر

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ فی الفجر بالصافات))(صحیح لا بن حبان)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجر کی نماز میں سورت الصافات پڑھا کرتے تھے۔"

سات روز میں قرآن مجید ختم کرنا سنت ہے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ القرآن فی سبع))(نوادر الاصول)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن پاک کو سات روز میں تلاوت کیا کرتے تھے۔"

دعائے قنوت وتر میں رکوع سے پہلے پڑھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقنت فی الوتر قبل الرکوع))
(ابوداود:65/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا قنوت وتر میں رکوع سے پہلے پڑھا کرتے تھے۔''

لبیک بحجۃ وعمرۃ

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول:لبیک بحجة وعمرة معاً))

(تاریخ دمشق لابن عساکر)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لبیک بحجۃ وعمرۃ کہنے کے ساتھ دونوں کی ایک ساتھ نیت کر لیتے۔''

حضور ساری ساری رات نماز پڑھتے رہتے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقوم من اللیل حتی تنطر قدماہ))

(بخاری فی:التھجد (6)،ومسلم فی:المنافقین:(81

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات میں اس قدر نماز پڑھتے کہ دونوں قدم ورما جاتے۔''

حالت صوم میں سرمہ لگانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکتحل وھو صائم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حالت صوم میں سرمہ لگایا کرتے تھے''

داڑھی کو متواتر کنگھی کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکثر تسریح لحیتہ))(سنن ترمذی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم داڑھی کو بہت کنگھی کیا کرتے تھے۔''

حضور کدو بہت کھایا کرتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکثر من اکل الدباء))

(کنز:(41808)،والاخلاق:(214

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کدو بہت کھایا کرتے تھے۔''

پوشیدہ نکاح اور کراہیت

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکرہ نکاح السر حتی یضرب بالدف))

(مجمع:288/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پوشیدہ نکاح کو مکروہ سمجھتے یہاں تک کہ اس پر دف بجایا جائے۔''

نماز میں جمائی لینا مکروہ ہے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یکرہ التثاؤب فی الصلاۃ))(الجامع 100/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں جمائی کو مکروہ جانتے تھے۔''

اپنی انگوٹھی کو بار بار دیکھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یکره ان یری الخاتم))(الجامع: 100/2)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی انگوٹھی دیکھنے کو مکروہ سمجھتے۔"

کھانے کو اس کی چوٹی سے کھانا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یکره ان یؤخذ من رأس الطعام))
(الجامع:100/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھانے کی چوٹی سے کھانے کو مکروہ سمجھتے تھے۔"

گوہ کا گوشت مکروہ

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یکره ان یاکل الضب))(الجامع 100/2)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گوہ کھانے کو مکروہ جانتے تھے۔"

بیٹیوں کا مسنون لباس

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یکسو بناته خمر الخز والایرسم))
(جامع:100/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی لڑکیوں کو ابریشم اور سرخ پشمی ڈوپٹے پہناتے تھے۔"

تنگ آستین والا شامی جبہ

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یلبس جبة شامية، وضيقة الكمين))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شامی جبہ تنگ آستین والا پہنا کرتے تھے۔"

چہرہ اور سینہ ملتزم سے ملنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یلصق صدره ووجهه بالملتزم))
(الجامع:100/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا چہرہ اور سینہ ملتزم سے ملایا کرتے تھے۔"

قرأت کے وقت اونچی آواز کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یمد صوته بالقراءة مداً))
(النسائی فی: الافتتاح:(80)، واحمد:3/131, 192, 289، وابن ماجہ:(1353)، والجامع:100/2)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرأۃ پڑھتے وقت آواز کو اونچا فرمایا کرتے تھے۔"

عورتوں کو سلام کہنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یمر بالنساء، فیسلم علیهن))

(الجامع:100/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں پر گزرتے تو اس کو سلام کہا کرتے۔''

زخم کی پٹی پر مسح کرنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يمسح على الجبيرة))(خطیب :115/11)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زخم کی پٹی پر مسح کیا کرتے تھے۔''

موزہ پر مسح کرنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يمسح على الخفين بالماء في السفر))

(ابوداود فی:الطہارۃ:(63)،احمد:15/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں موزہ پر پانی سے مسح کیا کرتے تھے۔''

سر کے اول حصہ پر مسح کرنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يمسح على ناصية))

(مسلم فی:الطہارۃ:(83,81)والنسائی فی:الطہارۃ:(87,86)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سر کے اول حصہ پر مسح کیا کرتے تھے۔''

حجر اسود کو بوسہ دیتے تلبیہ نہ پڑھنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يمسك عن التلبية في العمرة اذا استلم الحجر))

(ترمذی:رقم:(919)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمرہ میں تلبیہ کہنے سے رک جاتے جب حجر اسود کو بوسہ دیتے۔''

بیوی کی زبان کو چوسنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم يمص اللسان))

(کنز:(18348, 18523)والجامع:400/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (بیویوں کی) زبان کو چوستے تھے۔''

اول شب سونا اور آخر شب جاگنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم ينام اول الليل، ويحيى آخره))

(بخاری:66/2،ومسلم فی:صلاۃ المسافرین:(129)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اول شب کو سوتے اور آخر شب کو جاگا کرتے۔''

حضور کا سو کر اُٹھنے پر نماز پڑھنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم ينام حتى ينفخ، ثم يقوم فيصلي))

(ابن ماجۃ:(474)،والجامع:100/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوتے یہاں تک کہ اونچی سانس کی آواز آنے لگتی، پھر اٹھ کر نماز پڑھتے۔"

نماز میں سلام کے بعد دائیں طرف پھرنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینصرف من الصلاۃ عمن یمینہ))

(الجامع:100/2)(مسلم فی:صلاۃ المسافرین:(61)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز (کے سلام) کے بعد دائیں طرف کو پھرتے تھے۔"

نماز میں پاؤں کے اول حصہ پر ٹیک لگا کر کھڑا ہونا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینھض فی الصلاۃ علی صدور قدمیہ))

(ترمذی:رقم:(288)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں اپنے پاؤں کے اول حصہ پر ٹیک دے کر کھڑے ہوتے تھے۔"

عورتوں کو جنازہ پر جانے سے منع کرنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینھی النساء عن اتباع الجنائز))

(بخاری فی:الجنائز:(29)،ومسلم فی:الجنائز:(35,34)،وابوداود فی:الصلاۃ:(241)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کو جنازے کے پیچھے جانے سے منع فرماتے تھے۔"

ایک سحری سے دوسری سحری کو ملانا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یواصلمن السحر الی السحر))

(مجمع:158/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک سحری سے دوسری سحری تک (روزے کا) وصال کیا کرتے تھے۔"

تین رکعات پڑھ کر سلام پھیرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلاث لا یسلم الا فی آخرھن))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعت پڑھتے اور انکے آخر میں سلام پھیرا کرتے تھے۔"

اول، وسط اور اخیر شب میں وتر پڑھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یوتر من اول اللیل و اواسطہ و آخرہ))

(بخاری فی الوتر:(2)،ومسلم فی:المسافرین:(136)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اول شب وسط شب اور اخیر شب میں وتر پڑھا کرتے تھے۔"

وتر بعد از نماز عشاء پڑھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بعد العشاء بثلاث رکعات))

(ابوداود:(1322)،والسنی فی قیام اللیل:(38)،واحمد:89/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد عشاء تین رکعت وتر پڑھا کرتے تھے۔''

بحالت سفر وتر سواری پر پڑھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یوتر علی راحلته))

(بخاری:32/2،ومسلم فی:صلاۃ المسافرین:(36-38)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر کو اپنی سواری پر پڑھا کرتے تھے۔''

حضور اپنے بجائے دوسرے پر ایثار کرتے تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یوثر علی نفسه))(سنن کبری للامام البیهقی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بجائے دوسرے پر ایثار کرتے تھے۔''

رمضان کے آخری عشرہ میں اہل وعیال کو عبادت کے لیے بیدار کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یوقظ اهله من العشر الاواخر من رمضان))

(کنز:(24469)،والترمذی:(795)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے عشرہ آخیر میں اپنے اہل کو (عبادت کیلئے) بیدار کیا کرتے تھے۔''

ہاتھی کے دانت کی کنگھی سے کنگھا کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یمتشط بمشط من عاج))

(سنن کبری للامام البیہقی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہاتھی دانت کی کنگھی سے کنگھا کیا کرتے تھے۔''

وضو میں کانوں کا مسح کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یمسح اذنیه ظاهر هما وباطنهما فی الوضوء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو میں کانوں کے اندر اور باہر کا مسح کیا کرتے تھے۔''

جرموق (موزوں) کے اوپر مسح کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یمسح علی الجرموقین))(ابو داود:رقم:(159)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جرموق کے اوپر مسح کیا کرتے تھے۔''

موزوں کی پشت پر مسح کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یمسح علی ظهر خفیه))

(ابوداود:رقم:(160)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موزوں کی پشت پر مسح کیا کرتے تھے۔''

زیوراور ریشم سے منع کرنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یمنع اھلہ الحلیۃ والحریر))

(النسائی فی: الزینۃ: (38)، والحاکم: 191/4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اہل کو زیوراور ریشم سے منع فرمایا کرتے تھے۔"

قربانی کو عیدگاہ میں ذبح کرنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینحر اضحیتہ بالمصلی))(مسند امام احمد)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قربانی کو عیدگاہ میں ذبح کیا کرتے تھے۔"

عصر کی نماز کے بعد نوافل پڑھنا منع ہے

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینھی عن الرکعتین بعد العصر))

(الجامع: 492/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کے بعد دو رکعت (یعنی نوافل) پڑھنے سے منع فرمایا کرتے تھے۔"

حرم سے خشک گھاس اُکھیڑنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینھی ان یحتش فی الحرم))(المختارۃ للضیاء)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حرم کے اندر خشک گھاس کھیڑنے سے منع فرماتے۔"

مسلسل روزے رکھنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یواصل، وینھی عن الوصال))

(ابوداود: فی: الصوم: (24)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خود صوم وصال (مسلسل بلا فاصلہ روزے) رکھتے اور دوسروں کو منع کرتے تھے۔"

وتر میں قبل از رکوع دعائے قنوت پڑھنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلاث، ویجعل القنوت قبل الرکوع))

(معجم طبرانی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعت وتر پڑھتے اور رکوع سے پہلے قنوت پڑھا کرتے تھے۔"

تین رکعات وتر بغیر سلام کے

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلاث لا یفصل بینھن))

(الجامع: 156/6)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین رکعت وتر (درمیان میں) بغیر اسلام پھیرنے کے پڑھا کرتے تھے۔"

حضور کا آخری کلام

((کان آخر ماتکلم بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جلال ربی الرفیع، فقد بلغت ، ثم قضی))(مجمع:57/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اخیر کلام یہ تھا اللہ کی بزرگی بہت بلند ہے پھر رحلت فرما گئے۔"

سو ضعیف اور سو لگام باندھنے والے نوجوان

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :لان اقدم سقطاً احب الی من مائۃ مثلثم))
(بیہقی فی شعب الایمان)۔

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے سو ضعیفوں کو آگے بھیجنا مجھ کو سو لگام باندھنے والے جوانوں سے پسند تر ہے۔"

شعر اور پیپ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :لان یمتلی ء جوف احد کم قیحاً، حتی یریہ، خیرلھم ان یمتلی ء شعراً))

(البخاری:45/8،ومسلم فی:الشعر:(10,9,8,7

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا پیٹ پیپ سے بھر جانا اس سے بہتر ہے کہ شعر سے بھر جائے۔"

کسی کے لیے ہدایت کا سبب بننا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :لان یھدی اللہ علی یدیک رجلاً خیر لک مما طلعت علیہ الشمس))(الجامع 102/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک شخص کا تیرے سبب ہدایات یاب ہونا تیرے لئے تمام عالم سے بہتر ہے۔"

قبر کو پامال کرنا چنگاری میں پاؤں رکھنے سے بھی زیادہ بُرا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لان اطا علی جمرۃ احب الی من ان اطاعلی قبر))
(الجامع:101/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قبر کو پامال کرنے سے میرے لئے بہتر ہے کہ میں چنگاری کو روندوں۔"

اولاد کو ادب سکھانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یودب الرجل ولدہ خیر لہ من ان یتصدق بصاع))
(ترمذی:رقم:(1951))(الجامع:101/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی اولاد کو ادب سکھانا ایک صاع صدقہ دینے سے بہتر ہے۔"

حضرت ابو عبیدہ کی امانت داری کی گواہی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :لا بعثن علیکم الامین، یعنی :ابا عبیدہ))

(حاکم:265/3)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوعبیدہ کے حق میں فرمایا کہ میں تم پر ایک امین شخص بھیجوں گا۔"

چچا کے لیے مغفرت کی دعا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :لا ستغفر لك ما لم انه، قاله لعمه))

(بخاری:66/5, 141/6، ومسلم فی:الایمان:(180/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک مجھے منع نہ کیا جائے میں تیرے لئے مغفرت طلب کروں گا یہ اپنے چچا ابو ب سے فرمایا۔"

نو محرم کو روزہ رکھنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لئن عشت الی قابل لا صومن التاسع))

(صحیح مسلم فی:الصیام:(132, 134)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میں آئندہ سال تک زندہ رہا تو نومحرم کو روزہ رکھوں گا۔"

اطاعتِ الٰہی کے لیے حاضر ہونا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لبیك الہ الحق))

(نسائی:161/5، وابن ماجۃ:(2920)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیا: اے اللہ! اے برحق! میں تیری طاعت کیلئے حاضر ہوں۔"

امن وامان کا دور دورہ

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لتخرجن الضعینۃ من المدینۃ حتی تدخل یرۃ لا تخاف احداً))(طبرانی 237/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب کجاوہ نشین عورت مدینہ سے نکل کر حیرہ میں جاسکے گی اور کسی سے اس کو ف نہ ہوگا۔"

جہنم کا دروازہ اور تخریبی گروہ

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لجھنم سبعۃ ابواب ، باب منھا لمن سل سیف علی امتی))(احمد 94/2، وترمذی:(3123)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم کے سات دروازے ہیں ایک ان لوگوں کیلئے ہے جنہوں نے میری امت پر ارنکالی۔"

بانجھ عورت کی مثال

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لحصیر فی ناحیۃ البیت خیر من امراۃ لا تلد))

(مغنی:26/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جوعورت اولاد پیدا نہ کرے اس سے بہتر چٹائی وہ ٹکڑا ہے جو گھر کے کونے میں پڑا ہے۔''

مسلمان کا قتل اور تمام دنیا کا زوال

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لزوال الدنيا اهون عند الله من قتل مسلم))

(ترمذی:رقم:(1395)،والنسائی:82/7،والجامع:102/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان کے قتل سے تمام دنیا کا زوال اللہ کے نزدیک آسان ہے۔''

حضور باطل سے الگ تھلگ ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لست من الباطل، ولا الباطل منى))

(دیلمی:465/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ میں باطل ہوں نہ باطل مجھ سے ہے۔''

جہاد فی سبیل اللہ کا سفر اور پچاس نفلی حج

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم السفرة فى سبيل الله خير من خمسين حجة))

(الجامع:1022)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ کا ایک سفر پچاس نفلی حجوں سے بہتر ہے۔''

حضرت ابوطلحہ کی آواز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لصوت ابى طلحة فى الجيش خير من فئة))

(الصحیحہ:1916)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوطلحہ کی آواز لشکر میں فوج سے بہتر ہے۔''

تر چھڑیوں کی وجہ سے عذاب قبر میں کمی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعله يخفف عنهما مالم ييبسا))

(بخاری:164,65/1، 20/8، 21،ومسلم:فی الطہارۃ:(111))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شاید یہ عذاب قبر ان سے ہلکا کیا جائے جب تک کہ یہ چھڑیاں سوکھ نہ جائیں۔''

رشوت لینے اور دینے والے دونوں ملعون ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعنة الله على الراشى والمرتشى))

(ابن ماجہ:(2313)،والجامع:103/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رشوت دینے اور لینے والے دونوں پر خدا کی لعنت ہو۔''

سود دینے اور لینے والے دونوں ملعون ہیں

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :لعن اللہ آکل الربا وموکلہ))

(الجامع:103/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سود دینے اور لینے والے دونوں پر اللہ لعنت کرتا ہے۔"

گانا گانے اور سننے والے دونوں ملعون ہیں

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ المغنی والمغنی لہ))

(کشف:204/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گانے والا اور جس کیلئے گایا جائے دونوں پر اللہ لعنت کرتا ہے۔"

فیصلہ میں رشوت لینے اور دینے والے دونوں ملعون ہیں

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ الراشی والمرتشی فی الحکم))

(الحاکم:103/4،والجامع:103/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فیصلہ میں رشوت دینے اور لینے والے پر اللہ لعنت کرتا ہے۔"

شوہر یا حمل سے باز رہنے والی اور باز رکھنے والی

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ العاصمۃ والمستعصمۃ))

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شوہر یا حمل سے باز رہنے والی اور باز رکھنے والی دونوں پر اللہ کی لعنت ہے۔"

خطاب کو شعر کی طرح پیش کرنا

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ الذین یشققون الخطاب تشقیق الشعر))

(الجامع:103/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگ خطاب کو شعر کی طرح پیش کرتے ہیں ان پر اللہ لعنت کرتا ہے۔"

بری آرزو کرنے والی خواتین

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ المستوفات))

(مجمع:296/4)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بری آرزو کرنے والی عورتوں پر اللہ لعنت کرتا ہے۔"

یہودی، چربی اور اس کی قیمت

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ الیہود یحرمون الشحوم، ویاکلون انہا))

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود پر اللہ لعنت کرتا ہے جو چربی کو حرام کہتے اور اس کی قیمت کو کھاتے ہیں۔"

گائے کا دودھ، گھی اور گوشت......الگ الگ تاثیریں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لبنها داو ء ، وسمنها شفاء ، ولحمهاداء يعني:البقر))
(الجامع:102/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گائے کا دودھ دوا ہے، اس کا گھی شفا ہے اور اس کا گوشت بیماری ہے۔''

شراب کا نام بدل کر اُسے پینا حلال سمجھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لتشربن طائفة من امتي الخمرباسم يسمونها اياه))
(الترغيب:381/3،والترمذي:(961

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کا ایک گروہ شراب پئے گا اس کا نام (شراب کے علاوہ) کوئی اور رکھے گا۔''

جاہل سخی اور بخیل عابد

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لجاهل سخي احب الى الله من عابد بخي))
(الجامع:(315

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سخی جاہل اللہ کو بخیل عابد سے محبوب ہے۔''

حافظ قرآن کی دعا مقبول ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لحامل القرآن دعوة مستجابة))
(مسند فردوس:الاسرار:(276)،والكشف:01/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حافظ قرآن کی دعا مقبول ہے۔''

موت اور ویرانہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لدوا الموت، وابنوا للخراب))
(طبراني في الاوسط:(70

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موت کیلئے پیدا ہوا اور ویرانہ کیلئے تعمیرات بناؤ۔''

لزوم مسواک اور منہ گھسنے کا خطرہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لزمت السواك حتى خشيت ان يدردني))
(مجمع:/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسواک مجھ پر لازم کی گئی حتیٰ کہ مجھے منہ گھسنے کا خطرہ ہوا۔''

کالے کتے یا نوحے والا گھر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لست ادخل دارا فيها نوح، او كلب اسود))
(الجامع:102/2)(طبراني:344/19،والمطالب:

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس گھر میں داخل نہیں ہوتا جس میں کالا کتا یا نوحہ ہوتا ہو۔"

مقام نبوت اور کھیل

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لست من الدم، و لا الد منی))

(ترمذی:(2584)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ میں کھیلنے والوں سے ہوں اور نہ کھیلنا میرا مشغلہ ہے۔"

جہنم کی چار دیواریں اور ایک سو ساٹھ سال کی چوڑائی

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لسرادق النار اربعة جدر کثف، کل جدار
یرة اربعین سنة))

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم کی چار دیواریں ہیں ہر دیوار کی چوڑائی چالیس سال کی منزل ہے۔"

ملعون ہیں جو عورتوں سے دُبر میں وطی کرتے ہیں

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ الذین یاتون النساء فی محاشھن))

(مجمع:299/4)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے ان پر لعنت کی ہے جو عورتوں سے دبر کے راست ہمبستری کریں۔"

مردوں کا لباس پہننے والی عورتیں ملعون ہیں

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ الرجلة من النساء))

(ابوداود: فی: اللباس:(28)، والجامع:103/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورتیں مردوں کا لباس پہنیں ان پر خدا لعنت کرتا ہے۔"

منہ چھیلنے اور چھلوانے والیاں ملعون ہیں

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ القاشرة و المقشورة))

(الجامع:103/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ منہ چھیلنے اور چھلوانے والی دونوں پر لعنت کرتا ہے۔"

نوحہ کرنے اور سننے والیاں ملعون ہیں

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ النائحه و المسمعة))

(ابوداود فی: الجنائز:(25)، الجامع:103/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نوحہ کرنے والی اور سننے والی دونوں پر اللہ لعنت کرتا ہے۔"

بازاری حماموں میں غسل کرنے والیاں ملعون ہیں

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ داخلات الحمامات))

(مسند فردوس:3/.7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورتیں بازاری حماموں میں جا کر غسل کریں ان پر اللہ لعنت کرتا ہے۔''

جس کے رُعب کی وجہ سے غلام صف بستہ کھڑے ہوں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ رجلاً قامت له العبید صفوفاً))

(کنز:(.479)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کیلئے غلام صف بستہ کھڑے ہوں اس پر اللہ لعنت کرتا ہے۔''

صحابہ کو گالی دینے والے پر اللہ لعنت کرتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ من سب اصحابی))

(مجمع:1/10.

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے میرے اصحاب کو گالی دی اس پر اللہ لعنت کرتا ہے۔''

چہرے پر نشان کھدوانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ من یسم فی الوجه))

(کنز:(25041)، والجامع:.03/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص چہرہ میں نشان کرے اس پر اللہ لعنت کرتا ہے۔''

اندھے کو راستے سے بہکانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ من اکمه الاعمی عن السبیل))

(احمد:217/1, 309, .7

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے اندھے کو راستہ سے بہکایا اس پر اللہ لعنت کرتا ہے۔''

قوم لوط کا عمل کرنے والے پر اللہ لعنت کرتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ من عمل عمل قوم لوط))

(احمد:309/1، والطبرانی:218/11، والترغیب:.7/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے قوم لوط کا عمل کیا اس پر اللہ لعنت کرتا ہے۔''

بچھو ملعون ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ العقرب لا تدع مصلیاً ولا غیرہ))

(مجمع:.1/5

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (بچھو) پر اللہ لعنت کرے نہ نمازی کو چھوڑتا ہے نہ غیر نمازی کو۔''

سونے کی انگوٹھی پہننے والے مرد ملعون ہیں

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم لعن الله لا بسه، یعنی :خاتم الذهب))

(مسند فردوس:516/3)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سونے کی انگوٹھی پہننے والے پر اللہ لعنت کرتا ہے۔"

دانت باریک کرنے اور کروانے والیاں ملعون ہیں

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم لعن الله الواشرة والموشورة))

(مسند فردوس:516/3)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دانت باریک کرنے والی اور کرنے والی دونوں پر اللہ کی لعنت ہے۔"

وِگ لگانے اور لگوانے والیاں ملعون ہیں

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم لعن الله الواصلة والمستوصلة))

(بخاری:212/7و213،ومسلم فی:اللباس:(115)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بالوں کو ملانے والی اور ملوانیوالی دونوں پر اللہ کی لعنت ہے۔"

دینار و درہم کے غلام پر لعنت ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لعن عبد الدینار، لعن عبد الدرهم))

(ترمذی:رقم(2375)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اشرفی اور روپے کے غلام پر لعنت ہے۔"

عمر والجنی کا ایمان

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لقد آمن بی قبل ان ابعث باربعمائة سنة یعنی عمروا لجنی))

(کنز:(35368)،والدلائل(128)،وابن کثیر:284/7)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے مبعوث ہونے سے چار سو برس پہلے مجھ پر عمرو الجنی ایمان لایا ہے۔"

مومن کا قتل اور تمام دنیا کا زوال

(قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لقتل مومن اعظم عند الله من زوال الدنیا))

(نسائی فی:المحاربة:باب:(2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے نزدیک مومن کا قتل تمام دنیا کے زائل ہونے سے بڑا ہے۔"

ہمسایہ کے حق میں وصیت اور گمان وراثت

(قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لقد اوصانی جبریل بالجار، حتی ظننت توریثه))

(مجمع:5/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمسایہ کے حق میں جبریل نے مجھے اتنی وصیت کی کہ میں نے اس کے وار
ہونے کا گمان کرلیا۔''

عدل نہ کرنے والا بد بخت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لقد شقیت ان لم اعدل))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میں نے عدل نہ کیا تو بد بخت ہوں گا۔''

مرض الموت میں مبتلا کو کلمہ طیبہ کی تلقین کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لقنوا موتاکم: لا الہ الا اللہ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مردوں کو لا الہ الا اللہ سکھایا کرو۔''

امت مسلمہ کے عالم حضرت عبداللہ بن عمر

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل امۃ عالم، وعالم ھذہ الامۃ عبد اللہ بن عمرو))

(کنز:516)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر امت کا عالم ہوتا ہے اور اس امت کا عالم عبداللہ بن عمرو ہے۔''

قبور کی زیارت کرنے والیاں ملعون ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ زوارات القبور))

(ترمذی فی: الجنائز: (62)، حدیث رقم: 56

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورتیں قبور کی زیارت کو جاتی ہیں ان پر اللہ لعنت کرتا ہے۔''

حلقے کے وسط میں بیٹھنا منع ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ من قعد فی وسط الحلقۃ))

(الجامع: 103/2)(ترمذی: 53

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص حلقہ کے وسط میں بیٹھے اس پر اللہ لعنت کرتا ہے۔''

حیوان کا مثلہ کرنے والا ملعون ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ من مثل بالحیوان))

(بخاری فی: الذبائح:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے حیوان کا مثلہ کیا اس پر اللہ لعنت کرتا ہے (مثلہ ناک کان کاٹ ڈالنا)''

دو غلاموں یا قیدیوں کے درمیان جدائی ڈالنے والا ملعون ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ من فرق بین اخ واخیہ، و والد وولدہ))

(مسند الفردوس للدیلمی)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دو (غلام) بھائیوں یا (غلام) باپ بیٹوں میں جدائی ڈالی اس پر اللہ کی
ت ہے۔"

رشوت کھانے اور کھلانے والا ملعون ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ الاکل والمطعم الرشوۃ))
(فردوس:514/3)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رشوت کھانے والے اور کھلانے والے دونوں پر لعنت ہے۔"

بدفعلی کرنے والا ملعون ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ لامخنث))(بخاری فی :اللباس:(62)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدفعلی کرنے والے پر اللہ لعنت کرتا ہے۔"

رنگوں سے اعضاء گدوانا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ الواشمۃ والمستوشمۃ))
(بخاری:213,212/7،ومسلم فی:اللباس:(115)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رنگوں سے اعضاء گودنے والی اور گودوانے والی دونوں پر اللہ لعنت کرتا ہے۔"

زینت کے لیے بال اُکھیرنا اور اکھڑوانا

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن اللہ النا مصۃ والمنمصۃ))
(مسند فردوس:516/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زینت کیلئے سر کے بال اکھیڑنے والی اور اکھڑوانے والی دونوں پر اللہ لعنت کرتا ہے۔"

حضرت ابوموسیٰ اشعری اور لحن داؤد

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لقد اوتی الا شعری من مزامیر آل داود))
(مسند فردوس)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کو آلِ داود کی خوش الحانی دی گئی ہے۔"

ساٹھ اور ستر سال عمر والے کا عذر

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لقد اعزر اللہ الی صاحب الستین سنۃ او السبعین))
(کنز:(10335)،والحاکم:428-427/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے ساٹھ ستر برس والے کا عذر قبول کرلیا ہے۔"

دجال کا کھانا اور بازار

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لقد اكل الدجال الطعام ، ومش فى الاسواق))
(مجمع:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال نے کھانا کھایا ہے اور بازاروں میں بھی پھرا ہے (وہ ایک جاندار ہوگا، کوئی ملک یا ادارہ نہیں)۔''

کلام میں اختصار بہتر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لقد امرت ان اتجوز فى القول، فان الجواز هو خير))(ابو داود :فى الادب:(93)، والجامع:103/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ کو کلام میں اختصار کا حکم ہے کیونکہ اختصار بہتر ہے۔''

ایک صحابی کی توبہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لقد تاب توبة، لوتابها اهل المدينة لقبل منهم))
(ابوداود فی :الحدود:(7)، ترمذی:(54

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس (زانی) نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر تمام اہل مدینہ ایسی توبہ کریں تو ان سے قبول کر لی جائے۔''

ایک قریشی میں دو عام آدمیوں جتنی قوت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للقريشي قوة رجلين من غير قريش))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک قریش کی دو غیر قریش جتنی قوت ہوتی ہے۔''

ہر انسان کا ایک پیشہ ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل احد حرفة، وحرفتى الجهاد والفقر))
(مسند فردوس:82/3 ,26

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک انسان کا پیشہ ہوتا ہے میرا پیشہ جہاد اور فقر (الی اللہ) ہے۔''

اس امت کی رہبانیت جہاد ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل امة رهبانية، ورهبانية امتى الجهاد))
(الاتحاف:289/9

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک امت کیلئے ترک دنیا ہے میری امت کا ترک دنیا جہاد ہے۔''

اس امت کا بچھڑا روپیہ اور اشرفی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل امة عجل يعبدونه، وعجل امتى الدراهم والدنانير))

(مسند فردوس: 160/4، وترمذی فی: الزہد (26)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر امت کیلئے گوسالہ ہے جس کی وہ عبادت کرتے ہیں میری امت کا گوسالہ اور پیا اشرفی ہے۔"

اس امت کا فتنہ مال ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل امة فتنة، وفتنة امتی المال))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک امت کا فتنہ ہے۔ میری امت کا فتنہ مال ہے۔"

ہر بیماری کا علاج

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل داء دواء، فاذا اصیب دواء الداء برا))

(الجامع: 104/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر بیماری کا علاج ہے اگر علاج بیماری کو پہنچے تو بیمار اچھا ہو جائے گا۔"

ہر سورت پر رکوع وسجود

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل سورة حظها من الرکوع والسجود))

(احمد: 280/5، وابوداود: (1038)، والجامع: 104/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک سورت کیلئے رکوع اور سجود کا حصہ ہے۔"

نماز میں سہو ہو جائے تو دو سجدے کرنا لازم ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل سهو سجدتان بعد السلام))

(ابن عدی: 1198/3، والقرطبی: 384/5, 15, 288)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک سہو کیلئے بعد سلام پھیرنے کے دو سجدے ہیں۔"

نماز کا پھل دعا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل شیء ثمرة، وثمرة الصلاة الدعاء))

(الجامع: 105/2) (کنز: (32598, 33089)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز کا پھل ہے اور نماز کا پھل دعا ہے۔"

حضور کے دوست حضرت عثمان ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل نبی خلیل، و خلیلی عثمان))

(الاتحاف: 456/1، والمطالب العالیة: 213/1-215)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک نبی کا دوست ہے میرا دوست عثمان ہے۔"

مومن کا ستون عقل ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل شی ء دعامة، ودعامة المومن عقله))
(الجامع:104/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک چیز کا ستون ہے اور مومن کا ستون اس کی عقل ہے۔''

گھر کی زکوۃ بیٹھک

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل شی ء زکاة، وزکاة الدار بیت الضیافة))
(مسند فردوس:376/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز کی زکاۃ ہے اور حویلی کی زکاۃ مہمان خانہ ہے۔''

دلوں کی شفاء ذکر اللہ ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل شیء شفاء، وشفاء القلوب ذکر الله))
(الجامع:104/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز کی شفا ہوتی ہے اور دلوں کی شفا اللہ کا ذکر ہے۔''

نماز کی برگزیدگی تکبیر اولیٰ ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل شیء صفوة، وصفوة الصلاة التکبیرة الاولی))
(تنزیہ:297/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز کی برگزیدگی ہوتی ہے اور نماز کی برگزیدگی تکبیر اولیٰ ہے۔''

قرآن مجید کا قائمہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل شیء قائمة، وقائمة القرآن الاحزاب))
(طبرانی:303/12، والجامع:104/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز کا قائمہ ہے اور قرآن کا قائمہ سورۂ احزاب ہے۔''

تقویٰ کی کان اہل معرفت کے قلوب ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل شیء معدن، ومعدن التقوی قلوب العارفین))(لجامع)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک چیز کی کان ہوتی ہے اور تقویٰ کی کان اہل معرفت کے دل ہیں۔''

آسمانوں کی چابی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل شیء مفتاح، مفتاح السموات: لا اله الا لله))
(مجمع:82/10)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک چیز کی چابی ہے اور تمام آسمانوں کی چابی لا الہ الا اللہ ہے۔"

قیامت میں ہر خائن کا جھنڈا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل غادر لواء یعرف بہ یوم القیامۃ))

(بخاری: 127/4, 32/9، ومسلم فی: الجہاد: (12011)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک خائن کیلئے قیامت کے روز ایک جھنڈا ہوگا جس سے اس کی پہچان ہوگی۔"

حضور کے حواری حضرت زبیر ہیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل نبی حواری، وحواری الزبیر))

(بخاری 110/9، ومسلم فی: فضائل الصحابۃ: (48)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کیلئے خواص ہوتے ہیں اور میرے خواص زبیر ہیں۔"

حضرت عثمان جنت میں حضور کے رفیق ہیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکل نبی رفیق، ورفیقی فی الجنۃ عثمان))

(ترمذی: رقم: (3698)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کے ہمراہی ہوتے ہیں اور میرا ہمراہی جنت میں عثمان ہے۔"

ہر پیاسے کو پانی پلانا اجر کا کام ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لک بکل ذات کبد حراء اجر))(معجم طبرانی)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے لئے ہر پیاسے جگر کو پلانے کے عوض اجر ہے۔"

بیوی سے ہم بستر ہونے میں بھی اجر ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لک فی جماع زوجتک اجر))

(ابن حبان: (2198)، والدر: 356/1، والدیلمی: 508/3، واحمد: 169/5)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے لئے اپنی زوجہ سے ہمبستر ہونے میں ثواب ہے۔"

ہر جمعہ کے دن چھ لاکھ اشخاص جہنم سے آزاد

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للہ فی کل جمعۃ ستمائۃ الف عتیق من النار))

(ترغیب: 493/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر جمعہ کے روز اللہ چھ لاکھ اشخاص کو آگ سے آزاد کرتا ہے۔"

امام اور مؤذن کو تمام نمازیوں جتنا اجر ملے گا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للامام والمؤذن مثل اجر من صلی معہما))

(الجامع: 105/2)(کنز: (20374)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امام اور موذن کو ان کے ہمراہ نماز ادا کرنے والوں جتنا اجر ملے گا۔"

ہمسائے کا حق

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم للجار حق))(الجامع:105/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمسایہ کا بھی حق ہے۔"

گناہ کی دوا استغفار ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل داء دواء، ودواء الذنوب الاستغفار))

(الجامع:104/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک بیماری کی دوا ہے اور گناہ کی دوا استغفار ہے۔"

اسلام کا خاص وصف حیاء ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل دین خلق، وخلق الاسلام الحیاء))

(موطا:905)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک دین کا کوئی خاص وصف ہے اور اسلام کا خاص وصف حیا ہے۔"

عبادت کا دروازہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل شیء باب، وباب العبادة الصوم))

(الاتحاف:192/4،والکنز:(23591)،والمغنی:232/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک شے کا دروازہ ہے اور عبادت کا دروازہ روزہ ہے۔"

قرآن مجید کا زیور

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل شیء حلیة، وحلیة القرآن الصوت الحسن))

(مسند فردوس:376/3،ومجمع:171/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز کا زیور ہوتا ہے اور قرآن کا زیور خوش آوازی ہے۔"

امین رسول حضرت ابو عبیدہ بن الجراح

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل نبی امین، وامیننا ابو عبیدة بن الجراح))

(بخاری فی: فضائل الصحابة:(53-55)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کا امین ہے اور ہمارا امین ابو عبیدہ بن الجراح ہے۔"

جسم کی زکوۃ روزہ ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لکل شیء زکا، وزکاة الجسد الصیام))

(ابن ماجه:(1745)(مجمع:182/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر چیز کی زکاۃ ہے اور جسم کی زکاۃ روزہ رکھنا ہے۔"

جنت کا راستہ علم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل شى طريق، وطريق الجنة العلم))
(الجامع:104/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شے کا رستہ ہے اور جنت کا راستہ علم ہے۔"

سورۃ الرحمٰن قرآن مجید کی زینت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل شى ء عروس، و عروس القرآن الرحمن))
(الجامع:104/2)(مشکوۃ:(2180)،والکنز:(2638)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شے کی زینت ہے اور قرآن کی زینت سورۃ الرحمٰن ہے۔"

فقہ دین کا ستون ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل شىء عماد، وعماد هذا الدين الفقه))
(مطالب:(3070)،والدارقطنی:79/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شے کا ستون ہوتا ہے اور اس دین ک ستون فقہ (دین کی سمجھ) ہے۔"

جنت کی چابی مساکین ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل شى ء مفتاح، ومفتاح الجنة المساكين))
(الجامع 104/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شے کی مفتاح (چابی) ہے اور جنت کی مفتاح مساکین ہیں۔"

نسبۃ اللہ سورۃ اخلاص ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل شى ء نسبة، ونسبة الله: قل هو الله احد))
(دیلمی:374/3،حدیث:(5023)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک شے کا نسب نامہ ہوتا ہے اور اللہ کا نسب نامہ قل ہو اللہ احد ہے۔"

دھوکا باز کا جھنڈا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل غادر لواء عند استه يوم القيامة))
(مسلم فی: الجہاد. (15)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر دھوکہ باز کا قیامت کے روز اس کے سرین کے پاس جھنڈا ہوگا۔"

ہر قوم کی دانائی اور شرفائے قوم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل قوم فراسة، وانما يعرفها الاشراف))

(کنز:10770)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر قوم میں دانائی ہوتی ہے اسے شرفائے قوم ہی جانا کرتے ہیں۔''

حضور کا حرم مدینہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل نبى حرم، وحرمى المدينة))

(مجمع:301/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کا حرم تھا میرا حرم مدینہ ہے۔''

ابو بکر حضور کے خلیل ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل نبى خليل، و خليلى ابو بكر))

(الجامع:305/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کا دوست ہوتا ہے اور میرا دوست ابوبکر ہے۔''

قربانی کے ہر بال کے بدلے میں نیکی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكم بكل صوفة من جلدها حسنه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے لئے (قربانی کے) ہر ایک بال بلکہ اس کی کھال کے بدلہ میں نیکی ہے۔''

میت کی والدہ موجود ہو تو دادی کو چھٹا حصہ ملے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للجدة السدس، اذا لم يكن من دونها ام))

(ابوداود فی: الفرائض:(

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میت کی والدہ موجود نہ ہو تو دادی کو چھٹا حصہ ملے گا۔''

روزہ دار کی افطاری کے وقت دعا قبول ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للصائم عند فطره دعوة مستجابة لا ترد))

(کنز:(23592)، والمطالب:(944)، وابن کثیر:316/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ دار کیلئے افطار کے وقت دعا مقبول ہوتی ہے جو رد نہیں کی جاتی۔''

مومن کے لیے فقر زیادہ زینت دہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للفقر ازين للمومن من العذار الجيد على خد الفرس))

(الاتحاف:276/9، والدیلمی:4993/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کیلئے فقر زیادہ زینت دہ ہے اس سفید داغ سے جو گھوڑے کے رخسار پر ہوتا ہے۔''

پیادہ حج کرنے والے کو ستر حجوں کا ثواب ملتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للماشى اجر سبعين حجة، ولمن ركب اجر حجة))

(دیلمی:369/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پیادہ حج کرنے والے کیلئے ستر حج کا ثواب ہے اور سوار کیلئے ایک حج کا۔"

عورت کے دو پردے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للمراۃ ستران: الزوج، والقبر، واستر ھما القبر))

(ابن عدی:887/3، والمتفو یہ:372/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت کیلئے دو پردے ہیں خاوند اور قبر، اور دونوں میں سے اچھا پردہ قبر ہے۔"

مملوک کے دو ثواب

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للمملوك اجران، والا جران جنتان))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مملوک کیلئے دو ثواب ہیں اور وہ دو ثواب جنت ہیں۔"

حضرت ابراہیم کی دعا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما القی ابراھیم فی النار، قال: حسبی اللہ نعم الوکیل))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب ابراہیم آگ میں ڈال دیے گئے تو انہوں نے حسبی اللہ ونعم الوکیل پڑھا۔"

کھیتی اور بکریوں میں برکت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما خلق اللہ المعیشۃ، جعل البرکۃ فی الحرث والغنم))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ نے زندگی کے اسباب پیدا کیے کھیتی اور بکریوں میں برکت رکھ دی۔"

حضرت ادریس چوتھے آسمان پر

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما عرج بی رایت ادریس فی السماء الرابعۃ))

(ترمذی: رقم:(3157)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مجھے معراج کرایا گیا میں نے حضرت ادریس کو چوتھے آسمان پر دیکھا۔"

حضور ہاشمی ہیں بنو بکر اور ثقیفی نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم تلدنی بکریۃ ولا ثقفیۃ))(مسند فردوس)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ کو قبیلہ بکر اور ثقیف کی عورت نے نہیں جنا۔"

محبت کرنے والوں کا علاج نکاح ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یر للمتحابین مثل النکاح))

(حاکم:160/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: محبت کرنے والوں کیلئے نکاح سے بہتر کوئی طریقہ نہیں۔''

تین روز سے کم میں پورا قرآن پڑھنے والا اور قرآن کی تفہیم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يفقه من قرأ القرآن في اقل من ثلاث))

(ترمذی رقم:(2949

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تین روز سے کم میں قرآن ختم کیا وہ قرآن کونہیں سمجھا۔''

ہر نبی کی وفات گاہ پر ہی اس کی قبر بنائی گئی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يقبر نبي الا حيث يموت))

(الجامع:405/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی نبی کی قبر نہیں بنائی گئی مگر وہاں جہاں وہ فوت ہوئے۔''

صلح کے لیے چغل خوری کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يكزب من نمى بين اثنين ليصلح))

(ابوداود: رقم:(4920)، والجامع:405/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے صلح کی چلغلوری کی اس نے جھوٹ نہیں کہا۔''

نبی اپنا احسان نہیں جتلاتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يمن نبي حتى يومه رجل من قومه))

(حاکم:243/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی نبی نے اپنا احسان نہیں جتایا تا آں کہ اس کی قوم کو کوئی شخص اس کا قصد کرے۔''

موت کی تکلیف اور دنیوی ہزار تلواریں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لمعالجة ملك الموت اشد من الف ضربة بالسيف))

(تنزیہ:365/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ملک الموت کی تکلیف دینی ہزار تلواروں کی مار سے سخت تر ہے۔''

عالم کی موت سے آسان پورے قبیلے کی موت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لموت قبيلة ايسر من موت عالم))

(الاتحاف:73/1، والکشف:180/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک قبیلہ کی موت ایک عالم کی موت سے آسان ہے۔''

شفقت فقط صالحین کرتے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن يحنو عليكم يعدى الا الصالحون))

(کنز:(34393)،والحلیۃ:1/99)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے ساتھ صالحین کے سوا ہرگز کوئی شفقت نہ کرے گا۔"

سورۃ الفلق کی فضیلت

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لن تقرا شیئاً ابلغ عند اللہ من (قل اعوذ برب افلق))

(احمد:4/149, 159)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قل اعوذ برب الفلق سے زیادہ پہنچنے والی کوئی اور چیز تو ہرگز نہ پڑھے گا۔"

سائل حق دار ہوتا ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للسائل حق، وان جاء علی فرس))

(ابوداود: رقم:(1665, 1666)،واحمد:1/201)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سائل حقدار ہے اگرچہ گھوڑے پر بھی سوار ہو کر آئے۔"

روزہ دار کی دو خوشیاں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للصائم فرحتان: فرحۃ حین یفطر، وفرحۃ
ین یلقی ربہ))

(بخاری:9/175،ومسلم فی:الصیام:(164)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ دار کیلئے دو خوشیاں ہیں ایک افطار کے وقت دوسری اللہ سے ملاقات کے وقت۔"

پہلی صف کو دیگر صفوں پر فضیلت حاصل ہے

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للصف الاول فضل علی الصفوف))

(الجامع:2/105(مجمع:2/92)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (نماز اور جہاد وغیرہ کی) صف اول کو باقی صفوں پر فضیلت ہے۔"

آفت رسیدہ اور غرق شدہ دونوں شہید ہیں

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للمائد اجر شہید، وللغریق اجر شہید))

(مجمع:2/105)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آفت رسیدہ اور غرق شدہ دونوں کیلئے شہید کا اجر ہے۔"

طلاق شدہ عورت اور نان ونفقہ

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للمطلقۃ النفقۃ والسکنی، مادامت فی العدۃ))

(مسلم فی:الطلاق:(46)،وترمذی:(1180)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طلاق شدہ عورت جب تک عدت میں ہو اس کا خرچ (طلاق دینے والے کے
ذمہ) لازم ہے۔"

غلام کا کھانا اور کپڑا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم للمملوك طعامه وکسوته بالمعروف))
(مسلم فی: الایمان:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غلام کو کھانا اور کپڑا اچھے مناسب طریق سے دیا جائے گا۔''

جہنم کے سات اور جنت کے آٹھ دروازے ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم للنار سبعة ابواب ، وللجنة ثمانیة))
(مجمع: 337/10-3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم کے سات دروازے ہیں اور جنت کے آٹھ۔''

پہاڑ اللہ تعالیٰ کی تجلی سے پھیل گئے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لما تجلی الله للجبال تطاولت لعظمته))
(مسند فر

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہاڑوں کی طرف جب اللہ نے تجلی ڈالی تو وہ پھیل گئے۔''

ہر نبی اپنی قوم کی زبان میں آیا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لم یبعث الله نبیاً الا بلغة قومه))(مجمع: 43/7
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے جو نبی بھی بھیجا اس کی اپنی قوم کی زبان میں بھیجا ہے۔''

دنیا اور مصیبت وفتنہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لم یبق من الدنیا الا بلاء وفتنة))
(ابن ماجہ: 35

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا میں سوائے مصیبت اور فتنہ کے کچھ باقی نہیں رہا۔''

ہمیشہ نبوت کے بعد فترۃ آیا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لم تکن نبوة قط الا کان بعدها فترة))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمیشہ نبوۃ کے بعد فترۃ آئی ہے (فترۃ وہ زمانہ جس میں کوئی نبی نہ ہو)''

ہر نبی کی وفات گاہ ہی اس کی دفن گاہ ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لم یدفن نبی قط الا حیث قبض))
(الجامع: 5/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو نبی جہاں فوت ہوا وہیں دفن ہوا۔

دجال کو حضرت عیسیٰ قتل کریں گے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لم یسلط الله علی قتل الدجال الا عیسیٰ))
(الجامع:105/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے دجال کے قتل کیلئے عیسیٰ کو مقرر کیا ہے۔“

عورت کو اپنے امور کا والی بنانے والی قوم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لم یفلح قوم ولوا امر هم امراة))
(بخاری: فی المغازی(82) والفتن (18)، والترمذی فی: الفتن:(75)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے عورت کو اپنے امور کا والی بنایا وہ ہرگز کامیاب نہیں ہوگی۔“

ہر نبی کی کسی نہ کسی شخص نے پیروی ضرور کی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لم یقبض نبی حتی یومه رجل من قومه))
(ابن سعد:22/2/2)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی نبی فوت نہیں ہوا جب تک کہ اس کی امت سے کسی نے اس کی پیروی نہیں کی۔“

بخیل کبھی جنت میں داخل نہیں ہوگا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لم یلج الجنة شحیح))

(ابن عساکر:327/7)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بخیل شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا۔“

خاندان نبوت کی تباہی کے اسباب

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لم یهلك اهل نبوة حتي یظهر فیهم الزنا والربا))
(مجمع:118/4)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خاندان نبوت اس وقت تباہ ہوتا ہے جب ان میں زنا اور سود سرعام ہو جائے۔“

اسلام کے بعد سب سے بڑی نعمت صحت ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لم توتوا بعد کلمة الاخلاص مثل العافیة))
(الجامع:105/2)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کلمہ اسلام کی نعمت کے بعد صحت سے بڑی نعمت تمہیں نہیں دی گئی۔“

جہاد میں جانا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لمقام احد کم فی سبیل الله خیر من الدنیا و ما فیها))

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاد میں کھڑا ہونا تمہاری تمام دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔“

مومن مقرب فرشتوں سے بھی زیادہ معزز ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المومن اكرم على الله من الملائكة الذين عنده))

(ابن ماجہ فی: الفتن

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن اللہ کے نزدیک مقرب فرشتوں سے زیادہ معزز ہے۔"

جب تک جہاد ہوگا تب تک ہجرت ہوگی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن تنقطع الهجرة ما جوهد الكفار))

(احمد: 192/1, 62/4, 270/5, 363, 375، والنسائی فی: البیعۃ: 5

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک کفار سے جہاد جاری رہے گا تب تک ہجرت منقطع نہیں ہوسکتی۔"

جب تک نماز کا انتظار کرو گے تب تک ثواب میں رہو گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن تزالوا بخير ما انتظر تم الصلاة))

(بخاری فی: المواقیت: (

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک نماز کا انتظار کرو گے تب تک خیر وثواب میں رہو گے۔"

جھوٹا گواہ اور جہنم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن تزول قدما شاهد الزور، حتى يوجب الله له النار

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹے گواہ کے قدم قائم رہیں گے حتیٰ کہ اللہ اس کے لئے جہنم کا حکم کردے۔"

جنت میں فقط مسلمان داخل ہوں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لنن يدخل الجنة الا نفس مسلمة))

(مجمع: 41/8

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں مسلمان کے بغیر کوئی دوسرا داخل نہ ہوگا۔"

امورِ سلطنت عورت کے سپرد کرنے والی قوم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن يفلح قوم اسندوا امر هم الى امرأة))

(بخاری: 10/6, 70/9)(احمد: 37/5, 38, 7

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے اپنے امور سلطنت عورت کے سپرد کئے وہ قوم فلاح نہ پائے گی۔"

شہادت کی انگلی شیطان کے لیے نیزہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم هي اشد على الشيطان من الحربة، يعني: السبابة))

(مجمع: 40/2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انگشت شہادۃ شیطان کیلئے نیزہ سے زیادہ سخت ہے۔"

خائن کا جھنڈا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لواء الغادر يوم القيامة عند استه))
(صحیح الجامع:(5232)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خائن کا جھنڈا قیامت میں اس کے سرین کے پاس ہوگا۔"

مذی پر غسل کرنا لازم نہیں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو اغتسلتم من المزى لكان اشد عليكم من الحيض))
(الجامع:2:107)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم مذی سے غسل کرتے تو حیض سے زیادہ تم پر اس کی تکلیف ہوتی۔"

جہنمیوں کی پیپ کا ایک ڈول اور ساری دنیا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لوان لو امن غسا يهراقفي الدنيا الانتن اهلها))
(احمد:83/3،وترمذی:(2584)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر جہنمیوں کی پیپ کا ایک ڈول دنیا میں ڈال دیا جائے تمام اہل دنیا میں بدبو ہو جائے۔"

سناء مکی اور شفاء

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو ان شيئاً كان فيه شفاء من الموت لكان السنا))
(ترمذی:(2081)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر موت سے کسی چیز میں شفاء ہوتی تو سنا (مکی) میں ہوتی۔"

دینی حد میں کسی کے لیے کوئی معافی نہیں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو ترك احد لا حد لترك للمقدعين ابنهما))
(کنز:(42118)،والبیہقی:66/4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر کسی کی خاطر کوئی معافی ہوتی تو معذوروں کیلئے ان کالڑکا معاف کر دیا جاتا۔"

حضور کا علم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو تعلمون ما اعلم لضحكتم قليلاً، ولبكيتم كثيراً))
(مسلم فی الفضائل:(134)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کچھ میں جانتا ہوں اگر تم جانتے ہوتے تو کم ہنستے اور زیادہ روتے۔"

اگر حضور کا بیٹا زندہ رہتا تو صدیق و نبی ہوتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو عاش ابراهيم لكان صديقاً نبياً))

(احمد:3/138, 281،وابن عساکر:1/295)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا صاحبزادہ ابراہیم زندہ رہتا تو صدیق ونبی ہوتا۔''

چوپاؤں کے ساتھ کیا جانے والا ظلم اور معافی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو غفر لكمماتاتون الى البهائم، لغفر لكم كثيراً))
(مجمع:191/10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تم چوپاؤں کے ساتھ کرتے ہو اگر تم کو وہ معاف کیا جائے تو تم کو بہت شے معاف ہوگئی۔''

جنگ بدر وحدیبیہ میں شریک ہونے والا جنتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لئن يدخل النار رجل شهد بدراً والحديبية))
(الجامع:106/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جنگ بدر وحدیبیہ میں شریک ہوا وہ ہرگز آگ میں داخل نہ ہوگا۔''

مومن نیکی سے سیر نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن يشبع المومن من خير يسمعه، حتى يكون منتهاه الجنة))(ترمذى ،رقم:(2686)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیکی کو سن کر مومن سیر نہیں ہوتا یہاں تک کہ جنت میں پہنچ جاتا ہے۔''

ایک تنگی اور دو آسانیاں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن يغلب عسر يسرين))(حاكم:528/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک تنگی دو آسانیوں پر غالب نہیں آسکتی۔''

مشورہ طلب کرنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن يهلك امرو بعد مشورة))
(ابن عساکر:301/2،والعلل:(2178)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مشورہ کرنے کے بعد کوئی شخص تباہ نہیں ہوسکتا۔''

خواہش شریعت کے تابع

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لن يومن عبد حتى يكون هواه تبعاً لما جئت به))
(کنز:(1074)،والسنۃ:213/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص مومن نہیں ہوسکتا جب تک اس کی خواہش میری شریعت کے تابع نہ ہوجائے۔''

یہودیوں کے دس عالم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو امن عشرة من احبار اليهود لامن كل يهودى))

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر یہود کے دس عالم ایمان لاتے تو تمام یہودی مسلمان ہو جاتے۔"

قبر کے دبانے سے کوئی نہیں بچے گا

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم لو افلت احد من ضمة القبر ، لا فلت هذا الصبى))
(مجمع: 47/3)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر کوئی قبر کے دبانے سے چھوٹ سکتا تو یہ لڑکا چھوٹ جاتا۔"

جہنم کی ایک چنگاری کی کیفیت

نال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو ان شرارة من جهنم بالمشرق لوجد حرها بالمغرب))(الاتحاف :519/10، والكنز :(39487)، والجامع 107/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر جہنم کی چنگاری مشرق میں ہو تو مغرب والوں کو بھی اس کی گرمی پہنچے گی۔"

قرآن مجید پر آگ اثر انداز نہیں ہوگی

نال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو كان القرآن جعل فى اهاب، ثم القى فى ر ما احترق))(طبرانی :6/212-308/17) (مجمع :157/7)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر قرآن کچے چمڑے میں رکھ کر آگ مین ڈال دیا جائے تو اس پر آگ اثر ں کرے گی۔"

مسجد کی جگہ

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو بنى مسجد هذا الى صنعاء لكان منه))
(مسند فردوس:424/3)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میری مسجد صنعا تک بنائی جائے یہ سب جگہ مسجد میں شمار ہوگی۔"

اللہ کی رحمت کی وسعت

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو تعلمون قدر رحمة الله لا تكلتم عليها))
(الجامع:108/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم اللہ کی رحمت کی وسعت جانتے تو اس پر بھروسہ کر بیٹھتے۔"

صف اول کا ثواب اور قرعہ اندازی

(قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو تعلمون ما فى الصف الاول ما كانت لاقرعة))(مسلم فى :الصلاة:(131)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر صف اول کا تم ثواب جانتے تو اس پر قرعہ اندازی کرتے۔"

دل میں خشوع ہوتو تمام اعضاء پر خشوع ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو خشع قلب ھذا خشعت جوارحہ))

(الجامع:108/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے دل میں خشوع ہوتا تو اس کے تمام اجزاء میں خشوع ہوتا۔"

بغیر گواہوں کے رجم کرنا جائز نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو رجمت احداً بغیر بینۃ رجمت ھذہ))

(بخاری:71/7, 72, 217/8)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میں کسی کو بغیر گواہوں کے رجم کرتا تو اس عورت کو رجم کرتا۔"

جانور موت سے واقف ہوتے تو وہ موٹے تازے نہ ہوتے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو علمت البھائم من الموت ما علمتم ما اکلتم منھا سمیناً))(الاتحاف 227/10، والکشف 224،220/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر جانور تمہاری طرح موت سے واقف ہوتے تو تمہیں موٹے چرب جانور کھانے کو نہ ملتے۔"

رزق آدمی کو ڈھونڈ لیتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو فر احدکم من رزقہ لا ادرکہ کما یدرکہ الموت))

(مجمع:72/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تمہارا کوئی رزق سے بھاگے تو رزق اسے ڈھونڈ لے گا جیسے موت ڈھونڈ لیتی ہے۔"

فحش مخلوق بدترین مخلوق

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کان الفحش خلقاً لکان شر خلق اللہ))

(الجامع:108/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر فحش کوئی مخلوق ہوتی تو شریر مخلوق ہوتی۔"

تقدیر اور بدنظری

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کان شیء سابق القدر لسبقتہ العین))

(مسلم فی السلام:42)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تقدیر سے کوئی چیز سبقت کرتی تو آنکھ (بدنظری) سبقت کرتی۔"

خوش خلقی آدمی ہوتا تو خوبصورت ہوتا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کان حسن الخلق رجلاً لکان رجلاً صالحاً))

(کنز:(5190)،والجامع:109/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر خوش خلقی آدمی ہوتا تو خوبصورت آدمی ہوتا۔"

موت اور سنا مکی

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو كان شي يشفي من الموت لكان السنا))

(ابن ماجہ فی:الطب:(12)،وترمذی فی:الطب:(30)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر موت سے کوئی چیز شفا دیتی تو سنا مکی دیتی۔"

حضور کا ستون حنانہ

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو لم احتضنه لحن الى يوم القيامة، يعنى: الجذع))

(کنز:(32074, 31784)،واحمد:249/1, 267, 363،وابن ماجہ:(1415)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میں اس کو گود میں نہ لیتا تو وہ (ستون حنانہ) قیامت تک روتا رہتا۔"

اگر امت خیانت نہ کرتی تو اس کا کوئی دشمن نہ ہوتا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو لم تغل امتى لم يقمم لها عدو ابداً))

(مسند البزار)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میری امت خیانت نہ کرتی اس کیلئے کوئی دشمن کبھی کھڑا نہ ہوتا۔"

سورت کہف کی اختتامی آیات

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو لم ينزل على امتى الا خاتمة الكهف لكفتهم))

(درمنثور:258/4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میری امت پر سورت کہف کی آخری آیات کے سوا کچھ نازل نہ ہوتا تو وہی آیات کافی ہوتیں۔"

اگر عورتیں نہ ہوتی تو عبادت الٰہی اچھی طرح کی جاتی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو لا النساء لعبد الله حق عبادته))(مسند الفردوس)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر عورتیں نہ ہوتیں تو اللہ کی عبادت اچھی طرح کی جاتی۔"

اگر ہجرت نہ ہوتی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو لا الهجرة لا حببت ان اكون عبداً مملوكاً))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر ہجرت نہ ہوتی تو مجھے یہ پسند تھا کہ میں (اللہ کا) عبد مملوک ہوتا۔"

اگر اللہ تعالیٰ معافی اور درگزر نہ کرتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو لا عفو الله و تجاوزه ماهنا احد العيش))

(قرطبی:285/9، والمغنی:144/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ معافی اور درگزر نہ کرتا تو کسی کی زندگی خوشی سے نہ گزرتی۔"

قریش اور تکبر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لولا ان تبطر قريش لا خبر تها بما لها عند الله))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر قریش تکبر نہ کرتے تو اللہ کے پاس جو ان کے لئے ہے میں ان کو اس کی خبر دیتا۔"

اذان کہنے کا ثواب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو يعلم الناس مالهم في التاذين لتضاربوا عليه بالسيوف))

(مجمع:325/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر لوگ اذان کے ثواب کو جانتے تو اس کیلئے تلواروں سے لڑتے۔"

مانگنے کا گناہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو يعلم صاحب المسألة ماله فيها لم يسأل))

(مجمع:93/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر سائل مانگنے کے گناہ کو جانتا تو سوال نہ کرتا۔"

صدقہ جہنم سے بچاؤ کا سبب ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليتق احد كم وجهه من النار، ولو بشق تمرة))

(الجامع:111/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چاہیے کہ تم میں سے ہر ایک خود کو آگ سے بچالے چاہے آدھی کھجور (کے صدقہ) سے کیوں نہ ہو۔"

اگر حیاء مرد ہوتا تو ایک صالح مرد ہوتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو كان الحياء رجلاً لكان رجلاً صالحاً))

(الجامع:108/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر حیاء مرد ہوتا تو ایک مرد صالح ہوتا۔"

حضرت عمر بن الخطاب کی فضیلت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لو كان بعدى نبى لكان عمر بن الخطاب))

(ترمذی:293/2، والحاکم:85/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر بن خطاب ہوتا (رضی اللہ عنہ)"

صبر اگر انسان ہوتا تو عمدہ آدمی ہوتا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کان الصبر رجلاً لکان کریماً))
(الاتحاف:6/9،والجامع:108/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر صبر کی انسانی صورت ہوتی تو عمدہ آدمی ہوتا۔"

اگر تکبر مرد ہوتا تو بُرا مرد ہوتا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو کان العجب رجلاً الکان رجل سوء))
(مسند فردوس:387/3،والجامع:108/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تکبر مرد کی صورت میں ہوتا تو برا آدمی ہوتا۔"

خود پسندی

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو لم تذنبوا لخفت علیکم ماھو اکبر من ذلك العجب))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم گناہ نہ کرتے تو مجھے اس سے ایک بڑی چیز (یعنی خود پسندی) کا تم پر خوف ہوتا۔"

حضرت علی ہی سیدہ فاطمہ کے کفو تھے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو لم یخلق علی ما کان لفاطمة کفو))
(الاتحاف:408/8, 183/9،والترغیب:571/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر علی پیدا نہ کئے جاتے تو فاطمہ کیلئے کوئی کفو نہ ہوتا۔"

اگر امید نہ ہوتی تو ماں بچے کو دودھ نہ پلاتی

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو لا الامل ما ارضعت ام ولدھا))
(متناھیۃ:330/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر امید نہ ہوتی تو والدہ اپنے بچے کو دودھ نہ پلاتی۔"

اگر عورتیں نہ ہوتیں تو مرد جنتی ہوتے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو لا النساء لدخل الرجال الجنة))
(مسند بزار)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر عورتیں نہ ہوتیں تو مرد جنت میں داخل ہو جاتے۔"

حضور کی انصار مدینہ سے محبت

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو لا الھجرۃ لکنت رجلاً من الانصار))
(بخاری:38/5, 71, 200, 106/9, 107،ومسلم فی:الزکاۃ:(139)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار میں سے ایک آدمی ہوتا۔"

سیدنا صدیق اکبر نے اسلام کی بے شمار خدمات سرانجام دیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لولا ابوبکر الصدیق لذهب الاسلام))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر ابوبکر صدیق نہ ہوتا تو اسلام جاتا رہتا۔''

خوفِ الٰہی اور عقاب نہ ہوتا تو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لولا وعید الله و عقابه لا تکل کل احد))

(ابن ابی حاتم)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر خوف الٰہی اور عذاب نہ ہوتا تو سب لوگ عمل چھوڑ دیتے۔''

کھڑے ہو کر پینے کا گناہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لو یعلم الذی یشرب وهو قائم بما فیه لاستقاءه))(مجمع 79/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر کھڑا ہو کر پینے والا اس کا گناہ جانتا تو اس پانی کو قے کر دیتا۔''

روپے کا زمانہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیاتین علی الناس زمان لا ینفع فیه الا الدینار والدرهم))(مجمع: 65/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ روپے کے بغیر کوئی چیز کام نہ دے گی۔''

چوکیدار صالح ہونا چاہیے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیت رجلاً صالحاً من اصحابی یحرسنی اللیلة))

(بخاری: 41/4, 103/9، ومسلم فی: فضائل الصحابة: 40)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کاش کوئی صالح مرد آج رات میری چوکیداری کرتا۔''

حضور کا منبر اور بنو امیہ کا ظالم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیرقین جبار من بنی امیة منبری هذا))

(الجامع: 365/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنی امیہ کا ایک ظالم میرے اس منبر پر چڑھے گا۔''

زیادہ قرآن جاننے والا امام بنے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیؤمکم اکثر کم قراءة للقرآن))

(نسائی: 71/2، وبیہقی: 91/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جس کو زیادہ قرآن یاد ہو وہ امام بنے۔''

سنی اور دیکھی بات میں بڑا فرق ہوتا ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس الخبر کالمعاینة))

(مجمع:153/2)(الجامع:5373)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سنی ہوئی بات مثل چشم دید کے نہیں۔"

صبح صادق کی تعریف

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس الفجر بالابیض المستطیل، ولکنه احمر المعترض))(طبرانی:397/8) (کنز {19261)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبح صادق دراز سفیدی نہیں بلکہ وہ پھیلی ہوئی سرخی ہے۔"

رضائے الٰہی فقط دنیا میں ہی حاصل کی جاسکتی ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس بعد الموت مستعتب))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موت کے بعد خدا کی رضامندی حاصل نہیں ہوسکتی۔

جس سے حساب لیا گیا وہ ہلاک ہو گیا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس احد یحاسب الا هلك))

(بخاری:208/6, 139/8)(مسلم فی:الجنة:(80)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس سے حساب لیا جائے گا وہ ہلاک ہوگا۔"

مسلمان اور کافر میں فرق فقط نماز کا ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس بین العبد والکفر الا ترك الصلاة))

(مسلم فی:الایمان:(134)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان اور کفر کے درمیان فرق نماز کا چھوڑنا ہے۔"

دیگر چیزیں انسان سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی تابعدار ہیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس شی الا وهو اطوع الی اللہ من بنی آدم))

(طبرانی فی (الصغیر):52/1)(مجمع:52/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک چیز اللہ کی تابعداری کرنے میں انسان سے زیادہ ہے۔"

دجال اور قبیلہ بنو تمیم

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس شیء اشد علی الدجال من بنی تمیم))

(مسند فردوس:432/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال پر بنی تمیم سے زیادہ سخت کوئی قبیلہ نہیں۔"

دعامعزز ترین چیز

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس شیء اکرم عند الله من الدعاء))
(الاتحاف:29/5،وترمذی:(70

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے نزدیک دعا سے زیادہ کوئی چیز معزز نہیں۔''

دودھ غذا اور پینے دونوں کے قائمقام ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس شیء یجز مکان الطعام والشراب غیر اللبن))
(ترمذی:رقم:(65

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دودھ کے بغیر کوئی چیز کھانے اور پانی کے قائم مقام نہیں ہوسکتی۔''

پانی پلانے سے بڑا کوئی صدقہ نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس صدقة اعظم اجراً من ماء))
(کنز:(16320)،والترغیب:73/2،والجامع:2/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی صدقہ پانی پلانے سے بڑے ثواب والا نہیں۔''

جیب تراش کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس علی المختلس قطع))
(ابن ماجہ:رقم:(2592)(نسائی:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جیب تراش کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔''

گواہوں کے ہوتے ہوئے آدمی کو قسم نہیں دی جائے گی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس علی الرجل مع بینته یمین))
(مسند فردوس:3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گواہوں کے ہوتے ہوئے مرد کو قسم نہ دی جائے گی۔''

مسلمان پر جزیہ نہیں ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس علی المسلم جزیة))
(ترمذی فی:الز

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلم پر جزیہ نہیں ہے۔''

سجدہ میں سونے والے کا وضو ختم نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس علی من نام ساجداً وضوء
یضطجع))(ابن ابی شیبة:132/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سجدہ میں سو جائے اس پر وضو نہیں جب تک کہ پہلو پر نہ سوئے۔"

جاری پانی ناپاک نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس على الماء جنابة)) (الجامع 113/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانی کے اوپر جنابت نہیں (پانی بوجہ جنب کے استعمال کے ناپاک نہیں ہوتا)۔"

مانگی چیز پر ضمان لازم نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس على المستعير غير المغل ضمان))

(دارقطنی: 1/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مانگی ہوئی چیز پر جب تک اس میں خیانت نہ ہو ضمان لازم نہیں۔"

غلام پر فقط صدقہ فطر لازم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس على العبد صدقة الا صدقة الفطر))

(بخاری فی: الزکوۃ: (71,70)، ومسلم فی: الزکوۃ: (16,13,12)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غلام پر بغیر صدقہ فطر کے کوئی صدقہ نہیں۔"

حج کے دوران عورتوں پر بس چند بال کترانا لازم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس على النساء حلق، انما عليهن التقصير))

(ابوداود: رقم: (1984)، والجامع: 113/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں پر سر منڈانا لازم نہیں ان پر کترانا لازم ہے (یہ حج کا مسئلہ ہے)"

غیر مملوک شے کو بیچنا جائز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس على رجل بيع فيما لا يملك))

(نسائی: 279/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص اپنی غیر مملوک شے کو نہ بیچے۔"

مقتدی پر قرأت لازم نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس على من خلف الامام قراءة))

(کنز: (20548)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص امام کے پیچھے ہو اس پر قرأت نہیں۔"

نیک مؤذن اور بڑا قاری امام

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليؤذن لكم خيار كم، وليؤ مكم اقرؤ كم))

(ابوداود فی: الصلاۃ: (61) (ابن ماجہ: (726)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے نیک آدمی اذان دے اور بڑا قاری امام بنے۔''

حسد اور چاپلوسی مومن کی خصلت نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس الحسد و الملق من خلق المومن الا في طلب العلم))(مسند الفردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسد اور چاپلوسی مومن کی خصلت نہیں مگر طالب علمی میں جائز ہے۔''

جس کا ہمسایہ تکلیف سے محفوظ نہ ہو وہ مومن نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس المومن الذى لا يامن جاره بوائقه))

(الجامع:12/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کا ہمسایہ اس کی تکالیف سے محفوظ نہ ہو وہ کامل مومن نہیں۔''

پیٹ بھر کر کھانے والے کا ہمسایہ بھوکا ہو تو وہ مومن نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس المومن الذى يشبع، وجاره جائع))

(الجامع:/12

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ (کامل) مومن نہیں جو پیٹ بھر کر کھائے اور اس کا ہمسایہ بھوکا ہو۔''

زنا عذاب کا موجب ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس شى اسرع عقوبة من البغى))

(دیلمی:214/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زنا سے زیادہ جلدی عذاب لانے والی کوئی چیز نہیں۔''

پیٹ اللہ تعالیٰ کا مبغوض ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس شى ء ابغض الى الله من بطن ملان))

(مسند فردوس:/131

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھرے شکم سے زیادہ مبغوض اللہ کے نزدیک کوئی نہیں۔''

اللہ سے زیادہ غیرت والا کوئی نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس شى ء اغير من الله))

(بخاری فی: الکسوف:(2)، والتوحید:(20,15) ، والنکاح:(107)، ومسلم فی: التوبۃ:(32 ,33 ,34 ,35 ,6

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی اللہ سے زیادہ غیرت والا نہیں۔''

مومن اللہ تعالیٰ کے نزدیک معزز ترین ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس شىء اكرم على الله من المومن))

(طبرانی فی الصغیر:47/2)(مجمع:81/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن سے زیادہ معزز اللہ کے نزدیک کوئی چیز نہیں۔"

جسم کا ہر عضو زبان کو ذنوب وگناہ کی شکایت کرتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس شیء من الجسد الا وهو یشکو، ذنب اللسان))

(الصحیحہ:(535)،وصحیح الجامع:(5396)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جسم میں کوئی عضو نہیں جو زبان کے ذنوب وگناہ کی شکایت نہ کرتا ہو۔"

علم بدن کی راحت سے حاصل نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس طلب العلم براحة البدن))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم راحت بدن سے حاصل نہیں ہوتا۔"

کنیز سے ظہار نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس علی الامة ظهار، انما هو کفارة یمین))

(مسند فردوس:435/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کنیز سے ظہار نہیں ہوتا بلکہ قسم ہوتی ہے جس کا کفارہ یمین لازم آئے گا۔"

مسافر پر عید اور جمعہ لازم نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس علی المسافر جمعة ولا اضحی))

(کنز:(20173)،والدارقطنی:4/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسافر پر جمعہ اور عید الاضحیٰ لازم نہیں ہے۔"

غلام اور گھوڑے پر زکوۃ نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس علی المسلم فی عبده ولا فی فرسه صدقة))

(بخاری:149/2)(مسلم فی:الزکاۃ:(9,8)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان پر اپنے غلام اور گھوڑے کی زکوۃ نہیں۔"

میت کو غسل دینے والوں پر غسل واجب نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلی الله عنیه وسلم لیس علیکم فی غسل میتکم غسل))

(حاکم:386/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے اوپر میت کو غسل دینے کے سبب غسل لازم نہیں۔"

مومن جس چیز کا مالک نہیں اس کی نذر بھی نہیں مان سکتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس علی المومن نذر فیما لا یملك))

(بخاری فی:الادب:(44)،ومسلم فی:الایمان: (175, 176)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن جس چیز کا مالک نہیں اس میں اس کی نذر درست نہیں۔"

نباش کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس علی النباش قطع))

(مصنف للامام ابن ابی شیبہ)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کفن چور کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔"

خائن کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس علی خائن قطع))

(نسائی:89/8،والجامع:113/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خائن کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔"

مقہور کے ذمہ قسم لازم نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس علی مقهور یمین))

(الجامع:114/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مقہور کے ذمہ قسم لازم نہیں۔"

اسلام میں خصی کرنا جائز نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس فی الاسلام خصی ولا کنیسة محدثه))

(مسند فردوس:437/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام میں خصی کرنا جائز نہیں اور نہ نیا گرجا بنانے کا حکم ہے۔"

روزے میں ریاکاری نہیں ہوتی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس فی الصوم ریاء))(الجامع 114/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزے میں ریاکاری نہیں ہوتی۔"

عیدین کی نماز کے لیے اذان واقامت نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس فی العیدین اذان ولا اقامة))

(کنز:(24112)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عیدین کی نماز کیلئے اذان اور اقامت نہیں۔"

بوسہ سے وضو لازم نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس فی القبلة وضوء))

(مسند فردوس:438/3)(دار قطنی:136/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بوسہ لینے سے وضو لازم نہیں۔"

دولت میں خیر نہیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس فی المال خیر))(مجمع:66/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مال میں خیر نہیں ہے۔"

غلہ میں زکوۃ نہیں عشر ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس فی المیرة صدقة))(کنز:(15894)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غلہ کے اندر زکاۃ نہیں (بلکہ عشر ہے)۔"

پانچ وسق سے کم فصل پر عشر نہیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس فیما دون خمسة اوسق صدقة))

(بخاری:133/2, 143, 147، ومسلم فی:الزکوۃ:(6,3,2,1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر پانچ وسق سے کم ہو تو اس میں عشر نہیں ہے۔"

فضیلت کا معیار دینداری اور عمل صالح ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس لاحد فضل علی احد الا بدین و عمل صالح))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک شخص کو کسی دوسرے پر فضیلت بغیر دینداری اور عمل صالح کے نہیں۔"

فاجر کی غیبت

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس للفاجر غیبة))

(طبرانی:418/19)(الجامع:114/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فاجر کی غیبت جائز نہیں۔"

قاتل کو میراث نہیں ملے گی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس لقاتل میراث))(الجامع:114/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قاتل کو میراث نہیں ملے گی۔"

عید کی نماز سے پہلے قربانی نہیں ہوتی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یذبحنن احد کم حتی یصلی))

(بخاری فی:الاضاحی:باب سنة الضحیة، مسلم فی:الاضاحی:باب وقتھا)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص عید کی نماز سے پہلے (قربانی) ذبح نہ کرے۔"

مسلمان اور کافر ایک دوسرے کے وارث نہیں ہو سکتے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یرث المسلم الکافر، ولا الکافر المسلم))

(بخاری: 194/8، مسلم فی: الفرائض: (

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کافر کا وارث نہیں ہو سکتا اور نہ کافر مسلمان کا وارث ہو سکتا ہے۔''

مسلمان اور نصرانی غلام و کنیز

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یرث المسلم النصرانی الا انن یکون عبده و امته))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان نصرانی کا وارث نہیں بن سکتا، مگر اس وقت جبکہ نصرانی مسلمان کا غلام ہو یا کنیز۔''

ہر معاملے میں عورتوں کی تابعداری

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یزال الرجال بخیر مالم یطیعوا النساء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مرد اس وقت تک بخیر رہیں گے جب تک کہ عورتوں کی تابعداری نہ کریں۔''

نمازِ فجر خوب روشنی میں پڑھنا.....فطرت اسلام

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یزال الناس علی الفطرة ما اسفروا بالفجر))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ اس وقت تک فطرت اسلام پر رہیں گے جب تک صبح کی نماز خوب روشنی میں پڑھیں گے۔''

نماز کا منتظر گویا نماز میں ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یزال احد کم فی صلاة ما انتظر الصلاة))

(کنز: (19082)، و بخاری: 168,166/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک اس وقت تک نماز میں رہے گا (اسے نماز کا ثواب ملتا رہے گا) جب تک وہ نماز کا انتظار کرتا رہے گا۔''

نماز کو مؤخر کرنے والے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یزال قوم یتار کون عن الصلاة، حتی یؤخر هم الله))

(مسلم: فی: الصلاۃ: (130

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ نماز کو مؤخر کرتے رہیں گے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اُن کو مؤخر کر دے گا۔''

شوہر سے بیوی کو مارنے کا حساب نہ ہوگا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یسأل الرجل فیما ضرب امراته))

(ابوداؤد: (2147)

(ر)سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شوہر سے حساب نہ ہوگا کہ اس نے اپنی بیوی کو کیوں مارا تھا (لیکن بلا سبب بھی نہ (ما)ریں اور زیادہ بھی نہ ماریں)۔"

محرمہ سے زنا کرنے والا جنت میں نہیں جائے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یدخل الجنۃ من زنی بذات محرم))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنی محرمہ سے زنا کیا وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔"

مسخر اور دیوث جنت میں نہیں جائیں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یدخل الجنۃ مومن یسخر، ولا دیوث))

(کنز: (43749)، والمطالب: (2145)، وعبدالرزق: (20437)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بر اندا ق کرنے والا مومن اور دیوث جنت میں داخل نہ ہوں گے۔"

بیعت الرضوان اور جہنم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یدخل النار احد ممن بایع تحت الشجرۃ))

(ابوداود: (4653)، وترمذی: (3860)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بیعت الرضوان میں شامل تھا وہ دوزخ میں نہ جائے گا۔"

مدینہ میں طاعون اور دجال داخل نہ ہوں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یدخل المدینۃالمسیح، ولا الطاعون))

(بخاری: 169/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مدینہ طیبہ میں دجال اور طاعون داخل نہ ہوں گے۔"

ہیجڑوں سے بچنے کا حکم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یدخلن ھولاء علیکم، یعنی: المخنثین))

(بخاری: 198/5, 48/7, 205، ومسلم فی السلام: (33)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ (بدفعلی کرنے والے مخنثین) ہیجڑے تمہارے پاس نہ آئیں۔"

بچہ پیدائش کے بعد آواز نکالے تو وارث ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یرث الصبی حتی یستھل صارخاً))

(معجم طبرانی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک بچہ (پیدا ہونے کے بعد) آواز نہ نکالے وہ وارث نہیں ہوتا۔"

قاتل مقتول کا وارث نہیں ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یرث القاتل شیئاً))

(ابوداود فی: الدیات:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قاتل اپنے مقتول (کی کسی چیز) کا وارث نہیں ہوسکتا۔''

قاتل مقتول کی دیت سے کسی چیز کا وارث نہیں ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یرث قاتل من دیة من قتل))

(ابوداود: فی: الدیات: (18) والدارمی فی: الفرائض: (41)، واحمد: 1/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قاتل اپنے مقتول کی دیت سے کسی چیز کا وارث نہیں ہوسکتا۔''

قضاء فقط دعا سے ہی ٹل سکتی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یرد القضاء الا الدعاء، ولا یزید فی العمر الاالبر))

(سنن ترمذ

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قضاء کو دعا کے سوا کوئی چیز ٹال نہیں سکتی اور عمر کو نیکی ہی بڑھا سکتی ہے۔''

بارہ خلفاء تک اسلام عزت والا رہے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لایزال الاسلام عزیز الی اثنی عشر رجلاً))

(سنن ترمذ

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام بارہ اشخاص تک عزت والا رہے گا (مراد بارہ خلفاء ہیں)''

وقت ہونے کے بعد افطاری میں جلدی کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یزال الناس بخیر ما عجلوا الفطر))

(بخاری: 47/3، ومسلم فی: الصیام:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمیشہ لوگ خیر میں رہیں گے جب تک کہ افطاری میں جلدی کرتے رہیں گے۔''

نماز کی جگہ پر رہنے والا نماز ہی میں شمار ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یزال احد کم فی صلاۃ ماثبت فی مصلاہ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جب تک کوئی اپنے جائے نماز میں رہے گا تو وہ نماز میں شمار ہوگا۔''

حکومت ہمیشہ قریش میں رہے گی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یزال ھذا الامر فی قریش مابقی اثنان))

(کنز: 2/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حکومت ہمیشہ قریش میں رہے گی جب تک دو قریشی بھی موجود ہوں۔''

اللہ کے واسطے سے جنت ہی مانگی جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یسأل بوجه اللہ الا الجنة))

(الجامع:202/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے واسطے سے جنت کے سوا دوسری چیز نہ مانگی جائے۔"

دنیا میں جس کے گناہ چھپے رہے آخرت میں بھی اس کی پردہ پوشی ہوگی

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یستر اللہ علی عبد فی الدنیا الا سترہ یوم القیامۃ))
(صحاح ستہ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس بندہ پر اللہ نے دنیا میں پردہ ڈالا اس کی قیامت میں بھی پردہ پوشی کرے گا۔"

فریاد فقط اللہ تعالیٰ سے

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یستغاث بی، انما یستغاث باللہ عز وجل))
(کنز:29862)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ سے فریاد نہ کی جائے بلکہ اللہ عز وجل کیلئے فریاد کی جائے۔"

مکہ میں قاتل اور چغل خور داخل نہ ہو

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یسکن مکۃ سافك دم، ولا مشاء بنمیمۃ))
(کنز:34697)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مکہ معظمہ میں خونی اور چغلخور شخص سکونت اختیار نہ کرے۔"

عالم کبھی علم سے سیر نہیں ہوتا

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یشبع عالم من علم حتی یکون منتہاہ الجنۃ))
(ترمذی:2686)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عالم علم سے سیر نہیں ہوتا حتیٰ کہ جنت میں جا پہنچتا ہے۔"

مشک کو منہ لگا کر پانی نہیں پینا چاہئے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یشرب احد کم من فی السقاء))
(کنز:41081)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص مشک کو منہ لگا کر پانی نہ پیے۔"

مسلمان پر تلوار نہیں لہرانی چاہئے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یشہر احد کم علی اخیہ السیف))
(حاکم:513/3، وطبرانی:131/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں کوئی شخص اپنے بھائی پر تلوار نہ لہرائے۔"

عیدین کا روزہ رکھنا جائز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يصام هذان اليومان: الفطر، والنحر))

(طبرانی فی الصغیر: 174/1، وجامع مسانید ابی حنیفہ: 305/1, 469، ومسند ابی حنیفہ: 38)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عید الفطر اور عید الاضحیٰ کا روزہ نہ رکھا جائے۔''

ہمسائے کو اذیت دینے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يصحبنا من آذى جاره))

(مجمع: 170/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے ہمسایہ کو تکلیف دی وہ ہمارے ساتھ نہ رہے۔''

ایک عقد میں دو عقد نہ کیے جائیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يصلح صفقتان في صفقة))

(دیلمی: 309/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک عقد (بیع) میں دو عقد نہ کرنے چاہئیں (خالی عقد بیع درست ہے اگر رہن بھی داخل ہو تو نادرست)۔''

امام مقتدیوں سے اونچی جگہ پر نماز نہ پڑھائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يصلي الامام على شيء انشز مما عليه اصحابه))

(کنز: (20441)، وبیہقی: 109/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امام قوم سے اونچی چیز پر نماز نہ پڑھائے۔''

مومن کو ہر تکلیف کے بدلے ثواب ملتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يصيب المؤمن شي الاجر، حتى النكبة والشوكة))

(بخاری فی المرضی: (ا

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کو کوئی تکلیف نہیں پہنچتی مگر ثواب دیا جاتا ہے حتیٰ کہ کانٹا اور مشکل تک کا بھی۔''

پرہیزگاری کے برابر کوئی چیز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يعدل بالرعة۔ يعني: الورع))(سنن ترمذی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پرہیزگاری کے ساتھ کوئی چیز برابری نہیں کر سکتی۔''

دنیا میں کسی کی پردہ پوشی کرنے کا اجر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يستر عبد عبداً في الدنيا الا ستره الله يوم القيامة))

(صحیح مسلم)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص دنیا میں کسی کی پردہ پوشی کرے اللہ قیامت میں اس کی پردہ پوشی کرے گا۔"

زخم کا بدلہ کب لیا جائے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یستقاد من الجرح حتی یبرأ))

(کنز: (39847)، ونصب: 378/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زخم کا بدلہ اچھے ہونے سے پہلے نہیں لیا جائے گا۔"

استنجاء کم از کم تین پتھروں کے ساتھ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یستنجی احد کم بدون ثلاثۃ احجار))

(صحیح مسلم فی: الطہارۃ: (57)، ونسائی: 44/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص تین پتھر سے کم کے ساتھ استنجا نہ کرے۔"

مسلمان کے بھاؤ پر بھاؤ لگانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یسم المسلم علی سوم اخیہ المسلم))

(مسلم فی: البیوع: (9) والنکاح: (54,51)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان دوسرے مسلمان بھائی کے بھاؤ پر بھاؤ نہ لگائے۔"

ہمسائے کو بھوکا رکھ کر خود پیٹ بھر کر کھانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یشبع الرجل دون جارہ))

(حکم: 167/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص اپنے ہمسایہ کو بھوکا رکھ کر اپنا پیٹ نہ بھرے۔"

مسلمان کا مال اس کی رضامندی سے ہی لیا جا سکتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یسترین احد کم مال اخیہ الا بطیب من نفسہ))

(کنز: (30346)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی اپنے مسلمان بھائی کا مال اس کی رضامندی کے بغیر نہ خریدے۔"

کھڑے ہو کر پانی پی لیا تو کیا کیا جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یشر بن احد کم قائماً، فمن نسی فلیستقی))

(مسلم فی: الاشربۃ: (116)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی کھڑا ہو کر پانی نہ پیئے۔ اگر بھول کر پی لے تو قے کر دے۔"

عشاء اور صبح کی نماز اور منافق

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يشهد همامنافق، يعني :العشاء، والصبح))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عشاء اور صبح کی نماز میں منافق حاضر نہیں ہوتا۔''

حضور کے ساتھ ملعون چیز نہیں رہ سکتی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يصحبني شيء ملعون))(مجمع 77/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے ساتھ ملعون شے نہیں رہ سکتی۔''

زکوۃ وصول کرنے والا راضی ہو کر لوٹے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يصدر المصدق عنكم الا وهو راض))

(مسلم فی: الزکوۃ:177)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زکوۃ وصدقات وصول کرنے والا تم سے راضی ہو کر ہی واپس لوٹے۔''

کھجور کی بیع قابل استعمال ہونے سے پہلے جائز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يصلح بيع التمر حتى يبدو صلاحه))

(کنز: 9075)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھجور کی بیع قابل استعمال ہونے سے پیشتر درست نہیں۔''

دوقومی نظریہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يصلح ملتان في مصر واحد))

(دیلمی: 309/5، حدیث: 7993)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو مذہب کے لوگ ایک شہر میں ٹھیک سے نہیں رہ سکتے۔''

پیشاب و پاخانہ کے وقت نماز پڑھنا درست نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يصلي احد كم، وهو يدافع الاخبثين))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پیشاب اور پاخانہ کے زور کے وقت تم میں سے کوئی شخص نماز نہ پڑھے۔''

اللہ کے علاوہ آگ کا عذاب کوئی دوسرا نہ دے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يعذب بالنار الا له))

(بخاری: باب: (107 ,149)، والتاریخ: 59/1، وابوداود فی: الجہاد: 121)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آگ کا عذاب اللہ کے سوا کوئی دوسرا نہ دے۔''

کسی کو منہ سے کاٹنا منع ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يعضه بعضكم بعضاً))

(الجامع:202/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی ایک دوسرے کو منہ سے نہ کاٹے۔"

چور پر ہاتھ کاٹنے کے بعد تاوان نہیں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يغرم السارق بعد القطع))
(بیہقی:277/8،ودارقطنی:182/3, 183)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چور پر ہاتھ کاٹنے کے بعد تاوان نہ ڈالا جائے۔"

حد قائم کرنے کے بعد چور پر تاوان نہیں ڈالنا چاہئے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يغرم صاحب سرقة اذا اقيم عليه الحد))
(نسائی:93/8)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چوری کرنے والے پر حد قائم کرنے کے بعد تاوان نہ ڈالا جائے۔"

قے، پچھنے اور احتلام سے روزہ نہیں ٹوٹتا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يفطر من قاء، ولا من احتجم، ولا من احتلم))
(ترمذی:(2376)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قے کی یا پچھنے لگائے یا خواب میں اُسے احتلام ہوا اس کا روزہ نہیں ٹوٹتا۔"

سمجھ کر تلاوت کرنا

(قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يفقه من قراء القرآن في اقل من ثلاث))
(ترمذی:(1394)،والجامع:202/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تین روز سے کم میں قرآن ختم کیا اس نے قرآن کو نہیں سمجھا (سمجھ کر تلاوت نہیں کی)۔"

کون کس سے قصاص نہیں لے سکتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يقاص مملوك من مالكه، ولا ولد من والده))
(حاکم:216/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غلام اپنے مالک سے اور ولد اپنے والد سے قصاص نہیں لے سکتا۔"

نبی کا وصال محبوب جگہ پر ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يقبض النبي الا في احب الا مكنة اليه))
(بدایہ:266/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نبی کی روح اس جگہ قبض کی جائے گی جو اس کو سب جگہوں سے زیادہ محبوب ہو۔"

ازار لٹکانے والوں کی نماز قبول نہیں ہوتی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یقبل الله صلاة رجل مسبل ازاره))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ ازار لٹکانے والے کی نماز قبول نہیں کرتا۔''

بے وضو کی نماز قبول نہیں ہوتی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یقبل الله صلاة احد کم اذا احدث حتی یتوضا))

(بخاری فی: الوضوء: (2)، ومسلم فی: الطہارۃ: (2)، وابوداود فی: الطہارۃ: (31)، وترمذی فی: الطہارۃ: (56)، واحمد: 308/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تم میں سے کسی بے وضو کی نماز قبول نہیں کرتا جب تک کہ وضو نہ کر لے۔''

بیٹے کے بدلے میں باپ کو قتل نہیں کیا جا سکتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یقتل الوالد بالولد))

(ترمذی: (1401)، ودارقطنی: 141/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیٹے کے بدلہ میں والد کو قتل نہ کیا جائے۔''

عورت کی مملوک قوم اور تقدیس

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یقدس الله امة قادتهم امرأة))

(مجمع: 210/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم کی سردار عورت ہو اس کو اللہ تقدیس عطا نہیں کرتا۔''

یتیم پر رحم کرنے والے کا اجر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یعذب الله یوم القیامة من یرحم الیتیم))

(ترغیب: 349/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص یتیم پر رحم کرے اس کو اللہ قیامت کے روز عذاب نہیں دے گا۔''

حقیقی مومن کبھی خائن نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یغل مومن))(مجمع 339/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن خیانت نہیں کرتا۔''

قیام فقط اللہ کے لیے ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یقام لی، انما یقام لله عزوجل))

(مجمع: 40/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے لئے کھڑے نہ ہوں قیام اللہ کیلئے ہے۔''

خیانت کے مال کا صدقہ

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يقبل الله صدقة من غلول))

(بخاری فی: الزکاۃ: (7)، ومسلم فی: الطہارۃ: (1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خیانت کے مال سے صدقہ اللہ قبول نہیں کرتا۔"

بالغہ عورت کی نماز اور ڈوپٹہ

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يقبل الله صلاة حائض الا بخمار))

(ابوداود: (641)، وابن ماجۃ: (655)، ومشکوۃ: (762)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بالغہ عورت کی نماز بغیر دوپٹے کے اللہ قبول نہیں کرتا۔"

مسلمان کو کافر کے بدلے میں قتل نہ کیا جائے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يقتل مسلم بكافر))

(احمد: 1/79، 2/178، 180، 192، وترمذی: (1412، 1413) وابن ماجۃ: (2659، 2660)،
ی: 4/84، 9/14، 16)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کو کافر کے بدلہ میں قتل نہ کیا جائے۔"

جنبی اور حائضہ قرآن مجید نہ پڑھیں۔

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يقرأ الجنب، ولا الحائض شيئاً من القرآن))

(ترمذی: 1/83، 110، 124، 134، وابن ماجۃ: (596)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنبی اور حائضہ قرآن مجید میں سے کچھ نہ پڑھیں۔"

کوئی یہ نہ کہے کہ اے اللہ اگر تو چاہتا ہے تو بخش دے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لايقولن احد كم: اللهم اغفرلي ان شئت))

(بخاری: 8/92، ومسلم فی: الذکر والدعاء: (9)، وابوداود: (1483) وترمذی: (3497)، وابن ماجۃ: (3854)، واحمد
36[illegible]، 464، 486، 500، 530)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایسا نہ کہے کہ یا اللہ! اگر تو چاہے تو مجھ کو بخش دے۔"

کوئی اپنے روزے اور تراویح کا فخریہ تذکرہ نہ کرے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يقولن احد كم: انى صمت رمضان، وقمته))

(ابوداود: (92415) ونسائی: 4/130)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی (فخریہ) ایسا نہ کہے کہ میں نے رمضان کے روزے رکھے اور
اویح پڑھی۔"

پیشاب کو پیشاب کہنا چاہئے پانی نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یقولن احد کم: اھرقت الماء، ولکن لیقل البول
(مجمع: 0/1

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میں نے پانی بہایا ہے، بلکہ ایسا کہے کہ میں نے پیشاب کیا ہے۔"

زمانہ اللہ کے قبضہ قدرت میں ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یقولن احد کم: یا خیبة الدھر، فبان اللہ ھو الدھر))
(مسلم فی: الادب: (4)، واحمد: 93/2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ اے زمانے کے نقصان! کیونکہ زمانہ اللہ کے ہاتھ میں ہے"

اذان کہنے والا ہی اقامت کہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یقیم الا من اذن))
(کنز: (3179, 20980

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اذان دے وہی اقامت کہے۔"

رفق ہر چیز کو زینت بخشتی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یکون الرفق فی شیء الا زانہ))
(مسلم فی: البر: (78)، وابوداود فی: الجہاد: (1) والادب: (

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس چیز میں نرمی ہو وہ زینت والی ہو جاتی ہے۔"

مومن لعنت نہیں کرتا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یکون المومن لعاناً)) (ترمذی: (2019)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن شخص لعنت نہیں کرتا۔"

احرام والا زعفران اور کسینہ کے رنگے کپڑے نہ پہنے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یلبس محرم ثوباً مسہ زعفران، ولا ورس))
(بخاری فی: العلم: (53) والصلاۃ: (9) والحج: (23,21) ومسلم فی: الحج: (1

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: محرم شخص زعفران اور کسینہ کے رنگے ہوئے کپڑے نہ پہنے۔"

خوفِ الٰہی سے رونے والا جہنم میں نہیں جائے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یلج النار احد یکی من خشیة اللہ))
(ترمذی: (33

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ کے خوف سے رویا ہو وہ جہنم میں داخل نہ ہوگا۔"

مومن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یلدغ المومن من جحر مرتین))

(احمد: 115/2, 379، وبخاری 38/8، ومسلم فی: الزہد: (63)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن ایک سوراخ سے دو دفعہ نہیں ڈسا جاتا۔"

شہید کا ہر گناہ معاف ہو جاتا ہے

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یمر السیف بذنب الا محاہ))

(کنز: (12969)، وکشف: 258/2)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شہید نے جو گناہ بھی کیا ہو شہادت اس کو مٹا دیتی ہے (سوائے قرضہ کے)"

قرآن مجید کو پاک شخص چھوئے

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یمس القرآن الا طاہر))

(جامع ابی داود: 203/2)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن مجید کو پاک شخص چھوئے۔"

ایک معاملہ میں دو فیصلے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یقض احد فی امر بقضاتین))

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص ایک معاملہ میں دو فیصلے نہ کرے۔"

قاضی غصہ کی حالت میں فیصلہ نہ کرے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یقضین حکم بین اثنین وھو غضبان))

(بخاری: 82/9)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی حکم (جج، قاضی) دو شخصوں میں فیصلہ نہ کرے، جبکہ وہ غصہ میں ہو۔"

چور کا ہاتھ دس درہم سے کم میں نہ کاٹا جائے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یقطع السارق فی اقل من عشرۃ دراھم))

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چور کا ہاتھ دس درہم سے کم میں نہ کاٹا جائے۔"

نمازی کے آگے سے گزرنے سے نمازی کی نماز نہیں ٹوٹتی

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یقطع الصلاۃ مرور شیء))

(ابوداود: (719)، ودارقطنی: 368,367/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی چیز کے (آگے سے) گزرنے سے نماز نہیں ٹوٹتی۔"

ظلم کی جگہ کھڑا نہیں ہونا چاہیے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یقفنن احد کم موقفاً یضرب فیه رجل ظلماً))
(مجمع: 284/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایسی جگہ نہ کھڑا ہو جہاں کسی کو ظلم سے مارا جاتا ہو۔"

حضرت یونس اور حضرت محمد نفس نبوت میں برابر ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یقولن احد کم: انی خیر من یونس بن متی))
(بخاری: 193/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے یہ کوئی نہ کہے کہ میں (حضرت محمد) یونس بن متی سے بہتر ہوں۔"

زراعت اور کھیتی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یقولن احد کم: زرعت، ولکن لیقل: حرثت))
(تاریخ جرجان: 41)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میں نے زراعت کی ہے بلکہ کہے کہ کھیتی کی ہے۔"

کسی کو اس کی جگہ سے اُٹھا کر خود وہاں نہیں بیٹھنا چاہیے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یقیم الرجل الرجل من مجلسه، ثم یجلس فیه))
(بخاری: 75/8)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص دوسرے کو اس کی جگہ سے اٹھا کر خود اس کی جگہ نہ بیٹھے۔"

نماز جنازہ پر چار تکبریں پڑھی جائیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یکبر علی الجنائز الا اربع))
(مسند فردوس: 36/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنازہ پر چار تکبیریں پڑھی جائیں۔"

لعنت کرنے والے قیامت میں نہ شفیع بنیں گے نہ گواہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یکون اللعانون شفعاء ولا شهداء یوم القیامة))
(مسلم فی: البر: 85,7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لعنت کرنے والے قیامت کے روز نہ شفیع بنیں گے نہ گواہ۔"

اپنی دیوار پر کسی کو چھت رکھنے سے منع نہیں کرنا چاہیے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یمنع احد کم اخاه مرفقاً یضعه علی جداره))
(کنز: (24945)، وابن عساکر: 9/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص اپنے بھائی کو دیوار پر (شہتیر، گاڈر) رکھنے سے نہ روکے۔"

پڑوسی دوسرے پڑوسی کو دیوار پر چھت ڈالنے سے منع نہ کرے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یمنع جار جارہ ان یغرز خشبة فی جدارہ))

(بخاری فی: المظالم: (20) والاشربۃ: (24)، ومسلم فی المساقاۃ: (136)، وابوداود فی: الاقضیۃ: (31)، وترمذی فی: ام: (18)، وابن ماجہ فی: الاحکام: (15)، واحمد: 240/2, 463, 480/3)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک پڑوسی دوسرے پڑوسی کو اپنی دیوار میں لکڑی گاڑنے سے منع نہ کرے۔"

بچے ہوئے پانی اور کنویں کے پانی سے منع نہ کیا جائے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یمنع فضل الماء ولا یمنع نفع البشر))

(ابن ماجہ: (2479)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بچے ہوئے پانی سے منع نہ کیا جائے اور اپنے کنویں کے فائدہ سے منع نہ کیا جائے۔"

اللہ تعالیٰ سے حسن ظن رکھنا چاہیئے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا یموتن احد منکم الا وھو یحسن الظن بربہ))

کنز: (5852)، ومسلم: 2205, 92206، وابن ماجہ: (4167) واحمد: 325/1, 390,325,315,293/3)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی نہ مرے مگر یہ کہ اللہ پر نیک گمان کرتا ہو۔"

منقش گھر میں داخل ہونا جائز نہیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا ینبغی لرجل ان یدخل بیتاً مزوقاً))

(کنز: (6357)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کیلئے منقش گھر میں داخل ہونا جائز نہیں۔"

مومن اپنے نفس کو ذلیل نہ کرے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا ینبغی للمومن ان یذل نفسہ بعد عزھا بالدین))

(ترمذی: (2254) وابن ماجہ: (4016)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کیلئے مناسب نہیں کہ اپنے نفس کو ذلیل کرے، جبکہ دین کے باعث اُسے ت حاصل ہو چکی ہو۔"

کسی نبی نے خود کو حضرت یونس سے افضل نہیں کہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا ینبغی لنبی ان یقول: انا خیر من یونس بن متی))

(مجمع: 209/8)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی نبی کیلئے مناسب نہیں کہ وہ خود کو یونس بن متی سے افضل کہے۔"

دوافراد کا ایک کو چھوڑ کر سرگوشی کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا ینتجی اثنان دون الثالث، فان ذالك یحزنه))

(ابوداود فی: الادب: (24)، واحمد: 45/2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دوساتھی تیسرے کو چھوڑ کر سرگوشی نہ کریں کہ تیسرے کو اس سے غم ہوگا۔"

جب تک یقین نہ ہو جائے کہ وضوٹوٹ گیا ہے تب تک نماز نہیں توڑنی چاہئے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا ینصرف حتی یسمع صوتاً، اویجد ریحا))

(ابوداود فی: الطہارۃ: (67)، و بخاری: 1/46, 55، ومسلم فی: الحیض: (98)، والنسائی فی: الطہارۃ: (114)، وابن ماجہ: 514)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نمازی نماز سے نہ پھرے یہاں تک کہ ہوا نکلنے کی آواز سنے یا بدبو پائے۔"

کپڑا لٹکانے والے کی طرف اللہ تعالیٰ نظر کرم سے نہ دیکھے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا ینظر الله الی المسبل یوم القیامة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ازار (تہبند) لمبا لٹکانے والے کی طرف اللہ تعالیٰ قیامت کے روز نہ دیکھے گا۔"

عورت سے دبر میں جماع کرنے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا ینظر الله الی رجل جمع امرأته فی دبرها))

(ابن ماجہ: (1923)، واحمد: 344/2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص کو اللہ (قیامت میں نظر کرم سے) نہیں دیکھے گا جس نے اپنی عورت سے دبر میں جماع کیا ہوگا۔"

حضور کی انگوٹھی کے نقش کی طرح کا نقش

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا ینقش احد علی نقش خاتمی هذا))

(ابوداود: (4219)، وابن ماجہ: 3639)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے نقش کی طرح کوئی شخص اپنی انگوٹھی کا نقش نہ کھودے۔"

زانی بس زانی سے ہی نکاح کرتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا ینکح الزانی للمجلود الا مثله))

(ابوداود: 2052)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زانی کوڑے لگایا ہوا اپنے جیسے سے ہی نکاح کرتا ہے۔"

دعا سے کوئی ہلاک نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لا یهلك مع الدعاء احد))

(درمنثور:195/1وتاریخ اصفہان:232/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دعاء کے ساتھ کوئی ہلاک نہیں ہوتا۔"

آدمی کو کسی کی ہیبت حق گوئی سے نہ روکے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لایمنعن احد کم ھیبۃ الناس ان یقول الحق))

(ترمذی فی: الفتن:(26)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کو لوگوں کی ہیبت حق گوئی سے منع نہ کرے۔"

عزت کی تمنا کرنے والے کو عزت حاصل نہ ہو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لا ینال العز من یتمناہ))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عزت کی تمنا کرے اس کو عزت حاصل نہ ہو۔"

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: التاجر الصدوق مع النبین و الصدیقین و الشهداء))

(کنز: (9217)، وترمذی: (09

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سچا سوداگر انبیاء، صدیقین اور شہداء کے ہمراہ ہوگا۔''

نیک کام میں تاخیر بہتر نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: التودة فی کل شی خیر الا فی عمل الآخرة

(ابوداود: رقم: (4810)، وبیہقی: 07/10

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آہستگی ہر کام میں بہتر ہے مگر نیک عمل میں تاخیر بہتر نہیں۔''

گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے جس نے گناہ کیا ہی نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: التائب من الذنب کمن لا ذنب له))

(بیہقی: 157/10، وحلیہ: 10/4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسا کہ اس نے گناہ کیا ہی نہیں۔''

اکثر تاجر فاجر ہوتے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التجار هم الفجار)) (حاکم: 7/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تاجر لوگ (اکثر) فاجر ہیں۔"

انگلیوں اور داڑھی کا خلال کرنا سنت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التخليل سنة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خلال کرنا سنت ہے۔"

مٹی بچوں کی بہار وگلزار ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التراب ربيع الصبيان))

(کنز: (45424)، وتذکرۃ: (187)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مٹی بچوں کی بہار اور گلزار ہے۔"

نکاح حج اکبر کی مثل ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التزوج الحج الاكبر))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نکاح کرنا بڑا حج ہے۔"

تسبیح وتکبیر کہنا صدقہ سے افضل ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التسبيح والتكبير افضل من الصدقة))

(کنز: (2013)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تسبیح وتکبیر کہنا صدقہ کرنے سے افضل ہے۔"

نیک کام میں ڈھیل شیطانی اثر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التسويف شعاع الشيطان، يلقيه في قلوب المومنين))

(دیلمی: 118/1، وکنز: (10208)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک کام میں ڈھیل شیطانی اثر سے ہے جس کو شیطان مومنین کے دلوں میں ڈالتا ہے۔"

تقویٰ کا مقام دل ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التقوى هٰهُنا، واشار الى صدره))

(ترمذی: (1927)، واحمد: 277/2، 360)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تقویٰ اس جگہ ہے اور آپ نے اپنے سینہ کی طرف اشارہ فرمایا۔"

متقی اور فاجر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التقى كريم على الله، والفاجر شقى هين على الله))

(کنز:647)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: متقی اللہ کے نزدیک معزز ہے اور فاجر ذلیل و حقیر۔''

جنازہ پر چار تکبیریں پڑھی جائیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: التکبیر علی الجنائز اربع))

(دیلمی: 120/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنازہ پر چار تکبیریں پڑھی جاتی ہیں۔''

کھجور ستر بیماریوں کی دوا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: التمر البرنی فیه شفاء من سبعین داء))

(دیلمی: 127/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھجور میں ستر بیماریوں کی دوا ہے۔''

نماز جمعہ کے لیے اول وقت میں جانا فقراء کا حج ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: التهجیر الی الجمعة حج فقراء امتی))

(تذکرۃ: 115)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز جمعہ کو اول وقت میں جانا میری امت کے فقراء کا حج ہے۔''

گناہوں سے توبہ کرنا بہت ہی عمدہ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: التوبة حسن، ولکن من السیئات احسن))

(مسانید: 160/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: توبہ اچھی ہے مگر گناہوں سے توبہ کرنا بہت ہی عمدہ ہے۔''

ہمت والا تاجر نفع پاتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: التاجر الجسور مرزوق))

(دیلمی: 128/2، وتذکرۃ: 135)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سودا کرنے میں ہمت کرنے والا سوداگر نفع پاتا ہے۔''

سچا تاجر اور جنت کے دروازے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: التاجر الصدوق لا یحجب من ابواب الجنة))

(کنز: (9219)، ومجمع: (10345))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سچا سوداگر جنت کے دروازوں سے نہیں روکا جائے گا۔''

سخت جمائی اور سخت چھینک شیطان کی طرف سے ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التثاؤب الشديد، و العطسة الشديدة من الشيطان))
(کنز: (25513)، ومجمع: (10360)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سخت جمائی اور سخت چھینک شیطان کی طرف سے ہوتی ہے۔"

اظہارِ نعمت شکر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التحدث بالنعمة شكر))
(کنز: (6418)، والاتحاف: 156/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نعمت کا اظہار کرنا شکر ہے۔"

نکاح برکت اور اولاد رحمت لاتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التزوج بركة، و الولد رحمة))(مسند فردوس)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نکاح کرنا (رزق میں) برکت لاتا ہے اور اولاد رحمت لاتی ہے۔"

وضو کے وقت انگلی سے دانت صاف کرنا مسواک کے قائمقام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التشويص بالابهام و المسجة عند الوضوء سواك))
(مسند فردوس)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انگوٹھا اور شہادت کی انگلی منہ میں وضو کے وقت مارنا مسواک کے قائمقام ہے۔"

سیر ہو کر آب زمزم پینے سے نفاق دور ہو جاتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التضلع من زمزم براءة النفاق))
(الاتحاف: 412/4، وکنز: (34778)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آب زمزم سیر ہو کر پینا نفاق سے برأت لاتا ہے۔"

دین میں تفقہ حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التفقه في الدين حق على كل مسلم))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دین میں سمجھ حاصل کرنا ہر ایک مسلمان پر لازم ہے۔"

پرہیزگار اور فاجر کی صفات

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التقى امن محفوظ، و الفاجر الف مفود))
(مسند فردوس)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پرہیزگار با امن محفوظ ہے اور فاجر خوف زدہ بزدل۔"

دودھ اور دلیا کی خصوصیات

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التلبينة تجم فوأد المريض))

(بخاری: 97/7، ومسلم فی السلام: (90)، واحمد: 55/6

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دلیا اور دودھ بیمار کے دل کو قوی اور جمع کرتا ہے۔"

خواب میں نظر آنے والی تین چیزوں کی تعبیر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التمر فى النوم رزق، والجمار جد والخضرة الجنة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خواب میں کھجور دیکھنا رزق ہے، انگارہ دیکھنا تکلیف ہے اور سبز چیز دیکھنا جنت ہے۔"

توبہ گناہ کو منہدم کر دیتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التوبة تهدم الحوبة)) (حلیہ: 189/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: توبہ گناہ کو گرادیا کرتی ہے۔"

توبہ کب تک قبول ہوتی رہے گی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التوبة مقبولة مالم تطلع الشمس من مغربها))

(مسند امام اح

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: توبہ اس وقت تک مقبول ہے جب مغرب سے آفتاب نہ نکلے۔"

توبہ کیا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التوبه من الذنب الندم والا ستغفار))

(دیلمی: 121/2، ومجمع: 10/198-199

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: توبہ گناہ سے پشیمانی اور بخشش مانگنا ہے۔"

تواضع عالم کا مرتبہ بڑھاتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التواضع لا يزيدالعالم الا رفعة))

(الاتحاف: 39/8، وکنز: (5719

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تواضع عالم کا مرتبہ بڑھاتی ہے۔"

تیمم کا طریقہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: التيمم ضربة للوجه، وضربة للكفين))

(طبرانی: 297/8

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیمم ایک ضرب منہ کیلئے ہے اور ایک ضرب ہاتھوں کیلئے (اور نیت بھی کرے)۔"

گناہ سے توبہ کس طرح کی جائے

ل رسول الله صلی الله علیه وسلم: التوبه من الذنب ان لا يعود اليه ابداً))

(کنز: (10304) وابن کثیر: 196/8، واحمد: 446/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گناہ سے توبہ یہ ہے کہ پھر کبھی اس گناہ کی طرف نہ جائے۔"

حضرت ثابت بن قیس جنت میں

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ثابت بن قیس فی الجنة))

(دیلمی: 165/2، ومجمع: 321/9)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ثابت بن قیس جنت میں جائے گا۔"

لید اور گوبر سے استنجاء نہیں کیا جا سکتا

ال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ثلاثة احجار عند الخلاء ليس منهن رجيع))

(ابن ابی شیبۃ: 223/14، وابوداود: (41)، وابن ماجۃ: (315)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیت الخلاء جانے کیلئے تین ڈھیلے چاہئیں جن میں لید نہ ہو۔"

تین چیزیں دل کو سخت کر دیتی ہیں

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ثلاث نورث قسوة القلب: حب الطعام،
لنوم، والراحة))

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں دل کو سخت کر دیتی ہیں محبت طعام، نیند اور آرام طلبی۔"

تین ملعون اشخاص

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ثلاثة لعنتهم: امير ظالم، وفاسق، ومبتدع))

(دیلمی: 162/2، وکنز: (43929)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین شخصوں پر میں لعنت کرتا ہوں۔ ظالم امیر، فاسق اور بدعتی پر۔"

تین چیزوں کی پیشکش نہ ٹھکرائی جائے

(قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ثلاثة لا ترد: الوسائد، والدهن، واللبن))

(کنز: (25385)، وطبرانی: 336/12)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزوں کی پیشکش نہ ٹھکرائی جائے۔ تکیہ، خوشبو اور دودھ۔"

تین لوگوں کی دعا قبول ہوتی ہے

(قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ثلاث تستجاب دعوتهم: الوالد، والمسافر، والمظلوم))

(ابوداود فی الوتر: (29)، وترمذی فی البر: (7) والدعوت: (47)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمیوں کی دعا مقبول ہوتی ہے۔ والد، مسافر اور مظلوم۔''

تین جہنمی اشخاص

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ثلاث لا يدخلون الجنة: الديوث، والرجلة ومدمن الخمر))(مستدرك حاكم)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین شخص جنت میں داخل نہ ہوں گے۔ بے غیرت، مردانہ شکل بنانے والی عورت اور دائمی شرابی۔''

تین فتنہ پرور چیزیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ثلاث فاتنات :الشعر الحسن، والوجه الحسن، والصوت الحسن))(ديلمى 140/2، وكنز :(44129)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں فتنہ میں ڈالنے والی ہیں۔ خوبصورت بال، حسین چہرہ اور خوش آوازی۔''

سورت ملک کی تیس آیات اور عذابِ قبر سے نجات

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ثلاثون آية سورة الملك تمنع من عذاب القبر))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۃ ملک کی تیس آیتیں ہیں جو عذاب قبر کو روکتی ہیں۔''

کتے کی قیمت اور کتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ثمن الكلب خبيث، وهو اخبث منه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کتے کی قیمت خبیث (ناجائز) ہے اور کتا اس سے خبیث (ناپاک) تر ہے۔''

اذان اور بارش کے وقت دعا رد نہیں ہوتی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ثنتان ماتردان: الدعاء عند النداء، وتحت المطر))
(حاکم: 113/2-114)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اذان اور بارش کی حالتوں میں دعا رد نہیں ہوتی۔''

تین اشخاص کہ حوریں جن کی منتظر ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ثلاثة تشتاق اليهم الحور: على، وعمار، وسلمان))
(دیلمی: 159/2، وتاریخ اصفہان: 1/...)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمیوں علی، عمار اور سلمان کیلئے حوران بہشتی شوق میں ہیں۔''

تین چیزوں میں مذاق نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ثلاث لايجوز اللعب بهن: الطلاق، والعتق، والنكاح))

(طبرانی:304/18،وتلخیص:209/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزوں کے ساتھ کھیلنا نہ چاہیے۔طلاق،عتاق،نکاح۔"

تین چیزوں سے منع نہیں کیا جا سکتا

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:ثلاث لا یمنعن:الماء، والکلا، والنار))

(کنز:(9636)،وکشف الخفاء:389/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزوں سے منع نہ کیا جائے۔پانی،(قدرتی) گھاس اور آگ۔"

تین جنت میں نہ داخل ہونے والے اشخاص

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ثلاث لا یدخلون الجنة:العاق ، والدیوث، ورجلة النساء))(مستدرك حاكم)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین شخص جنت میں داخل نہ ہوں گے۔والدین کا نافرمان، دیوث، مردانہ وضع قطع والی عورت۔"

مکہ، مدینہ اور بیت المقدس جنت کے باغات ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:ثلاث من ریاض الجنة:مکة والمدینة، وبیت المقدس))

(فوائد مجموعة، صفحہ:(428):حدیث:(1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین بستیاں جنت کے باغوں میں سے ہیں،مکہ،مدینہ اور بیت المقدس۔"

جنت کی قیمت کلمہ طیبہ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:ثمن الجنة :لا اله الا الله))

(کنز:(1790,157)وخطیب:270/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کی قیمت لا الہ الا اللہ ہے۔"

وضو میں تین بار اعضاء کا دھونا شرف اور چوتھی بار دھونا اسراف ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:الثا لثة فی الوضوء شرف، والرابعة سرف))

(دیلمی:167/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وضو میں تین بار اعضا کا دھونا شرف ہے اور چوتھی بار اسراف ہے۔"

ثیبہ اور باکرہ کا نکاح اور اجازت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:الشیب تعرب عن نفسها، والبکر رضاء ها صمتها))

(ابن ماجہ:(1872)،وبیہقی:123/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ثیبہ نکاح میں اظہار کرے اور باکرہ کا خاموش رہنا ہی رضا ہے۔"

غیر وارث کے لیے تہائی مال سے زیادہ کی وصیت نہیں کی جاسکتی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الثلث و الثلث کثیر))

(ابوداود فی الوصایا: باب: (3)، وترمذی: (2116))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غیر وارث کیلئے تہائی مال تک کی وصیت کرنا چاہیے اور تہائی بھی کثیر ہے۔''

لہسن، پیاز اور گندنا میں شیطان کی مشک ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الثوم و البصل و الکراث من مسك ابلیس))

(طبرانی: 339/8، ومجمع: 18/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لہسن، پیاز اور گندنا شیطان کی مشک ہے۔

حضرت سفینہ اور جہنم سے آزادی کی خوشخبری

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جاء نی جبریل، فقال بشر سفینة بامان من النار))

(دیلمی: 181/2، وکنز: (33348))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس جبریل آئے اور فرمایا (اپنے غلام) سفینہ کو جہنم سے آزادی کی خوشخبری سنادیں۔''

وضو کرنے والا اپنی شرمگاہ پر پانی کے چھینٹے مارلے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جاء نی جبریل، اذا توضأت فانتضح))

(ترمذی: رقم: (50) ومشکوۃ: (367))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس جبریل آئے اور فرمایا: جب آپ وضو کرچکیں تو قطرات کا وہم دور کرنے کیلئے پانی کے چھینٹے مارلیا کریں۔''

ہمسایہ ہمسائے سے زمین وغیرہ کی خریداری کا زیادہ حقدار ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جار الدار احق بدار الجار او الارض))

(کنز: (17697)، وابوداود: (3517))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پڑوسی پڑوسی کے گھر یا اس کی زمین کا (فروخت کے وقت) زیادہ حقدار ہے۔''

مشرکوں سے تین طرح کا جہاد

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جاهدوا المشرکین باموالکم وانفسکم والسنتکم))

(ابوداود: (2504)، ونسائی: 7/6، ودارمی: 213/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مشرکوں سے اپنے مال، جان و زبان سے جہاد کرو۔''

کلمہ طیبہ پڑھنے سے ایمان تازہ ہوتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جددو ایمانکم، اکثر و امن قول لا اله الا الله))

(حلیہ:357/2،وابن عدی:1394/4)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا ایمان تازہ کیا کرو لا الہ الا اللہ بہت کہا کرو۔"

تین قسم کے لوگوں کی محفل اختیار کرنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جالس الکبراء، وخالط الحکماء، وسائل العلماء))

(ابن عدی:1941/5،1942)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بزرگوں کے پاس بیٹھا کر، حکماء سے ملاپ رکھا کر اور علماء سے مسائل پوچھا کر۔"

ہمسایہ شفعہ کا زیادہ حق دار ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جار الدار احق بالشفعة))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گھر کا پڑوسی شفعہ کا زیادہ مستحق ہے۔"

برا ہمسایہ گھر کی کمر توڑنے والا ہے

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جار السوء فی دار الاقامة قاصمة للطهر))

(الاتحاف:86/5،مجمع:183/10)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برا پڑوسی سکونتی گھر کی کمر توڑ ڈالنے والا ہے۔"

جبلتِ قلوب

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جبلت القلوب علی حب من احسن الیها، وبغض من اساء الیها))(تذکرة:(68)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: احسان کنندہ سے محبت اور تکلیف دہندہ سے بغض کی طبیعت دلوں میں رکھی گئی ہے۔"

مونچھیں کترواؤ اور داڑھیاں بڑھاؤ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جزوا الشوارب، واعفوا اللحی))

(احمد:365/2،366)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مونچھیں کترواؤ اور داڑھیاں بڑھاؤ۔"

اس امت کا عذاب دنیا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جعل اللہ عذاب هذه الامة فی دنیاها))

(کنز:(10523)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس امت کا عذاب اللہ نے دنیا میں رکھا ہے۔"

نماز حضور کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جعلت قرة عینی فی الصلاة))

(کنز:(18912)،وخطیب:12/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھی گئی ہے۔''

جو ہونے والا ہے وہ لکھا جاچکا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: جف القلم بما هو كائن))

(الاتحاف:226/9،ودر منثور:1/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کچھ ہونے والا ہے اسے لکھ کر قلم خشک ہوگئی ہے۔''

انسان کی خوبصورتی اس کی فصاحت بیانی میں ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: جمال الرجل فصاحة لسانه))(ديلمى 177/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی فصاحت بیانی میں اس کی خوبصورتی ہے۔''

میت کے کفن کو تین مرتبہ خوشبو لگانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: جمرو اكفن الميت ثلاثاً))

(کنز:(42285)،ونصب الرایۃ:264/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میت کے کفن کو تین بار خوشبو لگایا کرو۔''

عورت کا جہاد اور خاوند سے اچھا سلوک

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: جهاد المرأة حسن التبعل لزوجها))

(الاتحاف:168/8،وتذکرۃ:(129

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت کا جہاد اپنے خاوند سے اچھا برتاؤ ہے۔''

عورتوں کا جہاد خانہ کعبہ کی زیارت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: جهاد النساء زيارة هذا البيت))

(احمد:120/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کا جہاد خانہ کعبہ کی زیارت ہے۔''

بے صبری بڑی مصیبت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: جهد البلاء قلة الصبر))

(دیلمی:177/2،وکنز:(2966))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کم صبری بڑی مصیبت ہے۔''

سخاوت کرنے والے پر اللہ سخاوت فرماتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: جودو ايجد الله عليكم))

(الاتحاف:195/8)

ں اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سخاوت کرو اللہ تم پر سخاوت کرے گا۔“

نیک بخت اور بد بخت دونوں پر قلم چل چکا

ی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جری القلم بالشقی و السعید))

(دیلمی:176/2، وکنز:(608)

ں اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک بخت اور بد بخت دونوں پر قلم چل چکا۔“

فقیر کی جانب سے غنی کو بدلہ دعا اور نصیحت ہے

ی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جزاء الغنی من الفقیر النصیحة و الدعاء))

(کنز:(16827)

ں اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فقیر کی جانب سے غنی کو بدلہ دعا اور نصیحت (خیر خواہی) کرنا ہے۔“

دنیا فضلہ کی مثل ہے

ی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جعل اللہ ما یخرج من ابن آدم مثلاً للدنیا))

ں اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز انسان سے فضلہ ہو کر نکلتی ہے اسے اللہ نے دنیا کی مثال بنایا ہے۔“

اہل اسلام کے لیے ساری زمین مسجد اور پاک ہے

ی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جعلت لی الارض مسجداً و طهوراً))

(بخاری:(91/1)، وترمذی:(317)

ں اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے لئے زمین مسجد اور پاک کرنے والی چیز بنائی ہے۔“

سونا پہننے والا مرد گویا چنگاری پہننے والا ہے

ی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جمرة عظیمة علیه، قاله لمتختم بالذهب))

(بیہقی:91/1، وترمذی:(17301)

ں اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس پر بڑی چنگاری ہے۔ یہ سونے کی انگوٹھی پہننے والے کو فرمایا۔“

مساجد میں بہت چھوٹے بچے اور پاگل داخل نہ ہوں

ی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جنبوا مساجد کم مجانینکم و صبیانکم))

(ابن ماجہ: رقم:(750) وطبرانی:156/8)

ں اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی مساجد کو بچوں اور پاگلوں (کے داخل ہونے) سے بچاؤ۔“

گھر دنیا میں انسان کی جنت ہے

ی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جنة الرجل داره))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی جنت اس کا گھر ہے۔''

بوڑھے اور عورت کا جہاد

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: جهاد الكبير و الضعيف و المراة الحج والعمرة))

(کنز: (11797) ونسائی: 114/5 واحمد: 421/2، وبیہقی: 350/4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بوڑھے ضعیف اور عورت کا جہاد حج اور عمرہ کرنا ہے۔''

سخت بلا یہ ہے کہ عیالدار زیادہ ہوں اور آمدنی کم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: جهد البلاء كثرة العيال مع قلة الشيء))

(الجامع: 21/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سخت بلا یہ ہے کہ عیال زیادہ ہو اور آمدنی کم۔''

سب سے پہلے اور سب سے آخری نبی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اول المرسلين آدم، و آخر هم محمد))

(کنز: (289

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رسولوں کے اول آدم اور آخری محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔''

مومن کے لیے اللہ کا پہلا تحفہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اول تحفة المومن ان يغفر لمن صلى عليه

(الموضوعات: 8/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کے لیے پہلا تحفہ یہ ہے کہ اس کا جنازہ پڑھنے والوں کو بخش دیا جاتا ہے''

جنت میں جانے والا پہلا غلام

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اول عبد سابق الى الجنة اطاع الله، واطاع موالیه

(کنز: (108

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں جانے والا پہلا غلام وہ ہوگا جس نے اللہ تعالیٰ اور اپنے آقا کی تابعداری کی ہوگی۔''

آخرت کی پہلی عدالت قبر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اول عدل الاخرة القبر، لا يعرف شريف من وضيع

(دیلمی: 65/1،

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آخرت کی پہلی عدالت قبر ہے جس میں شریف و کمینہ کا فرق نہیں۔''

ظالم اور ظالم کی امداد کرنے والے جہنمی ہیں

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: اهل الجوار واعوانهم في النار))
(مستدرک حاکم: 89/4)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ظلم کرنے والے اور ان کے مددگار آگ میں جائیں گے۔"

دنیا میں شکم بھرنے والے آخرت میں بھوکے رہیں گے

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: اهل الشبع في الدنيا هم اهل الجوع في الآخرة))
(کشف الخفاء: 306/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا میں شکم بھرنے والے آخرت میں بھوکے رہیں گے۔"

قرآن والے اللہ کے اہل ہیں

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: اهل القرآن اهل الله و خاصته))
(احمد: 128/3، والاتحاف: 465/4)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن والے اللہ کے اہل اور اللہ کے خاص ہیں۔"

یمنی حاجی دیگر حجاج کی زینت ہیں

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اهل اليمن زين الحاج))

(مجمع: 55/10)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یمن والے حاجیوں کی زینت ہیں۔"

اہل فارس حضرت اسحاق بن ابراہیم کی اولاد سے ہیں

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اهل فارس ولد اسحاق بن ابراهيم))
(دیلمی: 497/1، وکنز: (34138)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فارس والے اسحاق بن ابراہیم کی اولاد ہیں۔"

اے امت محمدیہ! حج وعمرہ کا احرام باندھو

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اهلوا يا امة محمد، بحج و عمرة))
(کنز: (11980)، ومجمع: 235/3)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے محمد کی امت! حج اور عمرہ کا احرام باندھو۔"

اپنے بھائی کی آبرو میں دست درازی کرنا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اهون الربا استطالة المرء في عرض اخيه))
(الجامع: 92/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آسان ربا (سود) اپنے بھائی کی آبرو میں دست درازی کرنا ہے۔''

وتر نماز فجر کے وقت سے پہلے پڑھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اوتر اقبل ان تصبحوا))

(ترمذی: (469)، ونسائی: 31/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وتر صبح ہونے سے پہلے پڑھو۔''

موسیٰ علیہ السلام کو تورات کی تختیاں دی گئیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اوتی موسی الالواح، واوتیت المثانی))

(الجامع: 2/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موسیٰ کو تورات کی تختیاں دی گئی تھیں اور مجھے سورۃ فاتحہ۔''

حضرت عثمان کا نکاح نبی کریم کی بیٹی سے اللہ کے اذن سے ہوا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اوحی اللہ الی ان زوج ابنتك من عثمان))

(کنز: (6226

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے مجھے وحی کی ہے کہ اپنی لڑکی کا نکاح عثمان سے کردوں۔''

جدید امتی اور حلال وحرام

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اوشك ان یستحل امتی فروج النساء والحریر))

(کنز: (41860,13006) والجامع: 2/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب ہے کہ میری امت عورتوں کی فروج اور ریشم کو حلال جاننے لگے گی۔''

حضور کی وصیت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اوصیك بتقوی اللہ، وصدق الحدیث))

(الاتحاف: 519/7، ومغنی: 95/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھے وصیت کرتا ہوں کہ اللہ سے ڈرا کر اور بات سچی کیا کر۔''

ہمسائے کی نگہداشت کی وصیت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اوصیکم بالجار))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو پڑوسی کی نگہداشت کی وصیت کرتا ہوں۔''

مزدور کی مزدوری پسینہ خشک ہونے سے پہلے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اوفوا الاجیر اجرہ قبل ان یجف عرقه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مزدور کی مزدوری اس کے پسینے خشک ہونے سے پہلے دیدو۔''

ولی وہ ہے جس کو دیکھنے سے اللہ یاد آ جائے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اولیاء اللہ الزین یذکر اللہ عند رؤیتھم))
(صحیحہ: (1646)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے اولیاء وہ لوگ ہیں کہ جن کے دیکھنے سے اللہ یاد آ جائے۔"

قربِ قیامت میں پہلے زمین کا دایاں حصہ خراب ہوگا پھر بایاں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول الارض خراباً یسراھا، ثم یمناھا))
(کنز: (38428)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اول زمین کا بایاں حصہ خراب ہوگا، پھر دایاں حصہ۔"

علم کا اول وآخر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول العلم معرفة اللہ، و آخر العلم تفویض الامر))
(دیلمی: 70/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم کا اول اللہ کی معرفت ہے اور آخر تفویض امر ہے۔"

حضور کو سب سے پہلے جنت میں قبیلہ احمس کی ایک نیک خاتون ملی گی

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول امتی لحوقابی فی الجنة امراة من احمس))
(مسند ابی یعلی الموصلی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں مجھ سے اول ملنے والی قبیلہ احمس کی عورت ہوگی۔"

قیامت کے دن سب سے پہلے جھگڑا کرنے والے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول خسمین یوم القیامة جاران))
(طبرانی: 303/17، 309)(مجمع: 170/8)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز اول جھگڑا کرنے والے دو پڑوسی ہوں گے۔"

اہل جنت کی سب سے پہلی خوراک

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول شی یاکلہ اھل الجنة کبد الحوت))
(کنز: (39303)، وابن حبان: (2253)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت کی سب سے پہلی خوراک مچھلی کا جگر ہوگا۔"

حضور سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کو دیکھیں گے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول عین تنظر الی اللہ عینی))
(دیلمی: 69/1، وکنز: (32053)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلی آنکھ جو اللہ کو دیکھے گی وہ میری آنکھ ہوگی۔''

بنی اسرائیل کا پہلا فتنہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول فتنة بنی اسرائیل کانت فی النساء))

(مسلم: الزکر والدعاء: (99) بیہقی: 7/...)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنی اسرائیل کا پہلا فتنہ عورتوں سے اٹھا تھا۔''

زمانہ فتن میں لوگ سب سے پہلے تواضع سے محروم ہوں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول ما یرفع من الناس الخشوع))

(تاریخ اصبھان: ...7/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں سے سب سے پہلے تواضع اٹھایا جائے گا۔''

سب سے پہلی وحی تسمیہ کی ہوئی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول ما القی علی من الوحی بسم ال...
الرحمن الرحیم))(دیلمی :49/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ کو پہلی وحی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی ہوئی۔''

سب سے پہلے میزان میں رکھی جانے والی چیز

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول ما یوضع فی المیزان الخلق الحسن))

(جامع: ...1/...)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ترازو میں سب سے پہلے عمدہ خلق رکھا جائے گا۔''

اول اول مہمان نوازی حضرت ابراہیم نے کی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من اضاف الضیف ابراھیم الخلیل))

(دیلمی: 57/1، وابن عساکر: ...9/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے پہلے مہانداری ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے کی۔''

حضرت نوح رسول ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من ارسل نوح علیہ السلام))

(تاریخ اصبھان: ...4/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اولادِ آدم میں) سب سے پہلے نوح علیہ السلام کو رسول بنا کر بھیجا گیا۔''

سب سے پہلے میزان میں اہل وعیال کا خرچہ رکھا جائے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول ما یوضع فی میزان العبد نفقته علی اهله...

(درمنثور:71/3،وترغیب:64/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے میزان میں انسان کا اپنے اہل وعیال کا خرچہ رکھا جائیگا۔"

ابن مرہ کے بعد سب سے پہلے کعبۃ اللہ کی تعمیر کرنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اول من جدد الكعبة بعد ابن مرة قصي))

(کنز:(34719)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قصی وہ پہلا شخص ہے جس نے ابن مرہ کے بعد از سر نو کعبہ تعمیر کیا۔"

سب سے پہلے حضرت ادریس نے قلم سے لکھا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اول من خط بالقلم ادريس))(ديلمى :60/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے حضرت ادریس علیہ السلام نے قلم سے لکھا۔"

حضرت سلیمان کے لیے سب سے پہلے حمام بنایا گیا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اول من صنعت له الحمام سليمان بن داود))

(التاریخ:362/1،وابن السنی (311)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سلیمان بن داود وہ پہلے شخص ہیں جن کیلئے حمام بنایا گیا۔"

سب سے پہلے حضرت ابراہیم نے مونچھ کو کترا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اول من قص شاربه ابراهيم عليه السلام))

(دیلمی:59/1،وکنز:(17249)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مونچھ کو سب سے پہلے ابراہیم علیہ السلام نے کترا تھا۔"

سب سے پہلے سبحان ربی الاعلیٰ حضرت میکائیل نے کہا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اول من قال سبحان ربى الاعلى ميكائيل))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سبحان ربی الاعلیٰ سب سے پہلے میکائیل نے کہا تھا۔"

حمد کہنے والے جنت میں پہلے جائیں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اول من يدعى الى الجنة الحمادون))

(کنز:(6310)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حمد کہنے والے جنت میں پہلے بلائے جائیں گے۔"

روزِ قیامت ستر اور ساٹھ سال والے پہلے بلائے جائیں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اول من يدعى ابناء السبعين اوالستين))

(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ستر اور ساٹھ سال والے پہلے بلائے جائیں گے۔''

جنت میں سب سے پہلے غلام، فقیہ اور شہید داخل ہوں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من یدخل الجنۃ عبد، وفقیہ، وشہید))

(دیلمی: 66/1: حدیث:2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں پہلے غلام، فقیہ اور شہید داخل ہوگا۔''

عادل قاضی اور عادل بادشاہ سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من یدخل الجنۃ حکم عدل و امام عدل))

(مسند فردوس

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں پہلے عادل فیصلہ کنندہ اور عادل بادشاہ داخل ہوگا۔''

سب سے پہلے حضرت عمر کو دائیں ہاتھ میں اعمالنامہ دیا جائے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من یعطی کتابہ بیمینہ عمر))

(دیلمی: 50/1)(کنز: 3598

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلا شخص جس کا اعمالنامہ دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ عمر ہوگا۔''

اولاد اللہ تعالیٰ کی بخشش ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اولاد کم من ھبۃ اللہ لکم، فکلوا من کسبھم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری اولاد اللہ کی بخشش ہے ان کی کمائی سے کھا سکتے ہو۔''

پانی پلانا عظیم ترین عمل ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا ادلکم علی شیء عظیم اجرہ قلیل مونتہ اسقاء الماء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں ایسا عمل نہ بتاؤں جس کا اجر بڑا ہے اور تکلیف کم، وہ پانی پلانا ہے۔''

اللہ کے دوست نمازی ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا ان اولیاء اللہ ھم المصلون))

(بیہقی: 408/3، 186/10، والحاکم: 59/1، 259/4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سن لو اللہ کے دوست نمازی ہیں۔''

ہر مسلمان سخی جنتی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا ان کل جواد فی الجنۃ حتماً علی اللہ، وانا بہ کفیل))(ترغیب 3: 382/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سن لو! ہر سخی جنت میں جائے گا، یہ اللہ پر لازم ہے اور میں اس کا ضامن ہوں۔"

سب سے پہلے اسلام لانے والا سب سے پہلے حوض کوثر پر آئے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول وارد کم علی الحوض اولکم اسلاماً))
(دیلمی: 72/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حوض کوثر پر پہلے وہ آئے گا جو سب سے پہلے اسلام لایا ہے۔"

ہاتھ، شرمگاہ اور جہنم کی آگ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول ماتا خذ النار من امتی موضع خاتمھم و سواتھم))
(دیلمی: 53/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کو دوزخ کی آگ سب سے پہلے ہاتھوں اور شرمگاہ کو جلائے گی۔"

قرب قیامت میں سب سے پہلے امانت ناپید ہوگی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول ما تفقدون من دینکم الامانۃ))
(کنز: (5496)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری دینداری میں سب سے پہلے امانت ناپید ہوگی۔"

سب سے پہلے ران اور ہتھلیاں گواہی دیں گی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول ما یتکلم من الادمی فخذہ و کفہ))
(طبرانی: 424/19)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (قیامت میں) انسان کے اعضا میں سے پہلے اس کی ران اور ہتھیلی گواہی دے گی۔"

حضرت آدم کے بعد قلم سے حضرت ادریس نے لکھا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من خط بالقلم بعد آدم ادریس))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدم علیہ السلام کے بعد قلم کے ساتھ پہلے ادریس علیہ السلام نے لکھا۔"

آسمان میں سب سے پہلے اذان حضرت جبرائیل نے دی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من اذن فی السماء جبریل علیہ السلام))
(دیلمی: 60/1، واسنی المطالب: (224)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آسمان میں سب سے پہلے اذان جبریل علیہ السلام نے دی۔"

قیامت میں سب سے پہلے کشت و خون کے فیصلے ہوں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول ما یقضی بین الناس یوم القیامۃ فی الدماء))

(بخاری: 138/8، ومسلم فی القسامۃ: (28)، والنسائی: 84/7، وابن ماجۃ: (6615)، واحمد: 388/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز سب سے پہلے لوگوں میں کشت وخون کے فیصلے ہونگے۔''

بڑھاپے سے سب سے پہلے حضرت ابراہیم گھبرائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من جزع من الشیب ابراھیم الخلیل))

(کشف الخفاء: 1/312-13

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بڑھاپے سے سب سے پہلے ابراہیم علیہ السلام گھبرائے۔''

نبی کریم کے ساتھ نماز سب سے پہلے حضرت علی نے پڑھی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من صلی معی علی))

(کنز: (32992)، ودیلمی: 1/57

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے ساتھ نماز سب سے پہلے علی رضی اللہ عنہ نے پڑھی۔''

سب سے پہلے اما بعد کا کلمہ حضرت داؤد نے کہا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من قال اما بعد داود، وھو فصل الخطاب))

(کنز: (9292

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے اما بعد کا کلمہ داؤد نے کہا اور یہ فصل خطاب ہے۔''

سبحان ربی الاعلیٰ حضرت اسرفیل نے کہا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من قال سبحان ربی الاعلی اسرافیل))

(مسند فردو

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سبحان ربی الاعلی سب سے اول اسرافیل نے عرض کیا۔''

اس امت کے سب سے پہلے جہنمی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من یدخل النار من ھذہ الامۃ السواطون))

(میزان: (701

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس امت میں سب سے پہلے آگ میں داخل ہونے والے کوڑے مارنے والے ہوں گے۔''

حضرت ابوبکر سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من یدخل الجنۃ من امتی ابوبکر))

(دیلمی: 1/56، ومسلم فی الجنۃ: (15

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت سے پہلے ابوبکر داخلِ جنت ہوں گے۔''

باہمی محبت کرنے والے اور حوض کوثر

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من یرد علی الحوض المتحابون فی اللہ))
(دیلمی: 57/1، وکنز: (24715)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس حوض پر پہلے وہ لوگ داخل ہوں گے جنہوں نے اللہ کی خاطر باہمی
ت کی ہوگی۔"

نابینے سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کو دیکھیں گے

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من ینظر الی اللہ یوم القیامۃ من کان ضریراً))
(دیلمی: 55/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اندھے قیامت کے روز سب سے پہلے اللہ کو دیکھیں گے۔"

جنت میں سب سے پہلے سچا سوداگر داخل ہوگا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول من یدخل الجنۃ التاجر الصدوق))
(کنز: (9245) وابن السنی: 144/14)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں پہلے سچا سوداگر داخل ہوگا۔"

حضرت آدم کے بعد سب سے پہلے حضرت نوح نبی بن کر آئے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اول نبی ارسل نوح علیہ السلام))
(کنز: (32391)، ودر منثور: 94/3)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (حضرت آدم کے بعد) پہلے نبی جو بھیجے گئے وہ نوح علیہ السلام تھے۔"

اس امت کے بہترین افراد وہ ہیں جنہیں دیکھ کر اللہ یاد آ جائے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا اخبر کم بخیار کم الذین اذا راؤا ذکر اللہ))
(دیلمی: 166/1، وبخاری فی: الادب: (323)، واحمد: 459/6)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم کو تمہارے بہتر افراد نہ بتاؤں؟ وہ، وہ ہیں جن کو دیکھ کر اللہ یاد آ جائے۔"

حضرت عثمان سے فرشتے حیا کرتے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا استحیی من رجل تستحیی منہ الملائکۃ))
(مسلم فی فضائل الصحابۃ: (26)، وشرح السنۃ: 105/14)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں اس شخص سے حیاء نہ کروں جس سے فرشتے بھی حیا کرتے ہیں۔؟"

شراب حرام کر دی گئی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا ان الخمر قد حرمت))

(بخاری:3/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار! شراب حرام کردی گئی ہے۔''

حضور اور آپ کی امت تکلف سے بری ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الا انی بریء من التکلف، وصالحوا امتی

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار! میں اور میری صالح امت تکلف کرنے سے بری ہے۔''

نظر بد کا دم ضرور کروانا چاہئے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الاتسترقون من العین))

(طبرانی فی الصغیر: 172/1، وکنز: (391

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نظر بد سے دم کیوں نہیں کرواتے۔''

برہنہ نمازی کو لباس مہیا کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الا رجل یتصدق علی هذا، فیصلی معه))

(ابوداود: (574)، وبیہقی: 303/2, 3/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی ایسا نہیں جو اس پر (لباس کا) صدقہ کردے اور یہ اس کے ساتھ نماز پڑھ سکے

خبردار! ذات الٰہی کے علاوہ ہر شے فنا ہونے والی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الا کل شی ماخلا الله باطل))

(بخاری: 53/5، واحمد: 248/2، وابن ابی شیبۃ: 7/8

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار! اللہ کے سوائے ہر شے فنا ہونے والی ہے۔''

چمڑے کے بستر بنانے والے ہلاک ہوگئے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الا هلك المتنطعون))

(ابوداود فی السنۃ: (5)، واحمد: 6/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار! چمڑے کے بستر بنانے والے ہلاک ہوگئے۔''

اللہ کی نافرمانی میں مخلوق کی تابعداری جائز نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الا لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق))

(بخاری: 109/9، ومسلم فی الامارۃ: (39)، وابوداود فی الجہاد: (95)، والنسائی فی البیعۃ: (32)، واحمد: 26/4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار! اللہ کی نافرمانی کر کے مخلوق کی تابعداری جائز نہیں۔''

دعا میں قافیہ بندی اور سجع بندی سے بچنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ایاك و السجع فی الدعاء))

(الاتحاف:1/246و5/37)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دعامیں قافیہ بندی اور سجع بندی سے بچو۔"

اس کام سے بچنا جس میں عذر پیش کرنا پڑے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياك وما يعتذر منه))

(حاکم:4/326)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسے کام سے بچو جس سے عذر پیش کرنا پڑے۔"

اللہ تعالیٰ کے ڈھیل دینے سے مغرور نہ بنو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياك والغرة بحلم الله عنك))

(دیلمی:1/472،وابن الشجری:1/197)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے حوصلہ سے مغرور نہ بنو۔"

اللہ کے بندے عیش پرستی نہیں کرتے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياك والتنعم، فان عباد الله ليسوا بالمتعمين))

(الاتحاف:4/438و9/358،وجمع الجوامع:(9297)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خودکوعیش پرستی سے بچاؤ کیونکہ اللہ کے بندے عیش پرستی نہیں کرتے۔"

برُے ہم نشین سے بچنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياك و قرين السوء، فانك به تعرف))

(ضعیف:(847)،وکنز:(2844)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو خودکو برے ہم نشین سے بچا کہ تیری بھی ویسی ہی شناخت ہوگی۔"

خیانت بہت بری عادت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياك والخيانة، فانها بئست البطانة))

(جمع الجوامع:(9301)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اپنی جان کوخیانت سے بچا کر یہ بری عادت ہے۔"

نامحرم عورتوں سے میل ملاپ حرام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياكم والدخول على النساء))

(بخاری:7/48،ومسلم فی السلام:(20)،وترمذی فی الرضاع:(1171)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (نامحرم) عورتوں کے پاس جانے سے بچو۔"

جھوٹ ایمان کا دشمن ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: ایاکم والکذب، فان الکذب مجانب الایمان))

(جمع الجوامع: (9309)، والجامع: 8/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹ سے بچو۔ جھوٹ ایمان سے ہٹا دیتا ہے۔''

ایسی فوج سے بچو جو دشمن سے بھاگے اور مال غنیمت میں خیانت کرے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: ایاکم والسریة التی ان لقیت فرت، وان غنمت غلت))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسی فوج سے بچو جو دشمن کے مقابلہ سے بھاگ جائے اور غنیمت میں خیانت کرے۔''

سرخ رنگ شیطان کو زینت میں بہت پسند ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: ایاکم والحمرة، فانها احب الزینة الی الشیطان))

(کنز: (41164, 41178)، والجامع: (9348, 9349)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سرخ رنگ سے بچو یہ شیطان کو زینت میں بہت پسند ہے۔''

ظلم سے دل مردہ ہو جاتے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: ایا کم والظلم، فانه یخرب قلوبکم))

(دیلمی: 468/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خود کو ظلم سے بچاؤ۔ یہ تمہارے دلوں کو خراب کر دے گا۔''

کاش! کا لفظ شیطان کے عمل کو کھول دیتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: ایاکم واللو، فان اللو یفتح عمل الشیطان))

(مسلم فی: القدر: 34)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خود کو (لَوْ) ''کاش کہ'' کہنے سے بچاؤ کہ یہ شیطان کے عمل کو کھول دیتا ہے۔''

حضرت فاطمہ تمام مستورات جنت کی سردار ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: الا ترضین ان تکونی سیدة نساء المومنین))

(بخاری: 79/8، وابن ماجۃ: (1621)، واحمد: 282/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (اے فاطمہ!) کیا تو اس پر خوش نہیں کہ تو تمام مستورات جنت کی سردار ہو جائے۔''

جسم سے گوشت کی بو کو دور کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: الاغسلت عنك ریح اللحم))

(مجمع: (9117)، کنز: (40887)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اپنے جسم سے گوشت کی بو کیوں نہیں دھوئی۔؟"

سجع سے بچنے کی تاکید

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایاک والسجع یا ابن رواحة))

(کنز: (19563)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابن رواحہ! خود کو سجع (ریاکاری، ممتاز کرنے اور بناوٹ) سے بچانا۔"

جس کام سے معذرت کرنی پڑے اس سے بچنا چاہئے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایاک و کل امر یعتذر منه))

(الاتحاف: 251/10، کنز: (10206)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسے امر سے خود کو بچا جس میں معذرت کرنی پڑے۔"

توبہ میں تاخیر کرنے سے بچنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایاک و التسویف بالتوبة))(کنز :(10291)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: توبہ میں تاخیر کرنے سے بچو۔"

برے افعال والا جہنم کا ٹکڑا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایاک و صاحب السوء، فانه قطعة من النار))

(دیلمی: 473/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برے افعال والے سے خود کو بچا کہ وہ جہنم کا ٹکڑا ہے۔"

دودھ دینے والے جانور کو ذبح نہیں کرنا چاہئے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایاک و الحلوب، ای :لا تذبحها))

(صحیح مسلم فی: الاشربۃ: (140)، وابن ماجۃ: (3181,3180)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دودھ دینے والے جانور کو ذبح کرنے سے بچو۔"

خود کو عورتوں سے بچانا

(((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایاک والقواریر، ایاک و القواریر)))

(الحاکم: 291/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خود کو عورتوں سے بچا، خود کو عورتوں سے بچاؤ۔"

ظلم سے بچنا فرض ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایاک و الظلم، فانه ظلمات یوم القیامة))

(مسلم فی البر: (57,56)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خود کو ظلم سے بچاؤ کہ یہ قیامت کے اندھیروں سے ہے۔''

قرض سے بچو کہ وہ غم اور ذلت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياكم والدين، فانه هم بالليل، مذلة بالنهار))

(کنز: 483)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خود کو قرضہ سے بچاؤ کہ وہ رات کو غم ہے اور دن کو ذلت۔''

قبرستان میں پیشاب کرنے سے برص کی بیماری پیدا ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياكم والبول في المقابر، فانه يورث البرص))

(الجامع: 76)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خود کو قبرستان میں پیشاب کرنے سے بچاؤ کہ اس سے برص کی بیماری ہوتی ہے۔''

دو افراد کے درمیان برائی ڈالنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياكم وسوء ذات البين، فانها الحالقة))

(مشکوۃ: 41)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خود کو دو کے درمیان برائی ڈالنے سے روکو کہ یہ حرکت نیکیوں کیلئے تباہ کن ہے۔''

غلو کرنے سے بچنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياكم والغلو، فانما هلك من كان قبلكم بالغلو))

(الاتحاف: 391/4، ومسلم فی الحج: (110)، وبن ماجۃ: (3029)، واحمد: 47/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غلو سے بچو! اگلے لوگ اسی سبب سے ہلاک ہوئے۔''

دین میں جھگڑا کرنے سے بچو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياكم والخصومات في الدين))(ديلمى)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دین میں جھگڑا کرنے سے بچو۔''

مذاق سے مومن کی رونق ختم ہو جاتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياكم والمزاح، فانه يذهب بهاء المومن))

(ابن عدی: 527/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خود کو مزاح کرنے سے بچاؤ کہ یہ مومن کی رونق کھو دیتی ہے۔''

چغل خوری اور باتیں پہنچانے سے بچنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياكم والنميمة، ونقل الاحاديث))

(الجامع: 333)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خود کو چغل خوری اور باتیں پہنچانے سے بچاؤ۔"

ظلم سے دل میں تخریب پیدا ہوتی ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایاکم و الظلم، فانه یخرب قلوبکم))

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خود کو ظلم کرنے سے بچاؤ کہ ظلم دلوں کو خراب کرتا ہے۔"

بغض نیکیوں کو مونڈ ڈالتا ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایاکم و البغضاء، فانها الحالقة))

(الجامع: (9378)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خود کو بغض سے بچاؤ کہ یہ نیکی کو مونڈ ڈالتا ہے۔"

ایام تشریق کھانے، پینے اور جماع کے دن ہیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایام التشریق ایام اکل و شرب وبعال))

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایام تشریق کھانے، پینے اور جماع کے دن ہیں۔"

عشاء کی نماز میں عورتیں خوشبو لگا کر نہ آئیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایما امرأة اصابت بخوراً، فلا تشهد معنا العشاء))

(ابوداود: فی الترجل: (7)، ومسلم فی الصلاۃ: (173)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت خوشبو لگا لے وہ ہمارے ساتھ نماز عشاء میں نہ آئے۔"

شوہر کو ناراض کرنے والی پر اللہ کی لعنت

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایما امرأة اغضبت زوجها، فعلیها لعنة اللہ))

(بخاری فی: بدا لخلق: (7)، والنکاح: (85)، ومسلم فی: النکاح: (121)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت اپنے خاوند کو ناراض کرے اس پر اللہ کی لعنت ہے۔"

خاوند کو راضی رکھنے والی عورت جنت میں جائے گی

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایما امراۃ ماتت، وزوجها عنها راض دخلت الجنة))

(ابوداود: رقم: (1854)، وابن ابی شیبۃ: 303/4، والحاکم: 173/4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت اس حالت میں فوت ہوئی کہ اس کا خاوند اس پر راضی تھا تو وہ جنت میں
ل ہوگی۔"

زنا سے پیدا ہونے والا بچہ ولد الزنا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایما رجل عاهر امراۃ، فالولد ولد زنا))

(ترمذی: رقم: (2113)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی عورت سے زنا کیا اس کا بچہ ولد الزنا ہوگا۔''

بھاگنے والے غلام سے اسلامی ذمہ داری ختم ہو جاتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ايما عبد ابق، فقد برئت منه الذمة))

(مسلم فی الایمان: (123)، واحمد: 4/377, 365

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو غلام بھاگ جائے اسلامی ذمہ داری اس سے بری ہو جاتی ہے۔''

حرام کے کھانے سے پیدا ہونے والا گوشت جہنمی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ايمالحم نبت من حرام، فالنار اولى به))

(کنز: (35696

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو گوشت حرام سے پیدا ہوا اس کیلئے آگ مناسب ہے۔''

مقیم کی اقتداء میں نماز پڑھنے والا مسافر پوری نماز پڑھے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ايما مسافر صلى مع مقيم، فليصل بصلاته))

(دیلمی: 1/28

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسافر مقیم کے ساتھ نماز پڑھے وہ مقیم کی طرح پڑھے۔''

لوگو! سلام پھیلاؤ اور طعام کھلاؤ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ايها الناس افشوا السلام، واطعموا الطعام))

(ترمذی: (375

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! سلام پھیلاؤ اور طعام کھلاؤ۔''

قریش اہل امانت ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ايها الناس ان قريشاً اهل امانة))

(کنز: (33880

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! بے شک قریش اہل امانت ہیں۔''

موت کے فرشتے کو نرمی کرنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ايها الملك ارفق بصاحبى ، فانه مومن))

(بخاری و مسلم

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے موت کے فرشتے! میرے ساتھی کے ساتھ نرمی کر کیونکہ یہ مومن تھا۔''

سود لینے اور دینے والے دونوں گناہ میں برابر ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الاخذ و المعطى فى الربا سواء))
(مسلم فی: المساقاۃ: (82)، والنسائی فی: البیوع: (44)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سود لینے اور دینے والا دونوں (گناہ میں) برابر ہیں۔"

منہ پر تعریف کرنے سے بچو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياكم و المدح، فانه الذبح)) (الجامع: (9380)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (منہ پر) تعریف کرنے سے بچو! یہ ذبح کرنا ہے۔"

لگاتار روزے نہ رکھنے چاہئے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياكم و الوصال))
(بخاری: 49/3، ومسلم فی الصیام: (58)، واحمد: 231/2، 244)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لگاتار روزے نہ رکھو۔"

ہر بدعت گمراہی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اياكم و البدع، فان كل بدعة ضلالة))
(جامع: (9379)، وکنز: (1113)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خود کو بدعت سے بچاؤ کیونکہ ہر ایک بدعت گمراہی ہے۔"

وِگ لگانا دھوکا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ايما امرأة ازادت فى رأسها شعراً ليس منه فانه زور))
(طبرانی: 345/19)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو عورت اپنے بالوں میں اور بال لگائے تو یہ دھوکا ہے۔"

جس عورت کا نکاح دو ولی کرادیں تو پہلا نکاح درست ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ايما امراة زوجها وليان، فهى للاول منهما))
(طبرانی: 349/17، واحمد: 8/5، 18)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس عورت کا نکاح دو ولی کرادیں تو وہ اس کی بیوی ہے جس سے پہلے نکاح ہوا۔"

کنیز کو آزاد کر کے اس سے نکاح کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ايما رجل اعتق امته، ثم تزوجها، فله اجران))
(بخاری فی: العتق: (16,17) والنکاح: (12)، ومسلم فی: النکاح: (84)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کنیز کو آزاد کر کے اس سے نکاح کرلیا اس کیلئے دوگنا ثواب ہے۔"

آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کرنے والا غلام زانی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ایما عبد تزوج بغیر اذن موالیه، فهو زان))

(ابوداود:228/2،وابن ماجہ:63/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو غلام اپنے مولیٰ کی اجازت کے بغیر نکاح کرے وہ زانی ہے۔''

جو گاؤں مشکل سے فتح کیا جائے اس کا پانچواں حصہ اللہ اور اس کے رسول کا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ایما قریة فتحت عنوة، فخحت عنوة، فخمسها لله ولرسوله))(مسلم فی :الجهاد (47)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو گاؤں مشکل سے فتح کیا جائے اس کا خمس اللہ اور رسول کیلئے ہے۔''

جس مال کی زکوۃ ادا کردی جائے وہ کنز نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ایما مال ادی زکاة ، فلیس بکنز))

(الجامع:(2497

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس مال کی زکوۃ ادا کی جائے وہ کنز (خزانہ) نہیں ہے۔''

نماز میں شرمگاہ کو نہیں چھونا چاہیے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ایاك والفرج فی الصلاة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز میں شرمگاہ کو چھونے سے خود کو بچاؤ۔''

ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا ذکر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ایها الناس اذکروا الله علی کل حال))

(مسند فردوس

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! اللہ کو ہر حال میں یاد کرو۔''

ظالم بادشاہ کی نماز قبول نہیں ہوتی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ایها الناس لا یقبل الله صلاة امام جائر))

(مستدرک حاکم

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! اللہ ظالم بادشاہ کی نماز قبول نہیں کرتا۔''

اے لوگو! علم کے اٹھنے سے پہلے علم حاصل کرلو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ایها الناس خذوا من العلم قبل ان یرفع))

(مسند احمد

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! علم حاصل کرلو کہ پہلے اس کے کہ وہ اٹھالیا جائے۔''

جماعت کولازم پکڑنے کا حکم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایھا الناس علیکم بالجماعة، وایاکم الفرقة))(کنز: 1028)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! جماعت کولازم پکڑواور خودکوفرقت سے بچاؤ۔"

اللہ کا دین آسان ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایھا الناس ان دین اللہ یسر))

(الجامع: 9632)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! اللہ کا دین آسان ہے۔"

اثمد سرمہ کے فوائد

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا ثمد یجلو البصر، وینبت الشعر))

(بخاری فی التاریخ: 398/7، واحمد: 231/1 و 247، وکنز: 28163)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اثمد کا سرمہ آنکھوں کوصاف کرتا اور بال اُگاتا ہے۔"

دوقسم کا قلعہ بند ہونا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاحصان احصانان: احسان عفاف، احصان نکاح))(کنز: 13100)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: احصان دوقسم ہے ایک پاک دامن رہنااور دوسرا نکاح کرنا۔"

کج بین شخص ہمسائیوں کے لیے نحوست ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا خول شوم علی جیرانه))(دیلمی: 163/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کج بین شخص اپنے پڑوسیوں پر نحوست ہے۔"

مسجدوں میں آنا جانا رحمت ہے اوران سے کنارہ کرنا منافقت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاختلاف الی المساجد رحمة، والاجتناب عنھا نفاق))(کنز: 20302)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجدوں کوآنا جانا رحمت ہے اوران سے کنارہ کرنا منافقت ہے۔"

کان سر کا حصہ ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاذنان من الرأس))

(ابوداود: 134)، وترمذی: 37)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کان سر کا حصہ ہیں۔"

نیک بیوہ عورت کا نام آسمانوں میں شہیدہ ہوتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا رملة الصالحة سمیت فی السموات شهیدة))
(تنزیہ: 196/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک بیوہ عورت کا نام آسمانوں میں شہیدہ رکھا جاتا ہے۔''

استغفار عمل نامہ میں چمکے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاستغفار فی الصحیفة یتلالا نورا))
(دیلمی: 160/1، وکنز: 2064)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: استغفار عمل نامہ میں منور ہو کر چمکے گا۔''

استغفار گناہوں کو مٹاتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاستغفار ممحاة للذنوب))
(دیلمی: 160/1، وکنز: 2071)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: استغفار گناہوں کو مٹانے والی ہے۔''

اسلام جماعت کا محتاج ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاسلام احوج الی الجماعة من الجماعة الی الاسلام))
(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام جماعت کی طرف زیادہ محتاج ہے اس سے کہ جتنی جماعت اسلام کی محتاج ہے۔''

اسلام سنت کا محتاج ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاسلام احوج الی السنة من السنة الی السلام))
(مسند ابی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام سنت کی طرف زیادہ محتاج ہے اس سے کہ جتنی سنت اسلام کی طرف۔''

اسلام مطیع کے علاوہ کسی کے لیے نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا سلام ذلول، لا یرکب الا ذلولا))
(کنز: 244)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام مطیع ہے اور مطیع کے سوا کسی پر سوار نہیں ہوتا۔''

اسلام ظاہر ہے اور ایمان دل میں ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاسلام علانیة، والا یمان فی القلب))
(ضعیف الجامع: 278/2)(کنز: 4,19)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام ظاہر ہے اور ایمان دل میں ہے۔"

پاکیزہ کے سوا کوئی چیز جنت میں داخل نہیں ہوگی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الاسلام نظيف، فتطفوا له، انه لا يدخل الجنة الا نظيف))(ديلمى :152/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام پاکیزہ ہے، اس کے لئے پاکیزہ ہو جاؤ۔ پاکیزہ کے سوا کوئی جنت میں داخل نہیں ہوگا۔"

اسلام بڑھتا ہی بڑھتا رہے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الاسلام يزيد و لا ينقص))

(احمد :236/5، وبیہقی :205/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام بڑھتا ہے گھٹتا نہیں۔"

اسلام لوگوں کی برائیاں دور کرتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الاسلام يسبك الرجال كما تسبك النار خبث الحديد))(كنز (311)، در منثور :346/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام لوگوں کو گلاتا ہے جیسے آگ لوہے کی میل گلا کر دور کرتی ہے۔"

شریر آدمی براترین آدمی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الا شر شر))(الجامع :103/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شریر آدمی برا ہے۔"

انگلی مسواک کے قائمقام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الا صابع تجرى مجرى السواك اذا لم يكن سواك))

(الجامع :103)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مسواک نہ ہو تو انگلی اس کے قائم مقام ہے۔"

اونچا سننے والا محفل میں شریک ہے اس کو سنا دیا جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الا سم شريك ، فان سمع، و الا فاسمعوا له))

(کنز :(25442)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اونچا سننے والا شریک ہے، اگر وہ نہ سنے اسے سنوا دیا کرو۔"

وصیت میں نقصان پہنچانا گناہ کبیرہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الاجرار فى الوصية من الكبائر))

(کنز: (46069)، ودارقطنی: 151/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وصیت میں نقصان پہنچانا گناہ کبیرہ ہے۔''

زیادہ دور سے مسجد میں آنے والا زیادہ ثواب والا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه و سلم: لا ابعد فا لا بعد من المجسد اعظم اجراً))

(ابوداود: (556)، وابن ماجہ: (782)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زیادہ دور سے مسجد میں آنے والا بڑے ثواب والا ہے۔''

احسان یہ ہے کہ نماز میں اللہ کو دیکھے

((قال رسول الله صلی الله علیه و سلم: الاحسان تعبد الله کانك تراه فان لم تکن تراه، فانه یراك))

(بیہقی: 203/1، وابن خزیمہ: (244

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اخلاص یہ ہے کہ عبادت کرتے وقت گویا تو اللہ کو دیکھتا ہے۔ اگر تو اس کو نہیں دیکھتا تو وہ تجھے دیکھتا ہے۔''

کج بین شخص اپنے اہل پر نحوست ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه و سلم: الا حول شوم علی اهله))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کج بین شخص اپنے اہل پر نحوست ہوتا ہے۔''

نماز میں کوکھ پر ہاتھ رکھنا درست نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه و سلم: الاختصار فی الصلاة راحة اهل النار))

(بیہقی: 287/2، وابن خزیمہ: (909

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز میں کوکھ پر ہاتھ رکھنا دوزخیوں کے آرام کی شکل ہے۔''

اذان شیطان کو بھگا دیتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه و سلم: الاذان مطردة للشیطان))

(بخاری فی: الاذان: (4)، ومسلم فی: الصلاۃ: (8

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اذان شیطان کو بھگا دیتی ہے۔''

سوائے حمام اور مقبرہ کے ساری زمین نماز پڑھنے کے لائق ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه و سلم: الارض کلها مسجد الا الحمام و المقبرة))

(ترمذی: (317

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سوائے حمام اور مقبرہ کے تمام زمین نماز پڑھنے کے لائق ہے۔''

چادر عرب کا پہناوا ہے اور اسے اوپر اوڑھنا اہل ایمان کا شیوہ ہے

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الارتداء لبسة العرب ، والا لتفاع لبسة الایمان))
(مجمع:127/5)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چادر عرب کا پہناوا ہے اور اسے لحاف کی طرح اوپر اوڑھنا اہل ایمان کا شیوہ ہے۔"

تین مرتبہ اندر آنے کی اجازت لو

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا ستئذان ثلاث، فان اذن لك، والا فارجع))
(مسلم فی الادب:(37,36,35,34)،والاتحاف:285/6)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین بار اندر آنے کی اجازت لو! اگر مل جائے تو ٹھیک ورنہ! واپس لوٹ جاؤ۔"

صرف زبانی توبہ کرنا جھوٹوں کی توبہ ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا ستغفار باللسان توبة الکذابین))
(دیلمی:160/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صرف زبانی استغفار کہنا جھوٹوں کی توبہ ہے۔"

اسلام کی ابتداء

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاسلام بدأ جذعاً، ثم ثنیاً، ثم رباعیاً، ثم
سداسیاً، ثم باز لاً))(مسند فردوس)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سلام کی ابتداء بکری کے چھ ماہیہ بچہ کی طرح ہوئی، پھر یکسالہ، پھر چار سالہ، پھر شش سالہ اور پھر جوان کی طرح۔"

اسلام کے قوانین وسیع وعریض ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاسلام واسع عریض))(الجوامع {10113)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام وسیع وعریض ہے۔"

اسلام خوش خلقی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: السلام حسن الخلق))(کنز {5225)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام خوش خلقی ہے۔"

اسلام حیاء اور خالص اللہ کے لیے سخاوت ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاسلام الحیاء والسخاء فی اللہ لا فی غیرہ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام حیاء اور خالص اللہ کیلئے سخاوت ہے نہ کہ غیر کیلئے۔"

اسلام اور ہجرت سابقہ گناہوں کو مٹا دیتے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاسلام یجب ما قبلہ، والھجرہ تجب ما قبلھا))
(کنز: (37,24,243)، واحمد: 199/4, 204, 205)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام سابقہ گناہ معاف کر دیتا ہے اور ہجرت پہلے گناہوں کو دور کر دیتی ہے۔''

اسلام بلند ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاسلام یعلو، ولا یعلی)) (بخاری: 117/3)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام بلند ہے اس پر غیر بلند نہیں ہو سکتا۔''

استنجاء تین پتھروں سے کرنا چاہیے گوبر سے نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا ستنجاء ثلاثة احجار، لیس فیھن رجیع))
(ابن ابی شیبہ: 154/1، وحلیہ: 150/5)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: استنجاء تین پتھروں سے کرنا چاہیے جن میں لید نہ ہو۔''

دیت میں سب دانت برابر ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاسنان سوء، یعنی: فی الدیة))
(نسائی: 55/8، وابوداود: (4560)، وبیہقی: 90/8)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دیت میں سب دانت برابر ہیں۔''

تین درختوں کی مسواک ہوتی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا سوکة ثلاثة: اراك، فان لم یکن، فعنم، اوبطم)) (جمع الجوامع: 10105)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین درختوں کی مسواک ہوتی ہے۔ پہلی پیلو کی اور اگر وہ نہ ملتے تو پھر عنم اور بطم کی۔''

اشعری لوگوں میں مشک کی طرح ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الا شعریون فی الناس، کصة فیھا مسك))
(کنز: (33975)، والجامع: 103/1)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اشعری لوگوں میں ایسے ہیں جیسے تھیلے میں مشک۔''

سب انگلیاں برابر ہیں...... ہر ایک انگلی کی دیت دس اونٹ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاصابع سواء عشر عشر من الابل))
(ابوداود: (5556)، ونسائی: 56/8، وداری: 194/2)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب انگلیاں برابر ہیں ہر ایک کی دیت دس اونٹ ہیں۔''

چاشت کی نماز حضور پر فرض تھی اور اہل اسلام پر سنت

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاضحی علی فریضۃ، وعلیکم سنۃ))
(کنز: 12157)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چاشت کی نماز مجھ پر فرض ہے اور تم پر سنت۔"

بچے جنتیوں کے خادم ہوں گے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاطفال ھم خدم اھل الجنۃ))
(مجمع: 219/7)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (کفار کے بچپن میں فوت ہونے والے) بچے جنتیوں کے خادم ہوں گے۔"

اندھے کے ساتھ کھانا امانت ہے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاکل مع الضریر امانۃ)) (دیلمی: 162/1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اندھے کے ساتھ کھانا امانت ہے۔"

دن میں دو مرتبہ کھانا اسراف ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاکل فی الیوم مرتین من الاسراف))
(درمنثور: 80/3، وترغیب: 140/3)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دن میں دو دفعہ (پیٹ بھر کر) کھانا اسراف ہے۔"

ضعیف ترین بادشاہ ملعون ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الامام الضعیف ملعون))
(کنز: (14665)، والجامع: 143/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ضعیف مقتدا ملعون ہے۔"

امام ضامن ہے وہ جو کرے تم بھی کرو

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الامام ضامن، فما صنع فاصنعوا))
(ابن عساکر: 363/6)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امام ضامن ہے جو وہ کرے تم بھی کرو۔"

امانت داری بنی ازد میں ہے اور حیاء قریش میں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الامانۃ فی الازد، والحیاء فی قریش))
(مجمع: 26/10)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امانتداری بنی ازد میں ہے اور حیاء قریش میں ہے۔"

امانت داری عزت ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الامانة عز)) (کنز: 5498)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امانتداری عزت ہے۔''

امانت داری رزق کو کھینچتی ہے اور خیانت فقیری کو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الامانه تجلب الرزق، والخیانة تجلب الفقر))

(کنز: (5493)، والجامع: 03/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امانتداری رزق کو کھینچتی ہے اور خیانت فقیری کو کھینچتی ہے۔''

بیماریاں بندے کے لیے اللہ کا ہدیہ ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الامراض هدایامن الله عزوجل للعبد))

(تنزیہ: 361/2، والفوائد: (264)، وتذکرۃ: (06

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیماریاں اللہ کی طرف سے بندے کیلئے ہدیہ ہیں۔''

والدہ اولاد کی زیادہ حق دار ہے جب تک نکاح نہ کرے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الام احق بولدها مالم تتزوج)) (تلخیص: 11/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: والدہ (بمقابلہ والد کے) اولاد کی زیادہ حقدار ہے جب تک کہ وہ (والدہ) نکاح (والدہ) نہ کرے۔''

اطمینان اللہ کی طرف سے ہے اور جلدی شیطان کی طرف سے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الاناة من الله، والعجلة من الشیطان))

(طبرانی: 148/6، والاتحاف: 251/5، 278/7، 7/8

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آرام سے کام کرنا اللہ کی طرف سے ہے اور جلدی شیطان کی طرف سے۔''

انبیاء کی آنکھیں سویا کرتی ہیں لیکن دل نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الانبیاء تنام اعینهم، ولا تنام قلوبهم))

(کنز: (2248

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیاء کی آنکھیں سویا کرتی ہیں اور دل نہیں سوتا۔''

انصار میرے دینی دوست ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: الانصار احبائی، وفی الدین اخوانی، وعلی الاعداء اعوانی)) (کنز: 33746)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انصار میرے دینی دوست، دین میں میرے بھائی ہیں اور دشمن پر میری امداد کرنے

...ے ہیں۔"

ایمان کے چونسٹھ حصے ہیں

...ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:الایمان اربعۃ وستون باباً))

(ترمذی:رقم(92614،واحمد:379/2،والاتحاف:268/2)

...ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:ایمان کے چونسٹھ حصے ہیں۔"

تقدیر پر ایمان لانا غم کو ہٹا دیتا ہے

...ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:الایمان بالقدر یذھب الھم والحزن))

(کنز:(481)

...ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:تقدیر پر ایمان لانا غم کو ہٹا دیتا ہے۔"

ایمان دل سے تصدیق، زبان سے اقرار اور اعضاء سے عمل کرنے کا نام ہے

...ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:الایمان معرفۃ بالقلب، واقرار باللسان، ...مل بالارکان))(الاتحاف:583/9) (خطیب :255/1)

...سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:ایمان دل سے تصدیق، زبان سے اقرار اور اعضاء سے عمل کرنے کا نام ہے۔"

اللہ پر ایمان زبان سے ہوتا ہے اور اس کی تصدیق عمل سے

...قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:الایمان باللہ باللسان، والتصدیق لہ بالعمل))

...سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:اللہ پر ایمان زبان سے ہوتا ہے اور اس کی تصدیق عمل سے۔"

مومن کبھی اسلام سے آزاد نہیں ہوتا

...قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:الایمان قید الفتك، لایفتك مومن))

(ابوداود: (2769)،واحمد:167/1،والحاکم:352/4)

...سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:ایمان آزاد کو مقید کرنا ہے۔مومن کبھی آزاد نہیں ہوتا۔"

حسن خلق آدھا دین ہے

...قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:الاقتصاد نصف العیش، وحسن الخلق ...صف الدین))(الاتحاف:165/8، والکنز:(5433)،والجامع :103/1)

...رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:میانہ روی آدھی زندگی ہے اور حسن خلق آدھا دین ہے۔"

بڑا بھائی والد کی جگہ پر ہوتا ہے

...(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:الاکبر من الاخوۃ بمنزلۃ الاب))

(کنز:(45472)،ومجمع:149/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھائیوں میں سے بڑا والد کے قائمقام ہوتا ہے۔''

خادم کے ساتھ کھانا تواضع ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الاكل مع الخادم من التواضع))

(الدیلمی: 162/1، وکنز: (25035) و (25069))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خادم کے ساتھ کھانا تواضع ہے۔''

بازار میں کھانا اوچھا پن ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الاكل في السوق دناءة))

(کنز: (40685) والملالی: 138/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بازار میں کھانا اوچھا پن ہے۔''

جمعہ کے روز مسجد میں ملنا ملاقات کے قائمقام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الالتقاء في المسجد يوم الجمعة يجزى عن الزيارة))

(معجم طبرانی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کے روز مسجد میں ملنا ملاقات کے قائم مقام ہے۔''

امیر ہونا ذلت وسرکشی کا دروازہ ہے مگر جس پر اللہ رحم فرمائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الامارة باب عنت الامن رحمة الله))

(کنز: (14709))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امیر ہونا ذلت وسرکشی کا دروازہ ہے مگر جس پر اللہ رحم کرے۔''

بادشاہ ڈھال ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الامام جنة يقاتل به))

(مجمع: (10166)، ودیلمی: 156/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بادشاہ ڈھال ہے کہ اس کے سر پر جہاد کیا جاتا ہے۔''

امام مقتدیوں کا ضامن ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الامام ضامن، فان احسن فله ولهم، وان اساء فعليه لا عليهم))

(ابن ماجہ: رقم: (981)، وبیہقی: 430/1 و 431 و 127/3، والحاکم: 216/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امام ضامن ہے۔ اگر نماز درست پڑھی تو امام اور مقتدی دونوں کو ثواب ہوگا اگر غلط پڑھی تو اس پر ذمہ داری ہوگی مقتدیوں پر نہیں۔''

روزے میں امانت ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الامانة فی الصوم)) (طبرانی: 270/10)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزے میں امانت ہے۔"

کھڑے ہو کر کنگھی کرنا فقیری پیدا کرتا ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الامتشاط قائماً یورث الفقر)) (مسند فردوس)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھڑے ہو کر کنگھی کرنا فقیری کو پیدا کرتا ہے۔"

سب امور اللہ کی طرف سے ہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الامور کلھا خیر ھا وشر ھا من اللہ))

(مجمع: 197/7)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب امور خیر وشر اللہ کی طرف سے ہیں۔"

ہر کام میں تاخیر بہتر ہے مگر عمل صالح میں بہتر نہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاناة خیر الا فی العمل الصالح))

(کنز: (5831)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تاخیر ہر کام میں بہتر ہے مگر عمل صالح میں بہتر نہیں۔"

انبیاء اپنی قبور میں زندہ ہیں اور نماز ادا کرتے ہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الانبیاء احیاء فی قبور ھم یصلون))

(میزان: (1933)، واللسان: 1033/2)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام انبیاء اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں۔"

انبیاء قائدین اور فقہاء سردار ہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الانبیاء قادة، والفقھا سادة، ومجالستھم عبادة))

(کنز: (43603)، والتذکرة: (18)، والفوائد: (284)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیاء قائد ہیں اور فقہاء سردار ہیں۔ ان کی مجالس میں بیٹھنا عبادت ہے۔"

تنہائی میں گناہوں کو یاد کرنا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الاواب یذکر ذنوبه فی الخلاء فیستغفر اللہ))

(دیلمی: 157/1، وکنز: (3035)

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی طرف پلٹنے والا جب تنہائی میں اپنے گناہوں کو یاد کرتا ہے تو گویا اللہ سے
طلب کرتا ہے۔"

فتنہ کی ابتداء اور ایمان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:الايمان اذا وقعت الفتن بالشام))
(ابن عساکر:1/...

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب فتنہ واقع ہوگا تب ایمان ملک شام میں ہوگا۔''

تقدیر پر ایمان لانا توحید کا نظام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:الايمان بالقدر نظام التوحيد))
(کنز:(480

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تقدیر پر ایمان لانا توحید کا نظام ہے۔''

ایمان تصدیق قلب کا نام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:الايمان عقد بالقلب ، واقرار باللسان وعمل بالاركان))(سنن ابن ماجه)
ایمان تصدیق قلبی، اقرار زبانی اور عملِ اعضاء کا نام ہے۔''

ایمان شیریں اور پاکیزہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:الايمان حلو نزه ، فنزهو))(نهايه:43/5
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان شیریں اور پاکیزہ ہے۔ تم اس کو پاکیزہ رکھو۔''

ایمان صبر اور جوانمردی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:الايمان الصبر والسماحة))
(مشکوۃ:(46)، وکنز:...

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان صبر اور جوانمردی ہے۔''

دل کا ایمان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:الايمان فى قلب الرجل ان يحب الله عزوجل))
(دیلمی:150/1، وکنز:(86)، وابن کثیر:352/7، والعلل:(3...

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کے دل میں ایمان یہ ہے کہ وہ اللہ سے محبت رکھے۔''

ایمان کے دو حصے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الايمان نصفان: نصف فى الشكر، ونصف فى الصبر))(الاتحاف 3/9، وكنز (61)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان کے دو حصے ہیں۔ ایک حصہ صبر میں ہے اور دوسرا شکر میں۔''

اشارہ کرنا خیانت ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الايماء خيانة، ليس لنبى ان يومى))
(ابن عساکر: 435/7، وابن سعد: 102/12، والجامع: 104/1)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اشارہ کرنا خیانت ہے۔ کسی نبی کیلئے اشارہ کرنا جائز نہیں۔"

خلفاء قریش سے ہوں گے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الائمة من قريش))
(بیہقی: 121/3، والجامع: 104/1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خلفاء قریش سے ہوں گے۔"

تسمیہ ہر کتاب کا آغاز ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بسم الله الرحمن الرحيم مفتاح كل كتاب))
(الجامع: (25388)، والبخاری: 133/4، 172/7، ومسلم فی الاشربۃ: (125,123)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہر ایک کتاب کا آغاز ہے۔"

رزق کا دروازہ عرش تک کھلا ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: باب الرزق مفتوح الى باب العرش))
(کنز: (16128)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رزق کا دروازہ عرش تک کھلا ہوا ہے۔"

نماز مغرب ستاروں کے ظہور سے پہلے پڑھ لینی چاہئے

(قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بادروا بصلاة المغرب قبل طلوع النجم))
(کنز: (19414, 19432)، واحمد: 415/5، ودارقطنی: 260/1)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مغرب کی نماز ستارے ظاہر ہونے سے پہلے پڑھ لیا کرو۔"

اولاد کی کنیت لقب سے پہلے

(قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بادروا اولاد كم بالكنى قبل ان تغلب عليهم الالقاب))(كنز :(45202)، وابن عدى :448/3)
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی اولاد کی کنیت جلدی رکھ دو! اس سے پہلے کہ ان پر لقب غالب ہوں۔"

دُلہا کو مبارکباد دینا اور ولیمہ کی تاکید کرنا

(قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بارك الله لك، ولم ولو بشاة))
(بخاری: 27/7، ومسلم فی النکاح: (79)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تجھے برکت دے! ولیمہ کر اگرچہ ایک ہی بکری کے ساتھ ہو۔''

حضور نے مقام حجون میں جنات کے سامنے قرآن مجید پڑھا

((قال رسول الله صلی الله علیه و سلم: بت اللیلة اقرأ علی الجن فی الحجون))

(طبرانی: 61/26، ودر منثور: 44/6، وکنز: 15184)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے مقام حجون میں رات گزار کر جنات کے سامنے قرآن پڑھا ہے۔''

بڑوں کی تعظیم کرو

((قال رسول الله صلی الله علیه و سلم: بجلوا المشائخ))

(دیلمی: 8/2، وکنز: 25503)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بڑوں کی تعظیم کرو۔''

اپنے مکان کو لبان، مر اور ستعر کی دھونی دینا

((قال رسول الله صلی الله علیه و سلم: بخروا بیوتکم باللبان و المر و الستعر))

(اسنی المطالب: (2419)، وابن عساکر: 132/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے گھروں کو لبان اور مر اور ستعر کی دھونی دیا کرو۔''

بخیل وہ ہے جو سلام میں بخل کرے

((قال رسول الله صلی الله علیه و سلم: بخیل الناس من بخل بالسلام))

(کشف الخفاء: 254/1، والجامع: 105/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں بخیل وہ ہے جو سلام (کرنے اور جواب دینے) میں بخل کرے۔''

مشرکین کے ساتھ آباد ہونے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه و سلم: برئت الذمة ممن اقام مع المشرکین فی دیارهم))

(الجامع: 105/1) (ابن عدی: 144/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مشرکین کے ساتھ ان کے وطن میں آباد ہو اس سے (ہماری) ذمہ داری اٹھ گئی۔''

والد کے مقابلہ میں دادا سے دوگنا اچھائی کرو

((قال رسول الله صلی الله علیه و سلم: بر الوالدة علی الوالد ضعفان))

(الاتحاف: 316/6، ومغنی: 217/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: والد کے مقابلہ میں دادا سے ڈبل اچھائی کر۔''

اپنی اولاد سے نیکی کر

((قال رسول الله صلی الله علیه و سلم: بر ولدك)) (الاتحاف 316/6)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی اولاد سے نیکی کر۔"

مقبول حج وہ ہے جس میں تلبیہ زور سے کہا جائے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بر الحج العج و الثج)) (ابن ماجہ (2924)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مقبول حج وہ ہے جس میں تلبیہ زور سے کہا جائے۔"

بسم اللہ سب سے بہتر نام ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بسم اللہ خیر الاسماء)) (کشف الخفاء: 337/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بسم اللہ سب سے بہتر نام ہے۔"

سوتے وقت کی دعا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: باسمك ربی وضعت جنبی، واغفر لی ذنبی))

(ابوداود فی: الادب: (98)، وترمذی فی: الدعوات: (20)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیا: اے رب! تیرے نام کے ساتھ میں نے پہلو رکھا، میرے گناہ بخش دے۔ (سوتے وقت کی دعا)۔"

زنا اور والدین کی نافرمانی کی سزا دنیا میں ہی مل جاتی ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بابان معجلان عقوبتهما فی الدنیا: البغی، والعقوق))

(کنز: (45466,45550)، وکشف الخفاء: 349/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو عملوں کی سزا دنیا میں ہی مل جاتی ہے زنا اور والدین کی نافرمانی کی۔"

تکبیر اولیٰ میں سبقت کرنا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بادروا بالتکبیرة الاولی، فانها فرع الصلاة وتمامها))

(دیلمی: 7/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تکبیر اولیٰ میں سبقت کرو کہ یہ نماز کی شاخ اور کمال ہے۔"

دولہا دلہن کے لیے دعا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بارك اللہ لکما، و بارك علیکما، و جمع بینکما فی خیر))

(ابوداود: (1320)، وترمذی: (1091)، وابن ماجہ: (708)، ودارمی: 134/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تم دونوں کیلئے برکت کرے، تمہارے اوپر برکت کرے اور تم کو خیر پر جمع کرے۔ (دولہا دلہن کیلئے دعا)"

کانوں کا اندرونی حصہ چہرے میں اور بیرونی سر میں داخل ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: باطن الاذنین من الوجه، و ظاهرهما من الارأس))
(دیلم

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کانوں کا اندرونی حصہ چہرہ میں داخل ہے اور بیرونی سر میں۔''

انسان کے شر کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ مسلمان کو حقیر سمجھے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: یحسب امرء من الشران یحقر اخاه المسلم))
(ابن ماجۃ فی الزہد: (23)، ومسلم فی البر والصلۃ: (32) وترمذی: (1927)، وبیہقی: 92/6، 50/8

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کے شر کیلئے اتنا کافی ہے کہ مسلمان بھائی کو حقیر جانے۔''

پہلے ماں، پھر باپ، پھر بھائی اور پھر بہن پر نیکی کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: برامك ، ثم اباك، ثم اخاك، ثم اختك))
(کنز: (45519 ,45939)، والاتحاف: 478/8، وابن عدی: 69/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (پہلے) اپنی والدہ، پھر باپ، پھر بھائی، پھر بہن سے نیکی کر۔''

پہلے باپ سے نیکی کر پھر اولاد سے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: بر والدك، فولدك))(ابن زنجویه)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (پہلے) اپنے باپ سے نیکی کر، پھر اپنی اولاد سے۔''

والدین کی خدمت جہاد کے قائمقام ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: برالو الدین یجزئی من الجهاد))
(الجامع: 105/1، ودیلمی: 2/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: والدین کی خدمت کرنا جہاد کے قائم مقام ہے۔''

کھانا کھلانے اور شیریں کلامی میں حج جیسی نیکی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: بر الحج اطعام الطعام، وطیب الکلام))
(الجامع: 1/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حج کی نیکی طعام کھلانا اور شیریں کلامی ہے۔''

ٹھنڈے کھانے میں برکت ہوتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: بردوا طعا مکم، یبارك لکم فیه))
(ابن عدی: 2/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنا طعام ٹھنڈا کرلیا کرو تاکہ تم کو اس میں برکت ہوگی۔''

سودخوراورزکوۃ نہ دینے والے جہنمی ہیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بشر آکل الربا، ومانع الزکاۃ بالنار))

(دیلمی: 36/1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سودخوراورزکوۃ نہ دینے والے کوآگ کی خوشخبری دے دو۔"

مومن کی خوشخبری سچے خواب

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بشری المؤمن الرؤیا الصالحۃ))

(بخاری فی التعبیر: (26)، ومسلم فی الرؤیا: (6)، والترمذی فی الرویا: (10,1)، ودارمی فی: الرؤیا: (6)، واحمد: 269/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی خوشخبری سچے خواب ہیں۔"

حضور لوگوں سے مدارات کرنے کے لیے بھیجے گئے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بعثت بمداراۃ الناس))

(درمنثور: 206/3، وکشف الخفاء: 341/1 والجامع: 105/1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں لوگوں سے مدارات کرنے کیلئے بھیجا گیا ہوں۔"

حضور کو اہل بقیع پر نماز جنازہ پڑھنے کا حکم

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعثت لاھل البقیع ، لاصلی علیھم))

(النسائی فی الجنائز: (103)، ومالک فی الجنائز: (57)، والحاکم: 488/1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اہل بقیع پرنماز جنازہ پڑھنے کیلئے بھیجا گیا ہوں۔"

حضور شرکاٹنے کے لیے بھیجے گئے ہیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بعثت بالحصاد، ولم ابعث بالزراعۃ))

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کاٹنے کیلئے بھیجا گیا ہوں بونے کیلئے نہیں۔"

حضور خوشبو کی ساعت میں مبعوث ہوئے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بعثت فی نسیم الساعۃ))

(دیلمی: 14/1، وکنز: (38331)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں خوشبو کی ساعت میں مبعوث ہوا ہوں۔"

حضرت داؤد کو جب نبوت ملی

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بعثت داوٗد، وھو راع))

(کنز: (38310, 35543, 32326)، والعلل: (2546)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب حضرت داؤد کو نبوت ملی۔ اس وقت آپ بکریاں چرا رہے تھے۔"

عرب سے بغض رکھنا نفاق ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بغض العرب نفاق))

(طبرانی:146/11، ومجمع:172/9)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عرب سے بغض رکھنا نفاق ہے۔"

مومن کا رونا دل سے ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بكاء المومن من قلبه، والكافر من هامته))

(حلیہ:111/4، وکنز:(850)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کا رونا دل سے ہے اور کافر کا کھوپڑی سے۔"

قربانی کے ہر بال کے بدلے نیکی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بكل شعرة من الصوف حسنة))

(احمد:368/4، وبیہقی:261/9)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (قربانی کی) اون کے ہر بال کے بدلہ میں ایک نیکی ملے گی۔"

حضرت بلال مؤذنوں کے سردار ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بلال سيد المؤذنين))

(ابن ماجہ:(2886)، وابن ابی شیبہ:35/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلال موذنوں کا سردار ہے۔"

بنو ہاشم عرب کے بہترین قبائل ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بنو هاشم خير العرب و خير البرية))

(دیلمی:9/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنو ہاشم عرب کے بہترین قبائل اور تمام مخلوق سے بہتر ہیں۔"

سات مرتبہ کعبہ کا طواف اور دو رکعت واجب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بنى هذا البيت على سبع و ركعتين))

(دیلمی:42/1، وکنز:(2022)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کعبہ کا طواف سات چکروں اور دو رکعات (واجب طواف) پر مقرر ہے۔"

اس امت کے لیے ہفتہ اور جمعرات کی صبح میں برکت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بورك لامتي في بكورها يوم سبتها و خميسها))

(کنز:(35205)، وابن عدی:413/4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کو برکت دی گئی ہے ہفتے اور جمعرات کی صبح میں۔"

جس گھر میں چھوٹے بچے نہیں اس میں برکت نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: بیت لا صبیان فیه، لا برکة فیه))

(کنز: (44425, 44471)، وکشف الخفاء: 348/1، والجامع: 342/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں بچے نہیں اس میں برکت نہیں۔"

بیت المقدس کی زمین حشر نشر کی زمین ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: بیت المقدس ارض المحشر والمنشر))

(کنز: (3061)، وکشف الخفاء: 345/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیت المقدس کی زمین حشر نشر کی زمین ہے۔"

کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد ہاتھ دھونا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: برکة الطعام الوضوء قبله والوضوء بعده))

(ترمذی: (1846)، وابوداود: (3761)، وبیہقی: 14/10، وطبرانی: 292/6)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طعام کی برکت اس میں ہے کہ اس کے اول و آخر ہاتھ دھوئے جائیں۔"

سارے بدری صحابی جنتی ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: بشر من شهد بدراً بالجنة))

(دیلمی: 35/2، وکنز: (37956,37902)، والجامع: 105/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جنگ بدر میں شامل ہوا اس کو جنت کی خوشخبری دے دو۔"

بطحان جنتی باغ ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم بطحان علی ترعة من ترع الجنة))

(دیلمی: 37/1، وکنز: (34815)، ومجمع: 14/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بطحان جنت کے باغوں سے ایک باغ ہے۔"

حضور جوامع الکلم کے ساتھ مبعوث ہوئے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: بعثت بجوامع الکلم))

(مشکوٰۃ: (5749)، وبخاری: 65/4، ومسلم فی المساجد: (6)، والنسائی: 3/6، 4، واحمد: 264/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جوامع الکلم کے ساتھ مبعوث ہوا ہوں۔"

خرید و فروخت کرتے وقت یہ کہنا کہ دھوکا نہیں چلے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: بع وقل: لا خلابة))

(الحاکم: 22/2، وبیہقی: 73/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو فروخت کر اور کہہ کر کوئی فریب نہیں۔''

آنکھوں کا رونا اور دل کا خوف اللہ کی رحمت ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بکاء العیون، وخشیة القلوب رحمة اللہ))

(دیلمی: 26/2: حدیث: 1960)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آنکھوں کا رونا اور دل کا خوف اللہ کی رحمت ہے۔''

کافر پر اس کے اہل خانہ کے رونے سے زیادہ عذاب ہوتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بکاء اھل الکافر عذاب علیه بعد موته))

(دیلمی: 27/2: حدیث: 1965)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کافر کے اہل خانہ کے رونے سے اس کی موت کے بعد اس پر عذاب ہوگا۔''

سحری دیر سے اور افطار جلدی کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بکروا بالا فطار، واخروا السحور))

(کنز: 23878)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: افطار جلدی کیا کرو اور سحری اخیر میں۔''

رشتے داریوں کو تر رکھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بلوا ار حامکم، ولو بالسلام))

(الجامع لابو داؤد: 106/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی رشتہ داریوں کو تر رکھو! اگرچہ سلام سے ہی سہی۔''

حبشہ سے حضرت بلال سبقت لے گئے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بلال سابق الحبشة))

(کنز: (33172)، وحلیہ: 149/1، وابن ابی شیبة: 152/12، وابن سعد: 165/1/2، 12/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حبشہ سے بلال سبقت لے گیا۔''

مسجد خفیف میں ستر انبیاء کرام کی قبور ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بمسجد الخفیف قبر سبعین نبیاً))

(دیلمی: 38/2، واسنی المطالب: (1662)، ومجمع: 297/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجد خفیف میں ستر انبیاء کی قبریں ہیں۔''

بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک ہی ہیں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بنو هاشم و بنو المطلب شی ء و احد))
(کنز: (934042)، وطبرانی: 130/2، والجامع: 106/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک شے ہیں۔"

بنو تمیم عرب کے اچھے قاری ہیں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بنو تميم اقرأ العرب))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنو تمیم عرب کے اچھے قاری ہیں۔"

بد نظری کا دم کرانا جائز ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بها نظرة، فاسترقوا ها))
(بخاری فی الطب: (35)، ومسلم فی السلام: (59) وبیہقی: 348/9، والحاکم: 414/4، وابن عساکر: 412/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو نظر بد لگی ہوئی ہے اسے دم کرو۔"

جمعرات کی صبح میں برکت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بورك لا متى فى بكورها يوم الخميس))
(کنز: (35205)، وابن عدی: 1413/4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے لئے جمعرات کی صبح میں برکت کی گئی ہے۔"

جس گھر میں کھجور نہ ہو وہاں رہنے والے بھوکے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بيت لا تمر فيه جياع اهله))
(ابوداود: فی: الاطعمۃ، باب: (42)، ومسلم فی الاشربۃ: (153)، وترمذی: (1815) والدارمی: 104/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں کھجور نہ ہو اس کے رہنے والے بھوکے ہیں۔"

جس گھر میں کھجور نہ ہو وہاں طعام نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بيت لا تمر فيه، كالبيت لا طعام فيه))
(ابن ماجہ: رقم: (3328)، وکنز: (35303)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں کھجور نہ ہو وہ ایسا ہے جس میں طعام نہ ہو۔"

جس گھر میں سرکہ نہیں وہ لوگ بھوکے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بيت لا صبيان فيه لا بركة فيه، و بيت لا خل فيه فقار اهله))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں بچے نہ ہوں برکت نہیں اور جس میں سرکہ نہ ہو اس کے گھر والے

بھوکے ہیں۔"

ایسے جانور کی بیع فریب ہے جس کا دودھ دوہنا روک لیا گیا ہو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بيع المحفلات خلابة، ولا تحل الخلابة لمسلم))

(ابن ماجہ: رقم: (2241)، واحمد: 433/1، وبیہقی: 317/5، وابن ابی شیبۃ: 216/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دودھ بند کئے ہوئے جانور کی بیع فریب ہے اور مسلمان کے لیے فریب کرنا جائز نہیں۔"

غلام کی بیع بے برکت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بيع ممهوق، يعنى: بيع الرقيق))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غلام کا بیع کرنا بے برکت ہوتا ہے۔"

حضور کو دنیا کے خزانوں کی چابیاں دی گئیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بينا انا نائم، اوتيت بمفاتيح خزائن الدنيا))

(بخاری: 65/4 و 37/9، و مسلم فی المسجد: (6)، ونسائی فی الجہاد: باب: (1

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے سوتے میں دنیا کے خزانوں کی چابیاں دی گئی ہیں۔"

ہر دو رکعت کے بعد التحیات پڑھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بين كل ركعتين تحية))

(الجامع: 106/1، وکنز: (19906

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر دو رکعت کے بعد التحیات پڑھنا ہے۔"

قیامت سے پہلے اندھیری رات جیسے فتنے ہوں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بين يدى الساعة فتن كقطع الليل المظلم))

(البخاری فی: الفتن: (2505) ومسلم فی: الایمان: (186)، ابوداود فی: الفتن: (2)، والترمذی: فی: الفتن: (30)، وابن ماجہ فی: الفتن: (10)، والدارمی فی: المقدمۃ: (14)، واحمد: 189/1, 304/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت سے پہلے فتنے ہوں گے مانند اندھیری رات کے ٹکڑوں کے۔"

قیامت سے پہلے سود خوری، زنا اور شراب عام ہو جائیں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بين يدى الساعة يظهر الربا والزنا والخمر))

(مجمع: 118/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت سے پہلے سود خوری اور زنا و شراب عام ہو جائیں گے۔"

عالم اور عابد کے درمیان ستر درجوں کا فرق ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بين العالم و العابد سبعون درجة))

(کنز:(28774)،ومغنی:8/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عالم اور عابد کے درمیان ستر درجوں کا فرق ہے۔"

مجاہد اور گھر میں بیٹھے ہوئے میں سو درجوں کا فرق ہے

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بين المجاهد و القاعد مائة درجة))

(دیلمی:34/2:حدیث:(1983)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاد کرنے والے اور گھر بیٹھے ہوئے میں سو درجے کا فرق ہے۔"

گانے والے کی اجرت اور کتے کی قیمت

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم بئس الكسب اجر الزمارة، وثمن الكلب))

(الجامع:106/1وکنز:(9410)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گانے والے کی اجرت اور کتے کی قیمت بری ہے۔"

بری ترین قوم اور مہمان نوازی

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بئس القوم، قوم لا ينزلون الضيف))

(الجامع:106/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بری وہ قوم ہے جو مہمان داری نہیں کرتی۔"

مومن اور مشرک کے درمیان فرق نماز کا ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بين العبد و بين الشرك ترك الصلاة))

(کنز:(19093)،وترمذی:(2619, 2620)،ابوداود:(4678)وابن ماجۃ:(1078)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن اور مشرک کے درمیان فرق کرنے والی نماز ہے۔"

ہر اذان و نماز کے درمیان سنت یا نفل نماز ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بين كل اذانين صلاة الا المغرب))

(بخاری:161/1و162ومسلم فی صلاۃ المسافرین:(304)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اذان اور تکبیر کے درمیان سنت یا نفل کی نماز ہے مگر مغرب کے درمیان نہیں۔"

قیامت سے پہلے قتل عام کے دن آئیں گے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: بين يدى الساعة ايام الهرن))

(بخاری:61/9،وطبرانی:137/4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت سے پہلے قتل عام کے دن آئیں گے۔"

بصرہ اور ایلہ کے درمیان کا فاصلہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بین البصرۃ و الایلۃ اثنی عشر میلاً))

(دیلمی: 35/2، وابن عدی: 50/7

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بصرہ اور ایلہ کے درمیان بارہ میل مسافت ہے۔''

خصوص اور عموم میں زمین وآسمان کا فرق ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بین الخصوص و العموم کما بین السما و الارض))

(دیلمی: 2/..

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خصوص اور عموم میں زمین وآسمان کا سا فرق ہے۔''

رُکن اور مقام ابراہیم کے درمیان ملتزم ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بین الرکن و المقام ملتزم))(الجامع :106/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رکن اور مقام ابراہیم کے درمیان ملتزم ہے۔''

حمام بُرا گھر ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بئس البیت الحمام، بیت لا یستر، و ماء لا یطھر))

(دیلمی: 29/2 والاتحاف: 2/..0/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برا گھر حمام ہے جس میں نہ پردہ کیا جاتا ہے نہ اس کا پانی پاک ہوتا ہے۔''

بری قوم جو اللہ کی رضا کے لیے بھی عدل نہ کرے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بئس القوم لا یقیمون للہ بالقسط))

(کنز: ..583)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بری وہ قوم ہے جو اللہ کی رضا کیلئے بھی عدل نہ کرے۔''

بری قوم جس میں مومن اپنی جان بچاتا پھرے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: بئس القوم قوم یمشی المؤمن فیھم بالتقیہ و الکتمان))(دیلمی 28/2، و کنز :45542)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بری وہ قوم ہے جس میں مومن اپنی جان چھپاتا اور تقیہ کرتا پھرے۔''

درمیانہ دروازہ والدین کے فرمانبردار کے لیے کھلا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: الباب الاوسط مفتوح لبر الو الدین))

(الدیلمی: 50/2، وکنز: (..5542

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (جنت کا) درمیانہ دروازہ والدین کے فرمانبردار کیلئے کھلا ہوگا۔“

سلام میں پہل کرنے والا تکبر سے بری ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البادی بالسلام بری من الکبر))
(کنز: (25265)، ومشکوۃ: (4666)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے سلام کہنے والا تکبر سے بری ہے۔“

نیک شخص بری موت سے نہیں مرتا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البار لا یموت میتۃ السوء)) (دیلمی 50/2)
”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک شخص بری موت سے نہیں مرتا۔“

دریا کا پانی حلال ہے اور اس کا شکار حلال ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البحر طهور ماؤہ، حل میتتہ))
(ابوداود فی: الطہارۃ: (41)، والترمذی فی: الطہارۃ: (52)، والنسائی فی الطہارۃ: (46)، وابن ماجۃ فی: الطہارۃ: (38)،
حمد: 237/2 و361 و378، والجامع: (10277, 10278)، وابن ابی شیبہ: 131/1 ونصب الرایۃ: 96/1)
”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دریا کا پانی پاک ہے اور اس سے شکار کی ہوئی مچھلی حلال ہے۔“

درود نہ پڑھنے والا بخیل ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البخیل من ذکرت عندہ، فلم یصل علی))
(ترمذی: (3546) والاتحاف: 49/5)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بخیل وہ ہے جس کے پاس میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔“

بدگوئی کرنا جفا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البذاء من الجفائم، والجفاء فی النار))
(الجامع: (10285)، وترمذی: (2009) وابن ماجۃ: (4184)، واحمد: 501/2)
”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدگوئی جفا سے ہے اور جفا والا آگ میں ہوگا۔“

بربری شخص کا ایمان گلے سے نہیں اُترتا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البربری لا یجاوز ایمانہ تراقیہ))
(الجامع: 107/1)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بربری شخص کا ایمان گلے سے نہیں اترتا۔“

نیکی وہ ہے جس سے نفس اطمینان وسکون حاصل کریں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البر ما سکنت الیہ النفوس))

(حلیۃ:172/8،ومجمع:1/175-176)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیکی وہ ہے جس کی طرف نفس اطمینان اور سکون پکڑیں۔''

برکت بکریوں میں ہے اور خوبصورتی اونٹوں میں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:البرکۃ فی الغنم، والجمال فی الابل))

(دیلمی:2/46،وکنز:(35236)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برکت بکریوں میں ہے اور خوبصورتی اونٹوں میں۔''

برکت تین چیزوں میں ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:البرکۃ فی ثلاث:فی المرأۃ، والدار والفراس))

(دیلمی:1/45)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برکت تین چیزوں میں ہے۔ عورت، گھر اور گھوڑا۔''

برکت اکابر کے ساتھ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:البرکۃ مع الاکابر))

(صحیح ابن حبان)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برکت بڑوں کے ساتھ ہوتی ہے۔''

برکت بڑوں اور اہل علم کے ساتھ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:البرکۃ مع اکابر کم اھل العلم))

(کنز:(6015)وابن حبان:(1912)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برکت تمہارے بڑوں اور اہل علم کے ساتھ رہے گی۔''

سلام کی ابتداء کرنیوالا اللہ اور رسول کا مقرب ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:البادی بالسلام اولی باللہ ورسولہ))

(الجامع:(10271)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سلام کی ابتدا کرنیوالا اللہ اور رسول کا مقرب ہے۔''

کالے پانی والا دریا جہنم سے ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:البحر الاسود من جھنم))

(الحاکم:4/596،وکنز:(35341)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کالے پانی والا دریا جہنم سے ہے۔''

نیکی آسان کام ہے

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: البرشى ء هين ، وجه طليق، و كلام لين))
(دیلمی:48/2،والمجمع:(10289)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیکی آسان کام ہے۔ یہ کشادہ روئی اور نرم کلامی کا نام ہے۔"

بجلی چمکنا بارش کی علامت ہے

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: البق علامة الغيث))(ديلمى:51/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بجلی چمکنا (اکثر و بیشتر) بارش کی علامت ہے۔"

تین جانور اور برکت

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: البركة فى الغنم والخيل والا بل))
(دیلمی:47/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برکت بکریوں، گھوڑوں اور اونٹوں میں ہے۔"

تین کھانوں میں برکت ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: البركة فى ثلاث: الجماعة والثريد، والسهور))
(الجامع:107/1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزوں میں برکت ہے، اکٹھا کھانے، ثرید اور سحری کھانے میں۔"

گھوڑوں کے ماتھوں میں برکت رکھی گئی ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: البركة فى نواصى الخيل))
(بخاری:34/4،ومسلم فی الامارۃ:(100)،والنسائی فی الخیل، باب:(6)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برکت گھوڑوں کے ماتھوں میں رکھی گئی ہے۔"

برکت چھوٹی روٹی، دراز رسی اور چھوٹی نہر میں ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: البركة فى صغر الخبز، وطول الرشاء،
قصر الجدول))(الجامع :107/1، وكنز :(40779)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برکت چھوٹی روٹی، دراز رسی اور چھوٹی نہر میں ہے۔"

مسجد میں تھوکنا گناہ ہے

(قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: البزاق فى المسجد خطيئة، وكفارتها دفنها))
(بخاری:113/1،ومسلم فی المساجد:(55)،وترمذی:(572)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجد میں تھوکنا گناہ ہے، اس کو دفن کرنا اس کا کفارہ ہے۔"

البضع کا لفظ تین سے نو پر بولا جاتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: البضع مابین الثلاث والتسع))

(الجامع: (10307)، والجامع: 107/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لفظ بضع تین سے نو پر بولا جاتا ہے۔''

گائے اور اونٹ کی قربانی میں سات سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: البقرة عن سبعة، والجزور عن سبعة))

(مسلم فی الحج: (355)، وابوداود فی: الاضاحی: (6)، وترمذی فی: الحج: (66)، والنسائی فی: الضحایا: (15)، وابن ماجہ فی الاضاحی: (5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گائے اور اونٹ کی قربانی سات سات آدمیوں کی طرف سے ہو سکتی ہے۔''

اللہ کے خوف سے رونا جہنم سے نجات ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: البکاء من خشیة الله نجاة من النار))

(الاتحاف: 229/10

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے خوف سے رونا جہنم سے نجات ہے۔''

کنواری لڑکی سے اس کے حق میں مشورہ طلب کیا جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: البکر تستا مرفی نفسها))

(مسلم فی النکاح: (67)، وابن ماجہ: (1870)، واحمد: 219/1، والدارمی: 139/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کنواری لڑکی سے اس کے حق میں مشورہ طلب کیا جائے۔''

آفت بات کہنے پر مسلط و مقرر ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: البلاء مؤکل بالمنطق))

(الجامع: 107/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آفت بات کہنے پر مقرر اور مسلط ہے۔''

بائع اور مشتری کو جدا ہونے سے پہلے اختیار ہوتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: البیعان بالخیار مالم یتفرقا))

(النسائی فی البیع: باب: (4) و (8) و (9) و (10)، و بخاری: 76/3، 77، 84، 85، ومسلم فی البیوع: باب: (47)، وابوداود: (3457, 3459)، وترمذی: (1245, 1246, 1237)، وابن ماجہ: (2182, 2183)، واحمد: 9/2، 73

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بائع و مشتری کو جدا ہونے سے پہلے تک بیع قبول کرنے یا رد کرنے کا اختیار ہے۔''

بغیر گواہوں کے خفیہ تعلق پیدا کرنیوالی عورتیں زنا کار ہیں

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البغایا اللاتی ینکحن انفسھن بغیر بینۃ))

(ترمذی: (1103)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ عورتیں زنا کار ہیں جو بغیر گواہوں کے (خفیہ) تعلق قائم کرتی ہیں۔"

رونا رحمت سے ہے اور چیخنا شیطان سے

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البکاء من الرحمۃ، والصاخ من الشیطان))

(کنز: (42415)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رونا رحمت سے ہے اور چیخنا شیطان سے۔"

غیر شادی شدہ لڑکے اور لڑکی کو زنا پر سو کوڑے مارے جائیں

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البکر بالبکر جلد مائۃ وتغریب عام))

(ترمذی: (1434)، وابن ماجۃ: (2550)، واحمد: 320/5)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غیر شادی شدہ لڑکا لڑکی زنا کریں تو سو درے مارے جائیں اور ایک سال جلاوطن
جائے۔"

مصیبت انسان کو جلدی جکڑ لیتی ہے

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البلاء الی من یحسن اسرع من السیل الی منتھاہ))

(الدیلمی: 52/2)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مصیبت نیک شخص کو سیلاب کے اپنے ٹھکانے پر پہنچنے سے پہلے پہنچ جاتی ہے۔"

ضراح بیت المعمور کا دوسرا نام ہے

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البیت المعمور التی فی السماء یقال لہ: الضراح))

(الاتحاف: 451/4، ومجمع: 7/113-114)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیت معمور جو کہ آسمان پر ہے اس کو ضراح کہا جاتا ہے۔"

جس گھر میں سورت بقرہ پڑھی جائے وہاں شیطان داخل نہیں ہوتا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البیت الذی یقرا فیہ البقرۃ لا یدخلہ شیطان))

(مجمع: 312/6)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں سورۂ بقرہ پڑھی جائے اس میں شیطان داخل نہیں ہوتا۔"

گواہ مدعی اور قسم مدعا کے ذمہ ہے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: البینۃ علی المدعی، والیمین علی المدعی علیہ))

(ترمذی رقم:(1341

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گواہ مدعی کے ذمہ اور قسم مدعا علیہ کے ذمہ ہے۔''

مالِ زکوۃ دولت مندوں سے لیا جائے گا اور فقراء کو دیا جائے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تؤ خذمن اغنيائهم، فترد على فقرائهم يعني: الزكاة))

(بخاری فی: الزکاۃ: (63/1)، ومسلم فی: الایمان: (29)، والنسائی فی: الزکاۃ: (4601)، وابن ماجۃ فی: الزکاۃ

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کے دولت مندوں سے (مال زکوۃ) لیا جائے گا اور ان کے فقراء پر لوٹا دیا جائے گا۔''

اللہ نے اپنے بندوں میں عقل تقسیم فرمائی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تبارك الذى قسم العقل بين عباده))

(الاتحاف: 489/8، ومغنی: 398/3، وتذکرۃ:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ برکت والی ذات ہے جس نے اپنے بندوں میں عقل تقسیم کی۔''

مسلمان سے مسکرا کر ملنا بھی صدقہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تبسمك فى وجه اخيك صدقة))

(ترمذی رقم: (56

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے مسلمان بھائی کو مسکرا کر ملنا بھی صدقہ ہے۔''

جنتیوں کا زیور وضو کی جگہ تک پہنچ جائے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تبلغ حلية اهل الجنة مبلغ الوضوء))

(مسلم فی: الطہارۃ: (40) والنسائی فی: ال

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنتیوں کا زیور وضو کی جگہ تک پہنچے گا۔''

سمندر کے نیچے جہنم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تحت البحر نار، وتحت النار بحر، وتحت البحر نار

(کنز: (17

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سمندر کے نیچے جہنم ہے اور جہنم کے نیچے سمندر ہے اور سمندر کے نیچے جہنم ہے

ترکوں سے بلا وجہ نہیں لڑنا چاہئے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تاركوا الترك ماتركوكم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ترکوں کو چھوڑ دو جب تک وہ تمہیں چھوڑے رہیں۔''

باہم سلام کیا کرو

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم:تبازلو السلام ، وليركم الله في المساجد))

(دیلمی:66/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: باہم سلام کیا کرو اور اللہ تمہیں مساجد میں دیکھنا چاہتا ہے۔"

سونے چاندی کی ہلاکت ہو

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم:تبا للذهب و الفضة ثلاثاً))

(دیلمی:99/2،وکنز:(6313, 6312, 6112)،واحمد:366/5،وابن کثیر:81/4)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا: سونے چاندی کیلئے ہلاکت ہو۔"

قرآن کے ساتھ تبرک حاصل کرو

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم:تبرك بالقرآن فهو كلام الله))

(کنز:(2364, 2326)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن کے ساتھ تبرک حاصل کرو! یہ کلام اللہ ہے۔"

مومن کا زیور وضو کے پانی تک پہنچے گا

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: تبلغ الحلية من المومن حيث يبلغ الوضوء))

(مشکوٰۃ:(291)،ومسلم فی الطہارۃ:(40)،واحمد:371/2،وبیہقی:57/1)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کا زیور وہاں تک پہنچے گا جہاں تک اس کے وضو کا پانی پہنچتا ہے۔"

ہر بال کے نیچے جنابت ہوتی ہے

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم:تحت كل شعرة جنابة، فاغسلوا الشعر،

وا البشرة))

(ابو داود فی الطہارۃ: (97)والترمذی فی الطہارۃ:(78)، حدیث :(106)،وابن ماجہ فی الطہارۃ: (106)، واحمد 101و111/6و254)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر بال کے نیچے جنابت ہوتی ہے۔ بالوں کو دھوؤ اور بدن کو صاف کرو۔"

ہر نرم اور خوش خلق پر جہنم حرام ہے

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم:تحرم النار على كل هين لين سهل قريب))

(احمد:315/1،والترمذی فی القیامۃ:(45)،حدیث:(2488)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم کی آگ ہر ایک نرم اور خوش خلق پر حرام ہے، جو آسان ملاقات اور قریب نے والا ہو۔"

جنگلوں میں دعا مانگا کرو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تحروا الدعاء فی الفیافی))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنگلوں میں دعا مانگا کرو۔''

قیامت کے دن سب برہنہ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تحشرون يوم القيامة حفاة عراة غرلاً))

(الاتحاف: 213

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کو تم ننگے سر، برہنہ پاؤں اور بغیر ختنہ کئے جمع کئے جاؤ گے۔''

فرشتوں کا تحفہ مسجدوں کو خوشبودار کرنا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تحفة الملائكة تجمير المساجد))

(ابو شیخ ابن حبان

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فرشتوں کا تحفہ مسجدوں کو خوشبودار کرنا ہے۔''

جہاں تمہیں غفلت حاصل ہو وہاں سے دوسری جگہ چلے جاؤ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تحولوا عن مكانكم الذى اصابتكم فيه الغفلة))

(مسلم فی المساجد: (309)، وابوداود فی الصلاۃ: (11)، والترمذی فی تفسیر سورۃ: (20) وابن ماجۃ فی الصلاۃ: (

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاں تمہیں غفلت حاصل ہو وہاں سے دوسری جگہ چلے جاؤ۔''

لیلۃ القدر کو رمضان کے آخری عشرہ میں تلاش کرو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تحينوا ليلة القدر فى العشر الاواخر من رمضان))

(بخاری فی الاعتکاف: (901)، ولیلۃ القدر: (302)، ومسلم فی الصیام: (211)، واحمد: 82/4، وابن ابی شیبۃ: 1/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لیلۃ القدر کو رمضان کے عشرہ اخیر میں تلاش کرو۔''

مدینہ قیامت سے چالیس سال پہلے ویران ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تخرب المدينة قبل يوم القيامة باربعين سنة))

(ضعیف الجامع: صفحہ نمبر: (456): حدیث: (12

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مدینہ قیامت سے چالیس سال پہلے ویران کیا جائے گا۔''

تخم ہائے انسانی کے لیے اچھے رشتے تلاش کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: تخيروا لنطفكم، فان النساء يلدن اشباه اخوانهن))

(کنز: (4588

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے تخم ہائے انسانی کیلئے اچھے رشتے تلاش کرو، کیونکہ عورتیں اپنی بہنوں کی طرح
نی ہیں۔"

ہر بیماری کے علاج کی کوشش کرنی چاہیے

باکرہ سے نکاح کرنے کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فهل ابکر اتلاعبها وتلاعبك، وتضاحکها وتضاحکك))

مشکوۃ: (3088)، ونسائی فی: النکاح: (10,4) والجامع: 64/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو نے باکرہ سے کیوں نکاح نہ کیا کہ تم ایک دوسرے سے کھیلتے اور ایک دوسرے کو ہنساتے۔"

ذلت میں پڑنے سے حاجت کا حاصل نہ ہونا آسان ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فوت الحاجة ایسر من الذل فیها))

(دیلمی: 187/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ذلت میں پڑنے سے حاجت کا حاصل نہ ہونا آسان ہے۔"

انسان کا ایک ایسا جزء ہے جسے آگ بھی نہیں کھاتی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی الانسان عظم لا تاکله النار، منه یرکب))

(ابوداود فی السنۃ: (22)، والنسائی فی: الجنائز: (117)، واحمد: 428/2)۔

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان میں ایک ایسا جز ہے جسے آگ نہیں کھاتی۔ اسی سے وہ دوبارہ مرکب ہوگا۔"

جنت میں سو درجے ہیں اور ہر دو درجوں کے درمیان پھر سو درجے ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی الجنة مائة درجة، مابین کل درجتین مائة درجة))

(جامع ترمذی: 64/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں سو درجے ہیں اور ان ہر دو درجوں کے درمیان پھر سو درجے ہیں۔"

معدن میں خمس ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی الرکاز الخمس))

(ابن ماجہ: رقم: (2509) و (2501) وبخاری: 160/2 و 145/3 و 15/9، ومسلم فی: الحدود: (46,45)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: معدن میں خمس ہے۔"

کان اور عقل ضائع ہونے میں سو اونٹ دیت ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی السمع مائة من الابل، وفی العقل مائة من الابل))

(کنز: (70082)، والارواء: 321/7، والجامع: 85/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کان ضائع ہونے میں سو اونٹ دیت کے ہیں اور عقل ضائع ہونے میں بھی سو اونٹ دیت کے ہیں۔"

حالت احرام میں شکار کے عوض دنبہ ذبح کیا جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في الضبع كبش))

(ابن ماجہ فی: المناسک: (90)، والجامع: 65/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (حالت احرام میں شکار کرتے ہوئے) بجو کے قتل میں دنبہ ذبح کرنا ہوگا۔"

زبان اور ذکر کے کاٹنے میں کامل دیت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في اللسان الدية كاملة، وفي الذكر الدية))

(کنز: (40083)، والدارمی: 193/2، وبیہقی: 89/8، والجامع: 65/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زبان کے کاٹنے میں کامل دیت ہے اور ذکر کے کاٹنے میں بھی کامل دیت ہے۔"

مذی کے نکلنے سے وضو لازم ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في المذى الوضوء))

(بخاری فی: الوضو: (34) والعلم: (51) والغسل: (13)، ومسلم فی: الحیض: (17)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مذی کے نکلنے سے وضو لازم ہے۔"

ہر چیز میں اسرف ہوتا ہے، وضو میں زیادہ پانی استعمال کرنا اسراف ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في الوضوء اسراف، وفي كل شيء اسراف))

(الجامع: 65/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وضو میں (پانی کا) اسراف کیا جاتا ہے اور ہر ایک چیز میں اسراف ہوتا ہے۔"

اس امت میں کذاب ودجال بھی ہوں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في امتي كذابون ودجالون))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں کذاب اور دجال بھی پیدا ہوں گے۔"

ایسی قوم جو قرآن پڑھ کر دانے کی طرح اُسے بکھیرے گی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في امتي قوم يقروون القرآن، ينشرونه كنشر الدقل))

(کنز: (2827)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں ایک قوم ہوگی جو قرآن کو پڑھ کر مثل دانہ کے اسے بکھیرے گی۔"

محرم اگر شترمرغ کے انڈے توڑ دے تو اس کی قیمت لازم آتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في بيضالنعام يصيبه المحرم ثمنه))

(ابن ماجہ فی: المناسک: (90)، والجامع: 65/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شتر مرغ کے انڈوں میں جسے محرم توڑے اس کی قیمت واجب آتی ہے۔''

سورۃ حج کو باقی سورتوں پر فضیلت حاصل ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فضلت سورۃ الحج علی القرآن بسجدتین))

(جامع: 64/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۃ الحج کو بوجہ دو سجدوں کے باقی قرآن پر فضیلت حاصل ہے۔''

نیک کام برائی کی چوکھٹوں سے بچاتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فعل المعروف یقی مصارع السوء))

(کنز: (16286)، والدر: (354/1)، وکشف: 135/2، والجامع: 64/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک کام برائی کی چوکھٹوں سے بچاتا ہے۔''

ہر بیماری متعدی نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فمن اعدی الاول))

(ابوداود: فی: الطب: (24)، وبخاری: 25/7و166، واحمد: 328/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر یہ بیماری متعدی ہے تو پہلے کو کہاں سے لگی ہے۔؟''

باکرہ لڑکی سے نکاح کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فهل باکرا تعضها و تعضك))(الجامع: 4/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو نے باکرہ سے کیوں نہ نکاح کیا۔؟ وہ تیرا بوسہ لیتی تو اس کا بوسہ لیتا۔''

دانت توڑنے کی دیت پانچ اونٹ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الاسنان خمس خمس من الابل))

(ابن ابی شیبۃ: 186/9، وکنز: (40084)، والجامع: 4/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دانت شکنی میں پانچ پانچ اونٹ لازم آتے ہیں۔''

انسان کے تین سو ساٹھ جوڑ ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الانسان ثلاث مائة وستون مفصلاً))

(ابن خزیمۃ: (1226)، والجامع: 4/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کے تین سو ساٹھ جوڑ ہیں۔''

جمعہ کے دن کی ایک مخصوص بابرکت ساعت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الجمعة ساعة لا یوافقها عبد یستغفر اللہ

غفر له))(الجامع 64/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمعہ میں ایک وقت ایسا ہے اگر آدمی اس میں استغفار کرے تو بخشش ہوتی ہے۔"

کلونجی میں موت کے علاوہ ہر بیماری کی شفاء ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی الجنة السوداشفاء من كل داء الا السالم))

(بخاری:160/7)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یادانہ (شونیز) میں ہر ایک بیماری کی شفا ہے مگر موت سے نہیں۔"

سورۃ الحج میں دو سجدے ہیں

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی الحج سجدتان))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۃ حج میں دو سجدے ہیں۔"

چرنے والے گھوڑوں کی قدر و قیمت

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی الخیل السائمة فی كل فرس دینار))

(کنز:(1584)وبیہقی:119/4ومجمع:69/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چرنے والے گھوڑوں میں ہر ایک گھوڑے میں (گویا کہ) ایک اشرفی ہے۔"

کمر توڑنے کی دیت سو اونٹ

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی الصلب مائة من الابل))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کمر شکنی میں سو اونٹ دیت کے ہیں۔"

شہد اور پچھنے لگوانے میں شفاء ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی العسل و الحجم شفاء))(سنن ترمذی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شہد اور پچھنے لگانے میں شفا ہے۔"

پیاسے کو پانی پلانے میں اجر ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی الكبد الحارة اجر))

(عبدالرزق:(19692)،والاتحاف:410/6،والجامع:65/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پیاسے کو پلانا ثواب ہے۔"

زکوۃ کے علاوہ بھی مال میں حق ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی المال حق سوی الزكاة))

(ترمذی:(660,659)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زکوۃ کے سوا بھی مال میں حق ہے (صدقہ خیرات کا)"

چاندی میں زکوۃ کا چالیسواں حصہ ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی الورق ربع العشر))

(مسند فردوس:192/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چاندی میں زکوۃ کا چالیسواں حصہ ہے۔''

ایک قوم کی بیماری ''ذرب'' کی شفاء اونٹ میں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی اللبن الا بل وابوالهادوء لذربکم))

(الجامع:65/2،واحمد:293/1،وطبرانی:238/12

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اونٹ کے دودھ اور پیشاب میں تمہارے لئے مرض ذرب کی دوا ہے۔ (کیونکہ وہ حقیقی مسلمان نہیں تھے اس لیے حضور نے ان کو یہ حکم دیا)''

بنی ثقیف میں ایک کذاب اور ہلاکت پیدا ہوگی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی ثقیف کذاب و مبیر))

(مشکوۃ:(5984)،وکنز:(48366)،ومجمع:334/7

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنی ثقیف میں ایک جھوٹا اور ایک ہلاکت پیدا ہوگی۔''

مکڑی کے سینے کی تحریر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی صدر الجراد مکتوب :نحن جند الله الاعظم))

(مسند فردوس:186/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مکڑی کے سینے میں لکھا ہے کہ ہم اللہ کا بڑا لشکر ہیں۔''

ولیمہ کی روٹی میں ایک مثقال جنتی ہوا ہوتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی طعام العرس مثقال من ریح الجنة))

(الجامع:66/2،کنز:(44621 ,45621

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شادی کی روٹی میں ایک مثقال جنت کی ہوا ہے۔''

زمین کی پیداوار پر عشر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی کل شی اخرجت الارض العشر، او نصف العشر))

(کنز:(15877

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کچھ زمین میں پیدا ہو اس کے اندر عشر (دسواں حصہ، جہاں پانی بارش کا ہو) ہے یا نصف عشر (بیسواں حصہ، جہاں پانی خود لگایا جائے)۔''

سہو کے دو سجدے ہیں سلام کے بعد

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في كل سهو سجدتان بعد ما يسلم))

(ابن ماجۃ فی: الاقامۃ: (136)، واحمد: 280/5)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر سہو میں سلام کے بعد دو سجدے کرے (پھر تشہد پڑھ کر نماز کا سلام پھیرے۔)"

ماہ رجب کے ایک دن کی فضیلت

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في رجب يوم وليلة من صامه كان كمائة سنة))

(تنزیہ: 161/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ماہ رجب میں ایک دن رات ایسا ہے جس نے اس کا روزہ رکھا اس کو سو برس کے کا ثواب ملے گا۔"

مدینہ کی کھجور عجوہ زہر کا تریاق ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في عجوة العالية شفاء، وانها ترياق))

(مسلم فی: الاشربۃ: (165)، واحمد: 152,105/6)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مدینہ کی کھجور عجوہ میں شفا ہے اور یہ زہر سے تریاق ہے۔"

ہر پانچ چرنے والے اونٹوں پر زکوۃ ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في كل ذود خمس سائمة صدقة))

(خطیب: 467/8)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر پانچ چرنے والے اونٹوں کا صدقہ ہے۔"

ہر دو رکعت کے بعد تشہد پڑھا جائے گا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في كل ركعتين تحية))(احمد: 194/6)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر دو رکعت کے بعد التحیات ہے۔"

اس امت میں ہر صدی میں "سابقون" ہوں گے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في كل قرن من امتى سابقون))

(کنز: (34626)، و بخاری 425/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے صدی میں "سابقون" حضرات ہوں گے۔"

مسجد خیف اور ستر انبیاء کی قبور

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم في مسجد الخيف قبر سبعين نبيا))

(مجمع: 297/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجد خیف میں ستر انبیاء کی قبور۔''

حلم اور اطمینان کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فیك خصلتان یحبهما الله: الحلم. والاناة))

(مسلم فی: الایمان: (26,25)، وترمذی: (2011)، وابوداود: (5225) وابن ماجۃ: (4187)، واحمد: 23/3، 50، 06

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے اندر دو خصلتیں ہیں جنہیں اللہ محبوب جانتا ہے، حلم اور آہستگی۔''

سورۃ فاتحہ پڑھنے سے وہی مقصد حل ہوتا ہے جس کی نیت کی جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الفاتحة لما قرء ت له))

(تذکرۃ: (80)، وکشف: 06/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فاتحہ اس مقصد کیلئے ہے جس کے لئے اس کو پڑھا گیا۔''

ران شرمگاہ ہے اور فرج فحش شرمگاہ ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الفخذ عورة، والفرج فاحشة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ران شرمگاہ ہے اور فرج فحش شرمگاہ ہے۔''

عید الفطر اور عید الاضحیٰ...... نماز فطر اور قربانی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الفطر یوم یفطر الناس، والاضحی یوم یضحی الناس))(سنة 247/6، وکنز: (23764)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فطر وہ دن ہے جس میں لوگ عید الفطر پڑھیں اور اضحیٰ وہ دن ہے جس میں لوگ قربانی کریں۔''

فلق جہنمی خوفناک کنواں ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الفلق جب فی جهنم مغطی))

(درمنثور: 325/6، 417، وکنز: (2953)، وابن کثیر: 371/8، 4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فلق جہنم میں ڈھکے ہوئے کنوئیں کا نام ہے۔''

طاعون سے فرار ہونے والا جنگ سے بھاگنے والی کی طرح ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الفار من الطاعون کالفار من الزحف))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طاعون سے فرار کنندہ جنگ سے بھاگنے والے کی طرح ہے۔''

فتنہ کو بیدار کرنے والے پر اللہ کی لعنت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الفتنة نائمة لعن الله من ایقظها))

(الجامع: 2/...

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فتنہ سویا ہوا ہے جس نے اس کو بیدار کیا اس پر اللہ کی لعنت ہے۔"

فردوس جنت کا سب سے اعلیٰ ترین درجہ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الفردوس اعلیٰ درجة فی الجنة))

(درمنثور: 254/4، وطبری: 30/16)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فردوس جنت میں ایک اعلیٰ درجہ ہے۔"

فرض نماز مسجد میں اور نوافل گھر میں پڑھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الفریضة فی المسجد، والطعو فی البیت))

(کنز: (23363, 21334)، والجامع: 67/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فرض مسجد میں اور نفل گھر میں پڑھنے چاہئیں۔"

صدقہ فطر ہر مسلمان پر واجب ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الفطرة واجبة علی کل مسلم))

(کنز: (24123)، والجامع: 67/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ فطر ہر مسلمان پر واجب ہے۔"

فقر اللہ اور لوگوں کے نزدیک

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الفقر شین عند الناس، و زین عند اللہ))

(کنز: (16595)، وکشف: 130/2، والجامع: 67/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فقر لوگوں کے نزدیک عیب ہے اور اللہ کے نزدیک زینت کی چیز ہے۔"

فلق جہنمی جیل کا نام ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الفلق سجن فی جهنم))

(الجامع: 67/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فلق جہنم کی ایک جیل کا نام ہے۔"

مصوروں پر لعنت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قتل اللہ قوماً یصورون مالا یخلقون))

(کنز: (12935,9376)، وطبرانی: 130/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ ان پر لعنت کرے جو ایسی چیز کی تصویر بناتے ہیں جسے پیدا نہیں کر سکتے۔"

ابن سمیہ کا قاتل جہنم میں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قاتل ابن سمية فی النار))

(کنز:(33557)،وصحیح الجامع:(294/791)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن سمیہ کا قاتل آگ میں ہوگا۔"

نمازی حاکموں سے مل کر مشرکوں سے جہاد کا حکم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قاتلوا مع الائمۃ المصلین المضلین من المشرکین))(فردوس:254/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نمازگزار حاکموں کے ساتھ ہوکر گمراہ مشرکین سے جنگ کرو۔"

اللہ کی قضاء وقدر پر راضی نہ ہونے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اللہ تعالیٰ: من لم یرض بقضائی وقدری فلیلتمس ربا غیری))(الاتحاف:65/9)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا ہے کہ جو شخص میری قضاء وقدر پر راضی نہ ہو وہ میرے سوا دوسرا رب تلاش کر لے۔"

یہود نے انبیاء کی قبور کو سجدہ گاہ بنالیا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قاتل اللہ الیہود اتخذوا قبور انبیائہم مساجد))

(بخاری:119/1،ومسلم فی:المساجد:(20)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود پر اللہ تعالیٰ لعنت کرے انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا ہے۔"

یہود علم کے باوجود گمراہ ہوگئے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قاتل اللہ الیہود لقد اوتوا علماً))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود پر اللہ کی لعنت ہو! انکو علم دیا گیا تھا (پھر بھی گمراہ ہوگئے)۔"

حضرت عمار کا قاتل اور اس کا اسبابِ جنگ جہنم میں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قاتل عمار و سالبہ فی النار))

(مجمع:297/9،وکنز:(33522)،والجامع:67/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمار کا قاتل اور اس کا اسباب جنگ لوٹنے والا آگ میں ہوگا۔"

سورۃ التکاثر پڑھنے والا عالم ملکوت میں شاکر کے نام سے پکارا جاتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قاری الہا کم یدعی فی الملکوت، مودی الشکر))

(کنز:(2652)،والجامع:67/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورت الہاکم التکاثر کا پڑھنے والا عالم ملکوت میں شکر ادا کرنے والے کے نام سے پکارا جاتا ہے۔"

روزہ آگ سے بچاؤ کی ڈھال ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الله تعالىٰ الصوم جنة يجتن بها عبدى من النار))

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا: روزہ سپر ہے۔ اس سے میرا بندہ آگ سے بچاؤ کرتا ہے۔“

خرچ کرنے والے پر اللہ خرچ فرماتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الله عزوجل :انفق انفق عليك))

(بخاری فی تفسیر سورۃ: (11) والنفقات: (1) والتوحید: (35) ومسلم فی: الزکاۃ: (36, 37)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا ہے: تو خرچ کر تجھ پر خرچ کیا جائے گا۔“

اللہ کی عطا اور عذاب بس اُس کے حکم سے ہو جاتے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الله تعالىٰ :انما عطائى كلام و عذابى كلام))

(نوادر الاصول)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا: میری عطا کلام ہے اور میرا عذاب کلام ہے (یہ کام صرف حکم سے ہی ہو جاتے ہیں)۔“

کبریائی میں اللہ سے جھگڑا کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الله تعالىٰ :الكبرياء ردائى ، فمن نازعنى و دائى قصمتة))(احمد: 414/2، و صحيحه: (541)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ فرماتا ہے کہ کبریائی میری چادر ہے جس نے اس میں مجھ سے جھگڑا کیا میں اس کی گردن توڑ دوں گا۔“

اللہ کے نزدیک سب سے محبوب عمل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الله عزوجل :احب ماتعبدنى به عبدى النصح لى))درمنثور: 267/3)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا ہے: سب سے محبوب عمل جس سے بندہ میری عبادت کرتا ہے وہ میری رضا کیلئے خیر خواہی کرنا ہے۔“

جنت اللہ کی رحمت ہے، وہ جسے چاہے عطا فرمائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الله تعالىٰ :هذه رحمتى ارحم بها من اشاء يعنى :الجنة))(بخارى فى :التوحيد (25)، و مسلم فى :الجنة: (37-36)

”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا ہے کہ یہ جنت میری رحمت ہے، جس پر چاہوں گا اس پر اس سے رحمت کروں گا۔“

اللہ کے ذکر کے سبب سوال نہ کرنے والے کا اجر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قال الله من شغله ذکری عن مسئلتی اعطیة قبل ان یسالنی))(الاتحاف:7/5، وکنز (1873)والعلل (1738)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا جس کو میرے ذکر نے سوال کرنے سے مشغول کر دیا میں اس کو سوال کرنے سے پہلے عطا کروں گا۔''

بندے کے لائق نہیں کہ وہ اللہ کی تکذیب کرے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قال الله تعالیٰ: کذبنی عبدی ولم یکن له ان یکذبنی))

مشکوٰۃ:(20)،واحمد:317/2،والسنۃ:81/1،وبغوی:99/1و90/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا: بندے نے میری تکذیب کی ہے اور یہ اس کو لائق نہیں تھا۔''

پرہیزگاری کے علاوہ اللہ کا انتہائی قرب حاصل نہیں کیا جا سکتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قال الله تعالیٰ لم یتقرب الی المتقربون بمثل الورع))

(الاتحافات:63,62)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرا قرب حاصل کرنے والوں نے پرہیزگاری جیسے عمل کے علاوہ سے ایسا قرب حاصل نہیں کیا۔''

بندہ اللہ کی توفیق سے ہی اس کے ذکر کے لیے ہونٹ ہلاتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قال الله تعالیٰ انا مع عبدی ما ذکرنی و تحرکت بی شفتاه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا ہے کہ میں اپنے بندے کے پاس ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے ،میری توفیق سے وہ اپنے ہونٹ ہلاتا ہے۔''

اللہ تعالیٰ سے سوال نہ کرنے والے سے اللہ ناراض ہو جاتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قال الله تعالیٰ :من لا یدعونی اغضب علیه))

(الاتحاف:30/5،وکنز:(3127)،والاتحافات:(62)،والجامع:70/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ نے فرمایا ہے کہ جو مجھ سے نہیں مانگتا میں اس پر غصہ ہوتا ہوں۔''

اللہ تعالیٰ کا فرمان کہ بندو کا مثلہ نہ بناؤ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قال الله تعالیٰ :لا تمثلوا بعبادی))

(الاتحاف:(63)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا ہے کہ میرے بندوں کا مثلہ مت بناؤ۔''

حضور کے نام پر نام رکھنے والا جہنم میں نہیں جائے گا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اللہ تعالی :لا اعذب احد تسمی باسمك نار))

(دیلمی:220/3،حدیث:(4491)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا ہے کہ جو تیرے نام پر اپنا نام رکھے گا میں اس کو آگ کا عذاب نہ دوں "

جبرائیل کا قول کہ کتے اور تصویر والے گھر میں ہم داخل نہیں ہوتے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لی جبریل :انا لا ندخل بیتاً فیه کلب و لا تصاویر))

(کنز:(41561)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ سے جبریل نے کہا: جس گھر میں کتا یا تصویر ہو اس گھر میں ہم داخل نہیں ہوتے۔"

حضور کے لیے نماز محبوب کر دی گئی

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لی جبریل :حببت الیك الصلاة. فخذ منها ما شئت))

(جامع:70/2-71)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ سے جبریل نے کہا کہ آپ کیلئے نماز محبوب کر دی گئی۔ جتنا چاہیں اس کی کثرت کریں۔"

حضور پر درود پڑھنے والے کو دس نیکیاں ملتی ہیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لی جبریل :من صلی علیك کان له عشر حسنات))

(ترغیب:497/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ سے جبریل نے کہا کہ جس نے آپ پر درود شریف پڑھا اس کو دس نیکیاں ملیں گی۔"

دنیا کے بارے میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نصیحت

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال عیسی :لدوا للموت ، و ابنوا للخراب))

(کشف:201/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: موت کیلئے پیدا ہو اور بربادی کیلئے تعمیریں کرو۔"

مقید ہو کر قتل ہونا گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قتل الرجل صبراً کفارة لما قبله من الذنوب))

(الجامع:71/2)(کنز:(13329)،وابن عدی:1387/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مقید ہو کر شخص کا مقتول ہونا سابقہ گناہوں کا کفارہ ہے۔"

مومن کا قتل اور تمام دنیا کا زوال

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :قتل المومن اعظم عند اللہ من زوال الدنیا))

(ترغیب:294/3)(کنز:(39880)،والجامع:1/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کا قتل اللہ کے نزدیک تمام دنیا کے زوال سے بڑا ہے۔''

با کفایت رزق پر قناعت کرنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :قد افلح من رزق کفافاً، وقنعہ اللہ بما آتاہ))

(مسلم فی:الزکوۃ:(125

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فلاح پائی اس نے جسے با کفایت رزق دیا گیا اور اس پر اس کو اللہ نے قناعت بھی دی۔''

جسے عقل دی گئی وہ کامیاب ہو گیا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :قد افلح من رزق لباً))

(الجامع:1/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جسے عقل دی گئی وہ کامیاب ہو گیا۔''

اللہ کی رحمت اس کے غضب پر سبقت لے گئی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :قال اللہ عزوجل :سبقت رحمتی غضبی))

(مسلم فی:التوبۃ (14-16)،وبخاری فی:التوحید:(55)،وبدء الخلق:(1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا کہ میری رحمت میرے غضب سے سبقت لے گئی ہے۔''

روزہ جلدی افطار کرنے والا اللہ کا پیارا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :قال اللہ عزوجل :ان احب عبادی الی اعجلھم فطرا))(الترغیب:1402، وبیھقی :237/4، والسنۃ :256/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا کہ مجھے بندوں سے زیادہ پیارا وہ ہے جو جلدی افطار کرے۔''

رضائے الٰہی کے لیے باہمی محبت کرنے والے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :قال اللہ عزوجل :وجبت محبتی للذین یتلاقون فی))(الاتحاف :175/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا کہ جو میری رضا کیلئے باہمی ملاقات کرتے ہیں ان کے لئے میری محبت واجب ہو گئی۔''

اللہ بندے کے گمان کے مطابق رحمت و عذاب فرماتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم :قال اللہ تعالیٰ :عبدی انا عند ظنك بی))

(الحاکم:497/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے میرے بندے! میں تیرے گمان کے مطابق ہوں۔"

گناہ خود پسندی سے بہتر ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اللہ تعالیٰ: لو لا ان الذنب للمومن خیر له من العجب ما خلیت بینه وبینه))(الاتحاف:490/9)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا ہے کہ اگر گناہ مومن کیلئے خود پسندی سے بہتر نہ ہوتا تو میں اس کو اس کے کرنے کی آزادی نہ دیتا۔"

کلمہ طیبہ اللہ کا قلعہ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اللہ تعالی: لا اله الا اله حصنی، من دخل حصنی امن من عذابی))(کنز:(168)، والتنزیه:147/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ لا الہ الا اللہ میرا قلعہ ہے جو شخص میرے قلعہ میں داخل ہوا وہ میرے عذاب سے امن پا گیا۔"

مومن اللہ تعالیٰ کو فرشتوں سے زیادہ محبوب ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: قال اللہ تعالیٰ: عبدی المؤمن احب الی من بعض ملائکتی))(الاتحاف:193/4، وکنز:(711)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا کہ مومن بندہ مجھے بعض فرشتوں سے زیادہ محبوب ہے۔"

روح بغیر جبر کے جسم سے نہیں نکلتی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اللہ تعالیٰ للنفس: اخرجی قالت لا اخرج الا کارھة))(دیلمی:213/3، حدیث:(4464)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے روح کو فرمایا: نکل! اس نے کہا: میں بغیر جبر کے نہیں نکلوں گی۔"

اللہ ٹوٹے ہوئے دلوں کے پاس ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اللہ تعالیٰ: انا عند المنکسرة قلوبھم))

(الاتحاف:(63)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے فرمایا جن کے دل ٹوٹے ہوئے ہیں میں ان کے پاس ہوں۔"

حضرت عمر کا وصال اور اسلام

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لی جبریل: لیبکین الاسلام علی موت عمر))

(حلیہ:175/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے جبریل نے کہا کہ عمر کی موت پر اسلام ضرور روئے گا۔''

برائیوں کو بونے والے کی سزا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال داود :يا زارع السيئات تحصد شوكها و حسكها))

(الجامع:71/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت داود علیہ السلام نے فرمایا: اے برائیوں کو بونے والے! تو ان کے کیل کانٹے کاٹے گا۔''

قدرت کے باوجود معاف کرنے والا اللہ کا محبوب ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال موسىٰ :يارب من اعز عبيدك عنك؟ قال من اذا قدر عفا))(الاتحاف:40/8، والجامع 71/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: یا اللہ! تیرے نزدیک تیرا کون سا بندہ عزیز تر ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ شخص جو قدرت کے باوجود معاف کر دے۔''

مساکین کو مٹھی بھر کھجوریں دینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قبضات التمر للمساكين مهور الحور العين))

(الجامع:71/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھجوروں کی مٹھی مساکین کو دینا حورعین کے مہر ہیں۔''

مسلمان کا قتل اور اُسے گالی دینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قتال المسلم اخاه كفر، وسبابه فسوق))

(نسائی:121/7، ابن ماجۃ:(46) واحمد:178/1و417)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان بھائی کو قتل کرنا کفر ہے اور اس کو گالی دینا فسق ہے۔''

مالِ حلال کی حفاظت کرتے ہوئے قتل ہونے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم :قتل المؤمن دون ماله شهادة))

(حلیۃ:394/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کا اپنے مال کی حفاظت میں قتل ہو جانا شہادت ہے۔''

حضرت اُم ہانی کی بارگاہ رسالت میں قدر و قیمت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قداجرنا من اجرت، وامنا من امنت يا ام هانى))

(بخاری:100/1، 122/4، 46/8، ومسلم فی: صلاۃ المسافرین:(82)، وابوداود:(2763)، واحمد:341/6و342و

(423،343

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ام ہانی جس کو تو نے امان دی اس کو ہم نے بھی مان دی اور تیرے امین کو ہم نے امین مانا۔"

عورت شرعی ضروریات کے لیے گھر سے نکل سکتی ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قد اذن الله لکن ان تخرجن لحوائجکن))
(مسلم فی: السلام: (17)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے تم (خواتین) کو اجازت دی ہے کہ تم اپنی (شرعی) ضرورتوں کیلئے نکلا کرو۔"

نپے تلے رزق پر صبر کرنے والا مومن

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قد افلح من اسلم، و کان رزقه کفافاً، و صبر علی ذلك))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اسلام لایا اور رزق اسے نپا تلا ملا اس پر اس نے صبر کیا اس نے فلاح پائی۔"

مطلقہ یا بیوہ اگر حاملہ ہو تو وضع حمل اس کی عدت ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قد حلت حین و ضعف حملك))
(کنز: (27002)، والنسائی: 193/6 و 196، احمد: 432/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو (دوسرے نکاح کیلئے) حلال ہو جائے گی جس وقت تیرا وضع حمل ہو۔"

دریا کی ہر مچھلی حلال ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قد ذبح کل نون فی البحر لبنی آدم))
(دیلمی: 263/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کیلئے دریا کی ہر مچھلی حلال کر دی گئی ہے۔"

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف جنت میں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قد رایت عبد الرحمن بن عوف یدخل الجنة حبوا))
(کنز: (33501)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے عبدالرحمٰن بن عوف کو گھسٹتا ہوا جنت میں داخل ہوتے دیکھا ہے۔"

مسلمان بھائی سے معانقہ کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قد عانقت اخی عثمان، فمن کان له اخ فلیعانقه))

(کنز: (32832,36240) وتاریخ اصفہان: 126/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنے بھائی عثمان سے معانقہ کیا۔ لہذا جس شخص کا بھائی ہو وہ اس سے معانقہ کرلیا کرے۔''

حضرت ادریس اور علم رمل

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد کان نبی یخط، فمن وافق خطه ذلك الخط علم))

(احمد:448/5، وطبرانی:400/10و401، ومجمع:92/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک نبی لکھا کرتے تھے جس کی لکھائی ان کے موافق ہو جائے وہ اس علم کا ماہر ہے۔''

خواہشات نفسانی کا مقابلہ کرنا جہاد اکبر ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قدمتم من الجهاد الاصغر الی الجهاد الاكبر، مجاهدة العبد هواه))(الاتحاف:351/7، وکنز:11799,11260)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف آئے ہو اور یہ اپنی خواہش نفسانی سے مقابلہ کرنا ہے۔''

حافظ قرآن کو قبر میں دیگر فوت شدگان سے آگے رکھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قدموا اکثر کم قرآناً))

(ابن ابی شیبۃ:344/1، واحمد:30/5و431، ونسائی:81/4و3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو زیادہ قرآن یاد ہو اس کو (قبر میں) آگے رکھو۔''

پاکدامن عورت پر تہمت لگانا اور سو سال کی عبادت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قذف المحسنة یحبط عمل مائة سنة))

(مجمع:79/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پاکدامن عورت پر تہمت لگانا سو برس کے عمل تباہ کر دیتا ہے۔''

تلاوت قرآن سے بلغم ختم ہو جاتی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قراءۃ القرآن مقطعة للبلغم))

(مسند فردوس:65/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن پڑھنے سے بلغم دفع ہو جاتا ہے۔''

ضرورت مند کو قرض دینا صدقہ سے افضل ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرض الشی خیر من صدقته))

(الجامع:72/2، وکنز:15376)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی چیز کو قرضہ میں دینا اس کو صدقہ میں دینے سے بہتر ہے۔'' (کیونکہ قرض مانگنے والا ضرورت مند ہے، اس لیے اگر ہو سکے تو اس کی ضرورت پوری کر دی جائے)''

قریش قیامت تک لوگوں کے حاکم ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قریش ولاة الناس فی الخیر والشر الی یوم القیامة))
(مسند امام احمد)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریش خیر اور شر میں قیامت تک لوگوں کے حاکم ہیں۔"

کم امیدیں لگانا اور موت کو یاد رکھنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قصروا من آمال کم، وجعلوا آجالکم بین اعینکم))
(الاتحاف:239/10، ومغنی:438/4، والارواء183/4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی امیدوں کو کوتاہ کرو اور اپنی اجل کو آنکھوں کے سامنے رکھو۔"

مونچھیں کتروانے کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قصوا شواربکم، فان بنی اسرائیل لم تفعل فزنت نساؤهم))(مسند فردوس:255/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی مونچھوں کے شورب کترو، کیونکہ بنی اسرائیل نے یہ کام نہ کیا تو ان کی عورتوں نے زنا اختیار کیا۔"

مدعا علیہ اور مدعی کے احکام

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قضی ان الیمین علی المدعی علیه))
(بخاری فی: الرہن:(6)، ومسلم فی: الاقضیة:(201)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مدعا علیہ کو قسم کا حکم ہے (اور مدعی کو گواہ لانے کا)"

بچوں پر رحم کے سبب اللہ تعالیٰ رحم فرماتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قد رحمها الله برحمتها ابنیها))(الجامع 71/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے اس پر اس لئے رحم کیا کہ اس نے اپنے دو بچوں پر رحم کیا ہے۔"

مہمان کی خدمت کرنا اللہ کو پسند ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قدعجب الله من ضیعفکما بضیفکما اللیلة))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے اس خدمت کو جو آج رات تم نے اپنے مہمان سے کی، پسند فرمایا ہے۔"

حضرت عمر امت مسلمہ کے محدث ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قد کان فی الامم محدثون، فان یکن فی امتی عمر))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگلے لوگوں میں محدث ہوا کرتے تھے، اگر میری امت میں کوئی ہے تو وہ عمر ہے۔"

جو اللہ نے اور پھر محمد نے چاہا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد کنت اکرھھا لکم، فقولوا: ماشاء اللہ، ثم شاء محمد))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں یہ تمہارے لئے مکروہ جانتا تھا (کہ تم کہو کہ جو اللہ اور محمد نے چاہا، بلکہ) کہو جو چاہا اللہ نے پھر (اس کی اتباع میں) چاہا محمد نے۔''

قریش کو آگے کرنے اور ان سے سیکھنے کا حکم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قدموا قریشاً ولا تقدموھا، وتعلموا منھا ولا تعالموھا))

(الاتحاف: 231/2، وکنز: 13791, 33789, 3790)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قریش کو آگے کرو ان کے آگے مت ہو، تم ان سے سیکھو خود ان کے عالم مت بنو۔''

آفت گناہ کے سبب علم کا بھولنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد ینسی المرء بعض العلم بالمعصیۃ))

(زہد ابن المبارک)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کبھی آفت گناہ کی وجہ سے انسان کو بعض علم بھلا دیا جاتا ہے۔''

رات کے آخری حصے میں تلاوتِ قرآن مجید

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قراءۃ آخر اللیل محضورۃ، وذلک افضل))

(دیلمی: 66/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اخیر رات میں قرآن پڑھنا افضل ہے، اس میں فرشتے موجود ہوتے ہیں۔''

سرکہ کی فضیلت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قربیہ فما اقفر بیت من ادم فیہ خل))

(سنن ترمذی، وکنز: 1012)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس (سرکہ) کو میرے قریب کر۔ جس گھر میں سرکہ ہے وہ سالن سے خالی نہیں ہے۔''

مونچھیں کتروانا دینی حکم ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قص الشارب من الدین)) (مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مونچھیں کتروانا دین سے ہے۔''

شکم میں بچے کو مارنے کی دیت غلام کو آزاد کرنا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قضی اللہ بالجنین بغرۃ عبد او امۃ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شکم میں جب بچہ مار دیا جائے تو اس کے عوض غلام یا کنیز دینا پڑے گی۔''

جانور کی آنکھ پھوڑ دینے کی دیت جانور کی قیمت کا آٹھواں حصہ ہے

((قضی رسول الله صلی الله علیه وسلمفی عین الدابة بربع تمنها))

(مجمع:298/6)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ فرمایا کہ جانور کی آنکھ ہلاک کرنے میں جانور کی قیمت کا آٹھواں حصہ لازم آتا ہے۔''

دیت چاندی میں بارہ ہزار درہم ہے

((قضی رسول الله صلی الله علیه وسلم بالدية من الورق اثنی عشر الفا))

(نسائی:44/8)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت میں چاندی کے بارہ ہزار درہم کا حکم فرمایا ہے۔''

شفعہ فقط ہمسایہ کرسکتا ہے

((قضی رسول الله صلی الله علیه وسلم بالشفعة للجار))(نسائی:321/7)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شفعہ کا حکم ہمسایہ کیلئے فرمایا۔''

ہر انگلی کی دیت دس اونٹ ہیں

((قضی رسول الله صلی الله علیه وسلمفی الاصابع عشراً عشراً من الابل))

(ابوداود فی:الدیات:(18)والترمذی فی:الدیات:(4)،والدارمی فی:المقدمۃ:(22)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیوں کی دیت میں دس دس اونٹ کا حکم ہے۔''

مدعی کے پاس ایک گواہ ہوتو وہ قسم بھی کھائے

((قضی رسول الله صلی الله علیه وسلم باليمين مع الشاهد الواحد))

(مسلم فی:الاقضیۃ:(3)،وابوداود فی:الاقضیۃ:(23)فی الترجمۃ،وابن ماجۃ فی:الاحکام:(31)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مدعی کو) ایک گواہ کے ساتھ قسم (بھی) کھانے کا حکم ہے۔''

دو گناہِ کبیرہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قطيعة الرحم، وعقوق الوالدين من الكبائر))

(مسند فردوس)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صلہ رحمی قطع کرنا اور والدین کی تابعداری نہ کرنا گناہ کبیرہ ہیں۔''

نسب الٰہی سورۃ الاخلاص

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قل هو الله احد، نسبة الله عزوجل))

(کنز:(2671)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قل ھو اللہ احد اللہ کا نسب ہے۔''

بیع کرنے والا کہہ دے کہ دھوکا نہیں چلے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قل :لا خلابة))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو کہہ دے کہ فریب اور دھوکہ نہیں ہے۔''

سورۃ الکافرون چوتھائی قرآن کے برابر ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قل یایها الکافرون، تعدل ربع القرآن))

(ترمذی:(2894)،واحمد:47/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قل یاایہا الکافرون چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔''

ہدایت کی دُعا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قل :اللهم الهمني رشدی ، واعذنی من شر نفسی))

(کنز:(3713)،وترمذی:(483

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو کہدے: یااللہ! مجھے ہدایت سکھا اور مجھے شر نفس سے بچا۔''

اللہ تعالیٰ شیریں ہے اور شیریں کو پسند فرماتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قلب المومن حلو یحب الحلاوة))

(الجامع:3/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کا دل شیریں ہے اور شیریں کو پسند کرتا ہے۔''

بوڑھے کی دو خواہشات

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قلب الشیخ شاب علی حب اثنتین:طول الحیاة، وکثرة المال))(الحاکم:328/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بوڑھے کا دل دو چیزوں کیلئے جوان ہے۔ایک طویل زندگی دوسری کثرت مال۔''

دل، ہاتھ اور زبان پر کنٹرول

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قلوب لاهیة، واید عاملة، والسنة لاغیة))

(کنز:(40651)وبیہقی:216/10

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (عام طور پر لوگوں کے) دل فضول میں مشغول ہیں، ہاتھ کام کرنے والے ہیں اور زبانیں لغو باتیں کرنے والی ہیں۔''

تھوڑی سی ریاکاری بھی شرک ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قلیل الریاء شرك))(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تھوری سی ریاکاری بھی شرک ہے۔''

بیوی کو آیاتِ قرآنیہ سکھانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قم فعلمها عشرين آية، وهي امرأتك))

(ابوداود: فی النکاح: (31)، وبیہقی: 242/7)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اٹھ اس کو بیس آیات سکھا! یہ تیری زوجہ ہے۔"

اذانِ بلال سے حضور کو راحت حاصل ہوتی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قم يا بلال فارحنا بالصلاة))

(ابوداود: فی: الادب: (78)، واحمد: 364/5، 371)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بلال! اٹھ! ہم کو نماز کے ساتھ آرام و راحت دے (اذان دے)"

حضور کے منبر کے پائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قوائم منبري رواتب في الجنة))

(بیہقی: 247/5، 248، والحاکم: 532/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے منبر کے پائے جنت میں پیوست ہوں گے۔"

عمرہ کا ثواب دوسرے کو بخشا جا سکتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى بالعمرة لمن وهبت له))

(مسلم فی: الھبۃ: (32)، وابوداود فی: البیوع: (85) والنسائی فی: العمریٰ: (4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو ہبہ کیا گیا ہے عمرہ اس کے لئے ہے۔"

دو لڑنے والوں کے درمیان حاکم فیصلہ کرے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى في الخصمين يقعدان بين يدي الحاكم))

(ابوداود: فی: الاقضیۃ (6,8)، واحمد: 4/4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ دو مقابل جو حاکم کے سامنے بیٹھیں ان میں فیصلہ کیا جائے گا۔"

جہاد میں مجاہد مقتول کافر کے سامان کا حق دار ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى بالسلب للقاتل))

(ابوداود: رقم: (2721)، واحمد: 28/6، وسعید بن منصور: (2698)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (جہاد میں مجاہد) قاتل کے حق میں مقتول کے سامان لینے کا حکم ہے۔"

دانت توڑنے کی دیت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قضى في السن خمساً من الابل))

(نسائی فی: القسامۃ: (47,44)، وابوداود فی: الدیات: (18)، وابن ماجۃ فی: الدیات: (17)، والدارمی فی: الدیات:

(17)، ومالک فی: العقول: (1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دانت کے توڑنے میں پانچ اونٹ کی دیت ہے۔''

دادی کا میراث میں چھٹا حصہ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: قضی للجدۃ بالسدس))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دادی کیلئے میراث کا چھٹا حصہ ہے۔''

سب مال یکدم دے دینا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: قفلۃ کغزوۃ))

(ابوداود: (2487)، وبیہقی: 28/9، ومجمع: 134/1، والجامع: 2/12

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب مال یکدم دے دینا جہاد کرنے کی طرح ہے۔''

اخیر زمانہ میں حلال روپیہ اور بھروسے والا بھائی کم ملے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: قلما یوجد آخر الزمان درھم حلال، اواخ یوثق بہ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اخیر زمانہ میں حلال روپیہ اور بھروسے والا بھائی کم ملے گا۔''

سورۃ الاخلاص ثواب میں قرآن کے ثلث کے برابر ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: قل ھو اللہ احد، تعدل ثلث القرآن))

(مسلم فی: صلاۃ المسافرین: (259) وترمذی: (2899،2894)، والنسائی: 2/1، وابن ماجہ: (3787،3788

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قل ھو اللہ احد (ثواب میں) ثلث قرآن کے برابر ہے۔''

حق بات کہنے کی تاکید

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: قل الحق وان کان مراً))

(ابن حبان: (94)، والاتحاف: 11/6

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حق کہا کر اگرچہ تلخ ہو۔''

انسانی دل ایک دن میں سات مرتبہ پلٹتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: قلب ابن آدم مثل العصفور، یتقلب فی الیوم سبع مرات))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کا دل مثل چڑیا کے ہے۔ ایک روز میں سات دفعہ پلٹتا ہے۔''

مخلوق کے دل قبضہ الٰہی میں ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: قلوب الخلائق بین اصبعین من اصابع اللہ))

(الدر: 8/2 و 9، وابن ابی عاصم: 99/1، وابن عساکر: 86/6

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام لوگوں کے دل اللہ کی دو انگلیوں کے درمیان ہیں۔''

قلتِ عیال

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: قلة العيال احد اليسارين))

(الاتحاف: 165/8 و 291/5، وکنز: (44506)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کم عیال دو آسانیوں میں سے ایک آسانی ہے۔"

کثرتِ عمل اور تھوڑا علم

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: قليل العمل ينفع مع العلم، وكثيره لا ينفع الجهل))(كنز :(28800)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تھوڑا عمل علم کے ساتھ نفع وہ ہے کثیر عمل سے جو جہل کے ہمراہ ہو۔"

جس چیز کا شکر ادا کیا جائے وہ بہتر ہے اگرچہ تھوڑی ہو

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: قليل تودى شكره، خير من كثير لا تطيقه))

(الاتحاف: 225/8، والدر: 261/3، والبغوی: 124/3، وابن عساکر: 20/4)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ تھوڑا سا جس کا تو شکر ادا کرے اس کثیر سے بہتر ہے جس کا شکر ادا نہ کرے۔"

نماز میں ہر بیماری میں شفاء ہے

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: قم فصل ، فان في الصلاة شفاء))

(بیہقی: 3515 وطبرانی: 2398، وعبدالرزاق: (2029)، ومجمع: 1591، والجامع: 73/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اٹھ نماز پڑھ کیونکہ نماز شفا ہے۔"

منہ کے بل سونا جہنمیوں کا سونا ہے

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: قم ، فانها نومة جهنمية، يعني: النوم على الوجه))

(طبرانی: 279/8، وکنز: (41379)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اٹھ (یہ منہ کے بل) سونا جہنمیوں کا سونا ہے۔"

حضرت علی کی کنیت

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: قم يا ابا تراب ،قاله لعلى))

(بخاری: 120/1 و 78/8، ومسلم فی: فضائل الصحابۃ: (38)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت علی کو فرمایا: اے ابوتراب! تو اٹھ۔!"

نظام حکومت شریروں کے ہاتھ میں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: قوام امتى بشرارها))

(کنز: (895)، والصغیر: 35/1، واحمد: 227/5، والجامع: 73/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کا انتظام شریروں کے ہاتھ ہوگا۔''

جس کی عقل نہیں اس کا کوئی دین نہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: قوام المرء عقله، ولا دین لمن لا عقل له))

(الجامع: 73/2، وابن عدی: 27/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کا انتظام اس کی عقل سے ہے۔ جس کی عقل نہیں اس کا کوئی دین نہیں۔''

مومن کی قوت دل میں ہوتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: قوة المؤمن فی قلبه، ولیست فی یده))

(مسند فردوس: 74/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی قوت اس کے دل میں ہوتی ہے ہاتھ میں نہیں ہوتی۔''

مشرکوں کو ویسا ہی جواب دو جیسا وہ تم کو کہتے ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: قولوا لهم کما یقولون لکم، یعنی: المشرکین))

(احمد: 263/4، ومجمع: 24/8

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان (مشرکین) کو اس طرح سے بات کہو جس طرح وہ تم کو کہتے ہیں۔''

مسجد میں گم شدہ چیز کا اعلان کرنے والے کو کیا کہا جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: قولوا: لارد الله علیك ضالتك، قاله لمن نشد فی المسجد))

(طبرانی: 181/17، وکنز: (20844)، والاتحاف: 3/5

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مسجد میں اعلان کرتا تھا اس سے فرمایا: اس کو کہو: اللہ تیری گم شدہ چیز تجھے واپس نہ دے۔''

یا حی یا قیوم برحمتک استغیث پڑھنے کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: قولی: یاحی یا قیوم برحمتك استغیث))

(مجمع: 80/10

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یا حی یا قیوم برحمتك استغیث کہا کرو۔''

سردار کے لیے کھڑا ہونا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: قوموا الی سیدکم))

(ابوداود: رقم: (5216,5215)، و بخاری: 81/4، و44/5، و72/6، و134، و مسلم فی: الجهاد: 4

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے سردار کے اعزاز میں کھڑے ہو جاؤ۔''

اہل کتاب کے سلام کا جواب کس طرح دیا جائے

ل رسول الله صلی الله علیه وسلم: قولوا: وعلیکم، یعنی: لا هل الکتاب))

(ابوداود: رقم: (5207)، ومسلم فی: السلام: (7)، واحمد: 3/202و212و273)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل کتاب (یہود ونصاری) کو (سلام کے) جواب میں وعلیکم کہہ دو۔''

نماز تہجد ہر گناہ کو دور کر دیتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: قیام العبد فی جوف اللیل یکفر کل خطیئة))

(مجمع: 7/90، والدر: 2/221و5/175، والزاد: 6/337)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی تہجد کی نماز ہر ایک قسم کے گناہ کو دور کرتی ہے۔''

جانور کو باندھ پھر توکل کر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: قید و توکل))(الجامع: 2/73)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے (جانور) باندھ پھر توکل کر۔''

اچھی بات کہنا اور شر سے خاموشی اختیار کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: قولوا خیراً تغنموا، واسکتوا عن شر تسلموا))

(الحاکم: 4/287)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اچھی بات کہو فائدہ کو پہنچو گے۔ شر میں خاموش رہو سلامت رہو گے۔''

اللہ تعالیٰ سے شرم وحیاء اور امن کی دعا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: قولوا: اللهم استر عوراتنا، وامن روعاتنا))

(ابن ماجۃ فی: الدعا: (14)، وابوداود فی: الادب: (101)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کہا کرو: اے اللہ! تو میرا شرم پوشیدہ کرنا اور میرے خوف کو امن میں تبدیل کر دینا۔''

شب قدر کی دعا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: قولی: اللهم انی اسالك العفو والعافیة))

(کنز: (4957) والاتحاف: 4/351و5/75، وابن ماجۃ: (3871)، ومسلم: (2083)، واحمد: 2/25)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (شب قدر میں) یہ کہنا: اے اللہ! میں تجھ سے عفو اور عافیت چاہتی ہوں۔''

اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا ہے اور معافی کو پسند فرماتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: قولی: اللهم انك عفو تحب العفو، فاعف عنی))

(ترمذی فی: الدعوات: (85)، وابن ماجۃ فی: الدعاء: (5)، واحمد: 1/419,438)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (شب قدر میں) تو کہہ دے اے اللہ! تو معاف کرنے والا ہے، عفو کو پسند کرتا ہے، پس مجھے معاف کر دے۔''

سبحان اللہ عدد ما خلق من شیء

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: قولي: سبحان الله عدد ما خلق من شيء))

(کنز: (3717,2054)، والحاکم: 547/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو پڑھ سبحان اللہ عدد ما خلق من شیء۔''

بلا وجہ مسجد میں سونے کی ممانعت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: قوموا لا ترقدوا في المسجد))

(کنز: (23126,20801)، وعبدالرزاق: (1655

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھڑے ہو جاؤ! مسجد میں مت سویا کرو۔''

حافظ قرآن تہجد ضرور پڑھے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: قيام الليل فريضة على حامل القرآن، ولو ركعتين))

(مسند فردوس: 299/3، وکنز: (21836

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حافظ قرآن پر تہجد کی نماز لازم ہے، اگرچہ دو رکعت ہی پڑھے۔''

علم کو تحریر کے ذریعے محفوظ کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: قيدوا العلم بالكتابة))

(الجامع: 73/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تحریر کے ساتھ اپنے علم کو محفوظ کرلو۔''

دوپہر کو سونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: قيلوا، فان الشياطين لا تقيل))

(الجامع: 2/73-24)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دوپہر کو سولیا کرو، کیونکہ شیاطین ایسا نہیں کرتے۔''

فساد کے وقت سنت رسول پر عمل کرنے کا اجر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القائم بسنتي عند فساد امتي له اجر شهيد))

(کنز: (884)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں فساد کے وقت میری سنت پر قائم رہنے والے کیلئے شہید کا ثواب ہے۔''

قاتل مقتول کا وارث نہیں بن سکتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القاتل لا يرث))(مستدرك حاكم

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قاتل وارث نہیں ہوگا۔

قبر آخرت کی منازل میں سے ایک منزل ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القبر منزل من منازل الآخرة))
(ترغیب: 361/4، واحمد: 63/1، والحاکم: 330/4 و 331)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قبر آخرت کی منزلوں میں سے ایک منزل ہے۔"

بوسہ لینا چھونے کے قائمقام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القبلة من اللمس ، وما دون الجماع لمس))
(معجم طبرانی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بوسہ لینا بھی چھونا ہے اور جماع سے کم فعل بھی چھونا ہے۔"

شہید کا ہر گناہ معاف ہو جاتا ہے سوائے قرض کے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القتل في سبيل الله يكفر كل شى الا الدين))
(مسلم فی: الامارۃ: (120)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں قتل ہونا قرض کے سوا ہر چیز کو ہٹا دیتا ہے۔"

تقدیر سر الٰہی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القدر سر الله الاعظم، فلا تتكلفوا علمه))
(الاتحاف: 302/9 و 433، وکنز: (485)، وتذکرۃ: (12)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تقدیر اللہ کا عظیم راز ہے۔ اس کے علم کی تکلیف مت کرو۔"

قرآن دوا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القرآن هو الدواء))
(کنز: (2310)، وکشف: 142/2، والجامع: 74/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن دوا بھی ہے۔"

محل حلال میں بوسہ لینا نیکی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القبلة حسنة، والحسنة عشرة))
(حلیہ: 255/7، وکنز: (45351) وابن عدی: 300/1، والجامع: 74/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (محلِ حلال میں) بوسہ لینا نیکی ہے اور نیکی دس گناہ ہوتی ہے۔"

سردی حرج ہے اور گرمی تکلیف

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اقر بوس ، والحر اذى))
(کشف: 903/2، وتمییز: (113)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سردی حرج ہے اور گرمی تکلیف ہے۔''

قاری جنت کے چوہدری ہوں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: القراء عرفاء اهل الجنة))(الجامع: 74/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قاری لوگ جنت کے چوہدری ہوں گے۔''

قرآن دعا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: القرآن هو الدعاء))(کنز العمال: 281/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن دعا ہے۔''

قرآن سب کا سب درست ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: القرآن کله صواب))

(بخاری فی التاریخ: 382/1، واحمد: 30/4، وکنز: 2465)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن سب کا سب صحیح اور درست ہے۔''

ایک قرن چالیس برس کا ہوتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: القران اربعون سنة))(تفسیر ابن جریر طبرانی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک قرن چالیس برس کا ہوتا ہے۔''

کھانے والے جس برکت کو صحیح طرح چاٹ لیا جائے وہ بخشش مانگتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: القصعة تستغفر لمن یلحسها))

(نسائی فی: الاطعمۃ: (10)، وترمذی فی: الاطعمۃ: (11)، والدارمی فی: الاطعمۃ: (7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص پیالے کو چاٹ لے وہ اس کے لئے بخشش طلب کرتا ہے۔''

چور کا ہاتھ کاٹنا ربع دینار یا اس سے زائد میں جائز ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم القطع فی ربع دینار فصاعدا))

(بخاری فی: الحدود: باب قولہ تعالیٰ، والسارق والسارقۃ، ومسلم فی: الحدود: (4,1) وابوداود فی: الحدود: (34,33)، وترمذی فی: الحدود: (916، ونسائی فی: قطع السارق: (9)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قطع الید ربع دینار یا اس سے زائد میں ہوتا ہے۔''

قناعت فنا نہ ہونے والا خزانہ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: القناعة کنز لا یفنی))

(ترغیب: 590/1، والدر: 361/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قناعت ایسا خزانہ ہے جو فنا نہیں ہوتا۔"

قنطار دو ہزار اوقیہ کا ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القنطار الفا اوقية))(حاكم:178/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قنطار دو ہزار اوقیہ کا ہوتا ہے (اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے)"

قنطار ایک ہزار دو سو اشرفی کا ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القنطار الف ومائتا دينار))(كنز:2894)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قنطار ایک ہزار دو سو اشرفی کا ہوتا ہے۔"

دعائے قنوت وتر میں واجب ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القنوت واجب في الوتر))(مسند فردوس:287/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دعائے قنوت وتر میں پڑھنا واجب ہے۔"

قصاص بس لوہے سے لازم ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القود بالسيف، والخطا على العاقلة))
(مجمع:291/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قصاص تلوار سے ہوتا ہے قتل خطا کی دیت رشتہ داروں پر ہے۔"

قرآن غنا ہی غنا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القرآن غنى لا فقر بعده، ولا غنى دونه))
(كنز:(2307)،والاتحاف:132/9)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن ایسا غنا ہے اس کے بعد فقیری نہیں اور اس کے سوا غنا نہیں ہے۔"

قرض دینا جہاد کے برابر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القرض يعدل الجهاد في سبيل الله))
(كنز:(44143)،وتاريخ اصفهان:102/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرض دینا جہاد فی سبیل اللہ کے برابر ہے۔"

فیصلہ گواہ اور قسم کی وجہ سے ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القضاء شاهد ويمين))(صحيح مسلم)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فیصلہ بوجہ گواہ اور قسم کے ہوتا ہے۔"

منہ بھر کے قے کرنا بے وضو کر دیتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القلس حدث))(الجامع:74/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منہ بھر کے قے کرنا بے وضو کر دیتا ہے۔''

صبح کی نماز میں قنوت پڑھنا بدعت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القنوت في الصبح بدعة))

(مسانید: 695/2، ومجمع: 296/10، والجامع: 74/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبح کی نماز میں قنوت پڑھنا بدعت ہے (فجر میں قنوت نازلہ پڑھی جا سکتی ہے)۔''

قہقہہ شیطان کی طرف سے اور تبسم اللہ کی طرف سے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: القهقهه من الشيطان، والتبسم من الله))

(طبرانی: 284/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قہقہہ شیطان کی طرف سے ہے اور تبسم اللہ کی طرف سے۔''

کعبہ کو اُکھیڑنے والا حبشی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كاني انظر الى اسود افحج يقلعها حجراً حجراً))

(بخاری فی الحج: (49))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گویا میں ایک حبشی لمبی ایڑی والے کو دیکھ رہا ہوں کہ کعبہ کو ایک ایک پتھر کر کے اکھیڑ رہا ہے۔''

برائی کی بات لکھنے والا برائی کرنے والی کی طرح ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كاتب السوء كالعامل به))(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: برائی لکھنے والا برائی کرنے والے کی طرح ہے۔''

حسد اور تقدیر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كاد الحسد ان يغلب القدر))

(الاتحاف: 52/8، وابن ابی شیبۃ: 94/9)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب ہے کہ حسد تقدیر پر غالب آجائے۔''

ضرورت کبھی کفر تک پہنچا دیتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كادة الحاجة ان تكون كفراً))(مجمع 78/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ضرورت کبھی کفر تک پہنچا دیتی ہے۔''

سب سے پہلے حضرت ابراہیم نے خوب مہمان نوازی کی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان اول من اضاف الضيف ابراهيم))

(کنز: (32274)، والجامع: 75/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے ابراہیم علیہ السلام نے مہمانی کی ہے۔''

ملکہ بلقیس کے والدین میں سے کوئی جن تھا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان احدى ابوى بلقيس جنيا))

(قرطبی:211/13)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلقیس کے والدین میں سے ایک جن تھا۔"

گانے اور نوحے کی ابتداء شیطان نے کی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان ابليس اول من ناح، واول من تغنى))

(الاتحاف:518/6)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلا نوحہ کرنیوالا اور پہلا گانے والا ابلیس تھا۔"

حضرت زکریا بڑھئی کا کام کیا کرتے تھے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان زكريا تجاراً))

(احمد:296/2و405،ومسلم فی الفضائل:(169)،وابن ماجۃ:(2150)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت زکریا علیہ السلام بڑھئی کا کام کرتے تھے۔"

حضرت آدم کا قد اور سینہ کی چوڑائی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان طول آدم ستين ذراعاً في سبعة اذرع))

(مشکوۃ:(5763)،والبدایۃ:(881)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدم کا قد ساٹھ ہاتھ اور عرض (جس کی چوڑائی) سات ہاتھ تھا۔"

خطوط لکھنے والے نبی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان نبي من الانبياء يخط، فمن وافق خطه فذاك))

(مسلم فی: المساجد: (33)،والسلام: (121)، وابوداود فی: الصلاۃ (167) والطب (23)، والنسائی فی: السہو (20)،
ا394/2و447/5)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک نبی لکھا کرتے تھے، جس کا خط ان کے موافق ہو گیا تو اس نے ان کی پیروی کی۔"

اہل بیت سے خون سے ہاتھ رنگنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كاني انظر الى كلب ابقى يلغ في دم اهل بيتي))

(مسند فردوس:330/3،وکنز (34322, 37714)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گویا میں ڈبے کتے کو دیکھ رہا ہوں جو میرے اہل بیت کے خون میں منہ مار رہا ہے۔"

فقیری کبھی کفر تک پہنچا دیتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كاد الفقران يكون كفراً))

(کنز(16682)،والاتحاف 52/8،142،150)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب ہے کہ فقیری کفر تک پہنچادے۔''

قریب ہے کہ چغل خوری جادو کی قسم بن جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كادة النميمة ان تكون سحراً))

(الجامع:74/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب ہے کہ چغل خوری جادو کی قسم بن جائے۔''

حضرت ابراہیم سب سے زیادہ غیرت مند تھے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان ابراهيم من اغير الناس))

(کنز:(15502))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام لوگوں میں سب سے زیادہ غیرت مند تھے۔''

اللہ تھا اور کوئی نہیں تھا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان الله ولا شي غيره))

(حاکم:341/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تھا اور اس کے سوا کوئی چیز نہ تھی۔''

حضرت ایوب بڑے حلیم تھے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان ايوب احلم الناس، واكظمهم للغيظ))

(کنز(32316)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایوب لوگوں میں سب سے بڑے حلیم اور سب سے زیادہ غصہ کو فرد کرنے والے تھے۔''

حضرت داؤد اپنے ہاتھ کی مزدوری سے کھاتے تھے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان داؤد لا ياكل الا من عمل يده))

(بخاری فی البیوع:(15) والانبیاء:(37

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت داود اپنے ہاتھ کی مزدوری کے سوا نہیں کھاتے تھے۔''

حضرت آدم کی عقل اپنی تمام اولاد جتنی تھی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان عقل آدم مثل عقل جميع ولده))

(نوادر الاصول)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدم علیہ السلام کی عقل اتنی تھی جتنی ان کی تمام اولاد کی عقل ہے۔''

حضرت موسیٰ ہمیشہ کپڑا باندھ کر نہایا کرتے تھے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان موسىٰ لا يغتسل الا مسترا من حيائه))

(مسند ابی داود الطیالسی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موسیٰ علیہ السلام بوجہ حیاء کے پردہ کے بغیر نہایا نہیں کرتے تھے۔"

حضرت جبرائیل حضرت دحیہ کلبی کی صورت میں آیا کرتے تھے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كان ياتيني جبريل على سورة دحية الكلبي))

(مجمع: 378/9)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دحیہ کلبی کی صورت میں میرے پاس جبریل آیا کرتا تھا۔"

حضرت ابرہیم کے صحیفے امثال پر مشتمل تھے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كانت صحف ابراهيم امثالاً))

(کنز (44158)، والاتحاف 309/5، والتمهيد 199/9، وابن عساکر 357/6، وابن کثیر 224/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابراہیم علیہ السلام کے صحیفے امثال پر مشتمل تھے۔"

حضرت داود اکثر نماز چاشت پڑھا کرتے تھے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كانت صلاة الضحى اكثر صلاة داود))

(کنز: (21520)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چاشت کی نماز حضرت داود علیہ السلام کی اکثر نماز تھی۔"

فرشتوں نے حضرت آدم کے جنازے پر چار تکبرات پڑھیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كبرت الملائكة على آدم اربع تكبيرات))

(کنز (42292)، ودر 92/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فرشتوں نے آدم (کے جنازہ) پر چار تکبیریں پڑھیں۔"

حضور پر قربانی فرض تھی اور امت پر واجب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كتب علي النحر، ولم يكتب عليكم))

(بیہقی: 89/7 و264/9، وطبرانی 301/11، ودارقطنی: 282/4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے اوپر قربانی فرض ہے اور تمہارے اوپر فرض نہیں ہے (بلکہ واجب ہے)۔"

بہت حج وعمرہ کرنے سے افلاس دور ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كثرة الحج والعمرة تمنع العيلة))

(الجامع: 75/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہت حج اور عمرہ کرنا افلاس کو دور کرتا ہے۔''

حضور کا حضرت امام حسین کے منہ سے زکوۃ کی کھجور نکالنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كخ كخ ارم بها انا لا ناكل الصدقة))

(بخاری فی: الزکوۃ: (60) والجہاد (188)، ومسلم فی: الزکاۃ (161

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت امام حسین سے) فرمایا: کخ کخ اس (صدقہ کی کھجور) کو پھینک دے، کیونکہ ہم (نبی کے گھرانہ والے) زکوۃ نہیں کھاتے۔''

خط پر مہر لگانا اس کی شان ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كرامة الكتاب ختمه))(مجمع:75/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خط کی شان اس پر مہر لگانا ہے۔''

کنیز کی زنا کی کمائی حرام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كسب الاماء حرام))

(الجامع: 75/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کنیز کی کمائی حرام ہے (مراد زنا کی کمائی ہے)''

میت کی ہڈی توڑنا زندہ کی ہڈی توڑنے کی طرح ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كسر عظم الميت ككسر عظم الحى فى الاثم))

(الجامع: 75/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میت کی ہڈی توڑنا مثل زندہ کی ہڈی توڑنے کے ہے، گناہ میں (اور مردہ کو تکلیف دینے میں)۔''

کفارہ نذر کفارہ قسم کی طرح ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كفارة النذر كفارة اليمين))

(ابوداود (3323)، ونسائی 26/7، واحمد 144/4 و 146 و 147

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کفارہ نذر کفارہ قسم کی طرح ہے۔''

غیبت کا کفارہ بخشش ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كفارة من اغتبت ان تستغفر له))

(الجامع: 76/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی تو نے غیبت کی اس کا کفارہ یہ ہے کہ تو اس کیلئے بخشش مانگے۔''

بڑھاپا نصیحت کے لیے کافی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كفى بالشيب واعظاً))(كشف 165/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بڑھاپا نصیحت کیلئے کافی ہے۔"

زیر پرورش کو ضائع کرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کفی بالمرء اثما ان یضیع من یقوت))

(ابوداود: (1692) وبیہقی: 467/7، 25/9 والجامع 75/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کو گناہ کیلئے کافی ہے کہ وہ اپنے پروردہ کو ضائع کرے۔"

ہر سنی سنائی بات آگے کر دینا جھوٹے کی علامت ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کفی بالمرء کذاباً ان یحدث بکل ماسمع))

(مسلم فی: المقدمة (5)، وابن ابی شیبة 408/8)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کو جھوٹ کیلئے یہ بات کافی ہے کہ ہر ایک کی سنی ہوئی بات کو بیان کرے۔"

موت نصیحت کے لیے کافی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کفی بالموت واعظاً، وکفی بالیقین غنی))

(الاتحاف: 83/9، 228/10، ودر: 240/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موت نصیحت کیلئے کافی ہے اور یقین غنا کیلئے کافی ہے۔"

انسان کے عیب کے لیے تین چیزیں کافی ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کفی بالرجل ان یکون فاحشاً بذیاً بخیلاً))

(الجامع: 76/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کو (عیب کیلئے) کافی ہے کہ وہ فحش کہنے والا، بکواسی اور بخیل ہو۔"

مشغولیت کے لیے عبادت کافی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کفی بالعبادة شغلاً))

(الاتحاف: 23/9، 229/10، والضعیفة: (502)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عبادت شغل کیلئے کافی ہے۔"

ہمیشہ جھگڑنا گنہگار رہونے کے لیے کافی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کفی بك اثما ان لا تزال مخاصماً))

(ترمذی: رقم: (1994)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے گناہ کیلئے یہ کافی ہے کہ تو ہمیشہ جھگڑتا رہے۔"

اپنے نسب سے بیزار ہونا کفر باللہ ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم. کفر بالله تبرؤ من نسب وان دق))

(کنز:(15302)،وخطیب 144/3،والفتح 72/12،والجامع 76/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے نسب سے بیزار ہونا کفر باللہ ہے، اگرچہ وہ نسب غلامی کا ہو۔''

ہر آنے والی چیز قریب ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل آت قريب))

(ابن ماجہ: فی: المقدمۃ (7)، وکشف 167/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر آنے والی چیز قریب ہے۔''

تمام رونے والیاں جھوٹ کہتی ہیں سوائے ام سعد کے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل البوا كي يكذبن الاام سعد))

(ابن ابی شیبۃ: 413/14، وکنز: (370,92-37,88

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام رونے والیاں جھوٹ کہتی ہیں، سوائے ام سعد کے۔''

رکوع وسجود کرتے ہوئے اللہ اکبر کہنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كبروا كلما ركعتم وسجدتم ورفعتم راؤسكم))

(الاتحاف: 326/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم رکوع سجود کرو اور اپنا سر اٹھاؤ تو اللہ اکبر کہا کرو۔''

زیادہ کھانا نحوست ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كثرة الا كل شوم))

(مسند فردوس: 348/3، ومشکوۃ: (238

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہت کھانا نحوست ہے۔''

زیادہ ہنسنے سے غربت آتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كثرة الضحك تميت القلب، وتورث الفقر))

(الاتحاف: 147/5 و 394/7، وکشف 157/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہت ہنسنا دل کو ماردیتا ہے اور افلاس پیدا کرتا ہے۔''

دنیا وآخرت کی شرافت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كرم الدنيا الغنى، وكرم الآخرة التقوى))

(کنز: (649

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا کی شرافت غنا ہے اور آخرت کی شرافت تقویٰ ہے۔

گناہ کا کفارہ پشیمانی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كفارة الذنب الندامة))

(طبرانی 172/12، والاتحاف 524/8، والجامع 76/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گناہ کا کفارہ پشیمانی ہے۔"

ہر قریب آنے والے کو خفا کرنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كفى بالمرء شرا ان يستخط ما قرب اليه))

(الجامع: 75/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کے شر کیلئے یہ کافی ہے کہ وہ ہر ایک قریب آنے والے کو خفا کرے۔"

انگلیوں سے اشارہ ہونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كفى بالمرء من الشران يشار اليه بالاصابع))

(الاتحاف: 233/8، وکنز: (43883,593)، والجامع: 86/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کے شر کیلئے یہ کافی ہے کہ اس کی طرف انگلیوں سے اشارہ ہوا کرے۔"

موت...... دنیا اور آخرت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كفى بالموت مزهدا في الدنيا، ورمغباً في الآخرة))

(الاتحاف: 13/9 و 230/10، وکنز: (42117)، والجامع: 76/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موت دنیا میں زاہد بنانے اور آخرت میں رغبت دینے کیلئے کافی ہے۔"

شہید کی آزمائش

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كفى ببارقة السيوف على رأسه فتنة))

(نسائی: 99/4، وکنز (10610, 11138, 11741)، والجامع 76/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شہید کیلئے سر پر چمکتی ہوئی تلوار ہی فتنہ کیلئے کافی ہے۔"

مملوکوں سے خوراک بند رکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كفى بك اثما ان تحبس عمن تملك قوة))

(مسلم فی الزکاۃ: (40)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے گناہ کیلئے یہ کافی ہے کہ تو اپنے مملوکوں سے ان کی خوارک کو بند رکھے۔"

کسی آدمی کے بخل کی دلیل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كفى به شحاً ان اذكر عنده ، فلم يصل على))

(ابن ابی شیبہ: 2/516-517)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کیلئے یہ بخل کافی ہے کہ میرا ذکر اس کے آگے کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے"

مویشیوں کی روک تھام کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کفوا مواشیکم))

(کنز (41677)، وابن خزیمۃ (560

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے مویشیوں کی روک تھام رکھو (تاکہ دوسروں کے کھیت وغیرہ خراب نہ کریں)۔"

آیات قرآنیہ جنت کے درجات ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل آیة فی القرآن درجة فی الجنة، ومصباح فی بیوتکم))(الجامع 76/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن کی ہر آیت جنت میں درجہ ہے اور تمہارے گھروں میں چراغ ہے۔"

اللہ سے خیر کل کی امید رکھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل الخیر ارجو من ربی))

(کنز: (34444,5771)، والجامع: 6/2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام خیر کی امید میں اللہ سے رکھتا ہوں۔"

عرب حضرت اسماعیل کی اولاد سے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل العرب من ولد اسماعیل))(الجامع 76/2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام عرب اسماعیل کی اولاد ہیں۔"

ایک مسلمان کی دوسرے مسلمان پر حرام چیزیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل المسلم علی المسلم حرام دمه، وماله، وعرضه))

(البر والصلة (2، ومسلم فی: 360،277/2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان پر خون، مال و آبرو تمام تر حرام ہے۔"

جس کام کے لیے آدمی پیدا کیا گیا ہے وہ اس کے لیے آسان ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل امری مهیاً لما خلق له))

(الحاکم: 62/2

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک انسان جس کام کیلئے پیدا کیا گیا وہ اس کے لیے آسان ہے۔"

جس کام کو بسم اللہ سے شروع نہ کیا جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل امر ذی بال لا یدافیه بسم اللہ فهو اقطع))

(کنز: (2481)، والدر: (10/1)، والارواء: 1/29-30، والجامع: 77/2،

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی صاحب شان کام جو بسم اللہ سے نہ شروع کیا جائے وہ بے برکت ہوتا ہے۔"

ضرورت سے زائد عمارت مالک کے لیے وبال ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل بناء وبال علی صاحبہ الا ماقل و کفی))

(الاتحاف: 362/9، وکنز: (20724)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک عمارت مالک پر وبال ہوگی مگر جو تھوڑی اور باکفایت ہو۔"

جو جسم حرام سے پیدا ہو وہ جہنمی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل جسد نبت من السحت، فالنار اولی بہ))

(الاتحاف: 226/5، و86 و10، والحلیۃ 31/1، والکشف 176/2، والجامع 77/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جسم حرام سے پیدا ہو اس کے لئے جہنم بہتر ہے۔"

وہ خطبہ جس میں تشہد نہ ہو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل خطبۃ لیس فیھا تشھد فھی کالید الجذماء))

(ابوداود: (4841)، وترمذی: (1106)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر خطبہ جس میں تشہد نہ ہو مثل جذامی ہاتھ کے ہے۔"

اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق خوبصورت ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل خلق اللہ تعالیٰ بحسنافی))

(طبرانی: 378/7، والدر 172/5، والجامع 77/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی تمام مخلوق خوبصورت ہے۔"

درندوں کو کھانا حرام ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل ذی ناب من السباع فاکلہ حرام))

(مسلم فی: الصید (15)، والنسائی: 200/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: درندوں میں سے ہر ایک دھاڑنے والے جانور کو کھانا حرام ہے۔"

جو شرط شریعت میں نہیں وہ باطل ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل شرط لیس فی کتاب اللہ فھو باطل، وان کان مائۃ شرط))

(الجامع: 77/2) (نسائی فی: الطلاق: (13)، وابن ماجۃ: (2521) واحمد: 213/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک شرط جو کتاب اللہ (شریعت) میں نہ ہو باطل ہے، اگرچہ وہ سو شرطیں ہوں۔"

ہر شے تقدیر میں ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل شيء بقدر حتى العجز والكيس))

(مسلم فی القدر:

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شے اندازہ تقدیر پر ہے، یہاں تک کہ عاجزی اور ہوشیاری بھی۔''

قتل خطا کی دیت ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل شيء سوى الهديدة خطاء ولكل خطا ارش))

(کنز: (40046,39844)، ودر: 42/8، ودار قطنی: 107/3، والجامع: 2/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوہے کے علاوہ کسی چیز سے قتل کرنا قتل خطا ہے اور ہر (قتل) خطا کیلئے دیت ہے۔''

جس چیز کو مومن برا جائے وہ مصیبت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل شيء ساء المؤمن، فهو مصيبة))

(در منثور: 157/1، والجامع: 7/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک شے جس کو مومن برا جانے وہ مصیبت ہے۔''

روزہ دار کے لیے بیوی سے جماع کرنا جائز ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل شيء من المرأة للصائم الا مابين الرجلين))(الجامع 78/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت (بیوی) کی ہر چیز روزہ دار (خاوند) کیلئے حلال ہے مگر جو دو پاؤں کے درمیان (شرمگاہ) ہے وہ نہیں۔''

جس نماز میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل صلاة لا يقرأ فيها بام القرآن فهي خداج))

(ابن ماجہ (841,840) والدار قطنی: 27/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نماز جس میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی جائے وہ ناقص ہے (سوا مقتدی کی نماز کے)''

بدنظری آنکھ کا زنا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل عين زانية))

(ترمذی: (2786

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک (بدنظری کرنے والی) آنکھ زنا کرتی ہے (سوائے بدنظری نہ کرنے والی کے)''

انسان کی سرین کی ہڈی بوسیدہ نہیں ہوتی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل ابن آدم يبلى الا عجب الذنب))

(بخاری فی: تفسیر سورۃ: (39-3,78-1)، ومسلم فی: الفتن 131و143)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سارا انسان بوسیدہ ہوجاتا ہے، مگر اس کی سرین کی ہڈی۔"

کھلے عام گناہ کرنے والے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل امتى معافى الا المجاهرين))

(بخاری: 24/8، ومسلم فی: الزہد: (52)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری تمام امت معاف کی گئی ہے مگر کھلے عام گناہ کرنے والے۔"

قیامت کے دن ہر آدمی اپنے صدقہ کے سایہ کے نیچے ہوگا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل امرىء فى ظل صدقته، حتى يقضى بين الناس))

(الحاکم 416/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (قیامت میں) ہر انسان اپنے صدقہ کے سایہ میں رہے گا یہاں تک کہ لوگوں میں فیصلہ کردیا جائے۔"

اللہ کی حمد وثناء کے بغیر کام شروع کرنا

(قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل امر ذى مال لا يبدأ فيه بالحمد لله، وهوا قطع))

(بیہقی: 209/3و3308، وابن ماجۃ: (1894)، وطبرانی: 72/19والجامع: 77/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شان والا کام جو بغیر الحمد للہ کے شروع کیا جائے وہ بے برکت ہوتا ہے۔"

عمدہ خطا کار

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل بنى آدم خطاء، وخير الخطائين التوابون))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خطا کار تو ہر انسان ہے مگر عمدہ خطا کار توبہ کرنے والے ہیں۔"

جس گھر میں مہمان داخل نہ ہوں وہاں فرشتے داخل نہیں ہوتے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل بيت لا يدخله الضيف لا تدخله الملائكة))

(مسند فردوس)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں مہمان داخل نہ ہو اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔"

قنوت سے مراد اطاعت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل حرف فى القرآن يذكر فيه القنوت، فهو الطاعة))

(الجامع: 77/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک حرف قرآن کا جس میں قنوت کا ذکر ہے اس سے مراد طاعت ہے۔"

دعا اس وقت تک قبول نہیں ہوتی جب تک اس میں درود شامل نہ ہو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کل دعاء محجوب حتی یصلی علی النبی))

(شفاء:152/2،ومجمع:160/10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر دعا محجوب رہتی ہے جس تک نبی پر درود نہ پڑھا جائے۔''

ہر حاکم سے اس کی رعیت کا حساب لیا جائے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کل راع مسؤل عن رعیته))

(طبرانی:338/12،والصغیر:240/1،والجامع:77/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر حاکم سے اس کی رعیت کی بابت حساب لیا جائے گا۔''

ہر نشے والی چیز حرام ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کل شراب اسکر فهو حرام))

(ابوداود:(3682)،وترمذی:(1863)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر پینے والی شے جو نشہ لائے حرام ہے۔''

دیگر مخلوقات انسان سے زیادہ اللہ کی مطیع ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کل شیء اطوع لله من ابن آدم))(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شے اللہ کی انسان سے زیادہ مطیع ہے۔''

شلوار جس قدر ٹخنوں سے نیچے ہوگی وہ آگ میں جلے گی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: هر شیء جاوز الکعبین من الازار فی النار))

(کنز:(41160)،ومجمع:124/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قدر شلوار دونوں ٹخنوں سے نیچے ہوگی وہ آگ میں جلے گی۔''

ہر چیز پانی سے پیدا کی گئی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کل شیء خلق من الماء))(الجامع78/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شے پانی سے پیدا کی گئی ہے۔''

تلاور کے سوا ہر شے سے قتل خطا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کل شیء خطا الا السیف، ولکل خطا ارش))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تلوار کے سوا ہر شے سے قتل خطا ہے اور ہر خطا سے دیت لازم ہوتی ہے۔''

شر بڑھتا ہی بڑھتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کل شی یغیض الا الشر، فانه یزاد فیه))

(مجمع 220/7)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شے کم ہوجاتی ہے مگر شر زیادہ ہوجاتا ہے۔"

ہر علم والا علم کے لیے بھوکا ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل صاحب علم عرثان الی علم))
(کنز (2895)، والتذکرۃ (22)، ومجمع 162/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر علم والا علم کیلئے بھوکا ہے۔"

ہر نماز سابقہ گناہوں کو دور کر دیتی ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل صلاۃ تحط مابین یدیھا من الخطایا))
(درمنثور: 353/3، وحلیہ: 190/5، وابن عدی: 802/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نماز اس کے سابقہ گناہوں کو دور کرتی ہے۔"

جس نماز میں تمام مومن ومومنات کے لیے دعا نہ مانگی جائے وہ ناقص ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل صلاۃ لا یدعی فیھا للمؤمنین المؤمنات، فھی خداج))(کنز {3381)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نماز جس میں تمام مسلمان مرد وعورتوں کیلئے دعا نہ مانگی جائے ناقص ہے۔"

روزے کے علاوہ انسان کا ہر عمل اس کے لیے ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل عمل ابن آدم لہ الا الصیام))
(بخاری: فی: الصوم: (2) ومسلم فی: الصیام: (164, 162,160)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کا ہر عمل اس کیلئے ہے مگر روزہ (اللہ کے لیے ہے)۔"

ایسا علم وبال ہے جس پر عمل نہ کیا جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل علم و بال علی صاحبہ الا من عمل بہ))
(درمنثور: 127/1 و 21/3، وکشف: 180/2، ومجمع: 164/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر علم صاحب علم کیلئے وبال ہے مگر جس پر عمل کرے وہ وبال نہیں۔"

نفع کھینچنے والا قرض سود ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل قرض جر منفعۃ، فھو ربا))(الجامع 78/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو قرض نفع کھینچ لائے وہ ربا ہے۔"

مذی کو دھونا لازم ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل فحل یمذی، فاذا کان ذلك فاغسلہ))

(احمد:342/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شخص کی مذی نکلا کرتی ہے۔ جب مذی نکلے تو دھولیا کرو۔''

مسلمان کی عمر جتنی بھی ہو بہتر ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کلما طال عمر المسلم کان خیر الہ))

(ابن ابی شیبہ:244/15، والاتحاف:224/10، والجامع:79/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کی جتنی بھی عمر دراز ہو اس کے لئے بہتر ہے۔''

اذان و جماعت والی مسجد میں اعتکاف کیا جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل مسجد یؤذن فیہ، ویقام، ففیہ اعتکاف))

(الجامع:78/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس مسجد میں اذان و اقامت ہوا کرے اس میں اعتکاف درست ہے۔''

ہر نشہ آور چیز حرام ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل مسکر حرام، وان کان الماء القراح))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک نشہ آور چیز حرام ہے، اگر چہ خالص پانی ہی کیوں نہ ہو۔''

ہر نیک کام صدقہ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل معروف صنعت الی غنی، او فقیر، فھو صدقة))

(الجامع:79/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نیک کام جو تو نے کسی غنی یا فقیر کیلئے کیا وہ صدقہ ہے۔''

ہر ایذا دینے والا جہنمی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل موذفی النار))(الجامع:78/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایذا دینے والا آگ میں ہوگا۔''

بندے کو سوائے عمارت کے ہر خرچ پر ثواب ملتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کل نفقة ینفقھا العبد یؤ جر فیھا الا البنیان))

(الجامع:79/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندے کو ہر خرچ پر ثواب ملتا ہے مگر (ضرورت سے زائد) عمارات بنانے میں نہیں۔''

کلمہ توحید کلمہ تقویٰ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: کلمة التقویٰ: لا الہ الا اللہ))(الاتحاف:11/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لا الہ الا اللہ تقویٰ کا کلمہ ہے۔''

جذامی سے دور رہ کر بات کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كلم المجذوم و بينك و بينه قيد و مح))
(کنز: (28329) وابن عدی: 703/2، والجامع: 80/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جذامی کے ساتھ نیزہ کی مسافت سے دور ہو کر بات کر۔"

تھوم کی بو سے فرشتے کو تکلیف ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل الثوم نيئا فلو لا انى انا جى الملك لا كلته))
(الجامع: 80/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو کچا تھوم کھا! اگر میں فرشتے سے سرگوشی نہ کرتا تو میں بھی کھاتا۔"

جانور کے دانت اور ناخن نہیں کھائے جا سکتے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل ما انهر الدم الا السن و الظفر))
(بخاری فی: الذباح: (15)، ومسلم فی: الاضاحی: (20)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس چیز سے خون بہے اسے کھالے مگر دانت اور ناخن۔"

سفرجل نہار منہ کھانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كلوا السفر جل على الريق))(الجامع 80/2)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہی کو نہار منہ کھایا کرو۔"

قربانی میں سے اپنے حصے کا گوشت محفوظ کر کے رکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كلوا لحوم الاضاحى، و اد خروا))
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قربانی کا گوشت کھاؤ اور ذخیرہ رکھو۔"

قرض دینا صدقہ کے قائمقام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل قرض صدقة))(طبرانى فى صغير: 143/1)
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک قرض دینا صدقہ ہے۔"

آدمی کا کھانا اور اہل خانہ پر خرچ کرنا صدقہ کے برابر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل ما صنعت الى اهلك، فهو صدقة عليهم))(الجامع: 78/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو نے جو کچھ اپنے اہل کیلئے خرچ کیا وہ ان پر صدقہ ہے۔"

ہر نشہ آور چیز شراب ہے اور شراب حرام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل مسكر خمر، و كل خمر حرام))

(ابن ماجہ: 3390)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نشہ آور چیز شراب ہے اور ہر شراب حرام ہے۔''

جس کا کثیر نشہ آور ہو اس کا قلیل بھی نشہ آور ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل مسكر حرام، وما اسكر كثيره، فقليله حرام))

(بخاری: 205/5، 96/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک مسکر (نشہ آور) شے حرام ہے۔ جس کا کثیر مسکر ہو اس کا قلیل بھی حرام ہے۔''

ہر نیکی صدقہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل معروف صدقة))

(بخاری: 13/8، ومسلم فی الزکاۃ: 52)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نیکی صدقہ ہے۔''

قیامت میں سب لوگ پیاسے ہوں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل من ورد القيامة عطشان))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص قیامت کو جائے گا وہ پیاسا ہوگا۔''

قیامت کے دن نبی کریم کا نسب اور سسرال قطع نہیں ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل نسب وصهر ينقطع يوم القيامة الانسبى وصهرى))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نسب اور سسرال قیامت میں قطع ہو جائے گا مگر میرا نسب اور سسرال قطع نہ ہوگا۔''

غیر اللہ کی قسم کھانا شرک ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل يمين يحلف بهادون الله تعالىٰ شرك))

(کنز: (46329)، والحاکم: 18/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو قسم اللہ کے غیر پر کھائی جائے شرک ہے۔''

ہر آدمی اپنی جگہ نگران ہے اور اس سے اس کے زیر نگران کے بارے میں پوچھا جائے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كلكم راع، وكل راع مسؤل عن رعيته))

(بخاری: 6/2 و 196/3، وابوداود فی الخراج: (1)، وترمذی: (1705)، واحمد: 5/3, 54, 111, 121)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سب حاکم ہو اور ہر حاکم سے اس کی رعیت کی بابت سوال کیا جائے گا۔''

لوگوں سے ان کی عقل کے مطابق بات کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كلموا الناس بما يعرفون، ودعوا ما ينكرون))

(الاتحاف:344/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں سے ان کی سمجھ کے مطابق باتیں کرو! جسے وہ نہیں سمجھتے اسے چھوڑ دو۔"

اونٹنی کے پیٹ سے نکلنے والا زندہ بچہ حلال ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كل الجنين في بطن الناقة))(الجامع:80/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اونٹنی کے پیٹ والا بچہ کھالیا کرو۔"

نہار منہ کھجور کھانے کا فائدہ

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كلوا التمر على الريق، فانه يقتل الدود))

(الاتحاف:265/5، وکنز:(28197)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہار منہ کھجور کھایا کرو کیونکہ وہ (پیٹ کے) کیڑوں کو قتل کرتی ہے۔"

زیتون کا تیل استعمال کرنا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كلوا الزيت، وادهنوا به، فانه مبارك))

(حاکم:398/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زیتون کا تیل کھاؤ اور اس سے مالش کیا کرو کہ یہ مبارک چیز ہے۔"

انگور دانہ دانہ کر کے کھانا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كلوا العنب حبة حبة، فانه اهنأ وامرأ))

(تذکرۃ:(152)، وکشف:170/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انگور دانہ دانہ کر کے کھایا کرو یہ زود ہضم اور خوشگوار ہے۔"

قربانی کا گوشت کھانا اور ذخیرہ کرنا

(قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كلوا من الاضاحي، وادخروا))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قربانی کا گوشت کھایا کرو اور ذخیرہ رکھا کرو۔"

خبیص کھانا

(قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كلوا من هذا الذى تسميه اهل فارس الخبيص))

(الاتحاف:117/7)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو اہل فارس خبیص کہتے ہیں اس سے کھایا کرو (خبیص کھجور، بالائی اور میدہ سے بنے حلوہ کو کہتے ہیں)"

ایمان کا کمال خوش خلقی ہے

(قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كمال الايمان حسن الخلق))

(کنز: (5636) والدیلمی: (897

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کمال ایمان خوش خلقی سے ہے۔''

جیسی عوام ویسا حکمران

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کماتکونوا یولی علیکم، او یومر علیکم))

(الجامع: 0/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جیسے تم ہوگے ویسا ہی تم پر حاکم مقرر کیا جائے گا۔''

حضرت ابودحداخ اور جنتی باغ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کم من عذق معلق لابی الدحداخ فی الجنة))

(مسلم فی: الجنائز (89

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابی دحداخ کیلئے جنت میں بہت سے خوشے معلق ہیں۔''

کنانہ عرب کی پیشانی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کنانة غرة العرب ، وانتم ارکانها))

(مسند فردوس: 50/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کنانہ عرب کی پیشانی ہے اور تم اس کے ارکان ہو۔''

حضور پیدائش میں اول تھے اور بعثت میں آخر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: کنت اول الناس فی الخلق، وآخر هم فی البعث))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں لوگوں سے پیدائش میں اول تھا اور رسول ہونے میں آخر (میں مبعوث ہوا)''

سوۃ مائدہ سب سے آخر میں نازل ہوئی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اخر سورةانزلت المائده)) (ترمذی: 243/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے آخر میں سورۂ مائدہ نازل کی گئی۔''

قیامت اور مدینہ منورہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: آخر قریة من قری الاسلام خراباً المدینة))

(ترمذی: 676/5 والجامع: 1/

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت میں اسلام کی بستیوں میں سب سے آخر میں مدینہ ویران ہوگا۔''

ہر خوبصورتی کو آفت ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: آفة الجمال الخیلاء))

(جمع الجوامع (22)، وکنزالعمال (44/21

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر خوبصورتی کو آفت ہے۔"

علم کی آفت اور علم کا ضیاع

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آفة العلم النسيان، واضاعته ان يحدث به غير اهله))
(الاحادیث المشکلۃ صفحہ نمبر: 33)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم کی آفت علم کو بھول جانا ہے اور نا اہل کو سکھلانا علم کو ضائع کرنا ہے۔"

غلام کی طرح کھانا اور غلام کی طرح بیٹھنا

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اكل كما ياكل العبد، واجلس كما يجلس العبد))
(الجامع: 3/1 وابن سعد: 95/2/1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں غلام کی طرح کھاتا ہوں اور غلام کی طرح بیٹھتا ہوں۔"

ہر پرہیزگار آل محمد میں داخل ہے

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آل محمد كل تقى))(الجامع: 3/1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر پرہیزگار آل محمد (میں داخل) ہے۔"

یتیم لڑکی اور اجازت نکاح

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آمروا اليتيمة فى نفسهاء واذنها صمتها))
(مجمع الزائد 280/4)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یتیم لڑکی سے اس کے نکاح کے بارے میں اجازت طلب کرو (نکاح کے معاملے)اس کی خاموشی بھی اجازت ہے۔"

والدین سے بھلائی کا حکم

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آمرك بالوالدين خيراً))(احمد: 11/2/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھے والدین کے ساتھ بھلائی کرنے کا حکم دیتا ہوں۔"

حضرت معاذ بن جبل اور اطاعت

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آمن كل شيء من معاذ حتى خاتمه))
(جمع الجوامع: (42)، ولکنز: (33643)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: معاذ (بن جبل) کی ہر چیز نے (میرے اور اللہ کے حکم کے سامنے) سر تسلیم خم کر ہے۔ یہاں تک کہ اس کی انگوٹھی نے بھی۔"

آیت الکرسی کی تلاوت گویا قرآن مجید کے چوتھے حصے کی تلاوت ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: آية الكرسى ربع القرآن))(الجامع: 3/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آیت الکرسی قرآن مجید کا چوتھا حصہ ہے (اجر وثواب کے لحاظ سے)''

مومن کے قاتل کی توبہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابى الله ان يجعل لقاتل مومن توبة))

(کشف الخفاء: 6/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ مسلمان کے قاتل کی توبہ قبول کرنے سے انکار فرماتا ہے۔''

پہلے ذمہ داری نبھانا لازم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابدأ بمن تعول))(طبرانی: 3129/227/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے اسے دے جس کا خرچ تیرے ذمہ ہے۔''

اس سے شروع کرنا جس سے اللہ نے شروع کیا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابدؤوا بما بدأبه الله))

(مسلم فی: الحج: (147)، ابوداود فی: المناسک (19,5) وترمذی فی: الحج 620

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بھی اس سے شروع کیا کرو جس سے اللہ تعالیٰ نے ابتداء فرمائی ہے۔''

برکت اکابر کے ساتھ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابدؤوا بالا كابر، فان البركة مع اكابر كم))

(کنز (426

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اکابرین سے شروع کرو کیونکہ برکت تمہارے اکابرین (بزرگوں) کے ساتھ ہے۔''

گرمی کی شدت جوش جہنم سے ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابرد ابرد فان شدة الحرمن فيح جهنم))

(نہایہ: 4/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز ظہر کو ٹھنڈے وقت میں پڑھ کیونکہ گرمی کی شدت جوش جہنم سے ہے۔''

گرمیوں میں نماز ظہر ٹھنڈے وقت میں پڑھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابردوا بالظهر فى الحر))

(ابن خزیمہ: (12)70/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گرمیوں میں ظہر (کی نماز) کو ٹھنڈے وقت میں ادا کرو۔''

گرمی کے بخار کو پانی سے ٹھنڈا کرو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابردوا الحمى بالماء))

(بخاری 184/10، ومسلم 1731/4، وترمذی 352/4-353 وابن ماجہ 49/2

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (گرمی کے) بخار کو پانی سے ٹھنڈا کرو۔"

سیدہ عائشہ کی برأت

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابشری یا عائشة اما الله قدر اك))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! خوش ہو جا! پس اللہ نے تجھ کو بری کر دیا ہے (معاملہ افک سے)"

امام مہدی سیدہ فاطمہ کی اولاد سے ہوں گے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابشری یا فاطمة المهدی منك))

(کنز العمال: (34208) وضعیف الجامع: (31)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے فاطمہ! خوش ہو جا! مہدی تیری اولاد سے ہوگا۔"

سخت دل والا اللہ سے بہت دور ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابعد الناس من الله القلب القاسی))

(الاتحاف: 127/6، وترمذی: 525/4: حدیث رقم (2411)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ (کے فضل وکرم) سے سب سے زیادہ دور سخت دل والا آدمی ہے۔"

حلال کاموں میں مبغوض ترین کام طلاق ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابغض الحلال الى الله الطلاق))

(ابو داود: 255/2: حدیث رقم (2978)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال کاموں میں سب سے مبغوض کام اللہ تعالیٰ کے نزدیک طلاق دینا ہے۔"

مسلمان ہو کر کافر ہونے والا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابغض الخلق الى الله من آمن ثم كفر))

(الجامع: 4/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مخلوق میں مبغوض تر اللہ کے نزدیک وہ شخص ہے جو مسلمان ہو کر کافر ہو جائے۔"

جس کی برائی کی اقتدا کی جائے لیکن اچھائی کی نہیں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ابغض العباد الى الله من يقتدى سيئة المسلم، ويدع حسنته))

(مسند فردوس: 449/1: حدیث رقم: (1484)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندوں میں سے اللہ کے نزدیک زیادہ مبغوض شخص وہ ہے جس کی برائی کی مسلمان اقتداء کریں اور اس کی خوبی کو نہ اپنائیں۔"

مکمل آخری سورت برأت نازل ہوئی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: آخر سورة نزلت کاملة براءة))

(جمع الجوامع: (17)، وبخاری 167/8، ومسلم 1236/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مکمل طور پر آخر میں سورت برأت نازل ہوئی ہے۔''

علم کی آفت بھول جانا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: آفة العلم النسیان))

(کنز: (44091, 28960) والجامع: 3/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم کی آفت بھول جانا ہے۔''

جھوٹ کی عادت نسیان میں مبتلا کر دیتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: آفة الکذب النسیان))

(کشف 16/1، والتمیز صفحہ ...)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹ کی آفت نسیان میں مبتلا کرتی ہے۔''

ماؤں سے بیٹیوں کے متعلق سوال

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: آمروا النساء فی بناتهن))

(ابوداود: رقم (2095) والجامع: 3/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں سے ان کی بیٹیوں کے متعلق مشورہ طلب کر لیا کرو''

امیہ بن ابی صلت کا دل اور شعر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: آمن شعر امیة بن ابی الصلت، و کفر قلبه))

(الاحادیث المشکلۃ صفحہ (33) وکنز: (15241) وابن عساکر: 124/3، وابن کثیر 78/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امیہ بن ابی صلت کا شعر مومن ہے اور اس کا دل کافر ہے۔''

آمین جنت کا درجہ ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: آمین درجة فی الجنة))

(تفسیر القرطبی: 128/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آمین جنت میں ایک درجہ ہے۔''

سلام کرنے میں بخل کرنے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ابخل الناس من بخل بالسلام))

(کنز: (19734)، وطبرانی فی الصغیر: 121/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں سب سے بڑا بخیل وہ ہے جو سلام کرنے میں بخل کرے۔"

سوال نہ کرنے کی بیعت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابایعکم علی ان لا تسألوا احدا شیئا))(طبرانی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم سے اس بات کی بیعت لیتا ہوں کہ تم کسی سے کچھ بھی نہ مانگا کرو۔"

اپنے آپ پر خرچ کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابدأ بنفسک ،فتصدق علیها))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے نفس سے ابتداء کر اور اس پر صدقہ کر۔"

پہلے مرد سے شروع کیا جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابدأ بالرجل قبل المرأة))

(ابوداؤد فی: الطلاق: (22)، واحمد: 394/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت سے پہلے مرد سے شروع کرو۔"

ٹھنڈا طعام برکت کا سب سے بڑا سبب ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابردوا بالعطام فانه اعظم للبرکة))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طعام کو ٹھنڈا کر کے کھاؤ کیونکہ یہ برکت کا سب سے بڑا سبب ہے۔"

گرم کھانے میں برکت نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابردوا بالطعام، فان الحار لا برکة فیه))

(مسند فردوس: 136/1 والمقاصد صفحہ: (11)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طعام کو ٹھنڈا کر کے کھاؤ کیونکہ گرم میں کوئی برکت نہیں ہے۔"

حضرت عمار کی شہادت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابشر یا عمار تقتلک الفئة الباغیة))

(ترمذی: 627/5-628)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمار! تجھے خوشخبری ہو کہ تجھے باغی گروہ قتل کرے گا۔"

حضرت علی کی زندگی اور موت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابشر یا علی حیاتک و موتک معی))

(کنز: (32984)، وطبرانی: 369/7، وابن عساکر: 88/44، وابن عدی: 1654/4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی! تو خوش ہو جا کہ تیری زندگی اور موت میرے ساتھ ہے۔"

سخت دل اللہ سے دور ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابعد القلوب من اللہ القلب القاسی))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی بارگاہ سے سب سے دور سخت دل ہے۔''

اکثر غلام اور رومی اسلام سے بغض رکھنے والے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابغض الناس من الاسلام العباد والروم))

(اسنی المطالب: (4190)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں اسلام سے زیادہ بغض رکھنے والے غلام اور رومی ہیں۔''

اپنے عیال پر بخل کرنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابغض الخلق الی اللہ من ضن علی عیالہ))

(مسند فردوس: 450/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مخلوق سے بہت بغض رکھنے والا اللہ کے نزدیک وہ ہے جو اپنے عیال پر بخل کرے۔''

باطل جھگڑالو مبغوض ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابغض الخلق الی اللہ الالدا الخصم))

(بخاری: 36/8، ومسلم: 2054/4، والنسائی: 8/247-248 واحمد: 6/55، 63/205)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مخلوق میں اللہ کے نزدیک زیادہ مبغوض باطل جھگڑالو ہے۔''

قوم کا بھانجا اُنہی میں شمار ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابن اخت القوم منهم))

(ابوداود: رقم: (5122) و بخاری: 221/4، ونسائی: 106/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی قوم کا بھانجا اسی قوم کا آدمی شمار کیا جائے گا۔''

ابن آدم مٹی سے پیدا کیا گیا ہے اور اسی کی طرف لوٹے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابن آدم خلق من التراب، والیہ یصیر))

(کشف الخفاء: 31/1-32

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن آدم مٹی سے پیدا کیا گیا اور اس کی طرف لوٹے گا۔''

مسافر سایہ اور پانی کا زیادہ حق دار ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابن السبیل احق بالماء والظل من البانی علیہ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسافر سایہ اور پانی کا اس شخص سے زیادہ مستحق ہے جس نے اس کی تعمیر کی ہے۔''

زوال آفتاب کے وقت آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابواب السماء تفتح اذا زالت الشمس))

(ابن ماجہ: 1/365-366)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آسمان کے دروازے زوال آفتاب کے وقت کھول دیئے جاتے ہیں۔"

حضرت ابوبکر زمین وآسمان میں نہایت برگزیدہ ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابو بکر عتیق فی السماء عتیق فی الارض))

(مسند فردوس: 1/531)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر آسمان اور زمین میں نہایت برگزیدہ وعمدہ ہیں۔"

حضرت ابوبکر وعمر حضور کے کان وآنکھ کے درجہ پر ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابو بکر و عمر منی بمنزلة السمع والبصر))

(ضعیف الجامع: 1/70 وترمذی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر اور عمر میرے کان اور آنکھ کے درجہ میں ہیں۔"

حضرت ابوبکر کو اللہ تعالیٰ نے آگ سے آزاد کردیا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابو بکر عتیق اللہ من النار))

(کنز: (32616)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر آگ سے اللہ کا آزاد کردہ ہے۔"

وضو کرتے ہوئے داڑھی کا خلال کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اتانی جبریل فقال: اذا توضات فخلل لحیتك))

(الجامع: 1/5)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس جبریل نے آکر کہا کہ جب آپ وضو کریں تو داڑھی کا خلال کرلیا کریں۔"

آفتاب کے زائل ہوتے وقت نماز ظہر ادا کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اتانی جبریل لدلوك الشمس حین زالت، فصلی بی الظهر))(حاکم: 1/362، 365)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس جبریل بوقت زوال آفتاب آیا اور مجھے ظہر کی نماز پڑھائی۔"

روٹی سالن سے کھانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ائتدموا ولو بالماء))

(کنز: (40987)، والخطیب: 7/430)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سالن سے روٹی کھاؤ! اگرچہ پانی کی شکل میں کیوں نہ ہو۔''

دعوت پر بلایا جائے تو ضرور جانا چاہیے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ایتو الدعوۃ اذا دعیتم))

(مسلم فی: النکاح: (102099)، وترمذی: (1098)، واحمد: 155/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دعوت پر جایا کرو جبکہ بلائے جاؤ۔''

علماء دنیا و آخرت کے چراغ ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اتبعوا العلماء، فانھم سرج الدنیا، ومصابیح الاخرۃ))

(الجامع: 6/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علماء کی تابعداری کیا کرو کہ بالتحقیق وہ دنیا اور آخرت کے چراغ ہیں۔''

بکریوں برکتوں والے جانور ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اتکذوا الغنم، فانھا برکۃ))

(کنز: (35218)، 38309، واحمد: 4246)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بکریاں رکھا کرو! یہ برکت (کے جانور) ہیں۔ (ان میں بھیڑیں بھی شامل ہیں)۔''

اللہ کی نافرمانی سے بچنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اتق اللہ فیما تعلم)) (الجامع: 6/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی نافرمانی سے بچ جتنا تجھے علم ہے۔''

حدود میں منہ اور شرمگاہ پر مارنے سے بچنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اتق الوجہ والمذاکیر)) (نسب الرایۃ: 324/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (حدود میں) منہ اور شرمگاہ پر مارنے سے بچ۔''

نماز میں اور لونڈی غلاموں کو مارنے میں اللہ سے ڈرو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اتقوا اللہ فی الصلاۃ، وما ملکت ایمانکم))

(کنز: (250035,18864)، والاتحاف: 352:5، 323/6، والجامع: 6/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے ڈرو نماز میں اور لونڈی غلاموں کے بارے میں۔''

عورتوں کے معاملہ میں اللہ سے ڈرو

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اتقوا اللہ فی النساء))

(مسلم: 886/2، وترمذی: (1163)، وابوداؤد: (1905)، واحمد: 73/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے ڈرو عورتوں کے معاملہ میں (یعنی ان کے حقوق ادا کرو)''

جہاں تک علم ہو حدیث بیان کرنے میں احتیاط کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اتقوا الحدیث عنی الا ما علمتم))
(ترمذی: 183/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری حدیث بیان کرنے میں احتیاط کر جہاں تک کہ تمہیں علم ہو۔"

مجنون اور شاعر کو دیکھنا حضور کو مبغوض تھا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابغض ان اری المجنون او الشاعر))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجنون اور شاعر کو دیکھنا مجھے زیادہ مبغوض ہے۔"

عاص کے دونوں بیٹے عمرو اور ہشام دونوں مسلمان تھے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابنا العاص مومنان: هشام و عمرو))
(حاکم: 2683)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عاص کے دونوں بیٹے، ہشام وعمرو مومن ہیں۔"

قوم کا بھانجا اُنہی میں شمار ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابن اخت القوم من انفسهم))
(ابوداؤد: (5122)، وبخاری: 1938، واحمد: 173/3، 276)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قوم کا بھانجا انہی میں سے ہوتا ہے۔"

پانی پینے کے دوران سانس لینا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان القدہ عن فیك، ثم تنفس))(الجامع: 4/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منہ سے پیالہ ہٹا لے پھر سانس لے۔"

حضرت ابوبکر اس امت کے افضل ترین شخص ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابو بکر افضل هذا الامة الا ان یکون نبیا))
(مجمع: 449)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر اس امت کے افضل ترین ہیں مگر یہ کہ کوئی نبی ہو (جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی بھی ہوں گے اور حضور کے امتی بھی)"

ابوبکر وعمر اہل جنت کے سردار ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابو بکر و عمر سراجا اهل الجنة))
(کشف الخفاء: 32/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر اور عمر اہل جنت کے چراغ ہیں۔"

ابوبکر و عمر کا حضور سے تعلق

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ابوبکر و عمر منی بمنزلة هارون من موسیٰ))

(میزان: (6893)، وکنز: (32682))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر اور عمر مجھ سے بمنزلہ ہارون کے ہیں موسیٰ سے (خلافت میں)''

ابوسفیان بن حارث حضور کے کنبہ کا بہترین آدمی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ابو سفیان بن الحرث خیر اهلی))

(مغنی عن حمل الاسفار: 133/4، وابن سعد: 1/4، 36)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوسفیان بن حارث میرے کنبہ کا بہتر شخص ہے۔''

قرآن مجید کی سات قرائتیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اتانی جبریل، فقال: اقراء القرآن علی سبعة احرف))

(کنز العمال: (3090، 3091))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس جبریل آیا اور کہا کہ قرآن (عرب کی) سات لغت پر پڑھیں۔''

ماہ رمضان خیر و برکت والا مہینہ ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اتاکم شهر رمضان شهر خیر و برکة))

(درمنثور: 188/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے پاس ماہ رمضان آیا ہے جو خیر و برکت والا مہینہ ہے۔''

زیتون کا سالن

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ائتدموا من هذه الشجرة، یعنی: الزیت))

(مجمع الزوائد: 157.5، وکنز: (40985))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس (زیتون کے) درخت سے سالن بنایا کرو۔''

بیوی کی فقط فرج میں جماع کیا جا سکتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ائتها علی کل حال اذا کان فی الفرج))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیوی سے ہر صورت میں جماع کر سکتے ہو جبکہ فرج میں ہو۔''

مرد بس چاندی کی انگوٹھی پہن سکتا ہے وہ بھی ایک مثقال سے کم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اتخذه یعنی الخاتم من ورق و لا تتمه مثقالاً))

(ابوداود: 904: حدیث رقم: (4123))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چاندی کی انگوٹھی پہن اور ایک مثقال پوری مت کر۔''

بکریاں رکھنے کا حکم

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اتخذی غنما، فان فیها برکة))

(ابن ماجہ: 773/2 حدیث رقم (2304)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بکریاں رکھا کر کیونکہ ان میں برکت ہے۔"

مجوسیوں کی مخالفت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اترعوا الطسوس، وخالفوا المجوس))

(کشف الخفاء 38/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پیالوں کو بھرو اور مجوسوں کی مخالفت کرو۔"

جنت و جہنم کا ذکر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اتضحکون وذکر الجنة ولنار بین ایدیکم))

(مجمع: 46/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم ہنستے ہو اور تمہارے سامنے دوزخ و جنت کا ذکر کیا جاتا ہے۔"

تنگی و فراخی کی حالت میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اتق الله فی عسرك و یسرك))

(کنز: (5628)، وکشف الخفاء: 43/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی تنگی اور فراخی کی حالت میں اللہ کی نافرمانی سے بچ۔"

اولاد میں مساوات قائم رکھنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اتقوا الله، و اعدلوا فی اولاد کم))

(بخاری: 206/3، ومسلم فی الھبات: (13)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی نافرمانی سے بچو اور اپنی اولاد کے (حقوق) میں مساوات کرو۔"

قرابت داروں کے رشتوں کو ملانا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اتقوا الله، وصلوا ارحامکم)) (الجامع 7/1)

""رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ سے ڈرو اور اپنے قرابتداروں کے رشتوں کو ملاؤ۔"

ضعیف، مملوک اور عورت سے حسن سلوک

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: اتقوا الله فی الضعیفین: المملوك والمراة))

(الجامع 6/1-7)

(الحاکم: حدیث (179/179) وابن حبان 1/370-371: حدیث (525)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو گناہ کرے تو نیکی بھی کرلے (تاکہ یہ نیکی اس گناہ کو مٹادے)''

استنجاء میں طاق ڈھیلے استعمال کرنا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا استجمر احد کم فلیوتر))

(بخاری 315/1، حدیث (161، و316/1: حدیث (162)، ومسلم 1/212-213 حدیث (20، 22، و24)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی استنجا کیلئے ڈھیلا استعمال کرے تو طاق استعمال کرے۔''

مسلمان بھائی کو مشورہ دینا

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا استشار احد کم اخاہ، فلیشر علیہ))

(ابن ماجہ 1233/2: حدیث (747)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی سے مشورہ طلب کرے تو وہ مشورہ دے۔''

رات کو بیدار ہونے والا نماز تہجد پڑھ لے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا استیقضت، فصل))

(کنز (21383)، واحمد 80/3، وبیہقی 303/4)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو بیدار ہو تو نماز (تہجد) پڑھ۔''

مسلمان ہونے والا ختنہ کرے اگر چہ عمر میں بڑا ہو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اسلم الرجل اختتن، ولو كان كبيراً))

(ابن عدی:1671/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی مسلمان ہو ختنہ کرے، اگر چہ عمر میں بڑا ہو۔''

جب نماز میں ہجوم زیادہ ہو تو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اشتد الزحام، فليسجد الرجل على ظهر اخيه))

(کامل لابن عدی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب نماز میں ہجوم زیادہ ہو تو آدمی اپنے بھائی کی پشت پر سجدہ کر لے۔''

اہل قبور کی زیارت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اعيتكم الامور، فعليكم باصحاب القبور، فزوروها))(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم کو کام تھکا دیں تو اہل قبور کی زیارت کرو۔''

غسل کرنے والا اپنے ہر عضو کو تین مرتبہ دھوئے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اغتسل احدكم، فيغسل كل عضو ثلاث مرات))

(اریخ اصفہان:79/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی آدمی غسل کرے تو ہر ایک عضو کو تین مرتبہ دھوئے۔''

پیدا ہونے والا بچہ اگر روئے تو اس پر نماز جنازہ پڑھی جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا استهل الصبى صلى عليه، ورث))

(ابن ماجہ (2750)، والحاکم 349/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بوقت ولادت جب بچہ روئے اور فوت ہو جائے تو اس پر نماز جنازہ پڑھی جائے اور وہ وارث ہوگا۔''

اقامت کے دوران امام سے پہلے کھڑے ہونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا اقيمت الصلاة، فلا تقوموا حتى تروني))

(بخاری فی: الجمعۃ 180، والاذان (23,22) ومسلم فی: المساجد (156-160)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے صحابہ! جب نماز کی اقامت کہی جائے تو تم مت کھڑے ہوا کرو یہاں تک کہ مجھے دیکھ لو۔''

امام ہلکی نماز پڑھائے

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا امممت قوماً، فاخف بهم الصلاة))

(مسلم فی الصلاۃ (187)، وبیہقی 116/3، وابن ماجۃ (988)، واحمد 22/4)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو کسی قوم کی امامت کرے تو ان کیلئے نماز کو ہلکا رکھ۔"

بندے پر نعمت کا اثر

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا انعم الله على عبد نعمة احب ان ترى عليه))

(الاتحاف 180/4، ومغنی 329/1، وتمہید 254/3)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ کسی بندے پر نعمت کا فضل کرتا ہے تو پسند کرتا ہے کہ اس پر اس نعمت کا اثر

اجائے۔"

ایک عورت کے دو ولی اگر نکاح پڑھادیں تو پہلا نکاح درست ہوگا

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا انكح الوليان، فالا ول احق))

(کنز (44674)، واحمد 149/4، والحاکم 175/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب دو ولی نکاح پڑھادیں تو پہلا نکاح پڑھانے والا زیادہ حقدار ہے۔"

پیشاب کرنے والا اپنے ذکر کو تین مرتبہ پونچھے

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا بال احد كم، فليمسح ذكره ثلاثاً))

(جمع الجوامع (1438)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی پیشاب کرے تو چاہیے کہ اپنے ذکر (شرمگاہ) کو تین دفعہ پونچھے۔"

بیع کرنیوالا کہہ دے کہ دھوکا نہیں چلے گا

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا بايعت، فقل: لا خلابة))

(بخاری 86/3 و 157 و 159، ومسلم فی: البیوع (48)، وابوداؤد (3500)، وبیہقی 262/5، وشرح السنۃ 47/8،
(2803)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو بیع کرے تو یہ کہہ دیا کر کہ دھوکا نہیں ہے۔"

جنازہ رکھنے سے پہلے بیٹھنا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا تبعتم الجنازة، فلا تجلسوا حتى توضع))

(مسلم فی: الجنائز (76)، وابوداؤد (3173)، واحمد 38/3، وبیہقی 26/4، وکنز (42341)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم جنازہ کے ساتھ چلو تو جنازہ رکھنے سے پہلے مت بیٹھو۔"

کنواری بیوی سے نکاح پر اس کے پاس سات دن رہنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا تزوج البكر على الثيب اقام عندها سبعاً))

(بخاری فی: النکاح (100 و 101)، ومسلم فی: الرضاع (43-45) وابوداؤد (2124)، وبیہقی 302/7، وبغوی 607/1، وکنز (44821)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شادی شدہ کے بعد کنواری سے نکاح کرے تو سات روز کنواری کے پاس رہے۔''

غلام کا اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا تزوج العبد بغير اذن سيده كان عاهراً))

(کنز (44757)، ونصب الرایۃ 2043، والحاکم 194/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب غلام اپنے مالک کی اجازت کے بغیر نکاح کرے تو وہ زانی ہوگا۔''

اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے وقت تمنا کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذاتمنى احد كم فليكثر ، فانما يسأل ربه))

(کنز (3177)، وشرح السنۃ 208/5، ومجمع 150/10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم سے کوئی تمنی کرے تو بہت کرے، کیونکہ وہ اپنے رب سے دعا کرتا ہے۔''

جب کسی سے کوئی چیز لی جائے تو پہلے اسے دکھالی جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا تناول احد كم عن اخيه شيئا، فليره اياه))

(جامع ابی داود: 19/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی کوئی چیز لے تو اس کو دکھادے۔''

جب تک کوئی باوضو رہے وہ نماز کے حکم میں ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذاتوضأ احد كم فهو فى صلاة ما لم يحدث)

(بخاری فی: الوضوء (34)، ومسلم فی: المساجد (274)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی وضو کرے تو جب تک بے وضو نہ ہو وہ نماز (کے حکم) میں ہے۔''

وضو کرنے والا انگلیوں کا خلال کرلے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا توضات فخلل الا صابع))

(ترمذی: 56/1: حدیث رقم (38)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو وضو کرے تو انگلیوں کا خلال کر۔''

وضو میں ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کرنا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اذا توضات فخلل اصابع یدیک ورجلیک))
(ترمذی: 57/1: حدیث رقم (39)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو وضو کرے تو ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں کا خلال کر۔''

صلح رحمی..... جلدی ثواب والی عبادت

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ابن اعجل الطاعة ثواباً صلة الرحم))
(الجامع (6217 ,6215)، وکنز (6957)، ومجمع 152/8)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جلدی ثواب والی اطاعت صلہ رحمی کرنا ہے۔''

باطل میں غور وخوض کرنے والا

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اعظم الناس خطا اکثر هم خوجاً فی باطل))(الجامع: 73/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں بڑا گنہگار وہ ہے جو باطل میں غور وخوض کرنے والا ہو۔''

زیادہ قیمت والی اور نفیس قربانی

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان افضل الضحایا اغلاها و انفسها اسمنها))(بیهقی: 268/9، وابن سعد 140/7، والحاکم 231/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قربانی وہ بہتر ہے جو زیادہ قیمت والی، نفیس اور موٹی ہو۔''

مومن کا بہترین عمل

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان افضل عمل المومن الجهاد فی سبیل اللہ))
(الجامع (6236)، وابن عدی 156/4 و 1623، والجامع 47.1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کا بہترین عمل اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ہے۔''

جنت میں کم داخل ہونے والے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اقل ساکنی الجنة النساء))
(مسلم، صفحہ نمبر (2097)، واحمد 427/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں سب سے کم داخل ہونے والی عورتیں ہوں گی۔''

انسان کے اکثر گناہ اس کی زبان سے سرزد ہوتے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اکثر خطایا ابن آدم فی لسانه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کے اکثر گناہ اس کی زبان سے سرزد ہوتے ہیں۔''

امت مسلمہ امت مرحومہ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان امتی امۃ مرحومۃ))

(ابوداود: فی الفتن (7)، واحمد 410/4، 418، والحاکم 254/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت امت مرحومہ ہے۔''

منور گھر والے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اھل البیت لیقل طعمھم، فتنور بیوتھم))

(میزان (1844)، وتذکرۃ (178)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جن کے گھر والوں کا کھانا تھوڑا ہوتا ہے ان کے گھر منور ہوتے ہیں۔''

جنتی ہر جمعہ کو اللہ تعالیٰ سے ملاقات کریں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اھل الجنۃ یزورون ربھم فی کل جمعۃ))

(ترمذی: (2549)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت والے ہر جمعہ کے روز اللہ سے ملاقات کریں گے۔''

آسمان والے زمین والوں کی اذان سنتے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اھل السماء لا یستمعون من اھل الارض الا الاذان))

(الجامع (6309)، وکنز (20898)، ومطالب (235)، ومجروحین 63/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آسمان والے اذان کے علاوہ زمین والوں کی کوئی بات نہیں سنتے۔''

جنت الفردوس والے عرش کی آواز سنیں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اھل الفردوس یسمعون اطیط العرش))

(کنز (39295)، والجامع 75/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت الفردوس والے عرش کی کرکڑاہٹ کی آواز سنیں گے۔''

اولاد عطیہ الٰہی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اولادکم ھبۃ اللہ لکم))

(کنز (45510)، وبیہقی 480/7، والحاکم 284/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری اولاد اللہ کا عطیہ ہے۔''

سلام کرنے میں پہل کرنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اولی الناس من بدأھم بالسلام))

(ابوداود: رقم (5197)، والجامع: (6338)، ومشکوۃ (4646)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں بہتر وہ ہے جو سلام کرنے میں پہل کرے۔"

قیامت میں سب سے پہلے خون کا حساب ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اول مایحکم بین العباد فی الدماء))

(ترمذی رقم (1396)، واحمد 441/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کا پہلا حساب خون کے متعلق ہوگا۔"

کمینے لوگوں کا موذن بننا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان بعد کم زمان سفلتھم موذنوھم))

(کنز (2ھ209)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے بعد ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ کمینے لوگ ان کے موذن ہوں گے۔"

رات کو اذان دینا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان بلالاً یؤذن لیلاً، لیوقظ نائمکم))

(بخاری 150/1 و 225/3 و 108/9، ومسلم فی: الصیام (38,37,36)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلال رات کو اذان دیتا ہے تاکہ سوئے ہوؤں کو جگائے۔"

قیامت سے پہلے تیس دجال و کذاب پیدا ہوں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان بین یدی الساعۃ ثلاثین، دجالا کذاباً))

(صحیحہ (1683)، واحمد 118/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت سے پہلے تیس دجال و کذاب پیدا ہوں گے۔"

تلبیہ زور سے کہنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان جبریل اتانی، فامرنی ان اعلن بالتلبیۃ))

(الجامع 223/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جبریل نے مجھے آکر کہا کہ میں تلبیہ زور سے کہوں۔"

جہنم جمعہ کے دن نہیں بھڑکائی جاتی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان جھنم تسجر الا یوم الجمعۃ))

(ابوداود: رقم (1083)، والاتحاف 217/3، وکنز (21036)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم جمعہ کے سوا تمام دنوں میں بھڑکائی جاتی ہے۔"

سچا وعدہ ایمان کی نشانی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان حسن العهد من الایمان))

(الاتحاف 235/6، وکشف 263/1، والجامع 57/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سچا وعدہ ایمان کی نشانی ہے۔''

آسان ترین دین...... دین اسلام

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان خیر دینکم ایسره))

(بخاری فی: الادب المفرد (341

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا بہتر دین وہ ہے جو آسان ہو۔''

قوم کا ساقی سب سے آخر میں پینے والا ہوتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان ساقی القوم آخرهم شرباً))

(احمد 289/5، وابن عساکر 388/7

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قوم کا ساقی سب سے آخر میں پینے والا ہوتا ہے۔''

صحابہ کرام پر جرأت کرنے والے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان شرار امتی اجروهم علی اصحابی))

(الجامع 76/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے شریر وہ ہیں جو میرے صحابہ پر جرأت کرتے ہیں۔''

شریر وہ ہے جس کی شرارت سے لوگوں کو خوف ہو

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان شر الناس ما یتقی لشره))

(کنز (43721)، والجامع 76/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں شریر وہ ہے جس کی شرارت سے خوف ہوتا ہو۔''

شہاب شیطان کا نام ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان شهاباً اسم شیطان))

(الجامع 76/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شہاب شیطان کا (بھی) نام ہے۔''

صدقہ فطر واجب ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان صدقة الفطر حق واجب))

(بخاری فی الزکوۃ (78)، مسلم: فی الزکوۃ (10)، الحاکم 410/1، کنز (24135)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ فطر حق اور واجب ہے۔"

حضرت عثمان سے فرشتے بھی حیا کرتے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان عثمان حيي ستير، تستحيي منه الملائكة))

(احمد 81/1 و 353/4 و 453 و 155/6 و 167)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عثمان حیادار اور پردہ دار ہے، اس سے فرشتے بھی حیا کرتے ہیں۔"

متقی قیامت میں حضور کے دوست ہوں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان اوليائي المتقون يوم القيامة))

(الاتحاف 420/8، وطبرانی 39/5، وکنز (5659, 5660)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے دوست قیامت کے روز متقی لوگ ہوں گے۔"

شراب بیچنے والا پینے والے کی طرح ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان بائعها كشاربها، يعني: الخمر))

(کنز (2489, 13259)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (شراب کا) بیچنے والا (گناہ میں) پینے والا جیسا ہے۔"

بنی اسرائیل نے خود کتاب لکھ کر اس کی پیروی کی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان بني اسرائيل كتبوا كتاباً، فاتبعوه وتركوا التوراة))

(کنز (893, 1089)، ومجمع 150/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنی اسرائیل نے از خود کتاب لکھ کر اس کی پیروی کی اور تورات کو چھوڑ دیا۔"

قرب قیامت میں بہت سے جھوٹے پیدا ہوں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان بين يدي الساعة كذابين، فاحذروهم))

(مسلم فی: الفتن (84)، والامارۃ (10)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے قریب بہت سے جھوٹے آئیں گے، ان سے بچتے رہنا۔"

حضرت جابر کی دعوت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان جابرا قد صنع لكم سوراً، فحيهلا بكم))

(بخاری: 90/4 و 139/5، ومسلم فی: الاشربۃ (141)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جابر نے تمہارے لئے دعوت تیار کی ہے۔ تم سب دعوت کو چلو۔"

اللہ اکبر کہنے کا حکم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان جبريل امرني ان اكبر))

(کنز(25427)واحمد138/2،وبیہقی40/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جبریل نے مجھے حکم دیا کہ میں اللہ اکبر کہوں۔''

بندوں کی ضروریات حضرت جبرائیل کے سپرد ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان جبريل موكل بحاجات العباد))

(در92/1،وکنز(3263)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندوں کی ضروریات حضرت جبریل کے سپرد ہیں۔''

اللہ پر نیک گمان کرنا عبادت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان حسن الظن بالله من العبادة))

(کنز(5848)،واحمد304/2و359،والجامع75/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ پر نیک گمان کرنا عبادت ہے۔''

حضرت اویس قرنی افضل التابعین ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان خير التابعين اويس القرني))

(مسلم فی: فضائل الصحابۃ (224)، والدلائل376/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت اویس قرنی افضل التابعین ہیں۔''

حضرت داود اہل جنت کے قاری ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان داود قارى،اهل الجنة))

(دیلمی:275/1:(860)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت کے قاری حضرت داؤد علیہ السلام ہوں گے۔''

مومنوں کی چھوٹی اولاد اوران کی کفالت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان ذرارى المومنين فى الجنة يكفلهم ابراهيم))

(کنز(39408)والحاکم370/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومنوں کی اولاد جنت میں ہے اور حضرت ابراہیم ان کے کفیل میں۔''

اس امت کی سیر وسیاحت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان سياحة امتى الجهاد فى سبيل الله))

(ابوداود: رقم(2487)، وبیہقی: 1619، الحاکم:73/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی سیر وسیاحت جہاد فی سبیل اللہ میں ہے۔''

دریا اور خشکی کے شہداء

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان شهداء البحر اعظم عند الله من شهداء البر))

(کنز(11108)، ومجمع 296/5)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لوگ دریا میں شہید ہوتے ہیں ان کا درجہ خشکی کے شہداء سے بڑا ہے۔"

حضرت حنظلہ غسیل الملائکہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان صاحبكم تغسله الملائكة، يعني: حنظلة))

(حاکم: 204/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے صاحب حنظلہ کو فرشتے غسل دیتے ہیں۔"

پوشیدہ صدقہ دینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان صدقة السر تطفى، غضب الرب))

(ابن عساکر 210/57، ومجمع 115/3، 193/8)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پوشیدہ صدقہ دینا اللہ کے غضب کو بجھاتا ہے۔"

باپ کے تعلق کو محفوظ رکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان صلة الرجل اباه حفظ صحابته من بعده))

(مسلم: البر (13011)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: باپ کے تعلق کو میل جول سے محفوظ رکھنا باپ کے بعد اس کی صحبت کو محفوظ رکھتا ہے۔"

پیشاب لگنے سے اکثر عذاب قبر ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان عامة عذاب القبر من البول، فتنز هوا منه))

(الجامع: 76/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اکثر عذاب قبر پیشاب لگنے سے ہوتا ہے، لہٰذا اس سے بچو۔"

اس امت کا عذاب اور دنیا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان عذاب هذه الامة جعل فى دنياها))

(الشہاب: (1000)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس امت کا عذاب دنیا میں کیا گیا ہے۔"

حضرت علی کی ہجرت میں سبقت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان عليا سبقك بالهجرة، قاله للعباس))

(کنز (33001)، والدر 201/5، وابن عساکر 396/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علی تجھ سے ہجرت میں سبقت لے گیا۔ حضور نے یہ عباس سے فرمایا۔''

حضرت علی ہر مومن کے دوست ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: ان علیا منی وانا منه، وهو ولی کل مومن))

(احمد 438/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علی مجھ سے ہے اور میں علی سے اور یہ ہر مومن کا دوست ہے۔''

اللہ کے گھروں کو آباد کرنے والے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: ان عمار بیوت اللہ هم اهل اللہ))

(بیہقی 66/3، مجمع 23/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے گھروں کو آباد کرنے والے اللہ والے ہی ہیں۔''

ہر نماز کے بعد دو نفل

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: ان عند کل اذان رکعتین ما خلا المغرب))

(بیہقی 474/2، وموضوعات 92/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک اذان کے بعد دو نفل ہیں، سوائے مغرب کے۔''

بعض کی بعض سے فنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: ان فناء امتی بعضها ببعض))

(جامع 77/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی فنا آپس میں بعض کی بعض سے (لڑائی کے ذریعے) ہوگی۔''

قرض کے سبب آدمی قبر میں قید ہوتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: ان فلاناً ماسور بدینه))

(ابوداود فی: البیوع (9)، واحمد 20/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فلاں شخص اپنے قرضہ کے سبب قید میں ہے۔''

جنت میں حوروں کا مجمع

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: ان فی الجنة لمجتمعها للحور العین))

(ترمذی (2564)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں حوروں کا مجمع لگا کرے گا۔''

زیوروں میں زکوۃ لازم ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان فی الحلی صدقة))

(دار قطنی 107/2، والا رواء 296/3)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زیوروں میں زکوٰۃ ہے۔''

نماز سب سے اہم کام ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان فی الصلاۃ لشغلا))

(بخاری فی: العمل فی الصلاۃ (15/2)، ومناقب الانصار (37)، ومسلم فی: المساجد (34)، وابوداود فی: الصلاۃ (166)، و
جہ فی: الاقامۃ (59)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز بھی ایک اہم کام ہے۔''

نماز میں زکوۃ کے علاوہ بھی حق ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان فی المال حقا سوی الزکاۃ))

(الجامع 77/1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مال میں سوائے زکوٰۃ کے (بھی) حق ہے (صدقات نافلہ وغیرہ)''

اس امت کے عذاب

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان فی امتی مسخاً و کسفاً و قذفا))

(مجمع 11/8)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت میں مسخ (صورت بدلنا) خسف (زمین میں دھنسا) قذف (پتھر برسنا
ی) ہوگا۔''

انسان کا مال اور اس کی اولاد آزمائش ہے

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان فی مال الرجل فتنة، وزوجته وولده فتنة))

(الجامع 78/1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کا مال آزمائش ہے اور اس کی زوجہ واولاد (بھی) آزمائش ہے۔''

اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ دو خصلتیں

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان فیك لخصلتین یحبهما الله: الحلم، و الحیاء))

(بخاری: فی: التوحید: باب قول اللہ تعالیٰ، واللہ خلقکم وما تعملون، ومسلم فی: الایمان (26،25) وترمذی (20،11)، وابو
5225)، وابن ماجۃ (4187)، واحمد 23/3و50، 206/4)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیری دو خصلتیں اللہ کو پسند ہیں۔ حلم (بردباری) اور حیاء۔''

پاک دامن عورت پر الزام لگانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان قذف المحصنة ليهدم عمل مائة سنة))
(مجمع:279/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پاک دامن عورت پر الزام لگانا سو برس کی عبادت کو بھی ضائع کر دیتا ہے۔''

جہنم سے بوجہ شفاعت کے نکلنے والے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان قوماً يخرجون من النار بالشفاعة))
(کنز،39420)(39102)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک قوم جہنم سے بوجہ شفاعت کے نکلے گی۔''

فوت شدہ مسلمان کی ہڈی توڑنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان كسر عظم المسلم ميتاً مثل كسره حياً))
(الجامع 78/1 وصححہ، واحمد 264/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مرے ہوئے مسلمان کی ہڈی توڑنا ایسا ہے جیسے زندگی میں اس کی ہڈی توڑنا۔''

لوگوں کو علامات سے پہنچاننے والے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لله خلقاً يعرفون الناس بالتوسم))
(مجمع 268/10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی ایسی مخلوق بھی ہے جو لوگوں کو علامات سے پہچانتی ہے۔''

شکلیں بنانے پر مقرر اللہ کا فرشتہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لله ملكا موكلاً بتاليف الاشكال))
(دیلمی 227/1، ومجمع (6988)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا ایک فرشتہ ہے جو شکلیں بنانے پر مقرر ہے۔''

کئی جنتی شہروں میں بس رجب کا روزہ رکھنے والے ہی داخل ہوں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لله مدائن لا يدخلها الا من صام رجب))
(تذکرہ(116)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے بہت سے ایسے شہر ہیں جن میں صرف رجب کا روزہ رکھنے والے داخل ہوں گے۔''

اسلام کے لیے روشنی وعلامت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان للاسلام ضوء اومنارا كمنار الطريق))

(الجامع 79/1، ومجمع 28/1)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام کیلئے روشنی اور علامت ہے جیسے کہ راستے کے روشن نشان۔"

شوہر کا بیوی کے ساتھ تعلق

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان للزوج من المرأة لشعبة ماهي لشيء))

(ابن ماجہ رقم (1950)، وبیہقی 66/4، والحاکم 61/4)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شوہر کا زوجہ کے ساتھ وہ تعلق ہے جو کسی کو حاصل نہیں۔"

شیطان کا سرمہ اور چٹنی

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان للشیطان کحلاً ولعوقاً))(مجمع 262/2)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان کا سرمہ اور چٹنی (بھی) ہے۔"

غیر نافع علم

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان علماً لا ینتفع به ککنز لا ینفق منه))

(کنز (29892)، والجامع 76/1)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس علم سے فائدہ نہ اٹھایا جائے وہ اس خزانے کی طرح ہے جو خرچ نہ کیا جائے۔"

حضور کا علم اور موت وحیات

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان علمی بعد موتی کعلمی بالحیاة))

(مسند فردوس)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرا علم موت کے بعد ایسا ہی ہوگا جیسا زندگی میں ہے۔"

حضرت عمار اور ہڈیوں کے گودے تک ایمان

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان عماراً ملیء ایماناً الی مشاشه))

(ابن ابی شیبۃ 22/11)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمار ہڈیوں کے گودے تک ایمان سے پر ہے۔"

حضرت عمار سر سے لے کر قدموں تک ایمان سے بھرے ہیں

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان عماراً ملیء ، ایماناً من فرق الی قدمیه))

(کنز (33531, 33540)، وحلیۃ 139/1، والفتح 92/7)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمار سر کی چوٹی سے لے کر قدموں تک ایمان سے بھرا ہوا ہے۔"

چچا باپ کا ہم شاخ ہوتا ہے

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان عم الرجل صنو ابیه))

(ابن سعد 17/1/4، وخطیب 68/10، وابن عساکر 237/7، 239)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کا چچا اس کے باپ کی ہم شاخ ہے (کیونکہ ان کا باپ مشترک ہے)۔''

مومن کی ران بھی شرمگاہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان فخذ المومن عورة))

(کنز (19152)، وترمذی فی: الادب (40)، حدیث (2797)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی ران شرمگاہ ہے (اس کا پوشیدہ رکھنا بھی لازم ہے)''

امت مرحومہ اور نیزہ و طاعون

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان فناء امتى بالطعن و الطاعون))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی فنا نیزہ اور طاعون سے ہوگی۔''

جنتی محافل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان في الجنة ارحية تدور بالعلماء))

(دیلمی 271/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں محافل ہوں گی جو علماء کے گرد گھومیں گی۔''

جنت میں غم رسیدہ لوگوں کا درجہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان في الجنة درجة لا ينالها الا اصحاب الهموم))

(دیلمی 269/1، والاتحاف 315/5، وکنز (6803)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک درجہ ہے جسے صرف غم رسیدہ لوگ حاصل کریں گے۔''

پنجگانہ نماز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان في الصلوات الخمس لشغلا للعباد))

(بخاری: 78/2، و83، 64/5، ومسلم فی: المساجد (34)، وابوداود (923) واحمد 409/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پنجگانہ نماز میں لوگوں کیلئے (عبادت) کا شغل ہے۔''

گول مول باتیں اور جھوٹ کی وسعت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان في المعاريض لمندوحة عن الكذب))

(بخاری فی: الادب (116)، والجامع 77/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گول مول (خلاف تصریح) باتیں جھوٹ کی گنجائش و وسعت رکھتی ہیں۔''

بنو ثقیف اور ایک جھوٹا وکذاب

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان فی ثقیف کذاباً و مبیراً))

(مسلم فی: فضائل الصحابۃ (229)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنی ثقیف میں ایک جھوٹا اور لوگوں کو ہلاک کرنے والا ہوگا۔"

حوض کوثر پر آسمان کے ستاروں کے برابر پیالے ہیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان فی حوضی من اباریق بعدد نجوم السماء))

(ترمذی رقم (2442) واحمد 225/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے حوض پر آسمان کے ستاروں کے برابر پیالے ہوں گے۔"

حلم و آہستگی اللہ کی پسندیدہ خصلتیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان فیك لخصلتین یحبهما اللہ ورسوله، الحلم، والا ناة))

(صحیح مسلم)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے اندر دو خصلتیں ہیں جنہیں اللہ اور اس کا رسول پسند کرتے ہیں۔ وہ حلم اور آہستگی ہے۔"

حضرت اسماعیل کی قبر

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان قبر اسماعیل فی الحجر))

(کنز (32312)، والجامع 78/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت اسماعیل کی قبر حجر اسود کے پاس ہے۔"

زیادہ کھانا برا ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان کثرة الاکل شوم))

(مشکوۃ (4238)، وابن عدی 244/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زیادہ کھانا برا ہے۔"

نماز پہلے کے تمام گناہوں کو مٹا دیتی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان کل صلاة تحط مابین یدیها من خطیئة))

(طبرانی 150/4، والجامع 298/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نماز ان گناہوں کو مٹاتی ہے جو اس سے پہلے سرزد ہوئے ہوں۔"

اللہ کے ایک فرشتے کا سر حضرت ادریس کی گود میں ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان للہ ملکا رأسه فی حجر ادریس یستغفر للخیاطین))

(دیلمی 399/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے ایک فرشتہ کا سر حضرت ادریس کی گود میں ہے، وہ درزیوں کے لئے بخشش مانگتا ہے۔''

اللہ کے بندے اور لوگوں کی کام

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان لله عباداً اختصهم بحوائج الناس))

(الجامع 78/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے ایسے بندے موجود ہیں جن کو اس نے لوگوں کے کام نمٹانے کیلئے لگا رکھا ہے۔''

ہر افطار کے وقت گنہگاروں کی جہنم سے آزادی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان لله عند کل فطر عتقاً من النار کل لیلة))

(ابن ماجة (1643)، واللآلی 54/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر افطار کے وقت رات میں اللہ آگ سے (گنہگاروں) کو آزاد کرتا ہے۔''

عقلمندوں پر بیوقوں کا غلبہ رہتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان للحمقی علی الاکیاس دولة))

(دیلمی 256/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عقلمندوں پر بیوقوفوں کا غلبہ رہتا ہے۔''

شیطان کے شکار اور جال

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان للشیطان مصاید و فخوخاً))

(کنز (1239)، والدر 116/4، والتاریخ 321/8، والجامع 80/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان کے کئی شکار اور کئی جال ہیں۔''

روزدار کی افطار کے وقت دعا رد نہیں کی جاتی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان للصائم عند فطره دعوة ماير د))

(الارواء 4/1، وابن ماجة (53

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ دار کی افطار کے وقت کی دعا رد نہیں کی جاتی۔''

کھانا کھا کر شکر ادا کرنے والے کا اجر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان للطاعم الشاکر من الاجر مثل ما للصائم الصابر))

(الجامع 80/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طعام کھا کر شکریہ ادا کرنے والے کیلئے روزہ دار صابر جیسا اجر ہے۔''

ایک قریشی کی قوت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ان للقرشی مثل قوة رجلین من غیر قریش))
(الجامع 80/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:ایک قریشی کی قوت دوغیر قریشیوں کے برابر ہے۔''

عورتوں کی طرح مخنثوں کے بھی رحم ہیں مگر اُلٹے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ان للمخثین ارحاماً کار حام النساء غیر انها نکوسة))
(دیلمی 257/1،حدیث(794)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:عورتوں کی طرح مخنثوں کے بھی رحم ہیں مگر اُلٹے۔''

حضور کے بیٹے حضرت ابراہیم کی رضاعت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ان لا براهیم ظئرا فی الجنة یتم رضاعه))
(کنز(32219)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:ابراہیم (آنحضرت کے صاحبزادہ) کیلئے جنت میں ایک دایہ ہے جوان کی مدت رضاعت پوری کرے گی۔''

خط کا جواب دینا سلام کے جواب دینے کی طرح لازم ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ان لجواب الکتاب حقاً کرد السلام))
(کنز(29293)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:خط کا جواب دینا سلام کے جواب دینے کی طرح لازم ہے۔''

ہر مرتبہ قرآن مجید ختم کرنے پر ایک مقبول دعا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ان لصاحب القرآن عند کل ختمة دعوة مستجابة))
(الجامع 80/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:قرآن پڑھنے والے کیلئے ہر ختم پر ایک مقبول دعا ہوتی ہے۔''

تکلیف اٹھانے اور خرچ کرنے کے برابر اجر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ان لك من الاجر علی قدر نصبك و نفقتك))
(دار قطنی 286/2،والاتحاف 434/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:تیرے لئے تکلیف اٹھانے اور خرچ کرنے کے برابر ثواب ہے۔''

ہر امت کا حواری ہوتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:ان لکل امة حواریاً، وحواری امتی الزبیر))

(احمد: 89/1، 102، بغوی 153/1، و بخاری: 33/4، 70

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر امت میں ایک حواری ہوتا ہے۔ میری امت کا حواری زبیر ہے۔''

مسجد کی طرف جانے والے ہر قدم پر اجر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لكل خطوة تخطوها الى المسجد درجة))

(احمد 263/5، بخاری: اذان (30)، مسلم: مساجد (257, 279

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک قدم پر جس کو تو مسجد کی طرف اٹھاتا ہے ایک درجہ ہے۔''

ہر ایک کی انتہا موت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان كل ساع غاية، وغاية كل ساع الموت))

(کنز (1765, 942131، والجامع 81/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر دوڑنے والے کی انتہا ہوتی ہے اور ہر دوڑنے والی کی انتہا موت ہے۔''

روزہ عبادت کا دروازہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لكل شى ء باباً، وباب العبادة الصيام))

(الاتحاف 192/4، وکنز (23585)، وابن المبارک (500)، ودیلمی (4992)، والجامع 81/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شے کا دروازہ ہوتا ہے اور عبادت کا دروازہ روزہ ہے۔''

جنت کا راستہ علم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لكل شى ء طريقاً، وطريق الجنة العلم))

(دیلمی: 252/1، (778)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شے کیلئے ایک راستہ ہوتا ہے اور جنت کا راستہ علم ہے۔''

ہر چیز کی نسبت ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لكل شى ء نسبة، ونسبة الله (قل هو الله احد))

(الجامع: 146/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک شے کی نسبت ہوتی ہے اور اللہ کی نسبت (نسب نامہ) قل ہو اللہ احد ہے۔''

دل کی پالش

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لكل صدأ جلاء، وجلاء القلوب الاستغفار))

(کنز (2103)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر زنگ آلود چیز کی پالش ہوتی ہے اور دل کی پالش استغفار ہے۔''

حضور کے امین

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لكل نبي اميناً، و اميني ابو عبيدة))
(کنز (33480)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک نبی کا امین ہوتا ہے اور میرا امین ابوعبیدہ ہے۔''

جنت کے دروازوں کی دو چوکھٹوں کا درمیان فاصلہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان مابين مصراعين في الجنة كمسيرة اربعين سنة))
(صحیحہ: (1698)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت (کے دروازوں) کی دو چوکھٹوں کے درمیان چالیس سال کا فاصلہ ہوگا۔''

بعض تقریر اور شعر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من البيان سحراً، وان من الشعر حماً))
(ابوداود فی: الادب (87)، وترمذی فی: الادب (69)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بعض تقریر اور بیان سحر ہوتا ہے اور بعض شعر حکمت ہوتے ہیں۔''

محفل کی ادنی جگہ پر راضی ہونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من التواضع الرضا بالدون من شرف المجالس))
(کنز (5733)، وتنزیہ 259/2، ومجمع 59/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اونچی محافل میں بیٹھنے کی ادنیٰ جگہ پر راضی ہو جانا تواضع میں سے ہے۔''

مہمان کو رخصت کرتے گھر کے دروازے تک نکلنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من السنة ان يخرج الرجل مع الضيعف الى باب الدار))(ابن ماجه رقم (4458)، والاتحاف 260/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہمان کے ساتھ گھر کے دروازہ تک نکلنا سنت ہے۔''

اپنی اولاد کو اولاد نہ ماننا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من الكبائر ان ينتفى الرجل من ولده))
(کنز: (15326)، ومغنی عن حمل الاسفار 17/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی اولاد سے نفی کرنا (ان کو اپنی اولاد نہ ماننا) گناہ کبیرہ ہے۔''

اچھے اخلاق والا محبوب سول ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من احبكم الى احسنكم اخلاقاً))
(احمد 189/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے تم میں سے وہ زیادہ پیارا ہے جس کے اخلاق اچھے ہوں۔''

چھوٹوں سے علم طلب کیا جانا قیامت کی نشانی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من اشراط الساعة ان يلتمس العلم على الاصاغر))

(کنز (38425)، وصحیحہ (695

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ قیامت کی نشانیوں میں سے ہے کہ چھوٹوں سے علم طلب کیا جائے گا۔''

بیٹھ کر نماز پڑھنے سے نصف ثواب ملتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان للقاعد فى الصلاة نصف اجر القائم))

(کنز (20198)، وعبدالرزاق (4122)، وترمذی فی: الصلاۃ (157)، وابن ماجۃ فی: الاقامۃ (141)، والنسائی فی: اللیل (20)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیٹھ کر نماز پڑھنے کا ثواب کھڑا ہو کر پڑھنے سے نصف ہے۔''

گوشت کھاتے وقت دل کو فرحت حاصل ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان للقلب فرحة عند اكل اللحم))

(کنز (41006)، والموضوعات 304/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گوشت کھاتے وقت دل کو فرحت حاصل ہوتی ہے۔''

حاسدوں سے بچنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لاهل النعم حساد فاحذ روهم))

(الاتحاف 54/8، والتذکرہ (205

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نعمت والوں کے حاسد ہوتے ہیں، ان سے بچتے رہنا۔''

حق دار کا سخت بولنا جائز ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لصاحب الحق مقالاً))

(بخاری 130/3 و 153 و 155 و 511، ومسلم فی: المساقاۃ (140)، وترمذی (1317

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حقدار کو تیز بولنا ہی ہوتا ہے۔''

حضرت لقمان کا مقولہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لقمان قال: ان الله اذا استودع شيئاً حفظه))

(الاتحاف: 400/6

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت لقمان نے کہا: جس چیز کو اللہ امانت رکھے تو اس کی حفاظت کرتا ہے۔''

امت مسلمہ کی آزمائش دولت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لكل امة فتنة، وفتنة امتى المال))
(الحاکم 318/4، وابن سعد 134/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر امت کیلئے آزمائش ہوتی ہے اور میری امت کی آزمائش مال ہے۔"

قبر کا دروازہ پاؤں کی طرف سے ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لكل بيت باباً، وباب القبر من تلقاء رجليه))
(کنز (42380)، ومجمع 43/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر گھر کا دروازہ ہوتا ہے اور قبر کا دروازہ پاؤں کی طرف سے ہے۔"

دین اسلام کی خوبی حیاء ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لكل دين خلقاً، وان خلق الاسلام الحياء))
(معجم صغیر 12/1، وحلیہ 363/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر دین کی کوئی خوبی ہوتی ہے اور اسلام کی خوبی حیاء ہے۔"

دل کا پھل اولاد ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لكل شجرة ثمرة، وثمرة القلب الولد))
(کنز (45415)، ومجمع 81/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر درخت کا پھل ہوتا ہے اور دل کا پھل اولاد ہے۔"

مساجد کا کوڑا...... قسمیں اور کثرت حلق

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لكل شيء قمامة، وقمامة المسجد: لا والله وبلي والله)) (کنز (20833)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک شے کا کوڑا (بے کار بات) ہے اور مساجد کا کوڑا لا واللہ اور بلی واللہ ہے (یعنی کثرت حلف اور قسمیں اُٹھانا)۔"

ہر شے کی فراست ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لكل شيء فراسة، وانما يعرفها الاشراف))
(کنز (40733)، وکشف 42/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر شے کی فراست ہوتی ہے جسے اشراف ہی جانتے ہیں۔"

حضرت معاویہ کی جیت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان معاوية لا يصارع احداً الا صرعه معاوية))

(کنز(7508, 3655)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: معاویہ جس کے ساتھ بھی کشتی لڑے گا اسے گرا لے گا۔''

ہر گھنٹی کے ساتھ شیطان ہوتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان مع کل جرس شیطاناً))

(ابوداود: رقم(4230)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر گھنٹی کے ساتھ شیطان ہے۔''

ہر من چاہی چیز کھانا فضول خرچی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان من السرف ان تاکل کل ما اشتھیت))

(ابن ماجہ رقم(3352)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ بات فضول خرچی کی ہے کہ تو جو چاہے کھا لے۔''

بعض علم پوشیدہ چیز کی مثل ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان من العلم کھیئۃ المکنون))

(الاتحاف 166/1، وکنز(28942)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بعض علم مثل پوشیدہ چیز کے ہیں۔''

بوڑھے مسلمان کی عزت کرنے کا اجر

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان من اجلالی توقیر الشیخ من امتی))

(کنز(6013)، ومیزان(9801)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے بوڑھے کی عزت کرنا میری عزت کرنا ہے۔''

مسلمان کی ناحق ہتک کرنا گناہ کبیرہ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان من اربی الربا الاستطالۃ فی عرض المسلم بغیر حق))

(ابوداود(4876)، والاتحاف 537/8، ومشکوۃ(5054) والجامع 82/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کی ناحق ہتک کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔''

حضور کے بعض اصحاب جدائی کے بعد زیارت سے محروم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان من اصحابی من لا یرانی بعد مفارقتی))

(مجمع: 112/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بعض اصحاب ایسے ہیں کہ وہ جدائی کے بعد مجھے نہ دیکھیں گے۔''

عرب کی ہلاکت قیامت کی نشانی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من اقتراب الساعة هلاك العرب))

(کنز: (38628)، التاریخ الکبیر، 345/4، وترمذی (2929)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عرب کا ہلاک ہونا قرب قیامت کی علامات میں سے ہے۔"

صف کو درست کرنا نماز کی تکمیل کے لیے لازم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من تمام الصلاة اقامة الصف))

(عبدالرزاق: ۵۲۴۲ (، وطبرانی 198/2، ومجمع 89/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صف کا درست کرنا نماز کے کمال سے ہے۔"

انسانوں کو فروخت کرنے والے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من شرار الناس الذين يبيعون الناس))

(کنز (9391)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ بہت برے لوگ ہیں جو انسانوں کو فروخت کرتے ہیں۔"

معیشت کو درست کرنا عقل مندی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من عقل الرجل استصلاح معيشته))

(دیلمی: 263/1: (812)، تنزیہ الشریعۃ 214/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی معیشت کو درست کرنا انسان کی عقلمندی میں سے ہے۔"

مسلمان کو کھلانا اسباب مغفرت سے ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من موجبات المغفرة اطعام المسلم))

(ترغیب 64/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کو کھانا کھلانا اسباب مغفرت میں سے ہے۔"

مدینہ کی مثال بھٹی کی طرح ہے جو میل کچیل دور کرتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما المدينة كالكير، تنفي خبثها، وتنصع طيبها))

(مسلم فی: الحج (489)، وترمذی (3920)، ونسائی 151/7، وموطا (886)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مدینہ بھٹی کی طرح میل کو دور کرتا ہے اور خوبی کو بناتا ہے۔"

اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما الاعمال بالخواتيم))

(الاتحاف 206/9، وبخاری 129/8، وکنز (5286)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے (اگر خاتمہ بخیر ہوا تو اعمال اچھے ورنہ خیر نہیں)۔''

روزے میں امانت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما الامانة فى الصوم))(مغنى 430/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزے میں امانت ہے۔''

خروج منی سے غسل لازم ہو جاتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انماالغسل من الماء الدافق))(كنز (27061)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (بدون جماع) خروج منی سے غسل لازم ہوتا ہے۔''

دوستی سوچ سمجھ کر کرنی چاہئے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما المرء بخليله، فلينظر المرء من يخائل))
(كنز(24731)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان اپنے دوست کے نظریات پر ہوتا ہے پس دیکھنا چاہیے کہ کس سے دوستی کرتا ہے۔''

اطاعت کرنا نیکی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما الطاعة من المعروف))

(بخاری 79/9، ومسلم فی: الامارة (40,39)، ونسائی فی: البیعۃ: باب (32)، واحمد 82/1، 123)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تابعداری کرنا نیکی ہے۔''

شفاعت گناہ کبیرہ والوں کے لیے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما الشفاعة لاهل الكبائر))

(الاتحاف 581/9، وکنز (39549)، ومغنی 304/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شفاعت گناہ کبیرہ والوں کیلئے ہوگی۔''

وتر رات کی نماز ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما الوتر بالليل))

(موطا 281/1، وبیہقی 389/2، وعبدالرزاق (4607)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وتر رات کی نماز ہے۔''

عورت نماز میں لقمہ کیسے دے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما التصفيق للنساء))

(بخاری 175/1، 84/2، 89، 238/3، ومسلم فی: الصلاۃ (102)، ونسائی فی: السہو: باب (4) وابوداود فی: استفتاح الصلاۃ، باب (58) واحمد 330/5)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (نماز میں) عورتیں تالی (سے لقمہ) دے سکتی ہیں۔"

محتاج پر صدقہ دینا لازم نہیں

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم: انما الصدقة عن ظهر غنی))

(احمد 501/2، وبیہقی 181/4، وابن خزیمۃ (2441)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ اس وقت دینا چاہیے جب خود محتاج نہ ہو۔"

احرام باندھنے والا خوشبو نہ لگائے اور نہ ہی بال سنوارے

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم: انماالحاج الشیعث التفل))

(ترمذی فی تفسیر سورۃ (6,3)، وابن ماجۃ فی: المناسک (6)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حاجی بکھرے ہوئے بالوں والا اور میلا ہوتا ہے (احرام باندھنے کے بعد خوشبو اور مانہ کرے اور بدن کی میل نہ اتارے)۔"

بیٹا آدمی کا امدادی ہوتا ہے

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انما ابنک سهم من کنانتک))

(کنز (45951)

ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرا لڑکا تیرے ترکش کا تیر ہے۔"

حکم ظاہر کے لیے ہے، باطنی بھیدوں کا اللہ مالک ہے

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم: انما احکم بالظاهر، و اللہ یتولی السرائر))

(تذکرۃ (86)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ظاہر پر حکم کرتا ہوں، باطنی بھید کا اللہ مالک ہے۔"

اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنا اور حاجتیں طلب کرنا

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انما اقنت بکم، لتدعوا ربکم، وتسالوه حوائجکم))

(دیلمی 418/1، والدر 307/1، والمطالب (454)، ومجمع 138/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے ساتھ دعا کرتا ہوں تاکہ تم اپنے رب سے دعا مانگو اور حاجتیں طلب کرو۔"

نماز کے لیے وضو کا حکم

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم: انما امرت بالوضوء اذا قمت الی الصلاۃ))

(ابوداود: رقم (3790) ونسائی فی الطہارۃ: باب (100)، واحمد 282/1، 359)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز کیلئے کھڑے ہوتے وقت مجھے وضو کا حکم دیا گیا ہے۔"

حضور نبی کریم کی عاجزی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما انا عبد آكل كما ياكل العبد))

(الاتحاف 214/5 وابن المبارک (553)، والاخلاق (97)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں بندہ ہوں، بندوں کی طرح کھاتا ہوں۔''

دین میں اختلاف ہلاکت کا سبب ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما اهلك من كان قبلكم الاختلاف))

(کنز (971)، واحمد 419/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگلے لوگوں کو اختلاف نے ہلاک کیا تھا۔''

حج کا کمال

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من تمام الحج ان تحرم من دويرة اهلك))

(کنز (11907) والدر 208/1، والجامع 83/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حج کا کمال یہ ہے کہ تو اپنے گھر سے احرام باندھ کر نکلے۔''

قرآن سیکھنے اور سکھانے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من خيار كم من تعلم القرآن و علمه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے وہ بہتر ہے جس نے قرآن سیکھا اور سکھایا۔''

اللہ کے برگزیدہ بندوں کی نشانی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من عباد الله من لو اقسم على الله لابره))

(بخاری فی صلح (8)، ومسلم (1302)، واحمد 1283 و 168 و 284، وبیہقی 25/8، 4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسے بھی اللہ کے بندے ہیں کہ اگر اللہ کے نام پر قسم کھائیں تو اللہ اسے پوری (سچی) کرتا ہے۔''

مسلمان کو خوش کرنا اسباب مغفرت سے ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان من موجبات المغفرة اذخال السرور على المسلم))

(کنز (16372)، والاتحاف 172/8، والترغیب 64/2، والجامع 83/1-4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بخشش کے اسباب سے ایک یہ ہے کہ مسلمان کو خوش کیا جائے۔''

کسی چیز کے خارج ہونے سے روزہ نہیں ٹوٹتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما الا فطار مما دخل، وليس مما خرج))

(مسند ابی یعلی موصلی

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ کسی چیز کے (بدن میں) داخل ہونے سے ٹوٹتا ہے نہ کہ خارج ہونے سے۔"

ایمان قمیض کے مشابہ ہے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انما الایمان بمنزلۃ القمیص، مرۃ تقمصہ، رۃ تنزعہ)) (کنز (1323)، والدر 9/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان ایک قمیض کی طرح ہے، کبھی تو اس کو پہنتا ہے اور کبھی اتار دیتا ہے۔"

اطاعت نیک کام میں ہے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انما الطاعۃ فی المعروف))

(بخاری 79/9، ومسلم فی: الامارۃ (40,39)، ونسائی فی: السبعیۃ: باب (32)، واحمد 82/1، 124)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تابعداری نیک امر میں ہوتی ہے۔"

غلام کے ترکہ کا وارث اس کو آزاد کرنے والا ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انما الولاء لمن اعتق))

(بخاری 123/1، 158، و 94/3، 96، ومسلم فی: العتق (15,17,8,6,5)، وابوداود فی: العتق: باب (2) وترمذی 21)، ونسائی فی الطلاق، باب (31,30)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غلام کے ترکہ کا وارث غلام کو آزاد کرنے والا ہے۔"

خروج منی سے غسل لازم ہو جاتا ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انما الماء من الماء))

(مسلم فی الحیض: (81)، واحمد 47/3)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (بغیر جماع) غسل خروج منی سے بھی ہوتا ہے۔"

قسم کے دو نتائج

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انما الحلف حنث او ندم))

(ابن ماجہ: رقم (2103)، وطبرانی فی الصغیر 112/2، وابن حبان (2175)، والکشف 347/1، 558/1)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم کا نتیجہ حانث ہونا ہے یا پشیمانی۔"

لوگوں کی مثال

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انما الناس کابل مائۃ، لا تجد فیھا راحلۃ))

(بخاری 130/8)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ ان سو اونٹوں کی طرح ہیں جن میں تو ایک بھی سواری کے لائق نہیں پاتا۔"

انگوٹھی کس انگلی میں پہنی جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما الخاتم لهذه وهذه، يعني: الخنصر، والبنصر))
(کنز (17284)، ومجمع 153/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انگوٹھی چھنگلیا میں یا اس کے ساتھ والی انگلی میں پہنی جائے۔''

نماز سکون، عاجزی اور تواضع کا نام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما الصلاة تمسكن و تضرع وتواضع))
(احمد 167/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز سکون، عاجزی اور تواضع اختیار کرنے کا نام ہے۔''

آیت سجدہ سننے والے پر بھی سجدہ تلاوت لازم ہو جاتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما السجود على من استمع))
(بخاری فی: السجود (10))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سجدہ تلاوت اس پر بھی لازم ہوتا ہے جس نے آیت سجدہ سنی ہو۔''

علم سیکھنے سے آتا ہے اور بردباری نرم بننے سے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما العلم بالتعلم، وانما الحلم بالتحلم))
(حلیۃ 174/5، وابن عساکر 57/1، 316/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم سیکھنے سے آتا ہے اور بردباری نرم بننے سے۔''

بادشاہ زمین پر اللہ کا سایہ اور اس کا نیزہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما السلطان ظل الله في الارض ورمحه))
(بیہقی 162/8، والفوائد (210)، والتذکرۃ (182))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بادشاہ زمین پر اللہ کا سایہ اور اس کا نیزہ ہے۔''

اتنا ثواب ملے گا جتنا آدمی خرچ کرے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما اجرك في عمرتك على قدر نفقتك))
(حاکم 472/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمرہ میں تیرا ثواب بقدر تیرے خرچ کرنے کے ہے۔''

کسی کی راحت کے لیے نماز کو مختصر کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما اسرعت لتفريح ام الصبي بصبيها))
(کنز (20459))

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اس لئے جلدی (سے نماز پڑھائی) کہ بچے کی ماں بچے کے ساتھ خوش ہو جائے۔"

حضور کا غصہ فرمانا

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما انا بشر اغضب كما يغضب البشر))

(مسلم فی: البر (95)، واحمد 243/2، وحلیۃ 208/7، وابوداود فی السنۃ (10)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں انسان ہوں اور انسانوں ہی کی طرح غصہ ہوتا ہوں۔"

مکارم اخلاق کی تکمیل

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما بعثت لا تمم مكارم الاخلاق))

(بیہقی 192/10، والاتحاف 171/6 و 93/7 و 331)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں مکارم اخلاق کی تکمیل کیلئے بھیجا گیا ہوں۔"

اللہ تعالیٰ رحیم بندوں پر رحم فرماتا ہے

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما يرحم الله من عباده الرحماء))

(بخاری 100/2، ومسلم فی: الجنائز: (11)، والنسائی فی: الجنائز: ب (1)، وابوداود فی: الجنائز: باب (28)، وابن ماجۃ (1577)، واحمد 204/5 و 207)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ اپنے بندوں میں سے رحیم بندوں پر رحم کرتا ہے۔"

مذی کے خروج پر بس وضو لازم ہوتا ہے

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما يجريك من ذلك الوضوء يعني: المذى))

(ابوداود (210)، وترمذی (115)، وابن ماجۃ (506)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مذی کے خروج سے تجھے صرف وضو کافی ہے۔"

لڑکی اور لڑکا کا پیشاب اور کپڑا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما يغسل بول الجارية، وينضح بول الغلام))

(طبرانی 5/3 والجامع 87/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لڑکی کا پیشاب خوب دھویا جائے اور لڑکے کے پیشاب کو ہلکا سا دھویا جائے۔"

حضور مبلغ بن کر تشریف لائے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما بعثني الله مبلغاً، ولم يبعثني متعنتاً))

(ترمذی رقم (3318)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ کو اللہ نے مبلغ بنا کر بھیجا ہے، لعنت کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا۔"

اللہ تعالیٰ کا مردوں کو ان کی نیت مطابق اٹھانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما يبعث الله على نياتهم))

(ابن ماجۃ (4229)، والاتحاف 296/7، والترغیب 57/1، والجامع 7/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ مردوں کو ان کی نیتوں کے مطابق اٹھائے گا۔''

ریشم کو پہننے کے لیے خریدنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما يشتريه من لا خلاق له، يعني: الحرير))

(احمد: 49/1، وکنز (41218))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ریشم کو وہ خریدتا ہے جس کا دین میں حصہ نہ ہو۔''

مومن کی مثال کھجور کی سی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما مثل المومن مثل الشجرة لا يسقط ورقها))

(طبرانی 342/12، وکنز (790))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی مثال اس درخت کی ہے جس کے پتے نہ جھڑتے ہوں۔''

مردار کا گوشت حرام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما حرم من الميتة لحمها))

(بخاری 158/2 و 107/3 و 125/7، ومسلم فی: الحیض (101,100)، وابوداود فی اللباس: باب (40)، ونسائی 172/7، وابن ماجۃ (2610)، واحمد 261/1 و 262 و 330 و 329/6، ودارمی 86/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مردار کا گوشت حرام ہے۔''

حضور رحمت ہی رحمت بنا کر بھیجے گئے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما بعثت رحمة، ولم ابعث لعاناً))

(مسلم فی: البر والصلۃ (87))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں رحمت کرنے والا بنا کر بھیجا گیا ہوں، لعنت کرنے والا نہیں۔''

خواہشات کی پیروی اور خود ثنائی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما هلاك الناس باتباع الهوى وحب الثناء))

(مغنی 227/2، والاتحاف 239/8، وتذکرۃ (177))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کی ہلاکت خواہشات کی پیروی اور خود ثنائی میں ہوگی۔

علمائے سوء کی پیروی ہلاکت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما هلكت بنو اسرائيل حيث اطاعوا

خبار))(الجامع 422/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنی اسرائیل نے جب اپنے (برے) علماء کی تابعداری کی تو ہلاک ہو گئے۔"

بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک ہی ہیں

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انما بنو هاشم و بنو المطلب شیء واحد))

(ابوداود (2978)، وبیہقی 149/2 و150، 341/6 و342 و365)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک چیز ہیں۔"

وِگ لگانے والوں پر لعنت

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انما قد لعن الموصلات))

(بخاری 174/6، 214/7، مسلم اللباس، باب 33 رقم (118)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بالوں میں بناوٹی بال ملانے والیوں پر لعنت ہے۔"

ریشم پہننے والا

(قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انما یلبس الحریر من الاخلاق له))

(بخاری 194/7، 28/8، مسلم اللباس، باب 12 رقم (13)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ریشم وہ پہنتا ہے جس کا (دین اور آخرت میں) کوئی حصہ نہ ہو۔"

امت مسلمہ کی امداد کمزروں کے وسیلہ سے

(قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انما ینصر الله هذه الامة بضعفانها))

(نسائی 45/6، وبیہقی 331/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ اس امت کی امداد بوجہ اس کے کمزوروں کے کرتا ہے۔"

دینی علم خوب جانچ پڑتال کر کے حاصل کرنا چاہئے

(قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان هذا العلم دین، فلینظر احد کم من یاخذ دینه))(کنز (29274)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ دین کا علم ہے۔ تم میں سے ہر ایک کو دیکھنا چاہیے کہ وہ اپنا دین کس سے لے رہا ہے۔"

وہ رحم میں مقدور ہو چکا وہ ہو کر رہے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انما قدر قدر فی الرحم سیکون))

(نسائی فی: النکاح (55)، واحمد 450/3)

""رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو رحم میں مقدر ہو چکا ہے وہ ہو کر رہے گا۔"

راستہ بھلانا شیطان کا کام ہے

((قال رسولَ الله صلى الله عليه وسلم: انما تفرقكم في الشعاب والا ودية من الشيطان))

(ابوداود فی الجہاد (88)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گھاٹیوں اور نالوں میں تمہارا متفرق ہو جانا شیطان کی وجہ سے ہے۔''

حضرت عمر کا زہد و یقین

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما غلب عمر الناس بالزهدو اليقين))

(بخاری 66/7، وترمذی (2709)، ونسائی فی: القسامۃ: باب (47)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمر لوگوں پر زہد اور یقین کے سبب غالب ہوا۔''

شرمگاہ کو چھونے سے وضو ختم نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما هو بضعة منك، يعني ذكره))

(دارقطنی 149/1، وحلیہ 103/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرا آلہ تناسل بھی تیرے جسم کا ایک حصہ ہے (اس کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا)''

کپڑا تین چیزوں کی وجہ سے دھونا لازم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما يغسل الثوب من البول و المذى والمنى))

(متناہیہ 332/1، وتلخیص 32/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کپڑا پیشاب اور منی ومذی کی وجہ سے دھویا جائے۔''

حضور رحمت بنا کر بھیجے گئے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما بعثت رحمة، ولم ابعث عذاباً))

(الاتحاف 107/7، والدلائل 15/1، ومغنی 361/2، والجامع 86/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں رحمت کے ساتھ بھیجا گیا ہوں۔ عذاب کے ساتھ نہیں۔''

مقتول اپنی نیتوں کے مطابق اُٹھائے جائیں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما يبعث المقتتلون على النيات))

(الجامع 87/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مقتول اپنی نیتوں کے مطابق اٹھائے جائیں گے (ریاکار ریا کے قتل میں اور مخلص اخلاص میں)۔''

جنتی ہمیشہ جنت میں راحت پائے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما يستريح من دخل الجنة)) (كنز (43773)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جنت میں داخل ہوگا وہ راحت پائے گا۔"

مردار کا چمڑا رنگنے کے بعد استعمال کرنا جائز ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انما حرم علیکم لحمها، ورخص لکم فی مسکها))

(بخاری 158/2، ومسلم فی الحیض (101,100)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مردار کا گوشت تم پر حرام کیا گیا اور اس کے چمڑے کی اجازت دی گئی ہے۔"

سیدہ فاطمہ سے محبت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انما فاطمة بضعة منی، فمن اغضبها اغضبنی))

(مجمع (77990) ومسلم فی: فضائل الصحابة (94)، وترمذی (3869)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فاطمہ میرا ٹکڑا ہے جس نے اس کو غصہ کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔"

مساجد...... عبادت و شرعی فیصلے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انما بنیت المساجد لذکر الله و الحکم))

(ابن حبان 246، کنز (20797)، ومسلم المساجد (80-81)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجدیں اللہ کی یاد اور شرعی فیصلے کرنے کیلئے بنائی گئی ہیں۔"

امت مسلمہ پر جہنم کی گرمی حمام کی گرمی کی طرح ہوگی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انما حر جهنم علی امتی مثل الحمام))

(کنز (34453)، وتذکرۃ (92)، وضعیفہ (709)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت پر جہنم کی گرمی حمام کی گرمی کی طرح ہوگی۔"

پہلے لوگ کتاب اللہ میں اختلاف کرنے کے سبب ہلاک ہوئے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انما هلك من کان قبلکم باختلافهم فی الکتاب))

(بخاری 117/9، ومسلم (131)، واحمد 192/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگلے لوگ کتاب اللہ میں اختلاف کرنے کے سبب ہلاک ہوئے۔"

سوار کے زادِ راہ جتنی دنیا کافی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انما یکفی احد کم من الدنیا کزاد الراکب))

(ترغیب 223/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے لئے سوار کے زادِ راہ جتنی دنیا کافی ہے۔"

جو بخش دیا گیا وہ کامیاب ہو گیا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انما یستریح من غفرله))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بخشا گیا وہ آرام میں رہے گا۔''

گناہ پر اصرار کرنے والا دیوانہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انما المجنون المقيم على معصية الله تعالىٰ))
(مسانید 96/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو گناہ پر ڈٹا رہے وہ دیوانہ ہے۔''

علم دین اور استاد

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان هذا العلم دين، فانظروا عمن تاخذون دينكم))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ دین کا علم ہے۔ دیکھنا تم اپنا دین کس سے حاصل کرتے ہو۔''

حضرت عثمان سے بغض رکھنے والے سے اللہ ناراض ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان هذا يبغض عثمان، فابغضه الله))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ عثمان سے بغض رکھتا ہے، اس لئے اللہ اس سے ناراض ہے۔''

نماز میں گفتگو جائز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان هذه الصلاة لا يحل فيها شيء من كلام الناس))(ابو داود (930)، وابو عوانه 1421)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ نماز ہے، اس میں لوگوں کی کسی قسم کی باتیں جائز نہیں۔''

آل محمد کے لیے صدقہ جائز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا آل محمد لا تحل لنا الصدقة))
(مسلم فی الزکوۃ (161)، ومصنف عبدالرزاق: (6939) الاتحاف 170/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم جو آل محمد ہیں ہمارے لئے صدقہ حلال نہیں۔''

اہل بیت اطہار کے لیے صدقہ وزکوۃ لینا جائز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا اهل بيت لا تحل لنا الصدقة))
(ابن سعد 521/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم اہل بیت کیلئے صدقہ حلال نہیں۔''

مشرکین کے مقابلہ میں مشرکین کی امداد

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا لا نستعين بالمشركين على المشركين))
(الجامع 84/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم مشرکین کی امداد مشرکین کے مقابلہ کیلئے نہیں لیتے۔''

کسی نبی کا دنیاوی وارث نہیں ہوتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انا لا نورث، ما ترکناه صدقة))
(بخاری فی: الخمس (1)، ومسلم فی: الجهاد (49-52, 54, 56)، وابوداود فی: الامارة (19)، والترمذی فی: السیر (44)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم (حضرات انبیاء) کسی کو وارث نہیں بناتے۔ جو کچھ ہم نے چھوڑا وہ صدقہ ہے۔''

انبیاء کرام کی آزمائش دوگنا ہوتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انا معشر الانبیاء یضاعف لنا البلاء))
(احمد 94/3، والفتح: 140/8، والجامع الصغیر: 83/1)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم جماعت انبیاء کیلئے مصیبت دوچند ہوتی ہے۔''

حضور کا وعظ فرمانا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انا نخطب، فمن احب فلیجلس))
(ابوداود (1155)، ونسائی 233/1، وابن ماجة (1290)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم وعظ کہیں گے، جو چاہے وہ بیٹھ جائے۔''

شرمگاہ کو برہنہ کرنا منع ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انا نهینا ان تری عوراتنا)) (سنن ابی داود)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم منع کئے گئے ہیں اس سے کہ ہماری شرمگاہیں دیکھی جائیں۔''

بعد از زمانہ رسالت اہل بیت کی تکلیف

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انکم ستبتلون اهل بیتی من بعدی))
(کنز (30877)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میرے بعد میرے اہل بیت کو تکلیف پہنچاؤ گے۔''

قبر کی آزمائش دجال کے فتنہ کی مثل ہوگی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انکم تفتنون فی القبور کفتنة الدجال))
(مسلم: المساجد: 123، والنسائی: 135/3)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال کے فتنہ کی طرح قبر میں تمہاری آزمائش کی جائے گی۔''

حضور اللہ کا دیا ہوا تقسیم فرماتے ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: انا ابو القاسم، الله یعطی، وانا اقسم))
(شرح معانی الاثار: 337/4، ودلائل نبوة 78/1، والحاکم 2042)
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ابوالقاسم ہوں۔ اللہ دیتا ہے اور میں تقسیم کرتا ہوں۔''

ذمہ داری پوری کرنے والے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا احق من وفى بذمته))

(ابن ابن شیبہ 290/9، وعبدالرزاق (18564)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ان کا حقدار ہوں جو اپنی ذمہ داری کا ایفاء کرتے ہیں۔''

حضور سب لوگوں سے زیادہ شریف النسب ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا اشرف الناس حسباً ولا فخر))

(کنز (32044)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں سب لوگوں سے زیادہ شریف النسب ہوں اور اس میں کوئی فخر نہیں کر رہا۔''

قیامت کے دن سب سے پہلے حضور اپنی قبر انور سے نکلیں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا اول من تنشق عنه الارض ولا فخر))

(ترمذی (3148)، (3592)، بیہقی (4308)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں وہ ہوں جس سے زمین (قبر) پہلے کھلے گی اور اس میں کوئی فخر نہیں کر رہا۔''

قیامت کے دن سب سے پہلے حضور اللہ کو سجدہ کریں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا اول من يوذن له في السجود))

(مجمع 2251، بیہقی 172/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں وہ ہوں جسے (قیامت میں) سب سے پہلے سجدہ کرنے کی اجازت دی جائے گی۔''

روزِ قیامت سب سے پہلے حضور شفاعت کریں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا اول شفيع يوم القيامة))

(مسلم فی: الایمان 332، واحمد 140/3، وکنز (31996)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے روز سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا۔''

زمانہ نبوت میں حضرت عیسیٰ کا قرب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا اولى الناس بعيسى ابن مريم))

(بخاری 203/4، ومسلم: الفضائل 143، 144، 145، وابوداود (4675)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب لوگوں سے زیادہ میں (نبوت میں) عیسیٰ ابن مریم کا قریبی ہوں۔''

دین اسلام میں نرمی کے ساتھ دیکھو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان هذا الدين متين، فانظروا فيه برفق))

(کنز (5350)، (5351)، الاتحاف 161/5، بیہقی 18/3، 19)

(ر)سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ دین محکم ہے، اس کے اندر نرمی کے ساتھ دیکھو۔"

قرآن اللہ کی مہمانی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان هذا القرآن مادية الله، فاقبلوا من ماديته (م)ا استطعتم))(الحاكم 555/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ قرآن اللہ کی مہمانی ہے، جتنا ہو سکے اللہ کی مہمانی سے قبول کرو۔"

عہدہ امارت کا طالب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا لن نستعمل على عملنا من اراده))

(بخاری 115/3، 19/9، مسلم الامارہ، باب 3 رقم 15)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص درخواست کرے ہم اس کو اپنے کام کا عہدہ (امارت) نہیں دیں گے۔"

مشرکین کی کوئی چیز قبول نہ کی جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا لا نقبل شيئاً من المشركين))(احمد 403/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم مشرکین سے کوئی چیز قبول نہیں کریں گے۔"

کتایا تصویر والے گھر سے پرہیز کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا لاتدخل بيتاً فيه كلب ولا صورة))

(احمد: 148/1، الترغیب والترہیب 68/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم اس گھر میں داخل نہیں ہوں گے جس میں کتا یا تصویر ہو۔"

مال زکوۃ کی کوئی چیز قبضہ میں لینے سے پہلے فروخت نہیں کی جاسکتی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا لانبيع شيئاً من الصدقات حتى نقبضه))

(طبرانی: فی الکبیر 7/18)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم مال زکوۃ میں سے کوئی چیز قبضہ کرنے سے پہلے فروخت نہیں کرتے۔"

حضور ہدیہ قبول فرمالیتے تھے صدقہ نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا ناكل الهداية، ولا ناكل الصدقة))

(مسلم: (751)، احمد 200/1، الشمائل: 17)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم ہدیہ (نذرانہ) کھاتے ہیں، صدقہ نہیں کھاتے۔"

حضرت عثمان اور حضرت ابرہیم خلیل اللہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا نشبه عثمان بابينا ابراهيم عليه الصلاة والسلام))

(دیلمی: 88/1: (155)، عقیلی: 154/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم عثمان کو اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔''

ثواب کی غرض سے کیا جانے والا کام فائدہ مند ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انك مع من احببت، لك ما احتسبت))

(بخاری: 48/8، مسلم: البر والصلۃ، 163، ابوداود الادب باب: 123)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو ان کے ساتھ ہوگا جن کے ساتھ محبت کی۔ تیرے فائدہ کیلئے ہے جو تو نے ثواب کی غرض سے کیا۔''

قیامت میں اللہ کا دیدار

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انكم سترون ربكم يوم القيامة عياناً))

(کنز (39213)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے رب کو قیامت کے روز (اپنی آنکھوں سے) ظاہر دیکھو گے۔''

موت سے پہلے دیدار الٰہی نہیں ہو سکتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انكم لن تروا ربكم حتى تموتوا))

(الجامع 85/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے رب کو موت سے پہلے ہرگز نہیں دیکھ سکتے۔''

قیامت کا مجمع

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انكم محشورون حفاة عراة غرلاً))

(بخاری 36/8، مسلم فی الجنۃ 58)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جمع کئے جاؤ گے (قیامت میں) ننگے پاؤں، ننگے بدن اور غیر مختون۔''

تواضع بہترین عبادت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انكم تفعلون عن افضل العبادة التواضع))

(جمع الجوامع (7535)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بہترین عبادت تواضع سے غافل ہو۔''

حدود اللہ کو زیادہ جاننے والا زیادہ متقی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا اتقاكم لله، واعلمكم بحدوده))

(احمد 434/5، کنز (31964)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم سے زیادہ متقی اور اللہ کے حدود کو پہچاننے والا ہوں۔''

حضرت موسیٰ کا روزہ

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انا احق بموسی منکم))

(مسلم فی: الصوم (128)، و بخاری 57/3، و احمد 291/1 و 310)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم سے زیادہ موسیٰ علیہ السلام کا (عاشورہ کا روزہ رکھنے میں) حقدار ہوں۔''

حضور کی امت سب سے بڑی امت ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انا اکثر الانبیاء تبعاً))

(مسلم فی الایمان (331,330)، و بیہقی 4/9)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں پیروکاروں کے لحاظ سے سب انبیاء سے زیادہ ہوں۔''

سب سے پہلے حضور قبر سے نکلیں گے اور شفاعت کریں گے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انا اول من تنشق عنه الارض و اول شافع))

(ترمذی (3148)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے میری قبر کھلے گی اور سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا۔''

حضور ہر مومن کی جان تک کے مالک ہیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انا اولی بکل مومن من نفسه))

(الدیلمی 81/1، و مشکوٰۃ (3051)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ہر ایک مومن کیلئے اس کی ذات سے زیادہ حقدار ہوں۔''

مقالہ اُحد

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انا النبی لا کذب، انا ابن عبد المطلب))

(بخاری 37/4، و مسلم فی الجہاد 78 و 79 و 80، و ابوداود (487) و ترمذی (1688)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نبی ہوں، جھوٹ نہیں بولتا، میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔''

عاشورہ کا روزہ اور حضرت موسیٰ کی خوشی میں شرکت

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انا اولی بموسی، واحق بصیامه منکم))

(بخاری 186/4، و طبرانی 50/12)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں موسیٰ کا زیادہ وارث ہوں اور اس کے روزہ (عاشورہ) کا تم سے زیادہ لائق ہوں۔''

حضور نذیر و بشیر بن کر تشریف لائے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انا النذیر، والموت المغیر، والساعة الموعد))

(الاتحاف 254/10، و ابن کثیر 178/6، و مغنی 343/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ڈرانے والا ہوں، موت غارت ڈالنے والی اور قیامت وعدے کی جگہ ہے۔''

مشرکین کے ساتھ اقامت رکھنے والا مسلمان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا بریء من کل مسلم اقام مع المشركين))

(کنز (46303)، وطبرانی 134/4، وبیہقی 131/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ایسے ہر مسلمان سے بیزار ہوں جو مشرکین کے ساتھ اقامت رکھے۔''

حضرت سلمان کی فضیلت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا سابق العرب، وسلمان سابق الفرس))

(عبدالرزاق (20432)، وطبرانی فی ''الصغیر'' 104/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اہل عرب سے سبقت لے جانے والا ہوں اور سلمان اہل فارس سے سبقت لے جانے والا ہے۔''

حضور انبیاء کرام کے سردار ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا سيد النبيين ولا فخر)) (کنز (32039)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں انبیاء کا سردار ہوں اور یہ کوئی فخر کی بات نہیں۔''

حضور اولاد آدم کے سردار ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا سيد ولد آدم))

(مسلم فی: الفضائل (3)، وترمذی (3148)، واحمد 281/1، 2/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اولاد آدم کا سردار ہوں۔''

حضور سب انسانیت کے سردار ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا سيد ولد آدم يوم القيامة ولا فخر))

(دیلمی 86/1، ومشکوۃ (5575)، وکنز (32042)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں قیامت میں اولاد آدم کا سردار رہوں گا اور یہ کوئی فخر نہیں۔''

حضور اسلام کی تلوار ہیں اور ابوبکر ارتداد کو ختم کرنے والی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا سيف الاسلام، وابو بكر سيف الردة))

(دیلمی 75/1، حدیث (108)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اسلام کی تلوار ہوں اور ابوبکر ارتداد کو ہٹانے کی تلوار ہے۔''

اہل جنت کی زبان عربی ہوگی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا عربي، والقرآن عربي، ولسان اهل الجنة عربي))

(الاتحاف 112/7،وتذکرۃ (112)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں عربی ہوں قرآن عربی ہے اور جنتیوں کی زبان عربی ہے۔"

حضور غیرت مند ہیں اور اللہ سب سے زیادہ غیرت مند ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا غيور ، والله اغير منى))

(بخاری: التوحید (15)، النکاح (107) مسلم التوبۃ (6) رقم (2760)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں غیرت مند ہوں اور اللہ مجھ سے زیادہ غیرت مند ہے۔"

حضور اہل اسلام کو حوض کوثر پر ملیں گے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان فرطكم على الحوض))

(بخاری 147/7 و 150 و 158 و 58/9، ومسلم فی الفضائل (32,26,25)، وابن ماجۃ (4306)، واحمد 257/1 و 384 و 406، وبیہقی 78/4، وابن خزیمۃ (6)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں حوض (کوثر) پر ملوں گا۔"

حضور کامل و جامع ہیں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا قثم، اى، كامل جامع))(الاتحاف 161/7)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کامل اور جامع ہوں۔"

حضور مظلوم کے ساتھی ہیں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا مع المظلوم حتى يو دى اليه الحق))

(تنزیہ الشریعۃ 360/1:(56)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں مظلوم کا ساتھی ہوں یہاں تک کہ اس کا حق ادا کر دیا جائے۔"

مسلمان دلہا کو ولیمہ ضرور کرنا چاہئے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انه لا بد للعروس من وليمة))

(احمد: 395/5، ومجمع: 47/4، کنز (44616)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شادی کیلئے ولیمہ ضروری ہے (چاہے معمولی سا کیوں نہ ہو)۔"

آگ کے ساتھ اللہ کے علاوہ کوئی عذاب نہ دے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انه لا ينبغى ان يعذب بالنار الارب النار))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آگ کے ساتھ بغیر اللہ کے کوئی اور عذاب نہ دے۔"

نماز میں سلام کا جواب نہیں دیا جا سکتا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انه لا يمنعنى ان ارد عليك الاانى كنت اصلى))

(مسلم فی المساجد (38037)، واحمد 339/3، وبیہقی 258/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ کو سلام کا جواب دینے سے سوائے نماز کے کسی چیز نے نہیں روکا تھا۔''

نبی کبھی اشارہ سے بات نہیں کرتا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان لیس لنبی ان یومی، ای: یشیر))

(بیہقی: 58/10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نبی کیلئے جائز نہیں کہ وہ اشارہ سے بات کرے۔''

جو اللہ سے سوال نہ کرے اللہ اس سے ناراض ہوتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انہ من لم یسال اللہ یغضب علیہ))

(کنز (3126)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ سے سوال نہ کرے اللہ اس پر ناراض ہوتا ہے۔''

حضور سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انا اول من یدخل الجنۃ یوم القیامۃ))

(کنز (32048)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں پہلا شخص ہوں جو بروز قیامت جنت میں داخل ہوگا۔''

بوقت مصیبت کپڑے پھاڑنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انا بری ء ممن حلق و سلق و خرق))

(کنز (42321)، ومشکوۃ (1726)، ومسلم فی: الایمان (167)، والنسائی 20/4، وابن ماجۃ (1586)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس شخص سے بیزار ہوں جس نے (بوقت مصیبت) بال منڈائے، آزردہ باتیں کہیں اور کپڑے پھاڑے۔''

نبی کریم حبیب اللہ ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انا حبیب اللہ و لا فخر))

(الاتحاف 251/6، وترمذی (3616)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کا حبیب ہوں اور یہ کوئی فخر کی بات نہیں۔''

حضور انبیاء سے اس امت کا اور یہ امت امتوں میں حضور کا حصہ تھی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انا حظکم من الانبیاء و انتم حظی من الامم))

(ابن حبان (2304)، ومجمع 9/10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں انبیاء سے تمہارا حصہ ہوں اور تم امتوں سے میرا حصہ ہو۔''

حضرت بلال حبش کے پہلے مسلم

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا سابق العرب ، وبلال سابق الحبش))

(کنز (32082) وعبدالرزاق (20432)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں عرب میں سے اول ہوں اور بلال حبش سے اول ہے۔"

حضور سید الناس ہیں

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا سيد الناس يوم القيامة))

(کنز (32042) وبخاری 163/4، ومسلم فی: الایمان (327)، وترمذی (2434)، واحمد 435/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں قیامت کے روز لوگوں کا سردار ہوں گا۔"

حضور ہر ایک کے سردار ہیں

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا سيد ولد آدم ولا فخر))

(مسلم فی: الفضائل (3)، وترمذی (31048)، واحمد 281/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اولاد آدم کا سردار ہوں اور یہ کوئی فخر نہیں۔"

شہداء کی تدفین کے احکامات

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا شهيد على هولاء، زملوهم في ثيابهم و دمائهم))

(بخاری فی الجنائز (74) احمد: 247/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ان (شہداء) پر گواہ ہوں۔ انہیں ان کے کپڑوں اور خون میں کفن دے دو۔"

حضور اللہ کی دلیل وحجت ہیں

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا عصمة الله ، انا حجة الله)) (مسند فردوس)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کی پناہ ہوں۔ میں اللہ کی حجت ودلیل ہوں۔"

حضور اہل اسلام کے لشکر ہیں

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا فئة المسلمين))

(ابوداود فی الجہاد، باب (105)، وبیہقی 77/9، واحمد 57/2)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں مسلمانوں کا لشکر ہوں۔"

حضور حوض کوثر پر امت کے پیش رو ہوں گے

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: انا فرطكم على الحوض، من ورد شرب))

(بخاری 148/8، ومسلم فی: الطہارۃ (39)، وابن ماجۃ (4306)، واحمد 257/1)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں حوض کوثر پر تمہارا پیش رو ہوں۔ جو حوض پر آئے گا پانی پی لے گا۔"

لاوارث کے نبی کریم وارث ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:انا وارث من لا وارث له اعقل عنه وارثه))

(ابن ماجۃ (2634)، وابن حبان (1225)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کا کوئی وارث نہیں میں اس کا وارث ہوں، میں اس کی دیت ادا کروں گا اور وارث ہوں گا۔''

اہل اسلام قبروں میں فتنہ میں گرفتار کیے جائیں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:انه اوحى الى انكم تفتنون فى قبوركم))

(نسائی فی الجنائز 115، بخاری: فی العلم: 24، مسلم: کسوف: 11/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ کو وحی کی گئی ہے کہ تم قبروں میں فتنہ کے اندر گرفتار کئے جاؤ گے۔''

شراب دوائی نہیں بیماری ہی بیماری ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:انه ليس بدواء، ولكنه داء، يعنى:الخمر))

(مسلم فی: الاشربۃ (12)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ (شراب) دوائی نہیں بلکہ بیماری ہے۔''

زکوۃ ادا کرنا ایمان کا کمال ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:انه من تمام اسلامكم ان تودوا زكاة اموالكم))

(طبرانی: 7/18)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے کمال ایمان سے ہے کہ اپنے مال کی زکوۃ ادا کرو۔''

سفر جل سینے کی خرابی کو دور کرتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:انه يذهب بطخاوة الصدر، ويجلى الفواد، يعنى:السفر جل))(مجمع 45/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سفر جل سینے کی خرابی کو دور کرتی اور دل کو صاف کر دیتی ہے۔''

آفتاب اور کیچڑ والا چشمہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:انها اى الشمس تغرب فى عين حمئة))

(ابوداود فی: الحروف (34)، واحمد 165/5)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ آفتاب (دیکھنے میں) ایک کیچڑ والے چشمہ میں غروب ہوتا ہے۔''

ضعیفوں، عورتوں اور یتیموں کا حق

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:انى احرج عليكم حق الضعيفين:اليتيم،

رأة))(مستدرك حاكم)
ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہارے اوپر ضعیف، یتیموں اور عورتوں کا حق بھی لازم کرتا ہوں۔''

خوف سے اور باہم خوف دلانے سے پناہ

ل رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى اعوذ بالله من البوس والتباؤس))
(مسند فردوس)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں خوف سے اور باہم خوف دلانے سے۔''

صالحین تکلف سے بری ہیں

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى برىء من التكلف، وصالحوا امتى))
(صحیح بخاری ومسلم)

ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اور میری امت کے صالح حضرات تکلف سے بری ہیں۔''

گھوڑا سوار اور پیدل مجاہد کا مال غنیمت میں حصہ

ال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى جعلت للفرس سهمين. وللرحل سهماً))
(مجمع 342/5)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے گھوڑا سوار (مجاہد) کے دو حصے اور پیادہ کیلئے ایک حصہ مقرر کیا ہے۔''

حضور نے اپنی دعا امت کے لیے ذخیرہ کر رکھی ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى خبات دعوتى لامتى يوم القيامة))
(الاتحاف 174/9، وکنز (39082)، ومسلم فی: الایمان (345)، واحمد 384/3)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے دعا اپنی امت کی قیامت میں شفاعت کیلئے محفوظ کر رکھی ہے۔''

وتر کی فرضیت کے بارے میں حضور کا خوف

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى خشيت ان يكتب عليكم الوتر))
(کنز (19557)، وابن حبان (930)، ومجمع 172/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ڈرتا ہوں کہ وتر تم پر فرض نہ کر دیئے جائیں۔''

شرعی احکامات پر عمل اور نبی وامت

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى فيما اوحى الى كاحدكم))
(مجمع الزوائد: 178/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو احکام مجھے وحی کیے گئے ہیں ان (پر عمل کرنے) میں میں بھی تمہاری طرح ہوں۔''

حضور کا ستر مرتبہ توبہ کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى لاتوب الى الله فى اليوم سبعين مرة))

(مسلم فی الذکر رقم (41)، ابوداود فی الوتر، باب 26، وترمذی فی کتاب التفسیر سورۃ رقم (1)(47)، الدیلمی: 89/1(157))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کے سامنے روزانہ ستر دفعہ توبہ کرتا ہوں۔''

حضور مزاح میں بھی سچ بولتے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى لامزح، ولا اقول الاحقاً))(مجمع 17/9)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں مزاح بھی کرتا ہوں تو حق کے سوا نہیں کہتا۔''

حضور کا بیٹا ابرہیم سردار ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى لارجو ان يكون ابى هذا سيداً))

(بخاری فی: صلح (9) وفضائل اصحاب النبی (22)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں امید کرتا ہوں کہ میرا یہ بیٹا (ابراہیم جنتی) سردار ہوگا۔''

حضور آگے اور پیچھے یکساں دیکھتے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى لاراكم من ورائى كمااراكم من امامى))

(احمد 228/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو (بطور معجزہ کے) اپنے پیچھے ایسا ہی دیکھتا ہوں جیسا آگے دیکھتا ہوں۔''

حضور کا دن میں ستر مرتبہ بخشش طلب کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى لاستغفر الله فى اليوم سبعين مرة))

(ترمذی رقم (3259) وابوداود فی: الدعاء: باب (4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں دن میں ستر دفعہ اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں۔''

حضور سب سے زیادہ خوف الٰہی رکھنے والے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى لا عرفكم بالله، واشد كم خشية))

(بخاری: النکاح: 79,74، ابوداود الصوم: 38)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم سے زیادہ اللہ کو پہچانتا ہوں اور تم سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہوں۔''

حضور جو اپنے لیے پسند کرتے ہیں وہی امت کے لیے بھی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى لستارضى لكم ما اكره لنفسى))

(حلیۃ 256/7، وابن سعد 109/21)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں وہ چیز تمہارے لئے پسند نہیں کرتا جسے اپنے لئے مکروہ جانتا ہوں۔''

عورتوں سے مصافحہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انی لست اصافح النساء))
(احمد 454/6، 459، 266/8)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتا۔"

مساجد کو پختہ بنانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انی لم اومر بتشييد المساجد))
(ابوداود: الصلاۃ: باب (11): (448)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے یہ حکم نہیں ہوا کہ مسجدوں کو پختہ بناؤں۔"

نمازیوں کو قتل کرنا ممنوع ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انی نهيت عن قتل المصلين))
(طبرانی 26/18، کنز: (11063)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نمازیوں کے قتل کرنے سے میں منع کیا گیا ہوں۔"

عید کے دن کھانے پینے اور جماع کے دن ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انها ايام اكل وشرب، ولا صوم فيها))
(بیہقی 298/4، وابن ابی شیبہ: 19/2، 20، 21)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ (عید کے) دن کھانے پینے کے ہیں، ان میں روزہ نہیں ہے۔"

آب زمزم بیماری کا علاج ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انها المباركة، وطعام طعم، وشفاء سقم))
(الاتحاف 412/4، ومسلم فی: فضائل الصحابۃ (132)، واحمد (175/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ آب زمزم برکت والا پانی ہے۔ یہ کھانے کا کھانا اور بیماری کا علاج ہے۔"

طواف کے پہلے چکروں میں اکڑ کر چلنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انها مشية يبغضها الله الا فی مثل هذا الموضع))(مجمع 109/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ (اکڑ کر چلنا) وہ رفتار ہے جسے اللہ ناپسند کرتا ہے مگر ایسے موقع (طواف) میں خیر ہے۔"

دانتوں کو باریک کرنا شیطانی عمل ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انها من عمل الشيطان، يعنی: النشرة))
(حاکم 418/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دانتوں کو باریک کرنا شیطانی فعل ہے۔''

ناگہانی موت کی کراہیت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى اكره موت الفوات))(مجمع 318/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ناگہانی موت کو پسند نہیں کرتا۔''

ناگہانی موت کا خوف

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى اخاف موت الفوات))(مسند ابى يعلى موصلى)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ناگہانی موت سے ڈرتا ہوں۔''

وضو کرتے ہوئے کسی سے مدد لینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى اكره ان يشر كنى فى طهورى احد))

(کنز(27012)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں مکروہ جانتا ہوں کہ وضو کرانے میں میرے ساتھ کوئی شریک ہو۔''

یمن بابرکت علاقہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى اهد نفس ربكم من قبل اليمن))

(الاتحاف 124/8، وکنز(33951)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں یمن کی جانب سے اللہ کی بو پاتا ہوں۔''

حدیث سننے والے پر لازم ہے کہ دوسروں کو اس کے بارے میں بتائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى احدلكم بهديث، فليحدث الحاضر منكم الغائب))(كنز (29181)و (29207)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو حدیث بیان کرتا ہوں حاضر کو چاہیے کہ وہ غائب کو پہنچا دے۔''

حضور کے آباؤ اجداد نکاح کرتے تھے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى خرجت من نكاح، ولم اخرج من سفاح))

(کنز(32014)، وابن عساکر 347/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نکاح کرنے والوں سے پیدا ہوا ہوں، نہ کہ زنا کاروں سے۔''

حضرت حمزہ اور حنظلہ کو فرشتوں نے غسل دیا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى رأيت الملائكة تغسل حمزة و حنظلة))

(الجامع 88/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے فرشتوں کو دیکھا کہ وہ حمزہ اور حنظلہ کو غسل دے رہے تھے۔''

حضرت عمر بن خطاب اور حضور کی تلاوت قرآن

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انی قد قیل لی: اقراء علی ابن الخطاب))
(کنز(32785)، ومجمع 72/9)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے کہا گیا ہے کہ عمر ابن خطاب کو قرآن سناؤ۔"

حضور اللہ کے بارے میں سب سے زیادہ جاننے والے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انی لارجو ان اکون اتقاکم للہ، واعلمکم بہ))
(الاتحاف 281/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے امید ہے کہ میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا اور تم سے زیادہ اس کو جاننے والا ہوں۔"

گری کھجور کو اٹھا کر کھانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انی لاجد التمرۃ ساقطۃ، فاکذھا. وآکلھا))
(مجمع 170/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کھجور گری ہوئی پاتا ہوں تو اسے اٹھا کر کھالیتا ہوں۔"

حضور کا امت کی عورتوں اور بچوں پر رحم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انی لا سمع بکاء الصبی، فاتجوز فی الصلاۃ))
(ابن ماجہ رقم (990)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نماز پڑھنے والی عورت کے بچے کی رونے کی آواز سن کر نماز کو مختصر کردیتا ہوں۔"

حضرت عثمان سے حضور کا حیاء فرمانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لا ستحیی ممن استحیت منہ الملائکۃ))
(مسانید 165/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس شخص (حضرت عثمان غنی) سے حیا کرتا ہوں جس سے فرشتے حیا کرتے ہیں۔"

حضور قیامت کے دن اپنی امت کو پہچان لیں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انی لا عرف امتی یوم القیامۃ من بین الامم))
(مجمع 344/10)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں قیامت کے روز اپنی امت کو دوسری امتوں سے پہچان لوں گا۔"

اللہ کا ذکر بغیر طہارت کے کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انی کرھت ان اذکر اللہ الا علی طھر))
(ابن خزیمۃ (206)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں مکروہ جانتا ہوں کہ اللہ کا ذکر بغیر وضو کے کروں۔''

بغیر معاملہ طے کیے کام پر لگانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى لست استعمل احداً حتى اشارطه))

(کنز 14916)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کسی کو اپنے کام پر بغیر معاملہ طے کیے مقرر نہیں کرتا۔''

حضور پیار و محبت پھیلانے کے لیے بھیجے گئے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى لم ابعث بقطيعة رحم))

(کنز 96931، وبیہقی 27/9)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں قطع رحمی کیلئے نہیں بھیجا گیا۔''

نبی کریم کو شعر کہنا مناسب نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى والله ما انا بشاعر، ولا ينبغى لى))

(ابن کثیر: 576/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی قسم میں نہ شاعر ہوں نہ شعر کہنا مجھ کو مناسب ہے۔''

حضور مزاح بھی سچا کرتے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى وان داعبتكم، فلا اقول الا حقاً))

(احمد 326/3، خطیب، 315/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اگر تم سے مذاق بھی کروں تا ہم سچ کے سوا کچھ نہیں کہتا۔''

حائضہ اور جنبی کا مسجد میں داخلہ حرام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى لا احل المسجد لحائض ولا جنب))

(ابوداود: الطہارۃ: 92، وبیہقی 442/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں مسجد کو حائضہ اور جنبی (کے گزرنے) کیلئے حلال نہیں کرتا۔''

غلام عورت سے پہلے غلام مرد کو آزاد کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان اعتقتها فابدا بالغلام قبل الجارية))

(کنز 29595)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو لونڈی آزاد کرتا ہے تو پہلے غلام آزاد کر (اگر ہو تو) پھر لونڈی کو۔''

نمازیں نقائص سے پاک کرنے کا ذریعہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان سركم ان تزكوا صلاتكم، فليؤمكم خياركم))

(جوامع:(4751)،وکنز,20433)(20343)

'رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر چاہتے ہو کہ تمہاری نماز نقائص سے پاک ہو تو اپنے اچھے حضرات کو امام بناؤ۔"

اصل مال پاس رکھنا اور منافع صدقہ کرنا

(قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان شئت حبست اصلها، وتصدقت بها))

(بخاری260/3)

'رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو چاہے تو اس مال کی اصل اپنے پاس رکھے اور اس کے منافع کا صدقہ کرے۔"

نومحرم کا روزہ

(قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان عشنا خالفنا هم، وصمنا اليوم التاسع))

(کنز(24257)،والتاریخ80/2)

'رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر ہم زندہ رہے تو ان (یہودیوں) کی مخالفت کریں گے اور نویں محرم کا بھی روزہ رکھیں گے۔"

جذام کی بیماری

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان كان شيء من الداء يعدي، فهو هذا، يعني: الجذام))(الجامع 89/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر کوئی بیماری متعدی ہوتی ہو تو وہ یہی (جذام) ہے۔"

نفلی روزے سرد موسم میں رکھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان كنت صائماً، فصم ايام القر))

(ابن حبان(945)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو روزہ رکھنا چاہتا ہے تو سرد موسم میں رکھا کر۔"

بدفالی عورت اور جانور میں ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان كانت الطيرة شيئاً، فهو في المراة والدابة))

(کنز(28637)،والجامع89/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر کسی چیز میں بدفالی ہے تو وہ عورت اور جانور (گھوڑا) میں ہے۔"

نصاریٰ کا ذبیحہ حلال ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لم تاكلوها فاطعموني، يعني: ذبائح النصارى))

(کنز(15626)،ومجمع36/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم (ذبیحہ نصاریٰ) نہیں کھاتے تو مجھے کھلا دیا کرو۔"

اگر امت خیانت نہ کرے تو کوئی اس سے مقابلہ نہیں کر سکے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لم تغل امتى ، لم يقم لهم عدو ابداً))

(اسنی المطالب (2023) و ترغیب 143/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میری امت خیانت نہ کرے تو کوئی دشمن اس کے سامنے کھڑا نہ ہو سکے۔''

اولاد اور اولاد کا مال باپ کی ملکیت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انت و مالك لابيك))

(ابوداود (3530)، و ابن ماجۃ (2291, 2292)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے۔''

نبی کریم کے بعد امت کا ضعیف ہونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انتم المستضعفون بعدى))

(کنز (31116)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے بعد تم ضعیف ہو جاؤ گے۔''

یہ امت حضور کے ساتھ خاص تھی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انتم حظى من الامم ، وانا حظكم من الانبياء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم تمام امتوں سے میرا حصہ ہو اور میں انبیاء سے تمہارا حصہ ہوں۔''

وضو میں کسی کی مدد لینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انى لا احب ان يعيننى احد على طهورى))

(کنز (927012)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں یہ پسند نہیں کرتا کہ وضو کرنے میں کوئی میری مدد کرے۔''

اللہ کی تصدیق کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان تصدق الله يصدقك))

(بیہقی 16/4، و طبرانی 327/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو اللہ کی تصدیق کرے گا تو اللہ تیری تصدیق کرے گا۔''

ہر حال میں نیکی آدمی کے لیے بہتر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان تفعل الخير خير لك))

(احمد 480/3 و 481، و دارمی 270/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو نیکی کرے تو یہ تیرے لئے بہتر ہے۔''

امام کا صالح ہونا نمازیوں کی قبولیت کا سبب ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان سرکم ان تقبل صلاتکم، فلیؤ مکم خیار کم))
(کنز (20343)، وتذکرة (40)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر چاہتے ہو کہ تمہاری نمازیں قبول ہوں تو تمہارے امام اچھے لوگوں میں سے ہونے چاہئیں۔"

اذان سننے والا مسجد میں حاضر ہو جائے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان سمعت الاذان، فاجب ولو حبواً))
(احمد 367/3، وابن سعد 152/1/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو اذان سنے تو مسجد میں حاضر ہو، اگر چہ گھستا ہوا ہو۔"

فجر کی سنتوں کی اہمیت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان طلبتك الخیل هارباً، فلاتتر كن ركعتی الفجر))
(شرح معانی الآثار 299/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تجھے گرفتار کرنے کیلئے دشمن پیچھے پڑے ہوں تب بھی فجر کی سنتیں نہ چھوڑنا۔"

حضور کی کھجور کے پودے سے محبت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان قامت القیامة، وبید احد کم فسیلة فلیغر سها))
(ابن عدی 1696/5، وکنز (35316)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر قیامت قائم ہو اور تیرے ہاتھ میں کھجور کا پودا ہو تو بھی اس کو گاڑ دے۔"

اللہ کے بندے کی نشانی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان کنت عبد الله، فارفع ازارك))
(طبرانی 357/12، وعبدالرزق (19980)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو اللہ کا بندہ ہے تو اپنی تہبند (ٹخنوں سے اوپر) اٹھالے۔"

صالحین سے مانگنا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان کنت لا بد سائلا، فسل الصالحین))
(الجامع 89/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو مانگنا ہی چاہتا ہے تو صلحاء سے مانگ لیا کر۔"

حسن یوسف کی چمک دمک

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ان کانت الحامل لتری یوسف، فتسقط حملها))

(دیلمی 294/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت یوسف کو اگر حاملہ عورت دیکھتی تو اس کا حمل گر جاتا۔''

خلافت سیدنا ابو بکر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ان لم تجدني، فات ابا بكر))

(بخاری 5/5 و 1019، ومسلم فی فضائل الصحابۃ (10)، وترمذی (3676)، واحمد 82/4، وبیہقی 153/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تو مجھے نہ پائے تو ابو بکر کے پاس آجانا۔''

سواری یا گاڑی والا آگے بیٹھنے کا زیادہ حق دار ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انت احق بصدر دابتك الا ان تجعله لي))

(ابوداود فی الجہاد، باب (65)، والجامع 90/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو جانور کے اگلے حصے کا حقدار ہے۔ ہاں! اگر اسے میرے لئے کر دے تو پھر اور بات ہے۔''

امت مسلمہ اور جنت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انتم ثلث اهل الجنة، او نصف اهل الجنة))

(احمد 391/2، وکنز (34511)، ومجمع 403/10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم تمام جنتیوں کی تہائی یا نصف ہو۔''

امت مسلمہ زمین کے تمام باشندوں سے بہترین

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انتم خير اهل الارض))

(بخاری 157/5، واحمد 308/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم زمین کے تمام باشندوں سے بہتر ہو۔''

اہل اسلام زمین پر اللہ کے گواہ ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انتم شهداء الله في الارض بعضكم على بعض))

(بخاری فی: الجنائز (85)، واحمد 470/2، 281/2، وابن حبان (2059)، ومسلم فی الجنائز (60)، والترمذی فی: الجنائز (63)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو۔ تم میں سے بعض بعض پر گواہ ہیں۔''

حضور کے بعد امت کا ضعف

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انتم المقهورون المستضعفون بعدي))

(دیلمی 478/1، واحمد 339/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میرے بعد مغلوب اور ضعیف ہو جاؤ گے۔''

ایمان کی انتہاء پرہیز گاری

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انتهاء الايمان الى الورع))

(جمع الجوامع (4505)، وعلل متناہیۃ 332/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان کی انتہا پرہیز گاری پر ہوتی ہے۔"

حضور نذیر ہیں

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انذرتكم النار))

(ابن حبان (2490)، ودر منثور 35/1، وابن ابی شیبہ 158/13)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے تم کو آگ سے ڈرایا ہے۔"

لوگوں کو اُن کے درجوں پر رکھنا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انزلوا الناس منازلهم))(ابو داود (4842)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں کو ان کے درجوں کے مطابق جگہ دو۔"

شادی سے پہلے عورت کو دیکھنا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انظر اليها، فان فى اعين الانصار شيئاً))

(احمد 286/2، ودار قطنی 253/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (نکاح کیلئے) اس عورت کی طرف دیکھ لے کیونکہ انصار کی آنکھ میں کچھ عیب ہوتا ہے۔"

اپنے آپ کا خیال رکھنا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انعم على نفسك كما انعم الله عليك))

(کنز (917184، وشرح السنۃ 50/12، والجامع 91/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے نفس پر انعام کر جس طرح اللہ نے تجھ پر انعام کیا ہے۔"

کثرت امت پر فخر

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انكحوا ء فانى مكاثر بكم يوم القيامة))

(ابن ماجہ (1863)، والکنز (44434)، وجمع الجوامع 45920)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نکاح کرو کہ میں تمہارے باعث قیامت میں اپنی کثرت امت پر فخر کروں گا۔"

عیدین میں روزہ نہیں رکھا جا سکتا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انهاكم عن صيام يومين: الفطر، والاضحى))

(الجامع 91/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دنوں میں روزہ رکھنے سے منع کرتا ہوں۔"

جھوٹ کی ممانعت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انهاكم عن الزور))

(الجامع 91/1 وجمع الجوامع (4607)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو جھوٹ سے منع کرتا ہوں۔''

گوشت کو دانتوں سے توڑ کر کھانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انهشوا اللحم نهشاً، فانه اشهى واهنا وامرا))

(طبرانی 57/8، وشرح السنۃ 297/11، وابوداود فی: الاطعمۃ (20) والاشربۃ (19) وترمذی فی الاطعمۃ (32)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گوشت کو دانتوں سے کاٹ کر کھاؤ کہ یہ خوش لذت، خوش ہضم وخوشگوار ہے۔''

عورتوں کا مساجد میں زینت کر کے آنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: انهوا نساء كم عن لبس الزينة واتنجر في المسجد))

(ابن ماجۃ فی: الفتن (19)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی عورتوں کو مسجدوں میں زینت وخوشبو لگا کر آنے سے منع کرو۔''

حضرت سعد بن معاذ اور قرب الٰہی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اهتز عرش الرحمن لموت سعد بن معاذ))

(بخاری 44/5، مسلم: فضائل الصحابۃ (124)، کنز (33312)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کا عرش سعد بن معاذ کی موت سے کانپ اٹھا۔''

بدعتی جہنمی کتے ہوں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اهل البدع كلاب اهل النار))

(کنز: (1125)، متناھیۃ 163/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدعتی لوگ جہنمیوں کے کتے ہوں گے۔''

جنتی عورتیں ہمیشہ کنواری رہیں گی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اهل الجنة كلما جامعوا نساء هم عادوا ابكاراً))

(مجمع 417/10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنتی لوگ جب بھی اپنی عورتوں سے جماع کریں گے وہ پھر سے باکرہ ہو جائیں گی۔''

اعضائے وضو قیامت میں چمکیں گے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انتم الغر المحجلون من اسباغ الوضوء))
(مسلم: الطہارۃ: 34، المجمع: 344/10)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے اعضاء وضو کرنے کی وجہ سے چمکتے ہوں گے۔"

پریشانی میں اللہ سے امید لگانا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انتظار الفرج من اللہ عبادۃ))
(کنز (6508)، وجمع الجوامع (4502)، وکشف الخفاء 239/1، والجامع 90/1)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی طرف سے دکھ ٹلنے کا انتظار کرنا عبادت ہے۔"

قرآن مجید عظمت کے ساتھ نازل ہوا ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انزل القرآن بالتفخیم))
(جمع الجوامع (4541)، وکنز (3089)، والحاکم 231/2)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن عظمت کے ساتھ نازل ہوا ہے۔"

قرآن مجید کی سات قرائتیں

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انزل القرآن علی سبعۃ احرف، ایتھا قرأت
صبت))

(طبرانی 185/3 و 125/10 و 130 و 182، وابن حبان (1779, 1780, 1781)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن سات طرح پر نازل ہوا۔ تو نے جس طرح سے پڑھا درست پڑھا۔"

موذی چیز راستے سے ہٹانا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انظر ما یوذی الناس، فاعزلہ عن طریقھم))
(کنز (16403)، وجمع الجوامع (4563)، واحمد 423/4)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دیکھ جو چیز لوگوں کو تکلیف دے وہ راستہ سے ہٹا دے۔"

نشہ والی کثیر و قلیل چیز کا استعمال

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انھا کم عن قلیل ما اسکر کثیرہ))
(احمد 407/4، 91/2، جمع الجوامع (4603)، دارقطنی (251/4)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز زیادہ استعمال سے نشہ لائے، میں اس کے قلیل سے بھی منع کرتا ہوں۔"

قیل وقال اور کثرت سوال کی ممانعت

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انھا کم عن قیل، وقال، وکثرۃ السوال))

(طبرانی 15/9، والجامع 91/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تمہیں بیہودہ قیل وقال اور زیادہ سوال کرنے سے منع کرتا ہوں۔''

مونچھ اور داڑھی کے بارے میں حکم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: انھکوا الشوارب، واعفوا اللحی))

(بخاری 206/7، جوامع (4611)، ابن ابی شیبۃ: 376/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مونچھوں کو کتر واؤ اور داڑھیوں کو بڑھاؤ۔''

صاحب عزت کی لغزش

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اھتبلوا العفو عن عثرات ذوی المروآت))

(کنز (13419,12987)، والجامع 91/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صاحب عزت کی لغزش کو معاف کردیا کرو۔''

اہل بدعت تمام مخلوق سے بُرے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اھل البدع شر الخلق و الخلیقة))

(تاریخ اصفہان 90/2، وکنز (1095)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل بدعت تمام مخلوق سے برے ہیں۔''

اسی جنتی صفیں امت مسلمہ کی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اھل الجنة عشرون و مائة صف، ثمانون منھم امتی))

(مشکوۃ (5944)، وکنز (34513)، وترمذی (2546)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی، ان میں اسی میری امت کی ہوں گی۔''

حضرت موسیٰ کی جنت میں بھی داڑھی ہوگی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اھل الجنة مرد الا موسی، فان له لحیة الی سرته))

(الضعیفۃ (704)، والاتحاف 550/10، والتزکرۃ (109)، وابن عدی 368/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت بے ریش ہوں گے، سوائے موسیٰ علیہ السلام کے۔ آپ کی داڑھی ناف تک ہوگی۔''

جنت میں حضرت آدم کی کنیت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اھل الجنة یدعون باسمائھم الا ادم، فانه

ابا محمد))
(اللسان 560/3)
ال اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام اہل جنت اپنے ناموں سے بلائے جائیں گے، مگر حضرت آدم کو ابو محمد سے بلایا جائے گا۔"

تکیہ والے تکیہ کے زیادہ مستحق ہیں

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اهل الرکح احق بر کحهم))
(مجمع 159/4)
ل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تکیہ والے اپنے تکیہ کے زیادہ مستحق ہیں۔"

حفاظ کی فضیلت

ل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اهل القرآن عرفاء اهل الجنة))
(کنز 2288)
ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حفاظ قرآن جنتیوں کے چوہدری ہوں گے۔"

بدخو اور متکبر جہنمی ہیں

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اهل النار کل جواظ عتل مستکبر))
ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر وہ شخص دوزخی ہے جو بدخو، سخت گو اور متکبر ہو۔"

تمام اہل بدر جنت میں جائیں گے

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اهل بدر کلهم فی الجنة))
(دیلمی: 498/1، (1666)
ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل بدر تمام جنت میں جائیں گے۔"

عمرہ کے لیے احرام

ال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: احلوا یا آل محمد بعمرة فی حجة))
(احمد 297/6، وبیہقی 355/4، ومجمع 235/3)
ول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے آل محمد! حج کے عمرہ کا احرام باندھ۔"

نماز تہجد دو دو رکعت کر کے پڑھی جائے

(قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: اوتر قبل ان تنام، وصلاة اللیل مثنی مثنی))
(کنز (19560)، وابن عدی 991/2)
سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وتر سونے سے پہلے پڑھ لیا کر۔ رات کی نماز (تہجد) دو دو رکعت ہے۔"

نماز وتر سونے سے پہلے پڑھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اوتروا قبل الفجر))

(ترمذی (469))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز وتر فجر ہونے سے پہلے پڑھ لیا کرو۔''

آمین کے ساتھ قرآن مجید ختم کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اوجب ان ختم بامين))

(کنز (3233)، وابوداود (938)، والترغیب 331/1، والجامع 92/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے لئے قبولیت واجب ہے جس نے آمین کے ساتھ ختم قرآن کیا ہو۔''

مسجد کی فراخی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اوسعوا مسجد كم غلوة))

(تاریخ 226/7، وکنز (20780)، ومجمع 11/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی مسجد تیر مارنے کی مسافت جتنی فراخ کرو۔''

لعنت کرنیوالا نہ بنا جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اوصيك ان لاتكون لعاناً))

(طبرانی 318/2، والاتحاف 392/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھے وصیت کرتا ہوں کہ تو لعن کرنے والا نہ بن۔''

قریب الموت مال سے ثلث سے زیادہ کی وصیت نہیں کر سکتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اوص بالعشر، اوص بالثلث، والثلث كثير))

(کنز (46059)، ونسائی 243/6، وسنن سعید بن منصور (332))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (قریب الموت اپنے مال میں سے بانیت صدقہ) دسویں حصے کی وصیت کر (زیادہ کرنی ہو تو) ثلث کی وصیت کر کیونکہ ثلث بہت ہے۔''

اونچی جگہ چڑھتے تکبیر پڑھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اوصيك بتقوى الله، والتكبير على كل شرف))

(احمد 325/2، وبیہقی 251/5، وشرح السنۃ 143/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھے اللہ کے تقویٰ اور ہر اونچی جگہ پر تکبیر پڑھنے کی وصیت کرتا ہوں۔''

تاجروں سے اچھائی کرنا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اوصیکم بالتجار خیراً، فانھم برد الافاق، امناء اللہ فی الارض))

(کنز (9244)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو تاجروں سے نیکی کی وصیت کرتا ہوں کہ وہ اطراف زمین کے قاصد اور اللہ امین ہیں۔"

پڑوسی اور غلام کی رعایت رکھنا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اوصیکم بالجبار ما ملکت ایمانکم))

(الجامع 93/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو پڑوسی اور غلام کی رعایت کی وصیت کرتا ہوں۔"

ولیمہ کرنا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اولم ولو بشاۃ))

(بخاری 13/1، ومسلم فی النکاح (81,80,79)، وترمذی (1094)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ولیمہ کرو اگرچہ ایک بکری سے ہی کیوں نہ ہو۔"

اللہ کے بندوں کو دیکھ کر اللہ یاد آ جاتا ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اولیاء اللہ الذین اذا راوا ذکر اللہ))

(طبرانی (12325)، واخبار اصبہان 231/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے اولیاء وہ لوگ ہیں جن کو دیکھنے سے اللہ یاد آ جائے۔"

قیامت کی پہلی نشانی

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اول الایات طلوع الشمس من مغربھا))

(ابن ماجۃ (4069)، وابن ابی شیبۃ 124/14، وابن عساکر 57/2، ومجمع 9/8)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کی پہلی نشانی آفتاب کا مغرب سے چڑھنا ہے۔"

پہلی عبادت

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اول العبادۃ الصمت))

(کنز (6885)، والجامع 93/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلی عبادت چپ رہنا ہے۔"

حورعین کا حق مہر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كنس المساجد مهور الحور العين))

(قرطبی154/16،والتنزیہ38/2،والجامع81/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مساجد کو صاف کرنا حورعین کا حق مہر ہے۔''

امام کے قریب والی صف میں نماز ادا کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كونوا في الصف الذي يليني))

(کنز(20558)،واحمد140/5،والحاکم526/4،527)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس صف میں ہوجایا کرو جو میرے قریب ہو۔''

اہل آسمان کا کلام

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كلام اهل السموات:لا حول ولا قوة الا بالله))

(الجامع81/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل آسمان کا کلام لاحول ولاقوۃ الا باللہ ہے۔''

جیسا کروگے ویسا بھروگے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كماتدين تدان))

(الجامع80/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس طرح کروگے اس طرح پاؤگے۔''

انبیاءکرام کی دوگنا آزمائش ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كما يضاعف لنا الاجر يضاعف علينا البلاء))

(کنز(32191,68,9)والجامع80/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس طرح ہمارا ثواب دوگنا ہے اسی طرح ہم پر تکلیف بھی دوگنا ہے۔''

دنیا میں غریب الوطن کی طرح رہنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كن في الدنيا كانك غريب ، او غابر سبيل))

(ترمذی(2333)،وابن ماجۃ(4114)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو دنیا میں مسافر کی طرح رہ یا غریب الوطن کی طرح۔''

حضور سب سے پہلے پیدا کیے گئے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:كنت اول النبيين في الخلق، واخر هم في

بعث))
(کنز 32126)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں پیدائش میں پہلا نبی تھا اور بعثت میں آخر۔"

رسول اللہ حضرت آدم کی پیدائش سے پہلے بھی نبی تھے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كنت نبيا و آدم بين الروح والجسد))
(حاکم 609/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اُس وقت بھی نبی تھا جبکہ حضرت آدم جسم و روح کے مراحل میں تھے۔"

علم کے محافظ بننا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كونوا للعلم رعاة، ولا تكونوا له رواة))
(الجامع 81/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم کے محافظ بنو، صرف اس کے راوی نہ رہو۔"

رحیم بننا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كونوا رحماء، فان الله رحيم يحب كل رحيم))
(مسند فردوس)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم رحیم بنو کیونکہ اللہ رحیم ہے اور ہر مہربان کو پسند کرتا ہے۔"

اہل جنت کی زبان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كلام اهل الجنة عربى))
(مستدرک حاکم)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت کی زبان عربی ہوگی۔"

اہل جہنم کی زبان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كلام العجمية كلام اهل النار))
(مسند فردوس)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عجمی کلام اہل جہنم کا ہوگا۔"

طعام ماپ کر رکھنے میں برکت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: كيلوا طعامكم يبارك لك فيه))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنا طعام ناپ لیا کرو، اس میں تمہارے لئے برکت رکھ دی جائے گی۔"

لوگوں پرعیب لگانا تکبر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكبر من سفه الحق، وازدرى الناس))

(مسند ابی یعلی الموصلی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تکبر یہ (بھی) ہے کہ حق کو نہ سمجھے اور لوگوں پر عیب لگائے۔''

جھوٹ مثل حیض کے ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكذب حيض، و الاستغفار طهارة منه))

(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹ مثل حیض کے ہے اور استغفار اس سے پاکی ہے۔''

جھوٹ روسیاہی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكذب مسودللوجه، والنميمة عذاب القبر))

(الجامع 82/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹ روسیاہی ہے اور چغل خوری عذاب قبر۔''

جھوٹ سے رزق کم ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكذب ينقص الرزق))

(الاتحاف 512/7، والدر 596/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹ رزق کو کم کر دیتا ہے۔''

کریم کی پہچان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكرم اذا قدر عفا))

(الاسرار (665)، والكشف 161/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کریم وہ شخص ہے جو قدرت پائے تو معاف کر دے۔''

میت کا کفن اس کے ترکہ سے خریدا جائے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكفن من جميع المال))

(مجمع 23/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کفن (میت کے) مال سے لیا جائے گا (پھر بقیہ مال پر احکام میراث جاری ہوں گے)۔''

کتا جاہلیت کے زمانہ کی خوراک تھا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكلب طعمة جاهلية، قد اغنى الله عنها))
(طبرانی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کتا جاہلیت کے زمانہ کی خوراک تھا، اللہ نے تمہیں اس سے بے پرواہ کر دیا ہے۔"

کھمبی من وسلویٰ کی قسم سے ہے

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكماة من المن، وماؤها شفاء للعين))
(طبرانی (63/12)، والجامع 82/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھمبی من (وسلویٰ) سے ہے اور اس کا پانی آنکھوں کیلئے شفاء ہے۔"

حق سے اکڑنا اور لوگوں کو برا جاننا

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكبر من بطر الحق، وغمط الناس))
(ترمذی (1999)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تکبر یہ ہے کہ حق سے اکڑے اور لوگوں کو برا جانے۔"

جھوٹ نفاق کے دروازہ میں سے ایک دروازہ ہے

(قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكذب باب من ابواب النفاق))
(کامل لابن عدی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹ نفاق کے دروازہ میں سے ایک دروازہ ہے۔"

جھوٹا ایمان سے برطرف ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكذب مجانب الايمان))
(الاتحاف 531/9، والدر 290/3، وابن عدی 43/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹا ایمان سے برطرف ہے۔"

جھوٹے کو جھوٹا ہی لکھا جاتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكذب يكتب كذباً، حتى الكذيبة كذيبه))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹے کو جھوٹا ہی لکھا جائے گا حتیٰ کہ کذب خورد کو کذب خورد لکھا جائے گا۔"

جھوٹ اور غیبت سے روزہ کا ثواب جاتا رہتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكذب والغيبة يفطران الصائم))
(نصب 482/2، والربیع بن حبیب فی مسندہ: 25/1, 63)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کذب اور غیبت روزہ دار کا روزہ توڑ دیتے ہیں (ثواب میں بہت کمی کر دیتے

ہیں۔)"

سخت سیاہ کتا شیطان ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكلب الاسود البهيم شيطان))

(مسلم فی: الصلاۃ (265)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سخت سیاہ کتا شیطان ہے۔"

بعض کتے جنات کا گروہ ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكلاب امة الجن مسخت))

(مسند فردوس)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (بعض) کتے جنات کا گروہ ہیں، جنہیں مسخ کیا گیا ہے۔"

اکیلا کھانے والا بخیل ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكنود الذى ياكل وحده، ويمنع رفده، ويضرب عبده))

(قرطبی 160/20، والجامع 82/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بخیل وہ شخص ہے جو کہ اکیلا کھائے، اپنی خیر کو لوگوں سے منع کرے اور اپنے غلاموں کو مارا کرے۔"

اپنے نفس کو مطیع کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الكيس من دان نفسه، وعمل لما بعد الموت))

(الحاکم 57/1 و 251/4، والجامع 82/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہوشیار شخص وہ ہے جس نے اپنے نفس کو مطیع بنایا اور آخرت کیلئے عمل کیا۔"

حضور کا رنگ اور قد

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ابيجاً مليحاً مقصداً))

(مسلم فی: الفضائل (99)، والدلائل 205/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفید سوہاوا رنگ اور میانہ قد تھے۔"

حضور کو جھوٹ سب سے برا لگتا تھا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ابغض الاشياء الى رسول الله صلى الله عليه وسلم الكذب))

(کنز(17379)،والجامع 83/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جھوٹ سب چیزوں سے زیادہ برا معلوم ہوتا تھا۔"

حضور کو سبز رنگ زیادہ پسند تھا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احب الا لوان الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الخضرۃ))

(کنز(18263)،والاتحاف 126/7،والجامع 83/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام رنگوں سے سبز رنگ زیادہ پسندیدہ تھا۔"

حضور کو قمیض زیادہ پسند تھی

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احب الثیاب الیہ القمیص))

(کنز(18265,18264)،وابوداود فی:اللباس(3)،وترمذی(1763,1792)،والجامع 83/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قمیض تمام کپڑوں سے زیادہ پسندیدہ تھی۔"

حضور کو دائمی عمل زیادہ پسند تھا

(کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احب الذین الیہ ما داوم علیہ صاحبہ))

(بخاری فی:الایمان(32)والصوم(52)،ومسلم فی:المسافرین(221,139)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دائمی دین کا عمل زیادہ مرغوب تھا۔"

حضور کو بکری کا اول جز زیادہ مرغوب تھا

(کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احب الشاۃ الیہ مقدمھا))

(الجامع 83/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بکری کا اول جز زیادہ مرغوب تھا۔"

شربت شیریں حضور کو زیادہ مرغوب تھا

(کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احب الشراب الیہ الحلود البارد))

(حمیدی(257)،والشمائل(104)،والجامع 83/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سرد و شیریں شربت تمام شربتوں سے زیادہ مرغوب تھا۔"

حضور کو شہد بہت زیادہ مرغوب تھا

(کان احب الشراب الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم العسل))

(الجامع 83/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شہد تمام شربتوں سے زیادہ محبوب تھا۔"

حضور کو سرکہ زیادہ پسند تھا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم احب الصباغ الیه الخل))

(الاتحاف 121/7، والجامع 83/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام رنگنے والی چیزوں سے سرکہ زیادہ پسندیدہ تھا۔"

حضور کو شانہ کا گوشت مرغوب تھا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم احب اللحم الیه الکتف))

(الاتحاف (1207) والجامع 83/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گوشت سے شانہ زیادہ مرغوب تھا۔"

حضور کو دائمی نیک عمل مرغوب تھا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم احب العمل الیه ما دووم علیه، وان قل))

(ترمذی فی قیام اللیل (19))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دائمی نیک عمل محبوب تھا اگرچہ قلیل ہو۔"

حضور تمام لوگوں سے زیادہ خوش خلق تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم احسن الناس خلقاً))

(مسلم فی المساجد (267) والاداب (30) والفضائل (550)، وبخاری 55/8)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے زیادہ خوش خلق تھے۔"

حضور بہت خوبصورت اور بہت زیادہ شجاع تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم احسن الناس، واجود الناس، واشجعهم))

(بخاری فی: الجہاد (82) والادب (39)، ومسلم فی: الفضائل (48))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے زیادہ خوبصورت، زیادہ سخی اور زیادہ شجاع تھے۔"

حضور تمام لوگوں سے زیادہ حلیم تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم احلم الناس))

(الاتحاف 134,96/7، والمغنی 353/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے زیادہ حلیم تھے۔"

حضور خفیف اور کامل نماز والے تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اخف الناس صلاة واوجز))

(المسانید 259/2، واحمد 276/3، 340، والدارمی 289/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے زیادہ خفیف اور کامل نماز والے تھے۔"

خندہ رو حضور کا ہاتھ پکڑ لیتا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتاہ رجل، فرای فی وجھہ بشراً، خذبیدہ))

(کنز (18382)، وضعیف الجامع 4320/627)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی خندہ رو دیکھتا آپ کا ہاتھ پکڑ لیتا۔"

زکوٰۃ ادا کرنے والوں کے لیے دعائے رحمت

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتاہ قوم بصدقتھم، قال: اللھم صلی علی ال فلان))

(بخاری 159/5، ومسلم فی: الزکاۃ (176)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کوئی قوم زکوٰۃ تولاتی آپ عرض کرتے: اے اللہ! آل فلاں پر رحمت بھیج۔"

حضور کا خوشبو لگانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتی بمدھن الطیب لعق منہ، ثم ادھن))

(کنز (18289)، والجامع 84/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب خوشبو کا برتن لایا جاتا پہلے چاٹتے پھر تیل لگاتے تھے۔"

حضور زمین پر بیٹھ کر کھانا کھاتے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتی بطعام وضعہ علی الارض))

(الاتحاف 213/5، والمغنی 3/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب طعام لایا جاتا تو اس کو زمین پر رکھ دیتے تھے۔"

سونے سے قبل سورۃ الکافرون پڑھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اخذ مضجعہ قرأ قل ا ایھا الکافرون))

(کنز (18238)، وابن کثیر 550/8، ومجمع 121/10)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سونے لگتے تو قل یاایھا الکافرون پڑھتے تھے۔"

حضور حاجت کے لیے دور جاتے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد الحاجۃ ابعد))

(ابن ماجہ (336)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلا (قضاء حاجت) کو جاتے تو دور جاتے تھے۔"

اللہ تعالیٰ سے خیر کا سوال

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد امراً قال: اللھم خیرلی ، واخترلی))
(ترمذی رقم 3516)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کام کا ارادہ کرتے تو عرض کرتے: یا اللہ! میرے لئے خیر کر اور میرے لئے خیر پسند کر۔''

احرام باندھنے سے پہلے خوشبو لگانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد ان یحرم تطیب بالطیب مایجد))
(مسلم فی: الحج 44)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب احرام کا ارادہ کرتے تو میسر خوشبوؤں میں سے اعلیٰ ترین خوشبو لگاتے۔''

حضور کی رنگت

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابیض کانما صیغ من فضۃ))
(الجامع 82/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسے سفید تھے گویا چاندی سے رنگے ہوئے تھے۔''

حضور تمام لوگوں سے زیادہ بہادر تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اجود الناس صدراً))
(جامع البیان)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سینہ تمام لوگوں سے بہادر تھا۔''

حضور کو عجوہ کھجور پسند تھی

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احب التمر الیہ العجوۃ))
(الجامع 83/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عجوہ کھجور زیادہ پسند تھی۔''

حضور کو دھاری دار کھدر کا کپڑا پسند تھا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احب الثیاب الیہ الحجرۃ))
(بخاری فی: اللباس (18)، ومسلم فی: اللباس (33))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دھاری دار کھدر سب کپڑوں سے زیادہ پسند تھا۔''

حضور کو مہندی کا پھول پسند تھا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احب الریا حین الیہ الفاغیۃ))

(کنز (18288)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشبو والے پھولوں میں مہندی کا پھول زیادہ پسند تھا۔"

حضور کو دستی کا گوشت پسند تھا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم احب الشاۃ الیہ الذراع))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بکری کے گوشت سے دستی کا گوشت زیادہ پسند تھا۔"

حضور کو دودھ بہت زیادہ پسند تھا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم احب الشراب الیہ اللبن))

(کنز (18223)، والجامع 83/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پینے والی چیزوں سے دودھ زیادہ پسند تھا۔"

حضور ماہ شعبان میں بہت زیادہ روزے رکھتے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم احب الشھور الیہ ان یصومہ شعبان))

(ابوداود رقم (2431)، والنسائی فی: الصیام (69)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو روزہ رکھنے کیلئے سب مہینوں سے ماہ شعبان زیادہ پسند تھا۔"

حضور کو زرد رنگ بہت پسند تھا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم احب الصبغ الیہ الصفرۃ))

(کنز (18266)، و بخاری 196/2، والجامع 83/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو زرد رنگ تمام رنگوں سے زیادہ پسند تھا۔"

حضور کو تر کھجور پسند تھی

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم احب الفاکھۃ الیہ الرطب و البطیخ))

(کنز 182/8)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو میوہ جات سے تر کھجور اور خربوزہ زیادہ پسند تھا۔"

رسول اللہ تمام لوگوں سے زیادہ خوبصورت تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احسن الناس وجھاً))

(مسلم فی: الفضائل (93)، و بخاری 47,27/4, 228,80)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ تمام لوگوں سے خوبصورت تھا۔"

نبی کریم کا قد بہت زیادہ خوبصورت تھا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احسن الناس قدماً))

(الجامع 82/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قد تمام لوگوں سے زیادہ خوبصورت تھا۔"

حضور کی نماز کامل ترین نماز ہوا کرتی تھی

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اخف الناس صلاة فی تمام))

(بخاری فی: الاذان (65)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے زیادہ ہلکی اور کامل نماز پڑھا کرتے تھے۔"

مکہ میں جانے کے بعد وضو کرنا اور طواف کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اول شی ء بدابه حین قدم مکة توضأ، ثم طاف))

(بخاری فی: الحج (104)، ومسلم فی: الحج (173)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ تشریف لائے سب سے اول وضو کیا، پھر طواف کیا۔"

برے نام کو بدلنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا اتاه رجل ، وله اسم لا یحبه هوله))

(الجامع 84/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کوئی برے نام والا آتا تو اس کا نام بدل دیتے۔"

دودھ میں برکت ہے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا اتی له لبن قال: برکة))

(الجامع 84/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب دودھ لایا جاتا تو فرماتے برکت آگئی ہے۔"

بیوی کے پاس بیٹھنا اور بوسہ لینا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا اجتلی النساء اقعی وقبل))

(الجامع 84/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنی ازواج کو دیکھتے، بیٹھتے اور بوسہ لیتے۔"

سونے کا سنت طریقہ

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا اخذ مضجعه جعل یده الیمنی تحت خده الایمن))

(الجامع 84/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سوتے تو دایاں ہاتھ دائیں رخسار کے نیچے رکھ لیتے تھے۔"

جہاد کا ارادہ

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد غزوۃ وری بغیرھا))

(ابوداود: رقم (2637)، وکنز (18137)، وابن ابی شیبۃ 530/12, 539/14، والجامع 85/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کہیں جہاد کا ارادہ کرتے تو یہ کرتے ہوئے دوسری طرف کو بتادیا کرتے۔"

حائضہ بیوی کے ساتھ لیٹا جا سکتا ہے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد من الحائض شیئاً القی علی فرجھا ثوباً))

(بیہقی 314/1، والجامع 84/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب حائضہ بیوی سے کچھ چاہتے تو اس کے فرج پر کپڑا ڈال دیا کرتے تھے۔"

غیر واجب اعتکاف کا طریقہ

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد ان یعتکف صلی الفجر، ثم دخل معتکفہ))

(ترمذی رقم (791)، ومسلم فی: الاعتکاف (6)، وابوداود (2464)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غیر واجب اعتکاف کا ارادہ کرتے تو صبح کی نماز پڑھ کر جائے اعتکاف میں چلے جاتے۔"

کسی کام کو یاد رکھنے کے لیے انگوٹھی میں دھاگہ باندھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد الحاجۃ اوثق فی خاتمہ خیطاً))

(الاتحاف 129/7، ومغنی 374/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی کام کرنا چاہتے تو (تو یاداشت کیلئے) اپنی انگوٹھی میں دھاگہ باندھ دیا کرتے۔"

قضائے حاجت کا سنت طریقہ

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اراد الحاجۃ لم یرفع ثوبہ حتی یدنو من الارض))

(ابن ماجہ: 3/1-4، وترمذی (14)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب قضائے حاجت کیلئے بیٹھتے تو جب تک زمین کے قریب نہ ہوتے کپڑا اونچا نہ کرتے۔"

نئے کپڑے جمعہ کے روز پہننا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا استجد ثوباً لبسہ یوم الجمعۃ))

(الاتحاف 130/7، والسنۃ 43/12)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نیا کپڑا لیتے تو اسے جمعہ کے روز پہنتے تھے۔"

رکن یمانی کو بوسہ دینا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا استلم الرکن الیمانی قبلہ))

(الاتحاف 354/4، وبیہقی 76/5، والتاریخ 290/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رکن یمانی کو مس کرتے تو اسے بوسہ دیا کرتے تھے۔"

پگڑی کا شملہ کندھوں کے درمیان لٹکانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اعتم سدل عمامتہ بین کتفیہ))

(ترمذی رقم (1736)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پگڑی باندھتے تو شملہ (طرہ) دونوں کندھوں کے درمیان لٹکا دیتے۔"

تکبیر تحریمہ کے بعد رفع یدین نہ کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا افتتح صلاۃ رفع یدیہ الی قریب اذنیہ، ثم لا یعود))

(ابوداود: رقم (749)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز شروع کرتے تو دونوں ہاتھ کانوں تک لے جاتے پھر رفع یدین نہ کرتے۔"

اپنے آگے سے کھانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اکل لم تعد اصابعہ مابین یدیہ))

(الاتحاف 117/7، وکنز (18175)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھانا کھاتے تو اپنے آگے سے انگلیاں دور نہ لے جاتے تھے۔"

نماز میں دائیں ہاتھ سے بائیں کو پکڑنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ام اخذ شمالہ بیمینہ))

(ترمذی رقم (252)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب امام ہوتے تو بائیں ہاتھ کو دائیں سے پکڑ لیتے۔"

غم کی حالت میں داڑھی کو مس کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اھتم اکثر من مس لحیتہ))

(کنز (18006)، ومجمع 160/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب غم ہوتا تو اپنی داڑھی کو زیادہ مس کیا کرتے تھے۔"

لوگوں کو حسب طاقت تلقین کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا بايعه الناس يلقنهم فيما استطعت))

(الجامع 86/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب لوگوں کو بیعت کرتے تو ان کو حسب طاقت تلقین فرماتے تھے۔"

دن میں بس ایک مرتبہ کھانا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا تغدى لم يتعش ، واذا تعشى لم يتغد))

(الاتحاف 409/7, 384/8، والضعیفة (250)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کا کھانا کھاتے تو رات کو نہ کھاتے، جب رات کو کھاتے تو صبح کو نہ کھاتے۔"

وضو کرنے کے بعد تھوڑا سا پانی وسوسوں کو دور کرنے کے لیے شرمگاہ پر ڈالنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا توضأ اخذ كفاً، فنضح به فرجه))

(الاتحاف 359/2، وابوداود (145)، وبیہقی 54/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے ایک مٹھی پانی لے کر اپنی شرمگاہ پر ڈالتے۔"

وضو کرنے والا اپنی انگوٹھی کو اچھی طرح ہلا کر پانی بہائے

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا توضأ حرك خاتمه))

(ابن ماجہ رقم (449)، وبیہقی 57/1)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے (تو ہاتھ دھوتے ہوئے) اپنی انگوٹھی کو ہلاتے تھے۔"

وضو کرتے ہوئے ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے پاؤں کی انگلیاں ملنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا توضأ ذلك اصابع رجليه بخصرة))

(کنز (18742)، والجامع 87/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تو پاؤں کی انگلیاں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے ملا کرتے تھے۔"

وضو میں انگلیوں اور داڑھی کا خلال کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا توضأ خلل اصبعه ولحيته))

(کنز (26961,17838)، وابن ماجۃ (431)، واحمد 234/6)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے اپنی انگلیوں اور داڑھی کا خلال فرماتے۔"

وضو کرنے والا داڑھی کا خلال کرے

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا توضأ خلل لحيته بالماء))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تو پانی کے ساتھ داڑھی کا خلال فرماتے۔"

سجدہ شکر کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا جاء امر يسره خر ساجداً شكراً لله))

(الجامع 87/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جب خوشی کا کام آتا تو آپ سجدہ میں شکر کے لئے گر جاتے۔''

خود کو دونوں ہاتھوں سے گھیر کر بیٹھنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا جلس احتبى بيديه))

(کنز 18473)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے تو خود کو دونوں ہاتھوں سے گھیر لیتے۔''

گفتگو کرتے ہوئے آسمان کی جانب دیکھنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا جلس يتحدث يكثر ان يرفع طرفه الى السماء))

(مشکوۃ (5830)، والجامع 87/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب گفتگو کیلئے بیٹھتے تو اکثر نظر آسمان کی طرف اٹھاتے۔''

بوقت ضرورت صلوۃ الحاجت ادا کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا حزبه امر صلى))

(ابوداود (1319)، وصحیح الجامع (4703)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی ضرورت پیش آتی تھی تو صلوۃ الحاجۃ پڑھتے تھے۔''

حضور کا قسم کھانا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا حلف قال: والذى نفس محمد بيده))

(الجامع 87/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب قسم کھاتے تو والذی نفس محمد بیدہ فرماتے تھے۔''

قرآن مجید ختم کرنے کا سنت طریقہ

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا ختم يقرأ من اول القرآن خمس آيات))

(قرطبی 30/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب قرآن ختم کرتے تو اول قرآن سے بھی پانچ آیات پڑھ لیا کرتے تھے۔''

عیدین میں راستہ بدل کر گھر آنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا خرج يوم العيد من طريق رجع من

غیرہ))

(ترمذی 541)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عید کے روز ایک راستہ سے نکلتے تو دوسرے راستے سے واپس لوٹتے۔"

خطبہ دینے والا اما بعد کہے

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا خطب قال: اما بعد))

(درمنثور: 222/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب خطبہ دیتے تو اما بعد فرمایا کرتے۔"

بیوی سے مسکرا کر ملنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا خلا بنسائه الين الناس، واكرمهم، بسماً))

(الجامع 88/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنی بیویوں کے ساتھ خلوت میں ہوتے تو سب لوگوں سے زیادہ نرم اور باعزت رہتے۔"

بیت الخلاء میں جانے سے پہلے کی دعا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا دخل الخلاء قال: يا ذاالجلال))

(کنز 17878)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلاء میں داخل ہونے لگتے تو یا ذوالجلال کہتے۔"

سونے سے پہلے استنجاء اور وضو کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اراد ان ينام وهو ، جنب، غسل فرجه و توضأ))

(الجامع 84/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنابت کی حالت میں سونا چاہتے تو استنجا اور وضو کر لیتے تھے۔"

طرفہ کے شعر سے مثال پکڑنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا استراث الخبر، تمثل ببيت طرفة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی خبر دیر سے پہنچتی تو طرفہ کے شعر سے مثال پکڑتے۔"

رات کو جاگنے پر مسواک کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا استيقظ بالليل استاك))

(بخاری فی: التہجد (9)، ومسلم فی: الطہارۃ (47,46)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو جاگتے تو مسواک کرتے۔''

حالت غم میں داڑھی ہاتھ میں پکڑ کر دیکھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اغتم اخذ لحیتہ بیدہ، ینظر الیھا))

(کنز (18007)، وکشف 290/2، والجامع 86/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غمگین ہوتے تو داڑھی ہاتھ میں پکڑ کر اسے دیکھتے۔''

کھانا کھا کر انگلیاں چاٹنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اکل طعاماً لعق اصابعہ))

(مسلم فی: الاشربۃ (136)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب روٹی کھا لیتے تو اپنی انگلیاں چاٹ لیتے۔''

التقاء ختانان پر غسل کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا التقی الختانان اغتسل))

(کنز (17865)

''مجامعت میں جب التقاء ہو جاتا (شرمگاہ شرمگاہ سے مل جاتی) تو آپ غسل کر لیتے۔''

بات کرنے والے کی طرف پوری طرح پھرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا انصرف انحرف بجانبہ))

(صحیح الجامع (3687)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پھرتے تھے تو اپنی پوری جانب کو پھیر لیا کرتے تھے۔''

پیشاب کر کے شرمگاہ کو تین مرتبہ جھاڑنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا بال نتر ذکرہ ثلاثاً))

(عقیلی: 382/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پیشاب کرتے تو پیشاب گاہ کو تین دفعہ جھاڑ لیا کرتے۔''

رومال میں تھوک کر کپڑے کو باہم ملا دینا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا بصق فی ثوبہ رد بعضہ علی بعض))

(کنز (17984)، والجامع 87/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کپڑے میں تھوکتے تو اس کو باہم مل دیا کرتے۔''

تہجد کی دو دو رکعات کر کے پڑھنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا تہجد یسلم بین کل رکعتین))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تہجد پڑھتے تو ہر دو رکعتوں کے بعد سلام پھیرتے تھے۔"

کانوں کے مسح کے لیے الگ پانی لینا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا توضأ یا خذ الماء باصبعیہ لا ذنیہ))

(موطا امام مالک بن انس)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تو کانوں کے مسح کیلئے پانی لے لیا کرتے۔"

وضو کے بعد زیر ناف پر تین مرتبہ پانی چھڑکنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا توضأ تضح عانتہ ثلاث مرات))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تو زیر ناف پر تین دفعہ پانی چھڑکتے۔"

وضو سے بچا ہوا پانی پینا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا توضأ شرب فضل وضوئہ قائماً))

(مختارہ للضیاء)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تو اس سے بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر پی لیا کرتے۔"

وضو کرتے ہوئے کہنیوں پر پانی بہانا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا توضأ ادار الماء علی مرفقیہ))

(سنن امام دارقطنی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کرتے تو دونوں کہنیوں پر پانی بہاتے۔"

وضو کرنے کے بعد منہ کو کپڑے سے صاف کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا توضأ مسح وجہہ بطرف ثوبہ))

(سنن ترمذی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب وضو کر لیتے تو اپنے منہ کو کپڑے کے حصے سے خشک کر لیا کرتے۔"

حضور مال کو برابر تقسیم کر دیتے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا جاءہ مال لم یبیتہ ولم یقیلہ))

(سنن کبریٰ، از امام بیہقی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب مال آ جاتا نہ اسے رات کو پاس رہنے دیتے نہ دوپہر کو (بلکہ تقسیم کر دیتے)۔"

گفتگو کرنے کا ادب

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا لس یتحدث یخلع نعلیه))

(الجامع 87/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب گفتگو کیلئے بیٹھتے تھے تو جوتی اتار لیتے تھے۔''

رسول اللہ کے اردگرد صحابہ کا حلقہ بنا کر بیٹھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا جلس یجلس الیه اصحابه حلقاً حلقاً))

(الجامع 87/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے تو اصحاب آپ کے پاس حلقے باندھ کر بیٹھتے۔''

غم کے وقت نفلی نماز کی ادائیگی

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا هزبه امر، فزع الی الصلاة))

(ابوداود (1319)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی امر پیش آتا تو نماز کی طرف متوجہ ہو جاتے۔''

قرآن مجید ختم کرنے پر اہل خانہ کو دعا میں شامل کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا ختم جمع اهله و دعا))

(کنز (4219)، وحلیۃ 260/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب قرآن ختم کرتے تو اپنے اہل کو بلاتے اور دعا مانگتے تھے۔''

قضائے حاجت کرنے کے بعد کی دعا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا فرغ من الغائط قال: غفرانك))

(مسلم فی: الحیض (121,118)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب قضائے حاجت سے فارغ ہوتے تو غفرانک فرماتے۔''

زخم پر مہندی لگانا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا خرجت به قرحة جعل علیه حناء))

(الاتحاف 518/9، ومغنی 277/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی پھوڑا پھنسی نکلتا اس پر مہندی لگاتے تھے۔''

خطبہ دینے کے لیے عصا پر سہارا لینا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا خطب یعتمد علی عنزة او عصا))

(کنز (17876)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب خطبہ دیتے تو نیزہ یا عصا پر سہارا لیتے تھے۔"

بیت الخلا میں جانے پر انگوٹھی اتارنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا دخل الخلاء وضع خاتمه))

(کنز (17872)، ابوداود (19)، وبیہقی 95/1، وقرطبی 88/10)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلا کو جاتے تو انگوٹھی کو اتار جاتے۔"

بیت الخلاء میں جانے کی دعا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا دخل الخلاء قال: اعوذ بالله من الخبث الخبائث))

(بخاری 88/8،48/1، وابوداود (4)، وترمذی 6/5، ونسائی فی: الطہارۃ (18)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلا جاتے تو اعوذ باللہ من الخبث والخبائث پڑھتے۔"

بیت الخلا میں جاتے وقت سر پوشیدہ کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا دخل المرفق لبس حذاءه، وغطی رأسه))

(کنز (17876)، والجامع 88/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت الخلا کو جاتے جوتی پہنتے اور سر پوشیدہ کر لیتے۔"

گھر جانے سے پہلے مسواک کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا دخل بیت بدأ بالسواك))

(صحیح مسلم)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے گھر جاتے پہلے مسواک کرتے۔"

دعا مانگ کر چہرہ پر ہاتھ پھیرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا دعا فرفع یدیه مسح وجهه بهما))

(ابوداود: فی: الطہارۃ (44)، واحمد 188/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا مانگتے تو ہاتھ اٹھاتے پھر ان کو چہرہ پر پھیر لیتے۔"

دعا سب سے پہلے اپنے لیے مانگنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا دعا بدأ بنفسه))

(کنز (18013)، وابوداود (3984)، والمجمع 152/10، والجامع 88/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا مانگتے تو اپنے سے ابتدا کرتے (پہلے اپنے لیے دعا مانگتے)۔"

اصحاب الاخدود کاذکر

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا ذكر اصحاب الاخدود تعوذ من جهد البلاء))

(درمنثور 333/6، وکشاف (183)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اصحاب الاخدود (ایک تباہ شدہ قوم) کاذکر کرتے تو تکلیف وبلا سے پناہ مانگتے۔''

بارش دیکھنے کی دعا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا راى المطر قال: اللهم صيباً نافعاً))

(ابن ماجۃ (3890)، واحمد 41/6، 90)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بارش دیکھتے فرماتے یا اللہ نافع بارش ہو۔''

ڈرنے کی دعا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا راعد شيء قال: الله الله ربي لا شريك له))

(کنز (18367)، وحلیۃ 219/5))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی چیز ڈراتی تو فرماتے: اللہ میرے رب ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔''

پسندیدہ چیز کو دیکھنے پر خاموش رہنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا رضي شيئاً سكت))

(کنز (18374)، والجامع 89/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی چیز کو پسند کرتے خاموش رہتے تھے۔''

رکوع کامسنون طریقہ

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا ركع لا يصوب راسه،م ولا يقنعه))

(مسلم فی: الصلاۃ (240)، وابوداود فی: استفتاح الصلاۃ (9)، وابن ماجۃ (869)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رکوع کرتے تو آپ کا سر نہ اوپر ہوتا نہ نیچے۔''

حج کے دوران رمی جمار

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا رمى جمرة العقبة مضى ولم يقف))

(کنز (18109)، وابن ماجۃ (3032)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جمرہ عقبہ کو مار لیتے تو رکتے نہ تھے۔''

سجدہ میں پیشانی کا زمین پر لگانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سجد رفع العمامۃ عن جبھتہ))
(کنز 17896)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سجدہ کرتے پیشانی سے پگڑی اوپر کر لیتے۔"

بادل کی کڑک کی دعا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سمع الرعد ، قال :سبحان الذی یسبح الرعد بحمدہ))
(مالک فی: الکلام (26)، وطبری 83/13، والدر 51/4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رعد کی آواز سنتے تو یہ پڑھتے :سبحان الذی یسبح الرعد بحمدہ (وہ ذات پاک ہے کہ رعد جس کے نام تسبیح اس کی حمد کے ساتھ پڑھتا ہے)۔"

تین دفعہ سانس لے کر پانی پینا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا شرب تنفس ثلاثاً))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پانی پیتے تو تین دفعہ سانس لیا کرتے۔"

خطبہ دینے سے پہلے سلام کہنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا صعد المنبر سلم))
(ابن ماجہ رقم (1109)، وبیہقی 204/3, 299)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب منبر پر (خطبہ دینے کیلئے) چڑھتے تو (پہلے) سلام کہا کرتے تھے۔"

جنازہ میں چار تکبیریں کہنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا صلی علی الجنازۃ کبر اربعاً))
(کنز 42865)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جنازہ پڑھاتے تو چار تکبیریں کہتے تھے۔"

عشاء کی چار رکعت نماز

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا صلی العشاء رکع اربع رکعات))
(مجمع 272/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز عشاء پڑھتے تو چار رکعت پڑھتے تھے۔"

سفر میں مغرب وعشاء کو معنوی جمع کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا عجل بہ السیر جمع بین المغرب

والعشاء))

(مسلم فی:المسافرین (42)، واحمد 148,63,51,7/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب سفر میں جلدی ہوتی تو مغرب وعشاء کو (معنوی) جمع کرلیا کرتے۔''

تعزیت کی دعا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا عزى قال: برحمة الله، ويؤجركم))

(کشاف (126)، وتاریخ اصفہان 87/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کی تعزیت کرتے تو فرماتے اس پر اللہ رحم کرے اور تم کو اجر دے۔''

نبی کریم کے ہاں حضرت علی کا مقام

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا غضب لم يجترء عليه احد الا على))

(مجمع 116/9، والجامع 90/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غصہ ہوتے تو حضرت علی کے علاوہ آپ پر کوئی ہمت نہ کرسکتا۔''

رمضان کے روزہ کی عشرہ ذوالحجہ میں قضا کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا فاته شيء من رمضان قضاه في عشر ذي الحجة))

(مجمع 179/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جب رمضان کا کوئی روزہ قضا ہوتا تو ذوالحجہ کے عشرہ میں قضا کرلیتے تھے۔''

امام کب تکبیر کہے

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قال بلال: قد قامت الصلاة نهض فكبر))

(کنز (17992) ومجمع 5/2 والجامع 91/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت کھڑے ہوکر تکبیر کہتے تھے جب حضرت بلال ''قد قامت الصلوۃ'' کہہ چکتے۔''

تہجد کے لیے اٹھنے پر پہلے مسواک کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قام من الليل يشوص فاه بالسواك))

(بخاری 701 و 5/2، ومسلم فی:الطہارۃ (47,46)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تہجد کیلئے اٹھتے تو اپنے منہ کو مسواک سے صاف کرتے تھے۔''

مجلس سے اٹھنے پر بیس مرتبہ استغفار کہنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا قام من المجلس استغفر الله عشرين مرة))

(کنز (18478)، والجامع 91/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مجلس سے کھڑے ہوتے تو بیس دفعہ استغفار پڑھتے۔"

سفر سے واپسی پر دو رکعت نفل پڑھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا قدم من سفر یصلی رکعتین))

(مجمع 283/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے واپس آتے تو دو رکعت پڑھا کرتے تھے۔"

مکہ معظمہ میں نماز جمعہ کے بعد چھ رکعات پڑھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا کان بمکة صلی بعد الجمعة ستاً))

(ابوداود: رقم (1130)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ معظمہ میں تھے تو جمعہ کے بعد چھ رکعت پڑھتے۔"

رمضان کا آخری عشرہ اور طریقہ رسول

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا دخل العشر شد منزره، واحیا لیله، وایقظ اهله))

(بخاری 61/3، ومسلم فی: الاعتکاف (7)

"جب آخری عشرہ رمضان داخل ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی چادر کس لیتے، خود رات جاگتے اور اپنے اہل کو جگاتے۔"

کعبہ کے دخول پر دو رکعات پڑھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا دخل الکعبة صلی رکعتین))

(سنن ابی داود)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کعبہ میں داخل ہوتے تو دو رکعت تحیۃ المسجد ادا کرتے تھے۔"

دعا کے لیے ہاتھ اٹھانے کا سنت طریقہ

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا دعا جعل باطن کفیه الی وجه))

(الجامع 88/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا مانگتے ہتھیلی کا رخ منہ کی طرف کرلیا کرتے۔"

کسی کے لیے دعا کرنے سے پہلے اپنے لیے دعا کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا ذکر احداً فدعا له بدأ بنفسه))

(مشکوۃ (2285)، وکنز (180,16)(4899، وترمذی (3385)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کا ذکر کرتے پھر اس کو دعا دیتے تو پہلے اپنے لئے دعا کرتے۔"

قضائے حاجت کے لیے دور چل کر جانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ذھب المذھب ابعد))

(ابوداود(1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قضا حاجت کیلئے باہر دور جاتے تھے۔''

چاند دیکھ کر اس سے منہ پھیرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رای الھلال صرف وجه عنه))

(ابوداود:(5093)،والجامع 89/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب چاند کو دیکھتے تو اس سے منہ پھیر لیا کرتے۔''

نماز میں نکسیر پھوٹنے پر وضو کر کے دوبارہ وہیں سے نماز شروع کر لینا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رعف فی صلاۃ توضأ، ثم بنی))

(دارقطنی 157/1،وعقیلی 160/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب نماز میں نکسیر پھوٹتی تو آپ وضو کر کے اس نماز کو وہیں سے تمام کر لیتے تھے۔''

رکوع میں پشت کو سیدھا رکھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رکع بسط ظھرہ))

(بیہقی 113/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رکوع کرتے تو اپنی پشت کو سیدھا کر دیتے تھے۔''

رکوع میں سر کو درمیان میں رکھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رکع لم یشخص رأسه، ولم یصوبه))

(مسلم فی:الصلاۃ(240)،وابوداود فی:استفتاح الصلاۃ(9)،وابن ماجۃ (869)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رکوع کرتے تو سر کو نہ اونچا رکھتے نہ نیچے جھکا دیتے۔''

نکاح کے بعد کھجوریں بانٹنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا زوج او تزوج نثر تمراً))

(کنز(18329)،والجامع 89/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نکاح کرتے یا کراتے تو کھجوریں پھینکا کرتے تھے۔''

خوشی سے حضور کا چہرہ منور ہو جاتا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا سر استنار وجھه، کانه قطعة قمر))

(بخاری 229/4،8/6،ومسلم فی:التوبۃ (53)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب خوش ہوتے تو آپ کا چہرہ اس طرح منور ہوتا گویا کہ وہ چاند کا ٹکڑا ہے۔''

پانی پیتے وقت کم از کم دو سانس لینا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذاشرب تنفس مرتین))

(ترمذی رقم 1886)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پانی پیتے (کم از کم) دو دفعہ سانس لیتے۔''

دودھ پینے کے بعد مسواک کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا شرب اللبن قال: ان لہ دسماً))

(معجم طبرانی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب دودھ پیتے تو فرماتے کہ اس کی چکناہٹ ہے (مسواک کر لینا چاہیے)۔''

نماز کو درست کر کے پڑھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا صلی صلاۃ اثبتھا))

(مسلم فی: المسافرین (298,139)، و بخاری 50/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھتے تو اس کو درست کر کے پڑھتے۔''

سفر میں صبح کی نماز پڑھ کر چل پڑنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا صلی الفجر فی السفر مشی))

(مجمع 2153)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کی نماز سفر میں پڑھ لیتے تو چل پڑتے۔''

ہنستے وقت منہ پر اپنا ہاتھ رکھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ضحک وضع یدہ علی فیہ))

(شرح السنۃ امام بغوی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ہنستے تو اپنا ہاتھ منہ پر رکھ لیا کرتے تھے۔''

اجر و رحم کی دعا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا عزی قال: اجر کم اللہ و رحمکم))

(تاریخ اصفہان 87/1، و کشاف (126)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تعزیت کرتے تو فرماتے اجرکم اللہ و رحمکم اللہ۔''

غصہ سے حضور کے رخسار سرخ ہو جاتے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا غضب احمرت وجنتاہ))

(مجمع 278/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب غصہ ہوتے تو آپ کے دونوں رخسار سرخ ہو جاتے۔''

تین دفعہ بات کہہ کر رجوع نہ کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه و سلم اذا قال الشیء ثلاث مرات لم یراجع))

(الجامع 91/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی بات تین دفعہ فرما دیتے، پھر اس سے رجوع نہ کرتے تھے۔''

تکبیر تحریمہ کے لیے ہاتھ اُٹھانا

((کان رسول الله صلی الله علیه و سلم اذاقام للصلاة رفع یدیه مداً))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے تو اپنے ہاتھ اٹھاتے۔''

ہاتھ کا سہارا لے کر کھڑے ہونا

((کان رسول الله صلی الله علیه و سلم کان اذا قام اتکا علی احدی یدیه))

(کنز (18458)، والجامع 91/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوتے تو اپنے کسی ایک ہاتھ کا سہارا لیتے۔''

تکبیر اولیٰ کہتے وقت ہاتھوں کی انگلیاں کشادہ کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه و سلم اذا کبر للصلاة نشر اصابعه))

(ترمذی: رقم (239)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کیلئے تکبیر اولیٰ فرماتے تو اپنی انگلیاں کشادہ کر لیا کرتے۔''

کسی چیز کی ناپسندیدگی کا حضور کے چہرے سے پتہ چل جاتا

((کان رسول الله صلی الله علیه و سلم اذا کره شیئاً عرف ذلکل فی وجه))

(احمد 79/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی چیز کو مکروہ جانتے تو یہ آپ کے چہرہ سے معلوم ہو جاتا۔''

خوش طبعی کرتے ہوئے آنکھیں نیچی کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه و سلم اذا مزح غض بصره))

(حکیم ترمذی فی نوادر الاصول)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی سے مزاح کرتے تو اپنی آنکھیں نیچی کر لیتے۔''

چلتے ہوئے اِدھر اُدھر نہ دیکھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه و سلم اذا مشی لم یلتفت))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب چلتے تو ادھر ادھر نظر نہیں کرتے تھے۔"

جھک کر چلنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اذا مشی کانه یتوکا))

(حاکم 281-280/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب چلتے تو ایسا معلوم ہوتا گویا کہ جھک کر چل رہے ہیں۔"

حضور سوتے وقت اونچی سانس لیا کرتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اذا نام نفخ))

(بخاری 179/1، ومسلم فی: صلاۃ المسافرین (184)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سوتے تو سانس اونچی لیتے۔"

مبارک باد دینے کی دعا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اذا هنا، قال: بارك اللہ لکم، وبارك علیك))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مبارک دیا کرتے تو بارک اللہ لکم و بارک علیکم فرمایا کرتے۔"

وحی کے نزول کی وجہ سے حضور کا چہرہ متغیر ہو جاتا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اذا نزل علیه الوحی ترید جلده و جسده))

(مسانید 424/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جب وحی نازل ہوتی تو آپ کا چہرا اور جسم مبارک متغیر ہو جاتا۔"

حضور کجاوے کھلنے تک تسبیح پڑھتے رہتے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اذا نزل منزلاً یسبح حتی تحل الرحال))

(مصنف عبد الرزاق)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی منزل پر اترتے تو کجاوے کھلنے تک تسبیح پڑھتے۔"

حضور سب سے زیادہ بہادر تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اشجع الناس))

(بخاری فی: الجهاد (82) و: الادب (39)، ومسلم فی: الفضائل (48)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ بہادر تھے۔"

حضور بہت زیادہ صابر تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اصبر الناس علی اقدار الناس))

(کنز (17818)، وابن سعد 99/2/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خلق اللہ کی تکالیف برداشت کرنے میں سب لوگوں سے زیادہ صابر تھے۔''

حضور تمام لوگوں سے زیادہ عادل تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعدل الناس))

(الاتحاف:96/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے زیادہ عادل تھے۔''

دروازہ ناخنوں سے کھٹکھٹانا

((کان باب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرع بالاظافر))

(الجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دروازہ ناخنوں سے کھٹکھٹایا جاتا تھا۔''

حضور کی آنکھیں سوتی لیکن دل نہیں سوتا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تنام عیناہ ، ولا ینام قلبہ))

(حاکم 431/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں سویا کرتی تھیں، دل نہیں سوتا تھا۔''

حضور خوبصورت مونچھوں والے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حسن السبلة))

(مجمع 281/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خوبصورت مونچھوں والے تھے۔''

حضور کی انگوٹھی اور اس کا نگینہ

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاتمہ من ورق، و فصہ حبشیاً))

(ترمذی فی: اللباس (11))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور اس کا نگینہ سیاہ تھا۔''

حضور آسان خلق والے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دائم البشر ، سھل الخلق))

(ترمذی فی: الشمائل (187)، ومجمع 275/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ مسکرانے والے آسان خلق والے تھے۔''

حضور کا علم سیاہ تھا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رایتہ سوداء تسمی العقاب))

(الاتحاف 132/7، وابن ماجۃ (2818)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم سیاہ تھا جس کا نام عقاب تھا۔"

حضور سخت گرفت والے تھے

کان رسول الله صلى الله عليه وسلم شديد البطش))

(الجامع 93/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سخت گرفت والے تھے۔"

حضور کے بیس سفید بال تھے

کان رسول الله صلى الله عليه وسلم شيبه نحو عشرين شعرة))

(ترمذی فی الشمائل (42)، والاتحاف 423/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سفید بال بیس کے قریب تھے۔"

حضور کی داڑھی بڑی تھی

کان رسول الله صلى الله عليه وسلم ضخم الهامة، عظيم اللحية))

(الاتحاف 151/7، وکنز (17833)، وابن سعد 121/2/1، وصحیح الجامع (4820)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موٹے سر اور بڑی داڑھی والے تھے۔"

حضور کا بستر کمبل کا تھا

کان رسول الله صلى الله عليه وسلم فراشه مسحاً))

(الجامع 93/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بسترہ کمبل کا تھا۔"

مکروہ چیز

کان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كره شيئاً رای ذلك فی وجهه))

(کنز (18386)، وابن ماجۃ (4180)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی چیز کو مکروہ جانتے تو آپ کے چہرہ سے معلوم ہو جاتا تھا۔"

قمیض پہننا داہنی طرف سے شروع کرنا

(کان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا لبس قميصاً بدأ بميامنه))

(الجامع 91/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کرتہ پہنتے تو اپنی داہنی طرف سے شروع کرتے تھے۔"

پاک پانی کو چھوتے وقت بسم اللہ پڑھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا مس طهوراً سمی الله))

(قرطبی 98/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب پاک پانی کو چھوتے تو بسم اللہ پڑھا کرتے۔''

بعض اوقات اکڑ کر چلنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا مشی تقلع))

(دلائل 252/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب چلتے تو اکڑ کر چلتے۔''

بارش میں چادر اُتار دینا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا مطرت السماء تجرد ، وکشف عن رأسه))

(نوادرالاصول)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برستی بارش میں سر اور کملی کھول دیتے تھے۔''

وحی کے نزول کی ایک صورت

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا نزل علیه الوحی، یسمع کدوی النحل))

(دارمی فی: المقدمة (2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جب وحی نازل ہوتی تو شہد کی مکھی کی طرح بھنبھناہٹ سنی جاتی۔''

وحی کے نزول کے اثر سے حضور کی رنگت ہو جاتی

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا نزل علیه الوحی کرب لذلك ، وتربد وجهه))

(احمد 464/1، 317/5، 318، وابن سعد 131/1/1

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جب وحی نازل ہوتی تو آپ المناک ہوتے اور چہرہ بدل جاتا تھا۔''

اذان کے جفت کلمات

((کان اذان رسول الله صلی الله علیه وسلم شفعاً))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اذان کے کلمات جفت تھے۔''

حضور پھول کی طرح کھلے ہوئے رنگ والے تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم ازهر اللون، کثر اللحیة))

(بخاری فی: المناقب (23)، ومسلم فی: الفضائل (82)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھول کی طرح کھلے ہوئے رنگ اور گھنی داڑھی والے تھے۔"

حضور بہت زیادہ حیاء دار تھے

کان رسول الله صلی الله علیه و سلم اشدا حیاء من العذراء فی خدرها))

(بخاری 230/4، ومسلم فی: الفضائل (67)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باکرہ پردہ دار لڑکی سے زیادہ حیا والے تھے۔"

کدو کا پسند ہونا

کان رسول الله صلی الله علیه و سلم اعجب الطعام الیه الدباء))

(احمد 153/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو طعام میں سے کدو سب سے زیادہ پسند تھا۔"

حضور کی قسم

(کان رسول الله صلی الله علیه و سلم اکثر ایمانه: لا و مصرف القلوب))

(نسائی فی: الایمان (2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم "لا و مصرف القلوب" کی قسم کھایا کرتے تھے۔"

حضور اور دیوار کے درمیان فاصلہ

(کان رسول الله صلی الله علیه و سلم بین مصلاه ، و بین الجدار ممر الشاة))

(بخاری 133/1، ومسلم فی: الصلاۃ (262)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز گاہ اور دیوار کے درمیان بکری گزرنے کا فاصلہ تھا۔"

حضور کی مسکراہٹیں

(کان رسول الله صلی الله علیه و سلم جل ضحکه التبسم))

(فتح الباری: 288/9)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا زیادہ سے زیادہ ہنسا مسکرانا ہوتا تھا۔"

مہر نبوت ابھرا ہوا گوشت تھا

(کان خاتم النبوة فی ظهر رسول الله صلی الله علیه و سلم بضعة ناشزة))

(کنز (17821)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مہر نبوت پشت میں ابھرا ہوا گوشت کا ٹکڑا تھا۔"

حضور کی انگوٹھی اور اس کا نگینہ چاندی کا تھا

((کان خاتم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من فضة، وفصه منه))

(بخاری 201/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور نگینہ بھی چاندی کا تھا۔''

حضور کا خلق قرآن تھا

((کان خلقه القرآن))

(الجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خلق قرآن تھا۔''

نماز میں کبھی کبھی داڑھی پر ہاتھ رکھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ربما یضع یده علی للحیة فی الصلاة من غیر عبث))

(الجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں کبھی کبھی داڑھی پر بغیر عبث کاری کے ہاتھ رکھا کرتے تھے۔''

کبھی حضور جمعہ کے دن غسل چھوڑ بھی دیتے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ربما اغتسل یوم الجمعة۔ربما ترك))

(الجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے روز کبھی غسل کرتے اور کبھی ترک کر دیتے تھے۔''

حضور کا بڑا اور چھوٹا جھنڈا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رایته سوداء، والوازه ابیض))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بڑا جھنڈا سیاہ رنگ کا تھا اور چھوٹا سفید رنگ کا۔''

حضور کے موئے مبارک

کان شعر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دون الجمعة وقوف الوفرة))

(کنز 17829)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک نرمہ کان سے زائد اور وفرہ سے کم تھے۔''

حضور کے ہاتھ اور پاؤں گوشت سے پُر تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضخم الراس والبدین والقدمین))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر اور ہاتھ پاؤں گوشت سے پُر تھے۔''

حضور زیادہ خاموش رہتے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طویل الصمت ، قلیل الضحك))

(الجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ خاموش رہتے اور کم ہنستے تھے۔''

حضور بستر

((کان راش رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الذی ینام علیه ادماً حشوہ لیف))

(ترمذی فی: اللباس 38)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سونے کا بستر چمڑے کا تھا جس میں کھجور کا چھلکا بھرا تھا۔''

حضور میں ظرافت کی عادت کم تھی

((کان فی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعابة قلیلة))

(الجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ظرافت کی عادت کم تھی۔''

حضور کے کلام میں روانی تھی

((کان فی کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ترتیل و ترسیل))

(ابوداود: فی: الادب: باب 21)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام میں آہستگی اور روانی تھی۔''

حضور کا قمیض

((کان قمیص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوق الکعبین))

(الجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قمیض ٹخنوں سے اوپر تک ہوتا تھا۔''

حضور کی تلوار کا قبضہ چاندی کا تھا

((کان قبیعة سیف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فضة))

(الاتحاف 132/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کا قبضہ چاندی کا تھا۔''

حضور کی آستین کلائی تک ہوتی تھی

((کان کم قمیص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی الرسغ))

(ابوداود فی: اللباس (3) وترمذی فی: اللباس (28)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کرتے کے آستین کلائی تک ہوتی تھی۔''

حضور کے کلام کو ہر سننے والا یاد کر لیتا

((کان کلام رسول الله صلی الله علیه وسلم یحفظه کل من سمعه))

(ترمذی(3639)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام ایسا تھا کہ ہر ایک سننے والا یاد کر لیتا تھا۔''

حضور کو پسینہ بہت زیادہ آتا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم کثیر العرق))

(مسلم فی: الفضائل(86)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پسینہ بہت آتا تھا۔''

ایک مخصوص چادر جمعہ اور عیدین میں اوڑھتا

((کان لرسول الله صلی الله علیه وسلم برد یلبسه فی العیدین و الجمعة))

(الجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک چادر تھی جس کو جمع اور عیدین میں اوڑھا کرتے تھے۔''

حضور کے حمار کا نام عفیر تھا

کان لرسول الله صلی الله علیه وسلم حمار اسمه عفیر))

(الجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک گدھا تھا جس کا نام عفیر تھا۔''

ایک مخصوص رومال سے وضو کا پانی پونچھنا

((کان لرسول الله صلی الله علیه وسلم خرفقة اذا توضأ تمسح بها))

(ترمذی(53)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا رومال تھا۔ وضو کر کے آپ اس سے پونچھ لیتے تھے۔''

حضور کے فرس کا نام لحیف تھا

کان لرسول الله صلی الله علیه وسلم فرس یقال له: اللحیف))

(کنز(18141)، وبیہقی 25/10

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک گھوڑا تھا جس کا نام لحیف تھا۔''

شیشے کے پیالے میں پانی پینا

((کان لرسول الله صلی الله علیه وسلم قدح قوار یر یشرب فیه))

(ابن ماجۃ (3435)، والجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک شیشے کا پیالہ تھا اس میں پانی پیا کرتے تھے۔''

رسول اللہ کے دو موذن

((کان لرسول الله صلى الله عليه وسلم موذنان: بلال، وابن ام مكتوم))

(مسلم فی: الصلاۃ (7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو موذن تھے ایک بلال اور دوسرے ابن ام مکتوم۔''

حضور کا رنگ گندم گوں تھا

((كان لون رسول الله صلى الله عليه وسلم اسمر))

(کنز (18552)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ گندم گوں تھا۔''

حضور سب سے زیادہ خوش طبع تھے

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم من اضحك الناس، واطيبهم نفساً))

(الجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب لوگوں سے زیادہ ہنسنے والے اور خوش طبع تھے۔''

نوکر سے اس کی ضرورت کے متعلق دریافت کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم مما يقول للخادم: الك حاجة))

(الاتحاف 110/7، وکنز (18385)، والجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو اپنے خادم سے پوچھا کرتے کہ تیری کوئی حاجت ہے۔؟''

نبی کریم کا چہرہ مبارک گول تھا

((كان وجه رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل الشمس والقمر، وكان مستديرا))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مثل آفتاب و مہتاب کے تھا اور گول تھا۔''

رسول اللہ ٹڈی اور گردے نہیں کھاتے تھے

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ياكل الجراد ولا الكليتين))

(الجامع 94/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ٹڈی اور گردوں کو نہیں کھایا کرتے تھے۔''

نماز عید بغیر اذان واقامت پڑھی جاتی ہے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یؤذن له فی العیدین))

(الجامع 94/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز عید کے لئے اذان نہیں ہوتی تھی۔''

صحابہ نبی کریم کے پاؤں کے نشان پر بھی پاؤں نہیں رکھتے تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یاکل متکئا، ولا یطاعقبه رجلان))

(بخاری فی: الاطعمۃ (13)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکیہ لگا کر نہ کھاتے تھے اور نہ آپ کے پیچھے دو شخص آپ کی ایڑھی کو پامال کرتے تھے۔''

رسول اللہ بہت تھوڑے پانی سے وضو فرمالیا کرتے تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لایبل الثری وضوء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کا پانی کیچڑ کو تر نہیں کرتا تھا (آپ وضو میں کم پانی استعمال کرتے تھے)۔''

بدشگونی اور فال نیک

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یتطیر ، ولکن یتفاء ل))

(کنز (18377)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بدشگون نہیں لیتے تھے، البتہ فال نیک پکڑتے تھے۔''

رسول اللہ ایک ہی آیت کو لوٹا لوٹا کر نہیں پڑھتے تھے

((کان قراء ت رسول الله صلی الله علیه وسلم المد ، لا ترجیع فیها))

(کنز (17908)، والجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت مد تھی۔ اس میں ترجیع (لوٹا لوٹا کر پڑھنا) نہ تھا۔''

رسول اللہ سے کوئی گھبراتا نہیں تھا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم قلما یواجه رجلا بشیء یکرهه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہت کم کسی کو ایسی طرح پیش آتے جس سے وہ گھبرائے۔''

رسول اللہ کا لباس دس درہم کا ہوتا تھا

((کان قیمة ثوب رسول الله صلی الله علیه وسلم عشرة دراهم))

(غزالی فی الاحیاء)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لباس دس درہم کا تھا۔''

رسول اللہ کی آستین انگلیوں تک ہوتی تھی

((كان قميص رسول الله صلى الله عليه وسلم مع الاصابع))

(الاتحاف 126/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آستین انگلیوں تک تھی۔"

رسول اللہ سیدہ فاطمہ کا بوسہ لیا کرتے تھے

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم كثير اما يقبل فاطمة))

(کنز (27729,18335)، والجامع 93/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بسا اوقات فاطمہ کو بوسہ دیتے تھے۔"

رسول اللہ کا کلام صاف ہوا کرتا تھا

((كان كلام رسول الله صلى الله عليه وسلم فسلاً، يفهمه كل من سمعه))

(ترمذی رقم (4839)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام صاف صاف تھا۔ ہر ایک سننے والا اسے سمجھ سکتا تھا۔"

رسول اللہ کا پیالہ

كان لرسول الله صلى الله عليه وسلم جفنة لها اربع حلق))

(الجامع 93/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک بڑا پیالہ تھا جس کے چار حلقے تھے۔"

رسول اللہ کی خوشبو والی ڈبی

((كان لرسول الله صلى الله عليه وسلم سكة يتطيب بها))

(ترمذی فی: الترجل (2)، والجامع 93/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک ڈبی تھی جس میں سے خوشبو لگایا کرتے تھے۔"

رسول اللہ کا گھوڑا

((كان لرسول الله صلى الله عليه وسلم فرس يقال له: الظرب))

(الجامع 93/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک گھوڑا تھا جس کا نام ظرب تھا۔"

قرا نامی کاسہ

((كان لرسول الله صلى الله عليه وسلم قصعة يقال لها: القراء يحملها اربعة))

(کنز (18183)، وابوداود فی: الاطعمۃ: باب (18)، والجامع 93/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قرا نام کا ایک کاسہ تھا جسے چار آدمی اٹھاتے تھے۔''

رسول اللہ کی نعل کے دو تسمے ہوتے تھے

((کان لنعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبالان))

(ترمذی فی: اللباس (32)، وبخاری 199/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چپلی کے دو تسمے تھے۔''

رسول اللہ کی حضرت عباس پر مہربانی

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اشد الناس لطفاً بالعباس))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے زیادہ حضرت عباس پر مہربان تھے۔''

رسول اللہ بچوں کے ساتھ خوش طبعی فرمایا کرتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من افکہ الناس مع صبی))

(طبرانی فی: الصغیر 39/2، والاتحاف 355/5، 259/6، 499/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ خوش طبعی بچے کے ساتھ کرتے تھے۔''

رسول اللہ تواضع فرماتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متواضعاً فی غیر مذلۃ))

(ضحاک)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بغیر ذلت کے تواضع کرنے والے تھے۔''

رسول اللہ کی شہادت والی انگلی درمیان والی سے بڑی تھی

((کان مسبحت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اطول من الوسطی))

(قرطبی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت کی انگلی درمیانی انگلی سے زیادہ لمبی تھی۔''

رسول اللہ چہرہ مبارک چاند کے دائرے کی طرح تھا

((کان وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کدارۃ القمر))

(کنز (18526)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک چاند کے دائرہ کی طرح تھا۔''

رسول اللہ کا تکیہ

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وسادہ الذی یتکیء علیہ من ادم، حشوہ

یف))

(بخاری فی:الصوم (59)،و:المظالم (250)،ومسلم فی:الصیام (191)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تکیہ جس پر ٹیک لگاتے چمڑے کا تھا۔اس میں کھجور کا پوست بھرا تھا۔''

رسول اللہ نے کبھی گوہ نہیں کھائی

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یاکل الضب من غیر ان یحرمھا))

(الجامع 94/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوسمار (گوہ) کو نہ کھاتے اور نہ اسے حرام قرار دیتے تھے۔''

میدان جنگ میں دشمن پر آگے بڑھ کر خود وار کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یلقی کتیبۃ الا کان اول من یضرب))

(ابو شیخ ابن حبان)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب دشمن کے لشکر کے مقابل ہوتے سب سے پہلے ان پر خود وار کرتے۔''

رسول اللہ کبھی تنہا کھانا نہیں کھاتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یاکل وحدہ))

(الاتحاف 217/5.5 ومغنی 5/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تنہا کھانا نہیں کھاتے تھے۔''

رسول اللہ بعد از غسل وضو نہیں کیا کرتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یتوضأ بعد الغسل))

(ترمذی رقم:(107)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد از غسل وضو نہیں کیا کرتے تھے۔''

رسول اللہ ماسوائے جنابت کے قرآن پڑھ لیا کرتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یحجبہ من القرآن شیء غیر الجنابۃ))

(دار قطنی 119/1،وبغوی 531/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جنابت کے بغیر کوئی چیز قرآن پڑھنے سے نہیں روکتی تھی۔''

رسول اللہ ہر بات مسکرا کر کرتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یحدث حدیثاً الا تبسم))

(الجامع 94/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر بات مسکرا کر کرتے تھے۔''

رسول اللہ کل کے لیے کوئی چیز ذخیرہ نہیں کرتے تھے

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدخر شيئاً لغد))

(ترمذی فی: الشمائل (190)، والجامع 94/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کل کیلئے کوئی چیز ذخیرہ نہ کرتے تھے۔''

ایام بیض کے روزے

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدع صوم ايام البيض))

(کنز (18068)، والجامع 94/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایام بیض (اسلامی مہینے کی 15,14,13 تاریخ کو) میں روزہ نہیں چھوڑتے تھے۔''

رسول اللہ ہر ایک کی دعوت قبول فرمالیتے

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يدعوه احمر ولا اسود الا اجابه))

(الاتحاف 99/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو شخص دعوت دیتا تھا چاہے سرخ ہو کہ سیاہ آپ قبول فرماتے تھے۔''

رسول اللہ زیادہ سے زیادہ ایک بات تین مرتبہ فرمایا کرتے تھے

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يراجع بعد ثلاث))

(الجامع 94/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تیسری دفعہ کے بعد لفظ کا تکرار نہیں فرمایا کرتے تھے۔''

رسول اللہ سائل کو چیز عطا فرمادیتے ورنہ خاموش رہتے

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يسأل شيئاً الا اعطاه، اوسكت))

(حاکم 130/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جب کوئی چیز مانگی جاتی تو آپ دے دیتے تھے، ورنہ خاموش رہتے۔''

چلتے چلتے بیمار کا حال دریافت کرنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يسأل عن المريض الا مارا))

(مغنی 234/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چلتے چلتے بیمار کا حال دریافت فرمالیا کرتے تھے۔''

رسول اللہ نماز مغرب بعد از افطار پڑھا کرتے تھے

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يصلى المغرب حتى يفطر))

(الجامع 94/2)

...رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز افطار کر کے پڑھا کرتے تھے۔"

زخم پر مہندی لگانا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يصيبه قرحة ولا شوكة الا وضع عليها ...ناء))

(الجامع 94/2)

...رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی زخم یا پھنسی ہوتی اس پر مہندی لگایا کرتے۔"

رسول اللہ عورتوں سے مصافحہ نہیں کیا کرتے تھے

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يصافح النساء في البيعة))

...رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیعت کے وقت عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتے تھے۔"

مقدمہ والے کی دعوت فریق ثانی سمیت

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يضيف الخصم الا وخصمه معه))

(بیہقی 138/10)

...رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقدمہ والے کی دعوت بغیر اس کے فریق ثانی کے نہیں کرتے تھے۔"

جمعہ کے دن مختصر وعظ کرنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يطيل الموعظة يوم الجمعة))

(ابوداود: رقم (1107) والجامع 94/2)

...رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے روز وعظ کو طول نہیں دیا کرتے تھے۔"

رسول اللہ تین روز کے بعد بیمار پرسی کیا کرتے تھے

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يعود مريضاً الا بعد ثلاث))

(الجامع 94/2)

...رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین روز بعد بیمار پرسی کیا کرتے تھے۔"

رسول اللہ تھکتے نہیں تھے

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يعباء ولا يلهث))

(ابو شیخ ابن حبان)

...رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہ تھکتے تھے اور نہ بوجہ تھکنے کے زبان نکالتے تھے۔"

رسول اللہ دنیا کے لیے غصہ نہیں ہوتے تھے

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يغضب للدنيا))

(الاتحاف 18/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا کیلئے غصہ نہیں ہوتے تھے۔''

رسول اللہ تین روز سے کم قرآن مجید ختم نہیں کیا کرتے تھے

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يقرأ القرآن فی اقل من ثلاث))

(الجامع 94/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین روز سے کم میں قرآن مجید ختم نہ کرتے تھے۔''

سونے سے قبل سورۃ بنی اسرائیل اور سورۃ زمر پڑھنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ينام حتى يقرأ بنی اسرائيل والزمر))

(الجامع 95/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سورۃ بنی اسرائیل اور زمر پڑھ کر سویا کرتے تھے۔''

رسول اللہ کی روٹی کے لیے آٹا نہیں چھانا جاتا تھا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ينخل له الدقيق))

(الاتحاف 331/9، ومغنی 217/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے آٹا نہیں چھانا جاتا تھا۔''

کسی کا ناپسندیدہ اس کے روبرو نہ کرنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يواجه احداً بشيء يكرهه))

(ابوداود فی الترجل: باب (8) و: الادب: باب (5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کے روبرو وہ کام نہ کرتے تھے جسے وہ مکروہ جانتا ہو۔''

رسول اللہ ردی کھجور بھی پیٹ بھر کر نہ کھاتے

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يجد من الدقل ما يملأ بطنه))

(الجامع 94/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ردی کھجور بھی پیٹ بھر نہ پاتے تھے۔''

عید کے چاند میں دو آدمیوں کی گواہی قبول کرنا

((کان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يجيز على شهادة الفطر الا رجلين))

(الجامع 94/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید کے چاند میں دو آدمیوں کی گواہی قبول فرماتے تھے۔''

رسول اللہ مسواک کر کے باہر نکلا کرتے تھے

کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یخرج حتی یستاك))

(معجم طبرانی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کر کے باہر نکلا کرتے تھے۔"

رسول اللہ ظہر کی چار سنتیں نہیں چھوڑا کرتے تھے

کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یدع اربعاً بعد الزوال))

(مسند امام احمد)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زوال کے بعد (ظہر کی) چار سنتیں نہیں چھوڑتے تھے۔"

رسول اللہ کی محفل سے لوگ نہ ہٹائے جاتے نہ مارے جاتے

کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یدفع عنه الناس، ولا یضربوا عنه))

(کنز (18388)، والجامع 94/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہ لوگ ہٹائے جاتے تھے، نہ مارے جاتے تھے۔"

کسی کے بلانے پر لبیک کہنا

(کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یدعوه احد الا قال: لبیك))

(مسند ابی یعلی موصلی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی شخص بلاتا آپ لبیک فرمایا کرتے تھے۔"

رسول اللہ خوشبو واپس نہیں کیا کرتے تھے

(کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یرد الطیب))

(بخاری 211/7، 205/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خوشبو کو واپس نہیں کیا کرتے تھے۔"

فرض کی جگہ نفل نہیں پڑھے جا سکتے

(کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یرکع بعد الفرض فی موضع یصلی فیه الفرض))

(الجامع 94/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرض کی جگہ فرض پڑھنے کے بعد دوسری نماز نہیں پڑھتے تھے۔"

حجر اسود اور رکن یمانی کو استلام کرنا

(کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یستلم الا الحجر والرکن الیمانی))

(نسائی 231/5، والجامع 94/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجرا سود اور رکن یمانی کے سوا دوسری چیز کو استلام نہیں دیتے تھے۔''

وتر کی طاق رکعات

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یسلم فی رکعتی الوتر))

(نسائی:235/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی دو رکعت میں سلام نہیں پھیرتے تھے۔''

رسول اللہ سفر سے واپس آ کر نماز چاشت پڑھا کرتے تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لایصلی الضح الا ان یجیء من مغیبه))

(مسلم فی: المسافرین (86,75)، وابوداود فی: التطوع (12)، والنسائی فی الصیام (35)، واحمد 171/6، 204، 218)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز چاشت نہیں پڑھتے تھے مگر سفر سے آ کر۔''

رسول اللہ تبسم فرمایا کرتے تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یضحك الا تبسماً))

(ترمذی (3645))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں ہنستے تھے سوائے تبسم کے۔''

رات کے وقت اپنے اہل کے پاس آنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یطرق اهله لیلاً))

(بخاری 9/3، ومسلم فی: الامراۃ (180))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر سے اپنے اہل کے پاس رات کو نہیں آتے تھے۔''

رسول اللہ اور دیگر سورتوں کا فصل

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یعرف فصل السورة، حتی ینز علیه بسم الله))

(ابوداود رقم (788)، والجامع 94/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی سورۃ کے فصل کو بسم اللہ کے نزول سے پیشتر نہ جانتے تھے۔''

رسول اللہ بڑے بڑے گھونٹ نہیں بھرتے تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یعب))

(الاتحاف 125/7، ومغنی 371/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موٹے گھونٹ نہیں بھرتے تھے۔''

عیدالفطر کی نماز کے لیے کھجوریں کھا کر جانا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یغدو یوم الفطر حتی یاکل تمرات))
(بخاری:21/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عیدالفطر کے روز کھجور کھا کر نکلا کرتے تھے۔"

مسواک اور کنگھی اپنے پاس رکھنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یفارق مصلاہ سواکہ و مشطہ))
(الاتحاف 410/6، والجامع 94/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسواک اور کنگھی اپنے مصلی سے علیحدہ نہیں کرتے تھے۔"

اندھیرے گھر میں چراغ جلا کر بیٹھنا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یقعد فی بیت مظلم، حتی یضاء لہ سراج))
(الجامع 94/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اندھیرے گھر میں نہ بیٹھتے تھے جب تک آپ کے لئے چراغ نہ جلا دیا جائے۔"

ہر پتھر اور درخت رسول اللہ کو سلام کہتا

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یمر بحجر و لا شجر الا سلم علیہ))
(بخاری ومسلم)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی پتھر اور درخت پر نہ گزرتے مگر وہ آپ کو سلام کہتے تھے۔"

رسول اللہ مسواک کیے بغیر نہیں سوتے تھے

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ینام حتی یستن))
(کنز (18249)، والجامع 95/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بغیر مسواک کے نہیں سوتے تھے۔"

رسول اللہ مسواک پاس رکھ کر سوتے تھے

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ینام الا والسواك عندہ))
(الجامع 95/2)

سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سوتے نہیں تھے جب تک مسواک آپ کے پاس نہ ہوتی۔"

رسول اللہ جہاں بھی سفر کے دوران ٹھہرتے دو رکعت نفل ادا فرماتے

کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا ینزل منزلاً الا ودعہ برکعتین))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی منزل میں نہ اترتے مگر دو رکعت پڑھ کر منزل کو ہدیہ دیتے تھے۔''

رسول اللہ کھانے پینے کی چیزوں کو پھونک نہیں مارتے تھے

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ينفخ في طعام ولا شراب، ولا يتنفس في الاناء))

(الجامع 95/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کھانے اور پینے کو نہ پھونکتے نہ کسی برتن میں سانس لیتے۔''

رسول اللہ حضرت جبرائیل سے پانچ پانچ آیات یاد کیا کرتے تھے

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يأخذ القرآن من جبريل خمساً خمساً))

(الجامع 95/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جبریل سے قرآن یاد کرتے پانچ پانچ آیات کر کے۔''

سر اور داڑھی کو خوشبو لگانا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يا خذ المسك، فيمسح به رأسه ولحيته))

(کنز (18292)، والجامع 95/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مشک لے کر اپنے سر اور داڑھی کو مل لیتے تھے۔''

خادم کے ساتھ مل کر کھانا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يأكل مع خادمه))

(الاتحاف 106/7، والمغنی 359/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خادم کے ساتھ کھا لیتے تھے۔''

رسول اللہ فالودہ تناول فریا کرتے تھے

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ياكل الفالوذج))

(مستدرک حاکم)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فالودہ تناول فرمایا کرتے تھے۔''

بغیر چھانے جو کی روٹی کھانا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يأكل خبز الشعير غير منخول))

(الاتحاف 118/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بغیر چھانے ہوئے جو کی روٹی کھایا کرتے تھے۔''

رسول اللہ خربوزہ شکر سے ملا کر کھایا کرتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأ کل البطیخ بالسکر))

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خربوزہ شکر سے ملا کر کھایا کرتے تھے۔"

خشک کھجور اور ان کی گٹھلی

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأ کل الرطب . ویلقی النوی علی الخوان"
(حاکم 120/4)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خشک کھجور کھاتے اور گٹھلی دستر خوان پر ڈال دیتے تھے۔"

خربوزہ اور تر کھجور تناول فرمانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأ کل الخربز بالرطب، ویقول: هما لاطیبان))

(الجامع 95/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خربوزہ کھجور تر کے ساتھ کھاتے اور دونوں کو عمدہ ترین قرار دیتے۔"

خربوز کو تر کھجور کے ساتھ کھانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأ کل القشاء بالرطب))

(بخاری 506/2، ومسلم 122/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ککڑی کو کھجور تر سے کھایا کرتے تھے۔"

رسول اللہ روٹی اور گھی کھایا کرتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأ کل الخبز والسمن))

(بخاری: الاطعمۃ: باب من اکل حتی شبع، ومسلم فی: الاشربۃ (178)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روٹی اور گھی کھایا کرتے تھے۔"

سورج اور چاند گرہن کے وقت غلام آزاد کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأمر بالعتاقة فی صلاة الکسوف))

(ابوداود رقم (1192)، والجامع 95/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سورج یا چاند گرہن کے وقت غلام آزاد کرنے کا حکم دیتے تھے۔"

نظر بد سے بچنے کا دم

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأمر ان یستوقی من العین))

(مسلم: فی: السلام (54-58)، وبخاری فی: الطب (35)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نظر بد سے بچنے کا دم کرانے کا حکم فرماتے تھے۔''

کانوں کے مسح کے لیے الگ پانی لینا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یاخذ لاذنبہ ماءً خلاف الماء الذی یا خذہ لرأسہ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کانوں کیلئے جدا پانی لیتے علاوہ اس کے جو سر کیلئے لیتے۔''

سوار پیادہ کو سلام کرے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأ مران یسلم الراکب علی الماشی))

(بخاری 62/8، ومسلم فی: السلام (1))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے کہ سوار پیادہ کو السلام علیکم کہا کرے۔''

نماز عصر تاخیر سے پڑھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأمر بتاخیر هذه الصلاة، یعنی: العصر))

(احمد 463/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز کی تاخیر کا امر فرمایا کرتے تھے۔''

وضو میں کلی کرنا اور ناک میں پانی ڈالنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا مر بالمضمضة والا ستنشاق))

(سنن کبری از امام بیہقی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کا حکم فرمایا کرتے تھے۔''

دباغت کے بعد مردار کے چمڑے کا استعمال

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یامران یستمتع بجلود المیتة اذا دبغت))

(مسند فردوس: 191/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے کہ مردار کے چمڑے سے بعد دباغت کے فائدہ اٹھایا جائے۔''

ہر نماز کے لیے تازہ وضو کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأمر بالوضوء لکل صلاة طاهراً او غیر طاهر))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کیلئے وضو کا امر فرماتے، چاہے کوئی وضو سے ہو یا بے وضو ہو۔''

عیدین کا خطبہ سننے کے لیے خواتین کا عیدگاہ جانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا مر ان تخرج الحیض والواتق فی

عیدین))
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حکم فرماتے کہ حیض والی اور جوان عورتیں عید کو نکلا کریں۔"

صدقہ دینے کا حکم

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأمر بالصدقة، وینهی عن المسالة))
(طبرانی:151/18)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صدقہ دینے کا حکم فرماتے اور مانگنے سے منع فرماتے۔"

حالت حیض میں بیوی کو تہبند سے اوپر مس کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یباشر نساء ہ فوق الازار، وھن حیض))
(مسلم فی:الحیض (3)، و بخاری 63/3)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی عورتوں سے حالت حیض میں تہبند سے اوپر اوپر مس کرتے۔"

بول کے لیے بایردہ جگہ تلاش کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتبوأ لبوله کما یتبوأ لمنزله))
(الجامع 96/2)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیشاب کرنے کیلئے ایسی جگہ تلاش کرتے جیسے کہ پڑاؤ کرنے کو۔"

داڑھی کے طول اور عرض کے زائد بال کاٹنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأخذ من لحیته من عرضها و طولها))
(ترمذی رقم (2722)، والجامع 95/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی داڑھی مبارک طول اور عرض سے (زائد بال کاٹ) لیا کرتے تھے۔"

مرغی کا گوشت کھانا مسنون ہے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأ کل الدجاج))
(بخاری فی: الذبائح (26)، والکفارات (10)، والایمان (4) والمغازی (73)، ومسلم فی: الایمان (9)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرغی کھایا کرتے تھے۔"

اپنے سامنے سے کھانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأ کل مما یلیه))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سامنے سے کھایا کرتے تھے۔"

خربوزہ نمک کے ساتھ کھانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأکل القشاء بالملح))

(الاتحاف 118/7، والمغنی 368/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ککڑی نمک سے کھایا کرتے تھے۔''

تر کھجور اور خربوزہ

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا کل البطیخ بالرطب))

(ابوداود فی: الاطعمۃ (45)، وترمذی (1843

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خربوزہ کھجور تر سے کھایا کرتے تھے۔''

رسول اللہ ہدیہ قبول فرماتے اور صدقہ نہیں کھاتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا کل الھدیۃ، ولا یا کل الصدقۃ))

(الجامع 95/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہدیہ کھاتے تھے صدقہ نہیں کھاتے تھے۔''

تین انگلیوں سے کھانا اور چوتھی سے مدد لینا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا کل بثلاث اصابع، ویستعین بالرابعۃ))

(الاتحاف 117/7، وکنز (18200

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین انگلیوں سے کھاتے اور چوتھی سے مدد لیتے تھے۔''

گوشت اور کدوں کو ثرید میں ملا کر کھانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا کل الثرید باللحم والقرع))

(صحیح مسلم)(المطالب (163

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثرید کو گوشت اور کدو میں ملا کر کھایا کرتے تھے۔''

ہدیہ مضبوط تعلق قائم کرنے کا سبب ہے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یامر بالھدیۃ صلۃ بین الناس))

(الجامع 95/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں تعلق پیدا کرنے کی خاطر ہدیہ دینے کا حکم فرماتے تھے۔''

کھانے سے فارغ ہو کر انگلیاں چاٹنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا کل باصابعہ الثلاث، فاذا فرغ لعلقھا))

(الاتحاف 272/5، ودارمی 97/2، ومسلم فی الاشربۃ (132

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین انگلیوں سے کھاتے اور فارغ ہو کر چاٹ لیتے۔''

بالوں کومہندی لگانا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يامر بتغيير الشعر مخالفة للاعاجم))
(مجمع 162/5)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بال رنگنے کا حکم فرماتے تا کہ عجمیوں سے مخالفت ثابت ہو۔"

ناخنوں اور بالوں کودفن کرنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يامر بدفن الشعر والاظفار))
(کنز (18319)، والجامع 95/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ناخنوں اور بالوں کودفن کرنے کا حکم فرمایا کرتے تھے۔"

اچھی طرح وضو کرنے کا حکم

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يامر باسباغ الطهور))
(بخاری فی: الوضوء (29)، ومسلم فی: الطہارۃ (250)، وابوداود فی الطہارۃ (5646)، وترمذی فی: الصوم (68)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اچھی طرح سے وضو کرنے کا حکم دیا کرتے تھے۔"

موزوں پر مسح کرنے کا حکم

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يامر بالمسح على الخفين))

(مسند بزار)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موزوں پر مسح کرنے کا حکم فرمایا کرتے تھے۔"

رسول اللہ جمعہ کے دن غسل کیا کرتے تھے

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يأ مر بالغسل يوم الجمعة))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے روز غسل کرنے کا حکم دیا کرتے تھے۔"

اذان ٹھہر ٹھہر کر اور اقامت تیزی سے کہنا

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يا مرنا ان نرتل الاذان، وتحدر الاقامة))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں (صحابہ کو) حکم فرماتے کہ اذان ٹھہر کر دیں اور اقامت تیزی کے ساتھ۔"

عیدین و جمعہ کا مختصر خطبہ

((كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يامر باختصار الخطبة))

(ابوداود فی: الصلاۃ (225)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ کے اختصار کا حکم فرماتے۔"

زخم کی پٹیوں پر وضو اور غسل میں مسح کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یامر بالمسح علی الجبائر))

(مصنف عبدالرزاق)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زخم کی پٹیوں پر مسح کرنے کا حکم فرمایا کرتے تھے۔''

چاند اور سورج گرہن کے وقت نماز کا حکم

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یامر عند کسوف الشمس او القمر بالصلاۃ))

(مسند فردوس: 495/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سورج گرہن یا چاند گرہن میں نماز کا حکم فرماتے تھے۔''

تلف جان کے خطرہ کے پیش نظر خطرناک جھولا کاٹنے کا حکم

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یامر بقطع المراجیح))

(نوادر الاصول حکیم ترمذی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بچوں کے جھولے کو کاٹنے کا حکم فرماتے (ارجوحہ بچوں کا کھیل ہے اس میں تلف جان کا خوف ہے)۔''

بیوی کے کمرے میں موجود خوشبو لگانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتتبع الطیب فی رباع النساء))

(الجامع 96/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کے مکان میں خوشبو کی تلاش کیا کرتے تھے۔''

سفر میں مغرب وعشاء کی نماز کو معنوی طور پر جمع کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجمع بین المغرب والعشاء فی السفر))

(بخاری 57/2-58)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں مغرب اور عشاء کی نماز جمع (صورتی) کرلیا کرتے تھے۔''

دائیں اور بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتختم فی یمینہ، ثم حولہ الی یسار))

(الجامع 96/2) ترمذی (1744) والنسائی فی الزینۃ۔ (45)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے، پھر بائیں ہاتھ میں پہننے لگے۔''

چاندی کی انگوٹھی پہننا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم يتختم بالفضة))

(کنز(18312)، والجامع 96/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاندی کی انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔"

رسول اللہ عمدہ ناموں کو پسند فرماتے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یحب الاسم الحسن))

(الاتحاف 556/10، والاخلاق (248)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمدہ نام کو پسند فرماتے تھے۔"

سحری کے وقت تھوڑا سونا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یتوخی نوم السحر))

(نوادر الاصول)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سحر کی نیند تلاش فرمایا کرتے۔"

باعث شرف کام کی ابتداء دائیں طرف سے کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یحب التیامن فی الوضوء والا نتعال))

(مشکوۃ(400) وبخاری 116/1, 89/7, 199، ومسلم فی: الطہارۃ (66)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دائیں طرف سے ابتداء کرنے کو وضو اور جوتا پہننے میں پسند فرماتے۔"

وضو اور غسل میں پانی کے استعمال کی حد

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یتوضا بالرطلین. ویغتسل بالصاع))

(کنز(26966)، ودارقطنی 94/1, 153/2, 154)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو رطل پانی سے وضو اور ایک صاع پانی سے غسل کیا کرتے تھے۔"

سر کے مسح کے علاوہ اعضائے وضو کو تین مرتبہ دھونا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یتوضا ثلاثاً ثلاثاً الا المسح، فانه مرة مرة))

(ابن ماجۃ (417)، واحمد 125/1, 8/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعضاء وضو تین تین بار دھوتے اور سر کا مسح بس ایک بار کرتے تھے۔"

وضو کرنے کے بعد پانی پونچھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یتوضا، ویمسح وجهه ویدیه))

(خطیب فی تاریخ بغداد)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کیا کرتے تھے، پھر اپنے چہرے اور ہاتھوں کو پونچھ لیا کرتے۔''

بوسہ لینے سے وضو نہیں ٹوٹتا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتوضا، ثم یقبل، ویصلی ولا یتوضأ))

(ابن ماجۃ (503)، والجامع 96/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے، پھر بوسہ لیتے اور نماز پڑھتے تھے دوبارہ وضو نہ کرتے تھے۔''

کھانا کھانے کے دوران ٹیک نہیں لگانی چاہیے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجثو للاکل علی رکبتیہ، ولا یتکیء))

(الاتحاف 116/7، والاخلاق (199)، وکنز (25766)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھانے کیلئے دوزانو ہو کر بیٹھتے اور ٹیک نہیں لگاتے تھے۔''

ولاء میراث کے تابع ہیں

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجعل الولاء، تبعاً للمیراث))

(مسند اسحاق بن راہویہ

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولاء کو میراث کا تابع کرتے تھے۔''

دوزانو شکم سے ملا کر بیٹھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجلس القرفصاء))

(مجمع 60/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سرین زمین پر رکھ کر دوزانو شکم سے ملا کر بیٹھتے تھے۔''

سیدنا حضرت عباس کی تعظیم

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجل العباس اجل الولد للوالد))

(حاکم 327/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عباس کی ایسی تعظیم کرتے جیسے بیٹا والد کی تعظیم کیا کرتا ہے۔''

جنبی کبھی صبح تک بھی غسل نہ کرے تو اسے گناہ نہیں ہوگا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجنب من اللیل، فلا یمس ماء حتی یصبح))

(کنز (27399)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو جب ہوتے تو کبھی صبح تک غسل نہیں کرتے تھے۔''

رسول اللہ غلام کی دعوت قبول فرما لیا کرتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجیب دعوۃ العبد))

(الاتحاف 241/5, 99/7، ومجمع 20/9)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غلام کی دعوۃ کو قبول فرمایا کرتے تھے۔''

صلوۃ الکسوف

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجهر فی رکعتی الکسوف بالقراءة))

(بخاری فی: الکسوف (18)، ومسلم فی الکسوف (19))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوۃ کسوف کی دونوں رکعت میں جہر (اونچی آواز سے قرأت) کیا کرتے تھے۔''

رسول اللہ کے پسندیدہ پھل

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحب من الفاکهة العنب و البطیخ))

(الجامع 96/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھل سے انگور اور خربوزہ پسند فرماتے تھے۔''

کھجور کی شاخ

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحب العراجین ان یمسکها بیده))

(جامع ابی داود)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرجون (کھجور کی شاخ) کو پسند فرماتے اس کو اپنے ہاتھ میں رکھتے۔''

احرام باندھنے اور کھولنے کے وقت خوشبو لگانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یتطیب لحله و حرمه))

(بخاری فی: الحج (18)، ومسلم فی الحج (27))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احرام باندھنے اور کھولنے کے وقت خوشبو لگاتے تھے۔''

ہر اچھا کام دائیں طرف سے شروع کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحب بالتیامن فی کل شیء))

(بخاری فی الصلاۃ (47) و: الاطعمۃ (5)، ومسلم فی: الطہارۃ (67,66))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر چیز میں دائیں طرف کو پسند فرماتے۔''

ہر کام میں دائیں جانب کو پسند فرمانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحب التیامن ما استطاع فی شانه کله))

(ابو داود فی: اللباس (41))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر باعزت کام میں دائیں جانب کو پسند فرماتے تھے۔''

رسول اللہ ہر نماز کے لیے تازہ وضو فرمایا کرتے تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یتوضألکل صلاة طاهراً، او غیر طاهر))

(ترمذی رقم(60

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کیلئے وضو کیا کرتے باوضو ہوں یا بے وضو۔''

انگوٹھی کا نگینہ ہتھیلی کی طرف رکھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یجعل فص خاتمه مما یلی کفه))

(ابن ماجہ رقم (3645)، ومسلم فی: اللباس (62

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انگوٹھی کا نگینہ ہتھیلی کی طرف رکھتے تھے۔''

شراب خوری کی حد

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یجلد فی الخمر ثمانین))

(معجم طبرانی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شراب خوری کے جرم میں اسی کوڑے مارا کرتے تھے۔''

فقراء کے ساتھ بیٹھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یجلس مع الفقراء))

(سنن لابی داود)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقراء کے ساتھ بیٹھا کرتے تھے۔''

جہاد کے لیے جمعرات کے دن نکلنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یحب ان یخرج اذا غزا یوم الخمیس))

(الجامع 96/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جہاد کیلئے بروز جمعرات نکلنا پسند فرماتے تھے۔''

رسول اللہ حلواء اور شہد پسند فرماتے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یحب الحلواء و العسل))

(بخاری 140/7، 23/9، ومسلم فی: الطلاق، باب وجوب الکفارة)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شیرینی اور شہد کو پسند فرماتے تھے۔''

مکھن اور کھجور پسند کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یحب الزبد و التمر))

(ابن ماجة (3334)، ومجمع 165/5، والجامع 96/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکھن اور کھجور کو پسند فرماتے تھے۔''

سر میں پچھنا لگوانا اور اس کا نام مغیث رکھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحتجم فی رسه، ویسمیها ام مغیث))

(الاتحاف:95/13)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر میں پچھنا لگواتے اور اس کا نام مغیث رکھتے تھے۔''

حالت صوم میں پچھنا لگوانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحتجم وهو صائم))

(علل(743)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حالت صوم میں پچھنا لگواتے تھے۔''

حفاظت رسول

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحرس حتی نزل: واللہ یعصمك من الناس))

(الاتحاف 102/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی حفاظت کراتے تھے، یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی: واللہ یعصمك من الناس (آپ کی لوگوں سے اللہ خود حفاظت کرے گا)۔''

مونچھ کو کترنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحفی شاربه))

(کنز(18321)، ومجمع 166/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مونچھ کو خوب کترتے تھے۔''

آب زمزم اٹھا کر گھر لے جانا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یحمل ماء زمزم))

(کنز(18390)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آب زمزم اٹھا لایا کرتے تھے۔''

رسول اللہ بہت کم گفتگو فرمایا کرتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخزن لسانه الا فیما یعنیه))

(شمائل(177)، والاخلاق(23)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زبان کو محفوظ رکھتے مگر ضروری بات فرمایا کرتے۔''

ہر فرض نماز کے بعد دعا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدعو فی دبر کل صلاۃ))

(صحیح بخاری)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر فرض نماز کے بعد دعا مانگتے تھے۔''

قربانی کو خود ذبح کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یذبح اضحیته بیدہ))

(ابن ماجۃ فی: الاضاحی (13))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قربانی اپنے ہاتھ سے ذبح کرتے تھے۔''

رسول اللہ رات کو بھی دن کی طرح دیکھا کرتے تھے

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یری باللیل فی الظلمة کما یری بالنهار))

(ضعفۃ (341))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تاریک شب میں مثل دن کے دیکھا کرتے تھے۔''

بیدار ہونے پر مسواک کرنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یرقد، فاذا استیقظ تسوك، ثم توضا))

(بیہقی 28/3، واحمد 123/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سو کر بیدار ہوتے تو مسواک کرتے، پھر وضو کرتے۔''

برہنہ پشت گدھے پر سوار ہونا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یرکب الحمار عریاناً، لیس علیه شی))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برہنہ پشت گدھے پر سوار ہوتے تھے۔''

لوگوں سے ملاقات کرنا اور ان کے بچوں کو سلام کہنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یزور الانصار، ویسلم علی صبیانهم))

(الجامع 97/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصار سے ملاقات کرنے جاتے اور ان کے بچوں کو سلام کہتے تھے۔''

رسول اللہ دست مبارک میں کنکروں کا تسبیح پڑھنا

((کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسبح الحصا فی کفه))

(الجامع 98/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں کنکر تسبیح پڑھا کرتے تھے۔''

حالت روزہ میں مسواک کرنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یستاك و هو صائم))

(تمہید 198/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حالت روزہ میں بھی مسواک کیا کرتے تھے۔"

مسکین مسلمانوں کے وسیلے سے فتح ونصرت کی دعا مانگنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یستفتح و یستنصر بصعالیك المسلمین))

(الجامع 97/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسکین مسلمانوں کے وسیلے سے فتح ونصرت کی دعا مانگتے تھے۔"

میٹھا پانی پینا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یستعذب له الماء من بیوت السقیا))

(الجامع 97/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے پانی پلانے والوں کے گھروں سے آب شیریں لایا جاتا تھا۔"

نماز فجر خوب روشنی میں پڑھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یسفر بالفجر))

(مطالب (268)، وکنز (22011)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر خوب روشنی میں پڑھا کرتے تھے۔"

بچوں کو سلام کہنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یسلم علی الصبیان اذا مر علیهم))

(تاریخ ابن عساکر)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بچوں پر گزرتے ان پر سلام کہا کرتے تھے۔"

سترہ اور انیس تاریخ کو پچھنا لگوانا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یحتجم لسبع عشرة، وتسع عشرة))

(ترمذی رقم (2051)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سترہ اور انیس تاریخ کو پچھنا لگاتے تھے۔"

وضو کرتے وقت انگوٹھی کو ہلانا تاکہ پانی اس کے نیچے تک پہنچ جائے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یحرك الخاتم فی الوضوء))

(زوائد رقم (449)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وضو کرتے وقت انگوٹھی کو ہلایا کرتے تھے۔''

عیدین کی نماز کے لیے پیدل آنا جانا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یخرج الی العید ماشیاً، ویرجع ماشیاً))

(الجامع 97/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید کی نماز کو پیادہ آتے جاتے تھے۔''

جمعہ کے خطبہ میں سورۃ قاف پڑھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یخطب بسورة(ق) فی کل جمعة))

(کنز(17972)، والجامع 97/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر جمعہ میں سورۂ ق خطبہ میں پڑھتے تھے۔''

یادالٰہی میں مشغول رہنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یذکر الله تعالیٰ علی کل احیانه))

(مسلم فی: الحیض (117)، وابوداود (18)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام اوقات میں یادالٰہی کیا کرتے تھے۔''

تہبند کو پیچھے سے اونچا اور آگے سے نیچا رکھنا

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یرخی الازار من بین یدیه، ویرفعه من ورائه))

(صحیحہ 1238)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چادر کو آگے سے لٹکاتے اور پیچھے سے اونچا رکھتے تھے۔''

رسول اللہ قدم قدم پر اللہ تعالیٰ کو یاد کیا کرتے تھے

((کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یذکر الله بین کل خطوتین))

(مسانید 261/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر دو قدم کے درمیان اللہ کو یاد کیا کرتے تھے۔''

مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کرنے والے کی توبہ قبول نہیں ہوتی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: لیس لقاتل توبة))

(ابن عدی 2627/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قاتل کی توبہ قبول نہیں۔''

مسلمان کا خلق حسن

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس للمومن شيء احسن من حسن الخلق))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کیلئے خلق حسن سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے۔"

جنازہ میں عورتوں کا شامل ہونا درست نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس للنساء في الجنازة نصيب))

(مجمع 13/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنازہ کی نماز میں عورتوں کا شامل ہونا درست نہیں ہے۔"

عورتوں کو سلام کہنے اور اس کا جواب دینے کے متعلق ارشاد نبوی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس للنسا ء سلام و لا عليهن سلام))

(الجامع 115/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کو نہ سلام کہنا درست ہے اور نہ اس کا جواب دینا درست ہے۔"

ولدالزنا پر اس کے والدین کے گناہ کا کوئی وبال نہیں ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس على ولد الزنا من وزر ابويه شيء))

(حاکم 100/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ولدالزنا پر اس کے والدین کے گناہ کرنے سے کوئی گناہ نہیں آتا۔"

جنت میں چیزوں کے بس نام دنیا جیسے ہوں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس في الجنة شيء مما في الدنيا الا الاسماء))

(کنز (39237)، والجامع 114/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں دنیا کی کوئی چیز نہیں مگر صرف نام۔"

غیر تجارتی اسباب پر زکوۃ نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس في العروض زكاة الا ما كان للتجارة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اسباب تجارتی نہیں اس میں زکوۃ نہیں (تجارتی میں بعد نصاب زکوۃ لازم)۔"

سال گزرنے پر مال سے زکوۃ ادا کی جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس في المال زكاة حتى يحول عليه الحول))

(بیہقی 103/4، والجامع 114/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک مال پر سال نہ گزرے اس پر زکوۃ لازم نہیں۔''

مال میں بس زکوۃ لازم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس في المال حق سوى الزكاة))

(الجامع 114/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مال پر سوائے زکوۃ کے کوئی حق لازم نہیں۔''

مذی کے خروج پر بس وضو کیا جائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس في المذى الا الوضوء))

(مسند فردوس 438/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مذی کے خروج سے صرف وضو لازم ہے۔''

منافع کے مال پر سال گزرنے سے پہلے زکوۃ نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس في مال المستفيد زكاة حتى يحول عليه الحول))

(کنز (15859)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منافع کے مال میں زکوۃ نہیں ہے جب تک کہ اس پر سال نہ گزر جائے۔''

عضو مخصوص کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس في مس الذكر وضوء انما هو منك))

(ابوداود فی: الطہارۃ (70)، وترمذی فی: الطہارۃ (62) والنسائی فی: الطہارۃ (118)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عضو مخصوص کو چھونے سے وضو لازم نہیں آتا (وہ بھی تیرے جسم کا ایک حصہ ہے۔)''

قرض کا علاج

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس للدين دواء الا القضاء والوفاء والحمد))

(طبرانی 198/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرضہ کا کوئی علاج نہیں سوائے ادا کرنے اور وفا کرنے اور شکر گزاری کرنے کے۔''

فاسق کی غیبت گناہ نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس للفاسق غيبة))

(طبرانی 418/19، والجامع 114/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فاسق کی غیبت میں گناہ نہیں۔"

قاتل کے لیے وصیت جائز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس لقاتل وصية))

(تلخیص 92/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قاتل کیلئے وصیت جائز نہیں۔"

مومن کے لیے سب سے راحت والی چیز

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس للمؤمن راحة دون لقاء ربه))

(کنز (42137)، والاسرار (299)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کیلئے دیدار الٰہی کے سوا کوئی راحت نہیں۔"

عورتیں اگر نماز جنازہ پڑھیں بھی تو انہیں ثواب نہیں ملتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس للنساء في تباع الجنائز اجر))

(الجامع 114/2, 115)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کے لیے جنازہ پڑھنے میں کوئی ثواب نہیں ہے۔"

عورتوں کے لیے راستے کے درمیان میں چلنا جائز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس للنساء وسط الطريق))

(کنز (45063)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کیلئے راستے کے وسط میں چلنا جائز نہیں۔"

ریح کے خروج پر استنجا نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس منا من استنجى من الريح))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہوا خارج ہونے پر استنجا کیا وہ ہم سے نہیں۔"

غیروں کا طریقہ اپنانے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس منا من عمل بسنة غيرنا))

(کنز (1097)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے غیر کی سنت اپنائی وہ ہم سے نہیں۔"

مصیبت میں بال منڈوانے والا اور کپڑے پھاڑنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليس منا من صلق، ولا حلق، ولا خرق))

(نسائی 20/4، ومسلم فی: الایمان 167)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے آواز بلند کی یا سر منڈایا یا کپڑے پھاڑے وہ ہم سے نہیں۔''

مسلمان کو دھوکا دینا مسلمان کا شیوہ نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس منا من غش مسلماً، او ضرہ، او ماکرہ))

(الجامع 116/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مسلمان کو دھوکہ دیا، نقصان پہنچایا یا اس کو فریب دیا وہ ہم سے نہیں۔''

بڑوں کے شرف کو پہچاننا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس منا من لم یرحم صغیرنا، ویعرف شرف کبیرنا))

(الحاکم 62/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہمارے چھوٹے پر رحم نہ کیا اور بڑے کی بڑائی نہ پہچانی وہ ہم سے نہیں۔''

بڑوں کی تعظیم اور چھوٹوں پر رحم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس منا من لم یوقر کبیرنا، ویرحم صغیرنا))

(طبرانی 449/11، واحمد 257/1، ومجمع 14/8، والجامع 116/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہمارے بڑے کی تعظیم نہ کی اور چھوٹے پر رحم نہ کیا وہ ہم سے نہیں۔''

قیدی حاملہ عورت سے صحبت کرنا جائز نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس منا من وطیء حبلی، ای: من الصبی))

(مجمع 4/299-300)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قید والی حاملہ عورت سے صحبت کی وہ ہم سے نہیں۔''

حاسد، چغل خور اور کاہن

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس منی ذوحسد، ولا نمیمة، ولا کهانة))

(مجم طبرانی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسد کرنے والا، چغلخور اور کاہن مجھ سے نہیں۔''

بدعتی مسلمان نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس من امتی اصحاب البدع))

(مسند فردوس 429/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدعتی لوگ میری امت سے نہیں ہیں۔''

سفر میں روزہ رکھنا نیکی نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس من البر الصیام فی السفر))

(ابوداود فی: الصیام (43) والنسائی 177 ,176/4، وترمذی (710) واحمد 319/3 ,434/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سفر میں روزہ رکھنا نیکی نہیں ہے (فرض تو ادا ہوگا مگر ثواب نہیں ملے گا)''

میدان میں نماز پڑھنے والا سترہ ضرور رکھے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیستتر احد کم فی صلاتہ ولو بسھم))

(بیہقی 270/2، وطبرانی 134/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز پڑھتے وقت سترہ کرلیا کرو، اگرچہ تیر سے کیوں نہ ہو۔''

اپنے محلے کی مسجد میں نماز ادا کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیصل احد کم فی مسجدہ، ولا یتبع المساجد))

(مجمع 23-23/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چاہیے کہ اپنی مسجد میں نماز پڑھ لے اور مسجدوں کی تلاش نہ کرتا پھرے۔''

رسول اللہ کی تکالیف کو دیکھ کر اپنی زندگی کی تکالیف پر صبر کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیغر المسلمین فی مصائبھم المصیبۃ بی))

(ابن مبارک: (109)، والجامع 117/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں کو چاہیے کہ اپنی مصائب میں صبر کریں میری مصیبت کو دیکھ کر۔''

لوگوں کا دجال سے پہاڑوں کی طرف بھاگنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیفرن الناس من الدجال فی الجبال))

(مسلم فی: الفتن (125))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ دجال سے پہاڑوں کی طرف بھاگیں گے۔''

سواری اور خادم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیکف احد کم من الدنیا خادم و مرکب))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے لئے دنیا میں سے سواری اور خادم کافی ہیں۔''

ولیمہ کرنا لازم ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیو لم احد کم، ولو بشاۃ))

(بخاری فی:البیوع(1)،ومسلم فی:النکاح (81,80,79

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک ولیمہ کرلے چاہے ایک ہی بکری سے ہو۔''

ملاوٹ کرنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس منا من غش))

(الجامع 116/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ملاوٹ کی وہ ہم سے نہیں۔''

فراخی کے باوجود اپنے اہل وعیال پر تنگی کرنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس منا من وسع اللہ علیہ، ثم قتر علی عیالہ))

(کنز(44950)،والجامع 116/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس پر اللہ نے فراخی کی اور اس نے اپنے عیال پر تنگی کی وہ ہم سے نہیں۔''

معیار فضیلت بس تقویٰ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس لا حد فضل علی احد الا بدین او عمل صالح))

(الاتحاف:145/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی کو دوسرے پر دینداری یا عمل صالح کے بغیر فضیلت نہیں۔''

راستے پر چلتے اِدھر اُدھر دیکھنا مروّت نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیس من المروۃ الالتفات فی الطریق))

(مسند فردوس 426/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: راستے پر چلتے ہوئے اِدھر اُدھر دیکھنا مروت نہیں ہے۔''

مردوں کو نیک لوگ غسل دیا کریں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیغسل موتاکم المامونون))

(ابن ماجہ رقم(1461)،والجامع 117/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے مردوں کو امن والے لوگ غسل دیا کریں۔''

باب لد پر حضرت عیسیٰ دجال کو قتل کریں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: لیقتلن الدجال بباب لد))

(کنز(38849)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دروازہ لد پر دجال کو قتل کیا جائے گا۔''

ساما ن دنیا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليكف الرجل منكم كزاد الراكب))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے ہر ایک آدمی کیلئے اتنا توشہ کافی ہے جتنا ایک سوار کیلئے۔''

لیلۃ القدر اور رمضان کی ستائیس تاریخ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليلة القدر ليلة سبع و عشرين))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لیلۃ القدر (اکثر رمضان کی) ستائیسویں رات کو ہوتی ہے۔''

لیلۃ القدر کی رات معتدل رات ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليلة القدر ليلة سمحة طلقة، لا حارة، و لا باردة))

(کنز (24052)، والجامع 117/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لیلۃ القدر کی رات عمدہ اور مرغوب رات ہوتی ہے۔ نہ گرم ہوتی ہے اور نہ ٹھنڈی۔''

موذن نیک آدم ہونا چاہیے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ليوذن لكم خياركم، و ليؤ مكم اقرؤ كم))

(ابوداود فی: الصلاۃ: باب (61)، وابن ماجۃ (726)، والجامع 111/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے نیک آدمی اذان دیا کرے اور تمہارا بڑا قاری امام ہوا کرے۔''

خواب میں دودھ دیکھنا اسلام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللبن في المنام فطرة))

(الجامع 118/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خواب میں دودھ دیکھنا اسلام ہے۔''

لحد اہل اسلام کے لیے ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللحد لناء و الشق لغيرنا))

(صحیح الجامع (5489)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لحد ہمارے لئے ہے اور شق غیروں کیلئے۔''

چالیس دن میں ایک مرتبہ ضرور گوشت کھانا چاہئے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللحم ينبت اللحم، و من تركه اربعين يوماً ساء خلقه))

(مسند فردوس 24/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گوشت سے گوشت پیدا ہوتا ہے۔ جس نے چالیس دن تک گوشت چھوڑا اس کی طبیعت بگڑ جائے گی۔''

نماز عصر کا فوت ہونا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الذى تفوته صلاة العصر، فكانما وتر اهله وماله))

(بخاری فی: المواقیت (14)، ومسلم فی: المساجد (200, 201)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی نماز عصر فوت ہوئی اس کا گویا مال اور اہل بچھڑ گیا۔''

عورت کی دبر میں جماع کرنے والا بدبخت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الذى ياتى المرأة فى دبرها لا ينظر الله اليه))

(ابن ماجۃ فی: النکاح (29)، وترمذی فی: الرضا (1165)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص عورت کی دبر میں جماع کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی طرف نہیں دیکھے گا۔''

پھانسی سے خودکشی کرنے والے کی سزا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الذى يخنق نفسه يخنقها فى النار))

(ترمذی فی: الجنائز (83)، واحمد 435/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص پھانسی سے خودکشی کرے وہ آگ میں ہمیشہ پھانسی سے خودکشی کرتا رہے گا۔''

قاضی بننے والا گویا کہ بغیر چھری کے ذبح کیا گیا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الذى يلى القضاء يذبح نفسه بغير سكين))

(ابوداود فی: الاقضیۃ (1) وترمذی (1325)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص قاضی بنتا ہے وہ گویا خود کو بغیر چھری کے ذبح کرتا ہے۔''

گری ہوئی چیز اللہ کا مال ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللقطة مال الله يوتيه من يشاء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گری ہوئی چیز اللہ کا مال ہے وہ جسے چاہتا ہے اسے دیتا ہے۔''

بیوی کی دبر میں جماع کرنا حرام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللوطية الصغرى اتيان الرجل امرأته فى

دبرھا))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چھوٹی لواطت یہ ہے کہ شخص اپنی عورت سے دبر میں جماع کرے۔''

اختیار طلاق خاوند کے ہاتھ میں ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الذى بيده عقدة النكاح الزوج))
(مجمع 320/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طلاق کا اختیار خاوند کے ہاتھ میں ہے۔''

سونے سے پہلے وتر پڑھنے والا محتاط ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الذى لا ينام حتى يوتر حازم))
(الجامع 118/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سونے سے پہلے وتر پڑھتا ہے وہ محتاط ہے۔''

امہات المومنین کی عزت کرنے والا صادق الایمان ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الذى يحافظ على ازواجى الصادق البار))
(کنز 34398)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص میری ازواج کی حفاظت کرے گا وہ صادق اور نیک ہے۔''

سلام میں پہلا کرنے والا اللہ اور اس کے رسول کا قریبی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الذى يبدأ بالسلام اولى بالله ورسوله))
(کنز 25281)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سلام میں پہل کرتا ہے وہ اللہ اور رسول کا زیادہ قریبی ہے۔''

کبوتر بازی سے فقیری پیدا ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللعب بالحمام يورث الفقر))
(مسند فردوس: 525/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کبوتروں کے ساتھ کھیلنا فقیری پیدا کرتا ہے۔''

شرک کا چھوٹا درجہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: اللمم كل شىء دون الشرك))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شرک کے کم درجہ کو لمم کہتے ہیں۔''

رات اللہ کی عظیم مخلوق ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الليل خلق من خلق الله عظيم))

(الجامع:18/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات اللہ کی مخلوق میں سے ایک بڑی مخلوق ہے۔''

دریا کا پانی پاک ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماء البحر طهور))

(حاکم:140/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دریا کا پانی پاک ہے۔''

زمزم جس مقصد کے لیے پیا گیا وہ حاصل ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماء زمزم لما شرب له))

(احمد 357/3، والجامع 119/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمزم کا پانی جس مقصد کیلئے پیا گیا وہی فائدہ دے گا۔''

زندہ جانور سے جدا کیا گیا حصہ مردار ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما ابين من الحى فهو ميت))

(احمد 218/5، وترمذی 1480)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو حصہ زندہ سے جدا کر لیا گیا وہ مردار ہے۔''

اللہ کے بندوں سے محبت کرنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما احب عبد عبدالله الا اكرمه ربه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بندے اللہ کے بندے سے محبت کرے اللہ اس کی عزت کرتا ہے۔''

بدعتی قوم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما احدث قوم بدعة الا رفع مثلها من السنة))

(مجمع 188/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے بدعت پیدا کی اس سے اتنی سنت اٹھالی جائے گی۔''

پوشیدگی میں نماز ادا کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماا حد من امتى يصلى فى السر الابراه من النفاق))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کا جو شخص پوشیدگی میں نماز پڑھے اللہ اس کو نفاق سے بری کردے گا۔''

امت مسلمہ اور ضعف یقین

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما خاف على امتى الا ضعف اليقين))

(مجمع 108/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اپنی امت پر ضعف یقین کا اندیشہ کرتا ہوں۔''

زندہ جانور سے کاٹا گیا عضو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماأخذ من البهيمة وهى حية فهو ميتة))

(کنز 41719)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زندہ جانور سے جو عضو کاٹ لیا جائے وہ عضو مردار ہے۔''

سیدنا جعفر طیار سے حضور کا اظہار محبت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماادرى انا بقدوم جعفر ام بفتح خيبر اسر))

(مجمع 9/271-272)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نہیں جانتا کہ جعفر کے آنے سے زیادہ خوش ہوں یا فتح خیبر سے۔''

قیامت بہت جلد واقع ہونے والی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما ارى الا مر الا اعجل من ذلك))

(ترمذی رقم 2335)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں قیامت کو بہت جلد واقع ہونے والا دیکھتا ہوں۔''

رزق کی بے عزتی کرنے والی قوم

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما استخف قوم بحق الخبز الا ابتلاهم الله بالجوع))

(الاتحاف 220/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے رزق کی بے عزتی کی اللہ نے اس کو بھوک میں مبتلا کیا ہے۔''

قوم جسے اپنا فرزند مان لے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما استلحق قوم رجلاً الا ورثهم))

(مجمع 227/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے کسی شخص کو اپنا فرزند مان لیا وہ ان کا وارث ہو گیا۔''

نشہ آور چیز کا قلیل وکثیر دونوں حرام ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اسكر كثيره، فقليله حرام))

(ترمذی 1865)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس چیز کی کثیر مقدار نشہ دیتی ہو اس کا قلیل حصہ بھی حرام ہے۔''

زمزم کے پانی میں ہر بیماری کی شفاء ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماء زمزم شفاء من کل داء))

(الجامع 19/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمزم کا پانی ہر بیماری کیلئے شفاء ہے۔''

قرآن کے حرام کو حلال سمجھنے والا مسلمان نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماآمن بالقرآن من استحل محارمہ))

(ترمذی رقم 1918)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن کے حرام کو حلال سمجھا وہ قرآن پر ایمان نہیں لایا۔''

حطیم یا خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما ابالی صلیت فی الحجر، اوفی البیت))

(مجمع 247/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کوئی حرج نہیں سمجھتا کہ حطیم میں نماز پڑھوں یا بیت اللہ میں۔''

غلے کا تاجر

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما اتجر انسان فی الطعام الا فسدت نیتہ للناس))

(مسند فردوس: 354/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان جب غلے کی تجارت کرتا ہے تو اس کی نیت لوگوں کے حق میں فساد ہو جاتی ہے (یعنی اس کو روک کر مہنگے دام فروخت کرنا چاہتا ہے۔)''

دنیاوی زندگی کی دو عمدہ ترین چیزیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما احبت من عیش الدنیا الا الطیب والنساء))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیاوی زندگی میں مجھے دو چیزیں پسند ہیں: ازواج اور خوشبو۔''

سود کھانے والا بالآخر کنگال ہو جائے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماحد اکثر من الربا الا کان عاقبۃ امرہ الی قلۃ))

(الجامع 120/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص زیادہ سود کھائے وہ بالآخر کنگال ہو جائے گا۔''

حلال اشیاء میں سے مبغوض ترین چیز

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما احل الله شیئاً ابغض الیه من الطلاق))
(حاکم 196/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی حلال کردہ اشیاء میں سے جس کے استعمال پر سب سے زیادہ اللہ کا غصہ ہے وہ طلاق ہے۔"

نبی کے بعد اختلاف کرنے والی امت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما اختلفت امة بعد نبیها الا ظهر باطلها علی حقها))

(الجامع 120/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے نبی کے بعد جو امت اختلاف کرتی ہے ان میں باطل حق پر غالب آجاتا ہے۔"

جماعت کا امام جماعت کے لیے کافی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما اری الا مام اذا ام القوم الا قد کفاهم))
(نسائی فی: الافتتاح (30)، وکنز (22955)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کہتا ہوں کہ جب جماعت کا امام ہو تو وہ ان کیلئے کافی ہے۔"

زنا کو حلال جاننے والی قوم پر اللہ مفلسی مسلط کر دیتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما استحل قوم الزنا الا ضربهم الله بالفقر))
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے زنا کو حلال جانا اللہ اس کو مفلس کر دیتا ہے۔"

علم دین سے محروم ہونے والا بندہ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما اترذل الله عبد الا حرمه العلم))
(کنز (28928, 28807)، والجامع 121/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس بندے کو اللہ ذلیل کرے اسے علم دین سے محروم کر دیتا ہے۔"

جتنی تہبند ٹخنوں سے نیچے ہوگی وہ جہنم میں جائے گی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما اسفل الکعبین من الازار ففی النار))
(بخاری: 183/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قدر ازار کا کپڑا ٹخنے سے نیچے ہو وہ آگ میں جلے گا۔"

مومن کے لیے خلاف طبع بات کا درپیش ہونا مصیبت ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما اصاب المومن مما یکرہ، فھو مصیبۃ))

(مجمع 331/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کو جو خلاف طبع امر پیش آئے وہ اس کیلئے مصیبت ہے۔''

صدق دل سے توبہ کرنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما اصر من استغفر، وان عاد فی الیوم سبعین مرۃ))

(ترمذی(3559)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (صدق نیت سے) استغفار کرنے والے نے گناہ پر اصرار نہیں کیا گو ستر بار دن میں گناہ میں لوٹا ہو۔''

صبر سے بہترین عطیہ کوئی نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما اعطی احد عطاء ھو خیر و اوسع من الصبر))

(بخاری 152/2، ومسلم فی الزکاۃ(124)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کو صبر سے زیادہ بہتر اور وسیع عطیہ عطا نہیں کیا گیا۔''

نرمی کرنے والا خاندان

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما اعطی اھل بیت الرفق الانفعھم))

(طبرانی 330/11)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس خاندان کو نرمی دی گئی اس کو نرمی سے فائدہ پہنچا ہے۔''

عمدہ یقین اور عافیت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما اعطی عبد افضل من حسن الیقین والعافیۃ))

(کنز(4929)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کو عمدہ یقین اور عافیت سے بہتر کوئی چیز نہیں دی گئی۔''

امت مسلمہ کا یقین کامل

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما اعطیت امۃ من الیقین ما اعطیت امتی))

(کنز(34483)، والجامع 121/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی امت کو میری امت جیسا یقین نہیں دیا گیا۔"

جہالت وعلم اور عزت وذلت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اعز الله بجهل قط، ولا اذل بعلم قط))

(کنز(5830)، وکشف 250/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہل کے سبب اللہ نے کبھی عزت نہیں دی اور علم کے سبب کبھی ذلت نہیں دی۔"

سرکہ والا گھر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اقفر بيت من ادم فيه خل))

(کنز(41013)، وترمذی(1841)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں سرکہ ہو وہ بغیر سالن کے نہیں ہے۔"

کسی کی طرف کفر کی نسبت کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اكفر رجل رجلاً الا باء بها احدهما))

(الجامع 121/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی کی طرف کفر کی نسبت کرتا ہے تو وہ کفر کسی ایک کی طرف لوٹ جاتا ہے۔"

پختہ مساجد بنانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما امرت بتشييد المساجد))

(الجامع 122/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے پختہ مساجد بنانے کا حکم نہیں دیا گیا۔"

بادشاہ کا ناملائم سلوک

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماانكرتم من سلطانكم فيما نقصتم من اعمالكم))

(دیلمی 390/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو ناملائم سلوک تم نے بادشاہ سے دیکھے وہ اپنی عملی کوتاہی کے سبب سے دیکھے۔"

رسول اللہ کو پہنچنے والی اذیت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اوذى احد ما اوذيت))

(ابن عدی: 2613/7، وکنز(3261, 5817, 3216)، والجامع 122/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تکلیف مجھ کو پہنچائی گئی ہے وہ کسی کو نہیں پہنچائی گئی۔"

آسمان والوں کے مؤذن وامام

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: موذن اہل السموات جبریل ، واما مہم میکائیل))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آسمان والوں کا مؤذن جبرئیل ہے اوران کا امام میکائیل ہے۔''

باپ کی طرف تیز اور غضبناک نگاہ سے دیکھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما براباہ من شدا لیہ الطرف بالغضب))

(مجمع 147/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے باپ کی طرف تیز اور غضبناک نگاہ سے دیکھا اس نے تابعداری نہیں کی۔''

ہر نبی نے بکریاں چرائیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما بعث اللہ نبیاً الا راعی غنم))

(بخاری: 116/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے جس بھی نبی کو بھیجا اس نے بکریاں چرائی تھیں۔''

مقدار زکوۃ کو پہنچنے والی چیز کی زکوۃ ادا کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مابلغ ان تودی زکاتہ فزکی فلیس بکنز))

(ابوداود رقم 1564)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز مقدار زکوۃ کو پہنچی اور تو نے اس کی زکوۃ ادا کر دی تو وہ ایسا خزانہ نہیں ہے (جس سے جہنم میں چہرہ اور پہلو داغے جائیں)۔''

ریاض الجنۃ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مابین بیتی ومنبری روضۃ من ریاض الجنۃ))

(بخاری 77/2, 29/3, 151/8, 129/9، ومسلم فی الحج 1002,500)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے گھر اور منبر کے درمیان کا حصہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔''

زانو اور ناف کا درمیانی حصہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مابین السرۃ والرکبۃ عورۃ))

(حاکم 68/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زانو اور ناف کے درمیان کا جسم پردہ کی جگہ ہے۔''

قیامت کے دو نفخوں کے درمیان چالیس سال کا فاصلہ ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مابين النفختين اربعون))
(بخاری 158/6, 208، ومسلم فی: الفتن (141)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (قیامت کے) دو نفخوں کے درمیان چالیس برس کا فاصلہ ہوگا۔"

ترک دنیا سے بہتر زینت کوئی نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماتزين الابرار فى الدنيا بمثل الزهد فى الدنيا))
(مجمع 286/10)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک لوگ دنیا میں ترک دنیا سے بہتر زینت سے مزین نہیں ہوئے۔"

زکوۃ کے کارندہ کی تنخواہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اصاب العامل سوى رزقه فهو غلول))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زکوۃ کے کارندہ نے اپنی تنخواہ کے علاوہ جو کچھ جمع کیا وہ خیانت ہے۔"

حلم کا علم سے ملنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماضيف شيء الى شيء افضل من حلم الى علم))
(کنز (75829)، وکشف 249/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسی کوئی چیز نہیں جو دوسری سے ملائی گئی ہو جو حلم کو علم سے ملانے سے افضل ہو۔"

تیز زبانی انسان کی بری ترین چیز ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اعطى عبد شيئاً شراً من طلاقة فى لسانه))
(الاتحاف 467/7، وقرطبی 281/12)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کو جو بری چیز دی گئی ہے وہ تیز زبانی ہے۔"

بیوی کو دینے والا خرچ صدقہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اعطى الرجل امرأته، فهو صدقة))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مرد جو کچھ اپنی عورت کو دے وہ صدقہ ہے۔"

حضور قاسم ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اعطيكم ولا امنعكم، انا قاسم اضع حيث امرت))

(بخاری:103/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں خود نہ تم کو دیتا ہوں نہ محروم کرتا ہوں۔ میں تقسیم کرنے والا ہوں اس کو دیتا ہوں جہاں کا حکم دیا جاتا ہوں۔''

عیالدار مالی فلاح نہیں پاتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما افلح صاحب عيال قط))

(الاتحاف319/5،واللسان574/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عیالدار (اکثر مالی) فلاح نہیں پاتا۔''

حاجی شخص کبھی محتاج نہیں ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما امعر حاج قط))

(الجامع122/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حاجی شخص کبھی محتاج نہیں ہوگا۔''

اللہ تعالیٰ نے ہر مرض کی شفاء رکھی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما انزل الله داء الا انزل له شفاء))

(بخاری253/4, 168)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے ہر مرض کیلئے شفاء بھیجی ہے۔''

رسول اللہ کو اللہ کے راستے میں سب سے زیادہ تکلیف دی گئی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما اوذى احد ما اوذيت في الله))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جو مجھے تکلیف دی گئی ہے وہ کسی کو نہیں دی گئی۔''

مسلمان بھائی کو ایذا دینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما بال احد كم يؤذى اخاه بالامر، وان كان حقاً))

(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی کیلئے جائز نہیں کہ وہ اپنے بھائی کو ایذا دے اگرچہ حق کا کام ہو۔''

ہر نبی اپنی قوم کی زبان میں آیا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما بعث الله نبياً الا بلغة قومه))

(الاتحاف:158/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے ہر ایک نبی کو اس کی قوم کی زبان میں بھیجا ہے۔''

ڈھال کی قیمت جتنی چوری

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما بلغ ثمن المحجن قطعت ید صاحبہ))

(کنز (40556)، وعبدالرزاق (18597)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چوری جب ڈھال وسپر کی قیمت کو پہنچ جائے تو چور کا ہاتھ کاٹا جائے گا۔"

ملتزم کی حد

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مابین الرکن والباب ملتزم))

(مجمع 246/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دروازے اور حجر اسود کے کونہ کے درمیان تک ملتزم ہے۔"

جنت کے دروازوں کے پٹوں کے درمیان چالیس سال کی مسافت ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مابین مصراعی الجنۃ مسیرۃ اربعین سنۃ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کے (دروازوں کے) دو پٹوں کے درمیان چالیس سال کا فاصلہ ہے۔"

عورتیں اس امت کا عظیم ترین فتنہ ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما ترکت بعدی فتنۃ اجر علی الرجال من النساء))

(بخاری 11/7، ومسلم فی: الذکر والدعاء (98،97)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنے بعد عورتوں سے زیادہ فتنہ لوگوں میں نہیں دیکھا۔"

مشورہ کرنے والی قوم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماتشاور قوم الا ھدوا))

(ابن جریر طبرانی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے باہمی مشورہ کیا اس نے فلاح پائی۔"

دو کھیلوں میں فرشتے بھی حاضر ہوتے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماتشھد الملائکۃ من لھوکم الا الرھان والنضال))

(کنز (40615)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گھوڑ دوڑ اور تیز اندازی کے سوا فرشتے تمہارے کسی کھیل میں حاضر نہیں ہوتے۔"

جہاد چھوڑنے والی قوم

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما ترک قوم الجھاد الا عمھم اللہ بعذاب))

(مجمع 284/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے جہاد چھوڑ دیا اللہ تعالیٰ اس کو عذاب میں مبتلا رکھتا ہے۔''

جس مال کی زکوۃ ادا کی گئی وہ ضائع نہ ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما تلف مال في برولا بحر الا بحبس الزكاة))

(معجم طبرانی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خشکی اور تری میں مال ضائع نہ ہوگا مگر جس مال کی زکوۃ نہیں دی گئی۔''

وضو کرتے وقت بسم اللہ نہ پڑھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما توضأ من لم يذكر اسم الله عليه))

(میزان 8370)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے وضو کرتے وقت اللہ کا نام نہیں لیا اس نے (ثواب کیا عتبار سے کامل) وضو نہیں کیا۔''

ہر ولی سخی اور خوش خلق ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماجعل الله وليا الا على السخاء وحسن الخلق))

(ابن عدی 191/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے ہر ولی کو سخی اور خوش خلق پیدا کیا ہے۔''

یہودیوں نے مسلمانوں کی سلام پر بہت حسد کیا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما حسدتكم اليهود على شيء ما حسدتكم على السلام))

(ابن ماجۃ 856)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود نے کسی چیز پر تم سے حسد نہیں کیا جتنا کہ تم سے سلام پر حسد کیا ہے۔''

عقل سے زیادہ معزز کوئی چیز نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما خلق الله خلقاً اكرم عليه من العقل))

(الاتحاف 461/1, 141/7، ومغنی 85/1, 16/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ نے کوئی چیز عقل سے زیادہ عمدہ اور معزز پیدا نہیں کی۔''

دو امور

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماذا في الامرين من الشفاء الصبر والثفاء))
(الجامع 124/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو امور میں نہایت بڑی شفا ہے ایک ایلوا اور دوسرا رائی۔''

محکم ایمان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مارزق عبد شيئاً افضل من ايمان صلب))
''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کو ایمان محکم سے زیادہ کوئی عمدہ چیز نہیں دی گئی۔''

قبر سب سے زیادہ گھبراہٹ والی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما رأيت منظر اقط الا والقبر افضع منه))
(ترمذی رقم 2308)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے جو منظر بھی دیکھا ہے قبر اس سے زیادہ گھبراہٹ والی ہے۔''

جس شخص سے دنیا سمیٹ لی گئی اس کے لیے بہتر ہوا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مازويت الدنيا عن احد الا كانت خيرة له))
(کنز 6641، والجامع 125/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص سے دنیا سمیٹ لی گئی اس کے لئے بہتر ہوا۔''

امت محمدیہ پر قحط

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماسلط الله القحط على امة محمد الا بتمردهم على الله))

(الجامع 125/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: امت محمدیہ پر اللہ قحط کو ان کی سرکشی کے سبب مسلط کرتا ہے۔''

انسان اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ معزز ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماشيء اكرم على الله من ابن آدم))
(کنز 34621)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے نزدیک (مسلمان) انسان سے زیادہ معزز کوئی شے نہیں۔''

تین روز بھوک پر صبر کرنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما صبر اهل بيت ثلاثاً على جهد الا اتاهم الله رزق))

(مجمع 256/10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھرانہ نے تین روز بھوک پر صبر کیا اللہ انہیں امن کا رزق مہیا کر دیتا ہے۔''

باہم محبت کرنے والوں کی مجلس کبھی تنگ نہیں ہوتی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما ضاق مجلس متحابین))

(کنز 24674)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: باہم محبت کرنے والوں کی مجلس تنگ نہیں ہوتی۔''

حضرت عمر کی فضیلت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما طلعت الشمس علی رجل خیر من عمر))

(ترمذی رقم 3684)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمر سے بہتر شخص پر آفتاب طلوع نہیں ہوا۔''

میانہ روی کرنے والا محتاج نہیں ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما عال من اقتصد))

(مجمع 252/10)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص میانہ روی کرے وہ محتاج نہیں ہوتا۔''

رعیت میں تجارت کرنے والا بادشاہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماعدل وال اتجر فی رعیتہ))

(کنز 14676)، والمطالب 2107)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس بادشاہ نے رعیت کے اندر تجارت کی اس نے عدل نہیں کیا۔''

عیدالاضحیٰ کے دن قربانی سے بہتر کوئی عمل نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما عمل آدمی فی یوم النحر احب الی اللہ من اھلراقہ دماً))

(ترمذی: رقم 1493)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عیدالاضحیٰ کے روز قربانی سے بہتر اللہ کے نزدیک آدمی کا کوئی عمل نہیں۔''

مریض کا علاج صدقہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما عولج مریض بدوا افضل من الصدقۃ))

(کنز 28184)، وکشف 433/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ سے بہتر علاج کسی مریض کا نہیں کیا گیا۔''

علم پھیلانا صدقہ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما تصدق الناس بصدقة افضل من علم نشر))

(مجمع 166/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں نے علم پھیلانے سے بہتر کوئی صدقہ نہیں کیا۔"

مخفی سجدہ

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما تقرب العبد الی اللہ با فضل من سجود خفی))

(الاتحاف 17/3، وکنز (5269)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مخفی سجدہ سے بہتر بندے نے اللہ کا تقرب حاصل نہیں کیا۔"

دم یا داغ لگوانے والا متوکل نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما توکل من استرقی او اکتوی))

(ترمذی فی: الطب (14)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دم کیا یا داغ لگایا اس نے توکل نہیں کیا۔"

موحد کی جزاء جنت ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماجزاء من انعم اللہ علیہ بالتوحید الا الجنة))

(الاتحاف 648/9)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو اللہ نے توحید کی نعمت عطا کی اس کی جزا جنت ہے۔"

مومن طلاق کی قسم نہیں کھاتا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما حلف بالطلاق مومن، ولا استحلف به الا منافق))

(الجامع 124/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن طلاق کی قسم نہیں کھاتا اور طلاق کی قسم منافق دیا کرتا ہے۔"

جس مال میں زکوۃ مل جائے وہ تباہ ہو جائے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما خالطت الصدقة مالا الا اهلكته))

(الجامع 124/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس مال میں زکوۃ مل جائے (نکالی نہ جائے) وہ ہلاک ہو جاتا ہے۔''

ملتزم کے پاس دعا مانگنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما دعى احد بشيء في الملتزم الا استجيب له))

(کنز 34758)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ملتزم کے پاس جو دعا انسان مانگے وہ قبول ہوتی ہے۔''

مسلمانوں کا پسندیدہ عمل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما رآه المسلمون حسناً، فهو عند الله حسن))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس امر کو مسلمان پسند کریں وہ اللہ کے نزدیک بھی پسندیدہ ہے۔''

مساجد کی آراستگی کے وقت مسلمانوں کا عمل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما ساء عمل قوم قط الا زخرفوا مساجدهم))

(ابن ماجہ: رقم (741)، والجامع 125/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی قوم کا عمل خراب نہیں ہوتا مگر جب وہ اپنی مساجد کو آراستہ کرنا شروع کر دیتے ہیں۔''

حمد اللہ کی محبوب ترین چیز ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماشي ء احب الى الله من الحمد))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حمد سے زیادہ محبوب اللہ کے نزدیک کوئی چیز نہیں۔''

لوگوں کی غیبت کرنے والا روزہ دار نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما صام من ظل ياكل لحوم الناس))

(نصب 482/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص لوگوں کی غیبت کرتا پھرتا ہو وہ روزہ دار نہیں۔''

ذکر اللہ سے بہتر کوئی صدقہ نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما صدقة افضل من ذكر))

(الجامع 125/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ذکر اللہ سے بہتر کوئی صدقہ نہیں۔''

حضرت میکائیل کبھی نہیں ہنسے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما ضحك ميكائيل منذ خلقت النار))

(الجامع 125/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب سے جہنم پیدا کی گئی ہے تب سے حضرت میکائیل نہیں ہنسے۔''

شہد سب سے بہتر دوا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما طلب الدواء بشيء افضل من شربة عسل))

(الجامع 125/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شہد کے استعمال سے زیادہ کوئی دوا عمدہ نہیں۔''

لوہے کی انگوٹھی اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما طهر الله كفا فيها خاتم من حديد))

(الجامع 125/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس ہاتھ میں لوہے کی انگوٹھی ہو اسے اللہ پاک نہیں کرتا۔''

انسان کی دنیاوی زندگی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ماعاش ابن آدم في دنياه الا باحمق))

(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان دنیا میں اپنی بیوقوفی (غفلت) کی زندگی بسر کرتا ہے۔''

فقہ فی الدین

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما عبد الله با فضل من فقه في دين))

(سنن کبریٰ بیہقی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دین میں سمجھ سے زیادہ عمدہ چیز سے اللہ کی عبادت نہیں کی گئی۔''

جنازہ بہترین عمل ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما عمل احد في يوم خيراً من شهود جنازة))

(تاریخ 406/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنازہ پر حاضر ہونا تمہارے دن کا ایسا اچھا عمل ہے کہ ایسا دوسرا نہیں ہے۔''

سب سے عمدہ ترین عمل

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما عمل افضل من اشباع كبد جائعة))

(کنز (1367)، وکشف 266/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھوکے کو شکم سیر کر کے کھلانا سب سے عمدہ عمل ہے۔''

جنتی درخت کا تنا سونے کا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما في الجنة شجرة الا وساقها من ذهب))

(ترمذی رقم (2525)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کے ہر درخت کا تنا سونے کا ہے۔''

جو تقدیر میں لکھا جا چکا وہ ہو کر رہے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما قدر في الرحم سيكون))

(الجامع 126/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تقدیر نے رحم میں لکھ دیا وہ ہوگا۔''

زندہ جانور سے کٹنے والا جز مردار ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما قطع من البهيمة وهي حية، وهو ميتة))

(احمد 218/5، وابن ماجۃ (3216)، وترمذی (1480)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو حصہ جانور سے کاٹ لیا جائے جبکہ جانور زندہ ہو تو کٹا ہوا جزء مردار ہے۔''

نفاس والی عورت کے لیے تر کھجور

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما لنفساء شفاء مثل الرطب، ولا للمريض مثل العسل))

(الضعفۃ (2940)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نفاس والی عورت کیلئے تر کھجور جیسی کوئی چیز شفاء دہ نہیں اور مریض کیلئے شہد جیسی کوئی چیز شفاء دہ نہیں۔''

سود کا مال اعمال کو بیکار کر دیتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مال الربا يحبط الاعمال))

(سمعان)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سود کا مال اعمال کو بیکار کر دیتا ہے۔''

مسواک کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مالي اراكم تدخلون على قلحاً، استاكوا))

(الاتحاف 349، والمغنی 132/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میرے پاس میلے دانتوں سے کیوں آتے ہو؟ مسواک کر لیا کرو۔''

جس گھر میں بکری ہو وہاں برکت ہوتی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مالی اری فی بیتك برکة، لا اری فیه شاة))
(مجمع 66/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تیرے گھر میں برکت کیوں نہیں دیکھتا؟ اس میں بکری (کیوں) نہیں دیکھتا۔؟''

جو چیز مسخ ہوئی اس کی نسل نہیں بڑھی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مامسخ احد قط، فکان له نسل ولا عقب))
(مجمع 11/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز مسخ ہوئی اس کی نسل اور اولاد نہیں رہی۔''

کوئی ایسا آدمی نہیں جس کا قول لیا بھی جائے اور ترک بھی کیا جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من احد یوخز من قوله ویدع))
(طبرانی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسا آدمی کوئی نہیں کہ اس کا قول لیا بھی جائے اور ترک بھی کیا جائے۔''

بے غیرت آدمی اُلٹے دل والا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مامن امری لایغار الا منکوس القلب))
(ابن ابی شیبۃ 420/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو غیرت نہ آتی ہو وہ الٹے دل والا ہوتا ہے۔''

جس شخص کی نماز جنازہ پڑھی جائیوہ بخش دیا جاتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من رجل یصلی علیه الا غفر له))
(مجمع 36/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کی نماز جنازہ پڑھی جائے اس کو بخش دیا جاتا ہے۔''

اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ توبہ کرنے والا جوان پسند ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من شیء احب الی اللہ من شاب تائب))
(ابن عدی 1439/4، والشجری 200/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کو سب چیزوں سے زیادہ توبہ کرنے والا جوان پسند ہے۔''

ترازوئے اعمال میں خوش خلقی سب سے زیادہ وزنی ہوگی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من شی یوضع فی المیزان اثقل من خلق

حسن))

(الاتحاف 320/7، وترمذی (2003

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ترازوئے اعمال میں خوش خلقی جتنی کوئی چیز وزنی نہ ہوگی۔''

زبان کے صدقہ سے افضل کوئی صدقہ نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مامن صدقة افضل من صدقة اللسان))

(الاتحاف 273/6 والمغنی 200/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زبان کے صدقہ (حسن خلق) سے افضل کوئی صدقہ نہیں۔''

بھوکے کو شکم سیر کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من عل افضل من اشباع کبد ضائع))

(موضوعات 172/2، والتذکرۃ (67)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھوکے کو شکم سیر کرنے سے بہتر کوئی عمل نہیں۔''

سورت یٰسین پڑھنے والا سیر ہو جائے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما قراھا جائع الا شبع، یعنی: یس))

(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۃ یس کو بھوکا پڑھے تو سیر ہو جائے گا۔''

تھوڑا با کفایت مال

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ماقل و کفی خیر مما کثر والھی))

(کنز (16124)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تھوڑا با کفایت مال ایسے کثیر مال سے زیادہ بہتر ہے جو غافل کرنے والا ہو۔''

فحش ہر چیز کو عیب لگا دیتی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما کان الفحش فی شیء الا شانہ))

(ترمذی رقم (1974)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شے میں فحش ہو وہ اس کو عیب لگا دیتی ہے۔''

غیبت کیا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما کرھت ان تو جہ بہ اخاہ، فھو غیبة))

(الجامع 127/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بات تو بھائی کے سامنے کہنا مکروہ جانے وہ غیبت ہے۔''

بخیل کا کوئی عذر قبول نہیں ہوگا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ماللشحیح عندنا عذر))

(دیلمی 393/4، حدیث (6668)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بخیل شخص کیلئے ہمارے نزدیک کوئی عذر مقبول نہیں۔''

حضرت عمر کو شیطان ملتا تو منہ کے بل گر پڑتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما لقی الشیطان عمر الا خر لوجهه، وما سمع حسنه الا فر))

(نوادر الاصول)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمر سے جب شیطان ملتا ہے تو منہ کے بل گر پڑتا ہے اور جب اس کی آہٹ سنتا ہے تو بھاگ جاتا ہے۔''

رسول اللہ ہر ساعت سو مرتبہ استغفار کرتے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما مرت علی ساعة الا استغفرت الله مائة مرة))

(مسند فردوس: 384/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ پر کوئی گھڑی نہیں گزرتی مگر میں اس میں سو بار استغفار کرتا ہوں۔''

زکوۃ ادا نہ کرنے والی قوم قحط سالی کا شکار ہو جائے گی

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما منع قوم الزکاة الا ابتلاهم بالسنین))

(طبرانی فی (الاوسط) 1/85/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس قوم نے زکوۃ نہ دی اللہ ان کو قحط سالی میں مبتلا کر دیتا ہے۔''

مرد کو عورت سے زنا کرتے ہوئے اللہ کو سب سے زیادہ غیرت آتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما من احد اغیر من الله ان یری عبده یزنی بامته))

(بخاری: 43/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مرد کو عورت سے زنا کرتے ہوئے اللہ کو سب سے زیادہ غیرت آتی ہے۔''

کلونجی میں ہر بیماری کی شفاء ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ما من داء الا فی الحبة السوداء شفاء منه))

(مسلم فی: السلام (89)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کلونجی میں ہر بیماری کی شفاء ہے۔''

عافیت کا سوال اللہ کو محبوب ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من شیء احب الی اللہ من ان یسألہ العافیة))

(ابن عدی 1605/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے نزدیک عافیت کا سوال ہر چیز سے زیادہ محبوب ہے۔''

بادشاہ کی نرم خوئی اور عدل سے زیادہ کوئی چیز نفع والی نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مامن شیء اھم نفعاً من رفق امام و عدلہ))

(مسند فردوس 44/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بادشاہی کی نرم خوئی اور عدل سے کوئی شے اہم نفع والی نہیں۔''

عالم کے پیدا ہونے سے گویا کہ شیطان کی کمر ٹوٹ جاتی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مامن شیء اقطع لظھر ابلیس من عالم یخرج فی قبیلة))

(کنز 8755)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان کی کمر توڑنے والی سخت چیز یہ ہے کہ کسی قبیلہ میں عالم پیدا ہو جائے۔''

نیک بات سب سے عمدہ صدقہ ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من صدقة افضل من قول))

(کنز (16325)، وکشف 49/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیک بات سے عمدہ صدقہ کوئی نہیں ہے۔''

طلب علم سے گزشتہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من عبد یطلب العلم الا کان کفارة لما تقدم))

(ترمذی رقم 2648)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص طلب علم کرتا ہے وہ اس کے گزشتہ گناہوں کا کفارہ ہو جاتا ہے۔''

درود پڑھنے والے کے لیے فرشتے بخشش کی دعا مانگتے ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما من مسلم یصلی علی الا صلت علیہ الملائکة))

(ابن ماجۃ (907)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان مجھ پر درود پڑھتا ہے اس کیلئے فرشتے استغفار کرتے ہیں۔''

زکوۃ ادا نہ کرنے والے کا مال سانپ بن کر اسے ڈسے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مانع الزکاۃ یطوق بشجاع اقرع))

(بخاری فی: الزکاۃ (3)، ومسلم فی: الزکاۃ (28,27)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زکوۃ روکنے والے کا مال گنجا سانپ بنا کر اس کے گلے میں ڈالا جائیگا۔''

زکوۃ ادا نہ کرنے والا قیامت کے دن جہنم میں جائے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مانع الزکاۃ یوم القیامۃ فی النار))

(مجمع 64/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زکاۃ روکنے والا قیامت کے روز جہنم میں جائے گا۔''

رحمت بس بد بخت شخص سے دور کی جاتی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما نزعت الرحمۃ الا من شقی))

(الحاکم 249-248/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رحمت بد بخت شخص سے دور کی جاتی ہے۔''

زکوۃ کی ادائیگی سے مال میں برکت ہوتی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما نقصت زکاۃ من مال))

(مسلم فی: البر وصلۃ (69)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زکاۃ مال کم نہیں کرتی۔''

جس خاندان میں لڑکا پیدا ہوتا ہے وہ معزز ہو جاتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما ولد فی اھل بیت غلام الا اصبح فیھا عز لم یکن))

(مجمع 155/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس خاندان میں لڑکا پیدا ہوتا ہے اسے وہ عزت ملتی ہے جو پہلے نہ تھی۔''

سیدنا بلال کو نصیحت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مت فقیراً ولا تمت غنیاً))

(الاتحاف 273/9، ومغنی 189/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت بلال سے) فرمایا: تو فقیر ہو کر مرنا۔ غنی ہو کر نہ مرنا۔''

صحابہ کی مثال

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل اصحابی کالملح لا یصلح الطعام الا به))

(مجمع 18.10)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے اصحاب مثل نمک کے ہیں۔ طعام بغیر نمک کے درست نہیں ہوتا۔"

جس کا ظاہر پاک ہو اس کا باطن بھی پاک ہو جاتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل احد کم مثل الوعاء اذا طاب اعلاه طاب اسفله))

(طبرانی 368/19)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری مثال اس برتن کی طرح ہے کہ جب اس کا اوپر کا حصہ صاف ہو تو نچلا بھی صاف ہوگا۔"

دل صاف میدان میں پڑے ہوئے ایک پَر کی طرح ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل القلب مثل ریشة بارض فلا))

(الاتحاف 303/7، وکنز 229)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دل ایک پر کی مثل ہے جو صاف میدان میں پڑا ہے۔"

سیدہ عائشہ کی عام عورتوں پر فضیلت

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل عائشة فی النساء کالثرید فی الطعام))

(بخاری فی: الاطعمة (30,25)، ومسلم فی: فضائل الصحابة (9070)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں میں عائشہ کی مثال ایسی ہے جیسی طعام میں ثرید کی۔"

قیامت بہت قریب ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثلی و مثل الساعة کفر سی رهان))

(الجامع 36/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اور قیامت کی مثال ایسی ہے جیسی گھوڑ دوڑ کے دو گھوڑے۔"

عالم کے ساتھ بیٹھنا عبادت ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مجالسة العالم عبادة))

(مسند فردوس: 44/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عالم کے ساتھ بیٹھنا عبادت ہے۔"

حلال کوحرام کہنے والا ایسا ہے جیسے حرام کوحلال کہنے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: محرم الحلال، کمحل الحرام))

(علل (2439)، والتاریخ 34/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال کوحرام کرنے والا ایسا ہے جیسا حرام کوحلال کرنے والا۔"

دائمی شراب خور بت پرست کی طرح ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مدمن الخمر کعابد وثن))

(مسند فردوس رقم (3375)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دائمی شرابی مثل بت پرست کے ہے۔"

نماز میں رسول اللہ کا تبسم فرمانا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مربی جبریل وانا اصلی، فضحك الی، فتبسمت الیه))

(طبرانی 205/2، ومجمع 82/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نماز پڑھ رہا تھا کہ پاس سے جبرائیل گزرے۔ وہ مجھے دیکھ کر ہنسے اور میں ان کو دیکھ کر مسکرایا۔"

جس مومن کو مرض لاچار کردے وہ بخش دیا جاتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مامن مومن یمرض مرضًا یخرسه الا غفرله))

(دیلمی 323/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس مومن کو مرض نے بہرہ کردیا ہو اس کو بخش دیا جاتا ہے۔"

سورۃ یاسین سے میت پر آسانی ہوجاتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مامن میت یقرأ عنده یس الا هون الله علیه))

(الاتحاف 278/10، وکشف 545/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس میت کے پاس سورۃ یاسین پڑھی جائے اللہ اس پر (موت میں) آسانی کرتا ہے۔"

ہر نبی کو موت وزندگی کا اختیار دیا جاتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مامن نبی یمرض الا خیر بین الدنیا الاخرة))

(ابن ماجہ رقم (1620)، و بخاری 58/6)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی نبی بیمار نہیں ہوتا مگر دنیا یا آخرت میں رہنے کا اسے اختیار دیا جاتا ہے۔''

معتبر وصحیح حدیث چھپانے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مانع الحدیث اھلہ کمحدثہ غیر اھلہ))

(کنز (29013)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لائق (معتبر و صحیح) حدیث لوگوں کو نہ سنانے والا ایسا ہے جیسا نالائق (غیر معتبر) حدیث کو سنانے والا۔''

اولاد کو عمدہ ادب سکھانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مانحل و الد ولدہ افضل من ادب حسن))

(ترمذی رقم (1952)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: باپ نے اولاد کو عمدہ ادب سکھلانے سے زیادہ عمدہ کوئی چیز نہیں دی۔''

حضرت ابو بکر کا مال اور دین اسلام

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ما نفعنی مال قط ما نفعنی مال ابی بکر))

(ترمذی (3661)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے جیسا ابو بکر کے مال نے فائدہ دیا ایسا کسی اور کے مال نے نہیں دیا۔''

مسلمان ہونے کی حالت میں موت آنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مت مسلماً ولا تبال))

(کشف 275/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو مسلمان ہو کر مر اور پروانہ کر۔''

متعہ حرام ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: متعۃ النساء حرام))

(مجمع 266/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورتوں سے متعہ کرنا حرام ہے (یعنی کچھ رقم دے کر مدت معین تک بطور زوجہ کے رکھنا)۔''

امت مسلمہ کی مثال بارش کی طرح ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: مثل امتی مثل المطر))

(ترمذی (2869)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی مثال مثل بارش کے ہے۔''

حضرت ابوبکر کی مثال بارش کی طرح ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل ابی بکر کالغیث اینما وقع نفع))

(ثعلبی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر مثل بارش کے ہے۔ جہاں پڑے گا فائدہ پہنچائے گا۔"

مومن کی تمثیل

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل المومن مثل الفرس فی آخیته))

(دیلمی 420/4: حدیث (6732)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی مثال اس گھوڑے کی سی ہے جو اپنی کھرلی پر بندھا ہو۔"

حقیقی مومن دنیا میں قیامت کے لیے تیاری کرتا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل المومن مثل النملة تجمع فی صیفها لشتاها))

(دیلمی 422/4، حدیث (6736)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن کی مثال چیونٹی کی سی ہے جو گرمی میں سردی کیلئے جمع کرتی ہے۔"

شراب خور کی مثال گندھک کی طرح ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل شارب الخمر مثل الکبریت فاحذره))

(دیلمی 345/4: حدیث (2770)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شراب نوش کی مثال گندھک کی سی ہے اس سے بچتے رہنا۔"

اہل بیت کی مثال کشتی نوح کی طرح ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل عترتی کسفینة نوح من رکب فیها نجا))

(روض نضرہ: (953)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اولاد کی مثال کشتی نوح کی طرح ہے، جو اس میں سوار ہوا اس نے نجات پائی۔"

میدان منیٰ

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: مثل منی کالرحم، هی ضیقة، فاذا حملت وسعها الله))

(کنز (34799)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منی کی مثال رحم کی سی ہے، وہ تنگ ہوتا ہے مگر جب حمل ہو فراخ ہو جاتا ہے۔''

لوگوں سے عزت سے پیش آنا صدقہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مداراة الناس صدقة))

(مجمع 17/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں سے مدارات اور عزت سے پیش آنا صدقہ ہے۔''

رسول اللہ کا سیدہ فاطمہ کو مرحبا فرمانا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مرحباً بابنتي ، قاله لفاطمة))

(بخاری 248/4, 79/8، ومسلم فی: فضائل الصحابۃ (99)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ سے فرمایا: میری بیٹی کو مرحبا۔''

موسم سرما رحمتوں والا موسم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مرحباً بالشتاء فيه تنزل الرحمة))

(کنز (32513)، وکشف 70/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موسم سرد کو مرحبا ہو کہ اس میں رحمت نازل ہوتی ہے۔''

سیدنا عمار کو مرحبا کہنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مرحباً بالطيب المطيب ، قاله لعمار))

(ترمذی: (3798)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمار سے فرمایا: مرحبا ہو پاک و پاکیزہ کو۔''

حضرت علی امام المتقین ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مرحباً بسيد المسلمين ، وامام المتقين، قاله لعلي))

(کشف 410/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: مرحبا ہو مسلمانوں اور متقیوں کے سردار کو۔!''

لوگوں کو عاشورا کے روزے کا حکم دینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مر قومك بصيام هذا اليوم۔ اى :عاشوراء))

(مجمع 185/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی قوم کو عاشورا کے روزے کا حکم کر۔''

بچوں کو سات سال کی عمر میں نماز کا حکم دینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مروهم بالصلاة لسبع، اى: الصبيان))

(ابوداود: فی: الصلاۃ (26)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بچوں کو سات سال کی عمر سے نماز کا حکم کرو۔''

مسلمان سے سفر میں خوش طبعی کرنا بھی عبادت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مزاح المومن في السفر عبادة))

(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان سے سفر میں خوش طبعی کرنا عبادت ہے۔''

وضو کرتے ہوئے گردن کا مسح کرنے کا اجر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مسح الربة امان من الغل))

(الاتحاف 365/2، والضعیفۃ (69)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گردن کا مسح کرنا (جہنم کے) طوق سے امن ہے۔''

وہ شخص مسکین ہے جس کی بیوی نہ ہو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مسكين مسكين رجلا ليست له امرأة))

(مجمع 252/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسکین ہے مسکین ہے وہ شخص جس کی بیوی نہ ہو۔''

مسلمان سے مصافحہ کرنا اس سے صلہ رحمی کرنا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مصافحة الرجل اخاه صلته))

(مسند فردوس: 444/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی سے مصافحہ کرنا اس سے صلہ رحمی کرنا ہے۔''

دودھ پی کر کلی کرنا لازم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مضمضوا من اللبن، فان له دسماً))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دودھ پی کر کلی کر لیا کرو، کیونکہ دودھ میں چکناہٹ ہوتی ہے۔''

قرآن مجید کے ختم کرنے پر ایک دعا قبول ہوتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مع كل ختمة دعوة مستجابة))

(کنز (2314)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن کے ہر ایک ختم پر دعا مستجاب ہوتی ہے۔''

حضرت معاذ بن جبل اور احکام حلت وحرمت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: معاذ بن جبل اعلم الناس بحلال الله وحرامه))

(الاتحاف: 228/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے حلال اور حرام کو معاذ بن جبل سب لوگوں سے زیادہ جانتا ہے۔''

ساٹھ وستر سالہ عمر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: معترك المنايا ما بين الستين الى السبعين))

(الجامع 137/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موت کا مورچہ اور ازدحام کا وقت (عام طور پر) ساٹھ وستر سالہ عمر کے درمیان ہوتا ہے۔''

آمین کا معنی ہے قبول فرما

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: معنى آمين: افعل))

(ثعلبی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آمین کا معنی ہے قبول کر۔''

جنت ونماز کی چابی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مفتاح الجنة الصلاة، ومفتاح الصلاة الوضوء))

(ترمذی(4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کی چابی نماز ہے اور نماز کی چابی وضو ہے۔''

جنت کی چابی کلمہ طیبہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مفتاح الجنة: لا اله الا الله))

(کنز(30291)، والجامع 137/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت کی چابی لا الہ الا اللہ ہے (کہ بغیر ایمان کے جنت نہیں ملے گی)''

عمدہ اخلاق اہل جنت کے اعمال سے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مكارم الاخلاق من اعمال اهل الجنة))

(مجمع 177/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمدہ اخلاق اہل جنت کے اعمال سے ہیں۔''

اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ملاك العمل خواتيمه))
(قیس(1116)، وکنز(42777)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے۔''

قوم لوط والا عمل ملعون ہی کرتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ملعون من عمل بعمل قوم لوط))
(مجمع6/272)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قوم لوط والا عمل کیا وہ ملعون ہے۔''

قریبی رشتہ دار قیدیوں کو بلاوجہ جدا کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: معلون فمن فرق بين السبايا))
(حاکم2/55)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے (قریبی رشتہ دار) قیدیوں کو جدا کیا وہ ملعون ہے۔''

شطرنج بازی کرنے والا ملعون ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ملعون من لعب بالشطرنج))
(الجامع2/138)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے شطرنج بازی کی وہ ملعون ہے۔''

اہل عرفات اللہ کا وفد ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مرحباً بوفد الله، مرحباً بوفد الله، قاله لاهل عرفة))
(کنز(12391)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل عرفات کو دو دفعہ فرمایا: اللہ کے وفد کو مرحبا ہو۔''

حضرت موسیٰ کا اپنی قبر انور میں نماز پڑھنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مررت على موسى وهو يصلي في قبره))
(مسلم فی الفضائل(164, 165)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں حضرت موسیٰ پر گزرا وہ قبر میں نماز پڑھ رہے تھے۔''

دنیا میں اگر غنی کے منہ پر سوال کیا گیا تو وہ قیامت کے دن اس کے لیے عیب ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مسالة الغنى شين فى وجهه يوم القيامة))

(احمد 436/4، ومجمع 96/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غنی کا سوال کرنا اس کے لئے اس کے منہ پر عیب ہوگا قیامت کے دن۔''

حجر اسود اور رکن یمانی کا مسح کرنا گناہوں کو مٹاتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مسح الحجر والركن اليماني يحطان الخطايا خطاً))

(ترغیب 191/2، وابن حبان 100)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حجر اسود اور رکن یمانی کا مسح کرنا گناہوں کو خوب مٹاتا ہے۔''

مسلمان کے ساتھ بیابان میں چلنا صدقہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مشيك مع اخيك في ارض فلاة صدقة))

(کنز 16434)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی کے ساتھ بیابان میں چلنا صدقہ ہے۔''

پانی پیتے وقت چھوٹے گھونٹ بھرنے چاہئے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مصوا الماء مصاً، ولا تعبوه عباً))

(الجامع 136/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانی پیتے وقت چھوٹے چھوٹے گھونٹ بھرو! موٹے گھونٹ مت بھرو۔''

ہر گھنٹی کے ساتھ شیطان ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مع كل جرس شيطان))

(مشکوۃ 398)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک گھنٹی کے ساتھ شیطان ہے۔''

ہر خوشی کے ساتھ غم ہوتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مع كل فرحة ترحة))

(الجامع 137/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر خوشی کے ساتھ غم ہے۔''

معلم خیر کے لیے ہر چیز بخشش مانگتی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: معلم الخير يستغفر له كل شي، حتى الحيتان في البحر))

(طبرانی فی: الاوسط، عن جابر) (الجامع: 137/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نیکی سکھانے والے کیلئے ہر شے بخشش مانگتی ہے یہاں تک کہ دریا میں مچھلیاں بھی۔''

حاجت براری ہدیہ دینے میں ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مفتاح الحاجة الهداية))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حاجت براری ہدیہ دینے میں ہے۔''

دھوپ اور سایہ کے درمیان شیطان کی خواب گاہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مقيل الشيطان بين الشمس والظل))

(مسند فردوس: 441/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان کی خواب گاہ دھوپ اور سایہ کے درمیان ہوتی ہے۔''

دجال کے ماتھے پر کافر لکھا ہوگا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مكتوب بين عيني الدجال كافر))

(مجمع: 327/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال کے آنکھوں کے درمیان ''کافر'' لکھا ہوگا۔''

مکہ حاجیوں کے اونٹ بٹھانے کی جگہ ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: مكة مناخ لا تباع رباعها، ولا تؤجر بيوتها))

(الحاکم 53/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مکہ (حاجیوں کے) اونٹ بٹھانے کی جگہ ہے۔ نہ اس کے مکان فروخت ہو سکتے نہ گھر کرایہ پر دیئے جا سکتے ہیں۔''

دین کا دارومدار پرہیزگاری پر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ملاك الدين الورع))

(مجمع 120/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دین کا مدار پرہیزگاری پر ہے۔''

عورت کی دبر میں جماع کرنے والا ملعون ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ملعون من اتى امراة في دبرها))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت کے دبر میں جماع کرنے والا ملعون ہے۔''

مسلمان کو نقصان پہنچانے والا ملعون ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ملعون من ضار مومناً، اوما کربه))

(ترمذی: 941

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ملعون ہے وہ جس نے مومن کو نقصان پہنچایا یا دھوکہ دیا۔''

جھوٹ بولنے والا ملعون ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ملعون ملعون من کذب))

(مسند فردوس: 14/4

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ملعون ہے، ملعون ہے وہ شخص جس نے جھوٹ بولا۔''

قاتل ملعون ترین شخص ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ملعون من هدم بنیان الله، ای :قتل نفساً))

(ثعلبی

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ملعون ہے وہ جس نے اللہ کی بنیاد گرائی یعنی کسی کو قتل کیا۔''

کراماً کاتبین چار فرشتے ہوتے ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ملکا اللیل غیر ملکی النهار))

(مسند فردوس: 439/3

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رات کے دو فرشتے دن کے دو فرشتوں کے علاوہ ہیں۔''

حضرت عمار کا ایمان

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ملیء عمار ایماناً الی مشاشه))

(ابن ماجہ: 147

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمار ایمان سے نرم ہڈی کے سرے تک بھر گیا ہے۔''

کھجور سے بھی شراب بنتی ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من التمر والبسر خمر))

(الجامع 138/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خشک اور نیم پختہ کھجور سے شراب بنتی ہے۔''

رسول اللہ کے نام کے وقت درود نہ پڑھنے والا ظالم و جفا کار ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من الجفاء ان اذکر عند الرجل، فلا یصلی علی))

(الجامع 138/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ظلم و جفا ہے کہ کسی کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔''

اللہ تعالیٰ کسی غیرت کو پسند فرماتا ہے اور کسی کو ناپسند

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من الغيرة مايحبه الله، و منها ما يكرهه الله))

(ابوداود: فی: الجہاد (104)، والنسائی فی الزکاۃ (66)، وابن ماجۃ فی: النکاح (56)، والدارمی فی: النکاح (37)، واحمد 446, 445/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی غیرت کو اللہ پسند کرتا ہے اور کسی کو ناپسند۔''

مذی اور منی کا خروج

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من المذى الوضوء، و من المنى الغسل))

(ترمذی: 144)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مذی نکلنے سے وضو اور منی نکلنے سے غسل واجب ہوتا ہے۔''

بوڑھے کی عزت کرنا گویا اللہ کی عزت کرنا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اجلال الله اكرام ذى الشيبة المسلم))

(ابوداود: فی: الادب (20)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بوڑھے مسلمان کی عزت کرنا اللہ کی عزت کرنا ہے۔''

حاکم کی بڑی خیانت

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اخون الخيانة تجارة الوالى فى رعيته))

(الجامع 138/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بڑی خیانت والا وہ حاکم ہے جو اپنی رعایا میں تجارت کرے۔''

نکاح کرنے والوں کے درمیان سفارش

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من افضل الشفاعة ان تشفع بين النين فى النكاح))

(ابن ماجہ فی: النکاح (49)، والجامع 138/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ عمدہ سفارش ہے کہ تو نکاح کیلئے دو شخصوں میں سفارش کرے۔''

علامت قیامت ہے کہ انسان بغیر بیماری کے مرجائے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اقترب الساعة ان يموت الرجل بغير وجع))

(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرب قیامت میں سے ہے کہ شخص بغیر کسی بیماری کے مرجائے (جیسے ہارٹ اٹیک یا حادثہ)''

جھوٹی قسم اکبرالکبائر ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اکبر الکبائر الشرك باللہ، والیمین الغموس))

(مجمع 105/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بڑے گناہوں میں سے ہے اللہ کا شریک بنانا اور جھوٹی قسم کھانا۔''

نبی کا ہمنام شخص طعام پر حاضر ہو تو وہ طعام کی برکت ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من برکة الطعام ان یکون علیه رجل اسمه اسم نبی))

(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طعام کی برکت سے ہے کہ طعام پر ایسا شخص حاضر ہو جو نبی کا ہمنام ہو۔''

سلام کی تکمیل ہے کہ ہاتھ پکڑ کر مصافحہ کیا جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من تمام التحیة الاخذ بالید))

(ترمذی: (30

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سلام کی تکمیل سے یہ بات ہے کہ ہاتھ پکڑ کر مصافحہ کیا جائے۔''

نماز میں ہاتھ اور پاؤں کو ساکت رکھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من تمام الصلاۃ سکون الاطراف))

(الجامع 9/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز کی تکمیل سے ہے کہ ہاتھ پاؤں میں سکون رکھے۔''

بے کار باتوں کو چھوڑنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من حسن اسلام المرء ترکه مالا یعنیه))

(ترمذی فی: الزہد (11)، وابن ماجۃ فی: الفتن (12)، ومالک فی حسن الخلق (3) والکلام (

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کے اسلام کی عمدگی سے ہے کہ بے کار باتوں کو چھوڑ دے۔''

اللہ پر نیک گمان رکھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من حسن عبادۃ المرء حسن ظنه))

(الجامع 130/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی عمدہ عبادت سے ہے کہ وہ اللہ پر نیک گمان رکھے۔"

بہترین خوشبو مشک ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من خير طيبكم المسك))

(نسائی 40/4)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری بہترین خوشبو مشک ہے (جو نافہ سے نکلتا ہے)"

سعادت انسان

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من سعادة المرء ان يشبه اباه))

(الجامع: 139/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی سعادت سے ہے کہ وہ (شکل و نیک عمل میں) اپنے باپ کے مشابہ ہو۔"

منیٰ اس کے ٹھہرنے کی جگہ ہے جو پہلے پہنچے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: منى مناخ من سبق))

(ترمذی (881)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: منیٰ اس کا ڈیرا ہے جو پہلے پہنچا۔"

باپ کے دوست سے تعلق قائم رکھنا نیکی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من البر ان تصل صديق ابيك))

(الجامع 138/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے باپ کے دوست سے تعلق قائم رکھنا نیکی سے ہے۔"

مسلمان کا جھوٹا پینا نیکی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من التواضع ان يشرب الرجل من سور اخيه))

(سنن دارقطنی)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تواضع سے ہے کہ آدمی اپنے بھائی کا جھوٹا پیئے۔"

کئی گناہ عرفات میں وقوف کرنے سے ہی معاف ہوتے ہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من الذنوب ذنوب لا يكفر ها الا الوقوف بعرفة))

(احیاء العلوم از غزالی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بعض ایسے گناہ ہیں جنہیں عرفات میں وقوف کرنا ہی دور کر سکتا ہے۔''

تشہد آہستہ پڑھنا سنت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من السنة ان تخفى التشهد))

(سنن ترمذی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تشہد آہستہ پڑھنا سنت ہے۔''

عید کی نماز کو پیدل جانا سنت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من السنة ان تخرج الى العيد ماشياءً))

(ترمذی: (530)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عید کی نماز کو پا پیادہ جانا سنت ہے۔''

سیراب ہونے کے بعد قدرتی پانی روکنا اکبر الکبائر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من الكبائر منع الماء بعد الرى فى الفلوات))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سیراب ہونے کے بعد جنگل میں پانی سے روکنا گناہ کبیرہ ہے۔''

دوسرے بھائی کو گفتگو کا موقع دینا مروّت ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من المروء ة ان ينصت الاخ لاخيه اذا حدثه))

(دیلمی 294/4، والجامع 138/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک بھائی کا دوسرے بھائی کی بات کیلئے چپ رہنا مروت سے ہے۔''

جس طعام میں زیادہ لوگوں شریک ہوں وہ اللہ کا محبوب ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من احب الطعام الى الله ما كثرت عليه الا يدى))

(مسند ابی یعلی الموصلی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس طعام پر زیادہ ہاتھ پڑیں وہ اللہ کو محبوب ہے۔''

مساجد پر فخر کرنا علامات قیامت میں سے ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اشراط الساعة ان يتباهى الناس فى المساجد))

(نسائی فی: المساجد (2)، وابوداود فی: الصلاۃ (12)، وابن ماجہ فی: المساجد (2) والدارمی فی: الصلاۃ (163)، واحمد 152،

(145, 134/3، والجامع 138/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کی علامات سے ہے کہ لوگ مساجد میں (مساجد کے یا اپنے بارے میں) فخر کریں گے۔"

پہلی رات کے چاند کا موٹا ہونا قیامت کی نشانی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اقتراب الساعة انتفاخ الاھلة))
(الجامع 146/3)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہلال (پہلی تاریخ کے چاند) کا موٹا ہونا قرب قیامت کی نشانی ہے۔"

عرب کی ہلاکت قرب قیامت کی نشانی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اقتراب الساعة ھلاک العرب))
(ترمذی فی: المناقب (70) حدیث رقم (3929)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عرب کا ہلاک ہونا قرب قیامت کی نشانی ہے۔"

اس امت کے بعض افراد مرنے کے بعد گفتگو کریں گے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من امتی من یتکلم بعد الموت))
(دلائل 355/6)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے بعض افراد مرنے کے بعد گفتگو کریں گے۔"

مبارک عورت کی نشانی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من برکة المرأة تبکیر ھا بالانثی))
(الجامع 139/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مبارک عورت کی نشانی ہے کہ وہ پہلے لڑکی جنے۔"

صف کی درستگی کمال نماز سے ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من تمام الصلاة اقامة الصف))
(کنز 25190/9)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صف کی درستگی نماز کا کمال ہے۔"

بیمار کے پاس تھوڑی دیر بیٹھنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من تمام العبادة خفة القیام من عند المریض))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیمار پرسی کے کمال سے ہے کہ بیمار کے پاس تھوڑی دیر بیٹھے۔"

طویل قیام نماز کے حسن سے ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من حسن الصلاۃ طول القنوت))

(ترمذی:217/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لمبا قیام نماز کے حسن سے ہے۔''

نماز کی عمدگی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من حسن الصلاۃ اقامۃ الصف))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صف کو درست کرنا نماز کی عمدگی سے ہے۔''

اخلاقی لحاظ سے بہتر آدمی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من خیار کم احسنکم اخلاقاً))

(کنز 5242/3، واحمد 161/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جس کے اخلاق زیادہ عمدہ ہوں وہ تمہارے اچھے لوگوں سے ہے۔''

روزہ دار کی عمدہ خصلت اس کا مسواک کرنا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من خیر خصال الصائم السواك))

(الجامع 139/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ دار کی عمدہ خصلت اس کا مسواک کرنا ہے۔''

دعا کے وقت چھینک آنا سعادت ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من سعادۃ المرء العطاس عند الدعاء))

(کنز 25539/9)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دعا کے وقت چھینک کا آنا سعادت ہے۔''

انسان کی سعادت حسن خلق ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من سعادۃ المرء حسن الخلق))

(کنز 30780/8)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی سعادت حسن خلق ہے۔''

بھائیوں کا نیک ہونا انسان کی سعادت ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من سعادۃ المرء ان تکون اخوانہ صالحین))

(السلمی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی سعادت سے ہے کہ اس کے بھائی نیک ہوں۔''

زندگی کو درست کرنا انسان کی عقل مندی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من عقل الرجل استصلاح معيشته))
(مسند الحارث)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کا اپنی زندگی کو درست کرنا اس کی عقل مندی سے ہے۔''

معراج میں حضور عرش پر بیٹھے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من كرامتي على ربي قعدي على العرش))
(مسند فردوس: 298/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (معراج میں) میرا عرش پر بیٹھنا اللہ کے نزدیک میرے مکرم ہونے کی علامت ہے۔''

جس عورت کا حق مہر کم ہو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من يمن المرأة تيسير امرها، وقلة صداقها))
(الحاكم 181/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت کی برکت سے یہ ہے کہ اس کا نکاح آسان اور مہر کم ہو۔''

حضرت عیسیٰ حضرت امام مہدی کے پیچھے نماز ادا کریں گے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: منا الذي يصلي عيسى خلفه))
(الجامع 139/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمارے بعض (حضرت امام مہدی) کے پیچھے حضرت عیسیٰ نماز پڑھیں گے۔''

لوگوں کی محبت پر اللہ کی محبت کو ترجیح دینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من آثر محبة الله على محبة الناس كفاه الله مونة الناس))
(کنز 43128)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کی محبت کو لوگوں سے محبت پر ترجیح دی اللہ لوگوں کی محتاجی سے اس کو محفوظ رکھے گا۔''

گم شدہ چیز کی تشہیر نہ کی گئی تو وہ گم شدہ کے زمرہ میں ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من آوى ضالة، فهو ضال ما لم يعرفها))
(مسلم فی: اللقطة 12)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے گمشدہ چیز اٹھائی اور اس کی تشہیر نہ کی تو وہ گم شدہ کے حکم میں رہے گی (اس کا استعمال ناجائز ہے)''

اہل بیت کو تکلیف دینا اللہ کو اذا پہنچانا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من آذاني في اهل بيتي فقد آذى الله))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھے میرے اہل بیت کی نسبت تکلیف دی اس نے اللہ کو تکلیف دی۔''

جس کا عمل درست نہ ہو اس کا نسب اسے فائدہ نہیں دے سکے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ابطأبه عمله لم يسرعه نسبه))

(ابوداود فی: العلم (1)، والترمذی فی: القرآن (10)، وابن ماجۃ فی: المقدمۃ (17)، والدارمی فی: المقدمۃ (32)، واحمد 407, 252/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو اس کے عمل نے پیچھے کیا اس کو اس کا نسب فائدہ نہیں کر سکے گا۔''

سیدنا عمار سے بغض رکھنے والے سے اللہ بغض رکھتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ابغض عماراً ابغضه الله))

(الاتحاف: 89/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے عمار سے بغض کیا اللہ اس سے بغض کرے گا۔''

بادشاہوں کے دروازوں پر آنے والا فتنوں میں مبتلا ہو جاتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اتى ابواب السلاطين افتتن))

(طبرانی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص بادشاہوں کے دروازوں پر آتا رہا وہ فتنہ میں مبتلا ہوگا۔''

جمعہ کے دن غسل کر کے نماز جمعہ ادا کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اتى الجمعة فليغتسل))

(بخاری 2/2، ومسلم فی: الجمعۃ (4))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جمعہ کو آئے تو اسے چاہیے کہ وہ غسل کرلے۔''

حالت حیض میں عورت سے جماع کرنا حرام ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اتى حائضاً فقد كفر بما انزل على محمد))

(ترمذی (135))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے حالت حیض میں عورت سے جماع کیا اس نے دین محمد کا انکار کیا۔''

ایمان دار جہنم میں نہیں جائے گا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اتخذ عند الله عهداً لم تمسه النار ابداً))

(الاتحاف 245/5، والمتناھیۃ 23/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کے نزدیک عہد پکڑا (ایمان لایا اور نیک اعمال کیے) اس کو آگ ہرگز مس نہ کرے گی۔"

اللہ کے لیے کسی کو بھائی بنانا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اتخذ فی اللہ اخاًبنی اللہ بیتاً فی الجنۃ))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کیلئے کسی کو بھائی بنایا اس کیلئے اللہ جنت میں گھر بنائے گا۔"

متقی کی دو اہم ترین صفات

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اتقی اللہ کل لسانہ، ولم یشف غیظہ))

(الجامع 141/2)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ سے ڈرے اس کی زبان خاموش ہو جاتی ہے اور وہ اپنا غصہ نہیں نکالتا۔"

بھوکا رہنے کے فوائد

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اجاع بطنہ عظمت فکرتہ، وفطن قلبہ))

(الاتحاف 294/7)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو پیٹ کو بھوکا رکھے اس کی فکر تیز اور دل ہوشیار ہو جائے گا۔"

غیر آباد اور غیر مملوک زمین کا قابض اس کا مالک ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من احاط حائطاً علی ارض فھی لہ))

(ابوداود فی: الخراج (37)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی (غیر آباد غیر مملوک) زمین پر دیوار ڈال لی وہ جگہ اس کی ہوگئی۔"

اللہ سے محبت رکھنے والا حیا والا ہوتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من احب اللہ استحیا))

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ سے محبت رکھے وہ حیا کرتا ہے۔"

عرب سے محبت کرنے والا رسول اللہ سے محبت کرنے والا ہوتا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من احب اعرب فقدا احبنی حقاً))

(مجمع 89/1)

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے عرب سے محبت کی اس نے بلا ریب مجھ سے محبت کی۔"

خفیف داڑھی انسان کی نیک بختی کی نشانی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من سعادۃ المرء خفۃ لحیتہ))

(طبرانی:211/12)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خفیف داڑھی انسان کی نیک بختی کی نشانی ہے۔''

نعمت کو ظاہر کرنا اس کا شکر ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من شكر النعمة افشاؤها))

(الجامع 139/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نعمت کا شکر اس کا اظہار کرنا ہے۔''

اعتدال سے خرچ کرنا انسان کی عقل مندی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من فقه الرجل رفقه في معيشته))

(الاتحاف:194/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی سمجھداری سے یہ ہے کہ وہ اپنا گزارزم خرچ (اعتدال پر) رکھے۔''

مغفرت کے دو اسباب

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من موجبات المغفرة بزل السلام، وحسن الكلام))

(معجم طبرانی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسباب مغفرت سے یہ ہے کہ سلام کو عام کرے اور پاکیزہ بات کہے۔''

لوگوں کی تعریف پر اللہ کی تعریف کو ترجیح دینا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من آثر محامد الله على محامد الناس كفاه الله مؤونة الناس))

(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے لوگوں کی تعریف پر اللہ کی حمد کو ترجیح دی اس کی ضروریات کو بندوں کی بجائے اللہ کافی ہوگا۔''

راستوں کے متعلق اہل اسلام کو تکلیف پہنچانے والا ملعون ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من آذى المسلمين في طرقهم وبت عليه لغنتهم))

(طبرانی 200/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مسلمانوں کو راستوں کے متعلق تکلیف دی وہ ان کی لعنت کا مستحق ہو گیا۔''

حضرت علی کو تکلیف دینا رسول اللہ کو تکلیف دینا ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من آذی علیا فقد آذانی))

(الحاکم 122/3، ومسلم فی: البیوع (29, 30, 31, 32, 34)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے علی کو تکلیف دی اس نے مجھ کو تکلیف دی۔''

طعام قبضہ میں لینے سے پہلے فروخت نہیں کیا جا سکتا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من ابتاع طعاماً فلا یبعه حتی یستوفیه))

(ابوداود فی: الصلاۃ (20)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے طعام خریدا تو اسے قبضہ میں لانے سے پہلے فروخت نہ کرے۔''

جو مسجد میں جس کام سے آئے گا اسے وہی حاصل ہوگا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اتی المسجد لشیء، فهو حظه منه))

(ابوداود فی: السلام (125)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی مسجد میں جس کام کیلئے آیا وہی اس کا حصہ ہوگا۔''

کاہن کے پاس جانے والے کی چالیس دن کی نمازیں قبول نہیں ہوتیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اتی عرافاً لم تقبل له صلاۃ اربعین لیلة))

(مسلم فی: الجنائز (15)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص عراف (کاہن) کے پاس آیا اس کی چالیس روز کی نماز مقبول نہ ہوگی۔''

جنازہ کے ہمراہ چلنے والے کی ذمہ داری

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اتبع الجنازۃ، فلیحمل بجوانب السریر))

(ابن ماجہ)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جنازہ کے ہمراہ چلے اسے چارپائی کی اطراف اٹھانا چاہئیں۔''

اللہ کی نافرمانی سے بچنے والے کا اجر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اتقی الله وقاہ کل شیء))

(الجامع 141/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ کی نافرمانی سے بچا اللہ اسے ہر شے کی ایذا سے بچا لے گا۔''

اسلامی قوانین کے پابند بادشاہ کی تعظیم کرنے کا اجر

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اجل سلطان الله اجله الله یوم القیامة))

(الجامع 141/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کے (پابند احکام) بادشاہ کی تعظیم کی قیامت میں اس کی اللہ تعظیم کرے گا۔''

حضرت اسامہ سے محبت رکھنا لازم ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من احب الله ورسوله، وليحب اسامة))

(مسند احمد)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھے اسے چاہیے کہ اسامہ سے بھی محبت رکھے۔''

سیدنا حسنین کریمین سے محبت کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من احب الحسن والحسين، فقد احبني))

(کنز (34268)، وابن ماجۃ (143)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے حسن وحسین سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی۔''

موت کو محبوب جاننا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من احب الموت، فهو حبيبي حقاً))

(دیلمی 247/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے موت سے محبت کی (اور اس کے لیے تیاری کی) وہ میرا سچا دوست ہے۔''

سیدنا حسن مجتبیٰ سے محبت کرنا محبِّ رسول کی نشانی ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من احبني، فليحبه، يعني: الحسن))

(کنز (37650, 37649)، واحمد 366/5 والحاکم 174/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مجھ سے محبت رکھے وہ حسن سے بھی محبت رکھے۔''

محبوب چیز کا ذکر زیادہ سے زیادہ مرتبہ کیا جاتا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من احب شيئاً اكثر من ذكره))

(الاتحاف 20/5، 621/9، وکشف 307/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو کسی شے سے محبت ہو وہ اس کا ذکر زیادہ کیا کرتا ہے۔''

دین کو پسند کرنیوالا سنت پر عمل کرے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من احب فطرتي، فليستن بسنتي، وان من سنتي النكاح))

(مجمع 252/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو میرے دین کو پسند کرے وہ میری سنت پہ کاربند ہو اور میری سنت میں نکاح کرنا بھی ہے۔''

کسی قوم کے اعمال کو پسند کرنے والے کا انہی کے ساتھ حشر ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من احب قوماً علی اعمالھم حشر فی زمرتھم))

(مجمع 281/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی قوم کو ان کے اعمال کے سبب پسند کرے وہ ان میں اٹھایا جائے گا۔''

اللہ اور اس کے رسول کی محبت واطاعت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من احبنی فقد احب اللہ، ومن اطاعنی فقد اطاع اللہ))

(مناوی)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھ سے محبت کی اس نے اللہ سے کی اور جس نے میری تابعداری کی اس نے اللہ کی تابعداری کی۔''

تین بچوں کی وفات پر صبر کرنے کا اجر

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من احتسب ثلاثۃ من صلبہ دخل الجنۃ))

(نسائی 24/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے تین بچوں کی وفات پر اللہ کی خوشنودی کیلئے صبر کیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

دین میں بدعت پیدا کرنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من احدث فی امرنا ما لیس فیہ فھو رد))

(بخاری 241/3، ومسلم فی: الاقضیۃ (17)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہمارے دین میں نیا کام پیدا کیا جو اس میں نہیں تھا، وہ مردود ہے۔''

غیر مملوک زمین آباد کرنے والی کی ملکیت ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من احیا ارضاً میتۃ، فھی لہ))

(ترمذی: (1378, 1379)، و بخاری 139/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے (غیر مملوک) غیر آباد زمین آباد کی وہ اس کی ہوگئی۔''

اہل مدینہ کو ڈرانے کا گناہ

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اخاف اهل المدينة، فقد اخاف مابين جنبى))

(مجمع 306/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اہل مدینہ کو ڈرایا اس نے میرے دل کو ڈرایا۔''

قرض کی ادائیگی کی نیت کرنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اخذ اموال الناس يريد اداء ها، ادى الله عنه))

(بخاری: 152/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے لوگوں کا مال ادا کرنے کے ارادے سے (بطور قرض کے) لیا اس کو اللہ ادا کرنے کی توفیق دے گا۔''

قرآن پڑھانے کی مزدوری لینے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اخذ على القرآن اجراً، فذاك حظه من القرآن))

(الجامع 143/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن پڑھانے پر مزدوری لی اس کا قرآن سے وہی حصہ ہوگا۔''

مسجد سے موذی چیز نکالنے والے کا اجر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اخرج اذى من المسجد، بنى الله له بيتاً فى الجنة))

(ابن ماجہ (757)، والجامع 143/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مسجد سے موذی چیز نکالی اس کے لئے اللہ جنت میں گھر بنائے گا۔''

حبشی کا گھر میں داخل ہونا گویا برکت کا داخل ہونا ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ادخل بيته حبشياً او حبشية ادخل الله بيته بركة))

(تنزیہ 27/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے گھر میں حبشی مرد یا حبشی عورت داخل کی اس کے گھر میں اللہ برکت داخل کرے گا۔''

جماعت کی ایک رکعت پانے والے کو جماعت کا ثواب ملے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من ادرك ركعة من الصلاة، فقد ادرك الصلاة))

(بخاری 161/1 ومسلم فی: المساجد (162,161)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے نماز سے ایک رکعت پائی اس نے جماعت کو پایا۔''

رمضان کے مہینے میں بس اُسی رمضان کے روزے رکھے جاسکتے ہیں

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من ادرك رمضان وعلیه شی لم یقضه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے رمضان کو پایا اور اس کے ذمہ (سابقہ رمضان کے روزہ کی) قضا تھی تو (سابقہ روزہ کی اس رمضان میں) قضا چھوڑ دے۔ (جب رمضان گزر جائے تب قضا کرے۔''

غیر نسب کا دعویٰ کرنے والا کافر ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من ادعی نسباً لا یعرف کفر بالله))

(مجمع 97/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے (اپنے لئے کسی ایسے) نسب کا دعویٰ کیا جسے وہ جانتا نہیں تو اس نے اللہ کے ساتھ کفر کیا۔''

گناہ پر پشیمان ہونے والا تائب ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اذنب ذنباً فندم علیه، فهو توبته))

(سمعان)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے گناہ کیا پھر اس پر پشیمان ہوا تو وہی اس کے لئے توبہ ہے۔''

اذان دینے والا ہی اقامت کہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اذن فهو یقیم))

(ابوداود فی: الصلاۃ (30)، وترمذی (199)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اذان دی وہی اقامت کہے۔''

جسے بلا تکلف نعمت ملے وہ شکر ادا کرے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من اذلت له نعمة فلیشکرها))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جسے بلا تکلف نعمت حاصل ہو وہ شکر کرے۔''

حج کا ارادہ کرنے والا جلدی حج کرے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من ارادالحج فلیتعجل))

(الجامع 144/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو حج کا ارادہ کرے وہ جلدی کرے۔''

سلامتی کا راز......زبان کی حفاظت

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اراد ان یسلم، فلیحفظ لسانہ))

(کنز 6899)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو سلامت رہنا چاہے وہ اپنی زبان کو محفوظ رکھے۔''

اللہ کی ملاقات کو پسند کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من احب لقاء اللہ احب اللہ لقاءہ))

(بخاری 133/8، ومسلم فی الذکر والدعاء 14, 15, 16, 17, 18)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ کی ملاقات پسند کرے اللہ اس کی ملاقات پسند کرتا ہے۔''

اہل مدینہ کو ڈرانے والا خود خوف میں گرفتار ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اخاف اھل المدینۃ اخافہ اللہ))

(مجمع 306/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اہل مدینہ کو ڈرایا اللہ اس کو خوف میں مبتلا کرے گا۔''

قرآن پاک کا پہلا ساتواں حصہ حفظ کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اخذ السبع الاول من القرآن، فھو خیر))

(حاکم 564/1)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن پاک کا پہلا ساتواں حصہ یاد کیا وہ اس کے لئے بہتر ہے۔''

فیصلہ کرنے میں رشوت لینا جنت میں رکاوٹ ہوگا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اخذ رشوۃ فی الحکم کانت سترا بینہ وبین الجنۃ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے فیصلہ کرنے میں رشوت لی، وہ رشوت اس کے اور جنت کے درمیان رکاوٹ ہوگی۔''

مسلمان کو خوش کرنا رسول اللہ کو خوش کرنا ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ادخل علی مومن سروراً، فقد سرنی))

(الاتحاف 245/5، والکنز 16411)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی مسلمان کو خوش کیا اس نے مجھے خوش کیا۔''

جمعہ کی ایک رکعت پانے والا دوسری بھی پڑھے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ادرک رکعة من الجمعة، فلیصل الیها اخیر))

(الجامع 143/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جمعہ کی ایک رکعت پائی وہ اس کے ساتھ دوسری ملا لے۔''

اپنے آپ کو جاننے کے باوجود غیر باپ کی طرف منسوب کرنا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ادعی الی غیر ابیہ، وھو یعلم، فالجنة علیہ حرام))

(بخاری 199/5, 194/8، ومسلم فی: الایمان (115)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے خود کو غیر باپ کی طرف منسوب کیا باوجود جاننے کے تو اس پر جنت حرام ہے۔''

سات برس تک اللہ کی رضا کے لیے اذان کہنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اذن سبع سنین محتسباً کتب له براءة من النار))

(ترمذی (206) ومشکوۃ (664)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ثواب کیلئے سات برس اذان کہی اس کے لئے آگ سے براءت لکھ دی جاتی ہے۔''

خود کو زیادہ خاشع دکھانے والا منافق ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اری الناس فوق ما عندہ من الخشیة فھو منافق))

(کنز (853)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے خوف وخشیت سے زیادہ لوگوں کو اپنے میں خوف وخشیت دکھائی وہ منافق ہے۔''

روزہ رکھنے والا سحری ضرور کھائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اراد ان یصوم، فلیتسحر ولو بشربة ماء))

(الجامع 150/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو روزہ رکھنا چاہے وہ سحری کھالیا کرے، چاہے پانی کے ایک گھونٹ سے ہو۔''

پرہیزگاری عزت پانے کا سبب ہے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اراد عزا بلا عشيرة، فليتق الله))

(الدیلمی 246/4، حدیث (6273)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بغیر قبیلے کے عزت چاہے اس کو پرہیزگاری اختیار کرنی چاہیے۔''

اللہ کی رضا کا طالب بننا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اراد وجه الله اراد الله وجهه))

(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ کی رضا طلب کرے اللہ اس کو خوش کرے گا۔''

اللہ کے بجائے لوگوں کو خوش کرنے والا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ارضى الناس بسخط الله وكله الله الى الناس))

(الجامع 144/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کو ناخوش کر کے لوگوں کو راضی کیا اسے اللہ لوگوں کے سپرد کر دیتا ہے۔''

مزدور کی مزدوری طے کر لینی چاہیے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من استاجر اجيراً، فليسم له اجرته))

(الاتحاف 459/5)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی کو مزدور بنایا اس کو اس سے مزدوری طے کر لینی چاہیے۔''

تین پتھروں سے استنجا کرنا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من استجمر، فليستجمر ثلاثاً))

(الجامع 145/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو سنگریزی سے استنجا کرے تو تین سے کرے۔''

مسلمان بھائی کو نفع پہنچانے کی طاقت رکھنے والا ایسا کرے

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من استطاع منكم ان ينفع اخاه فلينفعه))

(مسلم 7/18-19)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جو اپنے بھائی کو نفع پہنچا سکے تو وہ اس کے نفع پہنچائے۔''

مدینہ میں فوت ہونے کی توفیق پانے والا ایسا ضرور کرے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من استطاع ان یموت فی المدینة فلیفعل))
(الجامع 145/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مدینہ میں فوت ہونے کی توفیق پائے تو وہ ایسا کرلے۔''

نکاح کا مہر ادا کرنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من استعجل بدرهم فی النکاح، فقد استحل))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے نکاح کا مہر فوراً ادا کیا وہ ذمہ سے فارغ ہوگیا۔''

اپنا دبدبہ پورا کرنے والا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اتکمل روعه حرم رؤیتی فی المنام))
(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنا دبدبہ پورا کیا وہ نیند میں میری زیارت سے محروم ہوگا۔''

جو کسی غیر مسلم کو مسلمان کرے وہ جنت میں جائے گا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اسلم علی یدیه رجل، وجبت له الجنة))
(طبرانی 286/17، والجامع 146/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے ہاتھ پر کوئی شخص ایمان لایا اس کے لئے جنت واجب ہوگئی۔''

فارس کے اہل اسلام قرشی ہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اسلم من فارس، فهو قرشی))
(الجامع 146/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فارس میں سے جو اسلام لائے وہ قرشی ہے۔''

لالچ کی وجہ سے اسلام قبول کرنے والے کو وہی ملے گا جس کی اس نے نیت کی

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اسلم علی شیء فهو له))
(الجامع 146/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جس چیز کی لالچ میں ایمان لایا اس کو صرف وہی چیز ملے گی۔''

ریح کی وجہ سے استنجا نہیں کرنا چاہئے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من استنجی من الریح، فلیس منا))
(الجامع 146/2)(ابن عدی 1352/4)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہوا نکلنے پر استنجا کیا وہ ہم سے نہیں۔''

امانت گم ہونے کی صورت میں امین پر ضمان نہیں

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من استودع وديعة، فلا ضمان عليه))

(الجامع 146/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی کی چیز امانت رکھی (گم ہونے کی شکل میں) اس پر ضمان لازم نہیں۔''

جنت کے اصلی شوقین کی نشانی

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اشتاق الى الجنة سابق الى الخيرات))

(الاتحاف 222/9, 268, 179/10، وابن عساکر 133/7)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جنت کا شوق کرے وہ نیکیوں کی طرف بڑھے۔''

بغیر قبضہ کے چیز کو نہیں بیچا جا سکتا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اشترى طعاماً لم بعه حتى يستوفيه))

(بخاری فی: البیوع (55,51) ومسلم فی: البیوع (29, 32, 34, 35, 41)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی طعام خریدے تو وہ بغیر قبضہ کیے فروخت نہ کرے۔''

آدمی اس لڑکی سے نکاح نہیں کر سکتا جس کی ماں سے اس نے مباشرت کی ہو

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اصاب امراة فجوراً، فلا عليه ان ينكح ابنتها))

(الجامع 146/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی عورت سے مباشرت کی اسکی لڑکی سے نکاح نہیں کر سکتا۔''

دنیاوی مقصد میں صبح کرنیوالا

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اصبح وهمه الدنيا، فليس من الله في شي))

(مسند فردوس)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دنیاوی مقصد میں صبح کی اس کے لئے اللہ کی رضامندی سے کچھ نہیں۔''

کسی پر ظلم کرنے کا ارادہ نہ کرنیوالے کا اجر

((قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اصبح وهو لا يهم بظلم احد غفرله من اجترم))

(الجامع 146/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے صبح کی اور کسی پر ظلم کرنے کا ارادہ نہ تھا اس کے (سابقہ چھوٹے) جرم بخش دیئے جائیں گے۔''

ہر نیک و بد کے پیچھے نماز ادا کی جا سکتی ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اصل الدین الصلاۃ خلف کل بر و فاجر))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دین کے اصول میں سے یہ ہے کہ ہر نیک و بد کے پیچھے نماز پڑھے۔''

مرتد کی سزا قتل ہے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من ارتد عن دینہ، فاقتلوہ))

(طبرانی 186/17، وکنز (386)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اسلام سے پھر جائے اسے قتل کر دو۔''

تین مرتبہ اجازت چاہئے پر بھی اجازت نہ ملے تو آدمی واپس پلٹ جائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من استاذن ثلاثاً، فلم یوذن لہ، فلیرجع))

(بخاری: فی: الاستیذان (13)، ومسلم فی: الادب (32, 34, 35, 37)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو تین دفعہ اذان چاہنے پر اجازت نہ ملے تو اس کو چاہیے کہ واپس لوٹ جائے۔''

جلدی کرنے والا خطا کے قریب ضرور ہوا

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من استعجل اخطأ او کاد))(الجامع 145/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جلدی کی اس نے خطا کی یا خطا کے قریب ہوا۔''

سال پورا ہونے سے پہلے مال پر زکوۃ لازم نہیں

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من استفاد مالاً، فلا زکاۃ حتی یحول الحول))

(الجامع 145/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مال حاصل کیا سال پورا ہونے سے پہلے اس پر زکوۃ لازم نہیں آتی۔''

اپنے تین بچوں کی وفات پر صبر کرنے والے کا اجر

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اسکن ثلاثۃ من صلبہ، فاحتسبھم وجبت لہ الجنۃ))

(احمد 306/3، وبخاری 125/2)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنی اولاد سے تین دفن کیے اور ثواب کی نیت کی اس کیلئے جنت واجب ہو گئی۔''

قرض دینے والا سوائے ادائیگی کے کوئی اور شرط نہ لگائے

((قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: من اسلف فلا یشترط علی صاحبہ غیر قضائہ))

(کنز (15331)، ودار قطنی 46/3)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی کو قرض دیا اس پر سوائے ادائیگی قرضہ کے کوئی شرط نہ لگائے۔''

میراث کی تقسیم سے پہلے مسلمان ہونیوالے کو حصہ ملے گا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:من اسلم علی میراث قبل ان یقسم، فله نصیبه))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو میراث کی تقسیم سے پہلے اسلام لایا تو اس کو اس کا حصہ ملے گا۔''

گانے سننے والے کی سزا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:من استمع الی قینة صب فی اذنبه الانك))
(الجامع 146/2

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے رنڈی کا گانا سنا اس کے کان میں پگھلی ہوئی قلعی ڈالی جائیگی۔''

ہتھیار سے مسلمان کی طرف اشارہ کرنیوالا ملعون ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:من اشار علی اخیه بحدیدة لعنته الملائكة))
(ترمذی 2162

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی پر ہتھیار سے اشارہ کیا اس پر فرشتے لعنت کرتے ہیں۔''

دنیاوی مقصد کے لیے صبح کرنے والا

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:من اصبح وهمه الدنیا شتت الله علیه امره))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دنیاوی مقصد میں صبح کی اس کا معاملہ اللہ متفرق کردے گا۔''

نادیدہ چیز کی خریداری کرنے والے کو دیکھنے کے بعد اختیار ہے

((قال رسول الله صلی الله علیه وسلم:من اشتری شیئاً لم یره، فهو بالخیار))
(بیہقی 268/5

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے نادیدہ چیز خریدی جب اس کو دیکھے تو لینے یا نہ لینے میں اختیار ہے۔''

☆☆☆

تمت